سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مشہور واقعہ، کعب بن اشرف یہودی کا قتل ہے۔ تفسیر اور حدیث کی ساری کتابوں میں اس کا تذکرہ ہے۔ بخاری و مسلم، دونوں میں یہ روایت خوب مفصل موجود ہے۔ دونوں کے الفاظ یہ ہیں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لکعب بن الاشرف فانہ قد اذی اللہ ورسولہ فقام محمد بن مسلمہ فقال یا رسول اللہ اتحب ان

## ارشاد فرمایا:

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ج فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ ﴿سورة الجاثية آيت نمبر ۶﴾

ترجمہ: یہ اللہ کی آیات ہیں جو ہم آپ کو بالکل ٹھیک پڑھ کر سناتے ہیں پس اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 42 ماہنامہ مسیحائی کراچی

اقتله قال نعم.

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کون کعب بن اشرف کو ٹھیک کرے گا کہ اس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت ستایا ہے۔ یہ سن کر محمد بن مسلمہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا، کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، میں اسے قتل کر ڈالوں فرمایا "ہاں"۔

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ نکتہ خوب لکھا ہے، کہ کلام پاک میں جہاں جہاں "اذی" کا لفظ آیا ہے، زبان ہی کی سختیوں کے لیے آیا ہے، پس حدیث نبوی میں جو لفظ اذی اللہ ورسولہ آیا ہے، اس سے بھی مراد یہی ہے، کہ کعب بن اشرف، اللہ اور رسول کے حق میں زبان درازیاں کیا کرتا تھا۔

محدث زرقانی، صحاح ہی کے حوالہ سے، یہ حدیث لائے ہیں۔

ان كعب بن الاشرف كان شاعر وكان يهجو رسول الله صلى الله عليه وسلم ويحرض عليه كفار قريش. (مواہب لدنیہ جلد ۲ صفحہ : ۸، مصر)

کعب بن اشرف شاعر تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کرتا تھا اور کفار قریش کو آپ کے خلاف ابھارتا۔

قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللّٰہ علیہ، ابن تیمیہ حنبلی رحمۃ اللّٰہ علیہ اور متعدد محدثین نے واقعہ کعب بن اشرف سے یہی استنباط کیا ہے، کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی شان میں بد زبانی کی سزا قتل ہے۔ اور محدث سہیلی رحمۃ اللّٰہ علیہ لکھتے ہیں:

فيه من الفقه وجوب قتل من سب النبى صلى الله عليه وسلم وان كان ذا عهد. (روض الانف شرح ابن هشام)

ایک فقہی حکم اس واقعہ سے یہ نکلتا ہے، کہ جو شخص رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے حق میں بدزبانی کرے، اس کا قتل واجب ہے، خواہ وہ اہل عہد ہی میں سے ہو۔

فقال الامام مازرى انما قتله كذالك لانه نقض عهد النبي صلى

## ارشاد فرمایا:

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ الآية ﴿سورة الجاثيه

ترجمہ: بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن اسے گمراہ کر دیا اور اس کے کان اور دل پر مہر کر دی اور اس کی آنکھوں بعد اسے کون ہدایت کر سکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے؟



الله عليه وسلم وهجاه وسبه.. الخ (شرح باب قتل كعب بن اشرف)

کعب کے حق میں حکم قتل اس لیے ہوا، کہ اس ڈالا تھا، آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے بدزبانی کی تھی، آپ

خود فتح مکہ کے موقع پر، جب رحمت عالم ﷺ فرما دیا تھا، اور بڑے بڑے موذیوں کو بلاسزا و انتقام چھو

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مستثنیٰ کر دیا تھا، اور یہ ارشاد فرما پائے، اگر غلاف کعبہ پکڑے کھڑے ہوں، تو وہاں بھی ق

ابن خطل کی دو لونڈیاں تھیں، جن کا جرم صرف یہ تھا، کہ و ہجویہ اشعار کہا کرتی تھیں۔

كانت له قينتان ....... كانتا تغنيان ب عليه وسلم) فامر رسول الله صلى الله ع هشام)

اس کی دو کنیزیں تھیں ...... یہ رسول اللہ صلی ا تھیں۔ آپ نے ابن خطل کے ساتھ قینتھما کے بھی قتل ک

قسطلانی نے ان کا جرم صرف اسی قدر لکھا ہ

وقد كانتا تغنيانه هجوه (شرح مواہب ا

یہ دونوں کنیزیں ابن خطل کو رسول اللہ صلی ا تھیں۔

ان دو کے علاوہ ایک اور کنیز سارہ کے بھی قتل ک مکی کے خاندان میں کسی کے ہاں کی لونڈی تھی، اور حضو تھی۔ قدیم ترین موجود سیرۃ نبوی میں ہے:

ارشاد فرمایا: أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ الآیۃ ﴿سورۃ الجاثیۃ ترجمہ: بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن اسے گمراہ کردیا اور اس کے کان اور دل پر مہر کردی اور اس کی آنکھوں بعد اسے کون ہدایت کر سکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے؟

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 43 ماہنامہ سبحانی کراچی

اللّٰہ علیہ وسلم وھجاہ وسبہ.. الخ (شرح صحیح مسلم کتاب الجھاد، باب قتل کعب بن اشرف)

کعب کے حق میں حکم قتل اس لیے ہوا، کہ اس نے عہد نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو توڑ ڈالا تھا، آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے بد زبانی کی تھی ، آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی ہجو کی تھی ۔ الخ خود فتح مکہ کے موقع پر، جب رحمت عالم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے عفو عام کا اعلان فرما دیا تھا، اور بڑے بڑے موذیوں کو بلا سزا و انتقام بخش دیا تھا۔ اس وقت چند اشخاص کو آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے مستثنیٰ کر دیا تھا، اور یہ ارشاد فرما دیا تھا، کہ انہیں کہیں بھی پناہ نہ ملنے پائے، اگر غلاف کعبہ پکڑے کھڑے ہوں، تو وہاں بھی قتل کر دیے جائیں ۔ ان چند میں سے ابن خطل کی دو لونڈیاں تھیں، جن کا جرم صرف یہ تھا، کہ وہ حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی شان میں ہجویہ اشعار کہا کرتی تھیں۔

کانت له قینتان ....... کانتا تغنیان بھجو رسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیه وسلم) فامر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم لقتلھما معه . (ابن ھشام)

اس کی دو کنیزیں تھیں ...... یہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی ہجو میں اشعار گایا کرتی تھیں۔ آپ نے ابن خطل کے ساتھ ان کے بھی قتل کا حکم دیا۔

قسطلانی نے ان کا جرم صرف اسی قدر لکھا ہے۔

وقد کانتا تغنیانه ھجوه (شرح مواھب لدنیه)

یہ دونوں کنیزیں ابن خطل کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو گا گا کر سنایا کرتی تھیں۔

ان دو کے علاوہ ایک اور کنیز سارہ کے بھی قتل کا حکم ہوا ، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے خاندان میں کسی کے ہاں کی لونڈی تھی، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بدگوئی کیا کرتی تھی۔ قدیم ترین موجود سیرۃ نبوی میں ہے :

ارشاد فرمایا: تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ ﴿ سورة الجاثية آیت نمبر ٦﴾

ترجمہ: یہ اللہ کی آیات ہیں جو ہم آپ کو بالکل ٹھیک پڑھ کر سناتے ہیں پس اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 44 ماہنامہ سبحانی کراچی

وسارة مولاة لبعض بنی عبدالمطلب ..... وكانت سارة ممن يؤذيه

بمكة. (ابن هشام)

اور سارہ، جو اولاد عبد المطلب میں سے کسی کی کنیز تھی..... یہ سارہ مکہ میں آپ کے متعلق بدزبانی کرتی رہتی تھی۔

اور قسطلانی کے الفاظ ہیں:

كان ابن خطل يلقى عليها بهجاء رسول الله فتغني به. (شرح

مواهب لدنيه)

ابن خطل ، اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں اشعار سکھاتا تھا اور یہ انہیں گایا کرتی تھی۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے تینوں باندیوں کے نام ایک ساتھ شمار کر دیے ہیں۔

وقينتيه وكانتا لا بن خطل يغنيان بهجو النبي صلى الله عليه وسلم وسارة

مولاة بنی المطلب. (فتح الباری۔ مصری)

وہ گانے والیاں جو ابن خطل کی کنیزیں تھیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو گاتی رہتی تھیں، اور سارہ تیسری خاندان مطلب کی کنیز یہ تینوں ان لوگوں میں، جن کے لیے قتل کا حکم ، شتم رسول کے جرم میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے صادر ہو چکا تھا۔

استنباطات سے قطع نظر کر کے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ محدث نے تو ایک حدیث ڈھونڈ لی، سب انبیاء کے واجب القتل ہونے پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کر دی ہے۔

عن الحسين بن علی عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

قال من سب نبيا فاقتلوه ومن سب اصحابی فاضربوه. (الشفاء، جلد ٢ باب فی

ايجاب قتل من سبہ)

ارشاد فرمایا: أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ الآية ﴿ سورة الجاثی

ترجمہ: بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن اسے گمراہ کر دیا اور اس کے کان اور دل پر مہر کر دی اور اس کی آنکھوں بعد اسے کون ہدایت کر سکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے؟

حرمت رسول نمبر ٢٠١١ء 45

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما اپنے صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ جو کوئی کسی نبی کے میرے کسی صحابی کے حق میں کرے، تو اسے مارو

کہا یہ جاتا ہے کہ فقہ حنفی میں اس جرم کی کتاب وسنت کی تصریحات پچھلے نمبر سلف کے اقوال اور فقہاء امت کے احکام پر بھی کر

خلیفہ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا ، سارے اہل سنت کو مسلم ہے۔ ان کا ایک فرمان غور کرے قابل ہے :

ومن ذلك عمر بن عبدا بالكوفة وقد استشاره في قتل رجل سـ قتل امرئ مسلم يسب احدا من الناس

عليه وسلم فمن سبه فقد حل دمه. ( ا

ایجاب قتل من سبه صلى الله عليه وسل

عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کی خد کہ ایک شخص نے عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں ( خود عمر بن عبد العزیز ہی) بد زبانی کی ہے، اس جواب میں لکھا۔ کہ کسی مسلمان کا قتل، بجز رسول اور کسی کے حق میں بد زبانی کی بنا پر روا نہیں اس کا خون حلال ہو گیا۔

فقہائے اہل سنت کے اکثر گروہ سے ہے ہی نہیں ۔ مالکیہ ، حنابلہ، شافعیہ،

ارشاد فرمایا: تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ع فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ ﴿سورة الجاثية آیت نمبر ٦﴾ ترجمہ: یہ اللہ کی آیات ہیں جو ہم آپ کو بالکل ٹھیک پڑھ کر سناتے ہیں پس اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔

ارشاد فرمایا: أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ الآية ﴿سورة الجا ترجمہ: بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن اسے گمراہ کر دیا اور اس کے کان اور دل پر مہر کر دی اور اس کی آنکھ بعد اسے کون ہدایت کر سکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے؟

ماہنامہ مسیحائی کراچی 44

لاة لبعض بنی عبد المطلب ...... وکانت سارة من یؤذیه ولا عبدالمطلب میں سے کسی کی کنیز تھی ...... یہ سارہ مکہ میں آپ تی تھی۔

کے الفاظ ہیں: خطل یلقی علیها بهجاء رسول الله فتغنی به. (شرح کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں اشعار سکھاتا تھا اور یہ انہیں

مۃ اللہ علیہ نے تینوں باندیوں کے نام ایک ساتھ شمار کر دیے ہیں۔ قینتا لا بن خطل هجو النبی صلی الله علیه وسلم وسارة

(فتح الباری ۔ مصری)

ں جو ابن خطل کی کنیزیں تھیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو تیسری خاندانِ مطلب کی کنیز یہ تھیں تو انہیں لوگوں میں، جن کے کے جرم میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے

سے قطع نظر کر کے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ محدث نے تو ایک انبیاء کے واجب القتل ہونے پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل

بن علی عن ابیه ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم جوہ ومن سب اصحابی فاضربوہ. (الشفاء، جلد ۲ باب فی

"حرمتِ رسول نمبر ۲۰۱۱ء" 45 ماہنامہ مسیحائی کراچی

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ جو کوئی کسی نبی کے حق میں بدزبانی کرے، اسے قتل کر دو، اور میرے کسی صحابی کے حق میں کرے، تو اسے مارو۔

کہا یہ جاتا ہے کہ فقہ حنفی میں اس جرم کو کوئی سنگین جرم ہی نہیں قرار دیا گیا ہے۔ کتاب وسنت کی تصریحات پچھلے نمبر میں گزر چکیں۔ اس نمبر میں ایک نظر، علماء ملت کے اقوال اور فقہاء امت کے احکام پر بھی کر لینی چاہیے۔

خلیفہ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا تفقہ اور مرتبہء دینی، بلا نزاع واختلاف ، سارے اہل سنت کو مسلم ہے۔ ان کا ایک فرمان، قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔ غور کے قابل ہے:

ومن ذالك عمر بن عبدالعزیز رحمة اللہ علیه الی عامله بالکوفه وقد استشاره فی قتل رجل سب عمر . فکتب الیه عمر انه لا یحل قتل امری مسلم بسبب احد من الناس الا رجلا سب رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فمن سبه فقد حل دمه . (الشفاء، جلد ۲ فصل فی الحجیته فی ایجاب قتل من سبه صلی اللہ علیه وسلم.

عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عاملِ کوفہ نے خط لکھ کر دریافت کیا، کہ ایک شخص نے عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں (غالباً حضرت عمر فاروق مراد ہیں، یا ممکن ہے، خود عمر

بن عبدالعزیز ہی) بدزبانی کی ہے، اس کے قتل کے باب میں کیا حکم ہے۔ آپ نے جواب میں لکھا۔ کہ کسی مسلمان کا قتل، بجز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں بدزبانی کرے، اور کسی کے حق میں بدزبانی کی بنا پر روا نہیں۔ البتہ جس نے سب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیا، اس کا خون حلال ہو گیا۔

فقہائے اہل سنت کے اکثر گروہ کے ہاں تو یہ کوئی نزاعی واختلافی مسئلہ سرے سے ہے ہی نہیں۔ مالکیہ، حنابلہ، شافعیہ، سب بالاتفاق اس جانب گئے ہیں کہ شاتمِ رسول

صلی اللہ علیہ وسلم سے ذمی کا عہد ٹوٹ جاتا ہے، اور جب عہد امان باقی نہ رہا، تو وہ واجب القتل ہو گیا۔ اختلاف صرف حنفیہ سے منقول ہے۔ اور اسی اختلاف کو چمکا چمکا کر، اور زور دے دے کر، پیش کیا جاتا ہے۔ لیکن دیکھنے کی اصل شے یہ ہے، کہ اختلاف کس چیز میں ہے؟ حنفیہ نے آیا، شتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی جرم ہی نہیں قرار دیا ہے، یا جرم تسلیم کیا ہے، مگر کوئی سزا نہیں رکھی ہے، یا پھر سزا بھی رکھی ہے، لیکن بجائے قتل کے، کوئی اور سزا رکھی ہے؟ ممکن تو یہ ساری شقیں ہیں۔

قاضی عیاض، شفا میں لکھتے ہیں، کہ ہارون الرشید نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کی۔ کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں بدزبانی کی ہے، اور مفتیان عراق (حنفیہ) نے اس پر تازیانے لگنے کا حکم دیا ہے، آپ کیا فرماتے ہیں۔ امام اس پر بہت ناخوش ہوئے، اور فرمایا، کہ شتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر امت کے لیے کون سی چیز ہوگی (یعنی سزائے تازیانہ ناکافی ہے)۔ اس حکایت سے اتنا تو بہرحال ثابت ہوا، کہ حنفیہ قدیم کے نزدیک بھی یہ نہ تھا۔ کہ شتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم سرے سے کوئی جرم ہی نہ ہو۔ جرم، اور تعزیر شدید کے قائل جرم، ان کے نزدیک بھی تھا۔ فرق جو کچھ تھا، وہ مدارج تعزیر کے باب میں تھا۔

یہ بیان غیروں کا تھا اب خود اپنوں کا بیان ملاحظہ ہو۔ ابوبکر جصاص رازی رحمۃ اللہ علیہ، حنفیہ کے محققین قدیم میں ہوئے ہیں۔ وہ آیہ کریمہ وان نکثوا ایمانہم الخ کے ذیل میں لکھتے ہیں۔

دل علی ان اہل العہد من شرط بقاء عہدہم ترکہم ...... فی دیننا ان اہل الذمہ ممنوعون من اظہار الطعن فی دین المسلمین وہو یشہد لقول من یقول من الفقہاء ان من اظہر شتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم من

اہل الذمۃ فقد نقض عہدہ ووجب قتلہ وقد اختلف الفقہاء فی ذالک فقال اصحابنا یعزر ولا یقتل (احکام القرآن جصاص رازی ، جلد ۳ صفحہ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

۱۰۱۵ مصر) آیہ کریمہ دلیل ہے اس امر پر کہ ذمیوں بھی ہے ، کہ وہ ہمارے دین پر طعن کر قول ہے۔ جنہوں نے یہ کہا ہے کہ جس ٹوٹ گیا، اور اس کا قتل واجب ہو گیا۔ ق حنفیہ کا قول ہے کہ ذمی کو قتل نہیں کیا جائے گویا شتم رسول صلی اللہ علیہ و بلکہ وہ اس کے پاداش میں تعزیر بھی تجوی ہے ، کہ آیا، اس سے نقض عہد ذمیت بھی قدماء حنفیہ کا استدلال یہ تھ کونسا گناہ ہے؟ آخری گناہ جو کسی سے سے بھی بڑھ کر جو گناہ ہے ، وہ کفر ہی ہے گناہ، کفر کا گناہ ہے ، اس سے مسلمان کافر ہے۔ امن جو اسے ملا ہے ، وہ باو سے سرزد ہوا، جس کی بنا پر اس کا عہد ا دے دیا جائے؟ اس استدلال کی صحت و حقیقت کا اظہار ہے ، کہ حنفیہ نے جس صرف اتنی بات ہے ، کہ آیا شتم نبی، نقض آیا شتم رسول جائز وحلال ہے؟ فقہائے حنفیہ نے ، جہاں شتم ایک ہی سانس میں اور بھی چند جرائم کو ومن امتنع من اداء الخ

(۱۰۱۵ مصر)

آیۂ کریمہ دلیل ہے اس امر پر کہ ذمیوں کے ساتھ جو عہد ہے، اس کے بقاء کی ایک شرط یہ بھی ہے، کہ وہ ہمارے دین پر طعن کرنے سے باز رہیں گے، اور اسی کی تائید میں ان فقہاء کا قول ہے۔ جنہوں نے یہ کہا ہے کہ جس ذمی نے شتم رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کیا، اس کا عہد ٹوٹ گیا، اور اس کا قتل واجب ہوگیا۔ لیکن فقہاء کا اس باب میں اختلاف ہے، چنانچہ فقہاء حنفیہ کا قول ہے کہ ذمی کو قتل نہیں کیا جائے گا، بلکہ تعزیر دی جائے گی۔

گویا شتم رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے نفس جرم ہونے میں حنفیہ کو کچھ بھی تردد نہیں بلکہ وہ اس کے پاداش میں تعزیر بھی تجویز کرتے ہیں۔۔۔ گفتگو جو کچھ ہے، وہ اس امر میں ہے، کہ آیا، اس سے نقض عہد ذمیت بھی ہوجاتا ہے؟

قدمائے حنفیہ کا استدلال یہ تھا، کہ نبی کے شتم سے جو گناہ ذمی پر عائد ہوتا ہے، وہ کونسا گناہ ہے؟ آخری گناہ جو کسی سے بھی ہونا ممکن ہے، وہ کفر ہے۔ کبائر بلکہ اکبر کبائر سے بھی بڑھ کر جو گناہ ہے، وہ کفر ہی ہے۔ اس کے بعد گناہ کا کوئی درجہ ہی نہیں۔ شتم نبی کا گناہ، کفر کا گناہ ہے، اس سے مسلمان کافر ہوجاتا ہے۔ لیکن جو ذمی ہے، تو وہ پہلے ہی سے کافر ہے۔ امن جو اسے ملا ہے، وہ باوجود اس کے کفر کے ملا تھا۔ پھر اب نیا گناہ کونسا اس سے سرزد ہوا، جس کی بنا پر اس کا عہد امان سوخت کردیا جائے اور وہ نقض امن کا مجرم قرار دیدیا جائے؟ اس استدلال کی صحت و عدم صحت پر یہاں بحث کرنا مقصود نہیں، مقصود اس حقیقت کا اظہار ہے، کہ حنفیہ نے جس شے پر جرح کی، وہ صرف جرم نقض عہد ہے، وہ صرف اتنی بات ہے، کہ آیا شتم نبی، نقض عہد کے بھی مترادف، یا اس کے مستلزم ہے؟ نہ یہ کہ آیا شتم رسول جائز وحلال ہے؟

فقہائے حنفیہ نے، جہاں شتم نبی کو عدم ناقض عہد قرار دیا ہے، وہیں اسی سطر میں، ایک ہی سانس میں اور بھی چند جرائم کو ناقض عہد لکھا ہے۔ قدوری کے الفاظ ہیں:

ومن امتنع من اداءِ الجزیۃ او قتل مسلما او سب النبی صلی اللہ

علیه وسلم او زنی ....... بمسلمة لم ینقض عهده ۔

کسی ذمی نے اگر ادائے جزیہ سے انکار کیا، یا کسی مسلمان کو قتل کر ڈالا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدزبانی کی، یا کسی مسلمان عورت سے زنا کیا، تو اس کا عہد نہ ٹوٹے گا۔

اور کنز میں ہے:

ولا ینقض عهده بالاباء عن الجزیة والزنا بمسلمة وقتل مسلم وسب النبی صلی اللہ علیه وسلم۔

ذمی کا عہد نہیں ٹوٹتا ہے، اور جزیہ کے انکار سے کسی مسلمان عورت سے زنا کرنے سے، کسی مسلمان کو قتل کر ڈالنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں بدزبانی کرنے سے۔

اور وقایہ کے الفاظ ہیں:

لان یمتنع عن الجزیة او زنی بمسلمة او قبلها او سب النبی صلی اللہ علیه وسلم۔

ذمی کا عہد اس سے نہ ٹوٹے گا، کہ وہ جزیہ دینے سے انکار کرے، یا مسلمان عورت سے زنا کرے یا اس کا بوسہ لے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں بدزبانی کرے۔ حاصل ان عبارتوں کا یہ نکلا، کہ ذمی کا عہد، فلاں فلاں جرائم کی طرح، شتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بنا پر بھی نہیں ٹوٹتا۔ اس سے یہ نتیجہ کہاں سے نکلا، کہ شتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم، سرے سے کوئی جرم ہی نہیں، اور ایسے گندہ ذہن سے فقہ حنفی کچھ غرض ہی نہیں کرتی؟ شتم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ آخر دوسرے سنگین جرائم، بھی تو درج ہیں، کیا وہ سب بھی ذمی کو معاف ہیں؟ کیا ذمی آزاد ہے، کہ جب چاہے، جزیہ دے اور جب چاہے انکار کر دے، کوئی باز پرس اس سے

نہ ہوگی؟ کیا ذمی جب چاہے، کسی مسلمہ کے ساتھ اپنا منہ کالا کرے، حنفی قانون اس سے کوئی مواخذہ نہ کرے گا؟ کیا ذمی جس

مسلمان کو چاہے قتل کر ڈالے، حنفیہ کی حکومت اسے آزاد چھوڑے رکھے گی؟ حنفی خود الگ رہے تو کیا کسی دشمن احناف نے بھی یہ چیزیں، حنفیوں کے متعلق فرض کی ہیں؟

"روشنی طبع" ایک فارسی ضرب المثل میں، اکثر: 'بلا'، بچایا کرتی ہے۔ احناف بیچاروں کے حق میں۔ انکا عمق نظر، ان کی شگرف نگاہی، ان کی باریک بینی ہی اکثر ان کی بدنامی کا باعث بن گئی ہیں۔ کہاں ان کا یہ فرمانا، کہ "ذمی، شتم نبی کی بنا پر نقض عہد کا مجرم نہیں ہوتا، اور اس لیے اسے سزا نقض عہد نہ ملے گی۔" اور کہاں اس سے یہ نتیجہ نکال لینا، کہ " ذمی، شتم نبی کر کے ،سزا، خصوصاً سزائے قتل سے محفوظ رہے گا"سبحانک ھذا بھتان عظیم ! حاصل یہ ہے، کہ دوسرے مذاہب نے شتم نبی کو کوئی مستقل اور علیحدہ جرم نہیں قرار دیا، بلکہ اسے نقض معاہدہ میں شامل کرلیا ہے، جیسے آج سے چند سال قبل، رسوائے عالم راجپال کے فتنہ کے وقت تک، توہین مذہب، تعزیرات ہند ہی میں کوئی مستقل جرم تھی ہی نہیں، بلکہ ایسے گندہ ذہنوں کو اگر سزا ملتی تھی، تو بالواسطہ اس جرم قانونی کے ذیل میں کہ وہ رعایا کے دو گروہوں کے درمیان اشتعال جذبات کا باعث ہوئے! بخلاف اس کے حنفیہ نے شتم نبی کو ، ضمنی، تبعی، اور بالواسطہ نہیں، بلکہ براہ راست، واصالۃ ایک مستقل وصریح جرم، مثل قتل، حرام کاری، وغیرہ کے قرار دیا، اس کی سزا بھی مستقل مقرر کی، بلا لحاظ اس امر کے کہ اس سے معاہدہ شکنی ہے یا نہیں۔ جس طرح تعزیرات ہند میں ابھی چند ہی سال سے ،جرم توہین مذہب کی ایک مستقل دفعہ بڑھی ہے، اس سے قطع نظر کر کے، کہ آیا اس توہین سے طبقوں میں منافرت بڑھتی ہے یا نہیں انصاف شرط ہے۔ حنفیہ کا جرم شتم نبی کے ساتھ یہ استخفاف ہوا، یا اس کی اہمیت کا اور زیادہ اعتراف؟

قدوری کی ایک شرح، ابھی پچھلی صدی میں لباب کے نام سے میدانی نے لکھی ہے۔ اس میں فقہاء کی اسی قسم کی عبارتیں جیسی اوپر نقل ہوئیں، بتا کر کے لکھتے ہیں: الجزیتہ جبرا اذا امتنع عن تادیتہ ویستوفی منہ القصاص.......... ویقام علیہ الحد اذا زنے.......... ویعاقب علی السب۔

ذمی نے اگر ادائے جزیہ سے انکار کیا ہے تو اس سے بزور وصول کیا جائے گا۔ اگر اس نے قتل کیا ہے، تو قصاص میں اسے قتل کیا جائے گا۔ اگر اس نے زنا کیا ہے، تو اس پر حد جاری ہوگی، اور اگر اس نے شتم رسول کیا ہے تو اسے اس کی سزا ملے گی۔

تنویر الابصار، درمختار کا متن، حنفیہ کی کتب معتمدہ میں ہے۔ اس میں حاوی نے لکھا ہے:

ویودب الذمی ویعاقب علی سبه دین الاسلام والقرآن والنبی صلی اللہ علیه وسلم۔

ذمی کو سزائے سخت ملے گی اہانت اسلام پر اہانت قرآن پر، اور اہانت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

غرض اہانت نبی پر، سزائے سخت دینے پر سب ہی حنفیہ کا اتفاق ہے۔ اب گفتگو یہ رہی۔ کہ حنفیہ کے نزدیک یہ سزا کیا ہے؟ صاحب لباب لکھتے ہیں:

واختار بعض المتاخرین قتله

متاخرین حنفیہ نے سزا قتل تجویز کی ہے۔ لیکن متاخرین، کی قید، بتمام تر صحیح نہیں۔

علامہ عینی کا زمانہ متاخرین کا نہیں، متوسطین کا ہے، وہ شرح کنز میں فرماتے ہیں:

وقال الشافعی رحمة اللہ علیه ینتقض لان بنقض الایمان به فالامان اولی. وهو قول مالك رحمة اللہ و احمد رحمة اللہ واختیاری هذا لان المسلم اذا سب النبی صلی اللہ علیه وسلم یکفر حتی یفتی بقتله فکیف اذا صدر هذا من مبرم عقد الذمة۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شتم نبی سے ذمی کا عہد ٹوٹ جاتا ہے، اس لیے کہ جب شتم نبی صلی اللہ علیہ وسلم ناقض ایمان ہے تو ناقض امان بھی ضرور ہوا۔ اور یہی مسلک امام مالک واحمد رحمہما اللہ کا بھی ہے۔ اور قول مختار میرے نزدیک بھی یہی ہے۔

اس لیے کہ جب ایک مسلمان، شتم نبی کر کرے، کافر ہو کر واجب القتل ہو جاتا

ہے، تو ایک دشمن دین سے اس کے صدور کی سزا قتل کیوں نہ ہوگی۔

ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ حنفی نے عینی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر جرح کرنی چاہی ہے، اور لکھا ہے:

ان قول العینی واختیاری ان یقتل ساب النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا اصل لہ فی روایتہ (بحر الرائق)

عینی کے اس قول کے، کہ قول مختار یہ ہے کہ ذمی کو شتم نبی کے جرم میں قتل کردیا جائے گا کوئی سند روایات میں نہیں ہے۔

لیکن ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ نے بحرالرائق ہی کے حاشیہ، منح الخالق میں اس کا جواب دے دیا ہے۔

وقولہ لا اصل لہ فی روایتہ فاسد اذ صرحوا قاطبۃ انہ یعزر علی ذلك ویؤدب وھو یدل علی جواز قتلہ زجرا لغیرہ اذ یجوز الترقی فی التعزیر الی القتل اذا عظم موجبہ۔

• صاحب بحرالرائق کا یہ اعتراض کہ عینی کے قول کی سند روایات میں موجود نہیں،

لغو ہے، کیونکہ یہ تو صاف صاف بہ تصریح موجود ہے۔ کہ ذمی کو اس کی سزا ملے گی۔ اس سزا میں قتل بھی شامل ہے، جبکہ دوسروں کو تنبیہ وتخویف مقصود ہو۔ موجب تعزیر اگر کوئی اہم جرم ہے، تو تعزیر بھی اسی نسبت سے بڑھتی جائے گی، یہاں تک کہ قتل تک پہونچ جائے۔

اور پھر اس حاشیہ میں شرح مقدسی سے منقول ہے:

(جن لوگوں نے تجویز قتل پر اعتراض کیا ہے، ان کا جواب یہ ہے کہ) ہمارے مذہب میں ذمی کے لیے اس جرم میں تعزیر شدید ہے، پھر اگر اسی میں وہ مر جائے تو اس کا خون معاف ہے۔ جیسے کسی اور تعزیر یا حد کے وقت اگر مجرم ہلاک ہو جائے۔

بعض اکابر حنفیہ اس جانب بھی گئے ہیں۔ کہ اعلان شتم سے ذمی کا عہد ٹوٹ جاتا ہے۔ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ، عبارت ہدایہ کی شرح میں فریقین کے دلائل نقل کرنے کے بعد

لکھتے ہیں:

والذی عندی ان سبہ علیہ الصلوۃ والسلام اوشتمہ مالا...... الی اللّٰہ تعالیٰ ان ممالا یعتقدہ کنیۃ الولد الی اللّٰہ تعالیٰ تقدس عن ذلک اذا اظہر یقتل بہ وینتقض عہدہ وان لم یظہرہ عثر علیہ وہو یکتمہ فلا۔ (فتح القدیر)

میرے نزدیک تو ذمی جس وقت نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی اہانت کا یا حق تعالیٰ سبحانہ کی جانب کسی امر نالائق کے انتساب کا اعلان کرے، تو واجب القتل ہو جاتا ہے اور اس کا عہد ٹوٹ جاتا ہے، البتہ اگر اعلان نہ کرے، اور دل ہی میں مخفی رکھے، تو نہ عہد ٹوٹے گا، نہ سزا ملے گی۔

صاحب درمختار نے توضیح مقام میں بسط سے کام لیا ہے۔ حاوی اور تنویر الابصار کی عبارت نقل کرنے کے بعد، شارح لکھتا ہے:

قال العینی واختیاری فی السب ان یقتل وتبعہ ابن الھمام. قلت وبہ افتی بہ شیخنا الخیر الرملی وہو قول الشافعی، ثم رأیت فی معروضات المفتی ابی السعود انہ ورد امر السلطانی بالعمل بقول ائمتنا القائلین بقتلہ اذا اظہر انہ ما اعتادہ وبہ افتی۔

عینی رحمۃ اللّٰہ علیہ کہتے ہیں۔ کہ "شتم نبی کے باب میں قول مختار یہ ہے، کہ ذمی قتل کر دیا جائے گا۔" اور ابن ہمام کی بھی یہی رائے ہے۔ اور ہمارے استاد خیر الدین رملی نے بھی یہی فتویٰ دیا ہے، اور یہی قول ہے امام شافعی رحمۃ اللّٰہ کا، اس کے بعد میں نے معروضات مفتی ابو سعود میں پڑھا، کہ "فرمان سلطانی صادر ہو چکا ہے، کہ عملدرآمد ہمارے ان ائمہ کے قول کے مطابق ہو، جنہوں نے شتم نبی کے عادی مجرم کے قتل کا حکم کیا ہے۔" اور یہی فتویٰ مفتی موصوف کا ہے۔

آگے چل کر، صاحب درمختار، مفتی ابو سعود کے قول کی تائید میں، ابن کمال پاشا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 53

کی چہل حدیث کے حدیث نمبر ۳۴ کا حوالہ دیتے ہیں

موصوف نے لکھا ہے:

حق یہ ہے، کہ ذمی ہم حنفیہ کے نزدیک قتل ک رسول کرے۔ چنانچہ ذخیرہ کی کتاب السیر میں اس کی تصر بالاعلان شتم رسول کے جرم میں عورت تک کے قتل کا حک ہے اس روایت سے، کہ جب عمیر بن عدی کو یہ خبر پہنچی کہ عصمہ علیہ وسلم کی بد گوئی کر رہی ہے، تو رات میں اسے قتل کر ڈا نے ان کے اس فعل کو پسند فرمایا۔ پس اسے یاد رکھنا چاہئے

درمختار ہی میں، ایک دوسرے موقع پر، کتاب تاہم یہ صراحت بھی موجود ہے۔

والکافر بسب نبی من الانبیاء فانہ یقت

جو مرتد، حضرات انبیاء میں سے کسی نبی کی اہان کی توبہ کسی طرح مقبول نہیں، وہ قتل کیا جائے گا، بطور حد کے۔

درمختار کے شارح جلیل، شامی رحمۃ اللہ، درالمخ میں لاتے ہیں۔ تنویر الابصار کی عبارت میں جہاں یہ مقا نہیں ٹوٹتا ، وہاں یہ حاشیہ دیتے ہیں۔

ای اذا لم یعلن فلو اعلن بشتمہ او اہ الخ۔

یہ حکم اس وقت کے لیے ہے، جب تک شتم عادی مجرم ہو، تو وہ قتل کر دیا جائے گا، خواہ عورت ہی ہو۔ لہ

پھر جہاں تنویر میں یہ مضمون ہے؛ کہ ذمی کو اہان اس عبارت پر یہ حاشیہ دیا ہے۔

کی چہل حدیث کے حدیث نمبر ۳۴ کا حوالہ دیتے ہیں، جس کی شرح میں ابن کمال پاشا موصوف نے لکھا ہے:

حق یہ ہے، کہ ذمی ہم حنفیہ کے نزدیک قتل کر دیا جائے گا، جب بالاعلان شتم رسول کرے۔ چنانچہ ذخیرہ کی کتاب السیر میں اس کی تصریح ہے، اور یہ ہے، کہ امام محمد نے بالاعلان شتم رسول کے جرم میں عورت تک کے قتل کا حکم کیا ہے، اور دلیل پکڑی ہے اس روایت سے، کہ جب عمیر بن عدی کو یہ خبر پہنچی کہ عصماء بنت مروان، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بدگوئی کر رہی ہے، تو رات میں اسے قتل کر ڈالا، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اس فعل کو پسند فرمایا۔ پس اسے یاد رکھنا چاہئے۔

درمختار ہی میں، ایک دوسرے موقع پر، کتاب المرتد کے تحت میں، گو ضمناً سہی، تاہم یہ صراحت بھی موجود ہے۔

والکافر سب نبي من الانبیاء فانه یقتل حدا ولا تقبل توبته مطلقا۔

جو مرتد، حضرات انبیاء میں سے کسی نبی کی اہانت کی بنا پر کافر ہوگا، اس کی توبہ کسی طرح مقبول نہیں، وہ قتل کیا جائے گا، بطور حد کے۔

درمختار کے شارح جلیل، شامی رحمۃ اللہ، درالمختار میں اور زیادہ بسط واطناب کو کام میں لاتے ہیں۔ تنویر الابصار کی عبارت میں جہاں یہ مقام آیا ہے، کہ شتم نبی سے ذمی کا عہد نہیں ٹوٹتا، وہاں یہ حاشیہ دیتے ہیں۔

ای اذا لم یعلن فلو اعلن بشتمه او اعتاده قتل ولو امراة وبه یفتی الیوم۔

یہ حکم اس وقت کے لیے ہے، جب تک شتم نبی علی الاعلان نہ ہو، یا ذمی اس کا عادی مجرم ہو، تو وہ قتل کر دیا جائے گا، خواہ عورت ہی ہو۔ اور اسی پر آج فتویٰ ہے۔

پھر جہاں تنویر میں یہ مضمون ہے، کہ ذمی کو اہانت رسول پر سخت سزا دی جائے گی، اس عبارت پر یہ حاشیہ دیا ہے۔

اطلقه فشمل تادیبه وعقابه بالقتل اذا اعتاده واعلن به۔

یہ سزا کا حکم عام ہے قتل بھی اس کے تحت میں آ جاتا ہے جب شتم بالا علان ہو، یا مجرم اس کا عادی ہو۔

آگے دلائل وشواہد تفصیل سے درج کیے ہیں:

فخر المتاخرین مولانا عبدالحی فرنگی محلی رحمۃ اللّٰہ علیہ، شاید ان ہی سب شواہد کو پیش نظر رکھ کرے، بطور خلاصہ، حاشیہ شرح وقایہ میں تحریر فرماتے ہیں:

یودب الذمی ویعزر اذا صدر منه مثل هذه الامور لاسیما اذا اعلن او تکرر منه بل صرحوا بوجوب قتله سیاسته (عمدة الرعایه)

ذمی سے جب اس قسم کی حرکتوں کا صدور ہو گا اسے سخت سزا دی جائے گی، خصوصاً جبکہ ان کا یہ اعلان ہو۔ بلکہ ہمارے فقہاء کی تو تصریح ہے، کہ ایسا شخص سیاستہ واجب القتل ہے۔

اتنی شہادتوں کے بعد، کیا حنفیہ کا نقطہ نظر اب بھی مشتبہ، مبہم، وموہوم کہا جاسکتا ہے؟

(ماخوذ "سچ" لکھنؤ، 16 ستمبر 1932ء)

توحید رسالت

# نبوت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا

## عقلی ثبوت

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

تھوڑی دیر کے لیے جسمانی آنکھیں بند کر کے تصور کی آنکھیں کھول لیجیے اور ایک ہزار چار سو برس پیچھے پلٹ کر دنیا کی حالت پر نظر ڈالیے۔ یہ کیسی دنیا تھی؟ انسان اور انسان کے درمیان تبادلۂ خیالات کے وسائل کس قدر کم تھے۔ قوموں اور ملکوں کے درمیان

جاتا ہے وہ اس زمانے کے عام معلومات تھے جن طریقوں سے آج انسان کا ضمیر نفرت کرتا ہے وہ اس زمانے کے اخلاقیات میں نہ صرف جائز تھے، بلکہ کوئی شخص یہ خیال بھی نہ کرسکتا تھا کہ ان کے خلاف بھی کوئی طریقہ ہوسکتا ہے۔ انسان کی عجائب پرستی اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ وہ کسی چیز میں اس وقت تک کوئی صداقت، کوئی بزرگی، کوئی پاکیزگی تسلیم ہی نہ کرسکتا تھا جب تک وہ فوق الفطرت نہ ہو، خلاف عادت نہ ہو، غیر معمولی نہ ہو۔ حتیٰ کہ انسان خود اپنے آپ کو اس قدر ذلیل سمجھتا تھا کہ کسی انسان کا اللہ رسیدہ ہونا اور کسی اللہ رسیدہ ہستی کا انسان ہونا اس کے تصور کی رسائی سے بہت دور تھا۔

اس تاریک دور میں زمین کا ایک گوشہ ایسا تھا جہاں تاریکی کا تسلط اور بھی زیادہ بڑھا ہوا تھا۔ جو ممالک اس زمانے کے معیار تمدن کے لحاظ سے متمدن تھے۔ ان کے درمیان عرب کا ملک سب سے الگ تھلگ پڑا ہوا تھا۔ اس کے ارد گرد ایران، روم اور مصر کے ملکوں میں علوم و فنون اور تہذیب و شائستگی کی کچھ روشنی پائی جاتی تھی مگر ریت کے بڑے بڑے سمندروں نے عرب کو ان سے جدا کر رکھا تھا۔ عرب سوداگر اونٹوں پر مہینوں کی راہ طے کر کے ان ملکوں میں تجارت کے لیے جاتے تھے اور صرف اموال کا مبادلہ کر کے واپس آتے تھے۔ علم و تہذیب کی

اس کے مال پر قابض ہو جاتا، یہ بات ایک عرب بدوی کے فہم سے بالاتر تھی کہ جو شخص اس کے قبیلے کا نہیں ہے اسے وہ کیوں نہ مار ڈالے اور اس کے مال پر کیوں نہ متصرف ہو جائے۔ اخلاق اور تہذیب و شائستگی کے جو کچھ بھی تصورات ان لوگوں میں تھے وہ نہایت ادنیٰ اور مسخ شدہ تھے پاک اور ناپاک، جائز اور ناجائز، شائستہ اور ناشائستہ کی تمیز سے وہ تقریباً نا آشنا تھے۔ ان کی زندگی نہایت گندی تھی۔ ان کے طریقے وحشیانہ تھے۔ زنا، جوا، شراب، چوری، راہ زنی اور قتل و خوں ریزی ان کی زندگی کے معمولات تھے۔ وہ ایک دوسرے کے سامنے بے تکلف برہنہ ہوجاتے تھے۔ ان کی عورتیں تک ننگی ہو کر کعبہ کا طواف کرتی تھیں۔ وہ اپنی لڑکیوں کو اپنے ہاتھ سے زندہ دفن کر دیتے تھے، محض اس جاہلانہ خیال کی بناء پر کہ کوئی ان کا داماد بنے۔ وہ اپنے باپوں کے مرنے کے بعد اپنی سوتیلی ماؤں سے نکاح کر لیتے تھے۔ انہیں کھانے اور لباس اور طہارت کے معمولی آداب تک معلوم نہ تھے۔

مذہب کے باب میں وہ ان تمام جہالتوں اور ضلالتوں کے حصہ دار تھے جس میں اس زمانے کی دنیا مبتلا تھی۔ بت پرستی، ارواح پرستی، کواکب پرستی، غرض ایک اللہ کی پرستش کے سوا اس وقت دنیا میں جتنی 'پرستیاں' پائی جاتی تھی وہ سب ان میں رائج تھیں۔ انبیائے قدیم اور ان کی تعلیمات کے متعلق کوئی صحیح علم ان کے پاس نہ تھا۔ وہ اتنا ضرور جانتے تھے کہ ابراہیمؑ اور اسمعیلؑ ان کے باپ ہیں مگر یہ نہ جانتے تھے کہ ان دونوں باپ بیٹوں کا دین کیا تھا اور وہ کس کی عبادت کرتے تھے۔ عاد اور ثمود کے قصے بھی ان میں مشہور تھے، مگر ان کی جو روایتیں عرب کے مورخین نے نقل کی ہیں، انہیں پڑھ جائیے، کہیں آپ کو صالحؑ اور ہودؑ کی تعلیمات کا نشان نہ ملے گا۔ انہیں یہودیوں اور عیسائیوں کے واسطے سے انبیائے بنی اسرائیل کی کہانیاں بھی پہنچی تھیں، مگر وہ جیسی کچھ تھیں ان کا اندازہ کرنے کے لیے صرف ایک نظر ان اسرائیلی روایات پر ڈال لینا کافی ہے

جو مفسرین اسلام نے نقل کی ہیں۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ اہل عرب اور خود بنی اسرائیل جن انبیاء سے واقف تھے وہ کیسے انسان تھے اور نبوت کے متعلق ان لوگوں کا تصور کس قدر گھٹیا درجہ کا تھا۔

ایسے زمانہ میں ایسے ملک میں ایک شخص پیدا ہوتا ہے۔ بچپن ہی میں ماں باپ اور دادا کا سایہ اس کے سر سے اٹھ جاتا ہے اس لیے اس بے کسی کی حالت میں ایک عرب بچے کو جو تھوڑی

بہت تربیت مل سکتی تھی وہ بھی اسے نہیں ملتی۔ ہوش سنبھالتا ہے تو بدوی لڑکوں کے ساتھ بکریاں چرانے لگتا ہے۔ جوان ہوتا ہے تو سوداگری میں لگ جاتا ہے، اٹھنا بیٹھنا، ملنا جلنا سب کچھ انہی عربوں کے ساتھ ہے جن کا حال اوپر آپ نے دیکھ لیا۔ تعلیم کا نام تک نہیں، حتیٰ کہ پڑھنا لکھنا تک نہیں آیا کسی عالم کی صحبت میسر نہ ہوئی کہ ”عالم“ کا وجود اس وقت تمام عرب میں کہیں نہ تھا۔ چند مرتبہ اسے عرب سے باہر قدم نکالنے کا اتفاق ضرور ہوا مگر یہ سفر صرف شام کے علاقے تک تھے اور ویسے ہی تجارتی سفر تھے جیسے اس زمانہ میں عرب کے تجارتی قافلے کیا کرتے تھے۔ بالفرض اگر ان اسفار کے دوران میں اس نے کچھ آثار علم و تہذیب کا مشاہدہ کیا اور کچھ اہل علم سے ملاقات کا اتفاق بھی ہوا تو ظاہر ہے کہ ایسے منتشر مشاہدات اور ایسی ہنگامی ملاقاتوں سے کسی انسان کی سیرت نہیں بن جاتی ان کا اثر کسی شخص پر اتنا زبردست نہیں ہوسکتا کہ وہ اپنے ماحول سے بالکل آزاد، بالکل مختلف اور اتنا بلند ہو جائے کہ اس میں اور اس کے ماحول میں کچھ نسبت ہی نہ رہے۔ ان سے ایسا علم حاصل ہونا ممکن نہیں ہے جو ایک ان پڑھ بدوی کو ایک ملک کا نہیں، تمام دنیا کا اور ایک زمانہ کا نہیں، تمام زمانوں کا لیڈر بنا دے۔ اگر کسی درجہ میں اس نے باہر کے لوگوں سے علمی استفادہ کیا بھی ہو تو جو معلومات اس وقت دنیا میں کسی کو حاصل ہی نہ تھیں، مذہب، اخلاق تہذیب و تمدن کے جو تصورات اور اصول اس وقت دنیا میں کہیں موجود ہی نہ تھے، انسانی سیرت کے جو نمونے اس وقت کہیں پائے ہی نہیں جاتے تھے، ان کے حصول کا کوئی ذریعہ نہیں ہو سکتا تھا۔

صرف عرب ہی کا نہیں تمام دنیا کا ماحول پیش نظر رکھیے اور دیکھیے۔ یہ شخص جن لوگوں میں پیدا ہوا، جن میں بچپن گزرا، جن کے ساتھ پل کر جوان ہوا، جن سے اس کا میل جول رہا، جن سے اس کے معاملات رہے، ابتداء ہی سے عادات میں، اخلاق میں، وہ ان سب سے مختلف نظر آتا ہے۔ وہ

کبھی جھوٹ نہیں بولتا۔ اس کی صداقت پر اس کی ساری قوم گواہی دیتی ہے۔ اس کے کسی بدترین دشمن نے بھی کبھی اس پر الزام نہیں لگایا کہ اس نے فلاں موقع پر جھوٹ بولا تھا۔ وہ کسی سے بدکلامی نہیں کرتا۔ کسی نے اس کی زبان سے کبھی گالی یا کوئی فحش بات نہیں سنی۔ وہ لوگوں سے ہر قسم کے معاملات کرتا ہے مگر کبھی کسی سے تل

ملتا ہے گرویدہ ہو جاتا ہے۔ وہ کسی سے بد معاملگی نہیں کرتا۔ کسی کی حق تلفی نہیں کرتا۔ برسوں سوداگری کا پیشہ کرنے کے باوجود کسی کا ایک پیسہ بھی ناجائز طریقہ سے نہیں لیتا۔ جن لوگوں سے اس کے معاملات پیش آتے ہیں وہ سب اس کی ایمان داری پر کامل بھروسا رکھتے ہیں۔ ساری قوم اسے "امین" کہتی ہے۔ دشمن تک اس کے پاس اپنے قیمتی مال رکھواتے ہیں اور وہ ان کی بھی حفاظت کرتا ہے۔ بے حیا لوگوں کے درمیان وہ ایسا حیا دار ہے کہ ہوش سنبھالنے کے بعد کسی نے اسے برہنہ نہیں دیکھا۔ بد اخلاقوں کے درمیان وہ ایسا پاکیزہ اخلاق ہے کہ کبھی کسی بدکاری میں مبتلا نہیں ہوتا شراب اور جوئے کو ہاتھ تک نہیں لگاتا۔ ناشائستہ لوگوں کے درمیان وہ ایسا شائستہ ہے کہ ہر بد تمیزی اور گندگی سے نفرت کرتا ہے اور اس کے ہر کام میں ستھرائی اور پاکیزگی پائی جاتی ہے سنگ دلوں کے درمیان وہ ایسا نرم دل ہے کہ ہر ایک کے دکھ درد میں شریک ہوتا ہے۔ یتیموں اور بیواؤں کی مدد کرتا ہے، مسافروں کی میزبانی کرتا ہے کسی کو اس سے دکھ نہیں پہنچتا اور وہ دوسروں کی خاطر دکھ اٹھاتا ہے۔ وحشیوں کے درمیان وہ ایسا صلح پسند ہے کہ اپنی قوم میں فساد اور خون ریزی کی گرم بازاری دیکھ کر اسے اذیت ہوتی ہے، اپنے قبیلہ کی لڑائیوں سے دامن بچاتا ہے اور مصالحت کی کوششوں میں پیش پیش

پہاڑوں کی صحبت میں جا جا کر بیٹھنے لگتا ہے۔ تنہائی اور سکون کے عالم میں کئی کئی دن گزارتا ہے۔ روزے رکھ رکھ کر اپنی روح اور اپنے دل و دماغ کو اور زیادہ پاک صاف کرتا ہے۔ سوچتا ہے، غور و فکر کرتا ہے، کوئی ایسی روشنی ڈھونڈتا ہے جس سے وہ اس

نسب پوچھا جائے گا۔ وہاں صرف ایمان اور نیک عمل کی پوچھ ہوگی۔ جس کے پاس یہ سامان ہوگا، وہ جنت میں جائے گا اور جس کے پاس ان میں سے کچھ بھی نہ ہوگا وہ نامراد دوزخ میں ڈالا جائے گا۔

یہ تھا وہ پیغام جسے لے کر وہ غار سے نکلا۔

جاہل قوم اس کی دشمن ہو جاتی ہے۔ گالیاں دیتی ہے، پتھر مارتی ہے، ایک دن دو دن نہیں اکٹھے تیرہ برس تک اس پر سخت سے سخت ظلم توڑتی ہے۔ یہاں تک کہ اسے وطن سے نکال باہر کرتی ہے اور پھر نکالنے پر بھی دم نہیں لیتی، جہاں وہ جاکر پناہ لیتا ہے، وہاں بھی اسے ہر طرح ستاتی ہے۔ تمام عرب کو اس کے خلاف ابھار دیتی ہے اور کامل آٹھ برس اس کے خلاف برسر پیکار رہتی ہے۔ وہ ان سب تکلیفوں کو سہتا ہے مگر اپنی بات سے نہیں ٹلتا۔

یہ قوم اس کی دشمن کیوں ہوئی، کیا زر اور زمین کا کوئی جھگڑا تھا؟ کیا خون کا کوئی دعویٰ تھا؟ کیا وہ ان سے دنیا کی کوئی چیز مانگ رہا تھا؟ نہیں ساری دشمنی صرف اسی بات پر تھی کہ وہ ایک خدا کی بندگی اور پرہیزگاری اور نیکوکاری کی تعلیم کیوں دیتا ہے، بت پرستی، شرک اور بدعملی کے خلاف تبلیغ کیوں کرتا ہے

اذیتوں میں مبتلا ہونا اور کامل ۲۱ سال مبتلا رہنا بھی گوارا کر سکتا ہو؟ غور کرو! کیا نیک نفسی، ایثار اور ہم دردی بنی نوع کا اس سے بھی بلند تر کوئی مرتبہ تمہارے تصور میں آسکتا ہے کہ کوئی شخص اپنے کسی فائدے کی خاطر نہیں، دوسروں کے بھلے کی خاطر تکلیفیں اٹھائے؟ جن کی بھلائی اور بہتری کے لیے وہ کوشش کرتا ہے وہی اسے پتھر ماریں، گالیاں دیں، گھر سے بے گھر کر دیں، غریب الوطنی میں بھی اس کا پیچھا نہ چھوڑیں اور ان سب باتوں پر بھی وہ ان کا بھلا چاہنے سے باز نہ آئے۔

پھر دیکھو! کیا کوئی جھوٹا شخص کسی بے اصل بات کے پیچھے ایسی مصیبتیں برداشت کر سکتا ہے؟ کیا کوئی تیر تکے لڑانے والا انسان محض گمان اور قیاس سے کوئی بات کہہ کر اس پر اتنا جم سکتا ہے؟ کہ مصیبتوں کے پہاڑ اس پر ٹوٹ جائیں، زمین اس پر تنگ کر دی جائے، تمام ملک اس کے خلاف اٹھ کھڑا ہو، بڑی بڑی فوجیں اس پر امنڈ امنڈ کر آئیں، مگر وہ اپنی بات سے یک سرمو ہٹنے پر آمادہ نہ ہو؟ یہ استقامت یہ عزم اور یہ ثبات خود گواہی دے رہا ہے کہ اسے اپنی صداقت پر یقین اور کامل یقین تھا۔ اگر اس کے دل میں شک اور شبہ کا ادنیٰ شائبہ بھی ہوتا تو وہ مسلسل ۲۱ سال تک مصائب کے ان پے در پے طوفانوں کے مقابلہ میں کبھی نہ ٹھہر سکتا۔

یہ تو اس شخص کے انقلاب حال کا ایک پہلو تھا، دوسرا پہلو اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز ہے: چالیس برس کی عمر تک وہ ایک

اب وہ ایک حیرت انگیز کلام سنا رہا تھا جسے سن کر سارا عرب مبہوت ہو گیا۔ اس کلام کی شدت تاثیر کا یہ حال تھا کہ اس کے کٹر دشمن بھی اسے سنتے ہوئے ڈرتے تھے کہ کہیں یہ دل میں اتر نہ جائے۔ اس کی فصاحت و بلاغت اور زور بیان کا یہ عالم تھا کہ تمام قوم عرب کو ''جس میں بڑے بڑے شاعر، خطیب اور زبان آوری کی مدعی موجود تھے'' اس نے چیلنج دیا اور بار بار چیلنج دیا کہ تم سب مل کر ایک ہی سورۃ اس کے مانند بنالاؤ مگر کوئی اس کے مقابلے کی جرأت نہ کرسکا۔ ایسا بے مثل کلام کبھی عرب کے کانوں نے سنا ہی نہ تھا۔

اب یکا یک وہ ایک بے مثل حکیم، ایک لاجواب مصلح اخلاق و تمدن ایک حیرت انگیز ماہر سیاست، ایک زبردست مقنن، ایک اعلیٰ درجہ کا جج، ایک بے نظیر سپہ سالار بن کر ظاہر ہوا۔ اس اَن پڑھ صحرانشین نے حکمت اور دانائی کی وہ باتیں کہنا شروع کر دیں جو نہ اس سے پہلے کسی نے کہی تھیں، نہ اس کے بعد کوئی کہہ سکا۔ وہ امی الٰہیات کے عظیم الشان مسائل پر فیصلہ کن تقریریں کرنے لگا۔ تاریخ اقوام سے عروج و زوال امم کے فلسفہ پر لیکچر دینے لگا۔ پرانے مصلحین کے کارناموں پر تبصرے اور مذاہب عالم پر تنقید اور اختلافات اقوام کے فیصلے کرنے لگا۔ اخلاق اور تہذیب اور شائستگی کا درس دینے لگا۔

اس نے معاشرت، معیشت، اجتماعی معاملات اور بین الاقوامی تعلقات کے متعلق قوانین بنانا شروع کر دیے اور ایسے قوانین بنائے کہ بڑے بڑے علماء اور عقلاء غور و خوض اور عمر بھر کے تجربات کے بعد بمشکل ان کی حکمتوں کو سمجھ سکتے ہیں اور دنیا کے تجربات جتنے بڑھتے جاتے ہیں، ان کی حکمتیں اور زیادہ کھلتی جاتی ہیں۔

وہ خاموش پُر امن سوداگر، جس نے تمام عمر کبھی تلوار نہ چلائی تھی، کبھی کوئی فوجی تربیت نہ پائی تھی، حتیٰ کہ جو عمر بھر میں صرف ایک مرتبہ ایک لڑائی میں محض ایک تماشائی کی حیثیت سے شریک ہوا تھا، دیکھتے دیکھتے وہ ایک ایسا بہادر سپاہی بن گیا جس کا قدم سخت سے سخت معرکوں میں بھی اپنے مقام سے ایک انچ نہ ہٹا۔ ایسا زبردست جنرل بن گیا جس نے ۹ سال کے اندر تمام ملک عرب کو فتح کر لیا۔ ایسا حیرت انگیز ملٹری لیڈر بن گیا کہ اس کی پیدا کی ہوئی فوجی تنظیم اور جنگی روح کے اثر سے بے سر و سامان عربوں نے چند سال میں دنیا کی دو عظیم الشان فوجی طاقتوں کو الٹ کر رکھ دیا۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

وہ الگ تھلگ رہنے والا سکون پسند انسان، جس کے اندر کسی نے چالیس برس تک سیاسی دل چسپی کی بُو بھی نہ پائی تھی، یکا یک اتنا زبردست ریفارمر اور مدبر بن کر ظاہر ہوا کہ ۲۳ سال کے اندر اس نے ۱۲ لاکھ مربع میل میں پھیلے ہوئے ریگستان کے منتشر، جنگ جو، جاہل، سرکش، غیر متمدن اور ہمیشہ آپس میں لڑنے والے قبائل کو، ریل، تار اور ریڈیو اور پریس

خدمت کرتا تھا، ایک مزدور کی طرح کام کرنے میں بھی اسے تامل نہ تھا۔ آخر وقت تک اس کے اندر شاہانہ تمکنت اور امیرانہ ترفع اور بڑے آدمیوں کے سے تکبر کی ذرا سی بُو بھی پیدا نہ ہوئی۔ وہ ایک عام آدمی کی طرح لوگوں سے ملتا تھا۔ ان کے دکھ درد میں شریک ہوتا تھا، عوام کے درمیان اس طرح بیٹھتا تھا کہ اجنبی آدمی کو یہ معلوم کرنا مشکل ہوتا تھا کہ اس محفل میں قوم کا سردار اور ملک کا بادشاہ کون ہے۔

اتنا بڑا آدمی ہونے کے باوجود چھوٹے سے چھوٹے آدمی کے ساتھ بھی ایسا برتاؤ کرتا تھا کہ گویا وہ اسی جیسا ایک انسان ہے، تمام عمر کی جدوجہد میں اس نے اپنی ذات کے لیے کچھ بھی نہ چھوڑا۔ اپنا پورا ترکہ اپنی قوم پر وقف کر دیا۔ اپنے پیروؤں پر اس نے اپنے یا اپنی اولاد کے کچھ بھی حقوق قائم نہ کیے۔ حتیٰ کہ اپنی اولاد کو زکوٰۃ لینے کے حق سے بھی محروم کر دیا محض اس خوف سے کہ کہیں آگے چل کر اس کے پیرو اس کی اولاد ہی کو ساری زکوٰۃ نہ دینے لگ جائیں۔

ابھی اس عظیم الشان آدمی کے کمالات کی فہرست ختم نہیں ہوئی۔ اس کے مرتبے کا صحیح اندازہ کرنے کے لیے آپ کو تاریخ عالم میں بحیثیت مجموعی ایک نظر ڈالنی چاہیے۔ آپ دیکھیں گے کہ صحرائے عرب کا یہ اَن پڑھ بادیہ نشین، جو چودہ سو برس پہلے اس تاریک دور میں پیدا ہوا تھا دراصل دورِ جدید کا بانی اور تمام دنیا کا لیڈر ہے، وہ نہ صرف ان کا لیڈر ہے جو اسے لیڈر مانتے ہیں، بلکہ ان کا بھی لیڈر ہے جو اسے نہیں مانتے۔ انہیں اس امر کا احساس تک نہیں کہ جس کے خلاف وہ زبان کھولتے ہیں اس کی راہ نُمائی کس طرح ان کے خیالات میں، ان کے اصولِ حیات اور قوانینِ عمل میں اور ان کے عصرِ جدید کی روح میں پیوست ہو گئی ہے۔

یہی شخص ہے جس نے دنیا کے تصورات کا رُخ، وہمیت، عجائب پرستی اور رہبانیت کی طرف سے ہٹا کر عقلیت، حقیقت پسندی اور متقیانہ دنیا داری کی طرف پھیر دیا۔ اسی نے محسوس معجزے مانگنے والی دنیا میں عقلی معجزوں کو سمجھنے اور انہی کو معیارِ صداقت ماننے کا مذاق پیدا کیا۔ اسی نے خرقِ عادات میں خدا کی خدائی کے آثار ڈھونڈنے والوں کی آنکھیں کھولیں اور انہیں آثارِ فطرت (Natural Phenomena) میں خدا کی نشانیاں دیکھنے کا خوگر بنایا۔ اسی نے خیالی گھوڑے دوڑانے والوں کو قیاس آرائی (Specultion) سے ہٹا کر تعقل، تفکر، مشاہدہ اور تحقیق کے راستے پر لگایا۔ اسی نے عقل، حس اور وجدان کے امتیازی

حدود انسان کو بتائے۔ مادیت اور روحانیت میں مناسبت پیدا کی، دین سے علم و عمل کا ربط قائم کیا، مذہب کی طاقت سے دنیا میں سائنٹفک اسپرٹ پیدا کی۔ اسی نے شرک اور مخلوق پرستی کی بنیادوں کو اکھاڑا اور علم کی طاقت سے توحید کا اعتقاد ایسی مضبوطی کے ساتھ قائم کیا کہ مشرکوں اور بت پرستوں کے مذہب بھی وحدانیت کا رنگ اختیار کرنے پر مجبور ہو گئے اسی نے اخلاق اور روحانیت کے بنیادی تصورات کو بدلا۔ جو لوگ ترک دنیا اور نفس کشی کو عین اخلاق سمجھتے تھے جن کے نزدیک نفس و جسم کے حقوق ادا کرنے اور دنیوی زندگی کے معاملات میں حصہ لینے کے ساتھ روحانی ترقی اور نجات ممکن ہی نہ تھی، انہیں اسی نے تمدن، سماج اور دنیوی عمل کے اندر فضیلت، اخلاق، ارتقائے روحانی اور حصول نجات کا راستہ دکھایا۔ پھر وہی ہے جس نے انسان کو اس کی حقیقی قدر و قیمت سے آگاہ کیا، جو لوگ بھگوان، اوتار اور ابن اللّٰہ کے سوا کسی کو ہادی و راہ نما تسلیم کرنے پر تیار نہ تھے، انہیں اسی نے بتایا کہ انسان اور تمہارے جیسا انسان آسمانی بادشاہت کا نمائندہ اور خداوند عالم کا خلیفہ ہو سکتا ہے، جو لوگ ہر طاقت ور انسان کو اپنا خدا بناتے تھے انہیں اسی نے سمجھایا کہ انسان بجز انسان کے اور کچھ نہیں، نہ کوئی شخص تقدس، حکم رانی اور آقائی کا پیدائشی حق لے کر آیا ہے اور نہ کسی پر ناپاکی، محکومیت اور غلامی کا پیدائشی داغ لگا ہوا ہے۔ اسی تعلیم نے دنیا میں وحدت

خاموشی کے ساتھ جاری ہے۔ جنگ اور صلح اور بین الاقوامی تعلقات کی تہذیب جس شخص نے عملاً دنیا میں قائم کی وہ دراصل یہی عرب کا امی ہے ورنہ پہلے دنیا اس سے ناواقف تھی کہ جنگ کی بھی کوئی تہذیب ہوسکتی ہے اور مختلف قوموں میں مشترک انسانیت کی بنیاد پر بھی معاملات ہونا ممکن ہے۔

انسانی تاریخ کے منظر میں اس حیرت انگیز انسان کی بلند و بالا شخصیت اتنی ابھری ہوئی نظر آتی ہے کہ ابتدا سے لے کر اب تک کے بڑے سے بڑے تاریخی انسان جنہیں دنیا اکابر (Heroes) میں شمار کرتی ہے، جب اس کے مقابلے میں لائے جاتے ہیں تو اس کے آگے بونے نظر آتے ہیں۔ دنیا کے اکابر میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کے کمال کی چمک دمک انسانی زندگی کے ایک دو شعبوں سے آگے بڑھ سکی ہو۔ کوئی نظریات کا بادشاہ ہے مگر عملی قوت نہیں رکھتا۔ کوئی محض فوجی ذہانت کا مظہر ہے۔ کسی کی نظر اجتماعی زندگی کے ایک پہلو پر اتنی زیادہ گہری ہے کہ دوسرے پہلو اوجھل ہوگئے ہیں۔ کسی نے اخلاق اور روحانیت کو لیا تو معیشت و سیاست کو بھلا دیا۔ کسی نے معیشت و سیاست کو لیا تو اخلاق و روحانیت کو نظر انداز کردیا۔ غرض تاریخ میں ہر طرف یک رخے ہیرو ہی نظر آتے ہیں مگر تنہا یہی ایک شخصیت ایسی ہے جس میں تمام کمالات جمع ہیں وہ خود ہی فلسفی اور حکیم بھی ہے اور خود ہی اپنے فلسفہ کو عملی زندگی میں نافذ کرنے والا بھی۔ وہ سیاسی مدبر بھی ہے، واضع قانون بھی ہے، معلم اخلاق بھی ہے، مذہبی اور روحانی پیشوا بھی ہے۔ اس کی نظر انسان کی پوری زندگی پر پھیلتی ہے اور چھوٹی سے چھوٹی تفصیلات تک جاتی ہے کھانے پینے کے آداب اور جسم کی صفائی کے طریقوں سے لے کر بین الاقوامی تعلقات تک ایک ایک چیز کے متعلق وہ احکام اور ہدایات دیتا ہے، اپنے نظریات کے مطابق ایک مستقل تہذیب (Civilisation) وجود میں لاکر دکھا دیتا ہے اور زندگی کے تمام مختلف پہلوؤں میں ایسا صحیح توازن

قائم کرتا ہے کہ افراط و تفریط کا کہیں نشان تک نظر نہیں آتا، کیا کوئی دوسرا شخص اس جامعیت کا تمہاری نظر میں ہے؟

(Equilibrium) دنیا کی بڑی بڑی تاریخی شخصیتوں میں سے کوئی ایک بھی ایسی جو کم و بیش اپنے ماحول کی پیدا کردہ نہ ہو، مگر اس شخص کی شان سب سے نرالی ہے۔ اس کے بنانے میں اس کے ماحول کا کوئی حصہ نظر نہیں آتا اور نہ کسی دلیل سے یہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ عرب کا

سے الگ اور سب سے ممتاز وہ انسانیت کا ایسا راہ نما ہے جو تاریخ کے ساتھ حرکت (March) کرتا ہے اور ہر دور میں ویسا ہی جدید (Modern) نظر آتا ہے جیسا اس سے پہلے دور کے لیے تھا تم جن لوگوں کو فیاضی کے ساتھ 'تاریخ بنانے والے' (Makers of History) کا لقب دیتے ہو وہ حقیقت میں تاریخ کے بنائے ہوئے (Creatures of History) ہیں۔ دراصل تاریخ بنانے والا پوری انسانی تاریخ میں یہی ایک شخص ہے۔ دنیا کے جتنے لیڈروں نے تاریخ میں انقلاب برپا کیے ہیں ان حالات پر تحقیقی نگاہ ڈالو۔ تم دیکھو گے کہ ہر ایسے موقع پر پہلے سے انقلاب کے اسباب پیدا ہو رہے تھے وہ اسباب خود ہی اس انقلاب کا رخ اور راستہ بھی معین کر رہے تھے جس کے برپا ہونے کے وہ متقاضی تھے۔ انقلابی لیڈر نے صرف اتنا کیا کہ حالات کے اقتضا کو قوت سے فعل میں لانے کے لیے اس ایکٹر کا پارٹ ادا کر دیا جس کے لیے اسٹیج اور کام دونوں پہلے سے معین ہوں ۔ مگر تاریخ بنانے والوں یا انقلاب برپا کرنے والوں کی پوری جماعت میں یہ اکیلا شخص ہے کہ جہاں انقلاب کے اسباب موجود نہ تھے وہاں اس نے خود اسباب کو پیدا کیا، جہاں

ماحول اس وقت تاریخی طور پر ایسے ایک انسان کی پیدائش کا متقاضی تھا۔ بہت کھینچ تان کر تم جو کچھ کہہ سکتے ہو وہ اس سے زیادہ کچھ نہ ہوگا کہ تاریخی اسباب عرب میں ایک ایسے لیڈر کے ظہور کا تقاضا کرتے تھے جو قبائلی انتشار کو مٹا کر ایک قوم بناتا اور ممالک کو فتح کر کے عربوں کی معاشی فلاح و بہبود کا سامان کرتا ..... یعنی ایک نیشنلسٹ لیڈر جو اس وقت کی تمام عربی خصوصیات کا حامل ہوتا۔ ظلم، بے رحمی، خوں ریزی اور مکرو دغا، غرض ہر ممکن تدبیر سے اپنی قوم کو خوش حال بناتا اور ایک سلطنت پیدا کر کے اپنے پس ماندوں کے لیے چھوڑ جاتا۔ اس کے سوا اس وقت کی عربی تاریخ کا کوئی تقاضا تم ثابت نہیں کر سکتے۔ ہی

کرنا چاہیے تھا اور اگر وہ ایسا دعویٰ کرتا تو وہ دنیا جس نے رام کو خدا بنا ڈالا ، جس نے کرشن کو بھگوان قرار دینے میں تامل نہ کیا، جس نے بودھ کو خود بخود معبود بنالیا، جس نے مسیح کو آپ اپنی مرضی سے ابن اللہ مان لیا، جس نے آگ، پانی اور ہوا تک کو پوج ڈالا، وہ ایسے زبردست باکمال شخص کو خدا مان لینے سے کبھی انکار نہ کرتی، مگر دیکھو، وہ خود کیا کہہ رہا ہے۔ وہ اپنے کمالات میں سے ایک کا کریڈٹ بھی خود نہیں لیتا۔ کہتا ہے کہ میں ایک انسان ہوں، تمہی جیسا انسان۔ میرے پاس کچھ بھی اپنا نہیں۔ سب کچھ خدا کا ہے اور خدا ہی کی طرف سے ہے۔ یہ کلام جس کی نظیر لانے سے تمام نوع انسانی عاجز ہے میرا کلام نہیں ہے۔ میرے دماغ کی قابلیت کا نتیجہ نہیں ہے، لفظ بلفظ خدا کی طرف سے میرے پاس آیا ہے اور اس کی تعریف خدا ہی کے لیے ہے۔ یہ کارنامے جو میں نے دکھائے یہ قوانین جو میں نے وضع کیے، یہ اصول جو میں نے تمہیں سکھائے ، ان میں سے کوئی چیز بھی میں نے خود نہیں گھڑی ہے۔ میں کچھ بھی اپنی ذاتی قابلیت سے پیش کرنے پر قادر نہیں ہوں۔ ہر ہر چیز میں خدا کی راہ نمائی کا محتاج ہوں، ادھر سے جو اشارہ ہوتا ہے، وہی کرتا ہوں اور وہی کہتا ہوں۔

دیکھو

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# قانون تحفظ ناموس رسالت ﷺ

ڈاکٹر اسرار احمد

مجھے، ایک صاحب کی طرف سے ایک رقعہ ملا تھا، جس میں توہین رسالت کے حوالے سے سوال کیا گیا تھا۔ اسے پڑھ کر فوری طور پر ۹۱ء میں بننے والا توہین رسالت کا قانون ذہن میں آیا، جس کے بارے میں نہ صرف اندرون ملک عیسائی اقلیت نے شدید احتجاج کیا بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی مغربی حکومتوں کی جانب سے تاحال احتجاج جاری ہے۔ مگر بعد ازاں، جب میں نے اس رقعے کو غور سے پڑھا تو اس میں زیر بحث موضوع سے ہٹ کر سوال کیا گیا تھا۔ رقعہ کی عبارت یہ ہے:

توہین رسالت کیا ہے؟ کیا حضور ﷺ کے ارشادات کی نفی توہین رسالت کے ضمن میں نہیں آتی؟ اگر آتی ہے تو کیا حکومت وقت سودی نظام جاری رکھ کر توہین رسالت کا ارتکاب نہیں کر رہی؟ حضور اکرم ﷺ نے اپنے آخری خطبہ حجۃ الوداع میں سود کو حرام قرار دیا ہے، اگر ہم اس نظام کے خلاف جدوجہد نہ کریں تو کیا ہم بھی توہین رسالت کا جرم کرنے والوں میں شامل نہ ہوں گے؟ اپنا موقف واضح طور پر سمجھا دیں۔

توہین رسالت کے قانون کے حوالے سے یہ مسئلہ کافی عرصہ زیر بحث رہا ہے، مگر میں نے اس مسئلہ پر کبھی گفتگو نہیں کی، تاہم میں اب اس کی تلافی کرتے ہوئے اس موضوع پر اپنے نقطہ نظر کو مرتب انداز میں واضح کر رہا ہوں۔ اس رقعے میں اٹھائے گئے استفسار کے پس منظر میں جو چیز مضمر ہے اسے سمجھنا ضروری ہے۔ ایک کفر حقیقی ہے اور دوسرا کفر قانونی، جس کے ارتکاب کے بعد کوئی شخص مرتد قرار پاتا ہے۔ کفر حقیقی کیا ہے؟ اسے بعض احادیث کی روشنی میں

سمجھئے۔ حدیث کی رو سے جس شخص نے جان بوجھ کر نماز چھوڑ دی اس نے کفر کیا۔ لیکن اس فرمان نبوی ﷺ کا یہ مطلب نہیں کہ تارک نماز قانونی طور پر کافر ہو گیا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے قرآن کی حرام کردہ کسی شے کو اپنے لیے

حلال ٹھہرا لیا، اس کا قرآن مجید پر کوئی ایمان نہیں۔ لیکن کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ ایسا شخص مرتد ہو گیا؟ اسی طرح حضور اکرم ﷺ نے تین مرتبہ قسم کھا کر ارشاد فرمایا کہ اللہ کی قسم وہ شخص ایمان نہیں رکھتا۔ اس پر صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ کون اے اللہ کے رسول ﷺ؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس کا پڑوسی اس کی ایذا رسانی سے چین میں نہیں ہے۔ پڑوسی کے ساتھ برا سلوک نہ شرک ہے، نہ کفر بلکہ یہ ایک اخلاقی برائی ہے، کج خلقی ہے۔ لیکن اس شخص کے رویے پر حضور ﷺ نے اس کے عدم ایمان کی تین دفعہ قسم کھائی۔ تو کیا ایسا شخص کافر ہے؟ یہ بڑا پیچیدہ اور مشکل مسئلہ تھا، جسے امام ابو حنیفہؒ نے اپنی کتاب الفقہ الاکبر میں بڑی عمدگی سے حل کیا ہے۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر نہیں ہوتا۔ البتہ دین کی کسی بنیادی چیز کے انکار سے کفر لازم آتا ہے۔ جیسے نماز کا انکار کرنے سے انسان کافر ہو جاتا ہے، مگر تارک صلوٰۃ کافر نہیں ہوتا۔ محض کفر حقیقی کا مرتکب قانوناً مرتد نہیں ہوتا۔ البتہ گناہ گار ہوتا ہے۔ اسی حوالے سے صوفیاء کے حلقے میں ایک قول مشہور ہے جس سے اس معاملے کے انتہائی پہلو کی عکاسی ہوتی ہے کہ جو دم غافل سو دم کافر۔ گویا کفر حقیقی کی آخری حد یہ ہے کہ انسان کا جو سانس بھی غفلت میں گزرتا ہے، گویا ایک طرح کے کفر کی حالت میں گزرتا ہے۔ اسی طرح ایک شرک فی العقیدہ کا معاملہ ہے اور دوسرا شرک فی العمل ہے۔ ان دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ اسی طرح کا معاملہ نفاق کا بھی ہے۔ ایک نفاق قلبی ہے اور دوسرا نفاق عملی یا فعلی ہے۔ یعنی ایک شخص جھوٹ بولتا ہے تو اس میں، ایک طرح کا نفاق موجود ہے لیکن آپ عقیدے کا نفاق نہیں کہہ سکتے۔ اسی طرح ناموس رسالت کی توہین کا معاملہ ہے۔ ایک توہین رسالت ظاہری اور قانونی ہے اور ایک حقیقی اور عملی ہے، اگرچہ اس میں نیت شامل نہیں ہوتی۔ چنانچہ حضور ﷺ کی سب سے بڑی توہین یہ ہے کہ آپ ﷺ کے احکام سے سرتابی کی جائے۔ آپ ﷺ کی نافرمانی بھی آپ ﷺ کی

توہین ہی کے مترادف ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے فرمان کو پس پشت ڈال کر من مانی کرنا اللّٰہ تعالیٰ اور حضور اکرم ﷺ پر ایمان کے منافی ہے۔ لیکن اس کے باوجود قانونی اعتبار سے فرق و امتیاز اپنی جگہ موجود رہے گا۔ ایک معاملہ قابل دست اندازی پولیس جرم کا ہے، جب کہ بعض اخلاقی جرائم ہوتے تو بہت بڑے ہیں مگر یہ قانون کی زد میں نہیں آتے، جیسے غیبت

ماہنامہ مسیحائی کراچی لیکن کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ ایسا شخص جو قسم کھا کر ارشاد فرمایا کہ اللہ کی قسم ! وہ تا کہ کون اسے اللہ کے رسول ﷺ؟ آپ ے چین میں نہیں ہے۔ پڑوسی کے ساتھ اتی ہے، کج خلقی ہے۔ لیکن اس شخص کے وقعہ قسم کھائی۔ تو کیا ایسا شخص کافر ہے؟ نے اپنی کتاب الفقہ الاکبر میں بڑی عمدگی کبیرہ کا مرتکب کافر نہیں ہوتا۔ البتہ دین جیسے نماز کا انکار کرنے سے انسان کافر حقیقی کا مرتکب قانوناً مرتد نہیں ہوتا۔ حلقے میں ایک قول مشہور ہے جس سے یکدم غافل سودم کافر۔ گویا کفر حقیقی کی یں گزرتا ہے، گویا ایک طرح کے کفر کی عقیدہ کا معاملہ ہے اور دوسرا شرک فی ۔ اسی طرح کا معاملہ نفاق کا بھی ہے۔ تا ایک شخص جھوٹ بولتا ہے تو اس میں، منافق نہیں کہہ سکتے ۔ اسی طرح ناموس مت ظاہری اور قانونی ہے اور ایک حقیقی توہین حضور ﷺ کی سب سے بڑی توہین آپ ﷺ کی نافرمانی بھی آپ ﷺ کی کو پس پشت ڈال کر من مانی کرنا اللہ اس کے باوجود قانونی اعتبار سے فرق ن اندازی پولیس جرم کا ہے، جب کہ ان کی زد میں نہیں آتے ، جیسے غیبت

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 73 ماہنامہ مسیحائی کراچی کا گناہ ہے۔ اخلاقی سطح پر جرم اور قانونی سطح پر جرم کے مابین فرق تو رہے گا۔ چنانچہ توہین رسالت ﷺ کا قانونی اطلاق صرف کسی ایسے قول، فعل یا ظاہر و باہر عمل پر ہوگا، جس سے حضور اکرم ﷺ کی توہین کا پہلو نکلتا ہو اور اس امر کے شواہد بھی موجود ہوں کہ ایسا بدنیتی سے کیا گیا ہے۔ غیر شعوری طور پر توہین رسالت ﷺ کا ارتکاب قابل معافی ہے، جو توبہ کرنے سے معاف ہو جائے گا۔ لیکن اگر شواہد سے یہ ثابت ہو جائے کہ کسی شخص کی طرف سے جان بوجھ کر اور شعوری طور پر اس کی تحریر و تقریر یا فعل کے ذریعہ توہین رسالت کا ارتکاب کیا گیا ہے تو ایسے شخص پر توہین رسالت ﷺ کے قانون کا یقیناً اطلاق ہوگا۔

جہاں تک حقیقی توہین رسالت کا تعلق ہے، پوری اُمت مسلمہ اسلامی نظام نافذ نہ کر کے توہین رسالت کے جرم کا ارتکاب کر رہی ہے۔ دنیا کا کون سا ایسا ملک ہے جس میں نظام مصطفیٰ ﷺ قائم ہے؟ اگرچہ سعودی عرب، ایران اور افغانستان میں چند اسلامی قوانین نافذ ہیں مگر اسلام کے نظام حیات کو کسی ایک ملک میں بھی نافذ نہ کرنا گویا حضور اکرم ﷺ کی توہین کے ارتکاب کے مترادف ہے۔ مزید اُمت کی عظیم اکثریت انفرادی سطح پر بھی اس جرم کی مرتکب ہو رہی ہے۔ البتہ کچھ لوگ ایسے ضرور موجود ہیں، جنہوں نے دین کو اپنے سینے سے لگا رکھا ہے اور حضور اکرم ﷺ کی سنتوں پر عمل پیرا ہیں۔

ذرا غور فرمائیے وہ مسلمان جو شیو بناتا ہے، وہ محمد رسول اللہ ﷺ کے ایک واضح حکم کی توہین کر رہا ہے۔ اس نے محض زمانے کے ایک فیشن یا طور چلن کی وجہ سے حضور ﷺ کے حکم اور عمل دونوں کو پس پشت ڈال رکھا ہے۔ داڑھی رکھنا تو تمام انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے۔ خود حضور ﷺ کا واضح حکم ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھیں پست کرو۔ داڑھی رکھنا سنت مؤکدہ ہے، جس کو ترک کرنا یقیناً آپ ﷺ کے حکم کی توہین ہے۔ لیکن یہ توہین عموماً شعور اور ارادہ کے ساتھ نہیں ہوتی۔ لہٰذا اسے عمل کی کوتاہی کا نام ہی دیا جاسکتا ہے۔

پاکستان میں توہین رسالت کے مرتکب لوگوں کو سزا دینے کے لیے قانون سازی کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے قانون تحفظ ناموس رسالت ﷺ کی منظوری کا باقاعدہ

مطالبہ ۱۹۸۳ء میں ہوا۔ لاہور میں مشتاق راج نامی وکیل نے انگریزی زبان میں Heavenly Communism نامی کتاب لکھی جس میں اس نے اللہ تعالیٰ، حضور ﷺ اور اسلامی شعائر کا مذاق اڑایا۔ اس کتاب پر پورے ملک میں زبردست احتجاج کیا گیا تو مجبوراً حکومت نے نقص امن کے خطرے کی وجہ سے اس وکیل کو دفعہ 295 (a) کے تحت گرفتار کر لیا۔ ۱۹۸۴ء میں وفاقی شرعی عدالت میں جناب اسماعیل قریشی ایڈووکیٹ کی طرف سے شریعت پٹیشن دائر کی گئی جس میں کہا گیا کہ توہین رسالت ﷺ کو قابل گرفت جرم قرار دیا جائے اور اس کی سزا موت مقرر کی جائے۔ اس اہم مسئلے پر پورے ملک میں بحث و تمحیص شروع ہوگئی۔ اسی دوران انسانی حقوق کے حوالے سے شہرت حاصل کرنے والی ایڈووکیٹ مسماۃ عاصمہ جیلانی نے اپنی تقریر میں حضور ﷺ کے لیے نامناسب الفاظ استعمال کیے۔ اس خاتون نے "اُمّی" کے لیے ناخواندہ کا لفظ استعمال کیا جو یقیناً توہین آمیز ہے۔ ایک اور خاتون آپا نثار فاطمہ جو دین کی پرجوش مبلغہ اور اس وقت ایم این اے تھیں (محترمہ مولانا امین احسن اصلاحی مرحوم کی خواہر نسبتی بھی تھیں) انہوں نے ۱۹۸۷ء میں قومی اسمبلی میں باقاعدہ ایک بل (C) ۲۹۵ کے نام سے پیش کیا۔ اس بل کو قومی اسمبلی نے باقاعدہ بحث کے بعد منظور کرلیا۔ اس قانون کے مطابق توہین رسالت ﷺ کا قانون لاگو ہوگیا، جس کے خلاف بین الاقوامی سطح پر احتجاج کیا جارہا ہے۔ سابق امریکی صدر بل کلنٹن اور پوپ پال تک کو اس قانون سے پریشانی لاحق ہے۔ تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے قانون کی منظوری جناب اسماعیل قریشی ایڈووکیٹ کا اصل کارنامہ ہے۔

اسی طرح کا معاملہ قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے کا ہے۔ ۱۹۷۴ء میں اٹھنے والی ختم نبوت کی تحریک کے نتیجے میں اس وقت کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اس قادیانی مسئلے کو نہایت عمدہ طریقے سے قومی اسمبلی کے ذریعے حل کرایا۔ اگرچہ اس سے قبل مختلف عدالتی کیسوں میں

قادیانیوں کے خلاف کفر کے فیصلے ہوچکے تھے مگر اس معاملہ کو قانونی حیثیت قومی اسمبلی کے فیصلے کے ذریعے حاصل ہوئی۔ اسی طرح تحفظ ناموس رسالت ﷺ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 75 ماہنامہ مسیحائی کراچی کا قانون وفاقی شرعی عدالت کی ہدایت پر قومی اسمبلی کے ذریعے نافذ العمل ہوا ہے۔ قانون تحفظ ناموس رسالت ﷺ کی حکمت کیا ہے اور یہ دنیا کی سمجھ میں کیوں نہیں آ رہا؟ اسے واضح کرنا ضروری ہے۔ بڑا اہم سوال ہے کہ پوری دنیا آخر اس قانون کو سمجھنے سے کیوں قاصر ہے؟ اسی طرح اسلام کا ایک قانون قتل مرتد کا ہے جو موجودہ دنیا کے حلق سے نیچے نہیں اترتا؟ دنیا میں سب سے مقبول عام تصورات میں سے ایک تصور آزادی کا ہے۔ یعنی ہر شخص کو آزادی حاصل ہونی چاہئے کہ وہ جو چاہے عقیدہ رکھے اور جب چاہے اپنے مذہب کو بدل لے، جب کہ اسلامی ریاست میں اسلام کو چھوڑ کر کوئی اور مذہب اختیار کرنے والے مرتد کی سزا قتل مقرر ہے۔ اسی طرح اظہار رائے کی آزادی کا معاملہ بھی ہے۔ ایک شخص اپنے مطالعہ اور غور و فکر سے جو بھی رائے پیش کرنا چاہے، اسے اس کی آزادی ہونی چاہئے۔ وہ اگر رشدی کی طرح پیغمبر ﷺ کی زندگی پر کیچڑ اچھالنا چاہے تو اسے اس کا بھی حق حاصل ہے۔ آج کی دنیا میں رائج ان نظریات کا اصل سبب کیا ہے؟

اسے جاننا ضروری ہے۔ دنیا میں یہ مقبول عام تصورات یہودیوں کی طویل جدوجہد کا نتیجہ ہیں۔ سیکولرزم کا نظریہ یہ ہے کہ دین اور ریاست دو الگ چیزیں ہیں۔ ریاست کا کوئی تعلق کسی بھی مذہب سے نہیں ہوگا۔ اگرچہ دنیا کی ہر ریاست کا ایک سرکاری مذہب تو ہوتا ہے مثلاً آج بھی سیکولرزم کا سب سے بڑا علمبردار امریکہ ہے، لیکن عیسائیت امریکہ کا سرکاری مذہب ہے۔ امریکہ میں ساری تعطیلات عیسائی مذہب کے حوالے سے ہی ہوتی ہیں، اگرچہ وہاں بھی قانون سازی کی سطح پر انجیل یا تورات کے کسی حکم سے ریاست امریکہ کو کوئی بحث و سروکار نہیں۔ سیکولرزم کے نظریات پر مبنی نظام گزشتہ دو سو برس سے دنیا میں رائج ہے، یہ خود بخود نافذ نہیں ہوا۔ خدا، رام اور GOD کو عبادت گاہوں تک محدود کر کے اور اسے ایوانِ حکومت اور ایوانِ عدالت سے دیس نکالا دے کر No Admission کا بورڈ لگا دیا گیا ہے۔ ملکی قانون کو قانون ساز اسمبلی کے

ممبران کی اکثریت سے منظور کرالیا جاتا ہے اور عدلیہ بھی کسی آسمانی وحی کی قطعاً پابند نہیں ہوتی۔ گویا سیکولرزم کے تحت انسانی زندگی میں مذہب کی حیثیت محض ایک ضمیمے کی رہ گئی ہے، جبکہ انسان کی اجتماعی زندگی کا اصل نظام رائج الوقت سیکولر نظام کے تحت چل رہا ہے اور

سیاسی، معاشی اور معاشرتی نظام، دیوانی اور فوجداری قانون سب سیکولرازم کے تابع ہیں۔ گویا دنیا کا 99 فیصد نظام لادینیت پر چل رہا ہے۔ اجتماعی زندگی سے تمام مذاہب کے عمل دخل کو یکسر اور کلی طور پر ختم کردیا گیا ہے اور انہیں انفرادی زندگی تک محدود کردیا گیا ہے۔ اس صورتحال میں اگر مذہب کے چھوٹے سے دائرے اور گوشے میں تبدیلی بھی واقع ہوجائے تو آخر کون سا بڑا فرق واقع ہوجائے گا؟ کوئی شخص پہلے ہندو یا عیسائی تھا اور اب مسلمان ہوگیا تو اس سے ملک کے نظام میں تو کوئی فرق واقع نہیں ہوتا۔ لہٰذا سیکولرازم کے تحت مذہب تبدیل کرنے کی آزادی بھی دی جاتی ہے اور بانیان مذہب کی ذات پر ہر قسم کی ہرزہ سرائی کی بھی اجازت ہوتی ہے۔ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو Son Of God قرار دیتے ہیں جبکہ یہودی انہیں Son Of Man قرار دیتے ہیں۔ گویا ہر ایک کو اظہار رائے کی آزادی حاصل ہے۔ یہ سب کچھ یہودی سازش کی کرشمہ سازی ہے۔ یہودی بہت چھوٹی سی قوم ہے، پوری دنیا میں یہود کی تعداد ۱۳ یا ۱۴ ملین سے کسی طرح بھی زائد نہیں ہے۔ جن میں سے ۳۵ لاکھ یہودی اسرائیل میں آباد ہیں۔ اتنی ہی تعداد میں یہودی امریکہ میں آباد ہیں، جبکہ باقی پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود وہ پوری دنیا کا کنٹرول حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اگر سیاست کا رشتہ مذہب سے برقرار رہے۔ تو یہود کو اپنے پیش نظر مقاصد میں کبھی کامیابی حاصل نہیں ہوسکتی۔ اس صورت میں نہایت قلیل اقلیت کیا کرسکتی ہے؟ لہٰذا یہود نے سیاست اور مذہب کے باہمی رشتے کو منقطع کردیا، ۱۷۷۶ء میں جو آرڈر آف ایلومیناٹی تشکیل دیا گیا تھا، اس کا Insignia آج بھی ایک ڈالر نوٹ پر موجود ہے۔ یہود نے سیکولرزم کو دنیا میں بڑی طویل محنت کے بعد رائج کیا ہے۔ یہودی مذہب غیر تبلیغی مذہب ہے، وہ کسی دوسرے مذہب کے پیروکار کو یہودی بناتے ہی نہیں کیونکہ یہودیت نسل پر مبنی ہے۔ اس لیے ان کے لیے ضروری تھا کہ وہ عیسائیت میں تفریق پیدا کردیں۔ چنانچہ یہود نے عیسائیوں کو پروٹسٹنٹ اور

کیتھولک میں تقسیم کردیا۔ اس تقسیم سے پہلے عیسائیوں کے عہد اقتدار میں سود کی مکمل ممانعت تھی لیکن پروٹسٹنٹ کے ذریعے یہودیوں نے سود کو جائز کروالیا۔ اس سودی نظام کی وجہ سے آج جس طرح پوری دنیا کی معیشت عالمی مالیاتی

اداروں کی گرفت میں ہے۔ اسی طرح ڈیڑھ صدی قبل یورپی ممالک کی معیشت پر یہودی گرفت مسلط ہوچکی تھی۔ علامہ اقبال نے اپنے سفر یورپ میں اسی صورتحال کا مشاہدہ کرنے کے بعد کہا تھا کہ ”فرنگ کی رگ جاں پنجۂ یہود میں ہے“۔ سیکولرزم کا نظریہ مذہب اور سیاست کی جدائی کا نام ہے۔

دیگر مذاہب کے برعکس اسلام صرف ایک مذہب نہیں بلکہ مکمل دین اور نظام زندگی ہے۔ لہٰذا کوئی بھی ایسی شے جو اس نظام کو نقصان پہنچاتی ہو، اس کا سدباب ضروری ہے۔ ارتداد کا مسئلہ کیا ہے؟ حضور اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کے دوران مدینے کے یہود نے جب دیکھا کہ جو شخص ایک دفعہ حلقہ بگوش اسلام ہوجاتا ہے، پھر اس سے علیحدہ ہی نہیں ہوتا تو انہوں نے سوچا کوئی ایسی چال چلنی چاہئے جس سے اسلام کی دھاک اور ساکھ مجروح ہوجائے۔ چنانچہ بعض یہودی صبح اسلام لاتے اور شام کو مرتد ہوجاتے تاکہ لوگوں کو اسلام سے متنفر کیا جاسکے۔ اسلام اگر محض ایک مذہب ہوتا تو مسلمانوں کے لیے ترک اسلام کے راستے کو کھلا رکھنے سے کوئی فرق واقع نہ ہوتا، لیکن اسلام تو درحقیقت ایک مکمل ریاستی نظام بھی ہے، لہٰذا ارتداد کا فتنہ اسلامی ریاست کی جڑیں کھوکھلی کرنے کے لیے نہایت مؤثر ہتھیار ثابت ہوتا۔ چنانچہ اس فتنے کا سدباب کرنے کے لیے جو اپنا دین تبدیل کرے اسے قتل کر دو، کا حکم جاری کردیا گیا۔ پس اسلامی ریاست کی حدود میں کوئی مسلمان اگر مرتد ہوجاتا ہے تو وہ واجب القتل ہے۔ قتل مرتد کی سزا ان لوگوں کی سمجھ میں کیسے آئے جو مذہب اور ریاست کو جدا سمجھتے ہیں، جبکہ اسلامی ریاست کی بنیاد ہی مذہب ہے۔ لہٰذا مذہب سے بغاوت درحقیقت اسلامی ریاست سے بغاوت کے مترادف ہے۔ اسلامی ریاست ایک نظریاتی ریاست ہے۔ اگر ریاست کے نظریہ ہی کو کمزور کردیا جائے تو پھر خود ریاست ہی کی بنیاد ختم ہوجاتی ہے۔ اسلام کا نظام حیات، اس کا سارا قانونی ڈھانچہ رسالت

ونبوت محمدی ﷺ پر استوار ہے۔ ایک شخص بہت پکا موحد بھی ہو اور اس کے اخلاق بھی اچھے ہوں، لیکن اگر وہ آپ ﷺ کی رسالت ونبوت کو تسلیم نہیں کرتا تو وہ عقیدۂ توحید کے باوجود غیرمسلم قرار پائے گا۔ کوئی شخص کتنا ہی متقی، عابد، زاہد اور پرہیزگار کیوں نہ ہو

بقیہ

جب تک رسالت محمدی ﷺ کا قلادہ اس کی گردن میں نہیں ہوگا، وہ ہرگز مومن نہیں ہو سکتا۔ دین تو نام ہی محمد ﷺ کا ہے۔ شریعت کا سارا وجود ہی آپ ﷺ کی نبوت و رسالت کی بنیاد پر قائم ہے۔ اسلام کا پورا نظام محمد ﷺ کی شخصیت کے گرد گھومتا ہے۔ اگر اس تعلق کو مجروح کر دیا جائے تو گویا اسلام کی پوری عمارت زمیں بوس ہو جاتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ایک بندۂ مومن کے رشتے اور تعلق کے بارے میں فرمایا گیا کہ ان پر ایمان لاؤ، ان کی اطاعت کلی کرو اور تمام انسانوں سے بڑھ کر انہیں محبوب سمجھو۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ

ایک ہے محبت جس کا تعلق دل سے ہے جب کہ اطاعت کا تعلق عمل سے ہے جو نظر آتا ہے۔ ایک اور ضروری شے نبی اکرم ﷺ کا ادب و احترام ہے جسے قرآن مجید میں مختلف مقامات پر مختلف اسالیب میں بیان کیا گیا ہے۔

اسلامی ریاست یا اسلامی معاشرے کی دو بنیادیں ہیں، ایک قانونی اور دوسری جذباتی۔ قانونی بنیاد کا تقاضا تو یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام سے سرتابی نہ کی جائے، ان سے تجاوز نہ کیا جائے۔ مسلمان فرد ہو یا ریاست دونوں قرآن و سنت کے دائرے کے اندر اندر آزاد ہیں، لیکن ان حدود سے تجاوز کی اجازت نہیں ہے۔ جبکہ حضور اکرم ﷺ کا ادب و احترام اسلام کے نظام معاشرت اور اسلامی تہذیب میں یک رنگی اور تسلسل کا ضامن ہے۔ اسلامی معاشرے کے استحکام کے لیے ایک ستون اگر دستوری و قانونی ہے دوسرا ستون حضور ﷺ کا ادب و احترام ہے آپ ﷺ کی اتباع کا جذبہ کمزور پڑ جائے تو اسلامی تہذیب کی بنیاد ختم ہو کر رہ جائے گی۔ اکبر کے وضع کردہ دین الٰہی کے اندر بھی یہی فتنہ مضمر تھا۔ اس وقت یہ نظریہ پیش کیا گیا تھا کہ دین کی اصل توحید ہی ہے، رسالت وغیرہ کی چنداں اہمیت نہیں ہے۔ چنانچہ اس سے امت محمد ﷺ کا تشخص ختم ہو رہا تھا۔ اس فتنے کی سرکوبی کے لیے مجدد الف ثانی کھڑے ہوئے۔

شیخ احمد سرہندی حضرت مجدد الف ثانی کے مکاتیب میں اتباع سنت پر جس قدر زور دیا گیا ہے، اس کا عام آدمی تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اگر توہین رسالت ﷺ کا قانون موجود نہ ہو تو

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی اسلام اور پاکستان کے دشمنوں کو موقع مل جائے گا کہ وہ ہماری معاشرتی اور ملی زندگی کے جذباتی مرکز و محور کو منہدم کر دیں۔ اس سے مسلمانوں کی جمعیت کا شیرازہ بکھر کر رہ جائے گا۔ غیر مسلم قرار دیئے جانے کے باوجود قادیانی فتنے کا پوری طرح سدباب نہیں ہوسکا ہے اور یہ فتنہ اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ خفیہ طور پر اب بھی پاکستان میں مسلمانوں کو قادیانی بنایا جارہا ہے۔ پوری دنیا میں قادیانی اُمت کا بول بالا ہے۔ قادیانی جماعت کے سربراہ کے خطبات سیٹلائیٹ پر نشر ہورہے ہیں۔ یہ سب کچھ اس لیے ہو رہا ہے کہ ہم پاکستان میں Half Way تو چلے گئے کہ ہم نے انہیں غیر مسلم قرار دے دیا مگر اس فتنے کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے قتل مرتد کی سزا نافذ نہیں کی۔ قتل مرتد کے قانون کے نفاذ کے بعد جو مسلمان قادیانی ہوگا تو وہ مرتد شمار کیا جائے اور مرتد کی سزا قتل ہے۔ جب تک کہ قتل مرتد کی سزا کا نفاذ نہیں کیا جاتا، اس وقت تک قادیانی فتنے کا سدباب نہیں ہو سکتا۔ غیر مسلم قرار دیئے جانے کے بعد قادیانی ٹولے نے مظلومیت کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے اور پوری دنیا میں انسانی حقوق کے حوالے سے انہوں نے اپنے لیے ہمدردی حاصل کر رکھی ہے کہ پاکستان میں ہمیں مسلم تسلیم نہیں کیا جاتا، ہمیں کلمہ پڑھنے سے روکا جاتا ہے، ہمیں مساجد کی تعمیر کی اجازت نہیں ہے۔ میں نے کئی مواقع پر مجلس عمل ختم نبوت کے ذمہ دار حضرات سے بھی کہا ہے کہ جب تک آپ قتل مرتد کا قانون منظور کروانے کے لیے مورچہ بند نہیں ہوں گے، اُس وقت تک قادیانی فتنے کو روکنا ناممکن ہے۔ جناب اسماعیل قریشی پوری ملت اسلامیہ کی طرف سے مبارکباد کے مستحق ہیں کہ ان کی کوششوں سے ملکی قانون میں توہین رسالت ﷺ کے جرم کے لیے سزائے موت نافذ کروادی۔ تو کیا توہین رسالت ﷺ کے قانون کی طرح پاکستان میں قتل مرتد کی سزا نافذ نہیں ہوسکتی؟ غالباً مجلس عمل ختم نبوت بھی عالمی فضا اور رجحان کے زیر اثر قتل مرتد کی سزا کے نفاذ کا مطالبہ کرنے کی جرأت نہیں کر رہی؟ پاکستان میں قانون تحفظ رسالت ﷺ کی جو مخالفت

ہورہی ہے وہ بظاہر عیسائی کر رہے ہیں، مگر درحقیقت اس کے پس پردہ قادیانی لابی سرگرم عمل ہے۔
عالمی سطح پر بھی قادیانی متحرک ہیں۔ قادیانی عیسائیت کے

آلہ کار بن چکے ہیں اور عیسائیت یہود کی آلہ کار ہے۔ گویا توہین رسالت ﷺ کے قانون کی مخالفت اصل میں یہودی سازش ہے۔

قادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں کہتے ہیں کہ آنجناب نے کشمیر میں آکر وفات پائی ہے اور کشمیر میں ان کی قبر بھی موجود ہے۔ گویا قادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کے نہ تو رفع سماوی کے قائل ہیں اور نہ ان کی دوبارہ آمد کے۔ مرزا غلام احمد قادیانی اس بات کا مدعی تھا کہ خود میں مثیل مسیح ہوں۔ مرزا قادیانی کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ نہیں آئیں گے، بلکہ ان کی سی صفات رکھنے والا شخص آئے گا اور وہ میں ہی ہوں۔

اس حوالے سے دیکھئے کہ عقائد کے ضمن میں قادیانیوں کا عیسائیوں سے کس قدر بُعد ہے جبکہ اس حوالے سے مسلمانوں کا عیسائیوں سے بہت زیادہ قرب ہے۔ اگر اس کے باوجود وہ قادیانیوں کے آلہ کار بنیں تو یہ بہت افسوسناک بات ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

# حرمت رسول کریم ﷺ اور افراد اُمت

اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات وصفات کا صحیح طریقہ زندگی کی تعلیم و ہدایت کے لیے جو جس پر چل کر انسان اللہ تعالیٰ کی رضا اور العزت نے نبوت ورسالت کا سلسلہ بھی قائم کی ضرورت اور تقاضے کے مطابق نبی اور برگزیدہ بندے تھے اور اپنے اپنے وقت میں اللہ تعالیٰ کی سچی تعلیم تھی۔ الغرض قرآن مجید ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سب پیغمبروں پر خواہ وہ کسی تفریق ایمان لایا جائے ، سب کی سچائی اور پیغمبر ہونے کی حیثیت سے اپنے دور اور اپنے الاطاعت مانا جائے۔ اسی کے ساتھ قرآن ہو

چکا ، اب دنیا کے اس دور کے لیے اللہ کے جو ہدایت و تعلیم لے کر آپ ﷺ تشریف ساری تعلیمات پر حاوی ہے جو عارضی اور مستند اور قابل اعتماد مجموعہ اب آپ ہی کی تعلیم لیے آپ ﷺ کا اتباع اللہ تعالیٰ کے سارے

ماہنامہ مسیحائی کراچی 81 حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

# محبت رسول کریم اور افراد اشیاء کی آپﷺ سے نسبت کی عظمت

مولانا اعجاز احمد خان سکھراروی

اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات و صفات کا صحیح علم عام انسانوں تک پہنچانے کے لیے اور اس طریقۂ زندگی کی تعلیم و ہدایت کے لیے جو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لیے مقرر کیا ہے اور جس پر چل کر انسان اللہ تعالیٰ کی رضا اور حقیقی نجات و فلاح حاصل کر سکتا ہے۔ اس رب العزت نے نبوت و رسالت کا سلسلہ بھی قائم فرمایا اور ہر زمانہ اور دور دنیا کے ہر خطے میں اس کی ضرورت اور تقاضے کے مطابق نبی اور رسول بھیجے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے پیارے اور برگزیدہ بندے تھے اور اپنے اپنے وقت میں جو ہدایت و تعلیم انہوں نے دنیا کو دی وہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی سچی تعلیم تھی۔ الغرض قرآن مجید پورے زور اور اصرار کے ساتھ اس کی دعوت دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سب پیغمبروں پر خواہ وہ کسی زمانہ، کسی ملک اور کسی قوم میں آئے ہوں بلا تفریق ایمان لایا جائے، سب کی سچائی اور پاکبازی کی شہادت دی جائے اور اللہ تعالیٰ کا پیغمبر ہونے کی حیثیت سے اپنے دور اور اپنے اپنے دائرہ اور حلقہ میں سب کو واجب الاطاعت مانا جائے۔ اسی کے ساتھ قرآن مجید یہ بھی بتلاتا ہے کہ پہلے پیغمبروں کا دور ختم ہو چکا، اب دنیا کے اس دور کے لیے اللہ کے نبی و رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔

جو ہدایت و تعلیم لے کر آپ ﷺ تشریف لائے ہیں، وہ اگلے نبیوں اور رسولوں کی ان ساری تعلیمات پر حاوی ہے جو عارضی اور وقتی تھیں۔ بلکہ پچھلے پیغمبروں کی محکم تعلیمات کا مستند اور قابل

اعتماد مجموعہ اب آپ ہی کی تعلیم اور آپ ہی کی لائی ہوئی کتاب مبین ہے، اس لیے آپ ﷺ کا اتباع اللہ تعالیٰ کے سارے پیغمبروں کا اتباع ہے اور آپ کا انکار سارے

نبیوں، رسولوں کا انکار ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول اکرم ﷺ جو جامع ہدایت وتعلیم لے کر آئے ہیں وہ تعلیم ایسی کامل ومکمل ہے کہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اب یہی کافی وافی ہے اور ہر قسم کی تحریف وملاوٹ کے اندیشے سے اس کی حفاظت کی ذمہ داری بھی اللہ رب العزت نے خود ہی سنبھال لی ہے۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ

(سورۃ الحجر آیت:9)

”ہم نے آپ پر اُتاری ہے یہ نصیحت اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔“

اور اسی لیے نبوت کے اس سلسلے کو جو ابتداء دنیا سے چلا آرہا تھا، اب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات پر ختم کر دیا اور یہ نبی عربی (ﷺ) نبی کامل ہونے کے ساتھ ساتھ آخری نبی ہیں اب دنیا میں آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔

چنانچہ سورۃ احزاب میں اعلان فرمایا گیا کہ سلسلۂ نبوت آپ ﷺ پر ختم کر دیا گیا۔ اب آپ کے بعد کوئی نبی نہیں بھیجا جائے گا۔ الغرض بعثت محمدی ﷺ کے بعد اس دنیا میں پیدا ہونے والے سارے انسانوں کے لیے اب آپ ﷺ ہی کی ہدایت وتعلیم حکم نامۂ اللہ ہے۔

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا

(سورۃ احزاب آیت نمبر 40)

”محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے خاتم بھی ہیں (اب ان کے بعد کوئی نبی دنیا میں نہیں بھیجا جائے گا) اور اللہ سب چیزوں کا پورا علم رکھتا ہے۔“

قرآن مجید میں فرمایا گیا کہ نبی ورسول کی اطاعت دراصل اللہ تعالیٰ ہی کی اطاعت ہے، کیوں کہ انبیاء ورسل جو احکام دیتے ہیں وہ اُن کے اپنے احکام نہیں ہوتے بلکہ اللہ کے احکام ہوتے ہیں جن کو وہ حضرات اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے بندوں کو پہنچاتے ہیں۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ج

(سورۃ النساء آیت:80)

جس نے (اللہ تعالیٰ کے) رسول ﷺ کی فرمانبرداری کی اس نے دراصل اللہ تعالیٰ کی

فرمانبرداری کی۔''

اور جس طرح رسول اللہ ﷺ کی اطاعت، اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے اسی طرح رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی اور مخالفت دراصل اللہ کی نافرمانی اور اس کے خلاف بغاوت ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

(سورۂ انفال آیت: 13)

''اور جس نے مخالفت کی اللہ کی اور اس کے رسول کی، تو معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے۔

جو لوگ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی بات نہیں مانیں گے اور ان پر ایمان نہیں لائیں گے ان کو آخرت میں سخت سزا دی جائے گی۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا O

(سورۂ کہف آیت: 29)

''اور اے رسول (ﷺ)! آپ کہہ دیجیے کہ یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے، پس جس کا جی چاہے مانے اور ایمان لائے اور جس کا جی چاہے نہ مانے اور کفر و انکار پر ہی جما رہے، یقین رکھو ہم نے ایسے ظالموں کے لیے دوزخ کی آگ تیار کر رکھی ہے اس کی قناتیں انہیں گھیرے ہوئے ہیں اور جب وہ اس میں پڑ کر پیاس کی فریاد کریں گے تو اس کے جواب میں ان کو پانی دیا جائے گا (جو

اپنی بدصورتی اور گھناؤنے پن میں) تیل کی گاد جیسا (ہوگا اور ایسا جلتا کھولتا ہوگا) کہ بھون ڈالے گا چہروں کو، کیا ہی بُرا پانی ہوگا اور بڑی بُری "آرام گاہ" ہے دوزخ۔"

کفار و مشرکین نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نافرمانی کی وجہ سے ہمیشہ کے لیے جہنم کے عذاب میں گرفتار رہیں گے۔ چنانچہ سورۂ زخرف میں فرمایا گیا:

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُوْنَ O لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ

مُبْلِسُوْنَ O وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ O (سورة الزخرف

آیت: 74 تا 75)

"یقین رکھو کہ مجرمین (جنھوں نے کفر یا شرک کا جرم کیا) ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے، ان کا عذاب ہلکا بھی نہیں کیا جائے گا، اور وہ اسی میں مایوس پڑے رہیں گے اور یہ ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن یہ خود ہی ظالم ہیں (اور یہ ان کی ظالمانہ اور مجرمانہ حرکتوں کی سزا ہے)

جس طرح کفار و مشرکین ایمان قبول نہ کرنے کی پاداش میں آخرت کی سخت اور اذیت ناک سزا بھگتیں گے اسی طرح وہ کفار و مشرکین دنیا اور آخرت دونوں جگہ عبرت ناک انجام سے دوچار ہوں گے جنھوں نے رسول اکرم ﷺ کی عزت و حرمت کو پامال کیا، رسول اللہ ﷺ کو تکالیف پہنچائیں، آپ کا مذاق اڑایا، آپ ﷺ پر پتھراؤ کر کے آپ ﷺ کو لہولہان کیا، آپ ﷺ پر سب وشتم کیا اور آپ کو ذہنی اور جسمانی اذیتیں پہنچائیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان نامی گرامی، مالدار، طاقت ور، صاحب حیثیت وعزت لوگوں کو دنیا میں عبرت ناک سزا دی اور ذلت کی موت مارا، اس سلسلے میں اس دنیاوی عذاب ذلت سے ان کو نہ ان کے مال و دولت نے بچایا، نہ ان کی اولاد کام آئی اور نہ ان کی سرداری اور ناموری آڑے آئی۔ یہ تو دنیا کی سزا تھی اور آخرت کا عذاب تو اس سے بھی سخت ہے۔

رسول اکرم ﷺ کی حرمت کو پامال کرنے والوں میں مندرجہ ذیل کفار و مشرکین سب سے آگے تھے ان میں عمر بن ہشام، ابولہب بن عبدالمطلب، امیہ بن خلف جمحی، عقبہ بن ابی معیط، ولید بن مغیرہ، ابوقیس بن الفاکہ، نضر بن حارث، اسود بن عبد یغوث، عاص بن وائل سہمی، نبیہ و منبہ پسران حجاج۔

## ابوجہل یعنی عمر بن ہشام:

یہ آپ ﷺ کی امت کا فرعون تھا جس نے آپ ﷺ کی دشمنی اور عداوت میں کوئی لمحہ نہیں چھوڑا۔ اس کا اصل نام ابوالحکم تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ابوجہل لقب عطا فرمایا اور وہ آج تک اسی نام سے مشہور ہے۔ ابوجہل کہا کرتا تھا کہ میرا نام عزیز کریم ہے یعنی عزت والا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اور سردار۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ O طَعَامُ الْاَثِيْمِ O كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ O خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْ فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ O ذُقْ اِ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ O (سورة الدخا

"تحقیق تھوہر کا درخت بڑے مجرم کا کھانا ہ اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کو پکڑو۔ پھر گھسیٹتے ہوئ پھر اس کے سر پر گرم پانی چھوڑو اور اس سے کہو کہ یہ وہی ہے جس میں تم دھوکے میں پڑے ہوئ

ابوجہل غزوۂ بدر میں ذلت کے ساتھ دو نوجوا

## ابولہب بن عبدالمطلب:

ابولہب کنیت تھی۔ اصل نام عبدالعزٰی بن عبد حقیقی چچا تھا، لیکن اپنے کفر و شقاوت کی وجہ سے حضو آپ کسی مجمع میں پیغام حق سناتے یہ بدبخت پتھر ل لہولہان ہو جاتے اور زبان سے کہتا کہ:

"لوگو! اس کی بات مت سنو، یہ شخص (معاذ الل کبھی کہتا کہ:

"محمد ہم سے اُن چیزوں کا وعدہ کرتے ہیں ج ہوتی نظر نہیں آتی۔" پھر دونوں ہاتھوں سے خطاب کر کے کہتا:

تَبًّا لَّكُمَا مَا اَرىٰ فِيْكُمَا شَيْئًا مِّمَّا يَقُوْلُ

''تم دونوں ٹوٹ جاؤ کہ میں تمہارے اندر ای

اور سردار۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ O طَعَامُ الْأَثِيْمِ ۚ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ O كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ O خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ إِلَى سَوَاءِ الْجَحِيْمِ O ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ O ذُقْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ O إِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهِ تَمْتَرُوْنَ O

(سورة الدخان آیت : 43 تا 50)

"تحقیق زقوم کا درخت بڑے مجرم کا کھانا ہوگا گرم پانی کی طرح پیٹ میں کھولے گا اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کو پکڑو۔ پھر گھسیٹتے ہوئے ٹھیک بیچ جہنم کے لے کر اس کو ڈال دو پھر اس کے سر پر گرم پانی چھوڑو اور اس سے کہو کہ چکھ اس عذاب کو تو بڑا معزز ومکرم ہے۔ یہ وہی ہے جس میں تم دھوکے میں پڑے ہوئے ہو۔"

ابو جہل غزوہ بدر میں ذلت کے ساتھ دونو جوانوں کے ہاتھوں مارا گیا۔

(۸)

## ابولہب بن عبدالمطلب:

ابولہب کنیت تھی۔ اصل نام عبدالعزّیٰ بن عبدالمطلب تھا۔ رشتہ میں رسول اللہ ﷺ کا حقیقی چچا تھا، لیکن اپنے کفر وشقاوت کی وجہ سے حضور اکرم ﷺ کا شدید ترین دشمن تھا۔ جب آپ کسی مجمع میں پیغامِ حق سناتے یہ بدبخت پتھر پھینکتا حتیٰ کہ آپ ﷺ کے پائے مبارک لہولہان ہوجاتے اور زبان سے کہتا کہ:

"لوگو! اس کی بات مت سنو، یہ شخص (معاذ اللہ ) جھوٹا بے دین ہے۔"

کبھی کہتا کہ:

”محمد ہم سے اُن چیزوں کا وعدہ کرتے ہیں جو مرنے کے بعد ملیں گی ہم کو تو وہ چیزیں ہوتی نظر نہیں آتیں۔“

پھر دونوں ہاتھوں سے خطاب کر کے کہتا:

تَبّاً لَّکُمَا مَا اَرٰی فِیْکُمَا شَیْئاً مِّمَّا یَقُوْلُ مُحَمَّدٌ

”تم دونوں ٹوٹ جاؤ کہ میں تمہارے اندر اس میں سے کوئی چیز نہیں دیکھتا جو محمد بیان

کرتا ہے۔“

ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے ”کوہ صفا“ پر چڑھ کر سب کو پکارا۔ آپ ﷺ کی آواز پر تمام لوگ جمع ہوگئے۔ آپ ﷺ نے نہایت موثر انداز میں اسلام کی دعوت دی۔ وہاں ابولہب بھی موجود تھا۔ بعض روایات میں ہے کہ ہاتھ جھٹک کر کہنے لگا:

تبا لک سائر الیوم الهذا جمعتنا

”یعنی تو برباد ہو جائے کیا ہم کو اسی بات کے لیے جمع کیا تھا۔

بعض سے نقل ہے کہ اس نے ہاتھوں میں پتھر اٹھایا کہ آپ کی طرف پھینکے۔ غرض اس کی شقاوت اور حق سے عداوت انتہا کو پہنچ چکی تھی۔

اس کے باوجود جب اللہ کے عذاب سے ڈرایا جاتا تو کہتا کہ:

”اگر سچ مچ یہ بات ہونے والی ہے تو میرے پاس مال واولاد بہت ہے ان سب کو فدیہ میں دے کر عذاب سے چھوٹ جاؤں گا۔“

اس کی بیوی ام جمیل کو بھی رسول کریم ﷺ سے بہت ضد تھی جو دشمنی کی آگ ابولہب بھڑکاتا یہ عورت (لگائی بجھائی کر کرے) گویا لکڑیاں ڈال کر اس کو اور زیادہ تیز کرتی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے سورۂ ابی لہب میں دونوں کا انجام بتلا کر متنبہ کیا ہے کہ مرد ہو یا عورت، اپنا ہو یا بیگانہ بڑا ہو یا چھوٹا، جو حق کی عداوت پر کمر باندھے گا وہ آخر کار ذلیل اور تباہ و برباد ہو کر رہے گا۔ پیغمبر کی قرابت قریبہ بھی اس کو تباہی سے نہ بچا سکے گی۔

یہ ابولہب کیا ہاتھ جھٹک کر باتیں بناتا اور اپنی قوت بازو پر مغرور ہو کر اللہ کے مقدس اور معصوم رسول ﷺ کی طرف دست درازی کرتا ہے۔ سمجھ لے کہ اب اس کے ہاتھ ٹوٹ چکے۔ اس کی سب کوششیں حق کو دبانے کی برباد ہو چکیں۔ اس کی سرداری ہمیشہ کے لیے مٹ گئی۔ اس کے اعمال اکارت ہوئے۔ اس کا بازو ٹوٹ گیا اور وہ تباہی کے گڑھے میں پہنچ چکا۔

چنانچہ غزوہ بدر کے سات روز بعد اس کے زہریلے قسم کا ایک دانہ نکلا، مرض لگ جانے کے خوف سے سب گھر والوں نے اسے الگ ڈال دیا وہیں مر گیا اور تین روز تک اس کی لاش

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

یونہی پڑی رہی کسی نے نہ اٹھائی۔ جب کردیوائی۔ انہوں نے ایک گڑھا کھود کر دیے۔ یہ تو دنیا کی رسوائی اور بربادی تھی اور آخر کا عذاب بہت بڑا ہے کاش وہ جان ہلاکت سے نہ بچاسکی۔

ابولہب کی بیوی ام جمیل باوجود مالدار لکڑیاں چن کر لاتی اور کانٹے حضور اکرم ﷺ اللہ علیہ وسلم اور آنے جانے والوں کو تکلیف عجیب بات یہ ہے کہ اس بدبخت کی مو رسی گلے میں آپڑی جس سے گلا گھٹ کر مر وہ جس طرح یہاں (دنیا میں) حق کی اپنے شوہر کی مددگار رہی دوزخ میں بھی و زقوم اور ضریع کی (جو جہنم کے خاردار درخ ذریعے سے اپنے شوہر پر عتاب الہی کی آگ

## امیہ بن خلف جمحی:

امیہ آپ ﷺ کو علی الاعلان گالیاں دی مٹکاتا۔ اس پر یہ سورت نازل ہوئی۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ o الَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ o كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِي الْحُ نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ o الَّتِي تَطَّلِعُ عَ فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ o

(محیط: 30)

”بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لیے ج

یونہی پڑی رہی کسی نے نہ اٹھائی۔ جب لاش سڑنے لگی تو اس وقت حبشی مزدوروں سے اٹھوا کر دبائی۔ انہوں نے ایک گڑھا کھود کر اس کو ایک لکڑی سے اندر دھکا دیا اوپر سے پتھر بھر دیے۔ یہ تو دنیا کی رسوائی اور بربادی تھی "ولعذاب الآخرۃ اکبر لو کانوا یعلمون" اور آخر کا عذاب بہت بڑا ہے کاش وہ جان لیتے۔ مال، اولاد، عزت و وجاہت کوئی چیز اس کو ہلاکت سے نہ بچا سکی۔

ابولہب کی بیوی ام جمیل باوجود مالدار ہونے کے سخت بخل اور خست کی بنا پر خود جنگل سے لکڑیاں چن کر لاتی اور کانٹے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ میں ڈال دیتی تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آنے جانے والوں کو تکلیف پہنچے۔

عجیب بات یہ ہے کہ اس بد بخت کی موت بھی اسی طرح واقع ہوئی لکڑیوں کے گٹھے کی رسی گلے میں آ پڑی جس سے گلا گھٹ کر دم نکل گیا۔

وہ جس طرح یہاں (دنیا میں) حق کی دشمنی اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذا رسانی میں اپنے شوہر کی مددگار رہی دوزخ میں بھی اسی ہیئت سے اس کے ہمراہ رہے گی۔ شاید وہاں زقوم اور ضریع کی (جو جہنم کے خاردار درخت ہیں) لکڑیاں اٹھائے پھرے۔ اور ان کے ذریعے سے اپنے شوہر پر عتاب الٰہی کی آگ کو تیز کرتی رہے۔

## امیہ بن خلف جمحی:

امیہ آپ ﷺ کو علی الاعلان گالیاں دیتا اور جب آپ کے پاس سے گزرتا تو آنکھیں مٹکاتا۔ اس پر یہ سورت نازل ہوئی ۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ٥ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ٥ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ اَخْلَدَهٗ ٥ كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ ٥ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ٥ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ٥ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْئِدَةِ ٥ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ٥ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ٥ (همزة: 30)

''بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لیے جو پس پشت عیب نکالے اور روبرو طعن کرے۔

مال جمع کرتا ہو اور بار بار اس کو شمار کرتا ہو کیا اس کو یہ گمان ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گا۔ ہرگز نہیں البتہ ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا اور تجھے معلوم بھی ہے کہ وہ حطمہ کیا چیز ہے۔ وہ حطمہ اللہ کی ایک دہکتی ہوئی آگ ہے جو دلوں پر چڑھ جائے گی تحقیق وہ آگ ان پر بند کر دی جائے گی اور آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں جکڑ دیے جائیں گے۔“

امیہ بن خلف بھی جنگ بدر میں حضرت خبیب یا حضرت بلالؓ کے ہاتھ سے مارا گیا۔

## ابی بن خلف :

ابی بن خلف بھی اپنے بھائی امیہ بن خلف کے قدم بقدم تھا، ایک روز ایک بوسیدہ ہڈی لے کر آپ ﷺ کے پاس آیا اور اس کو ہاتھ میں مل کر اور اس کی خاک کو ہوا میں اڑا کر کہنے لگا:

”کیا اللہ اس کو پھر دوبارہ زندہ کرے گا۔“

آپ ﷺ نے فرمایا ہاں اس کو اور تیری ہڈیوں کو ایسا ہی ہو جانے کے بعد اللہ پھر زندہ کرے گا اور تجھ کو آگ میں ڈالے گا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهُط قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ O قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍط وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ O الَّذِي جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنْتُمْ مِّنْهُ تُوقِدُونَ O أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلَى أَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْط بَلَى وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ O إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَّقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ O فَسُبْحٰنَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ O

(سورہ یٰسٓ آیت: 78 تا 83)

"اور ہمارے لیے ایک مثال پیش کرتا ہے اور اپنی پیدائش کو بھول گیا اور کہنے لگا کہ ان پرانی ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا۔ آپ کہہ دیجیے کہ جس نے ان کو پہلی بار پیدا کیا اور وہ ہر مخلوق کو جاننے والا ہے۔ جس اللہ نے سبز درخت سے آگ پیدا کی پھر تم اس درخت سے آگ سلگاتے ہو۔ کیا جس اللہ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسے لوگوں کو دوبارہ پیدا کر سکے کیوں نہیں وہ تو بڑا خلاق اور علیم ہے۔ اس کی شان تو یہ ہے کہ جس چیز کے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کو کہتا ہے ہو جا کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور تم سب ا

ابی بن خلف جنگ احد میں رسول اللہ ﷺ

## عقبہ ابن ابی معیط :

یہ عقبہ بن ابی معیط ، ابی بن خلف کا گہرا دوست آکر کچھ دیر بیٹھا اور آپ ﷺ کا کلام سنا۔ ابی ب اور کہا مجھ کو یہ خبر ملی ہے کہ تو محمد کے پاس جا کر بی محمد کے منہ پر جا کر نہ تھوک آئے اس وقت تک حرام ہے۔ چنانچہ بد نصیب عقبہ اٹھا اور جا کر چہرہ

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَى يَدَيْهِ يَقُولُ O يٰوَيْلَتَى لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا O نِي وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنْسَانِ خَذُولًا اتَّخَذُوا هَذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا O وَكَ الْمُجْرِمِينَط وَكَفَى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَ

"اور اس دن کو یاد کرو کہ جس دن حسرت اور ن گا کہ کاش میں رسول کے ساتھ اپنی راہ بناتا اور کاش مجھ کو اللہ کی نصیحت سے گمراہ کیا اور رسول اللہ ﷺ اس قرآن (مجید) کو نظر انداز کر دیا تھا۔ اے ہما اسی طرح مجرمین میں سے دشمن پیدا کیے ہیں اور تیرا

عقبہ بن ابی معیط جنگ بدر میں اسیر ہوا اور مقام

## ولید بن مغیرہ :

ولید بن مغیرہ یہ کہا کرتا تھا کہ بڑے تعجب کی بات

پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کو کہتا ہے ہو جا بس وہ ہو جاتی ہے۔ پس پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ ابی بن خلف جنگ احد میں رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ سے مارا گیا۔ (۱۳)

## عقبہ ابن ابی معیط :

یہ عقبہ بن ابی معیط ، ابی بن خلف کا گہرا دوست تھا۔ ایک روز عقبہ رسول کریم ﷺ کے پاس آکر کچھ دیر بیٹھا اور آپ ﷺ کا کلام سنا۔ ابی بن خلف کو جب خبر ہوئی تو فوراً عقبہ کے پاس آیا اور کہا مجھ کو یہ خبر ملی ہے کہ تو محمد کے پاس جاکر بیٹھا ہے اور ان کا کلام سنا ہے اللہ کی قسم جب تک محمد کے منہ پر جا کر نہ تھوک آئے اس وقت تک تجھ سے بات کرنا اور تیری صورت دیکھنا مجھ پر حرام ہے۔ چنانچہ بدنصیب عقبہ اٹھا اور جا کر چہرۂ انور پر تھوکا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلاً Oيٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلاً Oلَقَدْ اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَاءَ نِىْ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا O وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا O وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا O (سورة الفرقان آیت: 27 تا 31)

"اور اس دن کو یاد کرو کہ جس دن حسرت اور ندامت سے اپنے ہاتھ چبائے گا اور یہ کہے گا کہ کاش میں رسول کے ساتھ اپنی راہ بناتا اور کاش فلانے کو اپنا دوست نہ بناتا اس کمبخت نے مجھ کو اللہ کی نصیحت سے گمراہ کیا اور رسول اللہ ﷺ یہ کہیں گے کہ اے پروردگار میری قوم نے اس قرآن (مجید) کو نظر انداز کر دیا تھا۔ اے ہمارے نبی آپ رنجیدہ نہ ہوں ہر نبی کے لیے اسی طرح مجرمین

میں سے دشمن پیدا کیے ہیں اور تیرا رب ہدایت و نصرت کے لیے کافی ہے۔" عقبہ بن ابی معیط جنگ بدر میں اسیر ہوا اور مقام صفراء میں پہنچ کر اس کی گردن مار دی گئی۔

## ولید بن مغیرہ :

ولید بن مغیرہ یہ کہا کرتا تھا کہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ محمد پر تو وحی نازل ہو اور میں اور ابو

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 90 ماہنامہ سبحانی کراچی مسعود ثقفی چھوڑ دیے جائیں۔ حالانکہ ہم دونوں اپنے اپنے شہر کے بڑے معزز ہیں میں قریش کا سردار ہوں اور ابو مسعود قبیلہ ثقیف کا سردار ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:۔ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ O اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ط نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ط وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ O (سورۃ الزخرف آیت: 31-32) ”یہ کافر یہ کہتے ہیں کہ یہ قرآن مکہ اور طائف میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہ کیا گیا کیا یہ لوگ اللہ کی خاص رحمت یعنی نبوت کو اپنی منشاء کے مطابق تقسیم کرنا چاہتے ہیں ہم نے تو ان کی دنیوی معیشت کو بھی اپنی ہی منشاء سے تقسیم کیا ہے اور اپنی ہی منشاء سے ایک کو دوسرے پر رفعت دی ہے تاکہ ایک دوسرے کو اپنا مسخر اور تابع بنائے اور اخروی نعمت تو دنیاوی نعمت سے بدرجہا بہتر ہے پس جب دنیوی معیشت کی تقسیم ان کی رائے پر نہیں تو اخروی نعمت کی تقسیم ان کی رائے پر کیسے ہو سکتی ہے۔ یعنی نبوت ورسالت کا مدار مال و دولت اور دنیاوی عزت پر نہیں ہے۔

## ابو قیس بن الفاکہ:

یہ بھی حضور اکرم ﷺ کو شدید ایذاء پہنچاتا تھا۔ ابو جہل کا خاص معین اور مددگار تھا۔ ابوقیس جنگ بدر میں حضرت حمزہؓ کے ہاتھ سے مارا گیا۔ (۱۷)

## نضر بن حارث:

نضر بن حارث سردارانِ قریش سے تھا۔ تجارت کے لیے فارس جاتا وہاں سے شاہان عجم کے قصص وتواریخ خرید کر لاتا اور قریش کو سناتا اور یہ کہتا کہ: ”محمد تو تم کو عاد اور ثمود کے قصے سناتے ہیں اور میں تم کو رستم اور اسفندیار اور شاہان فارس کے قصے سناتا ہوں“ یہ جھوٹے قصے لوگوں کو دلچسپ معلوم ہوتے ان قصوں کو سنتے اور قرآن کو نہ سنتے۔ اس

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء نے ایک گانے والی لونڈی بھی معلوم ہوتا کہ یہ اسلام کی طرف اس کو کھلا پلا اور گانا سنا پھر کہتا کہ "بتلا یہ بہتر ہے یا وہ شئی بہتر اور اللہ کے دشمنوں سے جہاد کرو۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِ عِلْمٍ وَّ يَتَّخِذَهَا هُزُوًا ط اُولٰٓ اٰيٰتُنَا وَلّٰی مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ O (سورۃ لقمان آ "بعض آدمی اللہ سے غافل کر گمراہ کرے اور اللہ کی آیتوں کی ہنسی کے سامنے جب ہماری آیتیں پڑھی ہی نہیں گویا کہ کانوں میں ثقل ہے اس نضر بن حارث جنگ بدر میں گرف اس کی گردن ماری۔

## عاص بن وائل سہمی:

عاص بن وائل سہمی یہ بھی ان لوگو کے ساتھ استہزاء اور تمسخر کیا کرتا تھا۔ حض زندگی میں وفات پا گئے تو عاص بن و ان محمدا ابتر لا یعیش لہ ول "محمد تو ابتر ہیں ان کا کوئی لڑکا زندہ ن

نے ایک گانے والی لونڈی بھی خرید رکھی تھی لوگوں کو اس کا گانا سنواتا۔ جس کسی کے متعلق یہ معلوم ہوتا کہ یہ اسلام کی طرف راغب ہے اس کے پاس اس باندی کو لے جاتا اور کہتا کہ اس کو کھلا پلا اور گانا سنا پھر کہتا کہ:

”بتلا یہ بہتر ہے یا وہ شئی بہتر ہے جس کی طرف محمد بلاتے ہیں کہ نماز پڑھو اور روزہ رکھو اور اللہ کے دشمنوں سے جہاد کرو۔“

اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ O وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ O

(سورۂ لقمان آیت: 7-6)

”بعض آدمی اللہ سے غافل کرنے والی باتوں کو خریدتا ہے تا کہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے گمراہ کرے اور اللہ کی آیتوں کی ہنسی اڑائے ایسے لوگوں کے لیے ذلت کا عذاب ہے اور اس کے سامنے جب ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو از راہ تکبر ان سے منہ موڑ لیتا ہے جیسا کہ سنا ہی نہیں گویا کہ کانوں میں ثقل ہے اس کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجیے۔

نضر بن حارث جنگ بدر میں گرفتار ہوا اور رسول اکرم ﷺ کے حکم سے حضرت علیؓ نے اس کی گردن ماری۔

## عاص بن وائل سہمی:

عاص بن وائل سہمی یہ بھی ان لوگوں میں سے تھا جو رسول اکرم ﷺ کی ذات بابرکات کے ساتھ استہزا اور تمسخر کیا کرتا تھا۔ حضور اکرم ﷺ کے جتنے بیٹے ہوئے وہ سب آپ ہی کی زندگی میں وفات پاگئے تو عاص بن وائل نے کہا:

ان محمدا ابتر لا یعیش له ولد

"محمد تو ابتر ہیں ان کا کوئی لڑکا زندہ ہی نہیں رہتا۔"

ابتر ڈم کٹے کو کہتے ہیں جس شخص کا آگے پیچھے کوئی نام لیوا نہ رہے گویا وہ شخص ڈم کٹا ہوا جانور ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی: اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ

(پارہ: 30 سورہ کوثر)

"آپ ﷺ کا دشمن ہی ابتر ہے۔"

آپ ﷺ کے نام لیوا تو لاکھوں اور کروڑوں ہیں لیکن عاص بن وائل کا نام لینے والا کوئی نہیں۔ عاص بن وائل کا یہ حشر ہوا کہ گدھے پر سوار ہو کر طائف جارہا تھا راستے میں گدھے سے گرا اور کسی خاردار گھاس پر جا کر گرا جس سے پیر میں ایک معمولی سا کانٹا لگا مگر اس معمولی کانٹے سے پیر اس قدر پھولا کہ اونٹ کی گردن کے برابر ہو گیا اور اسی میں اس کا خاتمہ ہو گیا۔

## نبیہ و منبہ پسران حجاج:

نبیہ اور منبہ بھی آپ ﷺ کے شدید ترین دشمنوں میں سے تھے جب کبھی آپ ﷺ کو دیکھتے تو کہتے کہ: "کیا اللہ کو ان کے سوا اور کوئی پیغمبر بنانے کے لیے نہیں ملا تھا۔" اللہ تعالیٰ نے ان کو جنگ بدر میں موت سے ہمکنار فرمایا۔

## اسود بن مطلب:

اسود بن مطلب اور اس کے ساتھی جب کبھی رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کو دیکھتے تو آنکھیں مٹکاتے اور یہ کہتے کہ:۔ "یہی ہیں وہ لوگ کہ جو روئے زمین کے بادشاہ ہوں گے اور قیصر و کسریٰ کے خزانوں پر قبضہ کریں گے۔"

اور یہ کہہ کر سیٹیاں اور تالیاں بجاتے۔ رسول اللہ ﷺ نے بددعا فرمائی کہ: "اے اللہ اس کو نابینا فرما (تاکہ آنکھ مارنے کے قابل ہی نہ رہے) اور اس کے بیٹے کو ہلاک فرما۔"

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

چنانچہ اسود بن مطلب ا اپنے لڑکوں کو آواز دی کہ: "مجھ کو بچاؤ، میری آنکھوں لڑکوں نے کہا: "ہمیں تو کوئی نظر نہیں آتا اسی طرح کہتے کہتے اندھا احد کی تیاری کر رہے تھے اسو مقابلے کے لیے آمادہ کر رہا تھا

## اسود بن عبد یغوث:

اسود بن عبد یغوث، مخ ز دترین دشمنوں میں سے جب ک "یہی روئے زمین کے بادشا جب رسول اللہ ﷺ کو دیکھت "آج آسمان سے کوئی بات اس بدتمیزی کی سزا اسے یہ م اسی تکلیف میں مر گیا۔

## حارث بن قیس سہمی:

جس کو حارث بن عیطلہ بھی کہ تھا۔ یہ بھی انہیں لوگوں میں سے ساتھ استہزاء اور تمسخر کیا کرتا تھا اور "محمد نے اپنے اصحاب کو یہ سمجھا واللہ ما یھلکنا الا الدھر

چنانچہ اسود بن مطلب ایک کیکر کے درخت کے نیچے جا کر بیٹھا۔ وہ ابھی بیٹھا ہی تھا کہ اپنے لڑکوں کو آواز دی کہ: ”مجھ کو بچاؤ، میری آنکھوں میں کوئی شخص کانٹے چبھا رہا ہے۔“ لڑکوں نے کہا: ”ہمیں تو کوئی نظر نہیں آتا۔“ اسی طرح کہتے کہتے اندھا ہو گیا۔ اور بیٹا جنگ بدر میں مارا گیا۔ قریش جس وقت جنگ احد کی تیاری کر رہے تھے اسود بن مطلب اس وقت بیمار تھا لیکن لوگوں کو آپﷺ کے مقابلے کے لیے آمادہ کر رہا تھا۔ جنگ احد سے پہلے ہی انتقال کر گیا۔

(۲۳)

## اسود بن عبد یغوث:

اسود بن عبد یغوث، جو رسول اللہﷺ کے ماموں کا بیٹا تھا۔ یہ آپﷺ کے شدی د ترین دشمنوں میں سے تھے جب فقراء و مساکین کو دیکھتا تو کہتا کہ: ”یہی روئے زمین کے بادشاہ بننے والے ہیں جو کسریٰ کی سلطنت کے وارث ہوں گے۔“ جب رسول اللہﷺ کو دیکھتا تو کہتا کہ: ”آج آسمان سے کوئی بات نہیں ہوئی اور اس قسم کے بیہودہ کلمات کہتا۔“ اس بدتمیزی کی سزا اسے یہ ملی کہ اس کے تمام سر میں پھوڑے اور پھنسیاں نکل آئیں اور اسی تکلیف میں مر گیا۔

## حارث بن قیس سہمی:

جس کو حارث بن عیطلہ بھی کہا جاتا ہے۔ عیطلہ اس کا ماں کا نام ہے اور قیس باپ کا نام تھا۔ یہ بھی انہیں لوگوں میں سے تھا کہ جو آپﷺ کی اور آپﷺ کے اصحابؓ کے ساتھ استہزاء اور تمسخر کیا کرتا تھا اور یہ کہا کرتا تھا کہ: ”محمد نے اپنے اصحاب کو یہ سمجھا کر دھوکہ دے رکھا ہے کہ مرنے کے بعد پھر زندہ ہوں گے۔“ واللہ ما یھلکنا الا الدھر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

"اللہ کی قسم ہم کوڑ مانہ ہی ہلاک اور برباد کرتا ہے۔"

جب ان لوگوں کا استہزاء اور تمسخر حد سے گزر گیا، تب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی تسلی کے لیے یہ آیتیں نازل فرمائیں ۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ O اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ O (سورۃ النحل آیت : 95-94)

"جس چیز کا آپ کو حکم دیا گیا ہے، اس کو علی الاعلان بیان کریں اور مشرکین اگر نہ مانیں تو ان سے اعراض فرمائیں اور جولوگ آپ کی ہنسی اور مذاق اڑاتے ہیں اُن کے لیے ہم کافی ہیں۔"

حارث کا یہ حشر ہوا کہ اس کے پیٹ میں دفعتاً ایسی بیماری پیدا ہوئی کہ منہ سے پاخانہ آنے لگا اور اسی میں مرگیا۔

یہ تو ان لوگوں کا تذکرہ تھا جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی عزت وحرمت کو پامال کیا حق بات کو نہ مانا اور نبی کریم ﷺ کا مذاق اڑایا اور آپ ﷺ کے ساتھ استہزاء کیا نتیجہ یہ نکلا کہ دنیا میں ذلت ورسوائی کی موت نصیب ہوئی اور آخرت کا ہمیشہ ہمیشہ کا عذاب دامن گیر ہوگیا۔

جس طرح رسول اکرم ﷺ کی ذات اقدس عزت وحرمت والی ہے اسی طرح جن اشخاص یا اشیاء کو آپ ﷺ سے نسبت ہے ان کی عزت وحرمت بھی ہر مسلمان پر واجب ہے جو شخص اس نسبت کا پاس اور لحاظ نہیں رکھتا وہ دنیا و آخرت میں بڑا نقصان اٹھانے والا ہوگا لہٰذا بڑی احتیاط اور خاص خیال رکھنے کی ضرورت ہے۔

حضور اکرم ﷺ سے جس قدر تعلق مضبوط ہوگا ، ایمان اسی قدر مضبوط ہوگا اور نورِ معرفت اسی قدر روشن ہوگا۔

مسلمان ، حضور اکرم ﷺ کے وارث ہیں ۔ مادی وراثت میں جس طرح وارث کے لیے اپنے مورث اعلیٰ کے حق میں ادب و تعظیم ضروری ہے، ٹھیک اسی طرح مورث اعلیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعظیم ، آپ ﷺ کی عزت وحرمت کا پاس کرنا بھی ضروری ہے۔

حقیقت میں مورث حضور اکرم ﷺ کی ذات گرامی ہے۔ ہم مسلمان مجازی طور پر مومن

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کہلاتے ہیں۔ اسی لیے قرآن النبی اولی بالمومنین حضور اکرم ﷺ وہ آفتاب تاریکیاں کافور ہوگئیں۔ آپ جذبہ حضور اکرم ﷺ کی عظمت یہ ادب و احترام ہی تو ہے کہ ادب و احترام سے جھک جاتا گنبد کو نسبت ہوگئی ہے۔ خاتم عزت و توقیر اور ادب و احترام اسے بوسہ دیتے ہیں، آخر یہ کی خوبصورت اور نہایت حسین و جمی میں اس پتھر کو نسبت ہوگئی ،بیت خانہ کعبہ ہی کو لیجیے۔ ظاہر غلاف چڑھایا جاتا ہے، اس ہیں۔ پوری دنیا کے مسلمان جو کر کے عبادت کرنی پڑتی ہے نہیں کرتا، اس کی طرف منہ کر آخر یہ ادب و احترام کیوں ہے قرآن مجید جو کاغذ پر شائع کلام الٰہی کے نقوش ہیں۔ ان ہوگئے ۔ گتے کی وہ جلد با عظم ہے، نسبت ہے تو ہر مومن رسو

کہلاتے ہیں۔ اسی لیے قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

النبی اولی بالمومنین ۔ ”نبی اولیٰ تر ہے تمام ایمان والوں سے۔“

حضور اکرم ﷺ وہ آفتاب ہدایت ہیں کہ جن کے طلوع ہونے سے کفر وضلالت کی تمام تاریکیاں کافور ہوگئیں۔ آپ ﷺ نہ ہوتے تو پورا جہاں ظلمت کدہ ہوتا۔ ہر مسلمان کا پہلا جذبہ حضور اکرم ﷺ کی عظمت اور آپ ﷺ کا احترام ہونا ضروری ہے۔

یہ ادب واحترام ہی تو ہے کہ گنبد خضریٰ کا نام آتے ہی آنکھیں نمناک ہوجاتی ہیں اور سر ادب واحترام سے جھک جاتا ہے، وہاں کیا ہے، اس گنبد کی عزت کیوں ہے۔ اس لیے کہ اس گنبد کو نسبت ہوگئی ہے۔ خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفی ﷺ کی ذات اقدس سے۔ حجر اسود کی عزت وتوقیر اور ادب واحترام ہورہا ہے دور دور سے جا کر لوگ اسے چومتے چاٹتے ہیں، اسے بوسہ دیتے ہیں، آخر یہ کیوں، دنیا میں اور بہت سے پتھر بھی تو ہیں، بڑے بڑے عمدہ، خوبصورت اور نہایت حسین وجمیل پتھر موجود ہیں مگر اس طرح کوئی چومتا چاٹتا نہیں، حقیقت میں اس پتھر کو نسبت ہوگئی ’بیت اللہ‘ کے ساتھ جو کہ شعائر اللہ میں سے ہے۔

خانہ کعبہ ہی کو لیجیے۔ ظاہری طور پر ایک چھوٹا سا مکان ہے، اس پر باقاعدہ کپڑے کا غلاف چڑھایا جاتا ہے، اس کے ارد گرد لاکھوں مسلمان ہر سال دیوانہ وار طواف کرتے ہیں۔ پوری دنیا کے مسلمان جہاں کہیں بھی ہوں انہیں صرف اسی ایک گھر کی طرف منہ کر کے عبادت کرنی پڑتی ہے، کوئی مسلمان خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے پاخانہ یا پیشاب نہیں کرتا، اس کی طرف منہ کر کے تھوکتا نہیں، اس کی طرف پاؤں نہیں پھیلائے جاتے۔

آخر یہ ادب واحترام کیوں ہے؟

قرآن مجید جو کاغذ پر شائع کیا جاتا ہے، کاغذوں میں کلام الٰہی پنہاں نہیں ہے بلکہ یہ کاغذ پر کلام الٰہی کے نقوش ہیں۔ ان کاغذوں کی نسبت کلام الٰہی کی طرف ہوگئی۔ اس لیے وہ باعظمت ہوگئے۔ گتے کی وہ جلد باعظمت بن گئی، جس کے ساتھ نسبت ہو تو عظمت ضرور حاصل ہوتی ہے۔ نسبت ہے تو ہر مومن رسول کریم ﷺ کی عزت وتوقیر اور ادب واحترام کرے گا۔

ہر مسلمان حضرت بی بی فاطمہؓ اور ازواج مطہرات و بنات رسول رضوان اللہ تعالیٰ عنھن اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی عظمت کرے گا کیوں کہ وہ پیغمبر آخر الزماں ﷺ سے نسبت رکھتے ہیں۔ اسی طرح ملک عرب کی عظمت کرے گا کیوں کہ اسے پیغمبر اللہ ﷺ کا وطن ہونے کا شرف حاصل ہے۔

رسول کریم ﷺ نے وطن کی عظمت برقرار رکھنے کے لیے فرمایا کہ:

”جس نے عرب یا عربی سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی۔“

معلوم یہ ہوا کہ جسے رسول اللہ ﷺ سے نسبت اور تعلق ہوگا اس کا ایمان معتبر ہوگا۔ ایمان میں مورث اعلیٰ ہیں جناب رسول کریم ﷺ۔

احادیث نبوی آپ ﷺ کی وراثت ہیں، احادیث کو عظمت اس لیے ملی کہ ان کی نسبت ہوگئی رسول کریم ﷺ سے۔ اگر کلام رسول ﷺ درمیان میں نہ آئے تو کلام الٰہی کی وضاحت مشکل ہو جائے، کلام رسول سے شرح نہ ہوتی تو کلام الٰہی کیسے واضح ہوتا؟ کلام الٰہی میں ذکر آیا ”اقیمو الصلوٰۃ“ ”نماز قائم کرو۔“ صلوٰۃ کے معنی دعا کے ہیں، اس کا مطلب رسول کریم ﷺ نے واضح کیا۔

جس طرح حضور اکرم ﷺ کے امین ہیں اسی طرح آپ کلام الٰہی کے معانی اور اس کی شرح کے بھی امین ہیں۔

جس طرح حرمت و عزت رسول ﷺ کرنے کی برکت سے عزت و سرفرازی حاصل ہوتی ہے، اسی طرح حرمت رسول ﷺ کو پامال کرنے اور آپ کے آثار کی بے حرمتی کرنے سے زوال آتا ہے۔ اس کی ایک مثال پیش کی جاتی ہے کہ خسرو پرویز ایران کا زبردست فرمانروا تھا۔ اس کی بڑی شان و شوکت تھی اس کا محل بہت بڑا اور خوبصورت تھا۔

محل کے چاروں طرف سرسبز چراگاہیں، باغات اور جنگلات تھے، جن میں ہر قسم کے چرند پرند موجود تھے۔ خصوصاً تیتر، مور، شتر مرغ، ہرن اور شیر بکثرت پائے جاتے تھے۔ نوسو ساٹھ ہاتھیوں کی قطاریں شاہانہ شوکت و حشمت کی گواہ تھیں۔ اسباب اور ڈیرہ خیمہ اٹھانے کے

لیے بارہ ہزار قد آور اور آٹھ ہزار پست قامت اونٹ تھے۔ شاہی اصطبل میں چھ ہزار گھوڑے اور خچر بندھے تھے۔ شاہی محل کے دروازے پر شب و روز چھ ہزار گھڑ سوار پہرہ دیتے تھے۔ شاہی محل کے اندر بارہ ہزار غلام تھے جن کے ذمہ مختلف خدمات تھیں اسی طرح تین ہزار کنواری لڑکیاں تھیں جن سے محل کی رونق قائم تھی۔ سونے، چاندی، جواہرات، ریشم اور عطریات کے ذخائر سو (۱۰۰) تہہ خانوں کی الماریوں میں محفوظ تھے۔ محل میں تیس ہزار قیمتی دیوار گیریاں اور پردے تھے۔ چاندی، سنگ مرمر اور اعلیٰ قسم کی لکڑی کے چالیس ہزار ریشم سے ڈھکے ہوئے ستون شاہی محل کی چھت کو سنبھالے ہوئے تھے۔ سونے کے ہزار گولے اس غرض سے گنبد میں لگائے گئے تھے کہ نجوم وکواکب کی رفتار اور ان کے اجتماع کی کیفیت معلوم ہو سکے۔ اس شان و شوکت اور کروفر کے ساتھ وہ حکومت کرتا تھا۔

رسول اکرم ﷺ کی طرف سے مختلف فرمانروایان سلطنت کے نام تبلیغی خطوط ارسال کیے گئے۔ چنانچہ ایک خط حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ کے ہاتھ سے خسرو پرویز کے نام بھی بھیجا گیا جس کا مضمون یہ تھا۔ (ترجمہ خط مبارک)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ یہ خط محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے کسریٰ رئیس فارس کے نام ہے۔ وہ شخص سلامتی اور عافیت میں رہے جو راہ راست کی پیروی کرتا ہے اور اقرار کرتا ہے کہ معبود برحق صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور یہ کہ محمد اس کا بندہ اور رسول ہے۔ اے کسریٰ! میں تمہیں اسلام کی طرف بلاتا ہوں میں بلاشبہ تمام دنیا کے لیے رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں تاکہ ہر زندہ شخص کو اللہ کا خوف دلاؤں۔ اے کسریٰ! تم اللہ سے ڈرو اور اسلام قبول کرو تو سلامت رہو گے ورنہ تمام قوم مجوس کے انکار و اعراض کا گناہ اور وبال تمہاری گردن پر ہوگا۔

اس دور میں عجم کے فرمانرواؤں کے نام جو عرض داشتیں بھیجی جاتی تھیں ان کے عنوان پر بادشاہ ایران کا لقب درج تھا۔ جب یہ مکتوب کسریٰ کے سامنے پڑھا گیا تو وہ عالم غیظ میں بولا:

"اس شخص نے اپنا نام میرے نام سے پہلے کیوں لکھا؟"

اس کے بعد از راہِ نخوت و غرور بے ادبانہ کہنے لگا:

"کیا کوئی ادنیٰ غلام بھی اپنے شہنشاہ کو ایسا لکھ سکتا ہے؟ اور عرب کی بساط بھی کیا ہے کہ وہاں کا کوئی باشندہ اتنے جلیل القدر شہنشاہ کو خط لکھنے کا حوصلہ کرے۔"

غرض جھنجلا کر نامہ مبارک چاک کر ڈالا اور یمن کے حاکم شاہ باذان کو حکم دیا کہ: "حجازی نبی کو گرفتار کر کے ہمارے پاس حاضر کرو۔"

اس غریب بادشاہ کو کیا معلوم تھا کہ جس برگزیدہ ہستی کو وہ نظر حقارت سے دیکھتا اور ایک معمولی عناد سمجھ کر اس کی گرفتاری کا حکم دے رہا ہے، کل کو اسی کے کفش بردار تاج و تخت ایران کے مالک ہوں گے اور جس دارالسلطنت سے وہ عاقبت نا اندیشانہ فرمان جاری کر رہا ہے عنقریب اس پر اور اس کی ساری عملداری پر سرکار رسالت کے غلاموں کا پرچم اقبال لہرائے گا۔

جب شاہ نبوت کے قاصد حضرت عبداللہ بن حذافہؓ مدینہ منورہ واپس آئے اور گزارش کی: "یا رسول اللہ ﷺ کسریٰ نے حضور ﷺ کا مکتوب گرامی از راہ تحقیر چاک کر ڈالا۔" تو آپ ﷺ نے دعا کی: "الٰہی! جس طرح اس نے میرے نامہ کو چاک کیا ہے اسی طرح تو بھی اس کی سلطنت کو پارہ پارہ کر۔"

یہ دعا حرف بحرف پوری ہوئی اور ایران کی سلطنت چند ہی سال کے اندر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر مسلمانوں کے قبضہ میں آئی اور ایرانی شاہزادیاں مسلمانوں کی لونڈیاں بنیں۔ جب امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ کے عہد سعادت میں ایران فتح ہوا تو اسیران جنگ میں یزدگرد شاہ ایران کی بیٹی شہر بانو بھی داخل تھیں۔ جنہیں امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ نے سیدنا حسین بن علی کو عطا فرمایا۔ سیدنا علی بن حسین معروف بہ امام زین العابدین انہیں کے بطن سے پیدا ہوئے تھے۔

جب کسریٰ کا حکم یمن پہنچا تو شاہ باذان نے بانویہ اور خرخسرہ نام کے دو ہوشیار عہدہ داروں کو مدینہ منورہ روانہ کیا اور زبانی پیغام کے ساتھ ایک سرکاری فرمان بھی لکھ دیا جس میں تاکید کی گئی تھی کہ:

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 99

"تم فی الفور ان دونوں افسروں کے ساتھ ہو جاؤ۔"

قاصد بلد الرسول پہنچ کر بارگاہ نبوی میں حاضر لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے اس لیے کسی خواندہ نہایت بے پروائی کے ساتھ تبسم فرمایا۔

اب قاصدوں نے زبانی کہنا شروع کیا کہ: "ہمارے شہنشاہ نے مَلِک باذان کو آپ ہمارے ساتھ فی الفور چل کھڑے ہو جائیے ورنہ خود ہلاک کر دیے جائیں گے بلکہ آپ کے تمہارے ملک کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے

آپ ﷺ ان کی دھمکی کو خاطر میں نہ لائے "آج تم آرام کرو۔ صبح کو میرے پاس آنا

رسول اکرم ﷺ کے چہرۂ انور پر نبوت کا مرعوب تھے۔ اس لیے دوبارہ لب کشائی فدویت و عقیدت مندی کے جو منظر تھوڑی کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ غرض قاصد مرعوب

اب رسول کریم ﷺ وحی الٰہی کا انتظار فر جانب اللہ اطلاع دی گئی کہ: "پرویز کے بیٹے شیرویہ نے باپ کا پیٹ چاک

جب قاصد دوسرے دن ۱۰ جمادی الاول حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ: "شیرویہ نے تمہارے شاہ پرویز کو قتل کر

"تم فی الفور ان دونوں افسروں کے ساتھ شہنشاہِ ایران کی خدمت میں مدائن حاضر ہو جاؤ۔"

قاصد مدینۃ الرسول پہنچ کر بارگاہِ نبوی میں حاضر ہوئے اور شاہ باذان کا خط پیش کیا۔ آپ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے اس لیے کسی خواندہ آدمی سے خط پڑھوایا اور اس کا مضمون سن کر نہایت بے پرواہی کے ساتھ تبسم فرمایا۔

اب قاصدوں نے زبانی کہنا شروع کیا کہ:

"ہمارے شہنشاہ نے ملک باذان کو آپ کی گرفتاری کا حکم دیا ہے۔ مناسب ہے کہ ہمارے ساتھ فی الفور چل کھڑے ہو جائیے ورنہ کسریٰ کا مزاج سخت برہم ہے نہ صرف آپ خود ہلاک کر دیے جائیں گے بلکہ آپ کے پیرو بھی تباہ و برباد ہو جائیں گے اور شہنشاہ تمہارے ملک کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے۔"

آپ ﷺ ان کی دھمکی کو خاطر میں نہ لائے اور کمال سکون و وقار کے ساتھ فرمایا کہ:

"آج تم آرام کرو۔ صبح کو میرے پاس آؤ۔ اس کا جواب دیا جائے گا۔"

رسول اکرم ﷺ کے چہرۂ انور پر نبوت کا جو قدرتی رعب و جلال تھا اس سے دونوں قاصد مرعوب تھے۔ اس لیے دوبارہ لب کشائی کی ہمت نہ ہوئی اس کے علاوہ صحابہ کرامؓ کی فدویت و عقیدت مندی کے جو منظر تھوڑی سی دیر میں دیکھ چکے تھے وہ بھی کسی حجت یا اصرار کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ غرض قاصد عزت کے ساتھ ٹھہرائے گئے۔

اب رسول کریم ﷺ وحی الٰہی کا انتظار فرمانے لگے۔ چنانچہ آپ ﷺ کو اسی رات من جانب اللہ اطلاع دی گئی کہ:

"پرویز کے بیٹے شیرویہ نے باپ کا پیٹ چاک کر ڈالا ہے۔"

جب قاصد دوسرے دن ۱۰ جمادی الاولیٰ سن ۷ ہجری کو بدھ کے روز آستانِ نبوت پر حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ:

"شیرویہ نے تمہارے شاہ پرویز کو قتل کر ڈالا ہے۔"

یہ سن کر قاصد محو حیرت رہ گئے اور ایک طویل سکوت کے بعد آنحضرت ﷺ سے خطاب کر کے کہنے لگے کہ:

"کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس قسم کے وحشت انگیز بیان کا نتیجہ کیا ہوگا؟ ہمارا شہنشاہ آپ کو اور آپ کی قوم کو فنا کر دے گا اور اس سرزمین کی خاک بھی دنیا سے بے نشان ہو جائے گی۔"

رسول پاک ﷺ نے فرمایا:

"تم اس فکر میں مت پڑو اور جا کر باذان کو میری طرف سے کہہ دو کہ پرویز قتل ہوا اور عنقریب اس کی ساری مملکت اسلام کے قبضہ اقتدار میں آجائے گی۔ اگر تم اسلام قبول کرلو تو میں تم کو یمن کی حکومت پر بحال رکھوں گا ورنہ نتیجہ کے تم خود ذمہ دار ہوگے۔"

یہ سن کر قاصدوں کے دل میں کچھ ایسا ہول سمایا کہ یارائے گفتگو نہ رہا۔

قاصد مدینہ طیبہ سے رخصت ہو کر یمن پہنچے اور تمام ماجریٰ ملک باذان کو سنایا۔ باذان نے کہا کہ:

"اگر یہ اطلاع صحیح ہے تو یہ یقیناً اللہ کے سچے نبی ہیں اور ملوک عالم میں سب سے پہلا فرماں روا میں ہوں جو ان پر ایمان لائے گا۔"

بابویہ نے کہا:

"میں نے بڑے بڑے امراء و سلاطین کے دربار دیکھے ہیں لیکن ایک قدرتی رعب اور ہیبت کے ساتھ اعلیٰ اخلاق کہیں نہیں دیکھے۔"

چند ہی روز گزرے تھے کہ باذان کے نام شہنشاہ شیرویہ کا فرمان صادر ہوا لکھا تھا کہ : ”کسریٰ پرویز ظالم نابکار تھا۔ اس لیے میں نے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا ہے اور تمہیں تمہارے عہدہ پر بحال رکھتا ہوں اور حجاز میں جو صاحب مدعی نبوت ہیں تا حکم ثانی ان سے کچھ تعرض نہ کرو۔“

یہ اطلاع پا کر شاہ باذان اسی وقت اپنے دونوں بیٹوں سمیت مشرف با ایمان ہوا اور یمن کے اکثر قبائل بھی سعادت اسلام سے بہرہ اندوز ہوئے۔ شاہ باذان نے اپنے اور اہل یمن

کے قبول حق کی اطلاع مرکز نبوت کو بھیج دی۔ اس طرح یمن کی حکومت ایران سے منقطع ہو کر اسلامی عمل دخل میں آگئی اور سلطنت کے طول و عرض میں اسلامی قوانین نافذ ہو گئے۔ لیکن چند ہی مہینے گزرے تھے کہ باذان کا انتقال ہو گیا۔

جس ساعت میں خلیفۃ اللّٰہ علی الارض سردار دو عالم ﷺ کی زبان مبارک سے پارسی فرمانروائی کے زوال کی دعا نکلی تھی، اسی وقت سے اس کے نیر اقبال کو گہن لگ چکا تھا اور نظام سلطنت میں ابتری شروع ہو گئی تھی۔ یہاں تک کہ عہد فاروقی میں اس کے پرزے اڑ گئے۔ کسریٰ کا خاندان ہزارہا سال سے برسر حکومت تھا اور ایران کی سلطنت ایسی زبردست اور عظیم الشان فرمانروائی تھی کہ پردۂ زمین پر اس کے مد مقابل کوئی حکومت نہ تھی۔ آخر امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت میں ایران کے طول و عرض پر پرچم اسلام لہرانے لگا اور پارسیوں کی فرمانروائی دنیا کے نقشہ سے حرف غلط کی طرح مٹ گئی۔ اس وقت تمام عالم میں آتش پرست پارسیوں کی کہیں حکومت نہیں ہے ہر جگہ اغیار کی رعایا ہیں۔ یہ سزا ہے نبی برحق کا نامہ مبارک چاک کرنے اور آپ ﷺ کی حرمت کو پامال کرنے کی۔

معلوم ہوا کہ جس طرح ہادی برحق حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی عزت و حرمت کی پاسداری ضروری ہے اسی طرح آپ ﷺ کے صحابہ کرامؓ ، ازواج مطہرات اور بناتِ رسول کی عزت و حرمت کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہے اسی طرح جن چیزوں کو رسول کریم ﷺ سے نسبت یا تعلق ہے ان کی حرمت و عزت بھی لازم ہے ورنہ تباہی و بربادی اور ذلت و خواری سے بچنے کے لیے کوئی جائے پناہ نہ ملے گی۔

# معاشی بائیکاٹ ہی اصل حل ہے

## مفتی محمد تقی عثمانی

آپ جانتے ہیں کہ اس وقت یہ اجتماع ان درندوں کی دریدہ دہنی کے خلاف اپنے جذبات کے اظہار اور احتجاج کے لیے منعقد ہوا ہے جو ان باطل اور ناپاک سرشت انسانوں نے حضور ﷺ کی شان میں کی ہے لیکن ان کی اس گستاخی کے جواب میں یہ اللہ رب العزت کا فضل و کرم ہے کہ پورے عالم اسلام، ساری دنیا کی زبان پر ایک ہی آواز ہے اور وہ ہے جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ناموس کا تحفظ ۔

الحمد للہ ! اس عظیم نام نے پوری امت کو ایک ہی مقصد پر متحد کر دیا ہے۔ یہ کسی ایک فرد کا مسئلہ نہیں یہ کسی ایک جماعت کا مسئلہ نہیں یہ کسی ایک ملک کا مسئلہ نہیں، یہ پوری ملت اسلامیہ کا مسئلہ ہے اور الحمد للہ مراکش سے لے کر انڈونیشیا تک پوری اسلامی دنیا اس کے خلاف سراپا احتجاج بنی ہوئی ہے۔ آج ہمیں نبی کریم ﷺ کی ناموس کے تحفظ کے لیے اور آپ کی ناموس پر ناپاک حملے کرنے والوں کے خلاف کیا کرنا ہے؟ یہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ کی شان میں ادنیٰ گستاخی کا اصل علاج وہی ہے جو غازی علم دین شہیدؒ نے کیا تھا یعنی وہ زبان جو نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے کے لیے اٹھے، وہ اس قابل ہے کہ نکال دی جائے۔ وہ قلم اور ہاتھ جو سرور دو عالم ﷺ کی شان میں گستاخی کے مرتکب ہوئے وہ اس بات کے مستحق ہیں کہ قطع کر دیے جائیں اور غازی علم دین شہیدؒ نے اپنے عمل سے اس بات کو کر کے دکھایا ہے۔ جو اس گستاخی کا اصل علاج تھا، لیکن آج جب کہ ہم

ان گستاخوں سے دُور بیٹھے ہیں تو کم از کم ہمیں اس احتجاج کے اندر اس بات کا عہد اور اقرار کرنا چاہیے کہ جن ناپاک زبانوں اور ناپاک ہاتھوں نے سرکار دو عالم ﷺ کی ناموس پر حملے کیے ہیں ان کی بنائی ہوئی تمام مصنوعات کا بائیکاٹ کریں۔ اگر کوئی شخص سرکار دو عالم ﷺ کی محبت کا ادنیٰ حصہ بھی اپنے دل میں رکھتا ہے وہ اگر ان ناپاک

لوگوں کی بنائی ہوئی اشیاء کو استعمال کرتا ہے تو یہ جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے دین کے ساتھ، آپ ﷺ کی امت کے ساتھ غداری کے مترادف ہوگا۔ لہٰذا میں اس عظیم اجتماع سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ آج ہم یہ عہد لے کر اٹھیں کہ جن لوگوں نے سرکار دو عالم ﷺ کی شان میں گستاخی کی اور جن حکومتوں نے ان کی پشت پناہی کی ہے اور ان کا دفاع کیا ہے ان کی مصنوعات کا بائیکاٹ کریں۔

یاد رکھیے کہ یہ لوگ آزادی صحافت کی آڑ لے کر اور اس کا بہانہ بنا کر اس گستاخی کا ارتکاب کرنے والوں کو اس لیے نہیں روک سکتے کہ ہمارے ہاں اظہار رائے کی آزادی ہے۔ یہ اظہار رائے کی آزادی کا بہانہ، یہ مبہم الفاظ ...... ان کا مطلب صرف یہ ہے کہ جو ہمارے مفاد کے موافق ہو اس کو قبول کریں گے اور جو ہمارے مفاد کے خلاف ہو اس کو رد کریں گے۔ لہٰذا میرے بھائیو! یہ قوم صرف باتوں سے ماننے والی نہیں ہے، یہ جوتے کی آشنا قوم ہے جب تک کوئی ان پر جوتے نہیں پھیرے گا اس وقت تک یہ قابو میں نہیں آئیں گے۔ آج اگر ہم سے کوئی کہے کہ آؤ ڈنمارک پر چڑھائی کرتے ہیں تو یہ ہمارے اختیار سے فی الحال باہر ہے۔ یہ بات ضرور یاد رکھنی چاہیے کہ جب اللہ پاک اس بات کا موقع عطا فرمائے تو ہم اس کے لیے بھی تیار ہیں ...... لیکن اس وقت ایک چیز جو مسلمان کے اختیار میں ہے، ہر تاجر کے اختیار میں ہے، وہ یہ ہے کہ ان کی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے۔ ہر شخص بتائے کیا وہ یورپ کی مصنوعات کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا؟ کیا تمہارے نزدیک نبی کریم ﷺ کی ناموس زیادہ عزیز ہے۔ ڈنمارک کا مکھن زیادہ عزیز ہے؟ اگر سرکار دو عالم ﷺ کے نام پر ہمیں فاقے بھی کرنے پڑ جائیں، پیٹ پر پتھر بھی باندھنے پڑ جائیں تو ایک مسلمان کے لیے یہ کوئی بڑی بات نہیں۔ اگر آج ہم میں سے ہر شخص یہ تہیہ کر لے کہ ان کی مصنوعات نہ

خریدیں گے اور نہ بیچیں گے اور نہ ہی استعمال کریں گے تو یہ دنیا پرست اور مال کے پجاری گھٹنے ٹیک دیں گے۔

یاد رکھیے! اس بائیکاٹ سے ان کو دن میں تارے نظر آ جائیں گے۔ ہم نے بین الاقوامی سطح پر اس مسئلے کو اٹھانے کے لیے "او آئی سی" کے ذریعے اس بات کی کوشش کی ہے اور ان شاء اللّٰہ وہ کوشش اللّٰہ کی رحمت سے کامیاب ہوگی۔ یہ قانون بنایا جائے کہ بین الاقوامی طور پر کوئی بھی شخص نہ صرف نبی کریم ﷺ کی بلکہ تمام انبیائے کرام میں سے کسی کی بھی شان میں

کوئی ادنیٰ گستاخی کا مرتکب ہو وہ سخت ترین سزا کا مستوجب ہوگا اور یہ قانون الحمدللہ بنانا شروع کر دیا گیا ہے لیکن یہ قانون اسی وقت کامیاب ہو سکتا ہے اور ہم اس کے نفاذ میں اس وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب کہ عوام کی طرف سے یہ پریشر، دباؤ اور احتجاج برقرار رہے، لہٰذا جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ کیوں بار بار احتجاج کر رہے ہیں؟ بار بار کیوں جلسے منعقد کر رہے ہیں؟ تو یہ کہنے والے درحقیقت اس تحریک کو دبانا چاہتے ہیں لیکن اگر یہ تحریک جاری نہ رہی اور مسلمانوں کی طرف سے یہ دباؤ برقرار نہ رہا تو بین الاقوامی سطح پر ہونے والی وہ کوششیں بھی کامیاب نہیں ہو سکتیں جو اس وقت ہو رہی ہیں۔ لہٰذا میری آپ حضرات سے اس وقت تین گزارشات ہیں:

۱۔ اس بات کا عہد کریں کہ نبی کریم ﷺ کی حرمت کا پاس رکھتے ہوئے ان

ممالک کا مکمل بائیکاٹ کریں گے۔

۲۔ اپنے احتجاج کے سلسلے کو جاری و ساری رکھیں گے۔ جب تک مجرموں کو کیفر

کردار تک نہیں پہنچایا جاتا اس وقت تک ہماری یہ تحریکیں جاری رہے گی۔

۳۔ ہماری یہ تحریک نبی کریم محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ہونی چاہیے۔

اس میں کسی بے گناہ کی جان، مسلمان کی آبرو پر حملہ نہیں ہونا چاہیے۔ سرکار دوعالم ﷺ کا ارشاد ہے کہ مومن کی جان و مال اور آبرو، کعبہ سے زیادہ حرمت رکھتی ہے لہٰذا ہمیں جس طرح حضور اکرم ﷺ سے محبت کا حق ادا کرنا ہے اسی طرح ہر انسان کا بھی حق ادا کرنا ہے۔ ہماری تحریک یہ ثابت کرتی ہے کہ ایک منظم اور مرتب تحریک ہے اور اس میں کسی بے گناہ کی جان و مال و آبرو پر کوئی حملہ نہیں ہوگا۔

یاد رکھیے! اس قسم کی تحریکوں میں ہمیشہ کچھ شرپسند عناصر ہاتھ دکھا جاتے ہیں اور اس کو بدنام کرنے کے لیے اور اس کو غلط رخ پر ڈالنے کے لیے ایسے اقدامات کرتے ہیں جن سے وہ تحریک ناکام ہو۔ ایسے اقدامات سے ہمیشہ خبردار رہیں اور اپنی اس تحریک کو منظم اور پُر امن طور پر سرکار دوعالم ﷺ کی تعلیمات کے مطابق اس وقت تک جاری رکھیں جب تک یہ مجرم کیفر کردار تک نہیں پہنچ جاتے۔

# دنیا کو تہذیبی تصادم سے بچایا جائے

## توہین آمیز خاکوں کی اشاعت

ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی طرف سے عالمی رہنماؤں کے نام خصوصی مراسلہ

بعض یورپی اخبارات میں پیغمبر اسلام ﷺ کے بارے میں توہین آمیز اور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت نے دنیا کو انتہائی ہیجانی اور اشتعال انگیز صورتحال سے دوچار کر دیا ہے۔ اس معاملے سے نبرد آزما ہونے میں حکومتوں کی ناکامی کے باعث دنیا بھر میں بڑھتے ہوئے اضطراب اور بے چینی کی ایسی فضا پیدا ہو گئی ہے جس کا خاتمہ ہوتا قریب قریب نظر نہیں آتا۔ اگر اس کشیدہ صورتحال کو اسی طرح بے قابو رہنے دیا گیا تو پُرامن بقائے باہمی کا تصور معرض خطر میں پڑ جائے گا اور اگر اس سے پیدا ہونے والے بگاڑ کا مداوا نہ کیا گیا تو اس امر کا امکان ہے کہ نہ صرف تہذیبیں آپس میں متصادم ہوں گی بلکہ یہ تصادم مذاہب اور معاشروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ اس مراسلے کا مقصد معاملے کو صحیح تناظر میں رکھتے ہوئے حقیقت پسندانہ اور قابل عمل اقدامات تجویز کرنا ہے جس سے سلجھاؤ کی کوئی صورت نکل سکے۔

فی الوقت ملوث اخبارات آزادیٔ اظہار کے حق کو اس قبیح اشاعت کا جواز بنا رہے ہیں۔ اس کے دفاع میں وکالت کرنے والے آزادیٔ تقریر کی تقدیس پر زور دے رہے ہیں جس کا علم بلند رکھنا ان کے نزدیک ضروری ہے، چاہے اس کے نتائج کچھ بھی ہوں۔ تاہم فی الحقیقت یہ معاملہ آزادیٔ اظہار کا نہیں کیوں کہ یہ کوئی مطلق حق نہیں، نہ ہی کوئی ایسا دعویٰ کر سکتا ہے۔

حقوق اپنی نوعیت کے اعتبار سے باہم مربوط ہوتے ہیں اور ان کی تنفید کا دارومدار

باہمی طور پر دیگر بنیادی حقوق پر ہوتا ہے۔ اس بات پر اصرار کرنا غلطی ہوگا کہ کوئی حق مطلق ہوتا ہے اس لیے کہ اس حق کی زدوسروں کے بنیادی حقوق پر پڑ سکتی ہے۔ مہذب اور جمہوری دنیا کا حصہ ہونے کے دعویدار ہر ملک نے اظہار کی آزادی پر اپنے معاشرے کے مفاد میں کچھ حدود اور پابندیاں عائد کر رکھی ہیں تاکہ ایک خاص سطح کے انسانی طرزِ عمل کو برقرار رکھا جا سکے ایسی پابندیاں بعض اوقات مقامی رسوم و رواج اور معاشرتی روایات پر مبنی ہوتی ہیں تو بعض اوقات ثقافتی اقدار اور مذہبی تعلیمات ان کی بنیاد بنتی ہیں۔ اس کی روح یہ ہے کہ وہ اپنے اخلاقی،تہذیبی، سماجی اور معاشرتی اقدار اور وقار کے تحفظ کے داعی بنیں۔

لہٰذا اس شور وغوغا کا بلند کرنا کہ مسلمانوں کے احتجاج اور مظاہروں سے آزادی تقریر و تحریر پامال ہو رہی ہے حقیقت کو جھٹلانے کے مترادف ہے۔ مثال کے طور پر بچوں میں جنسی ہیجان پیدا کرنے والی آزادانہ فحش نگاری یا مذہبی و نسل پرستانہ نفرت کی میڈیا میں تشہیر کرنے پر بجا طور پر بہت سے ممالک میں پابندی لگی ہوئی ہے۔ بہت سے یورپی ملکوں میں عالمی جنگ کی تباہی سے انکار ایک جرم تصور کیا جاتا ہے۔ آسٹریا، بیلجیئم، چیک ریپبلک، فرانس، جرمنی، اسرائیل، لتھویا، پولینڈ، رومانیہ، سلواکیہ اور سوئٹزر لینڈ میں یہ ایک فوجداری جرم ہے جس کی سزا جرمانوں اور قید کی صورت میں دی جاتی ہے۔ ایک برطانوی اخبار (27 جنوری 2003ء) نے اسرائیلی وزیر اعظم ایریل شیرون کا کارٹون شائع کیا جس میں دکھایا گیا کہ وہ ایک فلسطینی بچے کا سر کھا رہا ہے اور کہہ رہا ہے ”اس میں کیا بُرائی ہے! تم نے اس سے پہلے کسی سیاستدان کو نومولود بچوں کو کبھی چومتے ہوئے نہیں دیکھا“۔ اس کارٹون نے اسرائیل سمیت دنیا بھر کی یہودی آبادیوں میں ایک طوفان برپا کر دیا۔ خاکہ حقیقت کے چاہے کتنا ہی قریب ہو یہ ردِ عمل اس قوم کا اپنے لیڈر کے لیے ایک فطری بات تھی۔

حال ہی میں اٹلی کے وزیر اعظم نے جب یہ بیان دیا کہ وہ رومی سیاست کے یسوع مسیح ہیں تو کلیسائے روم اور اطالوی سیاستدانوں نے اس پر گہرے غم و غصے کا اظہار کیا۔ کلیسائے روم کے اعلیٰ عہدیدار نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ وہ کہیں گے کہ انہوں نے یہ جملہ ازراہِ تفنن

کہا، لیکن اس طرح کے جملے مذاق میں بھی پر پابندی کا نہیں بلکہ تہذیبوں کی مقدس ا کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔

دنیا کے کم وبیش تمام ممالک میں ہر جگہ ق نافذ ہے جس کے تحت کسی فرد کو کسی کی ہتک دی جاسکتی ہے۔ اس طرح آزادانہ اظہار عطا کرنے کے لیے عمل میں لائی جاتی ہے۔ کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کا باعث بنتا ہ گردانا جاسکتا۔ مزید برآں بہت سے ملکوں توہین قانونی طور پر قابلِ گرفت ہے اور اس فوج، قانونی عدالتیں یا پارلیمنٹ شامل ہیں موجود ہے جو آزادی تقریر پر سخت پابندیاں ع کی سزا دی جاسکتی ہے۔ اگر مطلق آزادی ا اعتراضات کیوں نہیں اٹھائے جاتے؟ کسی فرد ہے جس میں نازیبا کلمے اور گستاخانہ الفاظ کہنے مذہبی آزادی کا تحفظ شامل ہے۔ اقوام متحدہ ک حقوق کے تحفظ کی شق موجود ہے۔

## یو این او چارٹر کی دفعہ:

UNO چارٹر کی دفعہ (ii) کے مطابق اقوا مسائل کے حل اور بین الاقوامی تعاون کے حصول کے احترام کی حوصلہ افزائی کرنا ، سب کے لیے بلا جیسے بنیادی انسانی حقوق کو تسلیم کیا گیا۔

کہا، لیکن اس طرح کے جملے مذاق میں بھی نہیں کہنے چاہئیں یہاں بھی معاملہ آزادی اظہار پر پابندی کا نہیں بلکہ تہذیبوں کی مقدس ہستیوں اور علامات کی گستاخی اور بے ادبی کے عنصر کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔

دنیا کے کم وبیش تمام ممالک میں ہرجانہ کے دیوانی قانون کے تحت ہتک عزت کا قانون نافذ ہے جس کے تحت کسی فرد کو کسی کی حق تلفی یا شہرت کے نقصان پر ہرجانہ ادا کرنے کی سزا دی جاسکتی ہے۔ اس طرح آزادانہ اظہار کے مطلق حق کی تعزیر کسی فرد کے حقوق کو توازن عطا کرنے کے لیے عمل میں لائی جاتی ہے۔ بعینہ اگر کسی کا کوئی عمل ایک خاص قوم یا ملت کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کا باعث بنتا ہے تو آزادی تقریر کی آڑ میں اسے کبھی جائز نہیں گردانا جاسکتا۔ مزید برآں بہت سے ملکوں میں مخصوص قومی اداروں کے دستور کی تضحیک و توہین قانونی طور پر قابل گرفت ہے اور اس کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ ان قومی اداروں میں فوج، قانونی عدالتیں یا پارلیمنٹ شامل ہیں۔ اس طرح دنیا بھر میں توہین عدالت کا قانون موجود ہے جو آزادی تقریر پر سخت پابندیاں عائد کرتا ہے، اس کی خلاف ورزی کرنے پر قید کی سزا دی جاسکتی ہے۔ اگر مطلق آزادی اظہار کا قانون موجود ہے تو ان قوانین پر اعتراضات کیوں نہیں اٹھائے جاتے؟ کسی فرد کی عزت و آبرو کا تحفظ ایک بنیادی انسانی حق ہے جس میں نازیبا کلمے اور گستاخانہ الفاظ کہنے اور لکھنے کی ممانعت، ہتک عزت پر پابندی اور مذہبی آزادی کا تحفظ شامل ہے۔ اقوام متحدہ بہت سے ممالک کے دساتیر اور قوانین میں ان حقوق کے تحفظ کی شق موجود ہے۔

## یو این او چارٹر کی دفعہ:

UNO چارٹر کی دفعہ (11) کے مطابق اقتصادی، سماجی، ثقافتی اور انسانی بین الاقوامی مسائل کے حل اور بین الاقوامی تعاون کے حصول کی خاطر انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے احترام کی حوصلہ افزائی کرنا، سب کے لیے بلا امتیاز نسل، جنس، زبان و مذہب کی آزادی جیسے بنیادی انسانی حقوق کو تسلیم کیا گیا ہے۔

نیز اس شق کو انسانی حقوق کے یورپی کنونشن کی دفعہ 9 میں بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ اپنے مذہب یا عقائد کی آزادی کو ظاہر کرنے پر صرف ایسی حدود عائد کی جائیں گی جو جمہوری معاشرے میں عوام کے اجتماعی تحفظ، عوامی نظم و نسق کی بحالی، صحت یا اخلاق عامہ یا دوسروں کے حقوق اور آزادیوں کی حفاظت کے لیے ضروری ہوں اور ان کے لیے قانونی ضابطے موجود ہیں۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا دستور، ترمیمی بل برائے حقوق: "کانگریس مذہب کو قائم کرنے یا اس کی آزادی میں رخنہ اندازی کرنے یا تقریر اور پریس کی آزادی کو پابہ زنجیر کرنے، یا لوگوں کے آزادانہ اجتماع کے حق کی پاسداری اور حکومت کو شکایات کے ازالے سے روکنے کے لئے کوئی قانون وضع نہیں کرے گی۔" بعض امریکی ریاستوں نے گستاخانہ تضحیک و تنقیص کی روک تھام کے حوالے سے قوانین اپنی قانون کی کتابوں میں درج کر رکھے ہیں۔

(باب 272، سیکشن 360)

"جو کوئی بھی خدا کے پاک نام پر دانستہ گستاخانہ اور بے ادبی کے الفاظ کہتا ہے یا خدا کے بارے میں بد زبانی، بیہودہ گستاخانہ زبان درازی اور یاوہ گوئی سے کام لیتا ہے یا اس کی مخلوق مملکت یا حتمی انصاف کرنے والی ہیئت مقتدرہ کو ہدف بناتا ہے یا یسوع مسیح یا مقدس روح کی تضحیک کرتا ہے، مقدس صحیفوں میں درج خدائی فرامین کی ہتک اور توہین کرتا ہے اسے جیل میں قید کی سزا دی جائے گی۔"

گستاخانہ کلمات اور بے ادبی کی سزا اور حوصلہ شکنی کے لئے درج ذیل ممالک میں قوانین موجود ہیں۔

۱۔ آسٹریا

(آرٹیکل 188، 189 کریمینل کوڈ)

۲۔ فن لینڈ

(سیکشن 10 چیپٹر 17 پینل کوڈ)

۳۔ جرمنی

(آرٹیکل 166 کریمینل کوڈ)

۴۔ نیدرلینڈ

(آرٹیکل 147 کریمینل کوڈ)



۵۔ سپین

(آرٹیکل 525 کریمینل کوڈ)

۶۔ آئرلینڈ

(آئرلینڈ کے دستور کے آرٹیکل 1، 14

اشاعت ایک جرم ہے۔)

منافرت ایکٹ 1989 کے امتناع میں ایک گروہ یا جہ نفرت بھڑکانا بھی شامل ہے۔

۷۔ کینیڈا

(سیکشن 296 کینیڈین کریمینل کوڈ)

عیسائی مذہب کی تنقیص و تضحیک ایک جرم ہے۔

۸۔ نیوزی لینڈ

(سیکشن 123 نیوزی لینڈ کرائمز ایکٹ

مثال کے طور پر عیسائی دنیا میں گرجوں کی تقدیس کو قانو ممالک کے دساتیر میں ان کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ ڈنمارک چرچ) کی مثال موجود ہے جس میں کہا گیا ہے۔ ”ایونجیلیکل لوتھرن (پروٹسٹنٹ) چرچ ڈنمارک کا ریا مدد واعانت ریاست کے ذمہ ہوگی۔“ مذکورہ بالا قوانین سے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ آ مگر یہ ایک مطلق حق نہیں۔ ماضی میں سینکڑوں کی تعداد میں شائع ہوئے ہیں جن میں اسلام کو ہدف تنقید بنایا گیا ہے ا تضحیک کی کوشش کی گئی ہے مگر مسلمانان عالم نے کبھی اس نہیں کیا کیونکہ یہ بات بخوبی ان کے علم میں ہے کہ یہ اسلا ہے اور یہ آزادی اظہار کے ضابطوں کے زمرے میں آتا مضامین میں اسلام کو بالکل غلط رنگ میں پیش کیا جاتا ہے مبالغہ آمیز کہانیوں پر مبنی مواد اسلام کے حوالے سے پریس نے کبھی تحمل اور برداشت کا دامن اپنے ہاتھ سے نہیں چھوڑ ہمیشہ ایسے اعتراضات کا علمی اور فقہی جواب دینے پر ہی

۵۔ سپین (آرٹیکل 525 کریمینل کوڈ)

۶۔ آئرلینڈ (آئرلینڈ کے دستور کے آرٹیکل 40.6.1 ، i کے مطابق کفریہ مواد کی

اشاعت ایک جرم ہے۔) منافرت ایکٹ 1989 کے امتناع میں ایک گروہ یا جماعت کے لیے مذہب کے خلاف نفرت بھڑکانا بھی شامل ہے۔

۷۔ کینیڈا (سیکشن 296 کینیڈین کریمینل کوڈ)

عیسائی مذہب کی تنقیص و تضحیک ایک جرم ہے۔

۸۔ نیوزی لینڈ (سیکشن 123 نیوزی لینڈ کرائمز ایکٹ 1961ء)

مثال کے طور پر عیسائی دنیا میں گرجوں کی تقدیس کو قانون کا درجہ حاصل ہے، بعض یورپی ممالک کے دساتیر میں ان کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ ڈنمارک کے دستور کی سیکشن 4 (اسٹیٹ چرچ) کی مثال موجود ہے جس میں کہا گیا ہے۔ ”ایونجیلیکل لوتھرن (پروٹسٹنٹ) چرچ ڈنمارک کا ریاستی قائم کردہ چرچ ہوگا اور اس کی مدد و اعانت ریاست کے ذمہ ہوگی۔“

مذکورہ بالا قوانین سے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ آزادی تقریر ایک بنیادی حق تو ہے مگر یہ ایک مطلق حق نہیں۔ ماضی میں سینکڑوں کی تعداد میں ایسی کتابیں اور اخباری مضامین شائع ہوئے ہیں جن میں اسلام کو ہدف تنقید بنایا گیا ہے اور مسلمانوں کے بنیادی عقائد کی تضحیک کی کوشش کی گئی ہے مگر مسلمانانِ عالم نے کبھی اس عالمانہ بحث مباحثے پر اعتراض نہیں کیا کیونکہ یہ بات بخوبی ان کے علم میں ہے کہ یہ اسلام پر جاری بحث مباحثے کا حصہ ہے اور یہ آزادی اظہار کے ضابطوں کے زمرے میں آتا ہے۔ لاتعداد اخباری مقالوں اور مضامین میں اسلام کو بالکل غلط رنگ

میں پیش کیا جاتا ہے یہاں تک کہ صریحاً جھوٹ اور مبالغہ آمیز کہانیوں پر مبنی مواد اسلام کے حوالے سے پریس میں چھاپا جاتا ہے لیکن مسلمانوں نے کبھی تحمل اور برداشت کا دامن اپنے ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ اسلام کے علماء اور محققین نے ہمیشہ ایسے اعتراضات کا علمی اور فقہی جواب دینے پر ہی اکتفا کیا ہے۔ وہ یہ بات بخوبی

جانتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ وہ ایسے معاشروں میں رہ رہے ہیں جو آزاد اور حریت پسند جمہوریتوں کا حصہ ہونے کی داعی ہیں۔ تاہم جب کبھی آزادی اظہار کے حق کا غلط اور بیجا استعمال کیا جاتا ہے اور اسلام کی مقدس ترین ہستیوں کی دیدہ دانستہ توہین کی جاتی ہے تو پھر اس معاملے پر بے چینی، اضطراب اور غم و غصے کا پیدا ہونا ایک فطری اور قابل فہم امر ہے۔ پیغمبر اسلام نبی اکرم ﷺ کو چاقو لہراتے ہوئے دکھانا اور دستار میں بم چھپائے ہوئے ظاہر کرنا ایک بین گستاخی اور توہین آمیز اقدام ہے اور اس تنازعہ کو غلط رخ دے کر اس تاثر کو ہوا دینا ہے کہ وہ اور ان کے پیروکار (معاذ اللّٰہ) پرتشدد، دہشت گرد اور امن عالم کے دشمن ہیں۔ یہ عمل عدل وانصاف کے تمام مسلمہ ضابطوں کی دھجیاں بکھیرنے کے مترادف ہے۔ ایک دوسرے خاکے میں یوں عکاسی کی گئی ہے کہ وہ مردانہ خودکش بمباروں کی حمایت میں یہ کہہ رہے ہیں مزید برآں ان خاکوں کی اشاعت رواروی میں نہیں ہوئی بلکہ وہ مسلمانوں کے خلاف تعصب اور جانبداری کے خاص ماحول میں شائع کیے گئے ہیں اور نہ صرف ڈنمارک میں پائی جانے والی فضا بلکہ یورپ بھر کی آبادیوں میں مسلمانوں کے خلاف تناؤ اور مخاصمت پورے عروج پر ہے۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے ڈنمارک کی ملکہ کے یہ متنازعہ جملے اخبار میں چھپے ہیں۔ ”ہمیں اسلام کی مخالفت کرتے ہوئے اس امر کی کوئی پروا نہیں اگر ہمارے خلاف ناپسندیدہ لیبل بھی چسپاں کر دیئے جائیں کیونکہ کچھ چیزیں ایسی ہیں جن کے لیے ہمیں تحمل اور برداشت سے کام نہیں لینا۔“

مزید برآں بیشتر ملکوں نے دہشت گردی کے خلاف قانون سازی کرتے ہوئے افراد کی شہری آزادیوں پر سخت ناروا پابندیاں عائد کر رکھی ہیں۔ یہ قانون سازی اس طرح کی گئی ہے کہ ان کا خاص نشانہ وہاں کی مسلمان آبادی کو بنایا گیا ہے۔ اس سے ان میں یہ شدید احساس پایا جاتا ہے کہ ذرائع ابلاغ میں ایک بہت بڑی اقلیت سے مسلسل بلا روک ٹوک زیادتیاں کی جاتی ہیں اور ان کی ایسی منفی

تصویر کشی کی جاتی ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ پھر ان کی شہری آزادیوں کو پابندیوں کی زنجیروں میں جکڑ کر ان کی روزمرہ زندگی کو اجیرن بنا دیا گیا ہے۔ یہ سب کچھ تقریر کی آزادی اور قومی مفاد کے نام پر روا رکھا جاتا ہے۔

یہ امر موجب حیرت ہے کہ مسلمانوں کی مقدس ہستیوں کو آزادی تحریر و تقریر کے نام پر تضحیک کا نشانہ بنایا جاتا ہے یہ جانتے ہوئے کہ ان کی طرف اس کا شدید ردعمل ہوگا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان توہین آمیز خاکوں کی اشاعت کا مقصد مسلمانوں کی دل آزاری، ان کے جذبات کو مجروح کرنا اور ان کے مذہب اور ثقافت کو تضحیک کا نشانہ بنانا ہے۔

صورتحال کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے بعض عالمی رہنماؤں اور زعماء نے ان توہین آمیز خاکوں کی اشاعت کی مذمت کی ہے۔ اس کے ساتھ آزادی تقریر کے حق پر لگائی گئی پابندیوں پر بھی زور دیا ہے۔

کوفی عنان نے کہا: ”میں بھی آزادی تقریر کا احترام کرتا ہوں مگر تقریر کی آزادی مطلق نہیں ہوتی۔ یہ ذمہ داری اور انصاف کا بھی تقاضا کرتی ہے۔“

جیک سٹرا (برطانوی وزیر خارجہ) نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا: ”آزادی تقریر کا تو ہم سب احترام کرتے ہیں، لیکن بے عزتی اور اشتعال انگیزی کی کوئی چھوٹ نہیں دی گئی۔ میرے خیال میں ان خاکوں کی بار دگر اشاعت زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ یہ سب کچھ بے حسی، عدم احترام اور غلطی پر مبنی تھا۔ ہر مذہب میں قابل حرمت چیزیں ہوتی ہیں۔ یہ ایسا معاملہ نہیں کہ تحریر و تقریر کی آزادی کے نام پر عیسائی رسوم و رواج اور مذہبی عبادات سے تعرض کرنے کا موسم آگیا ہے نہ ہی یہ یہودی مذہب، ہندو مذہب یا سکھ مذہب کے حقوق اور رسوم سے چھیڑ چھاڑ کرنے کا موسم ہے۔ ایسا اسلامی مذہب سے بھی روا نہیں رکھا جانا چاہئے۔ ہمیں اس صورت حال میں احتیاط اور مناسب ادب و احترام کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔“ (بی بی سی نیوز اور ویب سائٹ) امریکی اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے یہ بیان جاری ہوا: ”یہ کارٹون واقعی توہین آمیز اور مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے

کا موجب ہیں۔“ محکمے کے ترجمان کرٹس کوریر کا بیان ہے۔ ”ہم سب آزادی اظہار اور پریس کی آزادی کا مکمل احترام کرتے ہیں، لیکن اس کے ساتھ پریس کو ذمہ داری کا مظاہرہ بھی کرنا ہوگا۔ مذہبی اور فرقہ وارانہ منافرت کو اس طرح ہوا دینا قابل قبول نہیں۔“ (ڈیلی ٹیلی

گراف 06-2-4) فلپ ڈوسٹے بلیڈی (فرانسیسی وزیر خارجہ) نے اس موقع پر کہا: "آزادی اصول تحمل و برداشت، عقیدوں اور مذاہب کے احترام کے جذبے کے ساتھ ملحوظ رکھنا چاہئے اور یہ ہمارے ملک میں سیکولرز کے لیے بنیاد کا درجہ رکھتا ہے۔" (بی بی سی نیوز)

ویٹی کن کارڈینل Achille Selvestrine (پاپائے روم) نے ان کارٹونوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ "مغربی کلچر کو اپنی حدود کے اندر رہنا سیکھنا چاہئے۔"

ان تصریحات سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ آزادی تحریر و تقریر کے بارے میں اس سوچ کو جگہ دینا کہ اس آزادی کی کوئی حدود و قیود نہیں ایک غلط مفروضہ ہے۔ کوئی قول اور فعل جو کسی طبقہ کی اخلاقی اور مذہبی اقدار کو ٹھیس پہنچاتا ہے اور جس سے اس کی سلامتی، بقا اور تقدیس پر ضرب لگانے سے امن کے لیے سنگین خطرہ پیدا ہو جاتا ہے، اسے آزادی تحریر و تقریر کا حق نہیں گردانا جا سکتا۔ اسلام تحمل و رواداری، بقائے باہمی اور جیو اور جینے دو کے اصول کی تعلیم دیتا ہے۔ یہ دوسرے مذاہب کے معبودوں، مذہبی علامتوں کو بُرا کہنے کی حوصلہ شکنی کرتا ہے اور انسانیت کے احترام کا سبق دیتا ہے۔ (القرآن الانعام ۶: ۱۰۸) اسلامی قانون نے بلا امتیاز دیگر مذاہب کی سلامتی، وقار و احترام اور ان کے عقائد کے احترام پر بہت زور دیا ہے۔

اگر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ بقائے باہمی اور تحمل و برداشت کے اصولوں کو بالائے طاق رکھ دیا جائے، اخلاقی اور مذہبی اقدار کی توہین و تضحیک کی جائے تو اس صورت میں موجودہ کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگا اور تناؤ کی فضا اور بھی سنگین ہو جائے گی۔ یورپ اپنے آپ کو ایک تعلیم یافتہ اور مہذب معاشرہ سمجھتا ہے لیکن یہ بات ماورائے فہم ہے کہ اس کا ردّعمل اپنی ایک بڑی

اقلیت کے مذہب کے بنیادی حق کی خلاف ورزی کے بارے میں اس قدر بے حسی اور بے عملی کا مظاہرہ مظہر و عکاس ہوگا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی ایسی تدبیر اور لائحہ عمل اختیار کیا جائے جس سے ایسے

واقعات کو دوبارہ رونما ہونے سے روکا جا سکے جو عالمی امن کو سنگین خطرات سے دوچار کرنے کا باعث بن رہے ہیں۔ وہ لوگ جو اس بات کی وکالت کرتے ہیں کہ آزادی تحریر و تقریر سے تعرض نہیں کرنا چاہئے اور یہ کہ اس پر کوئی قدغن عائد نہیں کی جاسکتی انہیں اپنے جمہوری معاشروں پر ایک نظر ضرور ڈال لینی چاہئے اور یہ دیکھ لینا چاہئے کہ ان کی شہری آزادیوں کو دہشت گردی کے خلاف حالیہ قانون سازی کے ذریعے کتنا کھوکھلا بنا دیا گیا ہے۔ ان کی طرف سے اٹھائے جانے والے اقدام نے افراد کے حقوق اور آزادیوں کو زنجیروں سے جکڑ دیا ہے اور اس سے پیدا ہونے والے مضمرات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ اس صورت حال کا فوری ازالہ کیا جائے۔ مسلمانوں میں اجنبیت اور نشانہ بنائے جانے کا احساس بہت شدت پکڑ گیا ہے۔ بالخصوص جب ان کے مقدس ترین دینی شعائر اور شخصیات پر اخبارات کے ذریعے حملہ کیا جاتا ہے تو لامحالہ اس کا ردعمل بھی اتنا ہی شدید ہوگا۔

اگر اس مسئلے کو سنجیدگی سے لے کر اس صورت حال سے عہدہ برآ ہونے کے لیے مناسب اقدامات نہ کیے گئے تو پھر اس کے نتیجے میں ایسے معاشرتی، سیاسی اور اقتصادی و معاشی بحران جنم لیں گے جو تہذیبوں اور اقوام کے مابین خطرناک تصادم پیدا کرنے کا باعث ہوں گے۔

ان رسوا کن قابل مذمت خاکوں کی اشاعت سے پیدا ہونے والے غم و غصہ کے پیچھے ایسی وجوہ ہیں جو اس جرم پر حکومتوں کی بے اعتنائی اور لاپرواہی کا نتیجہ ہیں۔ اس وقت دنیا بھر میں سوا ارب مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو بُری طرح ٹھیس پہنچی ہے۔ چاہئے تو یہ تھا کہ معاملے کو ٹھنڈا کیا جاتا لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ اس معاملے کو سلجھانے کی بجائے اس کا جواز دینے کی مسلسل کوشش کی جا رہی ہے جس سے دنیا بھر میں اضطراب اور بے چینی کی کیفیت میں روز بہ روز اضافہ اور شدت پیدا ہو رہی ہے۔

اس بین الاقوامی اہمیت کے مسئلے کو حل کرنے اور اس سے رونما ہونے والی کشیدہ صورت حال کے ازالے کے لیے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل اقدامات کو عملی جامہ پہنایا جانا ناگزیر ہے۔

۱۔ وہ تمام اخبارات جنہوں نے ان خاکوں کو شائع کیا ہے۔ غیر مشروط معافی مانگیں اور

ان اشاعتوں کو واپس لیں۔

۲۔ ان تمام حکومتوں کے لیے جو آزادی تقریر و تحریر کو افراد اور جماعتوں کے حقوق سے

متوازن بنانے کی حامی ہیں واضح قانون سازی کرنا ضروری ہے کہ ان کے مقدس اور قابل تکریم عقائد ونظریات کی تضحیک نہیں کی جائے گی۔

۳۔ تمام حکومتوں کو یہ امر یقینی بنانا چاہئے کہ اس طرح کی جانے والی قانون سازی کو

ضابطے کے عمل سے گزار کر نافذ کیا جائے تاکہ اس قسم کی اشتعال انگیزی اور تضحیک کو دوبارہ رونما ہونے سے روکا جاسکے۔

مجھے توقع ہے کہ عقل و ہوشمندی سے کام لیتے ہوئے ذمہ دار رہنما موقع کی مناسبت کے مطابق اس نقصان کی تلافی کریں گے جو بین المذاہب تعلقات کو پہنچ چکا ہے۔ میں اس بات کی توقع بھی رکھتا ہوں کہ متعلقہ ممالک کے رہنما ذمہ دارانہ قیادت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسلم دنیا کی طرف خیر سگالی کا ہاتھ بڑھائیں گے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# محسن انسانیت ﷺ کی تعظیم و توقیر اور ادب و احترام

## عالم انسانیت کا اجتماعی اور انسانی فریضہ

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی

یہ ایک تاریخی اور ابدی حقیقت ہے کہ رہبر آدمیت، محسن انسانیت، ہادی اعظم حضرت محمد ﷺ کے ظہورِ قدسی سے عالم نو طلوع ہوا، انسانیت کی صبح سعادت کا آغاز ہوا، جب آپ ﷺ نے اس جہان میں قدم رکھا، اس وقت سے تاریخ عالم نے ایک نئے سفر کا آغاز کیا۔ دنیا میں آپ ﷺ کی تشریف آوری سے ایک تاریخ ساز اور مثالی دور کا آغاز ہوا۔ ایک ایسا انقلاب رونما ہوا جس نے انسانی عظمت و وقار کو بحال کر کے دنیا میں امن و سلامتی اور احترام انسانیت کو عام کیا۔ انسانیت کو توحید کے نور سے منور کر کے کفر و شرک اور ظلمت و جہالت کے اندھیروں اور تاریکیوں کو دور کیا۔ خورشید احمد گیلانی مرحوم کے الفاظ میں ”اس سے قبل انسان اس قدر پستی کا شکار تھا کہ ہر ابھرتی شے کے سامنے جھک جاتا، اتنا خوف زدہ تھا کہ ہر ہیبت زدہ شے کی بندگی پر آمادہ ہو جاتا، اتنا سہما ہوا تھا کہ ہر ایک کا زور اس پر چلتا تھا۔ وہ ظلم، جہالت، کفر و شرک کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا تھا، طبقاتی تقسیم اور غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ جنگ و جدل، اور ظلم و سفاکی اس کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ اس تاریک دور میں انسان اتنا پست اور گھٹا ہوا تھا کہ کائنات میں سانس لیتے ہوئے خوف محسوس کرتا تھا، ظلم و استحصال اور طبقاتی و نسلی منافرت میں اتنا جکڑا ہوا تھا کہ ہر نئی زنجیر کو اپنے لیے تقدیر سمجھتا تھا“۔

محسن انسانیت ﷺ نے دنیائے انسانیت کو اس کا حقیقی مقام عطا کیا، اس کی عزت و آبرو کو بحال کیا، اس کے شرف و منزلت اور تکریم کا اعلان کیا۔ احترام انسانیت کا درس عام کیا۔ ظلم و جبر، استحصال، طبقاتی تقسیم اور غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے انسانوں کو حریت، عزت و وقار اور مساوات کا پیغام دیا۔ آپ ﷺ نے اسے بتایا کہ تیری حرمت کعبے سے افضل ہے۔

تو زمین پر اللہ کا نائب اور اس کا خلیفہ ہے، تو مسجود ملائک اور اشرف المخلوقات ہے، یہ دنیا، یہ کائنات اور قدرت کے یہ مناظر تیرے لیے ہیں اور تو اپنے پروردگار کی بندگی کے لیے بھیجا گیا ہے، اس طرح آپﷺ نے انسان کو انسان کی غلامی سے نکال کر اسے اللہ کی بندگی اور صراط مستقیم پر گامزن کیا۔ اسے بندگی کا شعور اور خود آگہی کا مثالی درس دیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ انسان جو لاعلمی اور خود فریبی کی بناء پر پہلے مٹی کے بتوں کے سامنے سجدہ ریز ہوتا تھا، بعد ازاں پہاڑ اس کی ہیبت سے رائی بنے، جو انسان پتھر کی مورتیوں اور انجانی قوتوں کے خوف سے جاں بلب تھا، صحرا اور دریا اس کی ٹھوکر سے دو نیم ہوئے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ کائنات کا اعتبار ہو یا انسانیت کی تکریم، اس کی عزت و وقار کی بحالی ہو، یا شرف و منزلت اور دین و دنیا میں اس کی کامیابی، علم کی اشاعت ہو یا تہذیب و تمدن کا عروج، یہ سب کچھ صاحب لولاک، ہادی اعظم، سید عرب و عجم حضرت محمدﷺ کے دم قدم سے ہے۔ یہ عالم انسانیت پر رہبر آدمیت، محسن انسانیتﷺ کے وہ احسانات ہیں، جنہیں تاریخ انسانیت کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔ آپﷺ عالم انسانیت کی آبرو اور اس کا وقار ہیں۔ آپﷺ انسانیت کی آبرو بڑھانے اور اسے دین کی اس روشن و درخشاں راہ پر گامزن کرنے کے لیے تشریف لائے، جو صراط مستقیم اور دین و دنیا کی کامیابی و سرفرازی کا راستہ ہے۔ ایسا روشن راستہ جس میں کہیں ظلمت اور تاریکی کا گزر نہیں اور یہی راستہ انسانیت کی فلاح اور نجات کی کلید ہے۔

اس تاریخی حقیقت کے متعلق مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کیا خوب لکھتے ہیں: "محسن انسانیتﷺ نے انسانیت کو نئی زندگی، نیا حوصلہ، نئی طاقت، عزت و عظمت اور نئی منزل سفر عطا کی۔ آپﷺ کی آمد سے تہذیب و تمدن، علم و فن، روحانیت و اخلاص اور تعمیر انسانیت کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ انسانی معاشرے کو ایک بے بہا دولت عطا ہوئی، انسانیت کو نئی زندگی

ملی، عدل و انصاف کا دور دورہ ہوا، کمزوروں میں طاقت وروں سے اپنا حق وصول کرنے کی ہمت و طاقت پیدا ہوئی، ہر سو الفت و محبت کی خوشبو پھیل گئی، ایمان و یقین کی

ہوائیں چلنے لگیں۔ انسانی قلوب نیکی اور بھلائی کی طرف ایسے کھنچنے لگے جیسے مقناطیس کی طرف لوہے کے ٹکڑے کھنچے چلے جاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے انسانیت کی تعمیر، اس کی فلاح اور کردار سازی میں ناقابل فراموش کردار ادا کیا۔ (۱)

(بحوالہ مقالات مفکر اسلام، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، ص 206)

مغرب کا نامور مورخ جان ولیم ڈریپر یورپ کی ذہنی وعلمی تاریخ کے ضمن میں اعتراف حقیقت کے طور پر لکھتا ہے: ”جسٹینین کی موت کے چار سال بعد سرزمین عرب کے شہر مکے میں وہ ہستی ﷺ پیدا ہوئی، جس نے نسل انسانی پر سب سے زیادہ اثر ڈالا“۔

ان تمام احسانات کا تقاضا یہ ہے کہ پوری دنیائے انسانیت بلا تفریق مذہب وملت آپ ﷺ کو اپنا ہادی ورہبر، نجات دہندہ اور محسن تسلیم کرے۔ آپ ﷺ کے ادب واحترام اور عزت وتوقیر کے تقاضے پورے کرے۔ آپ ﷺ کی عظمت و ناموس اور شرف وبزرگی کو سمجھے۔ آپ ﷺ انسانیت کے محسن اعظم ہیں، اب دنیائے انسانیت پر یہ لازم ہے کہ آپ ﷺ کی عزت وتوقیر اور تکریم کو اپنا انسانی اور اخلاقی فریضہ تسلیم کرتے ہوئے آپ ﷺ کی عظمت کا اعتراف کرے، یہ انسانیت پر ایک ایسا قرض ہے جو اس پر ہمیشہ رہے گا۔ جبکہ یہ بھی ایک ابدی حقیقت ہے کہ آپ ﷺ کی سب سے نمایاں خصوصیت وامتیاز آپ ﷺ کا امام الانبیاء، سید المرسلین اور خاتم النبیین ہونا ہے، آپ ﷺ کی دعوت، آپ ﷺ کا پیغام اور دین اسلام آفاقی اور کائناتی ہیں۔ آپ ﷺ بنی نوع آدم اور پورے عالم انس وجن کے لیے ہادی اعظم اور خاتم الانبیاء بنا کر مبعوث فرمائے گئے، آپ ﷺ پر دین کی تکمیل کر دی گئی، اب پوری انسانیت آپ ﷺ کی امت اور آپ ﷺ پوری انسانیت کے بشیر ونذیر اور نجات دہندہ ہیں، قرآن کریم میں اس حوالے سے ارشاد فرمایا گیا: ”اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام انسانوں کے لیے خوشخبری سنانے والا اور آگاہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے“۔ (سورۂ سبا / 28)

آپ ﷺ کی نبوت ورسالت کی آفاقیت اور عالمگیریت کے حوالے سے ارشاد ربانی ہے: ''کہہ دیجیے، اے لوگو، میں تم سب کی طرف اللہ کا پیغام دے کر بھیجا گیا ہوں۔

(سورۃ الاعراف / 158)

ایک اور مقام پر فرمایا گیا: "برکت والا ہے وہ (اللہ) جس نے حق و باطل میں امتیاز کرنے والی کتاب اپنے بندے حضرت محمدﷺ پر نازل کی، تاکہ وہ دنیا جہاں کے لیے باخبر اور آگاہ کرنے والا ہو"۔ (سورۃ الفرقان / 1)

ہادی اعظم ، حضرت محمدﷺ پوری انسانیت کے لیے نبی بنا کر مبعوث فرمائے گئے، بے شمار احادیث سے اس حقیقت کی وضاحت ہوتی ہے، آپﷺ کا ارشاد گرامی ہے: "میں کالے اور گورے (مشرق و مغرب) تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں"۔

(احمد بن حنبل، المسند 416/4)

ایک موقع پر آپﷺ نے اپنی پیغمبرانہ خصوصیت کے حوالے سے ارشاد فرمایا: "میں تمام انسانوں کی طرف (نبی بنا کر) بھیجا گیا ہوں، حالانکہ مجھ سے پہلے جتنے بھی انبیاء مبعوث ہوئے، وہ خاص اپنی قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے"۔ (حوالہ سابقہ)

رسول اکرمﷺ کا ارشاد گرامی حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے، پہلے (گزشتہ زمانوں میں) ہر نبی خاص اپنی قوم کی طرف مبعوث کیے جاتے تھے اور میں تمام انسانیت کے لیے مبعوث ہوا ہوں۔ (بخاری / الجامع الصحیح 6871)

آپﷺ دعائے خلیلؑ، تمنائے کلیمؑ اور نوید عیسیٰؑ ہیں۔ ہادی آخر و اعظم ، حضرت محمدﷺ وہ عظیم المرتبت پیغمبر ہیں، جن کی نبوت ،عزت وتوقیر، ایمان واعانت کا اللہ نے تمام انبیائے کرام سے عہد لیا تھا، اس لحاظ سے تمام الہامی مذاہب اور پوری انسانیت پر یہ دینی اور انسانی فریضہ ہے کہ وہ آپﷺ کی نبوت کا اعتراف کریں، آپﷺ کی عزت وتوقیر اور ادب واحترام کو ملحوظ رکھیں،

ارشاد ربانی ہے: ”اور جب اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا کہ جب میں تمہیں کتاب اور دانائی عطا کروں، پھر تمہارے پاس کوئی نبی (حضرت محمدﷺ) آئیں، جو تمہاری کتاب کی تصدیق کریں، تو تمہیں ضرور ان پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور ان کی مدد کرنی ہوگی اور (عہد لینے کے بعد) پوچھا کہ کیا تم نے اس کا اقرار کیا اور اس اقرار پر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

میرا ذمہ لیا (یعنی مجھے ضامن فرمایا کہ تم اس عہد و پیمان کے

اللہ تعالیٰ سے یہ عہد تمام ا فریضہ ہے کہ وہ اس عہد کی ہے کہ وہ اس ابدی صدا لائیں، آپﷺ کی عزت و اسلام کو ایک ابدی ضابطہ حیات اور مسلمانوں کا بالخصوص یہ د اور آپﷺ کا ادب و احترام تورات اور انجیل میں رسولِ کو بیان فرمایا ہے کہ ان میں مدد اور ادب و احترام کو ملحوظ ر ہے: ”وہ جو (محمد رسول الہ اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورا اور برے کاموں سے روکے، چیزوں کو ان پر حرام ٹھہراتے میں) تھے، اتارتے ہیں، تو جو اور جو نور ان کے ساتھ نازل ہیں ۔“ (سورۃ الاعراف / 157) علامہ سید سلیمان ندویؒ ا کر دیا گیا کہ گزشتہ مذاہب

میرا ذمہ لیا (یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا) تو انہوں نے کہا (ہاں) ہم نے اقرار کیا (اللہ نے) فرمایا کہ تم اس عہد و پیمان کے گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں"۔

(سورۃ آل عمران / 81)

اللہ تعالیٰ سے یہ عہد تمام انبیائے کرام نے کیا تھا، نتیجے کے طور پر ہر نبی کی امت کا یہ دینی فریضہ ہے کہ وہ اس عہد کی توثیق و تکمیل کرے، بالخصوص یہودیت اور عیسائیت کا یہ فریضہ ہے کہ وہ اس ابدی صداقت کو تسلیم کرتے ہوئے آپﷺ کی نبوت پر ایمان لائیں، آپﷺ کی عزت و توقیر، ادب و احترام، آپﷺ کی نبوت پر ایمان اور دین اسلام کو ایک ابدی ضابطۂ حیات کے طور پر تسلیم کرنا، پوری انسانیت کا بالعموم اور اہل کتاب اور مسلمانوں کا بالخصوص یہ دینی اور انسانی فریضہ ہے۔ آپﷺ کی عزت و ناموس کا تحفظ اور آپﷺ کا ادب و احترام انسانیت کا دینی اور اجتماعی فریضہ ہے۔

تورات اور انجیل میں رسول اللہﷺ کا بطور خاص تذکرہ کر کے اللہ تعالیٰ نے اس حقیقت کو بیان فرمایا ہے کہ ان میں سے جو رسول اللہﷺ کی نبوت پر ایمان لاتے، آپﷺ کی مدد اور ادب و احترام کو ملحوظ رکھتے ہیں، وہی در حقیقت فلاح پانے والے ہیں۔ ارشاد ربانی ہے: "وہ جو (محمد رسول اللہﷺ) کی جو نبی امّی ہیں، پیروی کرتے ہیں، جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ انہیں نیکی کا حکم دیتے اور برے کاموں سے روکتے ہیں اور پاک چیزوں کو ان کے لیے حلال کرتے اور ناپاک چیزوں کو ان پر حرام ٹھہراتے ہیں اور ان پر سے بوجھ اور طوق جو ان (کے سر) پر (اور گلے میں) تھے، اتارتے ہیں، تو جو لوگ ان پر ایمان لائے اور ان کی رفاقت کی اور انہیں مدد دی اور جو نور ان کے ساتھ نازل ہوا ہے، اس کی پیروی کرتے ہیں، وہی مراد پانے والے ہیں"۔

(سورۃ الاعراف / 157,156)

علامہ سید سلیمان ندویؒ اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں: "ان آیات میں صاف ظاہر کر دیا گیا کہ گزشتہ مذاہب کے پیروؤں کے لیے محمد رسول اللہﷺ پر ایمان لانا، اس لیے

ضروری ہے کہ وہ دین خالص جو انسانی تصرفات اور آمیزشوں سے مکدر ہو گیا تھا، وہ سابقہ آسمانی کتب کی پیش گوئیوں کے مطابق آپ ﷺ کے ذریعے پھر سے نکھارا گیا، نیز آپ ﷺ عالم گیر پیغمبر بنا کر مبعوث فرمائے گئے، اس لیے ہدایت تامہ، نبوت عمومی، نجات کامل اور فلاح عام اب صرف دین محمدی ﷺ کے اندر محدود ہے۔“

(سید سلیمان ندوی/سیرت النبی ﷺ 403/4)

قرآن کے علاوہ کسی آسمانی صحیفے نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مکمل ہے اور اُس کے ذریعے دین تکمیل کو پہنچ گیا، بلکہ گزشتہ آسمانی مذاہب میں سے ہر ایک نے یہی کہا کہ ایک نبی (حضرت محمد ﷺ ) آئیں گے، جو دین کی تکمیل کریں گے، اس کا تذکرہ تورات اور انجیل دونوں میں موجود ہے۔ (چناں چہ تورات/استثناء۔ 18، 19، انجیل/یوحنا۔ 14، 26 اور یوحنا 8/16 ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں)

ان حقائق سے واضح ہوتا ہے کہ ختمی مرتبت، محسن انسانیت، حضرت محمد ﷺ کی نبوت، آپ ﷺ کا پیغام اور آپ ﷺ کا دین عالمگیر ہے۔ تمام الہامی مذاہب کے پیروکاروں پر بطور خاص آپ ﷺ پر ایمان لانا، آپ ﷺ کی عزت وتوقیر اور ادب واحترام فرض ہے۔ آپ ﷺ کی عزت وتکریم یہودیت، عیسائیت، اسلام اور پوری انسانیت کا اجتماعی فریضہ ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات اور آپ ﷺ کی عظیم المرتبت شخصیت پوری انسانیت کی عالمی اور مشترکہ میراث ہیں۔ یہ انسانیت پر ایک قرض اور فرض ہے۔ تمام انبیائے کرام نے اپنی اُمتوں کو آپ ﷺ کی عزت وعظمت، ادب واحترام، اعانت ونصرت اور آپ ﷺ کی نبوت پر ایمان لانے کی تعلیم دی۔ انہیں اس کا پابند قرار دیا کہ وہ آپ ﷺ کی نبوت پر ایمان لائیں، آپ ﷺ کی نبوت کا احترام کریں، آپ ﷺ کے دین کو قبول کر کے اس کی ترویج واشاعت میں اپنا کردار ادا کریں۔ یہ درحقیقت اللہ عز وجل کا تمام انبیائے کرام سے اور

انبیائے کرام کا اپنی اُمتوں سے وہ میثاق تھا، جسے تورات، انجیل اور قرآن کریم نے پوری وضاحت اور صراحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ علاوہ ازیں دیگر مذاہب جنہیں غیر الہامی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

مذاہب سے تعبیر کیا جاتا ہے، اُن کی ہ المرتبت ہستی کے ظہور قدسی کے متعلق کی مقدس کتابوں میں موجود ہیں۔

اس لحاظ سے الہامی اور غیر الہا پوری اُمت کا یہ فریضہ ہے کہ وہ آپ ملحوظ رکھیں۔ آپ ﷺ کی عظمت کو تس ذمے داری ہے۔

علامہ نبہانی ”جواہر البحار“ میں ف

(اسمعیل بن یوسف

مطبوعہ قاہرہ)

اللہ نے ہم (مسلمانوں) پر نصرت، محبت اور ادب واحترام کو ف

علامہ شیخ اسمعیل حقیؒ نعت پر تحریر فرماتے ہیں:

”انہ یجب علی الامۃ ان حیاتہ وبعد وفاتہ، فانہ بقدر از دیا

(شیخ اسمعیل حق

اُمت پر واجب ہے کہ وہ ر آپ ﷺ کی حیات طیبہ میں جس قدر رسول اللہ ﷺ کی رسول اللہ ﷺ کی تعظیم دین کا لازمی اور بنیادی ک

مذاہب سے تعبیر کیا جاتا ہے، اُن کی مقدس کتابیں بھی ایک نجات دہندہ کی آمد اور ایک عظیم المرتبت ہستی کے ظہور قدسی کے متعلق شہادتیں دیتی رہی ہیں۔ یہ تاریخی حقائق آج بھی اُن کی مقدس کتابوں میں موجود ہیں۔

اس لحاظ سے الہامی اور غیر الہامی مذاہب، تمام انسانی معاشروں، مہذب اقوام اور پوری امت کا یہ فریضہ ہے کہ وہ آپ ﷺ کی عزت وتوقیر، ادب واحترام اور ناموس و وقار کو ملحوظ رکھیں۔ آپ ﷺ کی عظمت کو تسلیم کریں۔ آپ ﷺ کی عزت و تکریم پوری انسانیت کی ذمے داری ہے۔

علامہ نبہانی "جواہر البحار" میں فرماتے ہیں: "اوجب علینا تعظیمہ وتوقیرہ ونصرتہ ومحبتہ والادب معہ" (اسمعیل بن یوسف النبہانی /جواہر البحار فی فضائل النبی ﷺ المختار 251/3/

مطبوعہ قاہرہ)

اللہ نے ہم (مسلمانوں) پر رسول اللہ ﷺ کی عزت و توقیر، تعظیم و تکریم، اعانت و نصرت، محبت اور ادب و احترام کو لازم قرار دیا ہے۔

علامہ شیخ اسمعیل حقیؒ امت پر رسول اکرم ﷺ کی تعظیم و توقیر اور ادب واحترام کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

"انہ یجب علی الامۃ ان یعظموہ علیہ الصلاۃ والسلام و یوقروہ فی جمیع الاحوال فی حال حیاتہ وبعد وفاتہ، فانہ بقدر ازدیاد تعظیمہ وتوقیرہ فی القلوب یزداد نور الایمان"

(شیخ اسمعیل حقیؒ / تفسیر روح البیان 216/7، مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ)

امت پر واجب ہے کہ وہ رسول اکرم ﷺ کی تعظیم و توقیر کو بجالائے، تمام حالات میں آپ ﷺ کی حیاتِ طیبہ میں بھی اور آپ ﷺ کے وصال کے بعد بھی۔ کیونکہ دلوں میں جس قدر رسول اللہ ﷺ کی تعظیم و توقیر میں اضافہ ہوگا، اتنا ہی نورِ ایمان میں اضافہ ہوگا۔

رسول اللہ ﷺ کی تعظیم وتوقیر اور ادب واحترام جس طرح امت پر فرض ہے، اسی طرح یہ دین کا لازمی اور بنیادی تقاضا بھی ہے، امام ابن تیمیہؒ اپنی معرکۃ الاراء کتاب "الصارم

المسلول علی شاتم الرسول‘ میں رقمطراز ہیں:

’’فقیام المدح والثناء علیہ والتعظیم والتوقیر لہ، قیام الدین کلہ، وسقوط ذلک سقوط الدین کلہ‘‘۔

(ابن تیمیہؒ، الصارم المسلول علیٰ شاتم الرسول ص 211، مطبوعہ قاہرہ)

آپﷺ ہی وہ عظیم المرتبت پیغمبر اور نجات دہندہ ومحسن انسانیت ہیں، جن کی بدولت انسانیت کو دین ودنیا کی فلاح اور آخرت میں نجات کی راہ ملی۔ آپﷺ کی شخصی عظمت پر مسلم ہی نہیں، دنیا کے مشاہیر اور غیر مسلم دانشور بھی متحد ومتفق ہیں، مغرب کے نامور دانشوروں نے آپﷺ کے حضور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے آپﷺ کی عظمت کو تسلیم کیا ہے۔ رسول اکرمﷺ ہی پوری انسانیت میں سب سے برتر، سب سے زیادہ لائق تکریم، عزت وتوقیر اور عظمت واحترام کے مستحق ہیں۔ آپﷺ کا ادب واحترام پوری انسانیت پر لازم ہے۔ یہ ایک ایسی تاریخی حقیقت ہے، جس کا اعتراف مذاہب عالم کے غیر مسلم دانشوروں کو بھی ہے۔ مشہور ہندو شاعر کنور مہندر سنگھ بیدی سحر کیا خوب کہتے ہیں ؎

عشق ہو جائے کسی سے ، کوئی چارہ تو نہیں
صرف مسلم کا محمدﷺ پہ اجارہ تو نہیں

شیش چندر سکسینہ کیا خُوب کہتے ہیں

یہ ذاتِ مقدس تو ہر انساں کو ہے محبوب
مسلم ہی نہیں وابستہ دامانِ محمدﷺ

معروف امریکی دانش ور ڈاکٹر مائیکل ایچ ہارٹ اور اس کی اعلیٰ تعلیم یافتہ بیوی نے دنیا کی مشہور ومعروف شخصیات کی سوانح حیات کا مطالعہ کیا، اس مطالعے کے بعد انہوں نے ”The 100“ نامی کتاب لکھی، ان کے بقول اس کتاب میں انسانی تاریخ کی سو اعلیٰ ترین شخصیات کے حالات درج ہیں۔ جنہوں نے ان کے نزدیک انسانی تاریخ پر نمایاں ترین اثرات ڈالے، اس کتاب میں پیغمبر اسلام حضرت محمدﷺ کے تذکرے کو سر فہرست اور پہلے نمبر پر رکھا گیا ہے، کیوں کہ وہ تاریخ کے سب سے عظیم المرتبت اور سب سے عظیم

انسان ہیں۔ موصوف رقم طراز ہے: "پوری انسانی تاریخ میں محمدﷺ وہ واحد شخصیت ہیں، جو دینی اور دنیوی دونوں اعتبار سے غیر معمولی طور پر کامیاب و کامران اور سرفراز ٹھہرے۔"

فرانسیسی محقق اور دانشور ڈاکٹر گستاؤ لی بان "تمدن عرب" میں لکھتا ہے: "اگر اشخاص کی زندگی، بزرگی اور عظمت کا اندازہ اُن کے کارناموں سے لگایا جاسکتا ہے تو ہم لکھیں گے کہ حضرت محمدﷺ انسانی تاریخ میں سب سے عظیم شخصیت گزرے ہیں۔"

ہندو سیرت نگار سوامی لکشمن پرشاد اپنی کتاب "عرب کا چاندﷺ" میں رقمطراز ہے: "دنیا کی اُن جلیل القدر ہستیوں میں جن کے اسمائے گرامی ہاتھ کی اُنگلیوں پر شمار کیے جاسکتے ہیں، سرور کائنات حضرت محمدﷺ کو کئی اعتبار سے ایک خاص امتیاز حاصل ہے۔"

کمپیوٹر سافٹ ویئر تیار کرنے والی دنیا کی مشہور کمپنی "Micro Soft" نے اکیسویں صدی عیسوی کے آغاز پر پوری دنیا سے یہ سوال کیا کہ "دنیا کی سب سے عظیم ترین شخصیت کون ہے؟ جس نے اپنے فکر وعمل سے انسانی تاریخ اور انسانی زندگی پر گہرے نقوش مرتب کیے، اور دنیائے انسانیت اس سے متاثر ہوئی۔ اس کے جواب میں دنیا کے بیش تر افراد نے رسول اللہﷺ کی ذات گرامی کو انسانی تاریخ کی سب سے عظیم المرتبت شخصیت قرار دیا۔ رائے دہندگان میں بیش تر افراد کا تعلق مغربی دنیا سے تھا۔"

اس لحاظ سے یہ کہنا بالکل دُرست ہے کہ رسول اکرم حضرت محمدﷺ تمام انبیائے کرام، آسمانی کُتب کی شہادت، یہودیت اور عیسائیت، دنیا کے دیگر مذاہب، تمام انسانی معاشروں اور مہذب اقوام کے نزدیک سب سے عظیم المرتبت ہستی ہیں۔ دنیائے انسانیت پر آپﷺ کے سب سے زیادہ احسانات ہیں، آپﷺ خاتم الانبیاء، سید المرسلین اور محسن انسانیت ہیں۔ ان تمام حقائق کا تقاضا

یہ ہے کہ مشرق ومغرب، تمام مذاہب اور پوری انسانیت آپﷺ کی عزت وتوقیر، ادب واحترام، عظمت و ناموس اور شان و وقار کو ملحوظ رکھے۔ یہ انسانیت کا اجتماعی فریضہ ہے۔ آئین، تہذیب اور اعلیٰ انسانی اقدار کا تقاضا ہے۔ جب کہ آپﷺ کی بے احترامی اور توہین گویا خالق کائنات، تمام انبیائے کرام، الہامی

مذاہب اور پوری دنیا کے مذاہب و مہذب انسانی معاشروں کی توہین کے مترادف ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ آپﷺ کی شان میں معمولی گستاخی بھی ناقابل معافی جرم اور پوری انسانیت کی توہین اور دل آزاری کے مترادف ہے۔ خاص طور پر اُمتِ مسلمہ جس کے دین و ایمان کی بنیاد ہی سرکارِ دو جہاںﷺ سے عقیدت و محبت کا اظہار اور آپﷺ پر ایمان کا لازمی و بنیادی تقاضا ہے۔ اہل ایمان کے دل سرورِ کائناتﷺ کی محبت کے چراغ سے روشن رہتے اور اُن کے گلستانِ عقیدت نبیﷺ کی خوشبوؤں سے مہکتے اور لہلہاتے ہیں۔ ان کے دلوں کی دھڑکن اور ہر سانس کی آمد رسولِ اکرمﷺ کی محبت ، آپﷺ کی عظمت اور آپﷺ کے ذکر سے مشروط ہے۔ آپﷺ کی عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے ایک گناہ گار سے گناہ گار فرد بھی اپنی متاعِ حیات کو قربان کرنا باعثِ فخر و سعادت سمجھتا ہے۔

شانِ رسالتﷺ میں گستاخی اور توہین آمیز خاکوں کے ذریعے اسلام ، مسلم اُمّہ اور مہذب انسانوں کی دل آزاری انتہائی گھناؤنا اقدام، اور حد درجہ ناقابلِ برداشت ہیں۔ اظہارِ رائے کی آزادی کے نام پر آپﷺ کی توہین اور شانِ رسالتﷺ میں گستاخی کو کوئی مہذب انسان برداشت نہیں کر سکتا۔ یہ دین و دنیا دونوں کے آئین سے غداری، پروردگارِ عالم کے میثاق سے انحراف، دنیا میں بسنے والے ڈیڑھ ارب مسلمانوں اور دنیا کے مہذب انسانوں کے عقیدے، مذہب اور پوری انسانیت کی توہین ہے۔ جس کا کوئی جواز اور کوئی عذر قبول نہیں کیا جاسکتا۔ یہ ایسا بدترین جرم ہے، جس کی تائید اور اعانت بھی بدترین جرم سے کم نہیں۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ ہادیِ عالم، سرورِ کائنات حضرت محمدﷺ کی عزت و توقیر، آپﷺ کا ادب و احترام ، آپﷺ کی شان اور ناموس کا تحفظ اور آپﷺ کی عزت و تکریم بلا تفریقِ مذہب و ملت پوری انسانیت کا دینی، اخلاقی اور اجتماعی فریضہ ہے ۔

کی محمدﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں

یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

ماہنامہ مسیحائی کراچی 12 و مہذب انسانی معاشروں کی توہین کے مترادف جا سکتا۔ آپ ﷺ کی شان میں معمولی گستاخی بھی توہین اور دل آزاری کے مترادف ہے۔ خاص طور کی بنیادی سرکار دو جہاں ﷺ سے عقیدت و محبت کا و بنیادی تقاضا ہے۔ اہل ایمان کے دل سرورِ وشن رہتے اور اُن کے گلستان عقیدت نبی ﷺ کی ان کے دلوں کی دھڑکن اور ہر سانس کی آمد رسول اور آپ ﷺ کے ذکر سے مشروط ہے۔ آپ ﷺ ب گناہ گار سے گناہ گار فرد بھی اپنی متاع حیات کو

و ہین آمیز خاکوں کے ذریعے اسلام، مسلم اُمّہ اور ریکا، اقوام، اور حد درجہ ناقابل برداشت ہیں۔ اظہار توہین اور شانِ رسالت ﷺ میں گستاخی کو کوئی مہذب بنیادوں کے آئین سے غداری، پروردگارِ عالم کے ڈیڑھ ارب مسلمانوں اور دنیا کے مہذب انسانوں کے توہین ہے۔ جس کا کوئی جواز اور کوئی عذر قبول نہیں کیا یادہ دہشت بھی بدترین جرم سے کم نہیں۔

ر کائنات حضرت محمد ﷺ کی عزت وتوقیر ، آپ ﷺ اور ناموس کا تحفظ اور آپ ﷺ کی عزت وتکریم دینی، اخلاقی اور اجتماعی فریضہ ہے ۔

لُوٹے تو ہم تیرے ہیں

کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 125 ماہنامہ مسیحائی کراچی

# ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم ایک علمی و تحقیقی جائزہ

مولانا ڈاکٹر سعید احمد صدیقی

الحمد للہِ وَحْدَہُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَّا نَبِیَّ بَعْدَہُ ، اَمَّا بعد! سید الرسل، خاتم الانبیاء، نبی آخرالزماں، سرور کون ومکاں، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شخصیت و سیرتِ عظمیٰ ازل سے

ابد تک زمان ومکان پر احاطہ کئے ہوئے ہے، ہر شئے رسالت مآب ﷺ کی نبوت کے بے کراں جلال و جمال کی گرفت میں ہے کائنات کا ذرّہ ذرّہ حضور اکرم ﷺ کی مدحت و رفعتِ ذکر کا شاہد ہے:

وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ (۱)

کی صدا سے زمین و آسمان گونج رہے ہیں۔ یہ ذکر اتنا بلند ہوا کہ ساری رفعتیں اس کے سامنے پست ہو کر رہ گئیں۔ فرشِ زمیں سے عرشِ بریں تک سب اس کے ذکر سے معمور ہیں۔ دنیا کے ہر خطے میں بسنے والے کروڑوں مسلمان دن میں پانچ مرتبہ ہر نماز میں رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین ﷺ پر درود و سلام پڑھتے ہیں۔ ہر اذان کے وقت دنیا سنتی ہے کہ محمد ﷺ ہی نوعِ انسان کے رہبر و رہنما ہیں اور اللہ کے اس وعدے کے پورا ہونے پر عہد تصدیق ثبت ہوتی رہی ہے کہ: ورفعنا لک ذکرک

چشم اقوام یہ نظارہ ابد تک دیکھے

رفعتِ شانِ رفعنا لک ذکرک دیکھے (۲)

## افضل ترین عبادت:

حضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے مسلمانوں کو جو محبت ، عقیدت اور شیفتگی و وابستگی ہے اور انہوں نے جس طرح آپ ﷺ کے سوانح، حالات، ارشادات وفرمودات حلیہ و شمائل، اخلاق و عادات اور معجزات کو محفوظ کیا ہے وہ تاریخِ عالم کا ایک حیرت انگیز واقعہ ہے ذکر حق کے بعد ذکر رسول ﷺ کو افضل ترین عبادت کہا گیا ہے کہ اس ذکر میں مخلوق ہی نہیں بلکہ خود خالق انس و جان بھی شریک ہے۔ (۳)

# محبت کی پرانی رسم

محبت کی پرانی رسم ہے کہ محبوب کو خوبصورت القاب سے یاد کیا جاتا ہے، عموماً اس جذبہ محبت کے اظہار کے لئے مروجہ اسماء کا سہارا لیا جاتا ہے مگر بعض اوقات جذبے کی شدت اور اس کی خصوصی کیفیت نئے اسماء والقاب تراشنے پر مجبور کرتی ہے تاکہ اظہار میں اپنائیت کا عنصر نمایاں ہو جائے۔ آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی سے ہر مسلمان کو اک گونہ شیفتگی ہے۔ یہ وارفتگی محبت ایمان کی جان ہے، اس لئے ہر دور کا مسلمان اپنے محبوب ﷺ کے لئے نئے سے نیا اور حسین سے حسین تر نام وضع کرتا رہا ہے۔ (۴)

## قرآن کریم کی پکار:

قرآن کریم نے ان خوبصورت اور پیارے پیارے ناموں سے ہمارے نبی ﷺ کو پکارا ہے۔ مُحَمَّدٌ (۵)

اَحْمَدُ (۶) الْمُزَّمِّلُ (۷) الْمُدَّثِّرُ (۸) الْبَشِيْرُ (۹) النَّذِيْرُ (۱۰) الدَّاعِی (۱۱) الصَّاحِبُ (۱۲) النبی الامیُّ (۱۳) السِّرَاجُ (۱۴) الشَّاهِدُ (۱۵) الْمُبَشِّرُ (۱۶) الْمُعَلِّمُ (۱۷) الْمُزَكِّی (۱۸) التَّالِی (۱۹) الرَّؤُفُ (۲۰) الرَّحِيْمُ (۲۱) رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ (۲۲) خاتم النبیین (۲۳)

## صحابہؓ نے اپنے نبی کو پکارا

کتب احادیث میں ہمیں اپنے پیارے نبی ﷺ کے ایسے خوبصورت نام ملتے ہیں جن سے آپ ﷺ کی عظمت کا اظہار ہوتا ہے اور صحابہ کرامؓ نے آپ ﷺ کو مختلف خوبصورت ناموں سے پکارا، جن میں سے چند یہ ہیں:

مُحَمَّد، أحمد، الماحی، الحاشر، العاقب (٢۴)، المقفیٰ، نبی التوبة، نبی الرحمة (٢۵)، نبی الملحمة (٢۶)، النبی المصطفیٰ (٢٧)، خاتم النبیین (٢٨)، سَیِّدُ الْعَالَمِیْنَ، رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِیْنَ (٢٩)، الصَّادِقُ الْمَصْدُوْق (٣٠)، حَبِیْبُ اللهِ، حامل لواء الحمد (٣١)

حرمت رسول نمبر ٢٠١١ء

## آسمانی کتابوں میں آپ ﷺ

کتب سماویہ میں مذکو استخراج پر بہت محنت کی ہے۔ ١٣۵٠ھ) نے حجة اللّٰہ علی العالمین (طیب طیب)، فارقلیط (سُو الحرم) اخو تاج (یعنی تاج آخر الانبیاء) (٣٢)

## قرآن کریم اور انبیاء کی پکا

سرکار دو عالم ﷺ تمام انبیاء پر ایمان نہ لے آئیں پر ایمان نہ لائیں، ارشاد باری تعا

آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا وَمَلَائِکَتِهِ وَکُتُبِهِ وَ

سب نے مانا اللّٰہ کو، کے رسولوں کو اور کرتے۔

## پیغمبروں کے نام پر سورتیں

اسلام میں سرکار دو عا حسنین کریمینؓ، وغیرہ ہیں، لیکن اگر ہیں تو سابق انبیاء کرام کے ن بھی مقدس ہے۔ حضرت ابراہی نام پر سورة ہے ، حضرت ھود علی سورة ہے اور نوح علیہ السلام کے

# آسمانی کتابوں میں آپ ﷺ کے خوبصورت نام

کتب سماویہ میں مذکور اسماء کی فہرست خاصی طویل ہے اور بعض علماء نے ان کے استخراج پر بہت محنت کی ہے۔ کتب اسلاف کا ماحصل علامہ یوسف النبھانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۵۰ھ) نے حجۃ اللہ علی العالمین میں درج کیا ہے اور بیسیوں نام گنوائے ہیں۔ مثلاً مافماذ (طیب طیب)، فارقلیط (یعنی فارق حق و باطل) منحمنا (یعنی محمد) الحمطایا (حامی الحرم) اخوناج (یعنی صحیح الاسلام) قدمابا (یعنی السابق الاول) اور اخرایا (یعنی آخر الانبیاء) (۳۲)

## قرآن کریم اور انبیاء کی ناموس

سرکار دو عالم ﷺ کے اُمتی اس وقت تک اپنے ایمان کو کامل نہیں سمجھتے جب تک تمام انبیاء پر ایمان نہ لے آئیں، تمام فرشتوں پر ایمان نہ لائیں، تمام انبیاء پر نازل شدہ کتابوں پر ایمان نہ لائیں، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلَآئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ (۳۳)

سب نے مانا اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے رسولوں کو اور اس کے پیغمبروں میں سے کسی میں تفریق نہیں کرتے۔

## پیغمبروں کے نام پر سورتیں:

اسلام میں سرکار دو عالم ﷺ کے بعد سب سے مقدس ہستیاں ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، حسنینِ کریمینؓ، وغیرہ ہیں، لیکن آپ دیکھیں ان کے نام پر قرآن کریم کی کوئی سورۃ نہیں ہے، اگر ہیں تو سابق انبیاء کرام کے نام پر جو عیسائیوں کے ہاں بھی مقدس ہیں، اور یہودیوں کے ہاں بھی مقدس ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام پر سورۃ ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے نام پر سورۃ ہے، حضرت ھود علیہ السلام کے نام پر سورۃ ہے، حضرت یونس علیہ السلام کے نام پر سورۃ ہے اور نوح علیہ السلام کے نام پر سورۃ ہے۔

# بی بی مریم کے نام پر سورۃ

اسلام میں سب سے مقدس خواتین سیدہ خدیجہؓ، سیدہ عائشہؓ، سیدہ فاطمۃ الزھراؓ وغیرہن مانی جاتیں ہیں، لیکن ان کے نام پر قرآن کریم میں کوئی سورۃ نہیں ہے، اگر ہے تو بی بی مریم کے نام پر جن کو عیسائی دنیا سب سے مقدس مانتی ہے۔

# انبیاء کرام علیہ السلام کے نام اور قرآن کریم:

قرآن کریم میں چھبیس پیغمبروں کے نام آئے ہیں، سرکار دو عالم ﷺ کا اسم مبارک محمد چار مرتبہ آیا ہے اور احمد ایک مرتبہ آیا ہے، جبکہ سب سے زیادہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ۱۳۵ مرتبہ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ۶۷ مرتبہ، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار پیغمبر کے نام قرآن میں کتنی مرتبہ نام مبارک آیا

- (۱) سیدنا حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ۲۵
- (۲) حضرت نوح علیہ السلام ۴۳
- (۳) حضرت ادریس علیہ السلام ۲
- (۴) حضرت ہود علیہ السلام ۷
- (۵) حضرت ابراہیم علیہ السلام ۶۷
- (۶) حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ۱۲

- (۷) حضرت اسحاق علیہ السلام ۷
- (۸) حضرت صالح علیہ السلام ۸
- (۹) حضرت لوط علیہ السلام ۲۷
- (۱۰) حضرت یعقوب علیہ السلام ۱۶
- (۱۱) حضرت یوسف علیہ السلام ۲۷
- (۱۲) حضرت شعیب علیہ السلام ۱۱

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

- (۱۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام ۱۳۵
- (۱۴) حضرت ہارون علیہ السلام ۱۹
- (۱۵) حضرت یونس علیہ السلام ۴
- (۱۶) حضرت داؤد علیہ السلام ۱۶
- (۱۷) حضرت سلیمان علیہ السلام ۱۷
- (۱۸) حضرت ایوب علیہ السلام ۴
- (۱۹) حضرت الیاس علیہ السلام ۲
- (۲۰) حضرت الیسع علیہ السلام ۲
- (۲۱) حضرت زکریا علیہ السلام ۷
- (۲۲) حضرت یحییٰ علیہ السلام ۵
- (۲۳) حضرت ذوالکفل علیہ السلام ۲
- (۲۴) حضرت عزیر علیہ السلام ۱
- (۲۵) حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۳۳
- (۲۶) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ۴
- (۲۷) آپ ﷺ کا اسم گرامی احمد ﷺ ۱ (۴۳)

## آپ ﷺ کی انفرادی و امتیازی شان:

سرکار دو عالم ﷺ نے خود بھی تحدیث نعمت کے طور پر اپنی انفرادی و امتیازی شان کا ذکر کئی بار فرمایا، جن سے آپ ﷺ کی بلند مرتبہ شان کا اظہار ہوتا، آپ ﷺ کے یہ پانچ اوصاف اکثر کتب حدیث میں موجود ہیں۔

نصرت بالرعب مسیرة شهر وجعلت الارض مسجدا و طهورا، واحلت لی الغنائم، وکان النبی یبعث إلی قومه

خَاصَّةً وَّبُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ کَافَّةً وَّاُعْطِیتُ الشَّفَاعَةَ (۳۵) "ایک مہینے کے فاصلے سے میری رعب کے ذریعے مدد کی گئی اور میرے لئے تمام زمین سجدہ گاہ اور پاک بنائی گئی، مالِ غنیمت میرے لئے حلال کیا گیا، اور نبی خاص اپنی قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے اور میں تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں اور مجھے شفاعت عطا کی گئی۔"

## نور محمدی ﷺ کی مقدم تخلیق:

ہمارے پیارے نبی ﷺ کو یہ شرف ومقام و مرتبہ بھی حاصل ہے کہ آپ ﷺ کو حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے قبل منصب نبوت سے سرفراز کیا گیا، جیسا کہ جامع ترمذی کی اس حدیث مبارکہ سے اس کا اظہار ہوتا ہے، ارشاد نبوی ﷺ ہے:

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالُوا یَا رسولَ اللهِ ﷺ مَتَی وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ؟ قَالَ: "وَآدَم بینَ الرُّوحِ وَالجَسَدِ"(۳۶)

"حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ سے کہا گیا کہ نبوت آپ ﷺ کے لئے کب متعین کی گئی، تو آپ ﷺ نے فرمایا جب آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے"۔

## انبیاء کرام علیہم السلام پر شرف وفضیلت:

امام الانبیاء، سید الرسل محمد مصطفی احمد مجتبیٰ ﷺ کو تمام انبیاء سابقین پر شرف و فضیلت حاصل ہے، لیکن اس باب میں تقابلی جائزے کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی کہ کسی بھی حوالے سے کسی نبی کی تنقیص کا کوئی پہلو نہ نکلے تاہم آپ ﷺ کے عشاق کسی نہ کسی موقعہ پر کسی نہ کسی حوالے سے آپ ﷺ کی فضیلت کا اظہار ضرور کرتے ہیں، جیسا کہ حضرت امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مشہور عالم قصیدہ بردہ شریف میں ذکر فرمایا:

فَاقَ النَّبِيِّينَ فِي خَلْقٍ وَّفِي خُلُقٍ وَلَمْ يُدَانُوهُ فِي عِلْمٍ وَّلاَ كَرَمِ (٣٧)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

”نبیوں پر فوقیت لے گئے خلقت اور خُلق میں اور انبیاء نہ ان کے علم کو پہنچ سکے اور نہ کرم کو“
۱۴۱

## غیر مسلم دانشور اور سرکار دو عالم ﷺ :

غیر مسلم دانشور جنہوں نے تاریخ کا مطالعہ کیا اور آپ ﷺ کی سیرت کا جائزہ لیا تو وہ بھی آپ ﷺ کی تقدیس صفات حسنہ کے قائل ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور وہ آپ ﷺ کی پاکیزہ سیرت کے سحر میں گرفتار ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔

”سیرت طیبہ“ کی یہی وہ اثر انگیزی ہے جس نے زمانہ حال کے نامور امریکی مصنف مائیکل ایچ ہارٹ (Hart, Michael) کو اس امر پر مجبور کیا کہ وہ اپنی شہرہ آفاق کتاب The 100 میں پیغمبر اسلام ﷺ کو اعتراف حقیقت کے طور پر نمایاں جگہ دے۔

مائیکل ایچ ہارٹ نے دنیا کی مشہور شخصیات کا مطالعہ کیا ہے، اس مطالعہ کا حاصل اس نے ۵۷۲ صفحات کی انگریزی کتاب The 100 کی صورت میں پیش کیا ہے۔ اس کتاب میں سو ایسی شخصیات کے حالات درج ہیں جنہوں نے مصنف کے مطالعہ کے مطابق تاریخ پر نمایاں ترین اثرات مرتب کئے۔ مذکورہ کتاب میں ابدی حقیقت کے اعتراف اور ”وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ“ کی لافانی صداقت کے طور ہادی عالم ﷺ کو اول مقام دئے جانے کے متعلق مائیکل ہارٹ خود لکھتا ہے:

Muhammad was the only man in history who was supremely successful on both the religious and the secular levels, of humble orgins.(38)

"محمد ﷺ تاریخ کے واحد شخص تھے جنہوں نے اعلیٰ ترین کامیابی حاصل کی، مذہبی سطح پر بھی اور دنیاوی سطح پر بھی"

محسن انسانیت سرور کائنات خاتم الانبیاء جناب محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات گرامی چودہ صدیوں سے مورخین، محققین، دانشوروں، ادباء اور شعراء کا محبوب رہی ہے۔ آپ ﷺ کی

ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

ڈائریکٹر اسلامک سینٹر کنیکٹیکٹ (امریکہ)

قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

النبی اولی بالمومنین من انفسہم

"بلاشبہ نبی مومنوں کے لیے ان کی اپنی ذات سے بھی مقدم ہیں۔"

یعنی اہل ایمان کے ساتھ نبی کو ان کی جانوں سے بھی زیادہ تعلق اور لگاؤ ہے اولیٰ کا معنی قریب بھی ہوتا ہے۔ مطلب وہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نبی مومنوں سے ان کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ترین ہے۔ آفتاب نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے نور ایمان کی جو کرنیں پھوٹتی ہیں مومنین کا نور ایمان اسی کی ایک شعاع ہے اس لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو ایک بندۂ مومن کا ایمانی وجود اپنے منبع اور مخزن سے وابستہ ہے جس طرح سورج حسی طور پر اپنے نور سے دھوپ کے زیادہ قریب تر ہے یا ایک اور مثال سے اس کو یوں سمجھیں کہ بیٹے کا جسم باپ کے جسم کا ایک حصہ ہے اس لیے یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ باپ کا وجود بیٹے سے بہ نسبت خود بیٹے کے وجود کے اقرب ہے اور صاحب ابریز کے الفاظ کے مطابق پیغمبر کے قلب اطہر سے ایک تار سا نکل کر ہر اہل ایمان کے قلب کے ساتھ آکر مل جاتا ہے اگر یہ تار یعنی تعلق ٹوٹ جائے تو انسان عظیم سعادت سے محروم ہو جاتا ہے۔

اس طرح یوں کہہ سکتے ہیں کہ نبی کا ایمانی وجود اصل میں اور امت کا ایمانی وجود اس کا سایہ اور عکس ہے نبی روحانی باپ اور امت روحانی اولاد ہوتی ہے۔

نبی کا روحانی وجود امت کے اپنے وجود سے بھی نزدیک تر ہے باپ کا فطری اور طبعی تعلق اگر ساری دنیا سے بڑھ کر ہے اور اس کی پوری شفقت سب سے بڑھ کر ہونے کی وجہ سے اس کا حق تعظیم سب سے زیادہ ہے تو احادیث کی کتب میں وارد:

انما انا لکم بمنزلۃ الوالد کی رو سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانی شفقت و محبت بھی ساری دنیا سے بڑھ چڑھ کر ہونے کی وجہ سے آپ کا حق تعظیم واطاعت بھی سب سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات اپنی اپنی امتوں کے روحانی باپ ہیں اس لیے حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں: انا ام الرجال والنساء ”میں مسلمان مرد و عورت سب کی ماں ہوں۔“

ہمیں یہ بات یاد رکھنی چاہیے اور ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ باپ کے ذریعے اگر ہمیں عارضی جسمانی حیات ملی ہے تو امام الاولین والآخرین سید الانبیاء والمرسلین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت کبریٰ کی بدولت جاودانی زندگی عطا ہوئی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مسلمانوں سے اور مسلمانوں کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جو تعلق ہے وہ تمام دوسرے انسانی تعلقات سے ایک بالاتر نوعیت اور کیفیت رکھتا ہے کوئی رشتہ اس رشتے سے کوئی تعلق اس تعلق سے جو نبی اور اہل ایمان کے درمیان ہے ذرہ برابر بھی کوئی نسبت نہیں رکھتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی اپنی ذات سے بھی بڑھ کر ہم سب کے خیر خواہ ہیں۔

لوگوں کے ماں باپ ان کے بیوی بچے تو ان کو نقصان پہنچا سکتے ہیں ان کے ساتھ خود غرضی برت سکتے ہیں ان کو گمراہ کر سکتے ہیں ان سے غلطیوں کا ارتکاب کرا سکتے ہیں ان کو جہنم میں دھکیل سکتے ہیں مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مومنین کے حق میں صرف وہی بات کرتے ہیں جس میں ان کی کامیابی و کامرانی اور فلاح و بہبود ہو لوگ اپنے پاؤں پر خود کلہاڑا مار سکتے ہیں۔ حماقتیں کر کے اعمال بد کر کے اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کر سکتے ہیں کیوں کہ انسانی نفس دو حالتوں سے خالی نہیں ہو سکتا اگر نفس انسانی برا ہے تو اسے نفس امارہ بالسوء کہا جائے گا اور ا گر

نفس انسانی اچھا ہے تو اسے نفس لوامہ یا نفس مطمئنہ کہا جائے گا، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو سراپا خیر ہیں وہ مومنین کے ہمیشہ خیر خواہ اور خیر اندیش ہی ہیں۔

جہاں تک نفس امارہ کا تعلق ہے تو ظاہر ہے کہ وہ تو کسی درجے میں بھی خیر خواہ یا ہمدرد نہیں ہو سکتا اس لیے اس کے حقوق کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا البتہ نفس لوامہ یا نفس مطمئنہ ہے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

شک ہمدرد اور خیر خواہ ہے مگر ا باتیں اس پر مخفی رہ سکتی ہیں۔ ا اور اس کا دائرہ کار محدود ہے لہذا اس کے برخلاف پیغمبر صلی لیے وہی تجویز کریں گے جو ا بخش ہوگا۔

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ شفقت ورحمت میں بھی نائب سے اول ہوا اسی لیے ہماری جا نبی جان مانگیں تو جان دینا شر لے لیں تو خودکشی حرام موت ہ اسراف۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ سے حتیٰ کہ جان و مال سے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ما آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس مکمل اتباع واطاعت کریں۔

- O...... حضرت انس بن

کوئی شخص اس وقت تک مو سب لوگوں سے زیادہ نہ ہو

- O...... حضرت عبداللہ

شخص اس وقت تک مومن کر دے جس کو میں لایا ہو

- O...... عبداللہ بن ہش

صلی اللہ علیہ وسلم حضرت

شک ہمدرد اور خیر خواہ ہے مگر اس کا علم ناقص اور نا تمام و نا مکمل ہونے کی وجہ سے بہت سی باتیں اس پر مخفی رہ سکتی ہیں۔ اس لیے اگر وہ خیر سگالی کرنا بھی چاہے تو بہت حد تک مجبور ہے اور اس کا دائرہ کار محدود ہے لہٰذا اس پر کسی حد تک بھروسہ کیا جا سکتا ہے؟؟؟ اس کے برخلاف پیغمبر صدق و صفا جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے، وہ ان کے لیے وہی تجویز کریں گے جو فی الحقیقت مومنین کے لیے فائدہ مند اور ان کے حق میں نفع بخش ہوگا۔

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت میں اللہ کے نائب ہیں تو علم میں بھی نائب ہیں شفقت و رحمت میں بھی نائب ہیں۔ ہمدردی اور راحت میں بھی نائب ہیں اب ان کا حق سب سے اول ہوا اسی لیے ہماری جان و مال میں خود ہمیں تصرف کا اتنا حق نہیں ہے جتنا پیغمبر کو ہے نبی جان مانگیں تو جان دینا شہادت، مال مانگیں تو مال اللہ کے ذمہ قرض۔ ہم اگر اپنی جان خود لے لیں تو خودکشی حرام موت اگر ہم ان کی مرضی کے خلاف مال خرچ کریں تو فضول خرچی اور اسراف۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سب سے بڑھ کر ہیں تو سب سے عزیز تر ہیں ہر چیز سے حتیٰ کہ جان و مال سے بھی زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہونی چاہیے۔ اپنی رائے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے کو اپنے فیصلے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کو ترجیح ہونی چاہیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حد درجہ کی خیر خواہی کا منطقی تقاضا یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل اتباع و اطاعت کریں۔ اس پہلو پر درج ذیل احادیث روشنی ڈالتی ہیں:

• O…… حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے

کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا کہ جب تک اس کو میری محبت، اولاد، والدین اور سب لوگوں سے زیادہ نہ ہو۔

• O...... حضرت عبداللّٰہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنی خواہش نفس کو اس چیز کے تابع نہ کردے جس کو میں لایا ہوں۔

• O...... عبداللّٰہ بن ہشامؓ فرماتے ہیں کہ ہم آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم حضرت عمرؓ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے۔ حضرت عمرؓ کہنے لگے یا رسول اللّٰہ صلی

اللّٰہ علیہ وسلم! آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم میرے نزدیک، میری اپنی جان کے علاوہ ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں۔ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جب تک میں تمہارے نزدیک تمہاری جان سے بھی زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں تم مومن نہیں ہو سکتے حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم! اللّٰہ کی قسم! اب آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم میرے نزدیک میری جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عمر اب تم صحیح کامل مومن ہو۔

• ()...... حضور اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ہر مومن کے لیے دنیا و آخرت میں

شفیق تر ہوں ان کے اپنے نفسوں سے اور ان کے آباء سے۔

آج ہمارا حال یہ ہے کہ ہم نے احکام نبوی صلی اللّٰہ علیہ وسلم روگردانی اور سرکشی پر کمر باندھ رکھی ہے۔ کفار و مشرکین یہود و ہنود اور نصاریٰ کی رسموں اور عادتوں کو اپنا رہے ہیں ان ہی کا راگ الاپ رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ان باطل قوتوں اور طاقتوں کی طرف سے یہ پیغام ، حکم اور دھمکی آ رہی ہے کہ اپنے نبی کی محبت سے بھی دست برداری کا اعلان کر دو۔

ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اسلام دشمنی میں جان بوجھ کر یا انجانے میں دشمنان دین و دشمنان ملت اسلامیہ کا ساتھ نہ دیں اور ان کی چالیں اور سازشوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے اپنے تعلق کی بنیاد مضبوط بنانے والے سب سے پہلے اصحاب کرام رضوان اللّٰہ علیہم اجمعین تھے۔ جو صحیح معنیٰ حضور اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے محبت کرنے والے اور آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی اتباع کرنے والے تھے ناموس رسالت اور حرمت رسالت کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے تھے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی پاکیزہ زندگی کے ہزاروں پہلو ہیں وہ کیسے نبی کی ذات سے محبت کرنے والے تھے۔ اتباع سنت کرنے والے تھے، دین کی کیسی تڑپ ان کے سینوں میں تھی کیسے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنے والے تھے کیسے دین کے لیے نکلنے والے تھے دین کے لیے کیسی کیسی سختی بھوک اور پیاس برداشت کرنے والے تھے۔ کیسے دین کی نصرت کرنے والے تھے کیسے راتوں کو اللہ کے حضور آہ وزاری کرنے والے تھے۔ کیسے جہاد کرنے والے تھے اور کس طرح گستاخ رسول کو کیفر کردار تک پہنچانے والے تھے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ بن اشرف کا کام تمام کردے کیوں کہ اس ن ہے؟ تو محمد بن مسلمہ نے کھڑے ہو کر عر اللہ علیہ وسلم چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کر انہوں نے کہا کہ مطلقاً کچھ کہنے کی مجھے اجا ٹھیک ہے تم کہہ سکتے ہو چنانچہ حضرت م اشرف کے پاس گئے اور اس سے کہا اس سے صدقہ کا مطالبہ کیا ہے اور مشکل میں ڈ تمہارے پاس قرضہ لینے آیا ہوں ۔ اس اللہ کی قسم ایک نہ ایک دن تم اس سے بیز اتباع شروع کر چکے ہیں اس لیے ابھی ہ ہیں کہ آخر ان کا انجام کیا ہوتا ہے؟ ت ادھار دے دو۔ (ایک وسق ساٹھ صا ۔ کعب نے کہا ہاں میں ادھار دے س حضرات نے کہا تم رہن میں کیا چیز ر رہن رکھ دو۔ ان حضرات نے کہا ہم تو ع تمہارے پاس اپنی عورتیں کیسے رہن رکھ دی رہن رکھ دو۔ ان حضرات نے کہا ہم اپ انہیں یہ طعنہ دیا کریں گے کہ یہ وہی تو ہی تھا۔ یہ ہمارے لیے بڑی عار کی بات ہ ہیں۔ حضرت محمد بن مسلمہ نے اس سے و کے رضاعی بھائی حضرت ابو نائلہ کعب ک آئے۔ کعب نے ان حضرات کو قلعہ می لگا تو اس کی بیوی نے اس سے کہا اس و

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 225 ماہنامہ مسیحائی کراچی حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو کعب بن اشرف کا کام تمام کر دے کیوں کہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو بہت تکلیف پہنچائی ہے؟ تو محمد بن مسلمہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کر دوں؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں انہوں نے کہا کہ مصلحتاً کچھ کہنے کی مجھے اجازت دے دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھیک ہے تم کہہ سکتے ہو چنانچہ حضرت محمد بن مسلمہ (چند ساتھیوں کو لے کر) کعب بن اشرف کے پاس گئے اور اس سے کہا اس آدمی (یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہم سے صدقہ کا مطالبہ کیا ہے اور مشکل اور دشوار کام ہمارے ذمہ لگا لگا کر ہمیں تھکا دیا ہے میں تمہارے پاس قرضہ لینے آیا ہوں۔ اس نے کہا ابھی تو وہ اور کام تمہارے ذمے لگائے گا۔ اللہ کی قسم ایک نہ ایک دن تم اس سے ضرور اکتا جاؤ گے۔ حضرت محمد نے کہا ابھی تو ہم ان کا اتباع شروع کر چکے ہیں اس لیے ابھی ہم ان کو (جلدی) چھوڑنا نہیں چاہتے ہیں دیکھتے ہیں کہ آخر ان کا انجام کیا ہوتا ہے؟ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں ایک وسق یا دو وسق غلہ ادھار دے دو۔ (ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع ساڑھے تین سیر کا) کعب نے کہا ہاں میں ادھار دینے کو تیار ہوں لیکن تم میرے پاس کوئی چیز رہن رکھو ان حضرات نے کہا تم رہن میں کون سی چیز چاہتے ہو؟ اس نے کہا تم اپنی عورتیں میرے پاس رہن رکھ دو۔ ان حضرات نے کہا تم تو عرب میں سب سے زیادہ حسین و جمیل آدمی ہو۔ ہم تمہارے پاس اپنی عورتیں کیسے رہن رکھ دیں؟ اس نے کہا اچھا پھر اپنے بیٹے میرے پاس رہن رکھ دو۔ ان حضرات نے کہا ہم اپنے بیٹے کیسے تمہارے پاس رہن رکھ دیں پھر تو لوگ انہیں یہ طعنہ دیا کریں گے کہ یہ وہی تو ہے جسے ایک دو وسق غلہ کے بدلہ میں رہن رکھا گیا تھا۔ یہ ہمارے لیے بڑی عار کی بات ہے ہاں ہم تمہارے پاس ہتھیار رہن رکھ دیتے ہیں۔ حضرت محمد بن مسلمہ نے اس سے ہتھیار لے کر رات کو آنے کا وعدہ کر لیا چنانچہ کعب کے رضاعی بھائی حضرت ابو نائلہ کو ساتھ لے کر حضرت محمد بن مسلمہ رات کو کعب کے پاس آئے۔

کعب نے ان حضرات کو قلعہ میں بلایا۔ یہ قلعہ میں گئے وہ ان کے پاس اتر کر آنے لگا تو اس کی بیوی نے اس سے کہا اس وقت تم باہر کہاں جا رہے ہو؟ اس نے کہا یہ محمد بن

ماہنامہ السعید کراچی 226 مسلمہ اور میرے بھائی ابو نائلہ آئے ہیں، اس کی بیوی نے کہا میں تو ایسی آواز سن رہی ہوں جس سے خون ٹپکتا ہوا محسوس ہو رہا ہے۔ اس نے کہا یہ تو میرے بھائی محمد بن مسلمہ اور میرے رضاعی بھائی ابو نائلہ ہیں۔ بہادر آدمی کو اگر رات کے وقت بھی مقابلہ کے لیے بلایا جائے تو وہ رات کو بھی ضرور نکل آتا ہے۔ حضرت محمد بن مسلمہ نے اپنے ساتھ دو تین اور آدمیوں کو بھی داخل کر لیا اور ان سے کہا میں اس کے بالوں کو پکڑ کر سونگھنے لگ جاؤں گا اور تمہیں بھی سونگھاؤں گا جب تم دیکھو کہ میں نے اس کا سر اچھی طرح پکڑ لیا ہے تو تم اس پر تلوار سے وار کر دینا۔ کعب موتیوں سے جڑی ہوئی ایک پیٹی پہنے ہوئے نیچے اتر کر ان حضرات کے پاس آیا اور اس سے عطر کی خوشبو مہک رہی تھی۔ حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا آج جیسی عمدہ خوشبو میں نے کبھی نہیں دیکھی۔ اس نے کہا میرے پاس عرب کی سب سے زیادہ خوشبو لگانے والی بڑی خوب صورت عورت ہے حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا کیا آپ مجھے اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ کا سر سونگھ لوں؟ کعب نے کہا ضرور۔ چنانچہ حضرت محمد بن مسلمہ نے خود سونگھا اور اپنے ساتھیوں کو سونگھایا۔ پھر کعب سے کہا کیا دوبارہ اجازت ہے؟ اس نے کہا ضرور جب حضرت محمد بن مسلمہ نے اس کا سر مضبوطی سے پکڑ لیا تو ساتھیوں سے کہا پکڑو۔ انہوں نے اسے قتل کر دیا پھر ان حضرات نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں واپس آ کر سارا واقعہ سنایا۔ حضرت عروہ کی روایت میں یہ ہے کہ جب ان حضرات نے واقعہ سنایا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ ابن سعد کی روایت میں یہ ہے کہ یہ حضرات جب بقیع غرقد (مدینہ کے مشہور قبرستان ) کے قریب پہنچے تو دور سے اللہ اکبر کہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس رات کھڑے ہو کر نماز پڑھتے رہے۔ جب آپ نے ان کی تکبیر کی آواز سنی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اللہ اکبر کہا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سمجھ گئے کہ ان حضرات نے اسے قتل کر دیا ہے پھر یہ حضرات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ چہرے کامیاب ہو گئے۔ ان حضرات نے عرض کیا یا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ! اور آپ کا چہرہ مبارک بھی ( کامیاب ہوا ) اور ان حضرات نے کعب کا سر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ڈال دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قتل ہو جانے پر اللہ کا شکر ادا کیا۔

حضرت عکرمہ کی مرسل روایت میں یہ ہے کہ (اس قتل سے) تمام یہودی خوفزدہ ہو گئے اور گھبرا گئے۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر کہا کہ ہمارا سردار دھوکہ سے قتل کر دیا گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس کی ناپاک حرکتیں یاد دلائیں کہ کیسے وہ اسلام کے خلاف لوگوں کو ابھارتا تھا اور مسلمانوں کو اذیت پہنچا کرتا تھا (یہ سن کر) وہ یہودی ڈر گئے اور کچھ نہ بولے۔

ابن اسحاق نے ذکر کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری طرف سے کعب بن اشرف کو قتل کرنے کے لیے کون تیار ہے؟ حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کی ذمہ داری اٹھاتا ہوں میں اسے قتل کروں گا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم یہ کام کر سکتے ہو تو ضرور کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت محمد واپس چلے گئے اور کھانا پینا چھوڑ دیا۔ بس اتنا کھاتے پیتے تھے جس سے جان بچی رہے۔ یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائی گئی۔ آپ نے انہیں بلا کر فرمایا تم نے کھانا پینا کیوں چھوڑ دیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک بات کہی ہے پتہ نہیں میں اسے پورا کر سکوں گا یا نہیں (اس فکر میں میں نے کھانا پینا چھوڑ دیا ہے) آپ نے فرمایا تمہارے ذمہ تو محنت اور کوشش کرنا ہی ہے۔ ابن اسحاق نے حضرت ابن عباس کی روایت میں یہ بھی نقل کیا ہے (کہ حضرت محمد بن مسلمہ جب اپنے ساتھیوں کو لے کر چلے تو) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان حضرات کے ساتھ بقیع الغرقد تک پیدل تشریف لے گئے پھر آپ نے ان کو روانہ فرمایا اور ارشاد فرمایا اللہ کا نام لے کر چلو۔ اے اللہ ان کی اعانت فرما۔

حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم (کے دین کے پھیلنے اور ترقی پانے) کے لیے جن مفید صورتوں اور حالات کو وجود عطا فرمایا ان میں سے ایک

بات یہ تھی کہ انصار کے دونوں قبیلوں اوس اور خزرج کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت میں اور ان کے کام کرنے میں ایک دوسرے سے ہر وقت ایسا مقابلہ لگا رہتا تھا جیسے کہ دو پہلوانوں میں ہوا کرتا ہے۔ قبیلہ اوس والے جب کوئی ایسا کام کر لیتے جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم (کے دین کو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم والی محنت) کو فائدہ ہوتا تو قبیلہ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 228 ماہنامہ سبحانی کراچی خزرج والے کہتے تم یہ کام کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں فضیلت میں ہم سے آگے نہیں نکل سکتے ہو اور جب تک ویسا ہی کام نہ کر لیتے وہ حضرات چین سے نہ بیٹھتے اور جب قبیلہ خزرج والے کوئی ایسا کام کر لیتے تو قبیلہ اوس والے یہی بات کہتے چنانچہ جب قبیلہ اوس (کے ایک صحابی حضرت محمد بن مسلمہ) نے کعب بن اشرف کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی رکھنے کی وجہ سے قتل کر دیا تو قبیلہ خزرج نے کہا اللہ کی قسم ! تم یہ کارنامہ کر کے فضیلت میں کبھی بھی ہم سے آگے نہیں بڑھ سکتے ہو اور پھر انہوں نے سوچا کہ کون سا آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی رکھنے میں کعب بن اشرف جیسا ہے وہ آخر اس نتیجے پر پہنچے کہ خیبر کا ابن ابی الحقیق دشمنی میں کعب جیسا ہے چنانچہ ان حضرات نے اسے قتل کرنے کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی تو قبیلہ خزرج میں سے بنوسلمہ کے پانچ آدمی حضرت عبداللہ بن عتیک، حضرت مسعود بن سنان، حضرت عبداللہ بن انیس، حضرت ابوقتادہ ، حضرت حارث بن ربعی اور حضرت خزاعی بن اسود رضی اللہ عنہم (خیبر جانے کے لیے) تیار ہوئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عتیک کو ان کا امیر بنایا اور انہیں کسی بچے یا عورت کو قتل کرنے سے منع فرمایا چنانچہ وہ حضرات (مدینہ سے) روانہ ہوئے اور خیبر پہنچ کر وہ حضرات رات کے وقت ابن ابی الحقیق کے گھر گئے اور گھر کے ہر کمرے کو باہر سے بند کر دیا تا کہ کسی کمرے میں سے اندر والے باہر نہ آسکیں ۔ ابن ابی الحقیق اپنے بالا خانہ میں تھا جہاں تک جانے کے لیے کھجور سے بنی ہوئی ایک سیڑھی لگی ہوئی تھی۔ چنانچہ یہ حضرات اس سیڑھی سے چڑھ کر اس کے دروازے پر پہنچ گئے اور اندر آنے کی اجازت چاہی تو اس کی بیوی نکل کر باہر آئی اور کہنے لگی تم لوگ کون ہو؟ ان حضرات نے کہا ہم عرب کے لوگ ہیں اور غلہ کی تلاش میں آئے ہیں۔ اس نے کہا ابورافع یہ ہے جس سے تم ملنا چاہتے ہو اندر آ جاؤ۔ فرماتے ہیں کہ جب ہم اندر چلے گئے تو ہم نے اندر سے کمرہ بند کر لیا تا کہ اس تک پہنچنے میں کوئی حائل ہی نہ ہو سکے (یہ دیکھ

کر ) اس کی بیوی شور مچا کر ہماری خبر کرنے لگی۔ ابو رافع اپنے بستر پر تھا ہم تلواریں لے کر اس پر تیزی سے جھپٹے اللہ کی قسم ! رات کے اندھیرے میں ہمیں اس کا پتہ صرف اس کی سفیدی سے ہی چلا ایسا سفید تھا جیسے کہ مصری سفید چادر پڑی ہو جب اس کی بیوی ہمارے بارے میں شور مچا کر بتانے لگی تو ہمارے ایک ساتھی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء نے (قتل کرنے کے لیے) اس پر تلوار اٹھائی نے (بچے اور عورت کو قتل کرنے سے) منع فرما صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع نہ فرمایا ہوتا تو ہ نے تلواروں سے اس پر حملہ کیا (لیکن اندھیر تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر تلوار پر رافع بس بس ہی کہتا رہا۔ اس کے بعد ہم باہ کی نگاہ کمزور تھی وہ سیڑھی سے گر گئے جس س انہیں وہاں سے اٹھا کر یہود کے چشموں پر داخل ہو گئے ادھر وہ لوگ آگ جلا کر ہر طر کے پاس واپس گئے اور اس کو سب نے گھیر ہم نے آپس میں کہا ہمیں کیسے پتہ چلے گا ک کہ میں جا کر دیکھ آتا ہوں چنانچہ وہ گئے او وہاں جا کر میں نے دیکھا کہ ابو رافع کی بیوی اس کی بیوی کے ہاتھ میں چراغ ہے اور وہ ہے اور کہہ رہی ہے کہ اللہ کی قسم ! آواز تو میں آپ کو جھٹلایا اور میں نے کہا ابن عتیک یہا کے چہرے کو غور سے دیکھا اور پھر کہا یہودیو زیادہ لذیذ بات کبھی نہیں سنی۔ فرماتے ہیں ہمیں (اس کی موت) کی خبر دی۔ ہم اپنے خدمت میں حاضر ہو کر اللہ کے دشمن کو قتل کر ہمارا اختلاف ہو گیا کہ کس نے قتل کیا ہے؟ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی تلواریں لاؤ ہ انہیں دیکھ کر حضرت عبداللہ بن انیس کی تلوا میں اس میں کھانے کا اثر دیکھ رہا ہوں (یہ تلوا

نے (قتل کرنے کے لیے) اس پر تلوار اٹھائی لیکن پھر اسے یاد آیا کہ حضور اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے (بچے اور عورت کو قتل کرنے سے) منع فرمایا تھا اس وجہ سے اس نے تلوار روک لی اگر حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے ہمیں منع نہ فرمایا ہوتا تو ہم رات ہی کو اس سے نمٹ جاتے جب ہم لوگوں نے تلواروں سے اس پر حملہ کیا (لیکن اس کا کام تمام نہ ہوا) تو حضرت عبداللّٰہ بن انیس نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر تلوار پر اپنا سارا وزن ڈال دیا جس سے تلوار پار ہوگئی ابو رافع بس بس ہی کہتا رہا۔ اس کے بعد ہم لوگ وہاں سے باہر آئے۔ حضرت عبداللّٰہ بن عتیک کی نگاہ کمزور تھی وہ سیڑھی سے گر گئے جس سے ان کے ہاتھ میں بری طرح موچ آگئی۔ ہم انہیں وہاں سے اٹھا کر یہود کے چشموں سے بہنے والی ایک نہر کے پاس لائے اور اس میں داخل ہوگئے ادھر وہ لوگ آگ جلا کر ہر طرف ہماری تلاش میں دوڑ پڑے آخر ناامید ہو کر اس کے پاس واپس گئے اور اس کو سب نے گھیر لیا اور ان سب کے بیچ میں اس کی جان نکل رہی تھی ہم نے آپس میں کہا ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ اللّٰہ کا دشمن مر گیا؟ ہم میں سے ایک ساتھی نے کہا کہ میں جا کر دیکھ آتا ہوں چنانچہ وہ گئے اور عام لوگوں میں شامل ہوگئے۔ وہ فرماتے ہیں کہ وہاں جا کر میں نے دیکھا کہ ابو رافع کی بیوی اور بہت سے یہودی اس کے ارد گرد جمع ہیں۔ اس کی بیوی کے ہاتھ میں چراغ ہے اور وہ اس کے چہرے کو دیکھ رہی ہے اور وہ ان کو بتا رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ اللّٰہ کی قسم! آواز تو میں نے ابن عتیک کی سنی تھی لیکن پھر میں نے اپنے آپ کو جھٹلایا اور میں نے کہا ابن عتیک یہاں اس علاقہ میں کہاں؟ پھر اس نے آگے بڑھ اس کے چہرے کو غور سے دیکھا اور پھر کہا یہود کے معبود کی قسم! یہ تو مر چکا ہے میں نے اس سے زیادہ لذیذ بات کبھی نہیں سنی۔ فرماتے ہیں کہ ہمارا ساتھی ہمارے پاس واپس آیا اور اس نے ہمیں (اس کی موت) کی خبر دی۔ ہم اپنے ساتھی کو اٹھا کر چلے اور حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اللّٰہ کے دشمن کو قتل کر دینے کی

خبر دی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہمارا اختلاف ہو گیا کہ کس نے قتل کیا ہے؟ ہر ایک کہنے لگا کہ اس نے قتل کیا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی تلواریں لاؤ ہم اپنی تلواریں لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھ کر حضرت عبداللہ بن انیس کی تلوار کے بارے میں کہا کہ اس نے قتل کیا ہے کیوں کہ میں اس میں کھانے کا اثر دیکھ رہا ہوں ( یہ تلوار اس کے معدے میں سے گزری ہے )۔

حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابورافع یہودی (کو قتل کرنے کے لیے) چند انصار کو بھیجا اور حضرت عبداللہ بن عتیکؓ کو ان کا امیر بنا لیا۔ ابورافع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت اذیت پہنچاتا تھا اور آپ کے مخالفین کی (مالی امداد کیا کرتا تھا اور وہ سرزمین حجاز میں (خیبر میں) اپنے قلعہ میں رہا کرتا تھا۔ یہ حضرات سورج ڈوبنے کے بعد خیبر کے قریب پہنچے لوگ (چراگاہوں سے) اپنے جانور واپس لا چکے تھے۔ حضرت عبداللہ نے (اپنے ساتھیوں سے) کہا کہ تم یہاں بیٹھے رہو میں جاتا ہوں اور دربان سے کوئی ایسی تدبیر کرتا ہوں جس سے میں (قلعہ کے اندر) داخل ہو جاؤں گا چنانچہ یہ گئے اور دروازے کے قریب جا کر اپنا کپڑا اپنے اوپر ڈال کر اس طرح بیٹھ گئے کہ جیسے کہ یہ قضا حاجت کے لیے بیٹھے ہوں سب لوگ اندر جا چکے تھے تو ان کو دربان نے آواز دے کر کہا اے اللہ کے بندے اگر تمہیں اندر آنا ہے تو آجاؤ میں دروازہ بند کرنا چاہتا ہوں۔ میں اندر داخل ہو کر چھپ گیا۔ جب سب لوگ اندر آگئے تو اس نے دروازہ بند کر کے چابیاں کیل پر لٹکا دیں۔ میں نے کھڑے ہو کر چابیاں لیں اور دروازہ کھول لیا۔ ابورافع کے پاس رات کو قصے کہانیاں ہوا کرتی تھیں اور وہ اپنے بالا خانے میں تھا۔ جب قصے کہانیاں سنانے والے لوگ اس کے پاس سے چلے تو میں نے بالا خانے پر چڑھنا شروع کیا جب بھی میں کوئی دروازہ کھولتا تو میں اندر سے اسے بند کر لیتا اور میں نے کہا اگر لوگوں کو میرا پتہ چل بھی گیا تو میں ان کے آنے سے پہلے اسے قتل کر لوں گا۔ جب میں اس کے پاس پہنچا تو وہ اندھیرے کمرے میں اپنے اہل وعیال میں تھا۔ مجھے پتہ نہیں چل رہا تھا کہ وہ کمرے میں کس جگہ ہے اس لیے میں نے اسے آواز دی اے ابورافع! اس نے کہا یہ کون ہے؟ میں آواز کی طرف بڑھا اور میں نے اس پر تلوار کا ایک وار کیا لیکن چونکہ میں گھبرایا ہوا تھا اس وجہ سے اس کا کام تمام نہ کر سکا اور اس نے شور مچایا تو میں کمرے سے باہر نکل کر تھوڑی دیر کھڑا رہا۔ پھر میں اندر اس کی طرف گیا اور میں نے کہا اے ابورافع! یہ شور

کیسا تھا؟ اس نے کہا تیری ماں کا ناس ہو، کمرے میں کوئی آدمی ہے جس نے مجھے ابھی تلوار ماری تھی یہ سن کر میں نے اس کو زور سے تلوار ماری جس سے وہ زخمی تو ہو گیا لیکن مرا نہیں۔ میں نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر اس زور سے اسے دبایا کہ اس کی کمر تک پہنچ گئی۔ تب میں سمجھا کہ میں نے اس کا کام تمام کر دیا ہے پھر میں ایک ایک دروازہ

کھولتا ہوا واپس چ اترنے لگا ایک جگہ چا خیال سے میں نے قدم ن جسے میں نے پگڑی س نے دل میں کہا آج ر میں نے اسے قتل کر دی یہ اعلان کیا کہ اہل حجاز ک اور میں نے ان سے کہا ک کے لیے روانہ ہوئے ی واقعہ سنایا۔ آپ صلی اللہ ع علیہ وسلم نے اس پر اپنا د ایسے ٹھیک ہو گیا جیسا ک

بخاری کی ایک روایت م حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسل فرماتے (ان کو دیکھ کر) ک نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ ع اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا م وسلم نے فرمایا ذرا مجھے دکھاؤ ت اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ا حضرت قبیصہؓ فرماتے ہ ملا اسے قتل کر دو چنانچہ ع اس کے ان سے تجارتی تع ان کے بڑے بھائی حضر ابن شیبہ کو قتل کرنے کی وجہ ی

بی اللہ علیہ وسلم نے ابو رافع یہودی کو قتل کرنے بن عتیک کو ان کا امیر بنا لیا۔ ابو رافع رسول اللہ آپ کے مخالفین کی مالی امداد کیا کرتا تھا اور وہ ا کرتا تھا۔ یہ حضرات سورج ڈوبنے کے بعد خیبر ے جانور واپس لا چکے تھے۔ حضرت عبداللہ نے کہ میں جاتا ہوں اور دربان سے کوئی ایسی تدبیر ل ہو جاؤں گا چنانچہ یہ گئے اور دروازے کے بیٹھ گئے کہ جیسے کہ یہ قضا حاجت کے لیے بان نے آواز دے کر کہا اے اللہ کے بندے چاہتا ہوں۔ میں اندر داخل ہو کر چھپ گیا۔ بند کر کے چابیاں کیل پر لٹکا دیں۔ میں نے ابو رافع کے پاس رات کو قصے کہانیاں ہوا کرتی کہانیاں سنانے والے لوگ اس کے پاس سے بھی میں کوئی دروازہ کھولتا تو میں اندر سے چل بھی گیا تو میں ان کے آنے سے پہلے وہ اندھیرے کمرے میں اپنے اہل وعیال کس جگہ ہے اس لیے میں نے اسے آواز دی طرف بڑھا اور میں نے اس پر تلوار کا ایک کام تمام نہ کر سکا اور اس نے شور مچایا تو میں اندر اس کی طرف گیا اور میں نے کہا ا ناس ہو، کمرے میں کوئی آدمی ہے جس زور سے تلوار ماری جس سے وہ زخمی تو ہو گیا پر رکھ کر اس زور سے اسے دبایا کہ اس کی تمام کر دیا ہے پھر میں ایک ایک دروازہ



کھولتا ہوا واپس چلا۔ یہاں تک کہ میں ابو رافع کی سیڑھی تک پہنچ گیا (اور میں سیڑھی سے نیچے اترنے لگا ایک جگہ پہنچ کر) میں سمجھا کہ سیڑھی ختم ہو گئی ہے اور میں زمین تک پہنچ گیا ہوں (اس خیال سے میں نے قدم آگے بڑھایا) تو میں چاندنی رات میں گر گیا اور میری پنڈلی ٹوٹ گئی جسے میں نے پگڑی سے باندھا اور میں چل دیا یہاں تک کہ میں دروازے پر جا کر بیٹھ گیا میں نے دل میں کہا آج رات میں یہاں سے باہر نہیں جاؤں گا جب تک مجھے پتہ نہ چل جائے کہ میں نے اسے قتل کر دیا ہے یا نہیں؟ صبح جب مرغ بولا تو ایک آدمی نے قلعہ کی دیوار پر چڑھ کر یہ اعلان کیا کہ اہل حجاز کا تاجر ابو رافع مر گیا ہے پھر میں وہاں سے اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچا اور میں نے

ان سے کہا جلدی چلو اللہ نے ابو رافع کو قتل کر دیا ہے۔ (چنانچہ ہم وہاں سے مدینہ کے لیے روانہ ہوئے) میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا واقعہ سنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنا پاؤں پھیلاؤ میں نے پھیلا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر اپنا دست مبارک پھیرا۔ دست مبارک پھیرتے ہی میرا پاؤں ایک دم ایسے ٹھیک ہو گیا جیسے اسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

بخاری کی ایک روایت میں یہ ہے کہ حضرت ابی بن کعب فرماتے ہیں کہ یہ حضرات جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے تو اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما تھے (ان کو دیکھ کر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ چہرے کامیاب ہو گئے ان حضرات نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ بھی کامیاب ہو گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اسے قتل کر آئے ہو؟ ان حضرات نے کہا جی ہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذرا مجھے تلوار دو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلوار کو (لے کر اسے) سونگھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اس تلوار کی دھار پر اس کے کھانے کا اثر ہے۔

حضرت محیصہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس یہودی پر تم قابو پالو اسے قتل کر دو چنانچہ ابن سنیہ ایک یہودی تاجر تھا جس کا مسلمانوں سے میل جول تھا اور اس کے ان سے تجارتی تعلقات تھے۔ حضرت محیصہ نے اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر ڈالا۔ ان کے بڑے بھائی حضرت حویصہ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ حضرت حویصہ ابن سنیہ کو قتل کرنے کی وجہ سے حضرت محیصہ کو مارتے جاتے تھے اور کہتے تھے کہ اے اللہ کے

دشمن! تو نے اسے قتل کر دیا حالاں کہ اللہ کی قسم! تیرے پیٹ کی بہت سی چربی اس کے مال سے بنی ہے۔ حضرت محیصہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا اللہ کی قسم! اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھے تمہارے قتل کرنے کا حکم دیتے تو میں تمہاری گردن بھی اڑا دیتا۔ اللہ کی قسم! اسی بات سے حضرت حویصہ کے اسلام کی ابتداء ہوئی (بھائی کی اس بات کا ان کے دل پر بڑا اثر پڑا) حضرت حویصہ نے کہا! اللہ کی قسم! اگر محمد (علیہ السلام) تمہیں میرے قتل کا حکم دے دیں تو کیا تم مجھے ضرور قتل کر دو گے؟ حضرت محیصہ نے کہا ہاں اللہ کی قسم تو حضرت حویصہ نے کہا اللہ کی قسم جس دین نے تجھ کو یہاں تک پہنچا دیا ہے وہ تو عجیب دین ہے۔ ابن اسحاق نے بھی اس جیسی حدیث بیان کی ہے جس میں یہ ہے کہ حضرت محیصہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا مجھے اس (ابن شیبہ) کے قتل کرنے کا اس ذات نے حکم دیا ہے کہ اگر وہ مجھے تمہارے قتل کرنے کا حکم دے تو میں تمہاری گردن بھی اڑا دوں چنانچہ حضرت حویصہ آخر میں مسلمان ہو گئے۔



# اح

# قرآن وح

قرآن حکیم میں ن واتباع کرنے کا حکم کئی مقامات پ فَآمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿ال "پس تم اللہ پر ایمان لاؤ اور ا۔ پر ایمان رکھتا ہے اور اس رسول ک رسول اللہ ﷺ پر ایمان لا۔ تھا، کیونکہ انبیاء کے بھیجنے کا م۔ رسول مقبول ﷺ کے بار۔ تعظیم وتوقیر اور احترام وادب کو ل فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔ (۲) "سو جولوگ اس پر ایمان لا۔ نور کے جو اس کے ساتھ اترا ہ

# احترام رسول ﷺ

## قرآن وحدیث کی روشنی میں

ڈاکٹر محمد عبد العلی اچکزئی

قرآن حکیم میں نبی کریم ﷺ پر ایمان لانے اور آپؐ کی اطاعت واتباع کرنے کا حکم کئی مقامات پر موجود ہے، مثلاً ایک جگہ ارشاد ہے:

فَآمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ . (۱)

''پس تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول نبی امی پر بھی جو خود اللہ پر اور اس کے احکام پر ایمان رکھتا ہے اور اس رسول کا اتباع کرو تا کہ تم راہ مقصد پر آ لگو''

رسول اللہ ﷺ پر ایمان اور آپؐ کی اطاعت واتباع تو امت پر فرض ہونا ہی چاہیے تھا، کیونکہ انبیاء کے بھیجنے کا مقصد ہی اس کے بغیر پورا نہیں ہوتا ، لیکن حق تعالیٰ نے ہمارے رسول مقبول ﷺ کے بارے میں صرف اسی پر اکتفاء نہیں فرمایا ، بلکہ امت پر آپؐ کی تعظیم وتوقیر اور احترام وادب کو بھی لازم قرار دیا ہے، جیسا کہ سورۃ الاعراف میں ارشاد ہے:

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْ اُنْزِلَ مَعَهٗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ . (۲)

''سو جو لوگ اس پر ایمان لائے اور اس کی تعظیم کی اور اس کی مدد کی اور تابع ہوئے اس نور کے جو اس کے ساتھ اترا ہے ، وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں''

اس آیت میں فلاح پانے کے لئے چار شرطیں ذکر کی گئی ہیں، اول آنحضرت ﷺ پر ایمان، دوسرے آپؐ کی تعظیم و تکریم، تیسرے آپؐ کی امداد اور چوتھے قرآن کی اتباع۔ تعظیم وتکریم کے لئے اس جگہ لفظ عَزَّرُوْہُ لایا گیا ہے، جو تعزیر سے مشتق ہے، تعزیر کے اصل معنی شفقت کے ساتھ منع کرنے، حفاظت کرنے کے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے عَزَّرُوْہُ کے معنی تعظیم وتکریم کرنے کے بتلائے ہیں اور مبرد نے کہا کہ اعلیٰ درجہ کی تعظیم کو تعزیر سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ لوگ جو آنحضرت ﷺ کی عظمت ومحبت کے ساتھ آپؐ کی تائید وحمایت اور مخالفین کے مقابلہ میں آپؐ کی مدد کریں اور وہ مکمل فلاح پانے والے ہیں (۳) آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی تعظیم وتکریم کے بغیر ایمان اور اعمال صالحہ کچھ فائدہ نہیں دے سکتے اور آپؐ کی تعظیم وتکریم نہ کرنے والے لوگ فلاح پانے سے محروم ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے ادب واحترام کے ضمن میں متعدد مقامات پر واضح احکامات نازل فرمائے اور صحابہ کرامؓ کو یہ تعلیم دی کہ وہ اس کا لحاظ کریں اور آپؐ کی شان میں ذرہ برابر فرق نہ آنے پائے۔

رسول اللہ ﷺ کو عام لوگوں کی طرح پکارنے سے منع فرمایا گیا ہے، ارشاد ربانی ہے:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضاً . (۴)

"رسول اللہ ﷺ کو اس طرح نہ پکارو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہو"

اس آیت میں آپؐ کے ادب واحترام اور مسلمانوں کو آپؐ کے مقام کو ملحوظ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے، جیسا کہ مولانا شبیر احمد عثمانی لکھتے ہیں:

"یعنی حضرتؐ کے بلانے پر حاضر ہونا فرض ہوجاتا ہے، آپ کا بلانا اوروں کی طرح نہیں کہ چاہے اس پر لبیک کہے یا نہ کہے، اگر حضور ﷺ کے بلانے پر حاضر نہ ہو تو آپؐ کی بددعا ء سے ڈرنا چاہئے، کیونکہ آپؐ کی دعا معمولی انسانوں جیسی نہیں، نیز مخاطبات میں حضور ﷺ کے ادب وعظمت کا پورا خیال رکھنا چاہئے، عام لوگوں کی طرح "یا محمدؐ " وغیرہ کہہ کر خطاب نہ کیا جائے، بلکہ "یا نبی اللّٰہ" اور "یا رسول اللّٰہ" جیسے تعظیمی القاب سے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

پکارنا چاہیے۔ (۵)

اس آیت نے مسلمانوں پر آنحضرت ﷺ ہے، یہاں تک کہ جب وہ حضور ﷺ کو م تو اس وقت بھی وہ اپنی آواز کو پست اور آپؐ اس مقصد کی زیادہ وضاحت اور تائید الٰ کی ابتداء میں ذکر کی گئی ہیں، ارشاد باری تع

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ o یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَجْھَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَھْرِ بَعْضِ تَشْعُرُوْنَ o اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَھُمْ لِلتَّقْوٰی یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَاءِ الْحُجُرَاتِ اَکْ تَخْرُجَ اِلَیْھِمْ لَكَانَ خَیْراً لَّھُمْ ط وَاللّٰ

"اے ایمان والو آگے نہ بڑھو اللّٰہ اور اللّٰہ سنتا ہے جانتا ہے۔ اے ایمان والو ا اس سے نہ بولو چیخ کر جیسے چیختے ہو ای کام اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔ جو لوگ دبی آ ، وہی ہیں جن کے دلوں کو جانچ لیا ہے ا اور ثواب بڑا ۔ جو لوگ پکارتے ہیں تجھ اگر وہ صبر کرتے ، جب تک تو نکلتا ان ک والا مہربان ہے ۔

مندرجہ بالا پانچ آیتوں میں مجلس نب ادب جو کہ پہلی آیت میں بیان ہوا ہے پیش قدمی نہ کرو۔ حکم عام ہے، یعنی

پکارنا چاہیے۔ (۵)

اس آیت نے مسلمانوں پر آنحضرت ﷺ کا ادب و احترام اور تعظیم و تکریم فرض قرار دی ہے، یہاں تک کہ جب وہ حضور ﷺ کو عرفی نام یا نبی اللہ اور یا رسول اللہ سے پکاریں گے، تو اس وقت بھی وہ اپنی آواز کو پست اور آپؐ کی تعظیم و توقیر کو پوری طرح ملحوظ رکھیں گے۔

اس مقصد کی زیادہ وضاحت اور تائید ان آیات کریمہ سے ہوتی ہے، جو سورۃ الحجرات کی ابتداء میں ذکر کی گئی ہیں، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ o یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ کَجَهْرِ بَعْضِکُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ o اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اِمْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی ط لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَ اَجْرٌ عَظِیْمٌ o اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِن وَّرَاءِ الْحُجُرَاتِ اَکْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ o وَ لَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰی تَخْرُجَ اِلَیْهِمْ لَکَانَ خَیْرًا لَّهُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (۶) o

"اے ایمان والو! آگے نہ بڑھو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ اللہ سنتا ہے جانتا ہے۔ اے ایمان والو! بلند نہ کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے اوپر اور اس سے نہ بولو چیخ کر جیسے چیختے ہو ایک دوسرے پر، کہیں اکارت نہ ہو جائے تمہارے کام اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔ جو لوگ دبی آواز سے بولتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس ، وہی ہیں جن کے دلوں کو جانچ لیا ہے اللہ نے ادب کے واسطے، ان کے لئے معافی ہے اور ثواب بڑا۔ جو لوگ پکارتے ہیں تجھ کو دیوار کے پیچھے سے، وہ اکثر عقل نہیں رکھتے اور اگر وہ صبر کرتے، جب تک تو نکلے ان کی طرف، تو ان کے حق میں بہتر ہوتا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

مندرجہ بالا پانچ آیتوں میں مجلس نبوی ﷺ سے متعلق تین آداب کا ذکر ہے۔ پہلا ادب جو کہ پہلی آیت میں بیان ہوا ہے، وہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے تقدم اور پیش قدمی نہ کرو۔ حکم عام ہے، یعنی کسی بھی قول یا فعل میں آنحضرت ﷺ سے پیش

قدمی نہ کرو، بلکہ انتظار کرو کہ رسول اللہ ﷺ کیا جواب دیتے ہیں، بدون انتظار کے از خود گفتگو شروع کر دینا درست نہیں۔ اسی طرح اگر آپ ﷺ چل رہے ہیں تو کوئی آپ سے آگے نہ بڑھے کھانے کی مجلس ہے، تو آپ سے پہلے کھانا شروع نہ کرے۔

دوسری آیت میں دوسرا ادب بیان ہوا ہے، کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آپ ﷺ کی آواز سے زیادہ آواز بلند کرنا یا بلند آواز سے اس طرح گفتگو کرنا جیسے آپس میں ایک دوسرے سے بے محابا کیا کرتے ہیں، ایک قسم کی بے ادبی اور گستاخی ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی تعظیم اور ادب آپ کی وفات کے بعد بھی ایسا ہی واجب ہے جیسا کہ حیات میں تھا۔ اسی لئے بعض علماء نے فرمایا کہ آپ کی قبر شریف کے سامنے بھی زیادہ بلند آواز سے سلام و کلام کرنا ادب کے خلاف ہے۔ اسی طرح جس مجلس میں رسول اللہ ﷺ کی احادیث پڑھی یا بیان کی جا رہی ہو، اس میں بھی شور و شغب کرنا بے ادبی ہے۔ آیت کے آخر میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کہیں تمہارے اعمال برباد نہ ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔ مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پیش قدمی یا ان کی آواز پر اپنی آواز کو بلند کر کے غالب کرنا ایک ایسا امر ہے جس سے رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی اور بے ادبی ہونے کا احتمال ہے، جو سبب ہے ایذائے رسول ﷺ کا، جو کہ ایک قسم کی معصیت ہے اور بعض معصیتوں کا خاصہ یہ ہوتا ہے کہ اس کے کرنے والے سے توبہ اور اعمال صالحہ کی توفیق سلب ہو جاتی ہے اور وہ گناہوں میں منہمک ہو کر انجام کار کفر تک پہنچ جاتا ہے، جو سبب ہے حبط اعمال کا۔

تیسری آیت میں اللہ تعالیٰ کے مذکورہ احکام پر عمل کرنے والوں کے لئے اس وعدہ کو بیان کیا گیا ہے کہ ان کے دلوں کو اللہ نے تقویٰ کے لئے ازما لیا ہے اور آخرت میں ان کے لئے بخشش اور اجر عظیم ہو گا۔

چوتھی آیت میں نبی کریم ﷺ سے متعلق ایک تیسرا ادب سکھلایا گیا ہے، کہ جس وقت آپ اپنے مکان اور آرام گاہ میں تشریف فرما ہوں، اس وقت باہر کھڑے ہو کر آپ کو پکارنا خصوصاً گنوار پن کے ساتھ کہ نام لے کر پکارا جائے، یہ بے ادبی ہے۔ تفاسیر میں مذکور ہے کہ بنو تمیم کے کچھ لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو آپ ﷺ



باہر تشریف فرما نہ تھے، بلکہ ازواج مطہرات کے لوگ غیر مہذب گاؤں والے تھے، باہر ہی سے پکارنے لگے کہ یا محمد ﷺ اخرج الی اس طرح پکارنے کی ممانعت اور انتظار کرنے کا میں مزید ہدایت دی گئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ تک انتظار کرنا چاہیے، جب تک کہ آپ ﷺ

ان آیت کی تفسیر میں حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ھذه آداب أدب اللہ بها عباده المؤ اللہ علیہ وسلم من التوقير والاحترام و

”ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن سکھائے ہیں کہ انہیں ہر معاملہ میں رسول اللہ پیش آنا چاہئے“

اسی طرح صاحب تفسیر مظہری لکھتے ہیں: یجب علیکم بتبجیله وتعظیمه ومن وخطابه بالنبي والرسول ونحو ذلك

”(اے مسلمانو) تم پر واجب ہے کہ آپ رکھو اور آپ کے حضور ﷺ میں اپنی آواز اوصاف سے مخاطب کرو“

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کا العاصؓ کہتے ہیں:

ما كان احد الي من رسول الله منه وما كنت اطيق ان املا عيني اجلالا لاني لم اكن املا عيني منه (۱۰)

”رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مجھے کوئی

باہر تشریف فرما نہ تھے، بلکہ ازواج مطہرات کے حجرات میں سے کسی مکان میں تھے۔ یہ لوگ غیر مہذب گاؤں والے تھے، باہر ہی سے کھڑے ہو کر آپ ﷺ کا نام لے کر پکارنے لگے کہ یا محمد ﷺ اخرج الینا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی، جس میں اس طرح پکارنے کی ممانعت اور انتظار کرنے کا حکم دیا گیا اور پانچویں آیت میں اس سلسلے میں مزید ہدایت دی گئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کرنے کے لئے اس وقت تک انتظار کرنا چاہیے، جب تک کہ آپ ﷺ خود باہر نہ نکلیں۔

(۷)

ان آیت کی تفسیر میں حافظ ابن کثیرؒ نے لکھا ہے کہ: ھذہ آداب ادّب اللہ بھا عبادہ المؤمنین فیما یعاملون بہ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم من التوقیر والاحترام والتبجیل والاعظام

(۸)

"ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے مؤمن بندوں کو رسول اللہ ﷺ کے اداب سکھائے ہیں کہ انہیں ہر معاملہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تعظیم وتکریم اور احترام سے پیش آنا چاہئے"

اسی طرح صاحب تفسیر مظہری لکھتے ہیں: یجب علیکم بتبجیلہ وتعظیمہ ومراعاۃ آدابہ وخفض الصوت بحضرتہ وخطابہ بالنبی والرسول ونحو ذلک

(۹)

"(اے مسلمانو) تم پر واجب ہے کہ آپ کی تعظیم وتکریم کرو اور آپ کے اداب کو ملحوظ رکھو اور آپ کے حضور ﷺ میں اپنی آوازوں کو پست رکھو اور آپ کو نبی اور رسول کے اوصاف سے مخاطب کرو"

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کا حد درجہ احترام کرتے تھے، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں: ما کان احد احبّ الیّ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا اجلّ فی عینی منہ وما کنت اطیق ان املأ عینیّ منہ اجلالاً لہ ولو سُئلتُ ان اصفہ ما اطقتُ لانی لم اکن املأ عینیّ منہ

(۱۰)

"رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مجھے کوئی محبوب نہیں رہا، میری آنکھوں نے آپ ﷺ

کے احترام کی وجہ سے میں کبھی آپ ﷺ کو آنکھ بھر کر نہیں دیکھ سکا، اگر مجھ سے کوئی آپ ﷺ کی شخصیت کے بارے میں پوچھے، تو میں کما حقہ جواب نہیں دے سکوں گا، اس لئے کہ میں نے آنکھیں بھر کر آپ ﷺ کو کبھی نہیں دیکھا‘‘

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: کان یخرج علی اصحابہ من المہاجرین والانصار وھم جلوس وفیھم ابوبکر وعمر فلایرفع الیہ احد منھم بصرہ الاابوبکر وعمر، فانھما کانا ینظران الیہ ویبتسمان الیہ ویبتسم الیھما۔ (۱۱)

’’رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب انصار و مہاجرین صحابہ کی طرف تشریف لاتے اور وہ بشمول ابوبکر و عمر بیٹھے ہوئے ہوتے تو کسی کی جرأت نہیں ہوتی تھی کہ آپؐ کی طرف نظر اٹھا کر دیکھ سکے، ہاں البتہ ابوبکر و عمر دونوں آپؐ کی طرف دیکھتے اور مسکراتے ، آپؐ بھی انہیں دیکھ کر مسکرایا کرتے تھے‘‘

صلح حدیبیہ کے موقعہ پر عروہ بن مسعود ثقفی قریش کی طرف سے بات چیت کے لئے آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، عروہ جب واپس اپنے ساتھیوں کے پاس آئے تو ان کے سامنے صحابہ کرام کے آپؐ کا ادب کرنے کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا: ای قوم واللہ لقد وفدت علی الملوک ووفدت علی قیصر و کسریٰ والنجاشی واللہ ان رأیت ملکاً قط یعظمہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ (۱۲)

’’اے لوگو! بخدا میں بادشاہوں کے دربار میں وفد لے کر گیا ہوں، قیصر و کسریٰ اور نجاشی سب کے دربار میں، لیکن خدا کی قسم! میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ کسی بادشاہ کے مصاحب اس کی اس درجہ تعظیم کرتے ہوں جتنی محمد ﷺ کے اصحاب آپ کی کرتے تھے‘‘

جس طرح نبی کریم ﷺ کا ادب و احترام امت مسلمہ پر لازم ہے، اسی طرح آپؐ کی شان میں گستاخی اور آپؐ کو اذیت پہنچانا بھی سخت حرام اور ممنوع ہے، شان رسول میں گستاخی کے احتمال کا سدباب کرتے ہوئے ارشاد خداوندی ہے: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لاَ تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوْا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْکٰفِرِیْنَ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 239

عَذَابٌ اَلِیْمٌ (۱۳)

''اے ایمان والو! تم راعنا مت کہا کرو بلکہ اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے''

راعنا کے معنی ہیں ہمارا لحاظ اور خیال کا استعمال کرکے متکلم کو اپنی طرف متوجہ کرتا تھا اس لفظ کو تھوڑا سا بگاڑ کر استعمال کرتے تھے، جس جذبہ عناد کی تسلی ہوجاتی، مثلاً وہ کہتے (معا راعنا احمق کو بھی کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے مسل مسئلہ معلوم ہوا کہ ایسے الفاظ جن میں تنقیص وا اور سد ذریعہ کے طور پر ان کا استعمال صحیح نہیں یہ رسول اللہ ﷺ کو اذیت رسانی کتنا بڑا جر ارشاد فرمایا۔

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَا

''اور جو لوگ بدگوئی کرتے ہیں اللہ کے رسو

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں سے معلوم ہوا کہ ایذا کے مفہوم میں بدگوئی ﷺ کو تکلیف پہنچے اور اللہ تعالیٰ نے واضح ک والوں کے لئے دردناک عذاب مقرر ہے، ال

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ عَذَاباً مُّھِیْناً ۔(۱۶)

''جو لوگ ستاتے ہیں اللہ کو اور اس کے دنیا میں اور آخرت میں اور تیار کر رکھا ہے ان

امام قرطبی اس آیت کی ذیل میں لکھتے ہی واما اذیۃ رسولہ صلی اللّٰہ علی

عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۱۳)

"اے ایمان والو! تم راعنا مت کہا کرو بلکہ انظرنا کہا کرو اور خوب غور سے سنا کرو اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے"

راعنا کے معنی ہیں ہمارا لحاظ اور خیال کیجئے ، بات سمجھ میں نہ آئے تو سامع اس لفظ کا استعمال کر کے متکلم کو اپنی طرف متوجہ کرتا تھا، لیکن یہودی اپنے بغض وعناد کی وجہ سے اس لفظ کو تھوڑا سا بگاڑ کر استعمال کرتے تھے، جس سے اس کے معنی میں تبدیلی اور ان کے جذبہ عناد کی تسلی ہوجاتی ،مثلاً وہ کہتے (ہمارے چرواہے) اور یہود کی زبان میں راعنا احمق کو بھی کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو منع فرمایا کہ یہ لفظ نہ کہو، اس سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ ایسے الفاظ جن میں تنقیص واہانت کا شائبہ ہو، ادب واحترام کے پیش نظر اور سد ذریعہ کے طور پر ان کا استعمال صحیح نہیں۔

رسول اللہ ﷺ کو اذیت رسانی کتنا بڑا جرم ہے، اس کے بارے میں سورۃ التوبۃ میں ارشاد فرمایا۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ . (۱۴)

"اور جو لوگ بدگوئی کرتے ہیں اللہ کے رسول کی ، ان کے لئے عذاب ہے دردناک"

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں ایذا کے معنی بدگوئی کے کئے ہیں (۱۵) جس سے معلوم ہوا کہ ایذا کے مفہوم میں بدگوئی اور ہر وہ امر داخل ہے جس سے آنحضرت ﷺ کو تکلیف پہنچے اور اللہ تعالیٰ نے واضح کردیا کہ رسول اللہ ﷺ کو اذیت پہنچانے والوں کے لئے دردناک عذاب مقرر ہے، اسی طرح سورۃ احزاب میں ارشاد فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّلَھُمْ عَذَاباً مُّھِیْناً ۔ (۱۶)

"جو لوگ ستاتے ہیں اللہ کو اور اس کے رسول ﷺ کو، ان پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی دنیا میں اور آخرت میں اور تیار کر رکھا ہے ان کے واسطے ذلت کا عذاب"

امام قرطبی اس آیت کی ذیل میں لکھتے ہیں:

واما اذیة رسوله صلی اللہ علیه وسلم فهی کل مایؤذیه من الاقوال فی

غیر معنی واحد ومن الافعال ایضاً (۱۷) ''جہاں تک اذیت کے مفہوم کا تعلق ہے، تو اس میں ہر طرح کے وہ تمام اقوال اور افعال آتے ہیں جو آپؐ کے لئے باعث تکلیف ہو سکتے ہیں''

اس آیت میں حضور ﷺ کو اذیت پہنچانے والوں کی مذمت ان الفاظ میں فرمائی کہ اللہ تعالیٰ انہیں دنیا اور آخرت میں اپنی رحمت وبرکت سے محروم کردے گا اور ان کو آخرت میں رسوا کن عذاب میں مبتلا کرے گا۔

ابولہب نے جب نبی کریم ﷺ کے لئے نعوذ باللہ تَبّاً لَّکَ (تیرے لئے ہلاکت ہو) کہا تو اللہ تعالیٰ نے پوری سورت کا نزول فرما کر اس کے ہمیشہ جہنم میں رہنے کا اعلان فرما دیا، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ . مَا أَغْنَىٰ عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ . سَيَصْلَىٰ نَاراً ذَاتَ لَهَبٍ . (۱۸)

''ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور تباہ ہو جائے (اس نے ہمارے حبیب ﷺ پر ہاتھ اٹھانے کی کوشش کی ہے) اسے اس کے مال نے کچھ فائدہ نہ پہنچایا اور نہ ہی اس کے کمائی نے، عنقریب وہ شعلوں والی آگ میں جا پڑے گا''

اسی طرح اس کی بیوی جو آپؐ کی راہوں میں کانٹے چن کر بچھاتی تھی اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقابلے میں لوگوں کو بھڑکاتی تھی، اس کے بارے میں فرمایا:

وَامْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِّن مَّسَدٍ . (۱۹)

"اور اس کی عورت (بھی) جو (کانٹے دار) لکڑیوں کا بوجھ (سر پر) اٹھائے پھرتی ہے (اور ہمارے حبیب ﷺ کے تلووں کو زخمی کرنے کے لئے رات کو ان کی راہوں میں بچھادیتی ہے) اس کی گردن میں کھجور کی چھال کا (وہی) رسہ ہوگا (جس سے وہ کانٹوں کا گٹھا باندھتی ہے)۔

نبی کریم ﷺ کی حرمت میں قرآن کے علاوہ کتب احادیث میں بھی بے شمار احادیث موجود ہیں، ان میں سے چند احادیث درج ذیل ہیں:

۱۔ کعب بن اشرف جو کہ یہودی تھا، نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں

گستاخی کرتا تھا، اپنے اشعار واقوال میں نبی کریم ﷺ کی نعوذ باللہ ہجو بیان کرتا تھا، آپ نے اس کے اس عمل قبیح کی وجہ سے اسے قتل کرنے کا حکم فرمایا (۲۰) حضور نبی کریم ﷺ کے کلمات مبارکہ فَإِنَّهُ قَدْ أَذَى اللَّهَ تَعَالَى وَرَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خاص طور پر اس قتل کی وجہ بیان کرتے ہیں۔

۲۔ عن عليّ أن يهودية كانت تشتم النبي صلى الله عليه وسلم وتقع

فيه فخنقها رجل حتى ماتت فابطل رسول الله صلى الله عليه وسلم دمها

(۲۱)

"حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ ایک یہودی عورت نبی کریم ﷺ پر (نعوذ باللہ ) سب وشتم کرتی تھی اور آپ کی (العیاذ باللہ ) غیبت کرتی تھی تو ایک آدمی نے اس کا گلا گھونٹ کر اسے مار دیا، نبی کریم ﷺ نے اس کا خون باطل (یعنی مباح) قرار دیا"

۳۔ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ سَبَّ نَبِيّاً فَاقْتُلُوهُ وَمَنْ سَبَّ أَصْحَابِي فَاضْرِبُوهُ

(۲۲)

"جس نے نبی ﷺ کو برا بھلا کہا ، اسے قتل کرو اور جس نے میرے اصحابؓ کو برا بھلا کہا اسے مارو"

مذکورہ بالا احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ جو مسلمان نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کرے اس کی سزا قتل ہے، وہ بالاتفاق مرتد اور کافر ہے، اس کے علاوہ اگر کوئی ذمی یا کافر شان

رسالت میں بے ادبی و گستاخی کرے تو اس کو قتل کرنا بھی جائز ہے، جیسا کہ قاضی عیاض لکھتے ہیں:

قال ابوبکر بن المنذر اجمع عوام اهل العلم علی ان من سبّ النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم یُقتل

(۲۳)

"ابوبکر بن المنذر فرماتے ہیں کہ تمام اہل علم کا اس بات پر اجماع ہے کہ جس نے نبی کریم ﷺ کو (نعوذ باللہ ) گالی دی تو اسے قتل کیا جائے گا"

قاضی عیاض مزید لکھتے ہیں:

وکذالك اقول حکم من غمصه او عیره برعایة الغنم او السهو او النسیان او السحر او ما اصابه من جرح او هزیمة لبعض جیوشه او اذی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

من عدوّہ او شدّۃٍ من زمنہ او بالمیل الی نسائہ فحکم ھذا کلّہ لمن قصد بہ نقصہ القتل (۲۴)

”میں کہتا ہوں کہ اسی طرح جس کسی نے نبی کریم ﷺ کو (نعوذ باللہ) حقیر جانا یا آپؐ کو (نعوذ باللہ) بکریاں چرانے یا سہو یا نسیان یا جادو میں مبتلا ہونے یا زخمی ہونے یا آپؐ کے بعض لشکروں کو شکست کا سامنا کرنے یا دشمن کی طرف سے تکلیف پہنچنے یا اپنے زمانہ کی سختی کی وجہ سے یا عورتوں کی طرف مائل ہونے کی وجہ سے عار دلائی، تو اس کا حکم وہی ہوگا جو آپؐ کی عیب جوئی کرنے والے کا ہے، یعنی اسے قتل کیا جائے گا“

حضرت قاضی عیاضؒ اس مسئلہ کی مزید وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اعلم وفقنا اللہ وایاك ان جَمیع من سب النبی ﷺ اوعابہ او ألحق بہ نقصاً فی نفسہ او نسبہ او دینہ او خصلۃٍ من خصالہ او عرّض بہ اوْ شبّھہ بشیءٍ علی طریق السب لہُ او الازراء علیہ او التصغیر لشأنہ او الغضّ منہ والعیب لہُ فھو سابٌ لہُ والحکم فیہ حکم الساب یقتل. (۲۵)

”جان لو! اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں توفیق عطا فرمائیں کہ جس شخص نے نبی کریم ﷺ کو (نعوذ باللہ) گالی دی ، یا آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس یا آپؐ کے دین یا آپؐ کی عادات مبارکہ میں سے کسی عادت کے ساتھ کسی نقص کو ملحق کیا یا اشارۃً آپؐ کے لئے کوئی نامناسب بات کہی ، یا آپؐ کو کسی شئی کے ساتھ (نعوذ باللہ) گالی کے طور پر تشبیہ دی، یا آپؐ پر عیب لگایا، یا آپؐ کے لئے اسم تصغیر (اہانت کے طور پر) استعمال کیا، یا آپؐ کی شان و قدر گھٹانے کی کوشش کی، یا آپؐ کی طرف کسی برائی کی نسبت کی ، تو وہ درحقیقت ان تمام صورتوں میں آپؐ پر سَب وشتم کرنے والا ہے اور اس کا حکم شاتم کا ہے، یعنی اسے قتل کیا جائے گا“

مذکورہ بالا اقوال سے معلوم ہو گیا کہ شاتم رسول ﷺ کے کافر اور مستحق قتل ہونے پر تمام امت کا اجماع ہے، البتہ کسی امر کے گستاخی و بے ادبی ہونے میں اختلاف ہونا ممکن ہے، اس صورت میں فوری تکفیر سے اجتناب کیا جائے گا ، کیونکہ اختلاف کی صورت میں تکفیر کرنا صحیح نہیں۔ بعض امور صریح ہوتے ہیں کہ ان میں نیت کا جاننا ضروری نہیں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ہوتا، جیسے کسی ملعون کا نعوذباللہ دلالتِ حال اس بات کی نشاندہی کیا گیا ہے، البتہ بعض اوقات قائل نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ا رکھتے ہوئے جائز قرار دیا ہے ایک لفظ کسی علاقے میں ادب سخت توہین کے لئے مستعمل ہو تاہم نبی کریم ﷺ کے لئے اور گستاخی کا شائبہ رکھتا ہو، اگر دیتی ہو، نامناسب ہے۔ (۲۶)

نقیب اشاعت خاص: ہدیہ: ۴۰۰ روپے اے ۱۹، بلاک فون: 80641

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

ہوتا، جیسے کسی ملعون کا نعوذ باللہ نبی کریم ﷺ پر زبان طعن دراز کرنا یا سب و شتم کرنا دلالت حال اس بات کی نشاندہی کر دیتی ہے کہ یہ عمل توہین یا استخفاف کی نیت سے کیا گیا ہے، البتہ بعض اوقات قائل کی نیت کا پوچھنا ضروری ہوتا ہے، جیسے بعض فقہاء نے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے لئے اسم تصغیر کے استعمال کو تعظیم کی نیت سے یا اہانت کی نیت نہ رکھتے ہوئے جائز قرار دیا ہے۔ بالعموم توہین و تعظیم کا تعلق عرف سے ہوتا ہے، ممکن ہے کہ ایک لفظ کسی علاقے میں ادب کے لئے استعمال ہوتا ہو اور وہی لفظ دوسرے علاقے میں سخت توہین کے لئے مستعمل ہو ، اس صورت میں فرد کی نیت و عرف کا اعتبار کیا جائے گا ، تاہم نبی کریم ﷺ کے لئے ایسا کلمہ استعمال کرنا جو کسی بھی اعتبار سے بے ادبی اور گستاخی کا شائبہ رکھتا ہو، اگرچہ اس علاقے و زمانہ کا عرف یا زبان اس کی اجازت بھی دیتی ہو، نامناسب ہے۔ (۲۶)

نقیب اتحاد ملت اسلامیہ ماہنامہ مسیحائی کراچی

اشاعت خاص: ” ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم نمبر“ احمد خیر الدین انصاری

☆............☆............☆

ہدیہ: ۴۰۰ روپے بمع ڈاک ضخامت: ۱۰۲۴ صفحات محدود تعداد میں دستیاب ہے۔ بی جے ۱۹، بلاک ، اے، نارتھ ناظم آباد، کراچی ۷۴۷۰۰۔ فون: 36630641۔موبائل: 03323569913

# حوالہ جات


- (۱) الاعراف ۱۵۸:۷
- (۲) الاعراف ۱۵۷:۷
- (۳) مفتی محمد شفیع، معارف القرآن، ادارۃ المعارف، کراچی، ۱۹۷۹ء، ۸۶:۴۔
- (۴) النور ۲۳،۲۴:
- (۵) شبیر احمد عثمانی، فوائد القرآن، شاہ فہد قرآن شریف پرنٹنگ پریس، مدینہ منورہ، ۱۹۸۹ء، ص ۴۷۹۔
- (۶) الحجرات، ۱،۵
- (۷) مفتی محمد شفیع، معارف القرآن، ۸، ۱۰۳-۱۰۰ ملخصاً۔
- (۸) حافظ عماد الدین اسمعیل بن کثیر القریشی، تفسیر القرآن العظیم، سہیل اکیڈمی، لاہور، ۱۹۷۳ء، ۲۰۵:۴
- (۹) قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی، تفسیر مظہری، دائرۃ اشاعت العلوم، ندوۃ المصنفین، ۴۱:۹۔
- (۱۰) مسلم، کتاب الایمان، باب کون الاسلام یہدم ماقبلہ وکذا الحج والہجرۃ.
- (۱۱) سنن ترمذی، ابواب المناقب، باب مناقب ابوبکر رضی اللّٰہ عنہ
- (۱۲) بخاری، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجہاد والمصالحۃ مع اہل

الحرب وکتابۃ الشروط

- (۱۳) البقرۃ ۲:۱۰۲، ۱۰۳

- (۱۴) التوبۃ ۹:۲۱

- (۱۵) ضمیمہ فوائد القرآن، ص۲۶۰

- (۱۶) الاحزاب ۳۳:۵۷

- (۱۷) ابی عبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی، الجامع لاحکام القرآن،

دارالکتب العربی، القاہرۃ، ۱۹۶۷ء، ۱۴:۲۳۸

- (۱۸) ۱۱۱:۴۱

- (۱۹) سورۃ لہب ۱۱۱:۴

- (۲۰) مسلم، کتاب الجہاد، باب قتل کعب بن الاشرف طاغوت الیہود

- (۲۱) سنن ابو داود، کتاب الدیات، باب الحکم فیمن سب النبی ﷺ

- (۲۲) القاضی ابی الفضل عیاض، الشفاء بتعریف حقوق المصطفی، دارالکتب

العلمیہ بیروت، ۲۰۰۲ء، ۲:۱۳۷

- (۲۳) ایضاً، ۲:۱۴۳

- (۲۴) ایضاً، ۲:۱۴۶

- (۲۵) ایضاً، ۲:۱۴۳

• (۲۶) شبیر محمود صدیقی، حرمت پیغمبر مسلم، مجلہ فقہ اسلامی، کراچی، ج ۱۰، ش ۱۱-۱۰، ۲۰۰۹ء، ص ۲۵۶، ۲۵۷۔

# عظمت رسول ﷺ

# اور

# گستاخ رسول کا انجام تاریخ کے تناظر میں

ڈاکٹر عبد الرؤف ظفر

## عظمت رسول ﷺ :

یہ ایک آشکارہ عالم حقیقت ہے کہ اعتراف عظمت کے لیے با عظمت انسان ہونا ضروری ہے اور اس اعلیٰ انسان کی عظمت و بلندی کا کیا اندازہ لگائیں جس کی عظمت کا اعلان خود انسانوں کا خالق قرآن مجید میں ورفعنا لک ذکرک فرما کر رہا ہو۔ اسلام میں رسول اکرم ﷺ کا مقام و مرتبہ اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے بلند تر ہے۔ آپ ﷺ کی ذات نہ صرف وحی الٰہی کی شارح ہے بلکہ شارع بھی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَى O إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى) "آپ ﷺ کی زبان مبارک سے ادا ہونے والے الفاظ منشا باری تعالیٰ کے مطابق ہیں" (۱)

آپ ﷺ کی ذات ہر قسم کے گناہ اور لغزش سے معصوم ہے۔ قرآن مجید میں آپ کی محبت کا حکم دیتے ہوئے مسلمانوں سے فرمایا گیا ہے:

(قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ)

"فرما دیجیے اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو تو رسول اقدس ﷺ کی اطاعت کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہاری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا وہ بڑا معاف کرنے والا رحیم ہے" (۲)۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے ایک لاکھ چوبیس ہزار کم و بیش

جتنے پیغمبر ورسل مبعوث فرمائے ان میں سے کسی نبی کو ہم کلامی کا شرف بخشا کسی کو ید بیضاء عطا کیئے، کسی کو مردے زندہ کر دینے اور مبروص کو شفا بخشنے کے معجزات عنایت فرمائے کسی نبی کو صفی اللہ کسی کو کلیم اللہ کسی کو خلیل اللہ اور کسی کو روح اللہ کے خطابات سے نوازا لیکن تاج محبوبیت صرف آقائے دو جہاں سید ولد آدم سرور کائنات احمد مجتبیٰ ﷺ کے سر مبارک پر ہی رکھا جتنے معجزات دیگر انبیاء کرام کو فرداً فرداً عطا کیئے وہ سب مجموعی طور پر آپ ﷺ کی ذات میں جمع کر دیئے گئے۔

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ تک تمام انبیاء کرام سے آپ ﷺ کی نبوت کی تصدیق کروائی گئی۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَى ذَٰلِكُمْ إِصْرِي قَالُوا أَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ O فَمَن تَوَلَّى بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (۳)

"یاد کرو اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا تھا کہ آج میں نے تمہیں کتاب اور حکمت و دانش سے نوازا ہے اگر کوئی دوسرا رسول تمہارے پاس اسی تعلیم کی تصدیق کرتا ہوا آئے جو پہلے سے تمہارے پاس موجود ہے تو تم کو اس پر ایمان لانا ہوگا اور اس کی مدد کرنی ہوگی۔" کیا تم اس کا اقرار کرتے ہو اور اس پر میری طرف سے عہد کی بھاری ذمہ داری اٹھاتے ہو ؟" انہوں نے کہا ہاں ہم اقرار کرتے ہیں، "اللہ

نے فرمایا "اچھا تو گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں، اس کے بعد جو اپنے عہد سے پھر جائے وہی فاسق ہے۔"

اس آیت کی تفسیر میں سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:

"آدم سے لے کر مسیح تک جتنے پیغمبر گزرے خدا نے ہر ایک سے آپ ﷺ کی نبوت

کی تصدیق اور تائید کا پختہ قول و قرار لیا‘ (۴)

اس لیے پیغمبروں نے اپنے اپنے زمانے میں اس حق کو ادا کیا اور اپنی امتوں کو امام الانبیاء کی آمد کی بشارتیں سنائیں توریت وانجیل بھی آپ ﷺ کی شان میں مدح سرا ہیں اب تک بھی موجودہ توریت وانجیل میں باوجود اس قدر تغیر وتبدل ترمیم وتحریف کے اکثر بشارتیں صاف صاف موجود ہیں اور قرآن مجید خود اس پر گواہ ہے:

الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوباً عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ (۵)

(یہ وہ لوگ ہیں جو پیروی کریں گے اس رسول نبی کی جس کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پائیں گے ) آپ ﷺ کی تشریف آوری سے بیشتر سامی مذاہب کے لوگوں کے علاوہ غیر سامی مذاہب کے لوگوں میں بھی آپ ﷺ کا خوب چرچا تھا اور ارباب نظر اس کا خوب اظہار کرتے تھے مکہ مکرمہ کے سادات قریش کو جو بتوں کو پوجتے تھے اور مدینہ منورہ کے سادات کو بھی آپ ﷺ کی تشریف آوری پر کامل ایمان تھا چنانچہ قریش کے مورث اعلیٰ کعب بن لوی بن مالک ہر جمعہ کو قریش مکہ کو جمع کر کے ان کے سا منے یہ خطبہ پڑھا کرتے تھے:

نہار ولیل کل یوم حادث ........ سواء علینا لیلہا ونہارہا

توبان بالاحداث فینا تووبا ........ و بالنعم الصافی علینا ستورہا

خطوب ابناء تغلب اہلیہا ........ لہا عقد ما یستحیل مدیرہا

علی غفلۃ یاتی النبی محمد ﷺ ........ فیخبر اخبارا صدوقا خبیرہا

یالیتنی شاہد فحواء دعوتہ ........ حین العشیرۃ تبغی الحق خذلانا

یہ رات اور دن کی گردش ہمارے برابر ہے کبھی کبھی کسی حادثہ کا ظہور ہو جاتا ہے اور نئی سے نئی اچھی بات ظاہر ہو جاتی ہے بعض ایسے حوادث بھی ہو جاتے ہیں جن سے نجات مشکل ہو جاتی ہے۔ ایسی بے خبری میں نبی ﷺ تشریف لے آئیں گے جو سچے خبر دینے

والے (خداوند تعالیٰ) کی طرف سے سچی خبریں ارشاد فرمائیں گے کاش میں دعوت کے وقت موجود ہوتا (یعنی میں ان پر ایمان لے آتا) جب قوم قریش اس دین حق سے بغا وت کر کے ذلیل ہو جائے گی) (۶)

اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے مرتبے کو بڑھاتے ہوئے آپ کو شفاعت عظمیٰ عطا کی ہے جو آپ ﷺ قیامت کے دن ساری مخلوقات کے لیے اس وقت کریں گے جبکہ دیگر انبیاء کرام اس سے معذرت کر چکے ہوں گے یہ شفاعت آپ ﷺ کی اپنی امت کے ساتھ محبت اور شفقت پر دلالت کرتی ہے حضرت ابو ہریرہؓ نے آپ سے یہ حدیث نقل کی ہے: ''لکل نبی دعوۃ مستجابۃ یدعو بھا وارید ان اختبئ دعوتی شفاعۃ لا متی یوم القیامۃ''(۷) (ہر نبی کے لیے ایک دعاء مستجاب ہے جس کے ساتھ وہ دعا کرتا ہے اور میں نے اپنی دعا مستجاب کو قیامت کے دن اپنی شفاعت کے لیے چن لیا ہے۔ اس مقام و مرتبہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم پر آپ ﷺ کی تعظیم، ادب و محبت اور نصرت کو واجب قرار دیا اور ارشاد باری تعالیٰ ہے (إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِداً وَمُبَشِّراً وَنَذِيْراً o لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيْلاً) (۸) (اے نبی ہم نے تم کو شہادت دینے والا اور خبردار کرنے والا بنا کر بھیجا ہے تا کہ اے لوگو! تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کا (یعنی رسول کا) ساتھ دو اس کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح شام اللہ کی تسبیح کرتے رہو)

یہ چند باتیں موضوع کی مناسبت سے عرض کر دیں ورنہ اس ذات کی تعریف میں قلم و صفحات اور انسانی دماغ ساتھ دینے سے قاصر محسوس ہوتے ہیں بقول شاعر:

اری کل مدح فی النبی ﷺ مقصرا وان بالغ المثنی علیہ و اکثرا

میں نے ہر تعریف کو نبی کریم ﷺ کی تعریف سے کم ہی دیکھا اگر چہ تعریف کرنے والا

رحمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 19

کتنا ہی مبالغہ کیوں نہ کرے۔

# شاتم رسول کے پس پردہ محرکات

گستاخان رسالت کی جانب سے اسلام کی لینے والا گستاخی رسول کا یہ سلسلہ زمانہ قدیم رسالت کو بطور ہتھیار استعمال کر رہے ہیں تاکہ ں مسلمانوں کے اذہان میں اسلام اور آپ ﷺ ئیں اسلام کی طرف راغب اور اسلام میں وٹ ڈالی جاسکے اور اسلام کی عالم گیر و عظیم ا

# گستاخ رسول ﷺ کا حکم قر

شان رسالت میں گستاخی کرنے والوں تعالیٰ فرماتا ہے۔ (وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُ لَكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَ رَسُولَ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ)(۹) (ان میں سے کچھ وہ لوگ ہیں جو اپنی با شخص کانوں کا کچا ہے کہو وہ تمہاری بھلائی ایمان پر اعتماد کرتا ہے اور سراسر رحمت ہیں اور جو لوگ اللّٰہ کے رسول کو دکھ دیتے قرآن مجید میں ایک اور موقع پر شاتم تا ہے۔ وَإِن نَّكَثُواْ أَيْمَانَهُم مِّن بَعْدِ عَهْدِ اِئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لاَ أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنتَهُونَ

کتنا ہی مبالغہ کیوں نہ کرے۔

# شاتم رسول کے پس پردہ محرکات:

گستاخان رسالت کی جانب سے اسلام کی شان وشوکت کے سبب حسد کی بنیاد پر جنم لینے والا گستاخی رسول کا یہ سلسلہ زمانہ قدیم سے چلا آرہا ہے۔ دشمنان اسلام توہین رسالت کو بطور ہتھیار استعمال کررہے ہیں تا کہ حق وباطل کو خلط ملط کر دیا جائے عامۃ النا س مسلمانوں کے اذہان میں اسلام اور آپﷺ کے متعلق شکوک وشبہات پیدا کر دیے جا ئیں اسلام کی طرف راغب اور اسلام میں دلچسپی لینے والے غیر مسلموں کی راہ میں رکا وٹ ڈالی جاسکے اور اسلام کی عالم گیر وعظیم الشان شہادت کو مجروح کیا جاسکے۔

# گستاخ رسولﷺ کا حکم قرآن کی روشنی میں:

شان رسالت میں گستاخی کرنے والوں کے عبرتناک انجام کا تذکرہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔
(وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ أُذُنٌ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ) (۹)

(ان میں سے کچھ وہ لوگ ہیں جو اپنی باتوں سے نبی کو دکھ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شخص کانوں کا کچا ہے کہو وہ تمہاری بھلائی کے لیے ایسا ہے اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اہل ایمان پر اعتماد کرتا ہے اور سراسر رحمت ہے ان لوگوں کے لیے جو تم میں سے ایمان دار ہیں اور جو لوگ اللہ کے رسول کو دکھ دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے)

قرآن مجید میں ایک اور موقع پر شاتم رسول کی سزا بیان کرتے ہوئے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَإِنْ نَّكَثُوْا أَيْمَانَهُمْ مِّنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ O
أَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْماً نَّكَثُوْا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا

بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُم بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ o قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ o وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ o (۱۰)

(اور اگر وہ اپنے عہد کے بعد اپنی قسمیں توڑ دیں اور تمہارے دین میں طعن کریں تو کفر کے سرداروں سے قتال کرو بے شک ان لوگوں کی کوئی قسمیں نہیں تا کہ وہ باز آ جائیں ۔ کیا تم ان لوگوں سے نہیں لڑو گے جنہوں نے اپنی قسمیں توڑ دیں اور رسول ﷺ کو نکالنے کا ارادہ کیا اور انہوں نے ہی پہلی بار تم سے ابتدا کی ۔ کیا تم ان سے ڈرتے ہو اللہ زیادہ حق دار ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر تم مؤمن ہو ۔ ان سے قتال کرو اللہ انہیں تمہارے ہا تھوں سے عذاب دے گا اور انہیں رسوا کرے گا اور ان کے خلاف تمہاری مدد کرے گا اور مؤمنوں کے سینوں کو شفا دے گا اور ان کے دلوں کا غصہ دور کرے گا اور اللہ جسے چاہتا ہے توبہ کی توفیق دیتا ہے اور اللہ سب کچھ جاننے والا اور کمال حکمت والا ہے۔

ان آیات بینات میں اللہ تعالیٰ نے نقض عہد کے مرتکبین اور دین اسلام میں طعن کرنے والے نیز اللہ کی گستاخی یا اسلام کے کسی بھی مسئلے پر طعن و تشنیع سے کام لینے والے اور اللہ کے رسول کو مکہ مکرمہ سے نکالنے والے لوگوں سے قتل وقتال کا حکم دیا گیا ہے ۔ امام ابن کثیر اس آیت کریمہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں (اور اللہ کا فرمان اور وہ تمہارے دین میں طعن کریں ) یعنی اس میں عیب نکالیں اور تنقیص کریں ، یہیں سے شاتم رسول کے قتل کا حکم اخذ کیا گیا ہے یا جو بھی شخص دین اسلام میں طعن کرے یا تنقیص کے ساتھ اس کا تذکرہ کرے اس کا یہ حکم ہے۔ (۱۱)

قرآن مجید میں ایک دوسرے مقام پر اللہ اور اسکے نبی کو تکلیف پہنچانے والے شخص کو دنیا و آخرت میں لعنت و رسوا کن عذاب کی وعید سنائی گئی ہے۔

ارشاد خداوندی ہے : إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا

والآخرۃ (۱۲) جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا و آخرت میں اللہ نے لعنت فرمائی ہے۔

اسی طرح مزید فرمایا (مَلْعُونِينَ أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلاً) (۱۳) (ان پر ہر طرف سے لعنت کی بوچھاڑ ہوگی جہاں پائے جائیں گے، پکڑے جائیں گے اور بری طرح مارے جائیں گے)

امام تقی الدین سبکیؒ فرماتے ہیں مذکورہ آیت کریمہ شاتم رسول کے کفر اور بطور سزا اس کو قتل کرنے پر دلالت کرتی ہے نیز ان آیات کریمہ میں نبی کریم ﷺ کی عظمت شان کا بھی تذکرہ ہے کیونکہ آپ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی بھی کفر ہے کیونکہ عذاب الیم اور عذاب مہین کفار کے ساتھ خاص ہے (۱۴)

ایک اور جگہ فرمان ربانی ہے:

يَحْذَرُ الْمُنَافِقُونَ أَن تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِي قُلُوبِهِم قُلِ اسْتَهْزِئُوا إِنَّ اللَّهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُونَ o وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ o لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ إِن نَّعْفُ عَن طَائِفَةٍ مِّنكُمْ نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۔ (۱۵)

یہ منافق ڈر رہے ہیں کہ کہیں مسلمانوں پر ایسی سورت نازل ہو جائے جو ان کے دلوں کے بھید کھول کر رکھ دے۔ اے نبی ! ان سے کہو : اور مذاق اڑاؤ۔ اللہ اس چیز کو کھول دینے والا ہے جس کے کھل جانے سے تم ڈرتے ہو

اگر ان سے پوچھو کہ تم کیا باتیں کر رہے تھے تو جھٹ کہہ دیں گے کہ ہم ہنسی اور مذاق اور دل لگی کر رہے تھے۔ ان سے کہو کیا اللہ تعالیٰ ، اس کی آیات اور اس کے رسول کے ساتھ مذاق کر رہے تھے؟ اب عذر نہ تراشو۔ تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا

ہے، اگر ہم نے تم میں سے ایک گروہ کو معاف بھی کر دیا تو دوسرے گروہ کو ہم ضرور سزا دیں گے کیونکہ وہ مجرم ہیں

اس آیت تفسیر میں امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں:

یہ آیت مبارکہ اس امر پر نص صریح ہے کہ اللہ تعالیٰ، اس کی آیات اور اس کے رسول کا مذاق اڑانا کفر ہے، جب مذاق اڑانا کفر ہے تو سب و شتم بالاولیٰ اور سنجیدہ یا مزاح میں نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرنے والا کافر ہے۔ (۱۶)

ایک اور جگہ قرآن مجید اطاعت رسول کو ان الفاظ میں بیان کیا:

(وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ وَمَا أُوْلَئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ) (۱۷) (یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اللہ اور اس کے رسول پر اور ہم نے اطاعت قبول کی مگر ان کے بعد ان میں سے ایک گروہ (اطاعت سے) منہ موڑ جاتا ہے ایسے لوگ ہرگز مؤمن نہیں ہیں)

امام ابن تیمیہ ان آیات مبارکہ کے سیاق میں فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے ان آیات مبارکہ میں واضح کر دیا ہے کہ جس شخص نے بھی رسول اللہ ﷺ کی اتباع اور اطاعت سے روگردانی کی اور منہ موڑا وہ منافقین میں سے ہے۔ مؤمن نہیں ہے کیونکہ مؤمن کا یہ شیوہ ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی ہر بات پر سمعنا و اطعنا کے سوا کچھ نہیں کہتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ خواہش نفس سے مغلوب ہو کر حکم رسول سے مجرد اعراض کرنے اور غیر سے فیصلے کروانے سے اگر آدمی منافق ہو جاتا ہے تو شانِ رسالت ﷺ میں گستاخی اور جسارت کرنا کتنا بڑا جرم ہوگا۔ (۱۸)

سورۃ الحجرات میں ادب نبوی ﷺ کو اللہ تعالیٰ ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:

(يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَن تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ) (١٩)

(اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کرو اور نہ ہی نبی کے ساتھ اونچی

حرمت رسول نمبر ٢٠١١ء

آواز میں بات کرو جس طرح آپس تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور ت

امام ابن تیمیہ اس آیت کی تفسیر کر اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرامؓ کو نبی کریم گفتگو کرنے جیسے انداز کو نبی کریم کرنے سے بعض اوقات اعمال ضائع ۔ اور اعمال کا ضیاع ارتکاب کفر کے وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا اگر ا سے نکل کر جنت میں داخل ہوگا۔ ا جنت میں داخل نہ ہوگا اور اعمال کے مطلقا اعمال کے منافی شی کوئی

گستاخ رسول ﷺ کا حکم صحا سنت نبوی ﷺ کا عمیق مطالعہ کر گستاخ رسول کی سزا قتل معروف تھی چنا ﷺ نے واقعہ افک کے بارے فرمایا (من یعذرنی من رجل بل (کون ہے جو مجھے اس آدمی سے بارے میں تکلیف دی ؟ ) قبیلہ اوس کے سردار سیدنا سع کے رسول اگر وہ آدمی قبیلہ اوس سے بھائیوں قبیلہ خزرج میں گرے۔ (٢٢)

اس کی تشریح کرتے ہوئے

آواز میں بات کرو جس طرح آپس میں ایک دوسرے سے کرتے ہو کہیں ایسا نہ کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔)

امام ابن تیمیہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کو نبی کریم ﷺ کی آواز سے اپنی آواز بلند کرنے اور آپس میں گفتگو کرنے جیسے انداز کو نبی کریم ﷺ کے ساتھ اختیار کرنے سے منع کیا ہے، کیونکہ ایسا کرنے سے بعض اوقات اعمال ضائع بھی ہو سکتے ہیں اور صاحب اعمال کو شعور بھی نہ ہو اور اعمال کا ضیاع ارتکاب کفر کے بغیر نہیں ہوتا کیونکہ جو شخص حالت ایمان میں مر جائے وہ ضرور جنت میں داخل ہو گا اگر اپنے گناہوں کے سبب جہنم میں چلا بھی گیا تو بالآخر جہنم سے نکل کر جنت میں داخل ہوگا۔ اگر کسی شخص کے سارے اعمال ضائع ہو جائیں تو وہ کبھی جنت میں داخل نہ ہوگا اور اعمال اپنے منافی امور سے ضائع ہوتے ہیں اور سوائے کفر کے مطلقا اعمال کے منافی شے کوئی نہیں (۲۰)

## گستاخ رسول ﷺ کا حکم حدیث رسول کی روشنی میں:

سنت نبوی ﷺ کا عمیق مطالعہ کرنے سے محسوس ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کے زمانہ میں گستا خ رسول کی سزا قتل معروف تھی چنانچہ صحیحین میں سیدہ عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے واقعہ افک کے بارے میں خطبہ دیا اور عبداللہ بن ابی منافق کے بارے میں فرمایا (من یعذرنی من رجل بلغنی أذاہ فی اھلی) (۲۱)

(کون ہے جو مجھے اس آدمی کے بارے میں معذور سمجھے جس نے مجھے میرے اہل کے بارے میں تکلیف دی ہے )

قبیلہ اوس کے سردار سیدنا سعد بن معاذ بولے میں آپ کو معذور سمجھتا ہوں اے اللہ کے رسول اگر وہ آدمی قبیلہ اوس سے تعلق رکھتا تو میں خود اس کی گردن اڑا دیتا اور اگر ہما رے بھائیوں قبیلہ خزرج میں سے وہ شخص ہے تو ہم وہی کریں گے جس کا آپ حکم دیں گے۔ (۲۲)

اس کی تشریح کرتے ہوئے امام تقی الدین سبکی لکھتے ہیں کہ سیدنا سعد بن معاذ کا قول

اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ ان کے ہاں گستاخ رسول کی سزا قتل معروف تھی نیز نبی کریم ﷺ نے ان کے اس قول کو باقی رکھا اور اس پر انکار نہیں کیا اور نہ ہی یہ کہا کہ اس کو قتل کرنا جائز نہیں ہے سیدنا سعد بن معاذ نے عبداللہ بن ابی کو منافق ہونے کی وجہ سے قتل کرنے کا ارادہ نہیں کیا تھا بلکہ وہ اس کو شان رسالت میں گستاخی کرنے کی وجہ سے قتل کرنا چاہتے تھے کیونکہ اس نے نبی کریم ﷺ کو اذیت دی تھی۔ (۲۳)

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک نابینا صحابی کی لونڈی نبی کریم ﷺ کو گا لیاں دیا کرتی تھی وہ اسے بار بار منع کرتا لیکن وہ باز نہ آتی ایک رات اس نے حسب معمو ل نبی کریم ﷺ کو گالیاں دینا شروع کر دیں تو اس صحابی نے کدال لیا اور اس کے پیٹ پر رکھ کر خوب زور سے دبا دیا اور اس کو قتل کر دیا۔۔۔ نبی کریم ﷺ کے سامنے جب یہ مقدمہ پیش ہوا تو آپ ﷺ نے یہ فرمایا (الا اشھدو ان دمھا ھدر) (۲۴) خبردار گواہ بن جاؤ اس کا خون رائیگاں ہے۔

امام ابو داؤد نے اس حدیث پر باب قائم کیا ہے (باب الحکم فیمن سب النبی ﷺ) شاتم رسول کے حکم کا بیان۔

امام ابن تیمیہؒ اس عورت کے مسلمہ یا کافرہ ہونے کا اختلاف نقل کرنے کے بعد فر ماتے ہیں یہ عورت اس آدمی کی بیوی تھی یا لونڈی تھی دونوں حالتوں میں اگر اس کو قتل کرنا نا جائز تھا تو نبی کریم ضرور اس کی وضاحت فرماتے کہ اس کو قتل کرنا حرام ہے اور اس کا خون معصوم ہے اور اس معصوم کے قتل کے بدلے میں کفارہ واجب کرتے چنانچہ آپ ﷺ کے اس قول اشھدو ان دمھا ھدر سے معلوم ہو گیا کہ اس کا خون مباح ہو گیا اور اس کے خون کو مباح کرنے والا جرم شان رسالت میں سب و شتم تھا لہذا نبی کریم ﷺ نے اس کا جرم سن کر اس کا خون رائیگاں قرار دے دیا (۲۵)

# شاتم رسول ﷺ کے قتل پر اجماع:

رسول اللہ ﷺ کی توہین کرنا بالاجماع کفر ہے اور توہین کرنے والا بالاتفاق واجب

القتل ہے اور اس کی توبہ قبول کرنے میں ائمہ مذاہب کے مختلف قول ہیں، خواہ توہین کا تعلق آپ ﷺ کی ذات کے ساتھ ہو یا آپ ﷺ کے نسب کے ساتھ ہو، آپ کے دین کے ساتھ یا آپ کی کسی صفت کے ساتھ ہو اور یہ اہانت خواہ صراحۃ ہو یا کنایۃ ہو یا تعریضاً ہو یا تلویحاً ہو، اسی طرح کوئی شخص آپ کو بددعا کرے، آپ پر لعنت کرے یا آپ کا برا چاہے ۔ آپ کے عوارض بشریہ یا آپ سے متعلق اشیاء یا اشخاص کا آپ کی طرف نسبت کرتے ہوئے بطریق طعن یا مذمت ذکر کرے، غرض جس شخص سے کوئی ایسا کلام صادر ہو جس سے آپ ﷺ کی اہانت ظاہر ہو وہ کفر ہے اور اس کا قائل واجب القتل ہے، اسی طرح علامہ قاضی عیاض مالکی نے ذکر کیا ہے

(۲۶)

علامہ قاضی عیاض مالکی لکھتے ہیں:

قال محمد بن سحنون اجمع العلماء علی ان شاتم النبی ﷺ المنقص له کافر والوعید جار علیه بعذاب الله له وحکمه عند الامة القتل ومن شک فی کفره وعذابه کفر

(۲۷)

"محمد بن سحنون نے کہا ہے علماء کا اس بات پر اجماع ہے نبی ﷺ کی اہانت کرنے والا اور آپ کی تنقیص (آپ کی شان میں کمی) کرنے والا کافر ہے اور اس پر عذاب الٰہی کی وعید جاری ہے اور امت کے نزدیک اس کا حکم قتل کرنا ہے اور جو شخص اسکے کفر اور عذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے

بعض فقہاء حنفیہ کا قول یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو گالی دینے والے کی توبہ قبول نہیں ہوگی ۔

علامہ شامی لکھتے ہیں: والکافر بسب نبی من الانبیاء فانه یقتل ولا یقبل توبته مطلقا ولو سب اللہ تعالیٰ قبلت لانه حق اللہ تعالیٰ والأول حق عبد ومن شک فی عذابه و کفره کفر

(۲۸)

”جو شخص کسی نبی کو گالی دینے سے کافر ہو گیا اس کو بطور حد قتل کیا جائے گا اور اس کی توبہ مطلق قبول نہیں ہے (خواہ خود توبہ کرے یا توبہ پر گواہی ہو) اور اگر اس نے اللہ تعالیٰ کو گالی دی تو اس کی توبہ قبول کر لی جائے

گی کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور نبی کو گالی دینا بندے کا حق ہے اور جو شخص اس کے عذاب اور کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہو جائے۔

اسحاق بن راہویہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کا اس امر پر اجماع کہ اللہ تعالیٰ یا نبی کریم ﷺ کو گالی دینے والا اللہ کی نازل کردہ شریعت کو ٹھکرانے والا اور انبیاء کرام میں سے کسی نبی کو قتل کرنے والا پکا کافر ہے (۲۹)

ابو سلیمان الخطابی الشافعی فرماتے ہیں کہ میں شاتم رسول کو قتل کرنے کے بارے میں کسی ایک کو بھی نہیں جانتا جس نے قتل کرنے سے اختلاف کیا ہو۔ (۳۰)

محمد بن سحنون الفقیہ وابی شیخ المالکیہ فرماتے ہیں: اہل علم کا اجماع ہے کہ نبی کریم ﷺ کو گالیاں دینے والا اور آپ ﷺ کی تنقیص کرنے والا کافر ہے۔ اس کے لیے عذاب الٰہی کی وعید ہے اور امت کے نزدیک اس کی سزا قتل ہے (۳۱)

شوافع میں سے ابو بکر الفارسی فرماتے ہیں کہ نبی کریم کو گالیاں دینے والے کو قتل کرنے پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے جیسا کہ عام مسلمانوں کو گالیاں دینے کی سزا کوڑے مارنا ہے (۳۲)

مجاہد سے نقل کیا گیا ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کے پاس ایک شاتم رسول شخص لایا گیا حضرت عمرؓ نے اس کو قتل کر دیا اور فرمایا جو آدمی بھی اللہ تعالیٰ یا انبیاء کرام میں سے کسی نبی کو گالی دے اس کو قتل کر دو۔ (۳۳)

امام ابن تیمیہ نے اجماع صحابہ سے استدلال کرتے ہوئے شاتم رسول کے خون کو رائیگاں قرار دیا ہے کیونکہ صحابہ کرام شاتم رسول کو قتل کرنا واجب سمجھتے تھے۔ (۳۴)

## حد قتل صرف مرتکب توہین رسالت کے لیے:

ابو برزہؓ فرماتے ہیں میں ابو بکر صدیقؓ کے پاس تھا وہ کسی آدمی پر بہت زیادہ ناراض ہوئے میں نے کہا اے خلیفۃ الرسول مجھے اجازت دیں میں اس کی گردن اڑا دوں میری اس بات نے ان کا غصہ ختم کر دیا حضرت ابو بکرؓ اٹھے اور میرے پاس آ کر کہا ابھی آپ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

نے کیا کہا تھا میں نے کہا آپ نے فرمایا نہیں اللہ کی قسم نہیں محمد ﷺ گستاخی پر کسی کو قتل کر دیا جائے )

## گستاخان رسول کا

اس امت محمدیہ پر امام الانبیاء ہے بلکہ آپ کا ادب واحترام اہم متاع دین ہے۔ رسول اکرم ﷺ کی مسلمان کیلئے ناقابل برداشت ہے مسلمانوں کیلئے ان کی اپنی عزتوں النبی اولی بالمؤمنین من بلاشبہ نبی ﷺ تو اہل ایمان کے تاریخ کے اوراق میں یہ بات اپنے خبیث باطن اور نبی کے لائے کی شان میں گستاخی ظاہر ہوئی تو

## گستاخان رسول کا انجام کیا

بالتفصیل واقعات موجود ہیں جنہ گا۔ تاہم کوشش کی جائے گی کہ ا۔ کیا جائے جن کے واقعات آج اقدس میں کبھی گستاخی نہ کرنا آپ خوار اور تباہ و برباد ہو جاؤ گے۔ انا کفینک المستہزئین اے نبی یقیناً ہم کافی ہیں آپ

نے کیا کہا تھا میں نے کہا آپ اجازت دیں میں اس گستاخ کی گردن اڑا دوں انہوں نے فرمایا نہیں اللہ کی قسم نہیں محمد ﷺ کے بعد کسی انسان کی یہ شان نہیں ہے (کہ اس کی گستاخی پر کسی کو قتل کر دیا جائے) (۳۴)

# گستاخان رسول کا تاریخی جائزہ:

اس امت محمدیہ پر امام الانبیاء محمد مصطفیٰ کی ذات پر نہ صرف ایمان لانا فرض و ضروری ہے بلکہ آپ کا ادب و احترام اور آپ کی عزت و حرمت اہل ایمان کی سب سے بڑی متاع دین ہے۔ رسول اکرم کی ذات عالی صفات میں کسی بھی نوعیت کی گستاخی ایک مسلمان کیلئے ناقابل برداشت ہے خود اللہ رب العزت نے آپ کی عزت و ناموس کو مسلمانوں کیلئے ان کی اپنی عزتوں سے اعلیٰ و ارفع قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

النبی اولیٰ بالمؤمنین من انفسهم (۳۵)

بلاشبہ نبی ﷺ تو اہلِ ایمان کے لئے ان کی اپنی ذات پر مقدم ہے۔

تاریخ کے اوراق میں یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ جب بھی کسی بدبخت سے اپنے خبیث باطن اور نبیؐ کے لائے ہوئے دین کی شان و شوکت سے حسد کے سبب نبی کریم کی شان میں گستاخی ظاہر ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو ذلت و رسوائی کے ملبے تلے دبوا دیا۔

گستاخان رسول کا انجام کیا ہوا اس سوال کے جواب کیلئے اوراق تاریخ میں ایسے بالتفصیل واقعات موجود ہیں جنہیں ان مختصر صفحات پر تحریر میں لانا مضمون کو مقالہ بنا دے گا۔ تاہم کوشش کی جائے گی کہ ایسے گستاخان رسول کا مختصر حال آپ کی خدمت میں پیش کیا جائے جن کے

واقعات آج کے انسانوں کو یہ سبق دے رہے ہیں کہ نبی کریم کی شانِ اقدس میں کبھی گستاخی نہ کرنا آپ کی باتوں کا مذاق نہ اڑانا ورنہ دنیا و آخرت میں ذلیل و خوار اور تباہ و برباد ہو جاؤ گے۔ خود اللہ رب العزت کلام پاک میں ارشاد فرما رہے ہیں:

انا کفینک المستھزئین (۳۶)

اے نبی یقیناً ہم کافی ہیں آپ کی طرف سے ان مذاق اڑانے والوں کے خلاف۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# ابولہب:

اس کا اصل نام عبدالعزیٰ تھا۔ نبوت ملنے کے بعد جب آپ نے مکہ میں تبلیغ شروع کی تو اس وقت جن لوگوں نے آپ کی شدت سے مخالفت کی ان میں سے ایک یہ بھی تھا۔

جب نبی کریم نے صفاء پہاڑی پر لوگوں کے سامنے توحید کا اعلان کیا تو اس وقت اس نے آپ سے بدتمیزی کرتے ہوئے کہا:

تبا لک الھذا جمعتنا (۳۷) (تو تباہ ہو تو نے ہمیں اسی لیے جمع کیا تھا)۔

ابولہب کی اس بدتمیزی کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے سورۃ اللھب نازل فرمائی۔ اس سورۃ مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس لعین کے انجام سے پہلے ہی سب کو آگاہ کر دیا تھا۔ ابولہب کے انجام کو بیان کرتے ہوئے مولانا عبدالرحمٰن کیلانی لکھتے ہیں:

"اس کو جنگ بدر کی شکست فاش کی خبر سن کر اتنا صدمہ ہوا کہ بیمار پڑ گیا۔ ساتویں دن یہ بیماری چیچک کی شکل اختیار کر گئی۔ چھوت کے سبب اس کے بیٹوں نے اس کے ساتھ کھانا پینا چھوڑ دیا۔ بالآخر وہ نہایت بے کسی کی موت مرا۔ مرنے کے بعد بھی اس کا کوئی بیٹا اسکے قریب نہ پھٹکا تین دن تک اس کی لاش بے گور و کفن رہی پھر جب لوگوں نے اس کے بیٹوں کو طعنے دیئے تو انہوں نے ایک حبشی کو کچھ معاوضہ دیا کہ وہ ایک گڑھا کھود کر اس میں لاش دھکیل دے اور اوپر سے مٹی ڈال دے یا پتھر وغیرہ دور سے پھینک کر لاش کو چھپا دے (۳۸)۔

# ام جمیل:

اس کا نام اروىٰ اور کنیت ام جمیل تھی۔ یہ ابوسفیان کی بہن اور ابولہب کی بیوی تھی۔ رسول اللہ کے ساتھ دشمنی میں یہ اپنے شوہر سے کم نہ تھی۔ آپ کی ہجو میں اشعار کہتی تھی اور آپ کے راستے میں لکڑیاں اور کانٹے لا کر بچھا دیتی تھی۔ قرآن کریم میں سورۃ اللھب میں اس بات کی طرف ہی اشارہ کیا گیا ہے:

وامراتہ حمالۃ الحطب (۳۹) (اور اس کی بیوی جو لکڑیاں اٹھائے پھرتی تھی)۔

قدرت خداوندی نے جب انتقام وقہر کے سلسلے کا آغاز ان کی فقر و تنگدستی سے کیا تو اس فقر و تنگدستی کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ یہ لکڑیاں لاد کر لانے لگی ایک روز یہ لکڑیاں اٹھا کر لا رہی تھی کہ گر پڑی۔ لکڑیوں کی گانٹھ جو اس کے سر پر تھی وہ بھی گری اور جس رسی سے یہ گانٹھ بندھی ہوئی تھی وہ پھندے کی طرح گلے میں پھنس گئی اور گلا ایسا گھٹا کہ تڑپ تڑپ کر مرگئی (۴۰)۔

## عتیبہ بن ابولہب:

ابولہب کے دو بیٹے تھے جن کا نام عتبہ اور عتیبہ تھا۔ نبوت سے پہلے رسول کریم کی دو بیٹیوں حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم کا نکاح ان دونوں سے ہوا تھا۔ جب آپ نے نبوت کا اعلان فرمایا تو ابولہب نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ جب تک تم محمد کی بیٹیوں کو طلاق نہیں دو گے اس وقت تک میں تم سے ملنا حرام سمجھتا ہوں اس کے بعد ان دونوں نے آپؐ کی بیٹیوں کو طلاق دے دی۔ عتیبہ گستاخی میں اس قدر بڑھ گیا کہ رسول کریمؐ کے بارے میں نازیبا الفاظ کہنے لگا اور ایک مرتبہ تو آپؐ کے چہرہ انور پر نعوذ باللہ تھوکنے کی کوشش کی لیکن اس کا ناپاک تھوک آپؐ پر نہ پڑا۔ اس کی اس حرکت سے آپؐ کو بہت صدمہ ہوا اور آپؐ نے فرمایا:

اللہم سلط علیہ کلباً من کلابک

اے اللہ اس پر اپنے کتوں میں سے ایک کتے کو مسلط کردے

کچھ عرصہ بعد عتیبہ اپنے باپ ابولہب کے ساتھ شام کے سفر پر روانہ ہوا۔ دوران سفر قافلہ نے ایک ایسی جگہ پڑاؤ کیا جسکے متعلق مقامی لوگوں نے بتایا کہ رات کے وقت درندے بھی ادھر آ جاتے ہیں۔ ابولہب نے اپنے اہل قریش ساتھیوں سے کہا کہ میرے بیٹے کی حفاظت کا کچھ انتظام کرو کیونکہ مجھے محمد کی بددعا کا خوف ہے۔ اس پر قافلے والوں

نے عتیبہ کے گرد ہر طرف سے اونٹ بٹھا دیئے اور سو گئے رات کو ایک شیر آیا اور اونٹوں کے حلقے سے گذر کر اس نے عتیبہ کو پھاڑ کھایا (۴۲)۔

## ابو جہل:

ابو جہل مکے کا سردار اور اسلام کا بہت بڑا دشمن تھا۔ دین اسلام کو بڑے اہم مواقع پر اس نے نقصان پہنچایا۔ آپ کی ہجرت کے موقع پر اس نے اہل قریش کو مشورہ دیا کہ ہر قبیلے کا ایک ایک نوجوان آپ کو قتل کرنے میں شریک ہوتا کہ قصاص نہ لیا جا سکے اللہ نے دو نوجوان بچوں سے اس کا کام تمام کرا دیا۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ ابو جہل کے قتل کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"بدر کے میدان میں جب صف بندی ہوئی تو میں نے اپنے دائیں بائیں دو نوعمر لڑکوں کو دیکھا ان میں سے ایک نے مجھ سے پوچھا چچا کیا آپ ابو جہل کو جانتے ہیں۔ میں نے اس سے کہا تمہیں اس سے کیا غرض تو اس نے کہا وہ نبی کو گالیاں دیتا ہے۔ اللہ کی قسم ! آج میں اسے نہیں چھوڑونگا۔ یہی بات دوسرے نے بھی کہی اتنے میں مجھے صفوں کے درمیان ابو جہل نظر آ گیا تو میں نے اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ان نوجوانوں کو بتایا کہ وہ رہا ابو جہل تو وہ دونوں اسکی طرف جلدی سے چلے اور اس پر جھپٹ پڑے اور مارتے مارتے ابو جہل کو قتل کر دیا اور پھر رسول کریم کی خدمت میں حاضر ہو کر بتایا کہ ہم نے اسے قتل کر دیا ہے (۴۳)۔

## کعب بن اشرف:

کعب بن اشرف یہودی آپؐ اور اسلام سے بہت تعصب رکھتا تھا جب اسے مسلمانوں کی بدر میں فتح کی خبر ملی تو اسے بہت صدمہ ہوا اور کہنے لگا کہ اگر یہ خبر درست ہے کہ مکہ کے سب خدا مارے گئے ہیں تو اب جینے سے مر جانا بہتر ہے۔ کعب بن اشرف فتح بدر کے بعد مکہ گیا اور اہل مکہ کے مقتولین کے مرثیے لکھے جنہیں پڑھ کر خود بھی روتا اور

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اہل مکہ کو بھی رلاتا اور مسلمانوں ک عورتوں کے بارے میں عشقیہ اشعا ہجو کرتا تھا۔ آپ کو اس کے ان افع مجلس میں فرمایا کہ کون کعب بن ا رسول کو اذیت دی ہے۔ اس پر محم کروں گا۔ کیا اسے قتل کرنا ہے؟ آ دو ساتھیوں عبس بن حبر اور عبا پہنچے اور اسے آواز دی۔ کعب ج کہہ رکھا تھا کہ جب وہ آ جا میں نے اس کا سر پکڑ کر قابو میں ک جب کعب اترا تو اس نے م سے بہت عمدہ خوشبو آ رہی ہ والی عورت ہے۔ محمد بن مسلم ہاں محمد بن مسلمہ نے اس کے س بار دوبارہ سونگھنا چاہتا ہوں۔ ک ڈال کر اچھی طرح مضبوطی س کرتے ہوئے اسے قتل کر ڈالا۔

## ابورافع عبداللّٰہ بن

حضرت براء بن عازب چند صحابہ پر امیر مقرر کر کے ا رافع رسول کریم کو تکلیف دیت تھا۔۔۔ انہیں حجاز کے ایک قبی

اہل مکہ کو بھی رلاتا اور مسلمانوں کے خلاف جنگ پر ابھارتا پھر مدینہ واپس آ کر مسلمان عورتوں کے بارے میں عشقیہ اشعار کہنے شروع کر دیئے اور اشعار میں رسول اکرمؐ کی بھی ہجو کرتا تھا۔ آپؐ کو اس کے ان افعال خبیثہ سے بہت تکلیف ہوتی آپؐ نے ایک مرتبہ اپنی مجلس میں فرمایا کہ کون کعب بن اشرف کا کام تمام کرے گا کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دی ہے۔ اس پر حضرت محمد بن مسلمہؓ نے کھڑے ہو کر کہا حضور یہ کام میں کرونگا۔ کیا اسے قتل کرنا ہے آپؐ نے فرمایا ہاں۔ پھر ایک دن حضرت محمد بن مسلمہؓ اپنے دو ساتھیوں عبس بن جبر اور عباد بن بشر کو ساتھ لیے رات کے وقت کعب کے قلعہ نما گھر پہنچے اور اسے آواز دی۔ کعب بن اشرف باہر آ گیا۔ محمد بن مسلمہؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہہ رکھا تھا کہ جب وہ آ جائے گا تو میں اس کے بال پکڑ کر سونگھوں گا جب تم دیکھو کہ میں نے اس کا سر پکڑ کر قابو میں کر لیا ہے تو اس پر پل پڑنا اور اسے مار ڈالنا۔

جب کعب اترا تو اس نے چادر اوڑھ رکھی تھی۔ محمد بن مسلمہؓ نے کہا کہ یہ ہمیں آپ سے بہت عمدہ خوشبو آ رہی ہے۔ اس نے کہا میرے پاس عرب کی سب سے زیادہ خوشبو والی عورت ہے۔ محمد بن مسلمہؓ نے کہا اجازت ہو تو آپ کا سر سونگھ لوں۔ کعب بولا ہاں، ہاں محمد بن مسلمہؓ نے اس کے سر پر اپنا ہاتھ ڈالا۔ ایک بار پھر محمد بن مسلمہؓ نے کہا کہ ایک بار دوبارہ سونگھنا چاہتا ہوں۔ کعب نے کہا ہاں، ہاں۔ محمد بن مسلمہؓ نے اس کے سر میں ہاتھ ڈال کر اچھی طرح مضبوطی سے پکڑ لیا پھر محمد بن مسلمہؓ کے ساتھیوں نے اس یہودی پر حملہ کرتے ہوئے اسے قتل کر ڈالا (۴۴)

# ابو رافع عبداللہ بن ابی الحقیق:

حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہﷺ نے عبداللہ بن ابی عتیکؓ کو چند صحابہ پر امیر مقرر کر کے ابو رافع یہودی کی طرف اس کا کام تمام کرنے کیلئے بھیجا۔ ابو رافع رسول کریمؐ کو تکلیف دیتا تھا اور عہد شکنی کرتے ہوئے آپؐ کے مخالفین کی مدد کیا کرتا تھا۔ یہ ارض حجاز کے ایک قلعہ میں اقامت گزیں تھا یہ حضرات جب وہاں پہنچے تو سورج

غُروب ہونے کو تھا۔ عبداللہؓ نے اپنے رفقاء سے کہا تم یہاں رہو میں قلعہ میں جاتا ہوں جب یہ اندر پہنچے تو ایک افسانہ گو ابو رافع کو افسانہ سنا رہا تھا۔ جب یہ سب لوگ چلے گئے تو میں اس کی طرف پہنچا تو وہ ایک تاریک کمرے میں اپنے اہل خانہ کے ساتھ تھا اور کچھ پتہ نہ چلتا تھا کہ وہ کہاں ہے۔ میں نے کہا یہاں ابو رافع ہے۔ اس نے پوچھا کون ہے؟ میں اس آواز کی جانب متوجہ ہوا اور اس پر تلوار چلا دی لیکن اس کا کام تمام نہ کر سکا کچھ دیر بعد میں پھر اس کی طرف لوٹا اور کہا ابو رافع یہ آواز کیسی ہے۔ اس نے کہا تیری ماں مرے ایک آدمی نے مجھے تلوار مار دی ہے بس میں نے تلوار مار مار کر اسے لہولہان کر دیا۔ مگر وہ نہ مرا پھر میں نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ دی یہاں تک کہ وہ پشت تک پہنچ گئی واپسی پر میں نے ایک سیڑھی پر پاؤں رکھا تو وہ ٹوٹ گئی جس سے میں گر پڑا اور میری پنڈلی ٹوٹ گئی صبح میں اپنے ساتھیوں کو لیکر آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سارا قصہ عرض کیا۔ آپؐ نے فرمایا: اپنا پاؤں پھیلاؤ میں نے (زخمی) پاؤں پھیلا دیا۔ آپؐ نے اسے چھوا تو وہ ایسا ہو گیا کہ گویا اس میں تکلیف ہی نہ تھی (۴۵)

## یہودی عورت:

حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ ایک یہودی عورت نبی اکرمؐ کی گستاخی کرتے ہوئے آپ کو گالیاں دیا کرتی تھی چنانچہ اسے قتل کر دیا گیا۔ اس کا مقدمہ جب آپؐ کے پاس آیا تو آپؐ نے اس کے خون کو باطل قرار دے دیا (۴۶)

## قبیلہ بنی خطمہ کی ایک عورت:

یہ خاتون یزید بن زید بن حصین خطمی کی بیوی تھی یہ رسول کریمؐ کو ایذا دیا کرتی تھی۔ اسلام میں عیب نکالتی اور آپؐ کے خلاف لوگوں کو بھڑکایا کرتی تھی۔ عمیر بن عدی خطمی کو جب اس

کی باتوں کا علم ہوا تو وہ آدھی رات کے وقت اس عورت کے گھر داخل ہوئے۔ اپنی تلوار کو اس کے سینے پر رکھا اور اس کی پشت سے پار کر دیا۔ اس عورت کو قتل کر کے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

بارگاہ رسالت میں آکر مطلع کیا تو حضورؐ آئندہ اس قبیلہ کی دو بکریاں بھی آپس میں نہیں لڑیں گی۔ (۴۷)

## مرتد کاتب وحی عیسائی:

ایک عیسائی مسلمان ہوا اور اس نے بقرہ بعد میں مرتد ہو گیا اور کہنے لگا کہ میں نے کچھ نہیں آتا بعد میں یہ آدمی جب فوت زمین نے اسے باہر پھینک دیا اسے پھر میں لوگوں نے اس کو اسی حال میں چھوڑ دیا

## ابو عفک یہودی:

یہ ایک بوڑھا یہودی تھا جس کی عمر کریم ﷺ کی عداوت پر بھڑکایا کرتا اس نے رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام عمیر نے ماہ شوال میں اس کے گھر جاکر اپنی تلوار اس کے سینہ پر رکھتے ہوئے اس

## ابن خطل:

عبداللہ بن خطل شروع میں مسلما کے لیے روانہ کیا اور ایک انصاری صحا میں ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا تو اس انصا ذبح کرے اور کھانا بنائے جب وہ بیدا اس انصاری خادم کو قتل کر دیا اور پھر مرتد سہیلی آپ ﷺ کی ہجو پر مشتمل گا

بارگاہ رسالت میں آ کر مطلع کیا تو حضور نے اس شخص کے قبیلہ کے متعلق بشارت دی کہ آئندہ اس قبیلہ کی دو بکریاں بھی آپس میں نہیں ٹکرائیں گی اور سب لوگ اتحاد و اتفاق سے رہیں گے۔ (۴۷)

## مرتد کاتب وحی عیسائی:

ایک عیسائی مسلمان ہوا اور اس نے بطور کاتب وحی سورۃ بقرہ اور آل عمران لکھی۔ یہ شخص بعد میں مرتد ہو گیا اور کہنے لگا کہ میں نے جو محمد کو لکھ کر دیا ہے اسے وہی کچھ آتا ہے۔ مزید کچھ نہیں آتا بعد میں یہ آدمی جب فوت ہوا اور اس کے ساتھیوں نے اس کو دفن کر دیا تو زمین نے اسے باہر پھینک دیا اسے پھر دفن کیا گیا۔ زمین نے پھر باہر پھینک دیا بعد میں لوگوں نے اس کو اسی حال میں چھوڑ دیا اور زمین نے اسے اپنے اندر جگہ نہ دی (۴۸)

## ابو عفک یہودی:

یہ ایک بوڑھا یہودی تھا جس کی عمر ۱۲۰ سال تھی یہ شخص مدینہ میں آ کر لوگوں کو رسول کریم ﷺ کی عداوت پر بھڑکایا کرتا تھا بدر کی فتح و کامرانی پر یہ یہودی حسد کرنے لگا اس نے رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام کی مذمت میں ایک ہجویہ قصیدہ کہا حضرت سالم بن عمیر نے ماہ شوال میں اس کے گھر جا کر جب یہ گرمیوں کے موسم میں صحن میں سو رہا تھا اپنی تلوار اس کے سینہ پر رکھتے ہوئے اس کا کام تمام کر دیا (۴۹)

## ابن خطل:

عبداللہ بن خطل شروع میں مسلمان تھا ایک مرتبہ آپ ﷺ نے اسے صدقہ کی وصولی کے لیے روانہ کیا اور ایک انصاری مسلمان کو خادم کے طور پر اس کے ساتھ کر دیا راستے میں ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا تو اس انصاری مسلمان خادم سے ابن خطل نے کہا کہ وہ بکرا ذبح کرے اور کھانا بنائے جب وہ اٹھا تو کھانے کے لیے کچھ تیار نہ تھا جس پر اس نے اس انصاری خادم کو قتل کر دیا اور پھر مرتد ہو گیا اس کی ایک باندی اور اس باندی کی ایک سہیلی آپ ﷺ کی ہجو پر مشتمل گانے گاتی تھیں۔
فتح مکہ کے روز آپ ﷺ نے ابن خطل

کے ساتھ ان دونوں کے قتل کا بھی حکم دیا (۵۰)۔

## عمیر بن امیہ کی بہن :

عمیر بن امیہ کی بہن رسول اکرمﷺ کی توہین کی مرتکب ہوئی تو سیدنا عمیر نے اپنی بہن کو قتل کر دیا بعدازاں رسولﷺ نے اس کا خون رائیگاں قرار دے دیا (۵۱)

## نضر بن حارث اور عقبہ بن ابی معیط :

نبی کریمﷺ کی گستاخی کرنے والے سردار نضر بن حارث اور عقبہ بن ابی معیط کو جنگ بدر کے بعد آپﷺ کے حکم پر قتل کر دیا گیا (۵۲)۔

## حویرث بن نضیر :

یہ شخص آپ کو ایذا دیا کرتا تھا اور آپ کے خون کو ھدر ( ضائع ) قرار دیا کرتا تھا فتح مکہ کے موقع پر آپﷺ نے اس کے قتل کا بھی حکم صادر فرمایا اور حضرت علیؓ نے اس کی گردن اڑائی ( ۵۳)۔

## قبیلہ بلقین کی ایک عورت :

قبیلہ بلقین کی ایک ملعونہ گستاخ رسول عورت کو آپﷺ کے حکم پر سیدنا خالد بن ولید نے قتل کیا (۵۴)

## حارث بن طلاطل :

یہ شخص آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کرتے ہوئے آپ ﷺ کو تکلیف پہنچایا کرتا تھا حضرت علیؓ نے اس پر قابو پا کر اسے قتل کر دیا (۵۵)۔

## گستاخ عیسائی :

عبدالملک بن مروان کے عہد میں گورنر یمن ایوب بن یحییٰ نے ایک عیسائی کو توہین رسا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

لت کے جرم میں قتل کر دیا عبدالملک بن مروان

## پادری پولوگس :

۸۵۰ء میں قرطبہ کے ایک عیسائی پادری تحریک کا آغاز کیا تو امیر المومنین عبدالرحمن

## ریجنالڈ :

تیسری صلیبی جنگ کے دوران وادی کرک سے معاہدہ کیا تھا کہ مسلمان تاجروں کو کوئی گزند نہ اترا۔ سلطان بھی اسے نظر انداز کرتا رہا لیکن لوٹنے کے بعد گستاخی کرتے ہوئے کہا " سلطان کو ملی تو انہوں نے یہ عہد کر لیا کہ وہ ۱۱۸۷ء کو حطین فتح ہوا تو بہت سے عیسائی قید سلطان نے بوڑھے اور نادار شہریوں کو بغیر بھی آبرو مندانہ سلوک کیا۔ شاہ یروشلم بھی قید ریجنالڈ کو اپنے سامنے بلایا اور اسے طعنے دی گئے سلوک کو یاد دلایا اور اسے یہ بھی یاد دلایا کہ کہے تھے اب میں اپنے اس پیغمبر ہی کی مدد اس گستاخ کا سر قلم کر دیا (۵۸)

# برصغیر کے گستاخان رسولؐ

## حقیقت رائے :

یہ شخص سیالکوٹ کے ایک کھتری گھرانے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

لت کے جرم میں قتل کروایا عبدالملک بن مروان نے اس پر اظہار مسرت کیا (۵۶)۔

## پادری پولو جنس:

۸۵۰ء میں قرطبہ کے ایک عیسائی پادری پولو جنس نے باقاعدہ توہین رسالت کی تحریک کا آغاز کیا تو امیر المومنین عبدالرحمن کے بیٹے نے اسے واصل جہنم کر دیا (۵۷)۔

## ریجی نالڈ:

تیسری صلیبی جنگ کے دوران والئ کرک ریجی نالڈ نے سلطان صلاح الدین ایوبی سے معاہدہ کیا تھا کہ مسلمان تاجروں کو کوئی گزند نہیں پہنچائے گا لیکن وہ اپنے وعدہ پر پورا نہ اترا۔ سلطان بھی اسے نظر انداز کرتا رہا لیکن ایک مرتبہ اس نے مسلمانوں کے قافلے کو لوٹنے کے بعد گستاخی کرتے ہوئے کہا ''بلاؤ اپنے محمد کو وہ تمہیں چھڑائے'' جب یہ خبر سلطان کو ملی تو انہوں نے یہ عہد کر لیا کہ وہ ریجی نالڈ کو اپنے ہاتھوں سے قتل کرے گا۔

۱۱۸۷ء کو حطین فتح ہوا تو بہت سے عیسائی قید ہوئے ان میں ریجی نالڈ بھی تھا۔

سلطان نے بوڑھے اور نادار شہریوں کو بغیر فدیہ لیے رہا کر دیا اور دوسرے قیدیوں سے بھی آبرومندانہ سلوک کیا۔ شاہ یروشلم بھی قیدی تھا اسے اپنی ساتھ والی کرسی پہ بٹھایا لیکن ریجی نالڈ کو اپنے سامنے بلایا اور اسے لٹنے والے مسلمانوں کے قافلہ سے متعلق روا رکھے گئے سلوک کو یاد دلایا اور اسے یہ بھی یاد دلایا کہ تو نے ہمارے نبی کے بارے گستاخانہ الفاظ کہے تھے اب میں اپنے اس پیغمبر ہی کی مدد سے تمہارا سر قلم کرتا ہوں اور اپنے ہاتھوں سے اس گستاخ کا سر قلم کر دیا (۵۸)

# برصغیر کے گستاخان رسولؐ

## حقیقت رائے:

یہ شخص سیالکوٹ کے ایک کھتری گھرانے سے تعلق رکھتا تھا اس نے اپنے سکول میں نبی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

کریمؐ اور حضرت فاطمہ کی شانِ اقدس میں نازیبا کلمات استعمال کیے تھے۔ اسی جرم میں اسے گرفتار کر کے لاہور عدالتی کاروائی کیلئے بھیجا گیا اور اسے سزائے موت سنائی گئی۔ ہندو افسر اکٹھے ہو کر زکریا خان گورنر لاہور کے پاس آئے اور رحم کی اپیل کی لیکن اس نے سزا پر نظر ثانی کرنے سے انکار کر دیا چنانچہ حقیقت رائے کو پہلے کوڑے لگائے گئے کہ اس نے حضرت فاطمہؓ کی گستاخی کی تھی پھر ناموس رسالت پر حملہ کرنے کی سزا کے طور پر اس کی گردن اڑا دی گئی یہ مغلیہ دور حکومت کے آخری سالوں کا واقعہ ہے

(۵۹)

## عیسائی پادری:

۱۹۷۱ء میں مغل پورہ لاہور کے ایک عیسائی پادری نے نبی کریم ﷺ کی شان میں زبان درازی کی غیرت مند نوجوان زاہد حسین نے موقع پر ہی اس کا سر پھاڑ کر اس کا کام تمام کر دیا۔

(۶۰)

## چھنچل سنگھ:

۱۹۳۴ء میں شیخو پورہ کے ایک ملعون چھنچل سنگھ نے آپ کی شان اقدس میں ہرزہ سرائی کی۔ قصور کے ایک نوجوان نے سکھوں کے ہجوم میں اسے جہنم واصل کر دیا

(۶۱)

## انگریز میجر کی بیوی:

تقسیم ہند سے قبل ایک انگریز میجر کی بیوی نے اپنے مسلمان خانساماں کے سامنے آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کی اور اس خانساماں نے میجر کی بیوی کو جہنم واصل کر دیا

(۶۲)

## راج پال:

یہ شخص لاہور کا رہنے والا ایک ہندو پبلشر تھا۔ اس نے نبی کریم کی توہین پر مشتمل کتاب ”رنگیلا رسول“ شائع کی تو مسلمانوں میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی اور ان کے جذبات کو سخت ٹھیس پہنچی توہین رسالت کے اس واقعہ کے بعد کچھ محبانِ رسولؐ نے اس لعین پر

قاتلانہ حملے کیے جن میں وہ بال بال بچ گیا۔ ایک دن یہ انارکلی میں اپنی دکان پر بیٹھا ہوا تھا کہ غازی علم الدین شہید اپنے ساتھ خنجر لیے ہوئے اس کی دکان پہ آ گیا اور اس پر خنجر سے وار کر کے اسے جہنم واصل کر دیا (۶۳)

# نتھو رام :

یہ آریہ سماج ہندو تھا اس نے 1933ء میں "ہسٹری آف اسلام" نامی ایک کتاب لکھی جس میں اس نے نبی محترم کی ذات اقدس کو ہدف تنقید بنایا اور شان رسالت میں توہین آمیز اور گستاخانہ الفاظ استعمال کیے جس سے مسلمانوں میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی اور اس کے خلاف مقدمہ چلا لیکن اس عدالت میں 1934ء میں ایک محب رسول غازی عبدالقیوم شہید خنجر لیے عدالت کے کمرہ میں داخل ہوا اور نتھو رام کے قریب پہنچا اور خنجر سے اس پر حملہ کر کے اس کی شہ رگ کاٹ دی۔ غازی عبدالقیوم نے اس کا کام تمام کرنے کے بعد اپنے آپ کو گرفتاری کے لیے پیش کر دیا (۶۴)

# کھیم چند:

1941ء کی بات ہے کہ چکوال جہلم روڈ پر قصبہ خانپور کے قریب ایک ریسٹ ہاؤس میں ڈی سی او چکوال چوہدری کھیم چند مقیم تھا یہ راجپال (جو ہندو پبلشر تھا) کا رشتہ دار تھا۔ اس بد بخت نے شان رسالت میں کچھ بکواس بکی تو غازی منظور حسین شہید اپنے دوست غازی عبدالعزیز شہید کو ساتھ لیے اس ریسٹ ہاؤس تک جا پہنچا اور ان دونوں محبان نبیؐ نے اس گستاخ کو کیفر کردار تک پہنچایا (۶۵)

# جرمن ایڈیٹر ”ہیزک بروڈز“:

جرمنی سے شائع ہونیوالے ایک اخبار ”ڈائیولٹ“ کے ایڈیٹر ”ہیزک بروڈز“ نے بھی ستمبر 2005ء کو اس ناپاک جسارت میں حصہ لیا جس میں نبی رحمت کے خاکے بنائے گئے اور انہیں شائع کیا گیا جس پر پورے عالم اسلام سمیت جرمنی میں بسنے والے تمام

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

مسلمانوں میں بے چینی کی کیفیت پیدا ہوگئی۔

20 مارچ 2006ء کو برلن میں جو کہ جرمنی کا دارالحکومت ہے یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک محب رسول پاکستانی عامر چیمہ جو کہ حصول تعلیم کی غرض سے جرمنی گیا ہوا تھا۔ اس اخبار کے دفتر میں پہنچا اور سیدھا ایڈیٹر کے کمرے میں جاکر اس پر حملہ آور ہوتے ہوئے اسے شدید زخمی کر دیا۔ انہی زخموں کی وجہ سے وہ بدبخت ایڈیٹر جہنم واصل ہوگیا (۶۶)۔

## سلمان رشدی:

پاکستان میں انفرادی اور اجتماعی کوششوں کی بدولت جب توہین رسالت کے جرم کی سزائے موت کا قانون قومی اسمبلی نے منظور کر لیا تو اس پر یورپ، امریکہ، بھارت اور خود پاکستان کا سیکولر ذہن تلملا اٹھا۔ ان کے خیال میں جب تک مسلمانوں کے دل و دماغ سے ذات مصطفیٰؐ کا رشتہ محبت وعقیدت ختم نہ کیا جائے وہ مسلمانوں کی آئے روز بڑھتی تعداد کو روک نہیں سکتے۔ اس کے لیے انہوں نے ایک نہایت گھٹیا اور گھناؤنی اسکیم سوچی انہوں نے ایک آبرو باختہ، ضمیر فروش اور رسوائے زمانہ شیطان صفت ملعون ملحد سلمان رشدی کی خدمات حاصل کیں اور اس سے "شیطانی کلمات" نامی ایک کتاب لکھوائی۔ یہ کتاب وائیکنگ پبلیکیشنز کے یہودی ادارے نے اکتوبر 1988ء میں شائع کی۔ اس کتاب کو ناول کی شکل دے کر اس میں ابوالانبیاء حضرت ابراہیمؑ اور امام الانبیاء حضرت محمدﷺ، اہل بیت ازواج مطہرات اور اصحاب رسول کی شان میں جس فحش انداز میں حملے کیے گئے آج تک دنیا کے کسی ذلیل اور رذیل ترین شخص کو ایسی جسارت حاصل نہیں ہوئی (۶۷)

اس گستاخ کا انجام دیکھئے کہ اس نے چار شادیاں کیں اور سب بیویوں نے اس سے تنگ آکر طلاق لے لی ہے اس کے دل میں مسلمانوں کا ایسا خوف بیٹھ چکا ہے کہ یہ چھپا ہوا ہے کہ کہیں قتل نہ کر دیا جاؤں (۶۸)

## جے لینڈ پوسٹن نامی ڈینش اخبار:

ستمبر ۲۰۰۵ء میں جے لینڈ پوسٹن نامی ڈینش اخبار میں توہین رسالت کا ارتکاب کرتے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ہوئے نبی کریم ﷺ کی انتہائی توہین سبب سے توہین آمیز خاکہ وہ تھا ج آمیز مشابہت دے کر عمامہ مبارک م یہ خاکے ان دو سالوں میں گاہے منصوبہ بندی اور اشتراک کے سا فلم بنائی گئی جس میں ان خاکوں کو ش دنیا میں قتل وغارت اور دہشت گر Book پر انہی خاکوں کو منظر عام پابندی عائد کر دی گئی۔ بعد ازاں خاکوں کا موجد جل گیا جس کی تصد

- ۱- النجم : ۳-۴۔
- ۲- آل عمران: ۱۳۔
- ۳- آل عمران: ۸۱۔
- ۴- طبری، ابن جریر جامع البیان
- ۵- الاعراف: ۱۵۷۔
- ۶- الاحکام السلطانیہ
- ۷- الاحزاب: ۵۷۔

- ۷- مسلم الجامع اصح ۱۹۸-
- ۸- الفتح: ۸-۹۔
- ۹- التوبۃ: ۶۱۔
- ۱۰- التوبۃ: ۱۲-۱۵۔
- ۱۱- ابن کثیر، تفسیر، دار الکتا
- ۱۲- الاحزاب: ۵۷۔

ہوئے نبی کریم ﷺ کے انتہائی توہین آمیز خاکے شائع کیے گئے۔ ان سب خاکوں میں سب سے توہین آمیز خاکہ وہ تھا جس میں نبی کریم ﷺ کے چہرہ انور کو نعوذ باللہ کراہت آمیز مشابہت دے کر عمامہ مبارک میں ایک بم کو چھپا ہوا دکھایا گیا تھا۔ یہ خاکے ان دو سالوں میں گاہے بگاہے شائع ہوتے رہے ۲۰۰۸ء میں ایک بار پھر نئی منصوبہ بندی اور اشتراک کے ساتھ انہی خاکوں کو دوبارہ شائع کیا گیا اور ہالینڈ میں ایک فلم بنائی گئی جس میں ان خاکوں کو دکھایا گیا اور ساتھ ہی یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی کہ دنیا میں قتل و غارت اور دہشت گردی کا سبب اسلام ہی ہے۔ (۶۹) ۲۰۱۰ء میں Face Book پر انہی خاکوں کو منظر عام پر لایا گیا جس پر پاکستان میں اس Web Site پر پابندی عائد کر دی گئی۔ بعد ازاں بجلی کے ایک شارٹ سرکٹ کے سبب ان توہین آمیز خاکوں کا موجد جل گیا جس کی تفصیلات انٹرنیٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

# حوالہ جات


۱۔ النجم : ۳، ۴۔

۲۔ آل عمران : ۱۳۔

۳۔ آل عمران : ۸۱۔

٤۔ طبری، ابن جریر جامع البیان المعروف تفسیر طبری (شرکۃ مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی) ۳۳۶/۳۔

۵۔ الاعراف : ۱۵۷۔

٦۔ الاحکام السلطانیہ، قاضی علی بن محمد بصری ص ۱۵۷۔

۷۔ مسلم الجامع الصحیح ۱۹۸-۱۹۹۔

۸۔ الفتح : ۸-۹۔

۹۔ التوبۃ : ۶۱۔

۱۰۔ التوبۃ : ۱۲-۱۵۔

۱۱۔ ابن کثیر تفسیر، دار الکتب العلمیہ، بیروت ۳۳۹/۷۔

۱۲۔ الاحزاب : ۵۷۔

ماہنامہ سبحانی کراچی حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

۱۳۔ الاحزاب: ۶۱۔

۱۴۔ سبکی، السیف المسلول، ص ۱۳۳۔

۱۵۔ التوبۃ: ۶۳-۶۶۔

۱۶۔ الصارم المسلول (المکتب الاسلامی، بیروت) ص: ۳۷-۳۸۔

۱۷۔ النور: ۴۷۔

۱۸۔ ماہنامہ رشد، جلد نمبر ۱۹ شمارہ نمبر ۴ ص ۷۵ جون ۲۰۰۸

۱۹۔ الحجرات: ۲

۲۰۔ الصارم المسلول ص ۵۹-۶۰

۲۱۔ بخاری، الجامع الصحیح حدیث نمبر ۲۷۵۰ ص ۸۴۰، مسلم، الجامع الصحیح ۲۷۷۔

۲۲۔ ایضاً

۲۳۔ السبکی، السیف المسلول، ص ۱۳۴

۲۴۔ ابی داؤد، السنن، حدیث نمبر ۴۳۶۱

۲۵۔ الصارم المسلول ص ۳۷۴

۲۶۔ قاضی عیاض، الشفاء، ۲/۲۸۹ مطبوعہ عبدالطواب اکیڈمی ملتان۔

۲۷۔ ایضاً۔

۲۸۔ حصکفی حنفی الشامی علامہ علاؤالدین متوفی ۱۰۸۸ھ، درمختار علی ردالمحتار، ۴/۴۰۰، مطبوعہ عثمانیہ استنبول۔

۲۹۔ الصارم المسلول ص ۹۔

۳۰۔ معالم السنن الخطابی ۶:۱۹۹۔

۳۱۔ السیف المسلول: ص ۱۲۰۔

۳۲۔ الصارم المسلول: ص ۴۰۹۔

۳۳۔ ایضاً، ص ۱۲۰۔

۳۴۔ ابوداؤد، السنن، ۴۳۶۳۔

۳۵۔ الاحزاب:۶۔

۳۶۔ الحجر:۹۵۔

۳۷۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص ۸۹۲ حدیث نمبر ۲۷۹۳۔

۳۸۔ کیلانی، عبدالرحمن، تیسیرالقرآن، ۴/۷۰۸۔

۳۹۔ اللهب، ۴۔

۴۰۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی، معارف القرآن، ۸/۵۷۱۔

۴۱۔ مولانا مودودی، تفہیم القرآن، ۶/۵۲۲۔

۴۲۔ بخاری، الجامع الصحیح

۴۳۔ ایضاً، کتاب المغازی

۴۴۔ ص ۳۴۱۸-۳۴، الصارم الم

۴۵۔ بخاری، الجامع الصحیح

۴۶۔ شوکانی، نیل الاوطار

۴۷۔ الصارم المسلول

۴۸۔ ابی داؤد، السنن، ک

۴۹۔ مدارج النبوۃ: ۲/

۵۰۔ البیہقی، السنن الکبر

۵۱۔ الہیثمی، مجمع الزوائ

۵۲۔ البدایۃ والنہایۃ

۵۳۔ مدارج النبوۃ ۹۹

۵۴۔ عبدالرزاق، مصن

۵۵۔ عبدالحق، مدار

۵۶۔ ہفت روزہ اہلحد

۵۷۔ ایضاً۔

۵۸۔ ناموس رسالت

۵۹۔ ایضاً، ص ۲۶۱

۶۰۔ ہفت روزہ اہلحد

۶۱۔ ہفت روزہ اہلحد

۶۲۔ ہفت روزہ اہلحد

۶۳۔ ناموس رسالت

۶۴۔ ایضاً۔

۶۵۔ غازی علم الدی

۶۶۔ ہفت روزہ اہلحد

۶۷۔ ناموس رسالت

۶۸۔ e.com

۶۹۔ ماہنامہ رشد

• -۴۲۔ بخاری، الجامع الصحیح، حدیث نمبر ۴۱۴۱، ص ۵۳۱۔

• -۴۳۔ ایضاً، کتاب المغازی، حدیث نمبر ۴۰۳۷، ص ۶۸۲؛ عبد الحق محدث ، مدارج النبوت، ص ۴۴۵،۴۴۱۔ ۴۴۔ الصارم المسلول علی شاتم الرسول اردو ترجمہ غلام احمد حریری، ص ۱۶۱-۱۶۰۔

• -۴۵۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص ۶۸۲ حدیث نمبر ۴۰۳۸، ؛ مدارج النبوة ۲/ ۱۹۰-۱۸۹۔

• -۴۶۔ شوکانی، نیل الاوطار، ۷/ ۳۷۹۔

• -۴۷۔ الصارم المسلول اردو ترجمہ، ۱۴۸، الشفاء ، ۲/ ۳۸۶۔

• -۴۸۔ ابی داؤد، السنن، کتاب الحدود، ۱/ ۴۳۶۔

• -۴۹۔ مدارج النبوة: ۲/ ۱۷۸ بحوالہ مواہب الدنیہ۔

• -۵۰۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸/ ۲۰۵۔

• -۵۱۔ ہیثمی، مجمع الزوائد تحقیق عبد اللّٰہ درویش حدیث نمبر ۱۰۵۷۰۔

• -۵۲۔ البدایۃ والنہایۃ ۳/۳۲۳۔

• -۵۳۔ مدارج النبوة ۲/ ۴۹۹، طبری ۱/۳۹۹۔

• -۵۴۔ عبدالرزاق، مصنف، حدیث نمبر ۹۷۵۰۔

• -۵۵۔ عبدالحق، مدارج النبوة ۲/۵۰۱۔

• -۵۶۔ ہفت روزہ اہلحدیث ص ۱۵، شمارہ نمبر ۵، ۲۰ تا ۱۰ فروری ۲۰۱۱۔

• -۵۷۔ ایضاً۔

• -۵۸۔ ناموسِ رسالت اور قانون توہین رسالت، ص ۳۱۵۔

• -۵۹۔ ایضاً، ص ۳۲۶۔

• -۶۰۔ ہفت روزہ اہلحدیث ص ۱۵، جلد نمبر ۴۲، شمارہ نمبر ۵) (۳ تا ۱۰ فروری ۲۰۱۱ء)۔

• -۶۱۔ ہفت روزہ اہلحدیث ص ۱۴۔

• -۶۲۔ ہفت روزہ اہلحدیث، ص ۱۵، شمارہ نمبر ۵، (۳ تا ۱۰ فروری ۲۰۱۱ء)۔

• -۶۳۔ ناموسِ رسالت اور قانون توہین رسالت، ص ۳۱۴۔

• -۶۴۔ ایضاً۔

• -۶۵۔ غازی علم الدین شہید سے غازی عامر چیمہ تک ص نمبر ۷۵۔

• -۶۶۔ ہفت روزہ اہلحدیث، ص ۱۴، شمارہ نمبر ۵، (۳ تا ۱۰ فروری ۲۰۱۱ء)۔

• -۶۷۔ ناموس رسالت وقانون توہین رسالت، ص ۳۴۹۔

• -۶۸۔ www.salmanrushdie.com

• -۶۹۔ ماہنامہ رشد ج ۱۹ ش ۳ ص ۱۸۶ جون 2008ء

# نقوش رفتگاں

اِنَّ لِلّٰہِ وَاِنَّ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ O

عالم اسلام کے عظیم محدث حضرت مولانا محمد ادریس میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے صاحبزادے جناب انیس احمد گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے۔ مرحوم ماہنامہ مسیحائی کے دیرینہ ساتھی جناب عتیق احمد کے والد تھے۔ ادارہ مسیحائی ان کے رنج وغم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

گزشتہ ماہ ہی معروف صحافی، ماہنامہ مسیحائی کے معاون جناب سید نعمت اللہ بخاری کی والدہ ماجدہ انتقال فرما گئیں اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

جناب سید نعمت اللہ بخاری اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ختم رسول نمبر ۲۰۱۱ء

## وقار ز

میری والدہ نے مجھے بچپن میں پکی روٹی پڑ نہایت آسان اور عمدہ طریقہ تھا۔ یہ کتابچہ جس آسانی سے یاد ہو جاتا تھا گھر کی ان پڑھ خوا احکامات تک زبانی یاد تھے۔ ایک دن مجھے والد ”جے کوئی پچھے صفتاں ایمان دیاں کنیاں توں آکھیں جے ست (۷) آمنت باللہ، منیاں میں اللہ تعالیٰ نوں۔ و دے۔ وکتبہ، تے منیاں میں ساریاں کتاباں ن اوس دے۔ والیوم الآخر، تے منیاں میں دیہاڑ اس دن سے یہ بات میرے ذہن میں پ رسولوں کو نہیں مانوں گا تو میرا ایمان مکمل نہیں ذات کا ہی نہیں بلکہ کائنات

کے تمام مسلمانوں مجید اللہ رب العزت کا کلام ہے اور یہی ہما نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی وسا سے اور اس کے لانے والے کی کسی بات کر دیتی ہے اور قرآن مجید میں واضح طور پر "رسول اس کتاب پر جو ان کے پرور ہیں اور جو لوگ اس رسول کو ماننے والے کر لیا ہے۔ یہ سب اللہ اور اس کے فرشتوں

# وقار زیست

شاکر کنڈان...... سرگودھا

میری والدہ نے مجھے بچپن میں پکی روٹی پڑھائی تھی جو دینی تعلیم سیکھنے اور سکھلانے کا نہایت آسان اور عمدہ طریقہ تھا۔ یہ کتابچہ جس انداز سے لکھا گیا تھا اس کا سبق بچوں کو آسانی سے یاد ہو جاتا تھا گھر کی ان پڑھ خواتین تک کو ارکان اسلام، مسائل، فرائض اور احکامات تک زبانی یاد تھے۔ ایک دن مجھے والدہ نے یہ سبق دیا۔

"بچے کوئی پچھے صفتاں ایمان دیاں کنیاں نیں

توں آکھا جے ست (۷)

آمنت باللہ، منیاں میں اللہ تعالیٰ نوں۔ وملئکتہ تے منے میں سب فرشتے اللہ تعالیٰ دے۔ وکتبہ، تے منیاں میں ساریاں کتاباں اوس دیاں۔ ورسلہ، تے منے میں سب پیغمبر اوس دے۔ والیوم الآخر، تے منیاں میں دیہاڑا قیامت دا....."

اس دن سے یہ بات میرے ذہن میں بیٹھ گئی اور مجھے پکا یقین ہو گیا کہ اگر میں تمام رسولوں کو نہیں مانوں گا تو میرا ایمان مکمل نہیں ہوگا بلکہ ہوگا بھی نہیں۔ یہ یقین میری اکیلی ذات کا ہی نہیں بلکہ کائنات کے تمام مسلمانوں کا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ قرآن مجید اللہ رب العزت کا کلام ہے اور یہی ہمارے ایمان اور ہمارے دین کا محور و منبع ہے جو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی وساطت سے ہم تک پہنچا۔ لہٰذا اس کی کسی بات سے اور اس کے لانے والے کی

کسی بات سے روگردانی ہمیں حلقہ دین سے خارج کر دیتی ہے اور قرآن مجید میں واضح طور پر یہ حکم ہے کہ: (ترجمہ)

”رسول اس کتاب پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور جو لوگ اس رسول کو ماننے والے ہیں انہوں نے بھی اس ہدایت کو دل سے تسلیم کر لیا ہے۔ یہ سب اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو مانتے

ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسولوں کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کرتے۔'' (القرآن:

(۲:۲۸۵)

ہم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ماننے والے اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام سے حضور اکرم ﷺ تک تشریف لانے والے تمام انبیاء و رسل پر ایمان رکھتے ہیں اور ان میں سے کسی ایک کے بارے میں بھی منفی سوچ ذہن میں نہیں پال سکتے۔ کیوں کہ ہم جانتے ہیں کہ اگر کسی ایک کے بارے میں بھی غلط سوچ ذہن میں ابھرے گی تو فوراً ہم پر یہ حکم لاگو ہو جائے گا کہ: ''جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں سے کفر کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان تفریق کریں اور کہتے ہیں کہ ہم کسی کو مانیں گے اور کسی کو نہ مانیں گے اور کفر و ایمان کے بیچ ایک راہ نکالنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ سب پکے کافر ہیں اور ایسے کافروں کے لیے ہم نے وہ سزا مہیا کر رکھی ہے جو انہیں ذلیل و خوار کر دینے والی ہے۔''

(القرآن: ۴:۱۵۰-۱۵۱)

اس ارشاد ربانی سے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کے ماننے کی پابندی جب ہر مسلمان سختی سے اپنے اوپر روا رکھتا ہے اور کسی کے بارے میں کوئی ایسی بات سوچ بھی نہیں سکتا جس سے تضحیک کا کوئی پہلو نکلتا ہو یا شان میں گستاخی کا احتمال ہوتا ہو تو دیگر مذاہب و ادیان کے ماننے والوں کو بھی چاہیے کہ اگر وہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو آخری نبی نہیں بھی مانتے تو کم از کم اخلاقی اور تہذیبی طور پر تو اس بات کا احترام کریں کہ مسلمانوں کی اور حضور نبی اکرم کی دل آزاری نہ ہو۔ انہیں یہ احساس ہونا چاہیے کہ جب خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے پیروکار ان کے نبیوں اور پیغمبروں کے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کرتے تو وہ بھی نہ کریں لیکن بدقسمتی سے ایسا ہوتا نہیں اور کچھ سرپھرے لوگ اپنے بکواسیات سے توہین

رسالت کے مرتکب ہوتے ہیں۔ اگرچہ رسالت کے ساتھ توہین جیسا لفظ جوڑنا بھی سوءِ ادب ہے اور اسے لکھنا نامعقولیت ہے جسے جذبۂ محبت کسی صورت گوارا نہیں کر سکتا لیکن اس کے بغیر بات بھی نہیں سمجھائی جا سکتی لہٰذا اسے لکھنا ایک مجبوری بھی ہے، جس کا تعلق صرف مسلمانوں کی حد تک نہیں بلکہ جب بھی کوئی توہین رسالت کا مرتکب

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

ہوگا تو اس کے لیے تقریباً تمام ادیان میں سخت سے سخت سزا موجود پائے گا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ جب غزوہ خندق کے دوران بنو قریظہ وعدہ خلافی کرتے ہیں اور حضورؐ، حضرت علیؓ کو ان کی سرکوبی کے لیے بھیجتے ہیں۔ وہ جب بنو قریظہ کے قلعوں کے پاس پہنچتے ہیں تو انہیں حضور کی شان میں گستاخانہ کلمات کہتے سن کر واپس حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرتے ہیں کہ "یا رسول اللہ ﷺ آپ خود ان خبیثوں کی طرف تشریف نہ لے جائیں تو بہتر ہے۔"

آپؐ فرماتے ہیں "میں سمجھتا ہوں کہ تم نے ان کو میرے تئیں بُرا بھلا کہتے سنا ہے۔"

حضرت علیؓ عرض کرتے ہیں "جی ہاں!"

اور پھر ہمیں تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ یہود نے اپنے پرانے ہم مذہب حضرت سعد بن معاذ کو فیصلے کے لیے چنا۔ حضرت سعدؓ بن معاذ چونکہ توریت کے عالم تھے سو انہوں نے توریت کے مطابق فیصلہ کیا کہ:

"مردوں کو قتل کر دیا جائے، عورتوں اور بچوں کو قیدی بنا لیا جائے اور اموال تقسیم کر دیے جائیں۔"

(الرحیق المختوم از مولانا صفی الرحمان مبارک پوری، ص ۵۱۳)

یہ یہود کی اپنی کتاب توریت کا فیصلہ تھا، لیکن قرآن مجید پر ایمان ہونے کے ناطے ہمارے پاس اس سے انوکھی سزا بھی موجود ہے اور وہ یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا چچا ابولہب جب کہتا ہے:

"اے محمد (ﷺ) تمہارے وہ ہاتھ ٹوٹ جائیں جن سے تو نے ہمیں بلایا ہے۔" تو حضور اکرم ﷺ اس پر بالکل خاموش ہو جاتے ہیں۔ صاف ظاہر ہے آپؐ کو اس کا دُکھ تو ہوا ہوگا، لیکن ایک تو اسلام کے

ابھی ابتدائی دن تھے۔ دوسرا آپؐ کو صابر و شاکر اور رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا گیا تھا۔ اور مصلحت کا تقاضا یہی ہے کہ دشمن کو بھی اس کا سایہ مہیا کیا جائے۔ تیسرا ابھی تک یہ حکم بھی نازل نہیں ہوا تھا کہ ہاتھ کے بدلے ہاتھ، کان کے بدلے کان اور قتل کے بدلے قتل سے بدلہ لیا جائے۔ لیکن ناز اٹھانے والی وہ ہستی جس کو اپنے محبوب کا بار بار آسمان کی طرف نگاہ اٹھانا تک گوارا نہیں تھا اور بیک جنبش قلم اس نے

قبلہ کا رخ خاموش خواہش کے لیے تبدیل کر دیا۔ وہ یہ کیسے برداشت کر لیتی کہ کوئی اس کو برا بھلا کہے اور وہ محب خاموش بیٹھا رہے لہٰذا فوراً اپنا حکم صادر فرمادیا:

"ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہوا۔ اس کا مال اور اس کی کمائی اس کے کسی کام نہ آئی۔ وہ شعلے مارتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا۔"

(القرآن: ۱۱۱)

اس پر ہی اس سلسلے کو موقوف نہیں کر دیا بلکہ اپنے محبوب کی چچی جو حضور کی شان میں بدکلامی اور گستاخی کرتی تھی اس کو بھی اس کی بدتمیزی کا فیصلہ سنا دیا:

"اور اُس کی بیوی تھی ایندھن اٹھانے والی۔ اس کی گردن میں مونج کی بٹی ہوئی رسی ہوگی۔"

(القرآن: ۱۱۱)

اور لوگوں نے یہ سب کچھ کھلی آنکھوں دیکھا بلکہ اس کے بیٹوں کے ساتھ جو ہوا وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں اور تاریخ کے اوراق آج بھی ہمیں اس کے بارے میں وضاحت سے بیان کر رہے ہیں اور قیامت تک یہ لعنت اور پھٹکار ان کے لیے جاری رہے گی۔

افسوس کہ اتنا سب کچھ جاننے کے باوجود آج ہم دیکھتے ہیں کہ منکرین رسالت مآب ﷺ ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے خلاف زبان درازی اور ہرزہ سرائی کرتے ہیں۔ آپ کے خاکے بناتے ہیں۔ آپ کو الٹے سیدھے ناموں سے پکارتے ہیں اور گالیاں دیتے ہیں لیکن ہم آپ کے امتی ہونے کا دعوے دار آپ کی ذات سے محبت کو اپنا ایمان سمجھنے والے اسلام پر اپنی اجارہ داری کا دعویٰ کرتے ہوئے بھی سنت الٰہی پورا نہیں کرتے بلکہ الٹا قانون الٰہی جو ہمارے اپنے دنیوی قانون اور آئین میں ۲۹۵سی کی شق کے نام سے شامل ہے اسے بدل دینا چاہتے ہیں۔ یہ وہ قانون ہے جو تخلیق

آدم سے ہی ہر نبی کے عہد میں لاگو رہا اور جس کے بارے میں تمام مذاہب و ادیان کے ماننے والوں نے سخت سے سخت قانون سازی کی اور اس پر عمل بھی کیا۔

"The Encyclopedia of Religion" جلد دوم مطبوعہ لندن ایڈیشن ۱۹۸۷ء کے صفحہ نمبر ۲۳۸ سے ۲۴۵ میں "Blasphemy" کے ذیلی عنوان "Judeo Christian Concept" کے تحت خدا، دیوتاؤں، مذہب، روح القدس، نظریہ تثلیث کے خلاف ہرزہ سرائی اور بکواس کرنے والوں کے بارے میں بڑی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

تفصیل سے بحث کی گئی ہے اور عیسائیوں کے مذہبی احکام پڑھ سکتے ہیں۔ صفحہ ۲۴۰ پر تحریر مذکورہ انسائیکلو پیڈیا کے حوالہ پیش آئے۔

اسی مضمون میں آگے چل ذکر بھی کیا گیا ہے اور پھر ت پتا چلتا ہے جس طرح کہ سب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام انگلینڈ میں ۵ اشخاص کو زندہ سزا دی گئی۔ ۱۶۰۰ء میں ا پادری جان بڈل کو سترہ سا میں جیمز ٹیلر کو بری طرح زد اٹھارویں صدی کے ا مجرموں کو سزائیں دی گئی قید کیا گیا۔ انگلینڈ میں ۲۱ اسی طرح کی بہت سی اسکاٹ لینڈ اور امریکہ م علیہ السلام کی رسالت کی مسلمانوں کے نظریات لہب اور حضور نبی مکرم لندن سے شائع ہو ہونے والے انسائیکلو پیڈ ۷۷ء تک پھیلے ہوئے

ماہنامہ مسیحائی کراچی تھا۔ وہ یہ کیسے برداشت کر لیتی کہ کوئی اس کو فورا اپنا حکم صادر فرما دیا: ہوا۔ اس کا مال اور اس کی کمائی اس کے کسی ن ہوگا۔" (القرآن: ۱۱۱) کہ اپنے محبوب کی سچی جو حضور کی شان میں کنیزی کا فیصلہ سنا دیا: گا۔ اس کی گردن میں مونج کی بٹی ہوئی رسی

تا بلکہ اس کے بیٹوں کے ساتھ جو ہوا وہ بھی اج بھی ہمیں اس کے بارے میں وضاحت اور پھٹکار ان کے لیے جاری رہے گی۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ منکرین رسالت محمدیؐ زبان دراز اور ہرزہ سرائی کرتے ہیں۔ آپؐ ناموں سے پکارتے ہیں اور گالیاں دیتے آپ کی ذات سے محبت کو اپنا ایمان سمجھنے ہوئے بھی سنت الہی پورا نہیں کرتے بلکہ اور آئین میں ۲۹۵ سی کی شق کے نام سے ون ہے جو تخلیق آدم سے ہی ہر نبی کے عہد ت وادیان کے ماننے والوں نے سخت سے

The" جلد دوم مطبوعہ لندن ایڈیشن Blasphemy" کے ذیلی عنوان کے تحت خدا، دیوتاؤں، مذہب، روح کو اس کرنے والوں کے بارے میں بڑی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 277 ماہنامہ مسیحائی کراچی تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ Leonard W.Lary کے اس مقالے میں یہودیوں اور عیسائیوں کے مذہبی احکامات جو رسولوں کی توہین کے سلسلے میں واضح ہیں انہیں بھی ہم پڑھ سکتے ہیں۔ صفحہ ۲۴۰ پر تحریر ہے: مذکورہ انسائیکلو پیڈیا کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے چار سو سال بعد کئی واقعات پیش آئے۔

اسی مضمون میں آگے چل کر آسٹن کی "Theory of Porsacution" کا ذکر بھی کیا گیا ہے اور پھر مختلف اوقات میں جو سزائیں دی گئیں ان کے بارے میں ہمیں پتا چلتا ہے جس طرح کہ ۱۵۵۳ء میں مائیکل سروٹس کو سزائے موت دی گئی، کیوں کہ اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کی تھی اور نظریہ تثلیث کو بُرا بھلا کہا تھا۔ اسی سال انگلینڈ میں ۱۵ اشخاص کو زندہ جلایا گیا۔

پادری ڈیوڈ کو اسی سلسلے میں ۱۵۷۹ء میں عمر قید کی سزا دی گئی۔ ۱۶۰۰ء میں برونو کو روم میں سزا کے طور پر زندہ جلا دیا گیا۔ انگلینڈ کے ایک پادری جان بڈل کو سترہ سال کی قید ہوئی۔ اور وہ جیل میں ہی ۱۶۶۲ء میں مر گیا۔ ۱۶۵۶ء میں جیمز ٹیلر کو بری طرح زدوکوب کرنے کے بعد قید کر دیا گیا۔

اٹھارویں صدی کے بعد امریکہ اور یورپ میں ۷۲ کے قریب گستاخان رسالت کے مجرموں کو سزائیں دی گئیں۔ ایک مجرم کی تو زبان میں لوہے کی سلاخ سے سوراخ کرکے قید کیا گیا۔ انگلینڈ میں ۱۸۲۱ء اور ۱۸۴۳ء کے دوران ۷۳ مجرموں کو سزائیں ملیں۔

اسی طرح کی بہت سی معلومات اس انسائیکلو پیڈیا میں درج ہیں۔ یہاں تک کہ برطانیہ، اسکاٹ لینڈ اور امریکہ میں گاہے بگاہے بننے والے ایسے قوانین جن کا تعلق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رسالت کی توہین سے ہے کا بھی تذکرہ شامل ہے۔ اس میں یہودیوں اور مسلمانوں کے نظریات بھی بحث میں شامل ہے جس میں Carl W. Ernst نے سورۂ لہب اور حضور نبی مکرم ﷺ کے حکم سے دو شعراء کے قتل کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ لندن سے شائع ہونے والے مذکورہ بالا انسائیکلو پیڈیا کے علاوہ امریکہ سے شائع ہونے والے انسائیکلو پیڈیا آف ریلیجن کی جلد (بار دوم) کے صفحہ نمبر ۹۶۸ سے صفحہ نمبر ۹۷۷ تک پھیلے ہوئے Loonad W. Lary اور Cari W. Ernst کے

مقالات کے علاوہ Daniel J. Lasker کا مضمون بھی دیکھا جاسکتا ہے جن میں یہودیوں عیسائیوں اور مسلمانوں کے نظریات پر بات کی گئی ہے اور توہین رسالت کے مرتکب اشخاص کی سزا قتل پر آ کر ٹھہرتی ہے۔

اگر ہم انسائیکلو پیڈیاز کی ان تفاسیر سے صرف نظر بھی کرلیں تو عہد نامہ عتیق جن پر یہودیوں اور عیسائیوں کا اتفاق ہے اور دونوں اسے حق جانتے ہیں اور عہد نامہ جدید جن پر عیسائیوں کا ایمان ہے۔ یہ کئی ایک مقامات پر اپنے قانون سے ہمیں آگاہ کرتے ہیں۔

بائبل کا ذکر کرتے ہوئے ہمیں پہلے یہ دیکھنا پڑے گا کہ وہ اللّٰہ اور رسول کے حقیقی فرق کے یعنی خالق ومخلوق کے کس حد تک قائل ہیں۔ یہود حضرت عزیر علیہ السلام کو اللّٰہ کا بیٹا اور خداوند خدا بھی سمجھتے ہیں جبکہ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا اور خداوند یسوع کے نام سے پکارتے ہیں۔ اس تناظر میں جب عہد نامہ عتیق یا جدید میں خدا کی بات ہوتی ہے تو اس کا اشارہ کس طرف ہوتا ہے یہ ہم سب بخوبی سمجھتے ہیں۔ لہٰذا خروج کے باب ۲۲ کی آیت نمبر ۲۸ میں جب یہ کہا جاتا ہے کہ ”تو اپنے خدا کو بُرا مت کہہ اور قوم کے سردار پر لعنت مت بھیج“ تو کیا واقعی یہاں اللّٰہ تعالیٰ کو بُرا کہنے کی طرف اشارہ ہے یا کسی اور جانب ہے۔ اس کا ذکر چند سطریں بعد آئے گا البتہ اس آیت سے یہ اشارہ ضرور ملتا ہے کہ ایک غلط کام سے منع کیا گیا ہے، لیکن جب اس ممانعت کو اس سے اگلی منزل میں دیکھتے ہیں تو عہد نامہ عتیق کے اسفار تواریخی کی کتاب اخبار کے باب ۲۴ کی آیت ۱۶ ہمیں بتاتی ہے کہ:

”جو کوئی خداوند کے نام پر کفر بکے وہ ضرور قتل کیا جائے گا۔ ساری جماعت اسے ضرور سنگسار کرے خواہ وہ پردیسی ہو یا دیسی۔ جس کسی نے خداوند کے نام پر کفر بکا وہ قتل کیا جائے گا۔“

اس آیت کی سمجھ شاید اسوقت تک نہ آئے جب تک اس کے پس منظر سے آگاہی نہ ہو۔ سو اس کے تسلسل میں یہ واقع آتا ہے کہ:

”ایک اسرائیلی عورت کا بیٹا جس کا باپ مصری آدمی تھا نکل کر بنی اسرائیل کے درمیان گیا اور اس اسرائیلی عورت کے بیٹے نے خیمہ گاہ میں ایک اسرائیلی مرد سے جھگڑا کیا۔ اسرائیلی عورت کے بیٹے نے پاک نام پر کفر بکا اور لعنت کی۔ وہ اس کو موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس لائے ...... انہوں نے اسے قید میں ڈال دیا جب تک کہ موسیٰ خداوند کی بات کے مطابق فیصلہ نہ کرے۔ اور خ سے باہر لے جا اور سب جنہوں نے ا ساری جماعت اسے سنگسار کرے اور ا اپنے خدا پر لعنت کی گناہ اس کے سر ر

چنانچہ اس واقعے کے بعد کفر بکنے و توہین و گستاخی کرنے والے کے خ مقامات پر سنائی گئی ہے۔

بائبل کے حوالے دینے کا مقص عیسائی مذہب سے تعلق رکھنے وال کس کا پیسہ اور ہاتھ ہے اور وہ ک

سید البشر ﷺ کے خاکے بنانا، آ قسم کے الزامات اور بہتان تراش ہے کہ ہمارے حکمران جو صرف ا کے پیسے سے اپنا نام چمکانے اور ب

آج پیسا، اللہ سے نزدیک دکھائ دی ہے۔ لالچ اور ہوس نے و سوچ پر قبضہ کر رکھا ہے۔

حضور انور آقا حضرت محمد مص مطابق آپ کی ہستی ہمیں اپن بھی کفر کے غلبے میں آچکے ہ
دلوں بلکہ ہمارے دینی رہنمائ ہماری حالت تو اتنی پست ہو گی فوزیہ وہاب جو کہ پاکستان ک
کانفرنس میں جب یہ سوال آ

بات کے مطابق فیصلہ نہ کرنے اور خداوند سے موسیٰ نے کلام کر کے فرمایا کہ کافر کو خیمہ گاہ سے باہر لے جا اور سب جنھوں نے اسے لعنت کرتے سنا اس کے سر پر ہاتھ رکھیں اور ساری جماعت اسے سنگسار کرے اور بنی اسرائیل سے خطاب کر کے کہو کہ جس انسان نے اپنے خدا پر لعنت کی گناہ اس کے سر پر ہوگا۔"

چنانچہ اس واقعے کے بعد کفر بکنے والے کے قتل کا حکم ہوا۔ کفر بکنے والے کے خلاف یا توہین و گستاخی کرنے والے کے خلاف اس طرح کی سخت سزاؤں کی وعید بائبل میں کئی مقامات پر سنائی گئی ہے۔

بائبل کے حوالے دینے کا مقصد یہ ہے کہ اسلام کے خلاف اس طرح کی حرکات عیسائی مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ زیادہ کر رہے ہیں یہ الگ بات کہ اس کے پیچھے کس کا پیسہ اور ہاتھ ہے اور وہ کون سی لابی ہے لیکن سامنے یہی لوگ ہیں حضور سید البشرﷺ کے خاکے بنانا، آپ پر کفر بکنا، آپ کو گالیاں دینا، آپ کی زندگی پر مختلف قسم کے الزامات اور بہتان تراشنا، ان لوگوں میں ایک فیشن بنتا جا رہا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے حکمران جو صرف نام کے مسلمان ہیں اور ہماری این جی اوز جو انہیں لوگوں کے پیسے سے اپنا نام چمکائے ہوئے ہیں ان کفر بکنے والوں کی پشت پناہی کرتے ہیں۔ آج پیسہ، اللہ سے بڑا دکھائی دیتا ہے۔ ہم نے عزت پر ذلت کی زندگی کو ترجیح دے دی ہے۔ لالچ اور ہوس نے ہماری آنکھیں بند کر دی ہیں۔ اور غلط کاریوں نے ہماری سوچ پر قبضہ کر رکھا ہے۔

حضور انور آقا حضرت محمد مصطفیٰﷺ سے محبت کا تقاضا تو یہ ہے کہ آپ کے فرمان کے مطابق آپ کی ذات ہمیں اپنے والدین، اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہو، لیکن ہم بھی کفر کے غلبے میں آچکے ہیں۔ عیسائیت نے ہمارے جذبوں کو، ہماری فکر کو، ہمارے دلوں بلکہ ہمارے دینی رجحانات کو بھی خرید لیا ہے اور ہم اپنے اسباق بھول چکے ہیں۔ ہماری حالت تو اتنی پست ہو

گئی ہے کہ گورنمنٹ کی وزیر کے برابر کی ایک عہدے دار محترمہ فوزیہ وہاب جو کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سیکریٹری اطلاعات بھی ہیں سے ایک پریس کانفرنس میں جب یہ سوال کیا گیا کہ "خلفائے راشدین کے دور میں تو وہ اپنے آپ کو تو وہ اپنے آپ کو

عدالت میں پیش کرتے تھے اور قاضی کے سامنے ملزموں کی طرح فیصلہ سنتے تھے لیکن آج ہمارے صدر صاحب اپنے مقدمات کے لیے عدالت میں پیش کیوں نہیں ہو سکتے۔" تو محترمہ نے کہا:

"آصف علی زرداری ایک ملک کے صدر ہیں اور صدر کو استثنا حاصل ہے اور یہ آئین کے مطابق ہے۔"

دوسرا سوال ہوا کہ۔ کیا اس وقت آئین نہیں تھا کہ خلیفہ وقت قاضی کے سامنے جوابدہ ہوتا ہے۔"

فرمانے لگیں: "اس وقت آئین نہیں تھا۔"

سوال ہوا کہ "کیا قرآن آئین نہیں ہے۔" (تو نعوذ باللہ) گویا ہوئیں:

"قرآن آئین نہیں ہے۔"

چاہئے تو یہ تھا کہ ان محترمہ پر حد جاری کر دی جاتی تا کہ آنے والی نسلوں کو بھی قرآن کی آئین پر برتری کا اندازہ ہو جاتا تو جب اس طرح کے حکمران ہوں تو پھر ان سے بہتر توقع رکھنا عبث ہے۔

بات ہو رہی تھی حضور اکرم ﷺ سے محبت کی تو اسی سے میل کھاتا ہوا ایک واقعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت سے بھی ملاحظہ فرمائیے:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے بارہ شاگردوں کو اپنی ذات سے محبت کا جو حکم دیا تھا اسے "انجیل مقدس، جو متی رسول کی معرفت لکھی گئی" کے باب دس کی آیات نمبر ۳۴ اور ۳۵ میں ہمیں یوں ملتا ہے:

"یہ نہ سمجھو کہ میں زمین پر صلح کرانے آیا ہوں۔ صلح کرانے نہیں بلکہ تلوار چلوانے آیا ہوں۔ کیوں کہ میں اس لیے آیا ہوں کہ آدمی کو اس کے باپ سے اور بیٹی کو اس کی ماں سے اور بہو کو اس کی

ساس سے جدا کروں۔ اور آدمی کے دشمن اس کے گھر ہی کے لوگ ہوں گے۔ جو کوئی باپ یا ماں کو مجھ سے زیادہ عزیز رکھتا ہے وہ میرے لائق نہیں اور جو کوئی بیٹے یا بیٹی کو مجھ سے زیادہ عزیز رکھتا ہے وہ میرے لائق نہیں۔ اور جو کوئی اپنی صلیب نہ اٹھائے اور میرے پیچھے نہ چلے وہ میرے لائق نہیں۔ جو کوئی اپنی جان بچاتا ہے اسے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

کھوئے گا اور جو کوئی میری خاطر اپنی جان کھوتا ہے اسے بچائے گا۔"

عہد نامہ جدید کی یہ آیات قابل غور ہیں۔ ہمارے ارباب اقتدار اپنے انہی حواریوں کی پیروی ہی کرلیں جنہیں اپنا سب کچھ گردانتے ہیں۔ کیوں کہ یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضور نبی محترم حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات میں ذرا بھر بھی فرق نہیں۔ یہی بات تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمائی ہے لیکن جب ہم اس بات پر عمل پیرا ہوتے ہیں اور حضور نبی کریم ﷺ کو اپنی جانوں اور مالوں، عزیزوں اور رشتے داروں غرض کہ عزیز سے عزیز تر شے سے بھی زیادہ محبت کرتے ہیں۔ آپ سے نفرت کرنے والوں سے نفرت کرتے ہیں اور آپ کی عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے جان لینے اور جان دینے کی بات کرتے ہیں تو کسی کو کیوں بُرا لگتا ہے۔ میں نے انجیل سے یہ حوالہ اس لیے دیا ہے کہ ہمارا بھی یہی ایمان ہے اور جب کوئی ہمارے ایمان پر حملہ آور ہوتا ہے تو اس کو ہم کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے چاہے وہ سلیمان رشدی ہو، ملعون پادری ہو، تسلیمہ ہو یا آسیہ ہو۔

یہ قانون ہمارا بنایا ہوا نہیں ہے یہ اللہ تعالیٰ کا بنایا ہوا ہے اور تمام مذاہب میں موجود ہے۔ ہم نے تو صرف عمل کرنا ہے۔ یہ قانون ہمیں جہاں بائبل میں لکھا ملتا ہے وہیں قرآن مجید فرقان حمید میں بھی کئی مقامات پر کئی صورتوں میں لکھا ہوا ملتا ہے۔ مثلاً سورۃ توبہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

"وہ جو رسول کو ایذا دیتے ہیں ان کے لیے درد ناک عذاب ہے۔"

اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کے تقدس اور وقار کا اتنا احساس ہے کہ "راعنا" کے لفظ میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس میں ہتک کا کوئی پہلو ہوتا لیکن جب یہود نے اس لفظ کو ٹیڑھی زبان اور لہجے میں ادا کر کے اس کے معنی بدل دیے جس سے تضحیک کا پہلو سامنے آیا تو اللہ تعالیٰ کو یہ بات ناگوار گزری اور فوراً ارشاد فرمایا کہ:

"اے ایمان والو! تم راعنا نہ کہا کرو بلکہ "انظرنا" (ہماری طرف نگاہ توجہ فرمائیے) کہا کرو اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔" (القرآن: ۲: ۱۰۴) بات یہیں تک محدود نہ رہی بلکہ حضور اکرم ﷺ کی شان، آپ کی عظمت اور آپ کے وقار زیست کا اس حد تک خیال رہا کہ اونچی آواز سے بات کرنے سے بھی منع فرما دیا۔ اور ارشاد فرمایا:

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

"اے ایمان والو! اپنی آواز نبی پاک کی (مقدس) آواز سے بلند نہ کرو اور نہ ہی آپؐ کے حضور چلا چلا کر باتیں کرو۔ جیسے تم آپس میں ایک دوسرے سے چیخ چیخ کر باتیں کرتے ہو۔ کہیں تمہارے اعمال ضائع نہ ہو جائیں اور تمہیں شعور بھی نہ ہو۔" (القرآن: ۴۹-۲)

اپنی پلکوں سے دربار پہ دستک دینا

اونچی آواز ہوئی، عمر کا سرمایہ گیا

حضرت جامی نے حضورؐ کے دربار کو ادب کی جان بیان کیا ہے جہاں آج بھی لوگ مؤدب اور سر جھکا کر حاضر ہوتے ہیں۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر

نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

مجھے ایذا پہنچانے کے حوالے سے سورۃ احزاب کی ایک آیت کا ترجمہ بھی یاد آ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "بے شک جو لوگ اللہ و رسول کو ایذا دیتے ہیں، ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔"

اب مجھے بائبل کا وہ حوالہ جو اوپر دیا جا چکا ہے دہرانا ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کو ایذا دینا کوئی حقیقت نہیں، کون ہے جو ایسا کر سکتا ہے بلکہ امام احمد رضا بریلوی کے مطابق: "اللہ عزوجل ایذا سے پاک ہے اسے کون ایذا دے سکتا ہے، مگر حبیب کی شان میں گستاخی کو اپنا ایذا فرمایا۔ ان آیتوں سے اس شخص پر جو رسول اللہ ﷺ کے بدگویوں سے محبت کا برتاؤ کرے سات کوڑے ثابت ہوئے۔ (۱) وہ ظالم ہے۔ (۲) گمراہ ہے۔ (۳) کافر ہے۔ (۴) اس کے لیے درد ناک عذاب ہے۔ (۵) وہ

آخرت میں ذلیل و خوار ہوگا (۶) اس نے اللہ واحد قہار کو ایذا دی (۷) اس پر دونوں جہان میں اللہ کی لعنت ہے۔"

(ماہنامہ ضیائے اسلام حیدر آباد، مارچ، اپریل، ص ۱۲)

قرآن مجید فرقان حمید کی ناموس رسالت کے حوالے سے آیات کے پس منظر میں جب ہم اسلام کے ابتدائی ایام کا جائزہ لیتے ہیں تو کئی ایسے مواقع ابھر کر سامنے آتے ہو،

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

جو ہمیں آگاہ کرتے ہیں کہ دشم مزین ہونے کے باوجود حضورؐ ہمیں تاریخ بتاتی ہے کہ جنگِ سے یہ سلسلہ شروع ہوا جو معرا سرور کائنات ﷺ کو نشانہ النار ہونے، ابی عفک کا حضو میں سالم بن عمر کا اسے عیس خلاف بدکلامی اور بدزبانی ک سرور عالم ﷺ کے خلاف نا حضورؐ کے بارے ہرزہ گوئی او مکہ کے موقع پر مارا جانا ط ہاتھوں انجام کو پہنچنا۔ حارث مقیس بن صبابہ کا صحابہ کے واصل جہنم ہونا۔ غرض کہ اب باندی، سارہ عبدالمطلب ک بدکلامی کے باعث موت ۔

خلفائے راشدین کے ہیں جب شاتمان رسول کی

اس سلسلے میں بہت سے مفتیان دین ایسے فتاویٰ کی

ہمارے سابق وزیر ج مشیر چونکہ سید حامد سعید اسلام، مارچ / اپریل ۰۹ مجید، احادیث اور اجماع

جو ہمیں آگاہ کرتے ہیں کہ دشمنوں پر بھی مہربان ہونے اور معافی دینے کی خاصیت سے مزین ہونے کے باوجود حضورؐ نے اپنی شان میں گستاخی کرنے والوں کو سزائیں دیں۔ ہمیں تاریخ بتاتی ہے کہ جنگ بدر سے واپسی پر نضر بن حارث کی گردن مارنے کے حکم سے یہ سلسلہ شروع ہوا جو صفراء کے مقام پر پیش آیا۔

سرور کائنات ﷺ کو نشانہ تضحیک بنانے والی عصماء کے عمیر بن عدی کے ہاتھوں فنا فی النار ہونے، ابی عفک کا حضورؐ کے خلاف لوگوں کو ورغلانے اور نفرت پھیلانے کی پاداش میں سالم بن عمیر کا اسے نیست و نابود کرنا۔ کعب بن اشرف کا تاجدار کون و مکاں کے خلاف بدکلامی اور بد زبانی کے باعث محمد بن مسلمہ کے ہاتھوں جہنم رسید ہونا۔ ابو رافع کا سرور عالم ﷺ کے خلاف ناپاک زبان استعمال کرنے پر عبداللہ بن عتیک کا اسے قتل کرنا۔ حضورؐ کے بارے یاوہ گوئی اور ہرزہ سرائی پر عبداللہ بن خطل کا حضرت سعیدؓ کے ہاتھوں فتح مکہ کے موقع پر مارا جانا۔ حویرث بن نقیذ کا غلیظ شعر کہنے کے باعث حضرت علیؓ کے ہاتھوں انجام کو پہنچنا۔ حارث بن طلاطل کا حضرت علیؓ ہی کے ہاتھوں کیفر کردار کو پہنچنا۔ مقیس بن صبابہ کا صحابہ کے ہاتھوں ختم ہونا۔ قریہ اور ارنب کا سرکار مدینہ کی ہجو گانے پر واصل جہنم ہونا۔ غرض کہ ایک طویل فہرست ہے جس میں ام سعد، عمر بن ہشام کی ایک باندی، سارہ عبدالمطلب کی باندی وغیرہ کتنے یہ گستاخان رسول اور شاتمان رسول اپنی بدکلامی کے باعث موت کے گھاٹ اتارے گئے۔

خلفائے راشدین کے عہد میں بہت سے ایسے واقعات تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہیں جب شاتمان رسول کی سزا قتل واجب ہوئی۔

اس سلسلے میں بہت سے فتاویٰ بھی موجود ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ علمائے دین اور مفتیان دین ایسے فتاویٰ کی تجدید کرتے رہے ہیں۔

ہمارے سابق وزیر حج و اوقاف اور حکومت پاکستان کے مذہبی حوالے سے خاص سابق مشیر جناب سید حامد سعید کاظمی کے ایک مضمون "توہین رسالت کی سزا" مطبوعہ ضیائے اسلام، مارچ/ اپریل ۲۰۰۶ء کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ اس مضمون میں قرآن مجید، احادیث اور اجماع امت کے گستاخان رسول کے قتل کے بارے میں بہت سے

حوالے نقل کیے گئے ہیں جس میں سے صرف ایک حوالے پر اکتفا کروں گا۔ لکھتے ہیں: ''محمد بن سحنون نے فرمایا: علماء امت کا اجماع ہے کہ نبی کریم ﷺ کو گالی دینے والا، حضور کی توہین کرنے والا کافر ہے اور اسکے لیے اللہ تعالیٰ کے عذاب کی وعید جاری ہے اور امت کے نزدیک اس کا حکم قتل ہے جو اس کے کفر اور عذاب میں شک کرے، کافر ہے۔''

علماء امت کا یہ اجماع قابل غور ہے۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ سابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور سپریم کورٹ بار کی صدر عاصمہ جیلانی جیسے بے شمار لوگ اور وہ تمام شخصیات جو اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون کو بدلنے کی کوشش میں ہیں اور ہرزہ سرائی میں مبتلا ہیں۔ ان کے بارے میں کیا حکم ہو سکتا ہے ہر آدمی فیصلہ کرنے کا اہل ہے۔

ایک بات مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اگر کوئی آدمی کسی دوسرے شخص کے ماں باپ کو گالی دے رہا ہو، ان کی بے عزتی کر رہا ہو، بیوی پر تہمت لگا رہا ہو تو کیا وہ شخص خاموش تماشائی بنا رہے گا۔ اگر ایسا ہوا تو اس سے زیادہ بے غیرت شاید کوئی نہیں۔ لیکن ہمارے ہاں (خاص طور پر) عوام میں عام طور پر کوئی اتنا بے غیرت نہیں ہوتا جو اپنے ماں باپ کے خلاف گالیاں سن لے یا بیوی پر لگے بہتان کو برداشت کرلے بلکہ اس کا ردّعمل یہ ہوتا ہے کہ اس آدمی کا سر پھاڑ دے گا یا گولی مار دے گا اور ...... شاید اجتماعی طور پر آئین اور عدالتی تحفظ سے ایسے فیصلے کو قانون کہا جاتا ہے اور یہی قانون ماں باپ سے پیارے، عزیزوں سے عزیز اور جان سے عزیز جان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والے پر لاگو ہونا ضروری ہے، لیکن اختتامیہ میں حضرت علامہ اقبالؒ کے یہ اشعار میں قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہوں گا جو ہمیں حقیقت حال سے کافی حد تک واقفیت دلا دیں گے۔

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز

چراغ مصطفوی سے شرارِ بو لہبی

اسی کشاکش پیہم سے زندہ ہیں اقوام

یہی ہے راز تب و تابِ ملتِ عربی

# اہل سایہ

صادق علی

قیامت کے دن کی سختی، ہولناکی اور اس دن انسان کی لاچاری و بے چارگی پر گفتگو تقریباً تقریباً تمام آسمانی کتب میں موجود ہے۔ حتیٰ کہ غیر آسمانی مذاہب کی تعلیمات میں بھی آخرت اور قیامت کا تذکرہ کسی نہ کسی شکل میں موجود ہے۔ یہ دن جسے قرآن کریم میں (۱) یَوْمُ الْبَعْثِ (۲) یَوْمُ الْحِسَابِ (۳) یَوْمُ التَّغَابُنِ (۴) یَوْمُ الْحَاقَّةِ (۵) یَوْمُ الْقِیَامَةِ (۶) یَوْمُ النَّبَاءِ الْعَظِیْمِ (۷) اَلْاِنفِطَارُ (۸) اَلْاِنْشِقَاقُ (۹) اَلْغَاشِیَةُ (۱۰) اَلْقَارِعَةُ (۱۱) یَوْمُ التَّکْوِیْر (۱۲) یَوْمُ الْجَزَاءُ (۱۳) یَوْمُ الْوَعِیْدِ (۱۴) یَوْمُ الْحَدِیْدِ (۱۵) یَوْمُ الْخُلُوْدِ (۱۶) یَوْمُ یُنَادِ الْمُنَادُ (۱۷) یَوْمُ الصَّیْحَةُ (۱۸) یَوْمُ الْخُرُوْجِ (۱۹) یَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ (۲۰) یَوْمُ الدِّیْنِ (۲۱) یَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَاءُ (۲۲) یَوْمَ یُدَعُّوْنَ النَّارِ (۲۳) یَوْمَ یَدْعُ الدَّاعِ (۲۴) یَوْمٌ عَسِیْرٌ (۲۵) یَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ (۲۶) یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ (۲۷) یَوْمٌ مَّعْلُوْمٌ (۲۸) یَوْمُ الْآخِرِ (۲۹) لِیَوْمِ الْجَمْعِ (۳۰) یَوْمُ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ (۳۱) یَوْمُ اِذْ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ (۳۲) یَوْمَ تَکُوْنُ السَّمَاءُ کَالْمُهْلِ (۳۳) یَوْمَ یُوْعَدُوْنَ (۳۴) یَوْمَ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ (۳۵) یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ (۳۶) یَوْمٌ عَسِیْرٌ (۳۷) یَوْمُ الْفَصْلِ (۳۸) یَوْمَ لَا یَنْطِقُوْنَ (۳۹) یَوْمَ جَمَعْنٰکُمْ اَلْاَوَّلِیْنَ (۴۰) یَوْمُ الْفَصْلِ کَانَ مِیْقَاتًا (۴۱) یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ (۴۲) یَوْمُ الْحَقِّ (۴۳) یَوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ (۴۴) یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ (۴۵) یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰئِکَةُ (۴۶) یَوْمَ یَتَذَکَّرُ الْاِنْسَانُ (۴۷) یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ (۴۸) یَوْمَ یَقُوْمُ النَّاس (۴۹) لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ (۵۰) یَوْمَ مَوْعُوْدٍ (۵۱) یَوْمَ تُبْلَی السَّرَائِرُ (۵۲) یَوْمَ اَدْهٰی وَاَمَرُّ (۵۳) یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ (۵۴) یَوْمَ لَا تَمْلِکُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ (۵۵) یَوْمَ هُمْ بَارِزُوْنَ (۵۶) یَوْمًا کَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 286 ماہنامہ مسیحائی کراچی (۵۷) يَوْماً عَبُوساً قَمْطَرِيراً (۵۸) يَوْماً ثَقِيلاً ( ۵۹) يَوْمَكُمْ هَذَا (۶۰) يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ (۶۱) يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا (۶۲) وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ (۶۳) يَوْمَ يَأْتُونَنَا (۶۴) يَوْمَئِذٍ زُرْقاً (۶۵) يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ (۶۶) يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ (۶۷) يَوْمَئِذٍ آمِنُونَ (۶۸) يَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ (۶۹) يَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ (۷۰) يَوْمَئِذٍ يَتَفَرَّقُونَ (۷۱) يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ( ۷۲) يَوْمَئِذٍ فَلِلَّهِ حُجَّتُهُ (۷۳) يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ (۷۴) فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (۷۵) فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ( ۷۶) وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ (۷۷) وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ (۷۸) يَوْمَئِذٍ اِنَّ الْمَسَاقَ (۷۹) قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ (۸۰) يَوْمَ يُفْتَنُونَ (۸۱) يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ (۸۲) وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ (۸۳) وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ غَبَرَةٌ (۸۴) يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ (۸۵) وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ (۸۶) وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ (۸۷) وَجِاىءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ (۸۸) اِنَّ رَبَّهُمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ (۸۹) يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي (۹۰) خِزْيِ يَوْمَئِذٍ (۹۱) يَوْمَ لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ (۹۲) يَوْمَ تَجِدُ (۹۳) يَوْمَ يَنفَعُ الصَّادِقِينَ (۹۴) يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعاً (۹۵) الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ ( ۹۶) يَوْمَ يُبْعَثُونَ (۹۷) يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ (۹۸) يَوْمٍ كَبِيرٍ (۹۹) يَوْمٍ أَلِيمٍ (۱۰۰) ذَلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ (۱۰۱) يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ (۱۰۲) يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ (۱۰۳) يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ وَالسَّمَوَاتُ (۱۰۴) يَوْمَ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ (۱۰۵) اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوءِ (۱۰۶) يَوْمَ الْقِيَامَةِ (۱۰۷) يَوْمَ يَدْعُوكُمْ (۱۰۸) يَوْمَ يُنَادِيهِمْ ( ۱۰۹) يَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ (۱۱۰) يَوْمَ الْحَسْرَةِ (۱۱۱) كَذَالِكَ الْيَوْمَ تُنسَى (۱۱۲) يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ (۱۱۳) يَوْمَ عَقِيمٍ (۱۱۴) يَزْلَزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ (۱۱۵) يَوْمَ يُرْجَعُونَ اِلَيْهِ (۱۱۶) يَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ (۱۱۷) يَوْمَئِذٍ يَتَفَرَّقُونَ (۱۱۸) يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ (۱۱۹) الْيَوْمَ (۱۲۰)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء نَخْتِمُ عَلَى أَفْوَاهِهِمْ (۱۲۱) (۱۲۲) الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ الْأَزِفَةِ (۱۲۳) لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ يَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادِ (۱۲۴) الْحِسَابِ (۱۲۵) هَذَا ذکر کیا گیا ہے وہ دن بڑا بھاری ارشادِ گرامی ہے کہ: ”جو شخص چاہتا ہو کہ روزِ ہے، تو وہ سورہ التکویر، سورہ مشکوٰۃ المصابیح، حصہ سوم، کتاب دھوپ کی گرمی پسینے کی کثرت عبرتناک حالت، عاصی کی کر رہی ہو گی، صرف ایک لمحہ

فرمایا گیا ہے: يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ وَمَن ترجمہ: گنہگار چاہے گا کہ اپنے بیٹے کو اور اپنی گھر والی زمین پر ہیں سب کو (تاکہ وہ اس دن انسان کا کیا حال ہو يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ

نَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ (۱۲۰) اَلْيَوْمَ تُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ (۱۲۱) اَلْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ (۱۲۲) لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ط لِلّٰهِ (۱۲۳) يَوْمَ الْاٰزِفَةِ (۱۲۴) لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ (۱۲۵) يَوْمَ التَّلَاقِ (۱۲۶) يَوْمَ التَّنَادِ (۱۲۷) يَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ (۱۲۸) يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰی (۱۲۹) يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ (۱۳۰) هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ.......بِهِ تُكَذِّبُوْنَ، کے ناموں اور کیفیات سے ذکر کیا گیا ہے وہ دن بڑا ہی سخت، شدید اور ناقابل برداشت ہوگا۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ:

"جو شخص چاہتا ہو کہ روزِ قیامت کو اس طرح دیکھ لے جیسے آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے، تو وہ سورہ التکویر، سورۃ الانفطار اور سورۃ الانشقاق پڑھ لے۔" (احمد، ترمذی بحوالہ مشکوٰۃ المصابیح، حصہ سوم، کتاب الفتن صفحہ ۵۸)

دھوپ کی گرمی پسینے کی کثرت، حساب کتاب کی گھبراہٹ، جہنم کی دہشت، مجرموں کی عبرتناک حالت، عاصی کی عسرت، ماحول کی شدت غرضیکہ ہر چیز انسان کے اوسان خطا کررہی ہوگی، صرف ایک آیت قرآنی اس سلسلے میں بطور ثبوت پیش خدمت ہے جس میں فرمایا گیا ہے:

يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمَئِذٍم بِبَنِيْهِ ہ وَصَاحِبَتِهِ وَ اَخِيْهِ ہ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُؤْوِيْهِ ہ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعاً ثُمَّ يُنْجِيْهِ

(سورت المعارج آیت ۱۱ تا ۱۴)

ترجمہ: گنہگار چاہے گا کہ کسی طرح بدلے میں دے دے اس دن کے عذاب سے اپنے بیٹے کو اور اپنی گھر والی کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے گھرانے کو جس میں رہتا تھا اور جتنے زمین پر ہیں سب کو (تاکہ) اپنے آپ کو بچالے۔ (۱۴)

اس دن انسان کا کیا حال ہوگا؟ اس کا نقشہ سورۃ عبس کی آیات ۳۴ تا ۳۷ میں کھینچا گیا ہے:

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ہ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ ہ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ہ لِكُلِّ امْرِیءٍ

مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ہ

ترجمہ: جس دن بھاگے مرد اپنے بھائی سے اور اپنی ماں سے، اور اپنے باپ سے اور اپنی گھر والی اور اپنی بیٹیوں سے۔ ہر مرد کو ان میں سے اس دن ایک فکر لگا ہوا (ہوگا) جو اس کے لئے کافی ہے۔

(۱۳۲)

دوسری طرف یہی یومِ قیامت ہوگا، یہی حالت زار ہوگی، یہی نفسانفسی ، کشاکش کا عالم ہوگا۔ مگر اللہ کے کچھ مقرب بندے، کچھ نیکو کار، کچھ فرمانبردار، کچھ پرہیز گار، مطمئن اور پُر امن حالت میں ہونگے۔ اس سختی کے ماحول اور شدت کے زمانہ میں یہ نیکو کاروسعید روحیں، دائمی سرور کی لذت ، انعاماتِ الٰہی کی مسرت ،سایوں کی ٹھنڈک، ٹھنڈے چشموں کی قربت، آب کوثر کی راحت، رضائے الٰہی کی چاہت، شفاعتِ محمدی کی سہولت، رحمتِ الٰہی کی خصوصیت، شفقت رسالت ﷺ کی زیادت، اللہ پاک کی توجہ کی برکت اور مالک حقیقی مہربان کی زیارت کے تبرک سے بطورِ خاص مالا ہو نگے۔ بہرہ مند ہونگے، مستفید ہونگے، مستنیر ہونگے، مستفیض ہونگے۔ بطور تبرک ایک قرآنی آیت پیشِ خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سورت المرسلت کی آیات ۴۱ تا ۴۳ میں فرمایا ہے۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَلٍ وَعُيُونٍ ہ وَفَوَاكِهَةٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ ہ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئاً م بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ ہ إِنَّا كَذَالِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ہ

ترجمہ: بے شک ڈروالے سایوں اور چشموں میں ہیں اور میووں میں اور جو ان کا جی چاہے کھاؤ اور پیو رچتا ہوا ، اپنے اعمال کا صلہ بے شک نیکوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔

(۱۳۳)

دوسرے مقام پر مومنین و متقین کے لئے مقامِ سایہ دار کا ذکر ان الفاظ میں آیا ہے۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ط أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا ط تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ہ

ترجمہ: احوال اس جنت کا ڈرنے والوں کے لئے جس کا وعدہ ہے اس کے نیچے نہریں

بہتی ہیں۔ اس کے میوے ہمیشہ اور اس کا سایہ ، ڈرنے والوں کا تو یہ انجام ہے، اور کافروں کا انجام آگ ہے۔

(۱۳۴)

ایک اور مقام پر سورت یٰس میں " أَصْحَابُ الْجَنَّةِ " کے بارے میں مقام راحت وسایہ کا ذکر ان الفاظ میں آیا ہے۔

إِنَّ أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ o هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلٰلٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُوْنَ o لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ o

ترجمہ: اہل جنت بے شک اس دن اپنے مشغلوں میں خوش دل ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں ،مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے لئے وہاں ہر طرح کے میوے ہونگے اور جو کچھ مانگیں گے ان کو ملے گا۔

(۱۳۵)

سورۃ النساء میں اہل ایمان اور نیکو کاروں کا اجر بھی سایہ دار جگہ فرمایا گیا ہے۔ چنانچہ ارشاد الٰہی ہے:

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا أَبَدًا ط لَهُمْ فِيْهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّ نُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ،ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے کہ ان کے نیچے نہریں جاری ہونگی، ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ان کے واسطے ان میں پاک صاف بیویاں ہوں گی ہم ان کو نہایت گنجان سایہ میں داخل کریں گے۔

(۱۳۶)

اللہ پاک نے اپنے مخلص، فرمانبردار اور نیکوکار لوگوں کے لئے تین مقامات پر راحت و آرام کا بندوبست کیا ہے۔ اور یہ راحت و آرام "ظل" (سایہ، چھاؤں) کے لفظ سے قرآن کریم میں ذکر کیا گیا ہے۔ مفردات القرآن جلد دوم زیر لفظ "ظ ل ل" میں مرقوم ہے:

الظِّل : سایہ۔ یہ الضّح (دھوپ) کی ضد ہے اور فَیْء سے زیادہ عام ہے۔ کیونکہ ( مجازاً) الظِّل کا لفظ تو رات کی تاریکی اور باغات کے سایہ پر بھی بولا جاتا ہے۔ نیز ہر وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے اسے ظل کہہ دیا جاتا ہے۔ مگر فَیْء اس سایہ کو کہتے ہیں جو زوال

آفتاب سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور ہر قسم کی عزت وحفاظت اور ہر قسم کی خوشحالی کو ظِلّ سے تعبیر کرتے ہیں۔ (ص ۶۵۱)

امام راغب اصفہانی ظِلّ ۔ ظلال ۔ ظلیلۃ ۔ ظلاً وغیرہ کے معانی لکھتے ہوئے رقمطراز ہیں:

• (الف): اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِي ظِلٰلٍ (مرسلات) پرہیزگار ہر طرح سے (عزت وحفاظت کے) سائے میں ہونگے۔ (ص ۶۵۱)

• (ب): اُكُلُهَا دَائِمٌ وَّظِلُّهَا (الرعد ۳۵) اس کے پھل ہمیشہ قائم رہنے والے ہیں اور اس کی خوشگواریاں بھی (ایضاً)

• (ج): هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ (یٰس ۵۶) وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی ہر قسم کی ( خوشحالیوں کے) سائے میں (ہوں گے) (ایضاً)

• (د): وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ (البقرۃ ۵۷) اور ہم نے تم پر بادلوں کا سایہ کئے رکھا۔ (ص ۶۵۲)

• (ہ): وَ نُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلاً (النساء ۵۷) اور ان کو ہم گھنے سائے میں داخل کریں گے۔ (ایضاً) ۱۴۷

• (و): وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ (فاطر ۲۱) اور نہ سایہ اور نہ دھوپ (یعنی گرمی) (ص ۶۵۳)

• (ز): وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا (الدھر ۱۴) ان سے....... ان کے سائے قریب ہوں گے۔ (ایضاً)

اللہ تعالیٰ موجودہ زندگی میں بھی اپنے بندوں کو سایہ (حفاظت) فراہم کرتا ہے۔ یومِ قیامت کو بھی نیکوکار سائے (راحت و آرام) میں ہوں گے۔ اور جنت میں بھی مومنین و متّقین آرام دہ، پُرسکون، فرحت انگیز، سکینت آمیز سایوں میں ہوں گے۔ جیسا کہ سورت واقعہ آیہ ۱۱ تا ۳۷ میں آیا ہے۔ آیت ۳۰ میں وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ (اور لمبا سایہ) (۱۴۸) کہہ کر آغوشِ رحمت میں ان کا ہونا ذکر کیا گیا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

• (۱) حضرت براء رضی اللّٰہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صحابی رضی اللّٰہ عنہ سورۃ

کہف کی تلاوت کر رہے تھے اور ان کی ایک جانب دو رسیوں میں گھوڑا بندھا ہوا تھا۔ آسمان سے بادل اترے اور گھوڑے کے قریب ہوتے رہے یہاں تک کہ اس کو ڈھانپ لیا۔ صبح کو اُن صحابی رضی اللّٰہ عنہ نے رسول اللّٰہﷺ کو ماجرا سنایا تو آپﷺ نے فرمایا یہ سکینہ (رحمت) تھی۔ جو تلاوت قرآن مجید کی وجہ سے نازل ہوئی تھی۔ (متفق علیہ ) (۱۴۹)

• (۲) حضرت خالد بن معدان رضی اللّٰہ عنہ سے روایت ہے کہ نجات دلانے والی

سورۃ الم تنزیل کی تلاوت کرو کیونکہ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ ایک شخص کثرت سے اس سورۃ کی تلاوت کرتا تھا اور اس کے علاوہ کچھ نہ پڑھتا تھا۔ اور یہ شخص بڑا گنہگار تھا۔ اس سورت نے اپنے پر پھیلا کر (اور تلاوت کرنے والے کو اپنے سائے میں لیکر) اللّٰہ رب العالمین سے عرض کیا "خداوندا! اس کی مغفرت فرما کیونکہ یہ کثرت سے میری تلاوت کرتا تھا..... یہ سورت اپنے پڑھنے والے کے لئے قبر میں جھگڑے گی..... یہ سورت جاندار پرندے کی طرح ہو گی اور اپنے پڑھنے والے کو اپنے پروں میں چھپائے گی اور اس کو عذاب قبر سے محفوظ رکھنے کے لئے شفاعت کرے گی" (۱۴۰)

• (۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ "فرشتے اللّٰہ تعالیٰ کا

ذکر کرنے والوں کو راستوں میں تلاش کرتے ہیں اور جب انہیں ذکر الٰہی کرنے والے لوگ مل جاتے ہیں، تو وہ ندا کرتے ہیں کہ "آؤ تمھاری مراد پوری ہو گئی، ذکر کرنے والے مل گئے ہیں"۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا "پھر فرشتے ان ذاکرین کو اپنے پروں میں آسمان تک ڈھانپ لیتے ہیں......" الیٰ الآخرۃ

• (۴) فرمایا: "اللّٰہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے ذکر کی مجالس کی تلاش میں گھومتے رہتے

ہیں اور جب کوئی ایسی مجلس ملتی ہے تو وہیں بیٹھ جاتے ہیں اور ان (ذاکرین) کو اپنے پروں میں چھپا لیتے ہیں۔ اس طرح فرشتے آسمان اور زمین کے درمیان فضا میں بھر جاتے ہیں۔ جب ذکر کرنے والے فارغ ہوتے ہیں تو یہ فرشتے آسمان پر واپس چلے

جاتے ہیں“ (مشکوٰۃ المصابیح، جلد اول، ص ۴۹۳، بحوالہ صحیح مسلم)

• (۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

فرمایا کہ ”تم میں سے کسی کو اس کے عمل کی وجہ سے نجات نہیں ملے گی۔ صحابہؓ نے عرض کیا : کیا آپ ﷺ کو یا رسول اللہ ﷺ ؟ نبی علیہ السلام نے فرمایا ”ہاں ! نہ مجھے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت میں چھپالے گا۔“ لہٰذا اپنے کردار و گفتار کو درست کرو، ثواب طلب کرو، صبح شام عمل خیر کرو، میانہ روی اختیار کرو، (پھر) میانہ روی اختیار کرو تا کہ مقصد (ثواب و نجات) حاصل کر لو۔“ (مشکوٰۃ المصابیح، جلد اول، ص ۴۹۳۔ متفق علیہ)

• (۶) حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

فرمایا ”بندہ جب ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا طالب رہتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ جناب جبرائیل علیہ السلام سے فرماتا ہے ”میرا فلاں بندہ میری رضا مندی کا طالب ہے، خبردار ہو جاؤ اس پر میری رحمت سایہ فگن ہے“ اس پر حاملان عرش اور ان کے ارد گرد جو فرشتے ہیں اس جملہ کا اعادہ کرتے ہیں، اسی طرح ساتوں آسمانوں کے فرشتے بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اعلان کرتے ہیں پھر وہ رحمت زمین پر اس بندے پر نازل ہوتی ہے۔“ (مشکوٰۃ المصابیح ، جلد اول، ص ۵۲۲، بحوالہ مسند احمد)

• (۷) حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ”میں نے رسول

اللہ ﷺ سے سنا کہ قرآن کریم کی تلاوت کرو کیونکہ وہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرے گا۔ اور چمکتی ہوئی دو سورتیں (زہراوین) بقرۃ اور آل عمران کی تلاوت کرو، یہ دونوں (سورتیں) قیامت کے دن بادل کی طرح (اپنے پڑھنے والوں پر) سایہ فگن ہوں گی۔“ (مشکوٰۃ المصابیح، جلد اول، ص ۴۵۸، بحوالہ صحیح مسلم)

• (۸) فرمایا : ”کوئی قوم اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں مجتمع ہو کر تلاوت کلام پاک

اور اس کا دَور نہیں کرتی مگر ان پر سکینت (اطمینان قلب) نازل ہوتی ہے اور رحمت ( الٰہی) ان کو ڈھانپ لیتی ہے، ملائکہ ان کو گھیر لیتے ہیں، اور حق تعالیٰ شانہ ان کا ذکر ملائکہ کی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

مجلس میں کرتا ہے۔“ (۱۴۱)

• (۹) ایک شخص نے سرکار

اپنی قبروں میں پریشان ہوت تلوار کا سایہ تمام فتنوں سے

• (۱۰)

قیامت کے کردہ ”سایوں“ کے نیچے گئے، کچھ رحمت الٰہی کے اپنے دنیاوی اعمال واف ناقابل برداشت سختی ہ ہونگے۔ صحیحین کی ایک جو قیامت کے دن اللہ متن درج ذیل ہے۔ عن ابی ھریرۃ ظل الا ظله، امہ بالمسجد اذا خہ وتفرقا علیہ ور حسب وجمال ا تعلم شماله ما تنہ ترجمہ: حضہ فرمایا کہ ”اللہ تعالیٰ سہ اس کے سائے کے

مجلس میں کرتا ہے۔" (۱۴۱)

(۹) ایک شخص نے سرکار دوعالم سے دریافت کیا کہ "کیا بات ہے کہ سب لوگ تو اپنی اپنی قبروں میں پریشان ہوتے ہیں مگر شہداء کو کوئی پریشانی نہیں ہوتی" فرمایا "ان کے لئے تلوار کا سایہ تمام فتنوں سے آڑ بن جاتا ہے۔"

(جنت کی کنجی ، حدیث نمبر ۴۳۹، ص ۶۰ ، بحوالہ نسائی)

قیامت کے دن ایسے کئی گروہ ہوں گے جو اللہ رب العزت کے فراہم کردہ "سایوں" کے نیچے آرام وراحت میں ہونگے۔ کچھ اللہ کے عرش کے سایہ تلے ہو نگے، کچھ رحمت الٰہی کے سائے میں ہونگے، کچھ مطلقاً آرام دہ سائے میں ہونگے، کچھ اپنے دنیاوی اعمال وافعال کے فرحت بخش سائے تلے ہونگے۔ یعنی قیامت کے دن ناقابل برداشت سختی کے وقت بھی وہ لوگ آرام وراحت کے مزے لوٹ رہے ہونگے۔ صحیحین کی ایک حدیث میں ان سات قسم کے لوگوں (گروہوں) کا ذکر کیا گیا ہے جو قیامت کے دن اللہ کے (عرش کے) سائے کے نیچے ہونگے۔ تبرکاً حدیث بمعہ عربی متن درج ذیل ہے۔

عن ابی ھریرۃ قال ، فقال رسول اللہ ﷺ، سبعۃ یظلھم اللہ فی ظلہ یوم لا ظل الا ظلہ، امام عادل و شاب نشأ فی عبادۃ اللہ و رجل قلبہ معلق بالمسجد اذا خرج منہ حتی یعود الیہ و رجلین تحابا فی اللہ اجتمعا علیہ وتفرقا علیہ ورجل ذکر اللہ خالیا ففاضت عیناہ ورجل دعتہ امرأۃ ذات حسب وجمال فقال انی اخاف اللہ ورجل تصدق بصدقۃ فاخفاھا حتی لا تعلم شمالہ ما تنفق یمینہ (۱۴۲)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ سات (قسم کے) لوگوں پر اس دن سایہ عاطفت فرمائے گا جس دن اس کے سائے کے علاوہ کوئی اور سایہ نہ ہوگا، (۱) امام عادل (۲) وہ نوجوان جو بچپن سے

عبادت الٰہی میں مصروف رہا ہو (۳) وہ شخص جس کا دل مسجد میں اٹکا رہے اور مسجد سے واپسی کے بعد پھر مسجد میں واپسی کی تمنا اور آرزو کرے (۴) ایسے دو شخص جو اللہ کے لئے محبت رکھتے ہوں اور اللہ کے لئے ملیں اور اللہ ہی کے لئے جدائی اختیار کریں (۵) ایسا شخص جو تنہائی میں اللہ کو یاد کرے اور اس پر رقت طاری ہو جائے (۶) ایسا شخص جسے کوئی حسین وجمیل عورت جو اچھے حسب نسب والی (بھی) ہو اپنی طرف بلائے تو وہ (جواباً) کہہ دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں (یعنی گناہ میں ملوث نہ ہو) (۷) وہ شخص جو اللہ کی راہ میں کچھ خرچ کرے اور اس کو اتنا پوشیدہ رکھے کہ بائیں ہاتھ کو یہ معلوم نہ ہونے پائے کہ اس نے دائیں ہاتھ سے کیا خرچ کیا ہے۔

(۱۴۳)

بقول مولانا احمد سعید دہلویؒ ”کتب احادیث کے تتبع اور تلاش سے ان حضرات کی تعداد بہت زیادہ معلوم ہوتی ہے جو قیامت کے دن ”سائے“ میں ہونگے۔ اگرچہ بعض احادیث میں (سب میں نہیں) اسناد ضعیف ہیں لیکن فضائل و مناقب میں ان کا ضعف ہرگز مضر نہیں۔ بعض احادیث میں بجائے عرش کے سایہ کے یا رحمت کے، صرف سایہ یا اطمینان یا راحت کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں لیکن مقصد و نتیجہ ان سب کا ایک ہی ہے۔ یعنی سکون، راحت اور عافیت میں ہونا۔ اس لئے علماء نے ایسی احادیث کو بھی شاملِ فہرست کرلیا ہے تاکہ اعمال کی اہمیت اور عقائد کی فضیلت کھل کر سب کے سامنے آجائے اور خاص طور پر انعام رب کریم کی فراوانی اور وسعت کو سب خاص و عام محسوس کرسکیں ۔“

”کتب حدیث کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان مقدس لوگوں کی تعداد تہتر (۷۳) تک پہنچ گئی ہے۔ اگرچہ بعض علماء سے اسی (۸۰) یا بیاسی (۸۲) بھی منقول ہیں مگر تہتر (۷۳) پر تقریباً تمام علمائے حدیث کا اتفاق ہے جبکہ اسی، بیاسی پر علماء متردد ہیں“

(۱۴۴)

مولانا محمد زکریا سہارنپوری نے اپنی کتاب ”فضائل صدقات“ جلد اول میں مذکورہ بالا سات آدمیوں والی ”حدیث سایہ“ ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

”دوسری احادیث میں ان کے اس سخت دن میں عرش کے سایہ ت گنوائی ہے۔ جن کو صاحب ”اتحاف ذیل میں چند ایسی احادیث خافضة رافعة (۱۴۵) ★ ک سکون میں ہونگے۔ یہ سایہ عرش بادلوں کا سایہ۔ مطلقاً سایہ ہو یا ا اس سلسلے میں کیا ظاہر کرتے ہیں

• (الف) فرمایا ”قیامت

صدقہ دینے والے، اپنے صدقہ

• (ب) فرمایا ”قیامت

• (ج) فرمایا ”جس نے کسی

تعالیٰ اس کو قیامت میں اپنے عرش ۱۴۸۸ بحوالہ ترمذی شریف) (مزید

• (د) فرمایا ”جو شخص مطا

اس کو اللہ تعالیٰ سب سے پیشتر حدیث ۲۸۹ بحوالہ طبرانی)

• (ہ) فرمایا ”قیامت

میرے لئے آپس میں محبت کیا ک کی کنجی، ص ۱۲۴، حدیث ۹

• (و) فرمایا ”اللہ کے

"دوسری احادیث میں ان کے علاوہ اور بھی بعض لوگوں کے متعلق یہ وارد ہوا ہے کہ وہ اس سخت دن میں عرش کے سایہ کے نیچے ہونگے۔ علماء نے ان کی تعداد بیاسی (۸۲) تک گنوائی ہے۔ جن کو صاحب "اتحاف" نے نقل کیا ہے۔ (ص۲۰)

ذیل میں چند ایسی احادیث پیش کی جاتی ہیں جن سے یہ ثابت ہوگا کہ قیامت کے خافضۃ رافعۃ ( ۱۴۵) ★ گھڑی میں بھی بعض لوگ اللہ کے "سائے" کے نیچے رحمت و سکون میں ہونگے۔ یہ سایہ عرش الٰہی کا ہو یا رحمت الٰہی کا، سورتوں کا سایہ ہو یا آرام دہ بادلوں کا سایہ۔ مطلقاً سایہ ہو یا اعمال کا سایہ۔ آئیے دیکھتے ہیں کہ اقوال رسول مقبول ﷺ اس سلسلے میں کیا ظاہر کرتے ہیں۔

(الف) فرمایا "قیامت کے دن جب تک لوگ حساب کتاب میں مبتلا رہیں گے صدقہ دینے والے، اپنے صدقہ کے سایہ میں ہونگے۔" (۱۴۶)

(ب) فرمایا "قیامت کے دن مومن کا صدقہ اس پر سایہ کرتا ہوگا"

(مشکوٰۃ المصابیح اول، باب فضل الصدقۃ ص ۴۱۸)

(ج) فرمایا "جس نے کسی مفلس مقروض کو مہلت دی یا اس کا قرض معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت میں اپنے عرش کے سایہ میں جگہ دے گا" (جنت کی کنجی، ص ۴۲، حدیث ۱۲۸۸ بحوالہ ترمذی شریف) (مزید دیکھئے مشکوٰۃ المصابیح دوم، کتاب البیوع، ص ۳۳)

(د) فرمایا "جو شخص مفلس کو مہلت دیتا ہے یا قرض کا روپیہ معاف کر دیتا ہے تو اس کو اللہ تعالیٰ سب سے پیشتر اپنے سایہ میں لے لے گا۔" (جنت کی کنجی، ص ۴۲، حدیث ۲۸۹ بحوالہ طبرانی)

(ہ) فرمایا "قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا، وہ لوگ کہاں ہیں جو صرف میرے لئے آپس میں محبت کیا کرتے تھے آج میں ان کو اپنے سایہ میں جگہ دونگا۔" (جنت کی کنجی، ص ۱۲۲، حدیث ۱۰۱۹ بحوالہ مسلم شریف) (۱۴۷)

(و) فرمایا "اللہ کے لئے محبت کرنے والے اس دن عرش کے سایہ میں ہونگے

جس دن سوائے عرش الٰہی کے کوئی سایہ نہ ہوگا۔ ان لوگوں پر نبی اور شہید غبطہ (۱۴۸) کرتے ہوں گے" (جنت کی کنجی، ص ۱۲۳، حدیث ۱۰۲۵، بحوالہ ترمذی شریف)

• (ز) فرمایا "سچا تاجر قیامت کے روز عرش (الٰہی) کے سایہ میں ہوگا" (تفسیر

معارف القرآن، جلد دوم، ص ۳۷۹)

• (ح) فرمایا "قیامت میں جب سب لوگ جمع ہونگے تو کہا جائے گا "اس امت

کے فاقہ کش کہاں ہیں؟" اس پر لوگوں کی ایک جماعت سامنے آئے گی۔ ارشاد ہوگا "تم نے کیا عمل کئے تھے؟" عرض کریں گے:

"الٰہی ہم پر بلائیں ڈالی گئیں، ہم نے صبر کیا۔ تو نے دولت اور سلطنت ہمارے غیروں کو دی لیکن ہم نے اُف تک نہ کی" ارشاد ہوگا "تم سچ کہتے ہو" پھر اس جماعت کو سب سے پیشتر جنت میں داخل کردیا جائے گا۔ اور دولت والوں پر حساب کتاب کی سختی ہوتی رہے گی۔

کسی نے دریافت کیا حضور مومن اس دن کہاں ہوں گے؟" ارشاد ہوا "مومن اس دن نور کی کرسیوں پر بیٹھے ہونگے، ابر ان پر سایہ کرے گا، مومن کو اتنا بڑا دن (۱۴۹) صرف ایک ساعت کے برابر معلوم ہوگا (۱۵۰)

• (ط) فرمایا " کیا تم جانتے ہو کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے سایہ کی طرف

سبقت کرنے والے کون لوگ ہیں؟" عرض کی گئی "اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں" فرمایا "یہ وہ لوگ ہیں کہ جب انہیں حق دیا جائے تو قبول کرلیتے ہیں، جب ان سے سوال کیا جائے تو

خرچ کرتے ہیں اور لوگوں کو اسی طرح حکم دیتے ہیں جیسے اپنی ذات کو حکم دیتے ہیں“ (مشکوٰۃ المصابیح، دوم، کتاب الامارۃ والقضاۃ، ص ۱۹۹)

• (ی) تین چیزیں ایسی ہیں کہ وہ جس شخص میں پائی جائیں گی اللہ اس کو (قیامت کے

روز) اپنے عرش کے سایہ میں جگہ دے گا۔ اس دن جبکہ اس کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔

• (۱) ایسی حالت میں وضو کرنا جبکہ وضو کرنے کو طبیعت نہ چاہے۔ (مثلاً سخت جاڑے میں شدید ٹھنڈے پانی سے)

• (۲) تاریک راتوں میں مسجد جانا (تاکہ مسجد آباد ہو اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جائے)

• (۳) بھوکے آدمی کو کھانا کھلانا (تاکہ بھوکے کا پیٹ بھرے) (ترغیب و ترہیب

بحوالہ زاد راہ، ص ۱۰۹-۱۰۸)

• (ک) اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) مومن کو اپنا قرب بخشے گا اور اپنا پردہ ڈال کر

اسے چھپالے گا اور فرمائے گا "کیا تو فلاں گناہ کو جانتا ہے، کیا تو فلاں گناہ کو جانتا ہے؟" وہ عرض کرے گا ہاں اے رب۔ یہاں تک کہ اپنے سارے گناہوں کا اقرار کرلے گا اور اپنے دل میں سمجھ لے گا کہ وہ ہلاک ہو گیا (کہ اسی اثنا میں اللہ تعالیٰ) فرمائے گا "میں نے دنیا میں تیری پردہ پوشی فرمائی۔ آج تیرے گناہوں کو معاف کرتا ہوں"

(مشکوٰۃ کتاب الفتن ۔ حصہ سوم، ص ۸۹،۹۰)

• (ل) (قیامت کے دن) "ہر ایک آدمی اپنی خیرات کے سائے میں ہوگا۔ یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے گا۔"

(۱۵۱)

اس کے بعد مقام جنت ہے جہاں اللہ کے مقربین، موحدین، متقین، خاشعین ،صادقین، قانتین، مومنین، واصلین اور ابرار و اخیار اللہ کی نعمت، راحت و مسرت کے سایوں میں ہوں گے۔ سورة النساء آیت نمبر ۵۷ میں خداوند تعالیٰ نے یہ خوشخبری دی ہے کہ۔

(ترجمہ) اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ہم ان کو عنقریب ایسے باغ میں داخل کریں گے کہ ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اس میں (وہ) ہمیشہ رہیں گے ان کے واسطے اس میں پاک صاف بیویاں ہوں گی ہم ان کو نہایت گنجان سایہ میں داخل کریں گے۔

(ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی)

مذکورہ آیت میں وَنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ آئیے دیکھتے

ہیں کہ اردو مفسرین نے ظِلاًّ ظَلِیْلاً کے کیا معنی لکھے ہیں۔

- اول: حضرت شاہ رفیع الدین دہلویؒ: سایہ دار چھاؤں ۔ چھاؤں دار سایہ ۔
- دوم: حضرت شاہ عبد القادر دہلویؒ: گھن کی چھاؤں ۔
- سوم: مولانا محمود الحسنؒ اسیر مالٹا: گھن کی چھاؤں (حضرت شاہ عبد القادر کا تتبع)
- چہارم: مولانا اشرف علی تھانویؒ: نہایت گنجان سایہ ۔
- پنجم: شیخ نذیر احمد دہلویؒ: گھنی گھنی چھاؤں ۔
- ششم: مولانا احمد رضا خان بریلویؒ: سایہ ہی سایہ ۔
- ہفتم: مولانا عاشق الہی میرٹھیؒ: گھنی گھنی چھاؤں ۔
- ہشتم: علامہ وحید الزمانؒ: گھنا ہوا سایہ ۔
- نہم: مولانا فتح محمد جالندھریؒ: گھنا سایہ ۔
- دہم: مولانا عبد الماجد دریا بادیؒ: گنجان سایہ ۔ ۱۵۲
- یاز دہم: غلام احمد پرویز: خدا کی حفاظت اور سایہ عاطفت ۔ ۱۵۳
- دواز دہم: مولانا ابو الکلام آزادؒ: (رحمت) کا بڑا اچھا سایہ ۔ ۱۵۴
- سیز دہم: ابو محمد عبد الحق حقانیؒ: دراز سایہ ۔ ٹھنڈی چھاؤں ۔ ۱۵۵
- چہار دہم: مولانا مودودیؒ: گھنی چھاؤں ۔ ۱۵۶

• پانز دہم: مولانا امین احسن اصلاحیؒ: گھنی چھاؤں ۔ ۱۵۷

• شانزدہم: پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ: گھنا سایہ ۔ ۱۵۸

• ہفدہم: حضرت فاضل شاہؒ: سایہ ہی سایہ ۔ ۱۵۹

• ہشت دہم: سید امیر علی دہلویؒ (ملیح آبادی): گھن کا سایہ ۔ ۱۶۰

• نوز دہم: مولانا احمد حسن محدث دہلویؒ: گھن کی چھاؤں ۔

(بحوالہ احسن التفاسیر ۔ جلد اول ، صفحہ نمبر ۳۳۲ ، مطبوعہ مکتبہ سلفیہ لاہور)

• بیستم: مفتی احمد یار خان نعیمی: سایہ ہی سایہ ۔ (بحوالہ تفسیر نعیمی ، جلد نمبر ۵ ، صفحہ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

نمبر ۱۷۴ ، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ تو یہ ہے ٹھنڈا، فرحت بخش "بعض علماء فرماتے ہیں ان کا سایہ بھی دراز ہوگا۔ بعض مراد ہے جو اس کے تقرب اور مولانا نعیم الدین مراد آبادی "ظِلاًّ ظَلِیلاً" یعنی گھنا بالاتر ہے۔" ۱۶۲ مولانا اشرف علی تھانوی "یعنی دنیا کا سایہ نہ تھا متصل (جڑا ہوا ۔ گہرا) ہوگا علامہ شبیر احمد عثمانی اپنے "اور ان کو گہری اور گھنی محفوظ ہوگی ۔" ۱۶۴ مفتی محمد شفیع صاحب لکھتے ہیں کہ ظِلاًّ ظَلِیْلاً: ظِل کے اور گھنا سایہ ہوگا۔ جیسا کہ ک اس بات کی طرف ہے کہ ۱۶۵( ۴۴۲ مفتی احمد یار خان نعیمی "یہ جنت کی تیسری نعم

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

نمبر ۱۷۴، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ گجرات) تو یہ ہے ٹھنڈا فرحت بخش وہ "سایہ گھنا" جسے علامہ حقانی نے ان الفاظ میں مشرح کیا ہے "بعض علماء فرماتے ہیں کہ جنت میں دور دور تک درخت مستقل ہوں گے اس لیے ان کا سایہ بھی دراز ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ سایہ دراز سے خدا کی مہربانی اور دائمی عنایت مراد ہے جو اس کے تقرب اور روحانی جنت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔" ۱۶۱

مولانا نعیم الدین مراد آبادی اپنے مشہور حاشیہ قرآن "خزائن العرفان" میں لکھتے ہیں کہ "ظِلًّا ظَلِیلًا" یعنی سایہ جنت جس کی راحت و آسائش رسائی فہم واحاطہ بیان سے بالاتر ہے۔" ۱۶۲

مولانا اشرف علی تھانوی اپنے تفسیری حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ "یعنی دنیا کا سایہ نہ ہو گا کہ خود سایہ کے اندر بھی دھوپ چھنتی ہے۔ وہ بالکل متصل (جڑا ہوا، گہرا) ہوگا۔" ۱۶۳

علامہ شبیر احمد عثمانی اپنے مشہور عالم حاشیہ قرآن "تفسیر عثمانی" میں لکھتے ہیں کہ "اور ان کو گہری اور گنجان چھاؤں میں داخل کریں گے جو آفتاب کی دھوپ سے بالکل محفوظ ہوگی۔" ۱۶۴

مفتی محمد شفیع صاحب اپنی تفسیر "معارف القرآن" میں تفسیر مظہری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ ظِلًّا ظَلِیلًا: ظِل کے بعد ظلیل کا لفظ لا کر اشارہ کر دیا کہ وہ سایہ ہمیشہ رہنے والا ہوگا اور گھنا سایہ ہوگا۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ شَمْسٌ شَامِسٌ ، لَیْلٌ لَیْلٌ۔ اس سے اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ جنت کی نعمتیں ہمیشہ رہنے والی ہوں گی۔ (جلد دوم، صفحہ نمبر ۴۴۲) ۱۶۵

مفتی احمد یار خاں نعیمی گجراتی "تفسیر نعیمی" میں فرماتے ہیں کہ: "یہ جنت کی تیسری نعمت کا ذکر ہے ظل کے معنی ہیں سایہ اور ظلیل کے معنی ہیں گھنا

سایہ جس میں کہیں سے دھوپ چھن کر نہ آئے یا دائمی سایہ جو کبھی فنا نہ ہو ۔“

(تفسیر نعیمی، جلد پنجم ، صفحہ ۷۷۱)

سید احمد حسن محدث دہلوی تفسیر احسن التفاسیر میں لکھتے ہیں کہ ”جنت کے محلوں اور گھنے درختوں کی چھاؤں ہو گی اور اس میں وہ جنتی بیٹھیں گے ۔ اگر چہ جنت میں دھوپ نہ ہوگی ...... لیکن زیادہ ٹھنڈک کے لیے اس سایہ میں جنتی لوگ بیٹھیں گے ۔“ (جلد اول، صفحہ نمبر ۳۳۲)

اب روایات کی روشنی میں دیکھتے ہیں کہ جنت میں اہل جنت کے لیے کیا کیا اور کن خوبیوں والے سائے مقرر ہوں گے۔ اور اہل جزا کس شادمانی وفرحانی کے ساتھ ان سایوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں ۔ بقول آیت قرآنی جنت میں فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا۔ (الدھر۔۱۳) ٹھنڈک، سکون، آرام، طمانیت، انبساط ہو گا۔ تلخی، تکلیف، دکھ، بے چینی ، فکر مندی اور غم وغیرہ سے اہل جنت اس طرح آزاد ہوں گے جیسے انہیں کوئی تکلیف پہنچی ہی نہیں۔ سرکار عالمیان ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ:

• (ایک) ”جنت میں سب سے آخر میں داخل ہونے والا آدمی کبھی چلے گا کبھی گرے گا

اور کبھی اسے آگ جھلسائے گی جب (باہر) نکل آئے گا تو (جہنم) کی طرف متوجہ ہو کر کہے گا ” بابرکت ہے وہ ذات جس نے مجھے تجھ سے نجات دی اللہ تعالیٰ نے مجھے اتنا عطا فرما دیا کہ اولین و آخرین میں سے کسی کو عطا نہیں فرمایا ہو گا“ اس کے لیے ایک درخت ظاہر کیا جائے گا تو وہ کہے گا کہ ”اے میرے رب مجھے اس درخت کے قریب کر دے تاکہ میں اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور اس کا پانی پی سکوں ۔“ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ”اے ابن آدم ! میں تجھے یہ عطا کر دوں تو شاید تو اس کے سوا اور بھی مانگے“ عرض گزار ہوگا ” اے رب! ...... پس وہ عہد کرے گا کہ اس کے سوا اور کچھ نہیں مانگے گا“ اور اس کا رب عذر قبول کر لے گا کہ وہ ایسی چیز کو دیکھ رہا

ہے جس پر وہ صبر نہیں کر سکتا۔ وہ اس (درخت) کے نزدیک کر دیا جائے گا تو اس سے سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پیئے گا۔ پھر اس

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کے لیے ایک اور درخت ظاہر کر بندہ) عرض گزار ہو گا اے رب پی سکوں اور اس کا سایہ حاصل تعالیٰ فرمائے گا "اے ابن آدم سوال نہ کروں گا (اب) تجھے کرے گا کہ اس کے سوا کوئی اور اُس نے ایسی چیز دیکھی ہے جائے گا وہ اس سے سایہ حاصل پھر دروازۂ جنت کے پاس درختوں سے زیادہ خوبصورت نزدیک کر دے تاکہ اس کا سا اور سوال نہیں کروں گا۔" اللہ تھا کہ میں اس کے سوا اور کوئی میں اس کے سوا کوئی اور سوال نے وہ چیز دیکھی ہے کہ صبر نہ نزدیک ہو کر جب اہلِ جنت میں داخل کر دے "رب تعالیٰ گا۔ کیا تو اس بات پر راضی عرض کرے گا "اے رب کیا مالک ہے۔ (ترجمہ مولنا صدی

• (دو) "جنت میں ایک

تو اسے عبور نہ کر سکے اور

کے لیے ایک اور درخت ظاہر کر دیا جائے گا۔ جو پہلے سے بھی زیادہ خوبصورت ہوگا۔ وہ ( بندہ ) عرض گزار ہو گا اے رب! مجھے اس درخت کے قریب کر دے تاکہ میں اس کا پانی پی سکوں اور اس کا سایہ حاصل کروں میں اس کے سوا کوئی اور سوال نہیں کروں گا۔ "اللہ تعالیٰ فرمائے گا "اے ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے عہد نہیں کیا تھا کہ اس کے سوا کوئی اور سوال نہ کروں گا (اب) تجھے اگر دے دوں تو شاید تُو کوئی اور سوال کرے۔" پس وہ عہد کرے گا کہ اس کے سوا کوئی اور سوال نہیں کرے گا۔ اور اس کا رب عذر قبول کرلے گا کہ اُس نے ایسی چیز دیکھی ہے جس پر صبر نہیں کر سکتا۔ پس اسے درخت کے نزدیک کر دیا جائے گا وہ اس سے سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پیئے گا۔

پھر دروازۂ جنت کے پاس اس کے لیے ایک درخت ظاہر کیا جائے گا جو پہلے دونوں درختوں سے زیادہ خوبصورت ہو گا وہ بندہ عرض گزار ہو گا " اے رب! مجھے اس کے نزدیک کر دے تاکہ اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور اس کا پانی پیوں میں اس کے سوا کوئی اور سوال نہیں کروں گا ۔" اللہ تعالیٰ فرمائے گا "اے ابن آدم کیا تو نے مجھ سے عہد نہیں کیا تھا کہ میں اس کے سوا اور کوئی سوال نہیں کروں گا" (وہ بندہ) کہے گا "اے رب کیوں نہیں میں اس کے سوا کوئی اور سوال نہیں کروں گا" رب تعالیٰ اس کا عذر قبول کر لے گا کہ اس نے وہ چیز دیکھی ہے کہ صبر نہیں کر سکتا پس اسے اس درخت کے نزدیک کر دیا جائے گا وہ نزدیک ہو کر جب اہل جنت کی آواز سنے گا تو عرض کرے گا " اے میرے رب مجھے اس میں داخل کر دے" رب تعالیٰ فرمائے گا "اے ابن آدم! تجھ سے مجھے کیا چیز فارغ کرے گی کیا تو اس بات پر راضی ہے کہ میں تجھے ساری دُنیا جتنا اور اتنا ہی اور دے دوں؟" عرض کرے گا " اے رب یہ تو مجھے مذاق معلوم ہوتا ہے۔ جب کہ تُو (سارے) جہانوں کا مالک ہے۔

(ترجمہ مولانا عبد الحکیم خان اختر شاہجہانپوری ۱۶۶)

• (دو) ”جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں اگر سوار سو سال تک چلتا رہے

تو اسے عبور نہ کر سکے اور جنت میں تم سے کسی کی کمان برابر جگہ ان چیزوں سے بہتر ہے

جن پر سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے۔ (متفق علیہ ) ۱۶۷

• (سہ) حضورﷺ کے حضور "سدرة المنتہیٰ" کا ذکر ہوا تو آپﷺ نے فرمایا

"سوار اس کی شاخوں کے سائے میں سو سال چل سکتا ہے" یا فرمایا "سوار اس کے سائے میں بیٹھ سکتے ہیں" ۱۶۸

• (چہار) جنت میں جب اہلِ جنت کو انعام الٰہیہ سے نوازا جارہا ہوگا۔ تو اس کے ساتھ

ہی دیدارِ ذات سے جنتی مستفید ہوں گے۔ (طویل حدیث) سرکارِ دین و دنیاﷺ فرماتے ہیں کہ: "اس مجلس میں کوئی شخص باقی نہیں رہے گا مگر اللہ تعالیٰ اس کے سامنے موجود ہوگا پھر ان میں سے (اللہ تعالیٰ) ایک آدمی سے فرمائے گا "اے فلاں ابن فلاں کیا تو انکار کرتا ہے کہ ایک روز تو نے ایسا کہا تھا اور دنیا میں اس کی عہد شکنی کے بعض واقعات یاد کروائے گا۔" وہ عرض گزار ہوگا "اے رب! کیا تو نے مجھے بخش نہیں دیا" فرمایا جائے گا " کیوں نہیں میری مغفرت کی وسعت سے ہی تو اس مقام پر پہنچا ہے اسی دوران ان (تمام اہل جنت جو دیدارِ الٰہی سے مشرف ہو رہے ہوں گے) کے اوپر ایک بادل چھا جائے گا اور بارش ہونے لگے گی کہ اس جیسی خوشبو کبھی میسر نہیں آئی ہوگی۔" ۱۶۹

• (پنج) "طوبیٰ ہے اس شخص کے لیے جس کو اپنا عیب لوگوں کے عیبوں سے اچھا لگے

"(طُوبٰی لِمَنْ شَغَلَهُ عَيْبُهُ عَنْ عُيُوبِ النَّاسِ) بلاغ المرام میں مسند بزار کے حوالے سے شامل حدیث کا اردو ترجمہ کرتے ہوئے مولانا عبدالتواب محدث ملتانی حاشیہ میں لکھتے ہیں "طوبیٰ نام ہے ایک درخت کا جنت میں اتنا پھیلا ہوا ہے کہ سوار اس کے سایہ کو سو برس تک نہ بھاگ سکے گا۔ یعنی یہ درخت (مراد ہے درخت کا سایہ) اس شخص کو ملے گا جو اپنے عیوب کو دور کرنے کی فکر میں

لگا رہتا ہے۔ اور دوسرے کا عیب اس کو فکرمند نہیں کرتا یا طوبیٰ سے مراد خوشی ہو۔" (بلوغ المرام، عربی اردو، باب الترہیب من مساوی الاخلاق، ص ۴۶۵)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

• (شش) رسول اللہ ﷺ فرما

"جنت میں ایک درخت ہے ہے تو اس (درخت) کا (پھیلاؤ کثیر، اردو، بحوالہ ابن جریر، جلد ا

• (ہفت) حضرت ابوہریرہؓ

"تحقیق جنت میں ایک ایسا د نہ کر سکے گا آپ اگر (اس (وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ) پڑھیں۔ (متفق

• (ہشت) حضرت ابن عباسؓ

"جنت میں ایک درخت ہے ہوا ہے جنتی لوگ اس کے نیچے آ کھیل تماشے اور دل بہلاوے پ

• (نہم) حضرت ربیع بن انسؓ

هُوَ ظِلُّ الْعَرْشِ الَّذِي لَا گا) (بحوالہ معارف القرآن جلد

• (دہم) تین چیزیں ذیل کی

سایہ پھیلائے گا بعد ازاں اسے ج

• (۱) کمزور کی مدد کر

• (۲) ماں باپ کے ساتھ

• (۳) غلام پر احسان کر

سورۃ الرعد آیت میں جنت التفاسیر“ جلد دوم میں مولانا سی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

(شش) رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ ”جنت میں ایک درخت ہے کہ جس کے سائے تلے کوئی سوار ایک سو سال بھی چلتا ہے تو اس (درخت) کا (پھیلا ہوا) سایہ (پھر بھی) ختم نہ ہو یہ شجر الخلد ہے“ (تفسیر ابن کثیر ، اردو ، بحوالہ ابنِ جریر ، جلد اول ، پارہ پنجم ، ص ۵۰)

(ہفت) حضرت ابو ہریرہؓ حضور اکرم ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ ”تحقیق جنت میں ایک ایسا درخت ہے جس کے سایہ کو ایک سوار سو سال میں بھی طے نہ کر سکے گا آپ اگر (اس درخت کا سایہ حاصل کرنا) چاہیں تو یہ آیت (وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ) پڑھیں۔ (متفق علیہ بحوالہ تفسیر مظہری وتفسیر معارف القرآن)

(ہشت) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں (غالباً حضور ﷺ سے نقل فرماتے ہیں) کہ ”جنت میں ایک درخت ہے جس کے ہر طرف سو سو سال کے راستے تک سایہ پھیلا ہوا ہے جنتی لوگ اس کے نیچے آ کر بیٹھتے ہیں اور آپس میں باتیں کرتے ہیں کسی کو دنیوی کھیل تماشے اور دل بہلاوے یاد آتے ہیں۔“ ۱۶۵

(نہم) حضرت ربیع بن انسؓ نے ”ظِلاًّ ظَلِیلاً“ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ہُوَ ظِلُّ الْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یَزُوْلُ (یعنی وہ سایہ عرشِ الٰہی کا ہے جو کبھی زائل نہیں ہو گا) (بحوالہ معارف القرآن جلد دوم ص ۴۴۲)

(دہم) تین چیزیں ذیل کی جس شخص میں ہوں گی اللہ تعالیٰ اس پر روزِ قیامت اپنا سایہ پھیلائے گا بعد ازاں اسے جنت (کے سایوں) میں داخل کرے گا۔

- (۱) کمزور کی مدد کرنے والا۔
- (۲) ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا۔

• (۳) غلام پر احسان کرنے والا۔ ۱۷۱

سورۃ الرعد آیت ۳۵ میں جنت کے سایہ دار درخت "شجرِ طوبیٰ" کا ذکر آیا ہے "احسن التفاسیر" جلد دوم میں مولانا سید احمد حسن محدث دہلوی نے ایک حدیث نقل کی ہے کہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام ”طوبیٰ“ ہے اور اس کے انگور کی طرح کے خوشے بڑے بڑے ہیں۔ (دیکھئے ص ۲۳۳)

آئیے چند اور احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں جن میں مطلقاً مختلف اعمال انجام دینے والوں کا ”سایہ“ میں ہونا بیان کیا گیا ہے یہ سایہ قبر میں بھی ہے موجودہ زندگی میں بھی موجود ہے حشر کے روز بھی ہے اور جنت کا بھی۔ ایمان وایقان میں اضافہ کی خاطر اور ترغیب اعمالِ صالحہ کے پیش نظر یہ احادیث پیش کی جارہی ہیں۔

- ☆ کسی نے پوچھا: ”یا رسول اللہ ﷺ ! (غالباً بلحاظ اجر وفضیلت) سب سے بڑی

سورۃ کون سی ہے؟“

فرمایا ”قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ“

عرض کیا گیا: قرآن میں سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟

فرمایا ”آیت الکرسی اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ .... الی الخ“

پوچھنے والے نے پوچھا ”اے نبی ﷺ کون سی آیت آپ کو اور آپ کی امت کو پہنچانا محبوب ہے؟

فرمایا ”سورۃ البقرہ کے خاتمہ کی آیت کہ وہ رحمتِ الٰہی کے (یا) خزانہ عرشِ الٰہی کے نیچے ہے اللہ نے وہ آیت امت کو دے دی دنیا و آخرت کی کوئی خیر نہیں مگر یہ آیت اس پر مشتمل ہے۔“ (سنن دارمی، بحوالہ فیضانِ سُنت، ص ۷۴، مصنفہ مولنا محمد الیاس قادری)

- ☆ فرمایا رسول مقبول ﷺ نے ”تین چیزیں قیامت کے دن عرش کے نیچے (عرش

کرے سایہ میں ہوں گی“

ایک کلام پاک کہ جھگڑے کا بندوں سے ، قُرآن پاک کے لیے ظاہر ہے اور باطن۔ دوسری چیز امانت ہے (جو اپنے حاملین کے لیے اللہ سے سفارش کرے گی) اور تیسری رشتہ داری ہے جو پکار کرے گی کہ جس شخص نے مجھ کو جوڑا اس کو اپنی رحمت سے ملا دے۔ اور جس نے مجھے توڑا اے اللہ! اپنی رحمت سے اس کو جدا کردے۔“ (فضائل

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اعمال، باب فضائل قرآن، ص ۱۹

- ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشہ

”جو شخص مجھ پر ایک بار درود شریہ والے کے سانس سے ایک سفید باد ہے۔ جب وہ برستا ہے تو اللہ تبارک و فرماتا ہے۔ اور پہاڑ پر گرنے والے والے ہر قطرہ کی برکت سے اسے ایما

- ☆ ارشاد رسالت مآب ﷺ ہ

سایہ نہیں ہوگا۔ مگر تین (قسم کے) اشہ کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ وہ خوش نصیب ک

- (نمبر ۱): وہ جو میرے کسی امتی کی پ
- (نمبر ۲): جو میری سنت کو زندہ کر
- (نمبر ۳): جو مجھ پر کثرت سے درو
- ☆ حضور ﷺ کا ارشاد

”جو شخص کسی راستہ پر علم کی طلب مہ کر دیتا ہے اور اس پر سکینہ (اطمینان نہ ہے۔ اور ملائکہ اسے گھیر لیتے ہیں اور ا مقرب (قریب تر) ہیں اور جس کہ آگے نہیں کرسکتا۔ (فیضانِ سنت، ص

- ☆ حضور رحمت ﷺ کا ا

تین باتیں جس شخص میں ہوں گ آسان طریقے سے لے گا اور اس ک

اعمال، باب فضائل قرآن، ص ۶۱۹، مصنفہ مولانا محمد زکریا۔ بحوالہ شرح السنۃ ۱۷۲۷

☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص مجھ پر ایک بار درود شریف پڑھے، اللہ تعالیٰ اس درود شریف کے پڑھنے والے کے سانس سے ایک سفید بادل پیدا فرما دیتا ہے۔ پھر اسے برسنے کا حکم دیتا ہے۔ جب وہ برستا ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ زمین پر برسنے والے ہر قطرے سے سونا پیدا فرماتا ہے۔ اور پہاڑ پر گرنے والے ہر قطرہ سے چاندی پیدا فرماتا ہے اور کافر پر گرنے والے ہر قطرہ کی برکت سے اسے ایمان کی دولت نصیب فرماتا ہے“ (۱۷۳)

☆ ارشاد رسالت مآب ﷺ ہے کہ ”قیامت کے روز اللہ کے عرش کے سوا کوئی سایہ نہیں ہو گا۔ مگر تین (قسم کے) اشخاص اللہ کے عرش کے سائے میں ہوں گے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ وہ خوش نصیب کون ہوں گے۔ ارشاد فرمایا:

- (نمبر۱): وہ جو میرے کسی امتی کی پریشانی دور کرے۔
- (نمبر۲): جو میری سنت کو زندہ کرے۔
- (نمبر۳): جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھے۔ ۱۷۴

☆ حضور پرنور ﷺ کا ارشاد بامراد ہے کہ: ”جو شخص کسی راستہ پر علم کی طلب کے لئے چلے، اللہ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اور اس پر سکینہ (اطمینان قلب) اترتا ہے اور رحمتِ (الٰہی) اسے ڈھانپ لیتی ہے۔ اور ملائکہ اسے گھیر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس کا ذکر ان لوگوں میں کرتا ہے جو اس کے مقرب (قریب تر) ہیں اور جس کے عمل نے سستی کی تو اس کا نسب اسے (درجہ میں) آگے نہیں کر سکتا۔ (فیضانِ سنت، ص۳۰۴، بحوالہ صحیح مسلم)

☆ حضـور رحمت ﷺ کـا فرمـان عـالی شـان ہے کہ: تین بـاتیں جس شـخص میں ہـوں گی اللہ تعـالیٰ (قیامت کے دن) اس کا حساب بہت آسان طریقے سے لے گا اور اس کو اپنی رحمت (کے سائے) میں جنت میں داخل کرے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ میثاق کراچی

گا۔ وہ شخص اور اس کی خوبیاں یہ ہیں۔

• اول: جو تمہیں محروم کرے تم اسے عطا کرو

• دوم: جو تم پر ظلم کرے تم اسے معاف کرو

• سوم: جو تم سے قطع تعلقی کرے تم اس سے ملاپ کرو (فیضان سنت، ص ۳۸۸، بحوالہ کنز العمال)

عمامہ کے مسائل بیان کرتے ہوئے مولانا محمد الیاس قادری حدیث رسول ﷺ کے حوالے سے فیضان سنت ص ۷۰۹ پر لکھتے ہیں۔

• (احد) "عمامہ کے ہر پیچ پر کہ جو مسلمان اپنے سر پر دیتا ہے اس پر روز قیامت ایک نور عطا کیا جائے گا (ماوردی) (بندہ جس کے حلقہ یا سایہ میں ہوگا)

• (ثانیہ) حضور ﷺ نے فرمایا (عمامہ کی طرف اشارہ کر کے) "فرشتوں کے تاج ایسے ہی ہوتے ہیں (ابن شاذان) ۱۷۵

• ☆ سرکارِ عالی، صاحب شان جلالی، ذات رحمت کمالی، صاحب خیر مکانی ﷺ کا فر مان عالی شان ہے کہ نمازی کے لئے تین کرامتیں (عزتیں) ہیں۔

• (۱) "نمازی جب نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو اس کے سر سے لے کر آسمان تک رحمت الٰہی کی گھٹا چھا جاتی ہے اور نیکیاں بارش کی طرح برسائی جاتی ہیں۔"

• (۲) "فرشتے نمازی کے قدموں سے لے کر آسمان تک اس کے چاروں طرف جمع

ہوتے ہیں۔"

• (۳) "ایک فرشتہ پکارتا ہے اے نمازی اگر تو دیکھ لے کہ تو کس سے باتیں کر رہا ہے تو

کبھی نماز سے ہٹنا پسند نہ کرے" (فیضان سنت، ص ۹۰۹ تا ۹۱۰، بحوالہ تنبیہ الغافلین)

• ☆ "جب کوئی جماعت ذکر الٰہی کے لیے بیٹھتی ہے تو فرشتے اسے گھیر لیتے ہیں (اللہ کی)

رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے، سکون واطمینان کی دولت ان کے لیے نازل ہوتی ہے، اللہ ان کا تذکرہ ان فرشتوں میں کرتا ہے جو اس کے قریب تر ہوتے ہیں۔" (صحیح مسلم) ۱۷۶

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

یہ مقامات فضیلت و درجات عالی اعمالِ خوش ہو کر انعام کے طور پ خزینہ، نجات کا سفینہ ﷺ کی توفیق ب اے لوگو (اے مسلمانو!) جب تم کرو کیونکہ وہ جنت تمام جنتوں سے الفردوس کے (عین اوپر) خدا تعالیٰ ک یہاں تک تو قرآن وحدیث کے اخبار، آثار موجود ہیں۔ دنیا میں ال جنت میں اہل سایہ، بلکہ جنتوں میں دہلوی (سحبان الہند) نے اپنی موقر بغیر حوالوں کے ان نیکوں کاروں او گئے۔ آئیے بطور تبرک اس فہرست بخت اصحاب ہیں جو سائے جیسی فہرست میں وہ تمام افراد بھی شامل ہ ہوتا رہا ہے۔

• (۱) عدل کرنے والا حاکم۔

• (۲) جوانی میں عبادت کرنے وا

• (۳) جس کے دل میں ہروقت

• (۴) وہ (دو) شخص جو صرف ال

• (۵) وہ شخص جس کو حسین وجمی

وجود قدرت علی الزنا کرے وہ خوف خُ اَخَافُ اللّٰہَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

یہ مقامات فضیلت و درجات عالیہ تھے جو اللہ تعالیٰ اپنے صالح بندوں کو ان کے اعمال سے خوش ہو کر انعام کے طور عطا فرمائے گا۔ - سرکار مدینہ، سرور قلب وسینہ، رحمت کا خزینہ، نجات کا سفینہ ﷺ کی تو تلقین و ہدایت بھی یہی ہے کہ: اے لوگو (اے مسلمانو!) جب تم خدا سے جنت کی دعا مانگو تو جنت الفردوس طلب کیا کرو کیونکہ وہ جنت تمام جنتوں سے اوپر ہے (عرش الٰہی کے سائے تلے) کیونکہ جنت الفردوس کے (عین اوپر) خدا تعالیٰ کا عرش (مبارک) ہے۔ (بحوالہ اصحاب السنن)

یہاں تک تو قرآن وحدیث کے تفصیلی حوالوں کے ساتھ آیات، احادیث، دلائل، اخبار، آثار موجود ہیں۔ دنیا میں اہل سایہ ،قبر میں اہل سایہ، حشر کے دن اہل سایہ اور جنت میں اہل سایہ، بلکہ جنتوں میں اہل سائے والی جنت کا تذکرہ تھا۔ مولانا احمد سعید دہلوی (سحبان الہند) نے اپنی موقر اردو تصنیف (مجموعہ احادیث) ”جنت کی کنجی“ میں بغیر حوالوں کے ان نیکوں کاروں اور خوش نصیبوں کی فہرست دی ہے جو سائے میں ہو نگے۔ آیئے بطور تبرک اس فہرست کو دیکھتے ہیں تاکہ ہمیں معلوم ہو جائے کہ وہ کون خوش بخت اصحاب ہیں جو سائے جیسی عظیم نعمت سے نوازے جائیں گے۔ یاد رہے کہ اس فہرست میں وہ تمام افراد بھی شامل ہیں جن کا ذکر خیر ابھی قرآن وحدیث کے حوالے سے ہوتا رہا ہے۔

- (۱) عدل کرنے والا حاکم۔
- (۲) جوانی میں عبادت کرنے والا۔
- (۳) جس کے دل میں ہر وقت مسجد کا خیال رہتا ہو۔
- (۴) وہ (دو) شخص جو صرف اللہ کے لیے آپس میں محبت کریں۔

• (۵) وہ شخص جس کو حسین وجمیل عورت نے تخلیہ میں اپنا نفس سونپ دیا ہو اور با

وجود قدرت علی الزنا کے وہ خوف خدا سے یہ کہہ کر اس عورت سے الگ ہو جائے اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰہَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

• (۶) وہ جو کہ صدقہ میں اس قدر اخفاء کرتا ہے کہ دائیں ہاتھ کی خبر بائیں ہاتھ کو بھی نہیں ہونے دیتا۔

• (۷) تخلیہ میں خوف خدا سے رونے والا ۔۱۷۷

• (۸) جو شخص اپنے مقروض کو (قرض کی ادائیگی میں) مہلت دیتا ہے یا قرض کی رقم معاف ہی کر دیتا ہے (مقروض کی بدحالی کو دیکھ کر)۔

• (۹) جو شخص مجاہد فی سبیل اللہ کی امداد و معاونت کرتا ہے۔

• (۱۰) جو شخص کسی نیک آدمی کو اللہ کے واسطے دوست رکھتا ہے۔

• (۱۱) جو شخص مکاتب (۱۷۸) کو آزاد کرانے میں اس کا ہاتھ بٹاتا ہے۔

• (۱۲) تجارت میں سچ بولنے والا۔

• (۱۳) مجاہدین کے لشکر کی امداد و اعانت کرتا ہوا جو شخص خود بھی شہید ہو جائے۔

• (۱۴) جس شخص کے اخلاق اچھے ہوں اور وہ حسن خلق سے متصف ہو۔

• (۱۵) رات کے اندھیرے میں مسجد کی طرف جانے والا۔

• (۱۶) جو شخص موسمی دقتوں اور دشواریوں کے باوجود وضو کی تکلیف برداشت کرتا ہو۔

• (۱۷) جس شخص نے کسی انسان کو بھوک کی حالت میں کھانا کھلایا ہو۔

• (۱۸) بیوہ عورت کی خدمت کرنے والا۔

- (۱۹) وہ شخص جو یتیم کی پرورش اور یتیم کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہو۔

- (۲۰) سلطان عادل کی نیک نیتی سے خدمت کرنے والا۔

- (۲۱) وہ شخص جو دوسروں کے حقوق ادا کرتا ہے اور اپنا حق قبول کرتا ہے۔

- (۲۲) جس شخص نے حرام کی طرف نگاہ پھیر کے بھی نہیں دیکھا۔

- (۲۳) جو شخص دوسروں کے حق میں وہ فیصلہ کرتا ہے اور وہی حکم لگاتا ہے جو اپنے لیے

پسند کرتا ہے۔

- (۲۴) جو شخص بندگان خدا کی خیر خواہی کرتا ہے اور ہر وقت اسی خیال میں لگا رہتا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

- (۲۵) جو شخص اہل ایمان کے ساتھ

آتا ہے۔

- (۲۶) جس عورت کا بچہ مر جائے

کرے گا وہ بھی عرش الہی کے سایہ میں

- (۲۷) جو شخص صلہ رحمی کرتا ہے اور تو

- (۲۸) وہ بیوہ عورت جو چھوٹے بچو

- (۲۹) جو شخص عمدہ کھانا تیار کر

(اپنے ساتھ) کسی یتیم کو شریک کر

• (۳۰) وہ شخص جو ہر موقع پر اللہ

لفظوں میں عقیدہ احسان ۱۷۹ پر کاربند

• (۳۱) غریبوں کا وہ شکستہ حال طب

طرف متوجہ نہ ہو۔ اگر وہ کسی مجلس می غیر معروف زندگی بسر کرنے والے ہوئی۔ دنیا میں مجہول لیکن آسمانوں پر خوف خدا کے سوا کوئی غرض نہیں ہو

• (۳۲) وہ شخص جس نے بچپنے می

• (۳۳) وہ شخص جس کی آنکھ محارم

رہی ہو۔

• (۳۴) وہ شخص جس کی آنکھ خوف خ

• (۳۵) قرآن کی خدمت کرنے و

ہیں اور دوسروں کو بھی قرآن کا مطلب س

• (۳۶) وہ شخص جس کی آنکھ نے خ

• (۲۵) جو شخص اہلِ ایمان کے ساتھ مہربانی کا سلوک کرتا ہے اور ان سے نرمی سے پیش آتا ہے۔

• (۲۶) جس عورت کا بچہ مر جائے تو جو شخص (ایسی غمزدہ عورت) کے ساتھ تعزیت کرے گا وہ بھی عرش الٰہی کے سایہ میں ہوگا۔

• (۲۷) جو شخص صلہ رحمی کرتا ہے اور قرابت داروں کے حق کو پہچانتا ہے۔

• (۲۸) وہ بیوہ عورت جو چھوٹے بچوں کی پرورش کے خیال سے دوسرا نکاح نہ کرے۔

• (۲۹) جو شخص عمدہ کھانا تیار کرے اور اچھی غذا کا انتظام کرے پھر اس کھانے میں (اپنے ساتھ) کسی یتیم کو شریک کرے۔

• (۳۰) وہ شخص جو ہر موقع پر اللہ رب العزت کی معیت کا یقین رکھتا ہو۔ (دوسرے لفظوں میں عقیدہ احسان و مراقبہ کار بند ہو)

• (۳۱) غریبوں کا وہ شکستہ حال طبقہ جن کی غربت اور فقیری کے باعث کوئی شخص ان کی طرف متوجہ نہ ہو۔ اگر وہ کسی مجلس میں جائیں تو ان کو کوئی پہچانے بھی نہیں۔ خاموش اور غیر معروف زندگی بسر کرنے والے فاقوں کی مصیبت سے مر جائیں لیکن کسی کو خبر تک نہ ہو۔ دنیا میں مجہول لیکن آسمانوں پر مشہور۔ لوگ ان کو بیمار سمجھتے ہیں لیکن ان کو سوائے خوف خدا کے دوسرا کوئی مرض نہیں ہوتا۔

• (۳۲) وہ شخص جس نے بچپن میں قرآن سیکھا اور جوان ہو کر بھی اس کو پڑھتا رہا ہو۔

• (۳۳) وہ شخص جس کی آنکھ محارم اللہ (اللہ کی حرام کردہ (منع کردہ) چیزوں) سے باز رہی ہو۔

• (۳۴) وہ شخص جس کی آنکھ خوف خدا سے روتی رہی ہو۔

• (۳۵) قرآن کی خدمت کرنے والا۔ (حافظ ہو یا ناظرہ) خود بھی قرآن پر عمل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی قرآن کا مطلب بتاتے ہیں۔

• (۳۶) وہ شخص جس کی آنکھ نے خدا کی راہ میں جاگنے کی تکلیف برداشت کی ہو۔

• (۳۷) وہ شخص جو اللہ کے راستے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتا۔

• (۳۸) وہ شخص جس نے کبھی اپنا ہاتھ مال غیر (ناجائز مال) کی طرف نہیں بڑھایا۔

• (۳۹) جو لوگ سود نہیں لیتے اور اس کاروبار سے ہی دور رہتے ہیں۔

• (۴۰) جو لوگ رشوت نہیں لیتے۔

• (۴۱) بیماروں کی عیادت کرنے والا شخص۔

• (۴۲) جنازے کے ساتھ جانے والا شخص۔

• (۴۳) نفلی روزے رکھنے والا شخص۔

• (۴۴) وہ شخص جو ذکر الٰہی کی غرض سے وقت کا شمار (انتظار) کرتا رہتا ہو۔ مثلاً (یہ انتظار کرے کہ) وقت ہو جائے تو نماز پڑھوں۔

• (۴۵) جس نے کسی غمگین کا غم دور کیا اور مصیبت زدہ کی مصیبت دور کی۔

• (۴۶) وہ شخص جس نے رسول اللہ ﷺ کی سنت کو زندہ کیا۔

• (۴۷) حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دوستی رکھنے والا آدمی۔

• (۴۸) کثرت سے سرکار دو عالم ﷺ کی خدمت میں درود بھیجنے والا اور خدا کا ذکر کرنے والا۔

• (۴۹) دل اور زبان دونوں سے خدا کا ذکر کرنے والا۔

• (۵۰) جن مسلمانوں کے بچے صغر سنی (چھوٹی عمر) کی حالت میں مر گئے ہوں۔

• (۵۱) جو شخص صبح کی نماز کے بعد سورة انعام کی پہلی تین آیتیں پڑھا کرتا ہے۔ سورة

انعام ساتویں پارے میں ہے۔

• (۵۲) جن لوگوں کے دل پاک صاف اور بدن صاف و پاکیزہ ہوں خدا کے

لئے (ایک دوسرے سے) محبت کرتے ہیں۔ خدا کے ذکر کے ساتھ ان کا بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ اور جہاں ان کا ذکر کیا جاتا ہو ان کے ساتھ ہی خدا کا ذکر بھی کیا جاتا ہو۔

• (۵۳) سردی کے موسم میں وضو کی پابندی کرنے والے، مسجدوں کو آباد اور ان کی تعمیر



میں سعی کرنے والے اور صبح کے وقت کثرت سے

• (۵۴) وہ امام جس سے اس کے مقتدی راضی

• (۵۵) نیکی کا حکم کرنے والے اور برائی سے

کے لیے اس کے بندوں کو بلانے والے۔

• (۵۶) وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ت

کے ساتھ نیکی (کا سلوک) کرتا ہے۔ چغل خ

• (۵۷) وہ لوگ جو قرآن کی تعلیم دیتے ہ

• (۵۸) جس شخص نے اپنا مال اور ا

شہادت کا مرتبہ حاصل کر لیا۔ اس کے جائے گا۔

• (۵۹) وہ مؤذن جو اللّٰہ تعالیٰ کے لیے ا

• (۶۰) وہ شخص جو ماں باپ کی نافرمانی نہ

• (۶۱) وہ غلام جس نے اپنے مجازی آقا

مولائے حقیقی (مراد ہے رب کریم) کا حق بھی

• (۶۲) وہ شخص جو لوگوں کی حاجت براری ا

• (۶۳) اللّٰہ کے لیے اپنے وطن سے ہجرت

• (۶۴) اہل تقویٰ (یہ سب سے زیادہ عالی

• (۶۵) وہ شخص جو لوگوں کے درمیان صلح ک

کے لیے) کی سعی کرتا ہے۔

• (۶۶) وہ انسان جس کے دل نے کبھی زنا

• (۶۷) لا الہ الا اللّٰہ کا ورد کثرت سے کرن

• (۶۸) ایسا شخص جو جب بھی کوئی بات ک

میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتا۔ تا ہاتھ مالِ غیر (ناجائز مال) کی طرف نہیں بڑھایا۔ اس کاروبار سے ہی دور رہتے ہیں۔

نے والا شخص۔ نے والا شخص۔ شخص۔

غرض سے وقت کا شمار (انتظار) کرتا رہتا ہو۔ مثلاً (یہ نماز پڑھوں۔ دور کیا اور مصیبت زدہ کی مصیبت دور کی۔ ﷺ کی سنت کو زندہ کیا۔ سے دوستی رکھنے والا آدمی۔ ﷺ کی خدمت میں درود بھیجنے والا اور خدا کا ذکر

خدا کا ذکر کرنے والا۔ کم سنی (چھوٹی عمر) کی حالت میں مر گئے ہوں۔ سورۃ الانعام کی پہلی تین آیتیں پڑھا کرتا ہے۔ سورۃ

ک صاف اور بدن صاف و پاکیزہ ہوں خدا کے تے ہیں۔ خدا کے ذکر کے ساتھ ان کا بھی ذکر کیا جاتا ن کے ساتھ ہی خدا کا ذکر بھی کیا جاتا ہو۔ کی پابندی کرنے والے، مسجدوں کو آباد اور ان کی تعمیر



میں سعی کرنے والے اور صبح کے وقت کثرت سے استغفار میں مشغول رہنے والے۔

• (۵۴) وہ امام جس سے اس کے مقتدی راضی ہوں۔

• (۵۵) نیکی کا حکم کرنے والے اور بُرائی سے منع کرنے والے۔ خدا تعالیٰ کی اطاعت

کے لیے اس کے بندوں کو بلانے والے۔

• (۵۶) وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں پر لوگوں سے حسد نہیں کرتا۔ ماں باپ کے ساتھ نیکی (کا سلوک) کرتا ہے۔ چغل خوری سے اجتناب کا عادی ہے۔

• (۵۷) وہ لوگ جو قرآن کی تعلیم دیتے ہیں۔

• (۵۸) جس شخص نے اپنا مال اور اپنی جان جہاد فی سبیل اللہ میں خرچ کر دی اور شہادت کا مرتبہ حاصل کر لیا ۔اس کے لیے عرشِ الٰہی کے نیچے ایک خیمہ بھی نصب کیا جائے گا۔

• (۵۹) وہ مؤذن جو اللہ تعالیٰ کے لیے پانچوں وقت اذان دیتا ہے۔

• (۶۰) وہ شخص جو ماں باپ کی نافرمانی نہیں کرتا۔

• (۶۱) وہ غلام جس نے اپنے مجازی آقا (مراد ہے دنیاوی آقا) کے ساتھ ساتھ مولائے حقیقی (مراد ہے رب کریم) کا حق بھی ادا کیا۔

• (۶۲) وہ شخص جو لوگوں کی حاجت براری اور مشکل کشائی میں لگا رہتا ہے۔

• (۶۳) اللہ کے لیے اپنے وطن سے ہجرت کر جانے والا ۔۱۸۰

• (۶۴) اہل تقویٰ ( یہ سب سے زیادہ عالی مرتبہ لوگ ہوں گے )

• (۶۵) وہ شخص جو لوگوں کے درمیان صلح کرانے (یا صلح جوئی کے ماحول کو قائم رکھنے کے لیے) کی سعی کرتا ہے۔

• (۶۶) وہ انسان جس کے دل نے کبھی زنا کا ارادہ نہیں کیا۔

• (۶۷) لا الہ الا اللہ کا ورد کثرت سے کرنے والا۔

• (۶۸) ایسا شخص جو جب بھی کوئی بات کرتا ہے تو علم کی کرتا ہے اور جب بھی سکوت

کرتا ہے تو علم کی بات پر سکوت کرتا ہے۔

• (۶۹) بے کار و بے ہنر اور صنعت نہ جاننے والے انسان کی اعانت کرنے والا آدمی۔

• (۷۰) جو شخص اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ پر ایمان لایا۔ خدا کی راہ میں اس نے جہاد کیا۔ اور ہمیشہ سچ بولتا رہا۔

• (۷۱) امانت کو صحیح طریقے سے ادا کرنے والا۔

• (۷۲) غلّے کی نگرانی کے لئے آرزو نہ کرنے والا شخص۔ ۱۸۱

• (۷۳) وہ شخص جو ہر روز نماز مغرب کے بعد دو رکعتیں پڑھتا ہے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ گیارہ گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص قُلْ هُوَ اللّٰهُ .......الخ پڑھتا ہے۔

• (۷۴) قرآن کریم کی الحان وترتیل سے تلاوت کرنے والا۔

• (۷۵) شہداء کی روحیں جو سبز پرندوں کے جسموں میں رہتی ہیں اور یہ پرندے شام کو عرش الٰہی کے نیچے لٹکی ہوئی قندیل میں رہتے ہیں۔

• (۷۶) کمزوروں کی مدد اور غلاموں پر احسان کرنے والا۔

• (۷۷) حضور ﷺ قیامت کے دن سایہء رحمن میں رونق افروز ہوں گے۔ دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام بھی سایہ الٰہی میں ہوں گے۔

• (۷۸) حضرت علیؓ لوائے حمد لئے امام حسنؓ وحسینؓ کے ہمراہ عرش کے سایہ میں ہوں گے۔

• (۷۹) رشتہ داریوں کا اکرام کرنے والا اور اس سلسلے میں نرمی، درگزر، احسان اور الطاف کرنے والا۔

• (۸۰) علم کی تلاش و جستجو میں لگ جانے والا۔ (بالخصوص وہ لوگ جو حصول علم کے لیے گھر بار چھوڑ کر درسگاہوں میں جا بیٹھتے ہیں)۔

• (۸۱) صبر و برداشت سے کام لینے والا جو شکوہ اور آہ و زاری سے بچنے والا ہو۔

• (۸۲) اپنے عیبوں پر نظر رکھنے والا اور دوسروں کے عیبوں سے قطع نظر کرنے والا۔۱۸۲

• (۸۳) خشوع وخضوع اور اللہ کے تصور میں گم ہو کر نماز پڑھنے والا جو دنیا ومافیہا سے بے خبر ہو جائے۔

یہ ہے اللہ کی رحمت کا سایہ اور اس وحدیث کی روشنی میں ابھی پیش کیا گیا ہ اخلاص وایمان کے ساتھ اپنے آپ کو اس شمار بھی اہلِ سایہ میں کردے۔ (آمین)

# مآخذ


• ۱ سورۃ البقرہ، آیۃ ۔ ۳ (ا

• ۲ سورۃ ص، آیۃ ۔ ۱۶ (ص

• ۳ سورۃ تغابن، آیۃ ۔ ۹ (ی

• ۴ سورۃ الحاقۃ، آیۃ ۔ ۱ (ا

• ۵ سورۃ القیامۃ، آیۃ ۔ ۱ (ل

- ۶ سورة النباء، آیۃ ۔ ۱ (ع
- ۷ سورة الانفطار، آیۃ ۔ ۱ (ا
- ۸ سورة الانشقاق، آیۃ ۔ ۱ (ا
- ۹ سورة الغاشیہ، آیۃ ۔ ۱ (ہ
- ۱۰ سورة القارعۃ، آیۃ ۔ ۱ (ا
- ۱۱ سورة التکویر، آیۃ ۔ ۱ (ا
- ۱۲ سورة الجاثیہ، آیۃ ۔ ۲۸ (و
- ۱۳ سورة ق، آیۃ ۔ ۲۰ (و
- ۱۴ سورة ق، آیۃ ۔ ۲۲ (ل
- ۱۵ سورة ق، آیۃ ۔ ۳۳ (م
- ۱۶ سورة ق، آیۃ ۔ ۳۱ (و
- ۱۷ سورة ق، آیۃ ۔ ۳۲ (ہ
- ۱۸ سورة ق، آیۃ ۔ ۴۲ (ی
- ۱۹ سورة ق، آیۃ ۔ ۴۳ (ا
- ۲۰ سورة الواقعۃ، آیۃ ۔ ۳ (خ
- ۲۱ سورة الطور، آیۃ ۔ ۹ (ی

بے خبر ہو جائے۔

یہ ہے اللّٰہ کی رحمت کا سایہ اور اس کے مستحقین اہل سایہ۔ جس کا تذکرہ قرآن وحدیث کی روشنی میں ابھی پیش کیا گیا ہے۔ آئیے آج ہم عہد کریں کہ ہم اعتقادی وعملی اخلاص وایمان کے ساتھ اپنے آپ کو اس حد تک ضرور مومن بنائیں گے کہ اللّٰہ تعالیٰ ہمارا شمار بھی اہل سایہ میں کردے۔ (آمین)

# مآخذ وحوالہ جات

- ۱ سورة البقرہ، آیة - ۴ (آخرت کا دن)
- ۲ سورة ص، آیة - ۱۶ (حساب کا دن)
- ۳ سورة تغابن، آیة - ۹ (نقصان و نفع ہو جانے کا دن)
- ۴ سورة الحاقة، آیة - ۱ (آنے والی برحق (گھڑی))
- ۵ سورة القیامة، آیة - ۱ ، سورة المجادله، آیة - ۶ (کھڑے کئے جانے کا دن)
- ۶ سورة النباء، آیة - ۱ (خبر عظیم واقعہ یعنی قیامت کی)
- ۷ سورة الانفطار، آیة - ۱ (آسمان کے پھٹ پڑنے کا دن)
- ۸ سورة الانشقاق، آیة - ۱ (آسمان میں دراڑیں پڑجانے کا دن)
- ۹ سورة الغاشیه، آیة - ۱ (ڈھانپ لینے والی)
- ۱۰ سورة القارعة، آیة - ۱ (دہلا دینے والی)

- ۱۱ سورۃ التکویر، آیۃ - ۱ (سورج کو لپیٹ دیئے جانے کا دن)
- ۱۲ سورۃ الجاثیہ، آیۃ - ۲۸ (جزا دیئے جانے کا دن)
- ۱۳ سورۃ ق، آیۃ - ۲۰ (وعدہ کا دن)
- ۱۴ سورۃ ق، آیۃ - ۲۲ (نگاہ کے تیز ہو جانے کا دن)
- ۱۵ سورۃ ق، آیۃ - ۳۴ (ہمیشہ رہنے کے فیصلے کا دن)
- ۱۶ سورۃ ق، آیۃ - ۴۱ (ندا دیئے جانے کا دن)
- ۱۷ سورۃ ق، آیۃ - ۴۲ (چیخ والا دن)
- ۱۸ سورۃ ق، آیۃ - ۴۲ (قبروں سے نکل پڑنے کا دن)
- ۱۹ سورۃ ق، آیۃ - ۴۴ (زمین کے پھٹ جانے کا دن)
- ۲۰ سورۃ الفاتحہ، آیۃ - ۴ ،سورۃ الذاریات، آیۃ - ۱۲ (حساب کتاب کے فیصلے کا دن)
- ۲۱ سورۃ الطور، آیۃ - ۹ (آسمان کے دہلنے کا دن)

- ۲۲ سورۃ الطور، آیۃ۔ ۱۳ (آگ کی طرف بلائے جانے کا دن)
- ۲۳ سورۃ القمر، آیۃ۔ ۶ (بلانے والے کے بلانے کا دن)
- ۲۴ سورۃ القمر، آیۃ۔ ۸ (تنگی کا دن)
- ۲۵ سورۃ القمر، آیۃ۔ ۱۹ (نحوست والا کا دن)
- ۲۶ سورۃ القمر، آیۃ۔ ۴۸ (منہ کے بل گھسیٹے جانے کا دن)
- ۲۷ سورۃ الواقعۃ، آیۃ۔ ۵۰ (ایک مقررہ معلوم دن)
- ۲۸ سورۃ الممتحنۃ، آیۃ۔ ۶ (آخرت کا (یا آخری دن)
- ۲۹ سورۃ التغابن، آیۃ۔ ۹ (نقصان واضح ہو جانے کا دن)
- ۳۰ سورۃ القلم، آیۃ۔ ۴۲ (کسی ساق کی حقیقت کھولے جانے کا دن)
- ۳۱ سورۃ الحاقۃ، آیۃ۔ ۱۵ (قیامت کے واقع ہو جانے کا دن)
- ۳۲ سورۃ المعارج، آیۃ۔ ۸ (آسمان کے تانبے جیسا ہونے کا دن)
- ۳۳ سورۃ المعارج، آیۃ۔ ۴۲ (وعدہ کیا گیا دن)
- ۳۴ سورۃ المعارج، آیۃ۔ ۴۳، ۴۴ (ان کے قبروں سے نکلنے کا دن)
- ۳۵ سورۃ المزمل، آیۃ۔ ۱۴ (زمین اور پہاڑوں کے تھرتھرانے کا دن)
- ۳۶ سورۃ المدثر، آیۃ۔ ۹ (بہت تنگی کا دن)

- ۳۷ سورة المرسلات، آیۃ۔ ۱۴، ۱۳ (فیصلے کا دن)
- ۳۸ سورة المرسلات، آیۃ۔ ۳۵ (بول نہ سکنے کا دن)
- ۳۹ سورة المرسلات، آیۃ۔ ۳۸ (پہلوں کو (ایک جگہ) جمع کرنے کا دن)
- ۴۰ سورة النباء، آیۃ۔ ۱۷ (فیصلہ کا مقرر دن)
- ۴۱ سورة النباء، آیۃ۔ ۱۸ (صور پھونکے جانے کا دن)
- ۴۲ سورة النباء، آیۃ۔ ۳۹ (برحق دن)
- ۴۳ سورة النباء، آیۃ۔ ۴۰ (اس دن آدمی دیکھے گا)
- ۴۴ سورة النزعت، آیۃ۔ ۶ (زمین کے تھرتھرانے کا دن)
- ۴۵ سورة النباء، آیۃ۔ ۳۸ (روح اور فرشتوں کے کھڑا ہونے کا دن)
- ۴۶ سورة النازعات، آیۃ۔ ۳۵ (انسان کے (اپنے اعمال کو) یاد کرنے کا دن)
- ۴۷ سورة عبس، آیۃ۔ ۳۴ (آدمی کے بھاگنے (منہ پھیرنے، نہ پہچاننے) کا دن)
- ۴۸ سورة المطففین، آیۃ۔ ۶ (لوگوں کے (اپنے رب کے ہاں) کھڑے ہونے کا دن)
- ۴۹ سورة المطففین، آیۃ۔ ۵ (ایک بہت بڑا دن)
- ۵۰ سورة البروج، آیۃ۔ ۲ (وعدہ کیا گیا دن)
- ۵۱ سورة الطارق، آیۃ۔ ۹ (تمام چھپے بھیدوں کے جاننے کا دن)
- ۵۲ سورة القمر، آیۃ۔ ۴۶ (سخت اور کڑوا دن)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

- ۵۳ سورۃ القارعۃ، آیۃ۔ ۴ (آ
- ۵۴ سورۃ الانفطار، آیۃ۔ ۱۹ (ک
- ۵۵ سورۃ المومنون، آیۃ۔ ۱۶ (
- ۵۶ سورۃ غافر، آیۃ۔ ۱۶ (جس
- ۵۷ سورۃ الدھر، آیۃ۔ ۷ (شر
- ۵۸ سورۃ الانسان، آیۃ۔ ۱۰ (
- ۵۹ سورۃ الدھر، آیۃ۔ ۲۷ (بھار
- ۶۰ سورۃ السجدۃ، آیۃ۔ ۱۳ (
- ۶۱ سورۃ الطور، آیۃ۔ ۴۵ (بے
- ۶۲ سورۃ النساء، آیۃ۔ ۴۲ (کا
- ۶۳ سورۃ النحل، آیۃ۔ ۸۴ (ا
- ۶۴ سورۃ مریم، آیۃ۔ ۳۷ (ا
- ۶۵ سورۃ طٰہٰ، آیۃ۔ ۱۰۲ (آ
- ۶۶ سورۃ طٰہٰ، آیۃ۔ ۱۰۹ (د
- ۶۷ سورۃ الفرقان، آیۃ۔ ۲۲ (

- ٦٨ سورة النمل، آیۃ۔ ٨٩ (ا
- ٦٩ سورة الروم، آیۃ۔ ١۴ (ا
- ٧٠ سورة الروم، آیۃ۔ ۵۵ (
- ٧١ سورة الروم، آیۃ۔ ۴٣ (
- ٧٢ سورة غافر، آیۃ۔ ٩ (جس
- ٧٣ سورة الجاثیۃ، آیۃ۔ ٢٧ (
- ٧۴ سورة الطور، آیۃ۔ ١١ (
- ٧۵ سورة الحاقۃ، آیۃ۔ ١۶ (
- ٧۶ سورة القیامۃ، آیۃ۔ ٢٢ (
- ٧٧ سورة القیامۃ، آیۃ۔ ٢۴ (
- ٧٨ سورة القیامۃ، آیۃ۔ ٣٠ (
- ٧٩ سورة النازعات، آیۃ۔ ٣
- ٨٠ سورة النازعات، آیۃ۔ ۴
- ٨١ سورة عبس، آیۃ۔ ٣۴
- ٨٢ سورة عبس، آیۃ۔ ٣٨
- ٨٣ سورة عبس، آیۃ۔ ۴٠

- ۵۳ سورة القارعة ، آیة ۔ ۴ (اس روز لوگ یوں ہونگے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے)
- ۵۴ سورة الانفطار، آیة ۔ ۱۹ (فیصلہ (معاملہ) اللہ کے ہاتھ میں ہونے والا دن)
- ۵۵ سورة المومنون، آیة ۔ ۱۱۳ (آج کے دن...... ان کو جزا عطا ہوئی)
- ۵۶ سورة غافر، آیة ۔ ۱۶ (جس دن وہ بالکل سامنے ہونگے (اپنے اعمال کے ساتھ)
- ۵۷ سورة الدھر ، آیة ۔ ۷ (طے شدہ سختی کا دن)
- ۵۸ سورة الانسان آیة ۔ ۱۰ (جو بہت خشک اور بڑا ہی سخت دن ہوگا)
- ۵۹ سورة الدھر آیة ۔ ۲۷ (بھاری دن)
- ۶۰ سورة السجدة، آیة ۔ ۱۲ (آج کا (قیامت کا) دن)
- ۶۱ سورة الطور، آیة ۔ ۴۵ (بے سدھ کئے جانے کا دن)
- ۶۲ سورة النساء، آیة ۔ ۴۲ (کافروں (کی مٹی میں مل جانے کی) خواہش کرنے کا دن)
- ۶۳ سورة النحل، آیة ۔ ۸۷ (اللہ تعالیٰ کے سامنے سیدھے کھڑے ہونے کا دن)
- ۶۴ سورة مریم، آیة ۔ ۳۷ (اللہ کے پاس آنے کا دن)
- ۶۵ سورة طہٰ ، آیة ۔ ۱۰۲ (آنکھوں کے نیلی ہونے کا دن)
- ۶۶ سورة طہٰ ، آیة ۔ ۱۰۹ (وہ دن جب شفاعت فائدہ نہ دے گی)
- ۶۷ سورة الفرقان، آیة ۔ ۲۲ (مجرموں کے لئے خوشخبری سے محرومی کا دن)

• ۶۸ سورۃ النمل، آیۃ ۔ ۸۹ (ایمان والوں کے لئے) گھبراہٹ سے محفوظ ہونے کا دن)

• ۶۹ سورۃ الروم، آیۃ ۔ ۴ (اہل ایمان کی خوشی کا دن)

• ۷۰ سورۃ الروم، آیۃ ۔ ۱۴ (قیامت کی) گھڑی کے قائم ہونے کا دن)

• ۷۱ سورۃ الروم ، آیۃ ۔ ۱۴ (جس دن وہ (لوگ) الگ الگ ہو جائیں گے)

• ۷۲ سورۃ الروم، آیۃ ۔ ۴۳ (لوگوں کے تتر بتر ہونے کا دن)

• ۷۳ سورۃ غافر، آیۃ ۔ ۹ (جس دن (برائیوں سے بچا لینے والوں پر) رحم فرماتا ہے)

• ۷۴ سورۃ الجاثیۃ، آیۃ ۔ ۲۷ (باطل پرستوں کے نقصان میں رہنے کا دن)

• ۷۵ سورۃ الطور ، آیۃ ۔ ۱۱ (جھٹلانے والوں کے لئے برا دن)

• ۷۶ سورۃ الحاقۃ، آیۃ ۔ ۱۶ (آسمانوں کے بے حیثیت ہو جانے کا دن)

• ۷۷ سورۃ القیامۃ، آیۃ ۔ ۲۲ (تروتازہ چہروں والوں کا دن)

• ۷۸ سورۃ القیامۃ، آیۃ ۔ ۲۴ (بگڑے ہوئے چہروں والوں کا دن)

• ۷۹ سورۃ القیامۃ، آیۃ ۔ ۳۰ (رب کی طرف) چلنے کا دن)

• ۸۰ سورۃ النازعات، آیۃ ۔ ۸ (دلوں کو لرزا دینے والا دن)

• ۸۱ سورۃ الذاریات، آیۃ ۔ ۱۳ (مشکل میں ڈالے جانے کا دن)

• ۸۲ سورۃ عبس ، آیۃ ۔ ۳۷ (کسی کی پروا نہ کرنے کا دن)

• ۸۳ سورۃ عبس ، آیۃ ۔ ۳۸ (اس دن سپیدہ سحر کی طرح چہرے ہوں گے)

- ۸۴ سورۃ عبس، آیۃ۔۴۰ (اس دن چہروں پر ہوائیاں اڑ رہی ہوں گی)
- ۸۵ سورۃ المطففین، آیۃ۔۱۵ (پردہ حجاب میں ڈالے گئے لوگوں کا دن)
- ۸۶ سورۃ الغاشیۃ، آیۃ۔۲ (اس دن بہت سے چہرے ذلیل ہوں گے)
- ۸۷ سورۃ الغاشیۃ، آیۃ۔۸ (اس روز بہت سے چہرے خوش ہوں گے)
- ۸۸ سورۃ الفجر، آیۃ۔۲۳ (جہنم کے لائے جانے کا دن)
- ۸۹ سورۃ العادیات، آیۃ۔۱۱ (قیامت کے دن کا سب سے بہتر علم اللہ کو ہے)
- ۹۰ سورۃ المعارج، آیۃ۔۱۱ (اس دن مجرم چھٹکارے کی خواہش کریں گے)
- ۹۱ سورۃ ھود، آیۃ۔۶۶ (اس دن کی رسوائی)
- ۹۲ سورۃ البقرہ، آیۃ۔۲۵۴ (اس دن نہ کوئی خرید وفروخت ہوگی نہ دوستی ہوگی اور نہ سفارش)
- ۹۳ سورۃ آل عمران، آیۃ۔۳۰ (اپنے اعمال کو (کھلی آنکھوں سے) دیکھنے کا دن)
- ۹۴ سورۃ المائدۃ، آیۃ۔۱۱۹ (یہ سچوں کے نفع (فائدہ) کا دن ہے)
- ۹۵ سورۃ الانعام، آیۃ۔۲۲ (سب کو جمع کرنے کا دن)
- ۹۶ سورۃ الانعام، آیۃ۔۹۳ (رسوائی کے عذاب کا دن)
- ۹۷ سورۃ الاعراف، آیۃ۔۱۴ (اٹھائے جانے کا دن)
- ۹۸ سورۃ توبہ، آیۃ۔۷۷ (ان کے حاضر کئے جانے کا دن)

- ۹۹۰ سورۃ ھود، آیۃ۔۳ (ایک بڑا دن)
- ۱۰۰۰ سورۃ ھود، آیۃ۔۲۶ (دردناک عذاب والا دن)
- ۱۰۱۰ سورۃ ھود، آیۃ۔۱۰۳ (حاضر بارگاہ کئے جانے کا دن)
- ۱۰۲۰ سورۃ ھود، آیۃ۔۱۰۴ (لوگوں کو جمع کئے جانے کا دن)
- ۱۰۳۰ سورۃ ابراھیم، آیۃ۔۴۴ (عذاب کے آنے کا دن)
- ۱۰۴۰ سورۃ ابراھیم، آیۃ۔۴۸ (زمین اور آسمان کے بدل دئے جانے کا دن)
- ۱۰۵۰ سورۃ الحجر، آیۃ۔۳۸ (مقررہ وقت کے آنے کا دن)
- ۱۰۶۰ سورۃ النحل، آیۃ۔۲۷ (کافروں کے لئے رسوائی اور برائی کا دن)
- ۱۰۷۰ سورۃ النحل، آیۃ۔۱۱۱ (قیامت کا دن)
- ۱۰۸۰ سورۃ اسراء، آیۃ۔۵۲ (تم کو پکارے جانے کا دن)
- ۱۰۹۰ سورۃ القصص، آیۃ۔۶۵ (ان سب کو آواز دیئے جانے کا دن)
- ۱۱۰۰ سورۃ الکھف، آیۃ۔۴۷ (پہاڑوں کو چلائے جانے کا دن)
- ۱۱۱۰ سورۃ المریم، آیۃ۔۳۹ (حسرت کا دن)
- ۱۱۲۰ سورۃ طه، آیۃ۔۱۲۶ (بھلا دیے جانے کا دن)
- ۱۱۳۰ سورۃ الانبیاء، آیۃ۔۱۰۴ (آسمان کو کاغذ کی طرح لپیٹ دیے جانے کا دن)
- ۱۱۴۰ سورۃ الحج، آیۃ۔۵۵ (سخت عذاب کا دن)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

- ۱۱۵ سورۃ الحج، آیۃ۔۱
- ۱۱۶ سورۃ النور، آیۃ۔۶۳
- ۱۱۷ سورۃ الفرقان، آیۃ۔
- ۱۱۸ سورۃ الروم، آیۃ۔
- ۱۱۹ سورۃ طٰہ، آیۃ۔
- ۱۲۰ سورۃ یٰس، آیۃ۔۶۵
- ۱۲۱ سورۃ یٰس، آیۃ۔۵
- ۱۲۲ سورۃ الصافات، آیۃ۔
- ۱۲۳ سورۃ المومن، آیۃ۔
- ۱۲۴ سورۃ المومن، آیۃ۔
- ۱۲۵ سورۃ المومن، آیۃ۔
- ۱۲۶ سورۃ المومن، آیۃ۔
- ۱۲۷ سورۃ غافر، آیۃ۔
- ۱۲۸ سورۃ غافر، آیۃ۔
- ۱۲۹ سورۃ الدخان، آیۃ۔

- ۱۳۰ سورة ابراهیم، آیة۔
- ۱۳۱ سورة الصفت، آیة۔
- ۱۳۲ ترجمہ مولانا محمود ا
- ۱۳۳ ترجمہ مولانا محمود ا
- ۱۳۴ ترجمہ مولانا احمد رض
- ۱۳۵ ترجمہ مولانا احمد رض
- ۱۳۶ ترجمہ مولانا اشرف ع
- ۱۳۷ ترجمہ مولانا اشرف ع
- ۱۳۸ ظِلّاً ظَلِیْلاً سے کیا

طور پر اس کا استعمال ناخوش گوار معان جہاں دھوپ نہ پڑے اس جگہ سائبان دھوپ سے بچانے والی چیز حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ ع لے کر طلوع آفتاب کے درمیان حصہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ (بصری ستارے فجر سے طلوع ہونے سے

- ۱۱۵ سورۃ الحج، آیۃ-۱ (قیامت کے زلزلے کا دن)
- ۱۱۶ سورۃ النور، آیۃ-۶۴ (اس (اللہ کریم) کی طرف واپس جانے کا دن)
- ۱۱۷ سورۃ الفرقان، آیۃ-۲۵ (آسمان کے بدلی سے پھٹ جانے کا دن)
- ۱۱۸ سورۃ الروم، آیۃ-۱۴ (لوگوں کے الگ الگ کیے جانے کا دن)
- ۱۱۹ سورۃ طٰہٰ، آیۃ-۱۰۸ (پکارنے والے کے پیچھے پیچھے چلنے کا دن)
- ۱۲۰ سورۃ یٰس، آیۃ-۶۵ (مونہوں کو بند کر دیئے جانے کا دن)
- ۱۲۱ سورۃ یٰس، آیۃ-۶۵ (ہاتھ پاؤں کے گواہی دینے کا دن)
- ۱۲۲ سورۃ الصافات، آیۃ-۲۶ (گردن جھکائے جانے کا دن)
- ۱۲۳ سورۃ المومن، آیۃ-۱۶ (اللہ وحدہٗ قہار کے بادشاہ ہونے کا اعلان کرنے کا دن)
- ۱۲۴ سورۃ المومن، آیۃ-۱۸ (قریب آیا ہوا دن)
- ۱۲۵ سورۃ المومن، آیۃ-۱۷ (ظلم سے پاک دن)
- ۱۲۶ سورۃ المومن، آیۃ-۱۵ (ملاقات کا دن)
- ۱۲۷ سورۃ غافر، آیۃ-۳۲ (پکار کا دن)
- ۱۲۸ سورۃ غافر، آیۃ-۵۱ (گواہوں کے کھڑا ہونے کا دن)
- ۱۲۹ سورۃ الدخان، آیۃ-۱۶ (بڑی سخت گرفت کئے جانے کا دن)

- ۱۳۰ سورۃ ابراھیم، آیۃ-۴۱ (حساب کے قائم کئے جانے کا دن)
- ۱۳۱ سورۃ الصّٰفّٰت، آیۃ-۲۱ (جھٹلائے جانے والے فیصلے کا دن)
- ۱۳۲ ترجمہ مولانا محمود الحسن، اسیر مالٹا، دیوبندی
- ۱۳۳ ترجمہ مولانا محمود الحسن دیوبندی
- ۱۳۴ ترجمہ مولانا احمد رضا خان بریلوی
- ۱۳۵ ترجمہ مولانا احمد رضا خان بریلوی
- ۱۳۶ ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی
- ۱۳۷ ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی

ظِلًّا ظَلِيْلًا سے کنایۃً زندگی کی آسائش مراد ہے، اور ظُلَّۃٌ سایہ فگن بدلی کو کہتے ہیں اور عام طور پر اس کا استعمال ناخوشگوار مواقع پر ہوتا ہے۔ (دیکھیے مفردات القرآن حصہ دوم ص ۶۵۲ اردو) جہاں دھوپ نہ پڑے اس جگہ کو ظِل کہتے ہیں یعنی سایہ، ظِلّ یا ظُلَّۃٌ کی جمع ہے ظِلَالٌ۔ ظُلَّۃٌ سائبان دھوپ سے بچانے والی چیز کو کہتے ہیں (دیکھیے تفسیر مظہری (اردو) جلد نہم ص ۵۵۶) حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ”جنت میں ہمیشہ وہ وقت رہے گا جو صبح صادق کے بعد سے لے کر طلوع آفتاب کے درمیان درمیان رہتا ہے“ (تفسیر ابن کثیر (اردو) سیپارہ ۲۷ سورۃ واقعہ ص ۷۳ تا ۷۴) حضرت حسن رضی اللہ عنہ (بصری) فرماتے ہیں کہ ”یہ سایہ (جنت) گھٹتا ہی نہیں نہ سورج آئے نہ گرمی ستائے فجر سے طلوع ہونے سے پیشتر کا سماں ہر وقت اس کے نیچے (عرش الہٰی کے نیچے) رہتا ہے“ (ایضاً)

• ۱۳۹ اردو ترجمہ شاہ رفیع الدین الدہلوی

• ۱۴۰ مشکوٰۃ المصابیح (عربی، اردو) حصہ اول ص ۴۵۷

• ۱۴۱ مشکوٰۃ المصابیح (عربی، اردو) حصہ اول ص ۴۷۱

• ۱۴۲ فضائل القرآن فی فضائل اعمال، ص ۲۳۹، مصنفہ مولانا محمد زکریا

• ۱۴۳ مشکوٰۃ المصابیح (عربی، اردو) جلد دوم "کتاب الصلوۃ ومواضع

الصلوۃ" فصل اول ص ۱۵۱ حدیث نمبر ۶۴۹

• ۱۴۴ اردو ترجمہ مولانا عبد الحکیم خان اختر شاہجہان پوری (مرحوم)

• ۱۴۵ جنت کی کنجی، ص ۱۴۶ مرتبہ مولانا احمد سعید دہلوی

• ۱۴۶ سورۃ الواقعۃ، آیۃ۔ ۳ (کسی کو نیچا کرنے والی، کسی کو اونچا کرنے والی)

• ۱۴۷ مسند احمد و مسند ابن خزیمہ بحوالہ جنت کی کنجی، ص ۳۷ حدیث نمبر ۳۳۶

• ۱۴۸ مشکوٰۃ المصابیح (عربی، اردو) حصہ دوم، کتاب الآداب باب الحب فی

اللّٰہ و من اللّٰہ ، ص ۶۴۱ حدیث نمبر ۴۷۸۵ بحوالہ مسلم کے حوالہ سے اس طرح آئی ہے فرمایا سرکار دو عالم ﷺ نے "اللّٰہ تعالیٰ قیامت کے روز فرمائے گا کہ میرے جلال کے باعث (آپس میں) محبت کرنے والے کہاں ہیں میں انہیں اپنے کرم کا سایہ دوں گا جبکہ آج میرے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہیں ہے" (اردو ترجمہ مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہان پوری)

• ۱۴۹ "غبط یہ ہوتا ہے کہ وہ نعمت زید میں برا نہیں جانتا نہ یہ چاہتا ہے کہ اس میں نعمت نہ ہو

بلکہ یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو بھی عطا فرمائے اس کو غبط کہتے ہیں (دیکھیے بلوغ المرام (عربی، اردو) ص ۴۸۵ حاشیہ نمبر ۲ محشی مولانا عبدالتراب ملتانی)

• ۱۵۰ مشکوٰۃ المصابیح (عربی، اردو) کتاب الفتن، حصہ سوم، ص ۶۴، حدیث نمبر ۵۳۲۷

• ۱۵۱ صحیح ابن حبان بحوالہ جنت کی کنجی، ص ۱۴۶، حدیث نمبر ۱۰۲۸

• ۱۵۲ بروایت صحیح ابن حبان و مستدرک حاکم بحوالہ بلوغ المرام (عربی ، اردو) باب صدقۃ التطوع ص ۲۰۹

• ۱۵۳ رفیع الشان ترجمہ قرآن (۱۰ ترجمہ والا قرآن مجید ) (حوالہ ۶۰۳) ص ۳۱۰ مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹیڈ (پہلے پانچ سپاروں والی جلد اول )

• ۱۵۴ مفہوم القرآن مصنفہ و مرتبہ غلام احمد پرویز، جلد اول، ص ۱۹۶، ادارہ طلوع اسلام لاہور

• ۱۵۵ ترجمان القرآن (ترجمہ و حاشیہ قرآن مجید) مرتبہ مولانا ابوالکلام آزاد جلد اول ص ۴۱۰ مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور

• ۱۵۶ تفسیر حقانی، جلد سوم، ص ۱۹۷، از مولانا ابو محمد عبد الحق حقانی الدہلوی، مکتبہ العزیزیہ لاہور

• ۱۵۷ تفسیر تفہیم القرآن، جلد اول، ص ۳۶۲ از مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، مکتبہ ترجمان القرآن لاہور

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

• ۱۵۸ تفسیر مدبر قرآن ، جلد ا

• ۱۵۹ تفسیر ضیاء القرآن ، ج

• ۱۶۰ تفسیر قاسمی ، جلد ۱، ا

• ۱۶۱ تفسیر مواہب الرحمٰن

لمیٹیڈ لاہور

• ۱۶۲ تفسیر حقانی ، جلد ۳،

• ۱۶۳ تفسیری حاشیہ خزائن

• ۱۶۴ تفسیری حاشیہ مطبو

• ۱۶۵ تفسیری حاشیہ بر تر

• ۱۶۶ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پ

طفیلی کے علاوہ ایک اور مثال یوم ع نے تفسیر مظہری کا حوالہ دینے کے با

• ۱۶۷ مشکوٰۃ المصابی

صحیح مسلم

• ۱۶۸ مشکوٰۃ المصاب

• ۱۶۹ مشکوٰۃ المصاب

جامع ترمذی

• ۱۷۰ مشکوٰۃ المص

۹۱، بحوالہ جامع ترمذی (طویل حدی

• ۱۷۱ تفسیر ابن کثیر (ا

• ۱۷۲ زاد راہ ( مجموعہ حد

ترجمہ ترمذی

• ۱۷۳ بظاہر ان دونوں

ہو گئے مگر مختلف مقدس چیزوں : ہوں کی یہی بتانا مقصود ہے کہ ا و اعمال کی سفارش و حمایت اللہ لئے ان چیزوں کے ذکر سے ا ہے، واللہ اعلم ۔

• ۱۷۴ فیضان سنت،

اس حدیث میں، دعائے اللہ ک ۔ اس لہر رحمت کا نزول اور اس

• ۱۵۸ تفسیر تدبر قرآن، جلد دوم، ص ۸۰، از مولانا امین احسن اصلاحی، دار الاشاعت اسلامیہ لاہور

• ۱۵۹ تفسیر ضیاء القرآن، جلد اول، ص ۳۵۵، از پیر محمد کرم شاہ الازہری، مکتبہ ضیاء القرآن لاہور

• ۱۶۰ تفسیر فاضلی، جلد اول، ص ۳۶۳، از ڈاکٹر محمد اشرف فاضلی، فاضلی فاؤنڈیشن لاہور

• ۱۶۱ تفسیر مواہب الرحمٰن، جلد دوم، سپارہ پنجم، ص ۹۷، از مولانا سید امیر علی ملیح آبادی، مکتبہ رشیدیہ

لمیٹڈ لاہور

• ۱۶۲ تفسیر حقانی، جلد سوم، ص ۹۷ (حاشیہ)

• ۱۶۳ تفسیری حاشیہ خزائن العرفان بر کنز الایمان، ص ۱۲۷، تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی۔

• ۱۶۴ تفسیری حاشیہ مطبوعہ تاج کمپنی، ص ۹۶

• ۱۶۵ تفسیری حاشیہ بر ترجمہ مولانا محمود الحسن، دیوبندی ص ۱۱۲

• ۱۶۶ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی نے تفسیر مظہری جلد سوم میں ص ۱۴۱ پر شمس شاس اور قیسل

لشینی کے علاوہ ایک اور مثال یوم الغیم بھی دی ہے نامعلوم صاحب معارف القرآن مفتی محمد شفیع صاحب نے تفسیر مظہری کا حوالہ دینے کے باوجود تیسری مثال کیوں چھوڑ دی (دیکھیے جلد دوم، ص ۴۴۲)

• ۱۶۷ مشکوۃ المصابیح "کتاب الفتن" حصہ سوم، باب الحوض والشفاعۃ ، ص ۸۴، بحوالہ

صحیح مسلم

• ۱۶۸ مشکوۃ المصابیح "کتاب الفتن" حصہ سوم، باب الحوض والشفاعۃ ، ص ۸۳

• ۱۶۹ مشکوۃ المصابیح "کتاب الفتن" حصہ سوم، باب الحوض والشفاعۃ ، ص ۸۴ بحوالہ جامع ترمذی

• ۱۷۰ مشکوۃ المصابیح "کتاب الفتن" حصہ سوم، باب الحوض والشفاعۃ ص ۹۱، بحوالہ جامع ترمذی (طویل حدیث کا اقتباس ہے)

• ۱۷۱ تفسیر ابن کثیر (اردو) سپارہ نمبر ۲۷، تفسیر سورۃ واقعہ، ص ۷۴، ۷۳

• ۱۷۲ زاد راہ (مجموعہ حدیث) ص ۱۰۸، ۱۰۹ مرتبہ مولانا جلیل احسن ندوی، بحوالہ ترغیب و ترہیب ثم ترمذی

• ۱۷۳ بظاہر ان دونوں حدیثوں (موجودہ و ماقبل) میں ایسے افراد کا ذکر نہیں جو سائے میں ہونگے مگر مختلف مقدس چیزوں کے حوالے سے کہ وہ قیامت کے دن اللہ کے عرش کے سائے کے تلے ہوں گی یہی بتانا مقصود ہے کہ ان کے حاملین بھی عرش کے سائے تلے ہوں گے، یا پھر ان متبرک چیزوں و اعمال کی سفارش و حمایت ان کے رکھنے والوں کو عرش کے سایہ تلے لانے کا سبب بن جائے گی اس لئے ان چیزوں کے ذکر سے ان کے حاملین و عاملین کا تذکرہ اکرام اور سایہ عافیت میں ہونا مذکور ہے، واللہ اعلم۔

• ۱۷۴ فیضان سنت صفحہ ۵۲-۱۵۱ بحوالہ مکاشفۃ القلوب اس ابر رحمت سے مراد جس کا ذکر

اس حدیث میں ہوا ہے اللہ کی خصوصی رحمت و شفقت ہو سکتی ہے جس کا نزول روحانی ہے مادی نہیں ۔ اس ابر رحمت کا نزول اور اس کی مذکورہ نشانیوں کا ظہور خاص بندوں پر خاص حالات میں اور خاص

مقامات پر ہی ہو سکتا ہے۔ ہر کسی کے لیے ہر حالت میں اور ہر جگہ پر نہیں۔ ورنہ ہر روز نمازوں میں ، درود و سلام کی محفلوں میں ، نعتوں میں اور دوسرے مختلف مواقع پر کروڑوں مسلمان درود پڑھتے ہیں ۔ ہونا تو اب یہ چاہئے کہ ساری زمین سونا تمام پہاڑ چاندی کے اور کل کفار مسلمان ہو جائیں۔ مگر ایسا نہیں ہے۔ اس لئے یہاں عموم نہیں خصوص مراد لینا پڑے گا اور اس عظیم سعادت کو مادی نہیں بلکہ روحانی ماننا پڑے گا۔ "واللہ اعلم۔

• ۱۷۵ فیضان سنت، ص ۵۷-۱۵۶ بحوالہ افضل الصلوات علیٰ سید السادات (ﷺ)

• ۱۷۶ فرشتوں کے تاج ہوں یا قیامت کے روز ملنے والا نور، یہ دونوں بندۂ مومن کے لیے

عزت و اکرام، شان و شوکت، درجات اور قرب کی نشانیاں ہیں۔ جن کا سایہ اُن کے حاملین کو راحت و عافیت میں بھی رکھے گا۔ واللہ اعلم۔

• ۱۷۷ مشکوٰۃ المصابیح (عربی، اردو) حصہ اوّل، باب ذکر الٰہی و تقرب خداوندی، ص ۳۹۰۔

• ۱۷۸ دیکھیے جنت کی کنجی، ص ۱۴۳، حدیث نمبر ۱۲۰۶۔

• ۱۷۹ مکاتب وہ غلام ہوتا ہے جو آزاد ہونا چاہے مگر اُس کی آزادی کو اُس کا آقا رقم و زر سے

مشروط کر دے کہ تم مجھے اتنا مال کما کر دو تو میں تمہیں آزاد کر دوں گا۔ یہ معاہدہ لکھا جاتا ہے اس وجہ سے ایسے غلام کو مکاتب کہا جاتا ہے۔ جو شخص ایسے غلام کی آزادی میں تعاون کرے اُس کا اس حدیث میں ذکر ہے ۔ ایسے لوگ مال زکوٰۃ کے مستحق بھی ہوتے ہیں۔ (دیکھیے سورۃ توبہ آیۃ۔ ۶۰)

• ۱۸۰ صحیح بخاری وصحیح مسلم کی متفق علیہ حدیث، جسے حدیثِ جبریلؑ بھی کہا جاتا ہے، میں

احسان کی تعریف یہ آئی ہے۔ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہُ یَرَاکَ (مشکوٰۃ المصابیح کتاب الایمان حدیث نمبر۔۱) ترجمہ: ”تو اللّٰہ کی عبادت اس طرح کرے گویا تُو اُسے دیکھ رہا ہے۔ پس اگر تُو اُسے نہیں دیکھ رہا تو یہ سمجھ کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔“ زندگی کی ہر گھڑی مردِ مومن کا ایمان یہی ہونا چاہئے۔

قرآن کریم کا ارشاد بھی تو یہی ہے چنانچہ فرمایا جا رہا ہے:

اِنَّ رَبَّکَ لَبِالْمِرْصَادِ (سورۃ الفجر آیۃ۔ ۱۴) تیرا رب لگا ہے گھات میں (یعنی تجھ پر نظر رکھے ہوئے ہے) (ترجمہ شاہ عبدالقادر محدث دہلوی)

وَاصْبِرْ لِحُکْمِ رَبِّکَ فَاِنَّکَ بِاَعْیُنِنَا (سورۃ الطور، آیۃ۔ ۴۸) اور تُو ٹھہرا رہ منتظر اپنے رب کے حکم کا کہ تُو ہماری آنکھ کے سامنے ہے۔ (ترجمہ شاہ عبدالقادر محدث دہلوی صاحب)

• ۱۸۱ مہاجر کا ایک معنی و مفہوم تو یہ ہے جو بیان ہوا ہے ایک حدیث شریف میں مہاجر کا یہ معنی

بیان ہوا ہے۔ اَلْمُھَاجِرُ مَنْ ھَجَرَ مَا نَھَی اللّٰہُ عَنْہُ (بحوالہ منتخب حدیثیں ص ۶۳ مرتبہ مولانا عبدالمصطفےٰ اعظمی مطبوعہ لاہور) ترجمہ: مہاجر وہ ہے جو ان تمام کاموں کو چھوڑ دے جن سے اللّٰہ نے منع فرمایا ہے۔

ایک اور حدیث پاک میں سرکار دو عالم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

”سچا مہاجر بنو اور عمل کو ترک کر کے محض زبان سے مہاجر ہونے کے دعوے نہ کرو“ (بحوالہ مفردات

القرآن (اردو) حصہ دوم، ص ۱۱۵۱ امام راغب اصفہانی / مولنا محمد عبدہ فیروز پوری مطبوعہ لاہور )

۱۸۲ کیونکہ مال اور غلے کی نگرانی کرنا ایک ذمہ داری کے علاوہ "آزمائش" بھی ہے شیطان نگران کو مختلف حوائج، امیدوں اور "حق" کا حوالہ دے کر مال اور غلے میں تصرف کرنے کی ترغیب دلاتا رہتا ہے تاکہ وہ امانت میں خیانت کر کے دین و ایمان سے محروم ہو جائے اللہ کے بندے نگرانی اور ولایت کی ذمہ داری سے اسی وجہ سے بچتے ہیں تاکہ وہ آزمائش میں نہ پڑیں۔ واللہ اعلم

۱۸۳ دیکھیے "جنت کی کنجی" مرتبہ سبحان الہند مولانا احمد سعید دہلوی دیوبندی۔

۱۸۴ ☆ والی تمام عبارتیں (قرآنی آیتیں اور حدیثیں) راقم آثم نے خود شامل مضمون کی ہیں۔ جو مختلف قرآنی آیات اور حدیثوں سے ماخوذ ہیں۔ چند اور آیات اور حدیثیں ذیل میں پیش کی جاتی ہیں جو مضمون سے متعلق ہیں۔

(سورۃ البقرہ آیہ۔ ۵۷) وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى (بنی اسرائیل سے خطاب) اور ہم نے تم پر بادلوں کا سایہ کیا اور ہم نے تم پر من و سلوی اتارا اس لیے کہ تم تھے (حضرت موسیٰ کے ساتھ تھے)

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ کا بیان ہے کہ میرے پاس ایک عورت اپنی دو بیٹیوں کے ساتھ آئی اور بھیک مانگنے لگی تو اُس نے میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہ پایا تو میں نے وہی ایک کھجور اُس کو دے دی۔ تو اُس نے اُس کھجور کو اپنی دونوں بیٹیوں کے درمیان تقسیم کر دیا اور خود نہیں کھایا اور پھر اٹھ کھڑی ہوئی اور گھر سے چلی گئی اس کے بعد رسول اکرم ﷺ مکان میں داخل ہوئے تو میں نے یہ ماجرا آپ ﷺ سے بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا۔

”جو شخص ان بیٹیوں کے ساتھ آزمائش میں ڈالا گیا اور اس نے اپنی بیٹیوں کے ساتھ بہترین سلوک کیا تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم سے پردہ یعنی (سایہ) رحمت بن جائیں گی“۔ مشکوۃ المصابیح، حصہ دوم، ص ۴۲۱ بحوالہ بخاری و مسلم (جواہر الحدیث، حدیث ۲۶ مرتبہ مولانا عبد المصطفیٰ اعظمی مطبوعہ لاہور۔)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 322 ماہنامہ مسیحائی کراچی

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

محمد انوار احمد

ہم سے بیان کیا ہو سیرت رسول کی

رب نے خود آپ کی ہے مدحت رسول کی

سارے جہاں میں دن کا سکہ بٹھا دیا

کیا قابل تقلید ہے حکمت رسول کی

اے کاش ہم بھی دیکھیں کبھی اُن کو خواب میں

دیکھی نہیں ہے ہم نے صورت رسول کی

غزوے میں حصہ لے کے تہہ تیغ کر دیا

دشمن کے آگے دیکھئے قوت رسول کی

کفار کی یلغار سے ہر گز نہ وہ ڈرے

امت کے غم میں رات کو روتے تھے اٹھ کے وہ

امت سے کوئی دیکھے محبت رسول کی

اللہ نے بلانے کو براق بھیج دی

اللہ نے بنائی ہے کیا قسمت رسول کی

اک در بے بہا ہیں گدڑی میں لعل ہیں

ہے کون جو لگائے قیمت رسول کی

☆.......☆.......☆

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# قانون توہین رسالت کیا صدر ضیاء الحق کا قانون ہے؟

محمد متین خالد

قانون توہین رسالتﷺ کے مخالفین کا کہنا ہے کہ توہین رسالتﷺ کا قانون صدر ضیاء الحق کے دور میں بنا۔ لہٰذا اسے ختم ہونا چاہیے۔

صدر ضیاء الحق کی دشمنی کی آڑ میں قانون توہین رسالتﷺ کی مخالفت عجیب بات ہے۔ ہمیں سب سے پہلے اس قانون کے بننے کی وجہ معلوم کرنی چاہیے۔ 17 مئی 1986ء کی شام اسلام آباد کے ہوٹل میں ایک سیمینار کے دوران انسانی حقوق کمیشن کی چیئرپرسن (موجودہ سپریم کورٹ بار کی صدر) عاصمہ جہانگیر ایڈووکیٹ نے شریعت بل کے خلاف تقریر کرتے ہوئے حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰﷺ کے بارے میں نہایت توہین آمیز اور گستاخانہ الفاظ استعمال کیے۔ میرا قلم اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ میں وہ ناپاک الفاظ یہاں رقم کروں۔ عاصمہ جہانگیر کی شان رسالتﷺ میں گستاخی کے ارتکاب پر راولپنڈی بار ایسوسی ایشن کے معزز اراکین جناب عبدالرحمن لودھی ایڈووکیٹ اور جناب ظہیر احمد قادری ایڈووکیٹ نے سخت احتجاج کیا اور مطالبہ کیا کہ وہ ان توہین آمیز الفاظ کو واپس لے کر اس گستاخی پر معافی مانگے۔ عاصمہ جہانگیر کے انکار اور اپنے الفاظ پر مسلسل اصرار پر سیمینار میں ہنگامہ برپا ہوگیا۔ اگلے دن جب اس واقعہ کی خبر اخبارات میں شائع ہوئی تو پورے ملک میں غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی۔ مسلمانوں کی طرف سے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ فوری طور پر توہین رسالت کی سزا نافذ کی جائے اور اس جرم کا ارتکاب کرنے والے کو عبرتناک سزا دی جائے۔ دریں اثناء انہی دنوں عاصمہ جہانگیر نے برملا اعلان

کیا کہ ”میرے شوہر طاہر جہانگیر قادیانی ہیں۔ میں اس سلسلہ میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتی۔ وہ ہم سے بہت بہتر ہیں۔“ (روزنامہ جنگ لاہور 26 جون 1986ء)

عاصمہ جہانگیر کی اس قابل اعتراض تقریر کا نوٹس سب سے پہلے قومی اسمبلی میں اسلامی جذبہ سے سرشار خاتون ایم۔ این۔ اے محترمہ نثار فاطمہ نے لیا اور انہوں نے وہاں

پوری قوت کے ساتھ آواز اٹھائی کہ عاصمہ جہانگیر کے ان توہین آمیز الفاظ کے خلاف حکومت فوری ایکشن لے۔ لیکن چونکہ اس وقت تعزیرات پاکستان میں توہین رسالت کے جرم کی کوئی سزا مقرر نہیں تھی، اس لیے اس کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہ ہوسکی۔ بعد ازاں محترمہ آپا نثار فاطمہؒ نے قومی اسمبلی میں ایک بل پیش کیا جس میں توہین رسالت کی اسلامی سزا، سزائے موت تجویز کی گئی۔ اراکین قومی اسمبلی کی بھاری اکثریت نے اس بل کو منظور کیا اور اس طرح تعزیرات پاکستان میں دفعہ C/295 کا اضافہ کیا گیا جس کی رُو سے "اگر کوئی شخص زبانی یا تحریری الفاظ کے ذریعے یا واضح انداز میں یا بذریعہ بہتان طرازی یا بذریعہ طعن آمیز اشارہ، کنایہ، براہ راست یا بالواسطہ طور پر حضور نبی کریم حضرت محمدﷺ کے اسم مبارک کی بے حرمتی کرتا ہے، سزائے موت کا مستوجب ہوگا یا اسے تاحیات سزائے عمر قید دی جائے گی اور اسے جرمانہ بھی کیا جاسکے گا۔"

اس قانون میں دو سزائیں تجویز کی گئیں، سزائے موت یا تاحیات سزائے قید۔ حالانکہ محترمہ آپا نثار فاطمہؒ کی طرف سے پارلیمنٹ میں پیش کیے گئے بل میں توہین رسالت کی سزا صرف سزائے موت تجویز کی گئی تھی مگر وزارت قانون کی طرف سے اس بل میں یہ ترمیم کی گئی کہ شاتم رسول کی سزا، سزائے موت یا عمر قید ہوگی۔ اس طرح تعزیرات پاکستان میں C-295 کا اضافہ کر دیا گیا۔ چونکہ توہین رسالت کے مرتکب کی سزا "عمر قید" اسلامی قانون کے خلاف تھی۔ لہٰذا سپریم کورٹ کے سینئر ایڈووکیٹ، مجاہد تحفظ ناموس رسالت جناب محمد اسماعیل قریشی نے اس قانون کو وفاقی شرعی عدالت میں چیلنج کر دیا کہ توہین رسالت کی سزا بطور حد سزائے موت ہے اور حد کی سزا میں حکومت ہی نہیں، بلکہ پوری امت مسلمہ کو بھی سوئی کی نوک کے برابر کمی یا اضافہ کرنے کا اختیار نہیں اور یہ ناقابل معافی جرم ہے۔ اس مقدمہ کی باقاعدہ سماعت یکم اپریل

1987ء کو شروع ہوئی۔ وفاقی شرعی عدالت کا یہ فل بینچ جناب جسٹس گل محمد خاں چیف جسٹس، جناب جسٹس عبدالکریم خان کنڈی، جناب جسٹس عبادت یار خاں، جناب جسٹس عبدالرزاق اے تھہیم اور جناب جسٹس فدا محمد خاں پر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

مشتمل تھا۔ عدالت نے خاصے م تمام مسالک کے جید علماء کرام ا بھی طلب کیا، تا کہ وہ اس موضوع 30 اکتوبر 1990ء ک نے قرار دیا کہ حضرت محمدﷺ ک متبادل سزا، تاحیات قید، اسلام کی کہا کہ دفعہ 295 سی میں "یا عمر پاکستان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ و اور "یا عمر قید" کے الفاظ ختم کریں بعد یہ الفاظ خود بخود کالعدم متصور ہ جائے گا، چنانچہ مقررہ تاریخ تک ت فیصلے کے مطابق یہ الفاظ خود بخود توہین رسالت کی سزا، سزائے مو قرار دیا۔ (FSC 1991 203-D 10 کے تحت وفاقی شرعی ع غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کرے ت شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہت

- "عدالت ازخودنوٹس ل

حکومت کی پٹیشن پر یہ اختیار ر میں کسی بھی قانون یا اس کی شق ک کرسکے"۔ یہ بات ہر قسم کے ش

مشتمل تھا۔ عدالت نے خاصے عرصے تک اس درخواست کی سماعت کی اور متعدد سکالروں تمام مسالک کے جید علماء کرام اور اس موضوع پر دسترس رکھنے والے سینئر قانون دانوں کو بھی طلب کیا، تاکہ وہ اس موضوع پر اپنی آراء پیش کر کے عدالت کی قانونی معاونت کریں۔ 30 اکتوبر 1990ء کو عدالت نے اس درخواست کا متفقہ فیصلہ سنایا۔ عدالت نے قرار دیا کہ حضرت محمدﷺ کی توہین یا ان کے اسم مبارک کی بے حرمتی کے جرم میں متبادل سزا، تاحیات قید، اسلام کی واضح نصوص (احکام) کے منافی ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ دفعہ 295 سی میں "یا عمر قید" کا لفظ مکمل اسلامی سزا کے خلاف ہے، اس لیے صدر پاکستان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 30 اپریل 1991ء تک اس قانون کی اصلاح کریں اور "یا عمر قید" کے الفاظ ختم کریں، اور یہ کہ اگر تاریخ مقررہ تک ایسا نہ کیا گیا تو پھر اس کے بعد یہ الفاظ خود بخود کالعدم متصور کیے جائیں گے اور صرف سزائے موت، ملک کا قانون بن جائے گا، چنانچہ مقررہ تاریخ تک یہ کام نہ ہوسکا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے مطابق یہ الفاظ خود بخود کالعدم ہو گئے۔ وفاقی شرعی عدالت نے اپنے فیصلہ میں توہین رسالت کی سزا، سزائے موت کو قرآن اور سنت رسولﷺ سے اخذ کردہ اور درست قرار دیا۔(PLD 1991 FSC 10) یادرہے کہ پاکستان کے آئین کی دفعہ D-203 کے تحت وفاقی شرعی عدالت ہی اس امر کی مجاز ہے کہ وہ کسی قانون کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کرے۔ آئین کی شق D-203 کے مطالعہ کے بعد اس سلسلہ میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ اس آئینی شق میں کہا گیا ہے:

• "عدالت از خود نوٹس پر یا پاکستان کے کسی شہری کی پٹیشن پر یا وفاقی یا کسی صوبائی

حکومت کی پٹیشن پر یہ اختیار رکھتی ہے کہ وہ قرآن اور سنت رسولﷺ کے اصولوں کی روشنی میں کسی بھی قانون یا اس کی شق کے اسلام کے مطابق یا اسلام سے متصادم ہونے کا فیصلہ کرسکے"۔

یہ بات ہر قسم کے شک و شبہ سے بالا تر ہے کہ پاکستان کی پارلیمنٹ قوانین وضع

کرنے ، ان پر نظر ثانی کرنے ، ان میں ترمیم کرنے ، ان کی تنسیخ کرنے کے وسیع تر اختیارات رکھتی ہے۔ پارلیمانی طریقہ کار اور قانون سازی کی روایات کے مطابق پارلیمنٹ کی طرف سے وضع کردہ قانون توہین رسالت کئی دہائیوں سے نافذ العمل ہے اور آئینی عدالت کے کڑے معیار پر پورا اتر چکا ہے۔ یہ کہنا کہ قرآن وسنت میں توہین رسالت کی سزا موت نہیں ہے، وفاقی شرعی عدالت اس اعتراض کا آئینی شق D-203 کی ذیلی شق 2 کے تحت پہلے ہی باریک بینی سے جائزہ لے چکی ہے اور اس کے فیصلہ کی رو سے موجود قانون قرآن وسنت کے عین مطابق ہے اور قرار دیا گیا ہے کہ گستاخ رسول کے لیے موت کی سزا کے علاوہ کسی بھی قسم کی متبادل سزا اسلامی تعلیمات سے متصادم ہوگی۔ آئین کی شق D-203 کی ذیلی شق 2 کی شق (b) کے تحت یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ ہو چکا ہے۔

حکومت نے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں پیش کیا ، اس فیصلے کو چیلنج نہیں کیا گیا تھا ، بلکہ اس کا مقصد فیصلہ کے بعض پہلوؤں کی وضاحت حاصل کرنا تھا۔ بعد ازاں حکومت سپریم کورٹ سے یہ اپیل واپس لے لی۔ بعض لوگوں نے حکومت کے اس اقدام کو تنقید کا نشانہ بنایا اور اس سنگین جرم کے لیے صرف موت کی سزا قائم رکھنے پر اپنے ذہنی تحفظات کا اظہار کیا۔ لیکن ان لوگوں کے یہ ذہنی تحفظات عوامی سطح پر کوئی پذیرائی حاصل نہ کر سکے۔ نہ صرف رائے عامہ کے رہنماؤں نے، بلکہ منتخب اداروں اور قانون ساز اسمبلیوں نے بھی عوامی جذبات کو زبان دی۔

2 جون 1992ء کو پاکستان کی قومی اسمبلی نے ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی، جس میں حکومت سے کہا گیا کہ حضرت محمد ﷺ کی توہین پر صرف اور صرف سزائے موت ہی دی جانی چاہیے۔ سینٹ نے بھی یہی راہ عمل اختیار کی۔ 8 جولائی 1992ء کو سینٹ میں ترمیمی قانون متفقہ

طور پر منظور کیا گیا ، جس میں اس جرم کے لیے صرف موت کی سزا دینے کا حکم دیا گیا ہے۔ اگر عوام کی مرضی پر عمل کرنے کے اصول کا کچھ مقصد ہے ، اگر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا متفقہ فیصلہ پاکستان کے عوام کے اجتماعی ضمیر کا اظہار ہے، تو یہ قانون

ہماری قومی تاریخ میں ایک سب سے زیادہ عوامی قانون تسلیم کیا جانا چاہیے۔ افسوس ہے کہ اس قانون کے مخالفین (قادیانی اور سیکولر حضرات) پارلیمنٹ کے اس متفقہ فیصلے کو تسلیم کرنے سے یکسر انکاری ہیں۔ وہ اس سلسلہ میں وفاقی شرعی عدالت کے تاریخی فیصلہ کو بھی تسلیم نہیں کرتے۔ وہ مسلمانوں کی اکثریت کے مذہبی جذبات کو رائی برابر بھی وقعت نہیں دیتے بلکہ اس قانون پر تنقید کرتے ہوئے بعض دفعہ ایسی دل آزار اور اشتعال انگیز گفتگو کرتے ہیں کہ جس سے لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ سابق وزیراعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو نے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔ حالانکہ قادیانیوں کو 7 ستمبر 1974ء کو (وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی موجودگی میں) ملک کی منتخب پارلیمنٹ نے متفقہ طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔ اس طرح قانون توہین رسالت ﷺ صدر ضیاء الحق نے نہیں بلکہ ملک کی منتخب پارلیمنٹ نے متفقہ طور پر بنایا۔ سیکولر اور بے دین عناصر اس قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ ایک آمر ضیاء الحق کے دور میں بنا، ان سے پوچھنا چاہیے کہ عائلی قوانین بھی تو ایک آمر صدر ایوب خاں کے دور میں بنائے گئے تھے، آپ اس کی مخالفت تو نہیں کرتے۔ مزید ان بزرجمہروں سے یہ بھی دریافت کرنا چاہیے کہ کیا صدر ضیاء الحق کے دور میں بنائے گئے تمام قوانین ختم ہو گئے ہیں یا اُن پر اب بھی من وعن عمل ہو رہا ہے؟ آخر آپ انہیں ختم کرانے کی کوشش کیوں نہیں کرتے؟ یہ تضاد بیانی اور منافقت کیوں اور کب تک .........؟

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

آفتاب کریمی

خدا کی رحمتیں پاؤ مقدر جاگ جائے گا

درود ہر دم پڑھے جاؤ مقدر جاگ جائے گا

در آقا ہے ایسا در جہاں قسمت سنورتی ہے

وہاں جھولی کو پھیلاؤ مقدر جاگ جائے گا

چلو طیبہ کہ طیبہ میں بہت خیرات بٹتی ہے

کبھی خیرات وہ پاؤ مقدر جاگ جائے گا

مدینے اور مکے میں حدیثوں میں اسے ڈھونڈو

نبی کا نقش پا پاؤ مقدر جاگ جائے گا

امانت کا دیانت کا صداقت کا سخاوت کا

ترانہ جھوم کر گاؤ مقدر جاگ جائے گا

کسی در پر نہیں جاؤ کسی سے کچھ نہیں چاہو

در آقا پہ ہو آؤ مقدر جاگ جائے گا

نبی کی پاک سیرت کا ترانہ ہیں سبھی نعتیں

انہیں جاکر سنا آؤ مقدر جاگ جائے گا

نمازیں مسجد نبوی میں پڑھنی ہیں جماعت سے

اگر چالیس پڑھ آؤ مقدر جاگ جائے گا

تمہارے گھر میں تو اکثر نبی کا ذکر ہوتا ہے

کریمی تم نہ گھبراؤ مقدر جاگ جائے گا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# حرمت رسول ﷺ

مولانا محمد صابر سرہندی

مدیر اعلیٰ ماہنامہ تمنائے زاد راہ فیصل آباد

وہ جس کا صدیوں سے انتظار تھا۔ تمام انبیاء جس کی امت میں پیدا ہونے کے نہ صر ف خواہش مند بلکہ انکا امتی ہونا باعث افتخار سمجھتے تھے۔ وہ جسے زندہ دفن ہونے والی بچیاں چیخ چیخ کر پکار رہی تھیں۔ وہ جس کیلئے مظلوم چشم براہ تھے۔ کس کس کا تذکرہ کریں وہی تو ہے جن وانس کے ساتھ ساتھ جس کی آمد کی پوری کائنات منتظر تھی یہاں تک کہ خود خالق نے فرمایا۔ ”کہ اگر تجھے پیدا نہ کرنا ہوتا تو کائنات کا ذرہ بھی تخلیق نہ پاتا“۔ ہاں ہاں وہی غریبوں، یتیموں، بیواؤں، بیماروں، پریشان حالوں اور بے آسروں کا آسرا، گناہوں کی دلدل میں دھنسے ہوؤں کو ایک نظر میں نجات دلانے والا، جس کے سامنے اونچی آواز میں بولنا اللہ تبارک وتعالیٰ کو پسند نہیں۔ جسے غلط انداز سے پکارنے والے کو اللہ پاک قرآن پاک میں انہیں الفاظ سے پھٹکارے اور پھر ایسے بدبخت کو عزت کی موت بھی نصیب نہ کرے، جس کی عظمت کا انکار کرنے والے کے قتل کو اللہ پاک جائز قرار دے۔ ہاں۔ ہاں وہی جس پر شجر وحجر صلوٰۃ وسلام پڑھیں۔ دشمن کی مٹھی میں کنکریاں کلمہ شہادت پڑھکر نبوت کی عظمت کا اعلان کریں۔ جس کی انگلی کے اشارے سے چاند دوٹکڑے ہو جائے۔ جس کے لئے زمان ومکاں کی وسعتیں سمیٹ دی جائیں۔ جسے تمام انبیاء کی امامت کا تاج پہنایا جائے۔ ہاں، وہ، وہی جسے اولین وآخرین کا نبی بنا کر روز محشر شفاعت کا اختیار بخشا جائے گا۔ جس کے سایہ عاطفت میں آنے والوں کیلئے مال، جان، عزت آبرو کوئی اہمیت نہ رکھتے ہوں اور

بات بات پر "میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان" پکار اٹھیں۔ بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ جس کے دل میں اُن کی محبت موجزن نہ ہو وہ

مومن و مسلم کہلائے۔ نہیں بالکل نہیں! وہ تو خود ارشاد فرماتے ہیں کہ لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین کہ تم میں سے کوئی اُس وقت تک کامل ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اُس کے نزدیک اُس کے ماں باپ آل اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ جب حبِ رسول ہی ایمان کی بنیادی شرط قرار پائے تو پھر یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ ایک شخص ایماندار ہونے کا دعویٰ بھی کرے پھر نبی آخر الزمانﷺ یا کسی بھی نبی کی شان اقدس میں گستاخانہ آواز سنے یا الفاظ پڑھے پھر وہ کہنے، لکھنے والا اور یہ سننے پڑھنے والا دونوں زندہ بھی رہیں نہیں نہیں، قطعاً نہیں پھر تو ایک ہی فیصلہ ہے کہ یا تو بکواس کرنے والی زبان اور لکھنے والے ہاتھ نہ رہیں یا سننے والے کان اور عبارت دیکھنے والی آنکھ نہ رہے۔

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ بطحا کی عزت پر

اللہ شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

وہی تو ہیں جن کی آمد سے خزاں نے بہار کا خوشنما لبادہ اوڑھا، وہ نہ تھے تو ہر سو اندھیروں کا راج تھا، ظلم و جور کی گھٹائیں چھا رہی تھیں، یہ دنیا انسانوں کی بستی نہیں بلکہ انسان نما درندوں کی آماجگاہ بنی ہوئی تھی، برائی دندناتی اور نیکی منہ چھپاتی پھر رہی تھی۔ بھلائی کی کھیتی ناپید اور بدبختی اور گناہوں کے جھاڑ جھنکار سے یہ دنیا خوفناک جنگل کا روپ دھار چکی تھی۔ تب اللہ کی رحمت کو جوش آیا اور شفیع المذنبین اور رحمت للعالمین کو مبعوث فرما کر اہل ایمان کے ساتھ ساتھ پوری کائنات پر احسان فرمایا۔ اُسی احسان کا نتیجہ ہے کہ اُن کا ہر قول وفعل ہمیں دل وجان سے عزیز ہے اُنکی سیرت اور اُنکا کردار ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ اُن کی محبت وعقیدت ہماری رگ رگ میں سرایت کئے ہوئے ہے۔ یہی محبت ہے جس کی سلامتی مومن کے ایمان کی سند ہے۔ حبِ

رسولﷺ سے خالی دل ودماغ میں ایمان کا گزر ناممکن ومحال ہے۔ وہ اس دنیا میں زندہ سلامت تھے تو نورانی فرشتے سلامی کیلئے لشکر در لشکر حاضری کیلئے بے قرار رہتے اور اب جبکہ آپ

ترجمہ: ”قسم ہے ستارہ کی جب وہ غروب ہونے لگے۔ یہ تمہارے ساتھ کے رہنے والے (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) نہ راہ سے بھٹکے اور نہ غلط رو ہوئے اور نہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنی نفسانی خواہش سے باتیں بناتے ہیں اور ان کا ارشاد نری وحی ہے جو ان پر بھیجی جاتی ہے۔“

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

پس جس ذات گرامی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں حق تعالیٰ شانہ یہ ضمانت دیتے ہوں کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ایک لمحہ کے لیے بھی نہ غلط روی کا احتمال ہے اور نہ وحی الٰہی کے خلاف کسی لفظ کے زبان مبارک پر آنے کا اندیشہ ہے، ایسی ذات گرامی (صلی اللہ علیہ وسلم) جس کے ہر قول وفعل پر ہمہ دم وحی الٰہی کا پہرا رہتا ہو انصاف کیا جائے.........

حضرت شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانیؒ اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

”آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو دلائل و براہین سے محقق کرنے کے بعد خدا تعالیٰ آپ کے متعلق یہ حکم سناتا ہے کہ جو ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی فرمانبرداری کرے گا وہ بے شک ہمارا تابعدار ہے۔ اور جو اس سے روگردانی کرے گا تو ہم نے تجھ کو اے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ان لوگوں پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا کہ ان کو گناہ نہ کرنے دے ہم ان کو دیکھ لیں گے تیرا کام صرف پیغام پہنچانا ہے۔ آگے ثواب یا عتاب یہ ہمارا کام ہے۔“

یہ بھی اعلان کر دیا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کی اطاعت ہے، اور جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو عین اطاعت خداوندی نہیں سمجھتے وہ اپنی بدفہمی کی وجہ سے کفر کے مرتکب ہیں۔

﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ج وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَا اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا﴾

(النساء: ۸۰)

ترجمہ: ”جس شخص نے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کی، اس نے خدا تعالیٰ

کی اطاعت کی۔ اور جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے روگردانی کرے سو آپ کچھ غم نہ کیجیے کیوں کہ ہم نے آپ کو نگران کر کے نہیں بھیجا کہ آپ ان کو کفر نہ کرنے دیں۔“ (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول، علم وعمل، گفتار و کردار، نشست و برخاست غرضیکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے صادر ہونے والی ہر چیز سراپا ہدایت ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات عالی کو اُمت کے لیے بہترین مثالی نمونہ قرار دیا گیا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا (الاحزاب: ۲۱)

ترجمہ: ”تم لوگوں کے لیے یعنی ایسے شخص کے لیے جو اللہ سے اور روزِ آخرت سے ڈرتا ہو اور کثرت سے ذکر الٰہی کرتا ہو۔ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ایک عمدہ نمونہ موجود تھا۔“

اس آیت شریفہ سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہر ایسے شخص کے لیے معیاری نمونہ ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اور جس کا دل ذکر الٰہی کی کثرت سے منور ہو، برعکس اس کے جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مثالی نمونہ نہیں سمجھتا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال وافعال کو واجب الاطاعت اور لائق اقتدا نہیں سمجھتا اسے نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان ہے۔ نہ آخرت پر۔ اس کا دل ذکر الٰہی کے نور سے محروم ہونے کی وجہ سے ظلمت کدہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوہ حسنہ کا مطلب یہ ہے کہ رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کو دیکھو۔ سختیوں اور جانگداز حالات میں کیا استقلال رکھتے ہیں۔ حالاں کہ سب سے زیادہ اندیشہ اور فکر ان ہی پر ہے مگر مجال ہے کہ پائے استقامت ذرا جنبش کھا جائے۔ جو لوگ اللہ سے ملنے اور آخرت کا ثواب حاصل کرنے کی اُمید رکھتے ہیں اور کثرت سے

خدا کو یاد کرتے ہیں ان کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات منبع البرکات بہترین نمونہ ہے۔ چاہیے کہ ہر معاملہ، ہر ایک حرکت وسکون، اور نشست و برخاست میں ان کے نقش قدم پر چلیں اور ہمت و استقلال وغیرہ میں ان کی چال سیکھیں۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

## اطاعت رسو

آپ صلی اللہ علیہ صادر کیا گیا۔

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰ (آل عمران: ۳۲)

ترجمہ: ”آپ فرما لوگ اعراض کریں تو ا

آپ صلی اللہ علیہ مریض، غلط اندیش او

وَاِذَا دُعُوْا اِلَ مُّعْرِضُوْنَ O وَاِنْ يَّ اَمِ ارْتَابُوْا اَمْ يَخَ الظّٰلِمُوْنَ (النور:

ترجمہ: ”اور یہ لو کے لیے بلائے جا تہی کرتا ہے۔ اور اگر کے دلوں میں مرض ہ ان پر ظلم نہ کرنے لگیں

آپ صلی اللہ علی ایمان سے عاری قرا

وَاِذَا قِيْلَ لَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُ

ترجمہ: ”اور جب

# اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے انحراف کفر ہے:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اعتقاداً پہلو تہی کرنے والوں پر صاف صاف کفر کا فتویٰ صادر کیا گیا۔

﴿قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴾

(آل عمران:۳۲)

ترجمہ: ''آپ فرما دیجیے کہ تم اطاعت کیا کرو۔ اللہ اور اس کے رسول کی۔ پھر اگر وہ لوگ اعراض کریں تو سن رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کافروں سے محبت نہیں کرتے۔''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں سے اعراض کرنے والوں کو شک و تردد اور نفاق کے مریض، غلط اندیش اور ظالم قرار دیا گیا۔

﴿وَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ O وَ اِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ O اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ رَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴾

(النور ع ۶ ۔ آیت نمبر ۴۸۔۵۰)

ترجمہ: ''اور یہ لوگ جب اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف اس غرض کے لیے بلائے جاتے ہیں کہ رسول ان کے درمیان فیصلہ کردیں تو ان میں ایک گروہ پہلو تہی کرتا ہے۔ اور اگر ان کا حق ہو تو سر تسلیم خم کئے ہوئے آپ کے پاس آتے ہیں۔ آیا ان کے دلوں میں مرض ہے یا یہ شک میں پڑے ہیں یا ان کو یہ اندیشہ ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم نہ کرنے لگیں، نہیں! بلکہ یہ لوگ سراسر ظالم ہیں۔'' (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے انحراف کرنے والوں کو صاف صاف منافق اور ایمان سے عاری قرار دیا گیا۔

﴿وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴾ (النساء: ۶۱)

ترجمہ: "اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ اس حکم کی طرف جو اللہ تعالیٰ نے نازل

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف، تو آپ منافقین کی یہ حالت دیکھیں گے کہ آپ سے پہلوتہی کرتے ہیں۔“

مولانا شبیر احمد عثمانی اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ یعنی جب کسی جھگڑے میں منافقوں سے کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم نازل فرمایا ہے اس کی طرف آؤ۔ ظاہر میں چوں کہ مدعی اسلام ہیں، اس لیے صاف طور پر تو انکار نہیں کر سکتے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے سے اور حکم الٰہی پر چلنے سے بچتے ہیں اور رکتے ہیں کہ کسی ترکیب سے جان بچ جائے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر جہاں ہمارا جی چاہے اپنا جھگڑا لے جائیں۔ (ص ۱۱۳)

آپ کے پاک ارشادات کے ساتھ بے اعتنائی برتنے والوں اور آپ کے اقوالِ شریفہ کے ساتھ تمسخر کرنے والوں کے متعلق اعلان کیا گیا کہ ان کے قلوب پر خدائی مہر لگ چکی ہے، جس کی وجہ سے وہ ایمان و یقین اور رشد و ہدایات کی استعداد گم کر چکے ہیں اور ان لوگوں کی ساری تگ و دو خواہشِ نفس کی پیروی تک محدود ہے۔

﴿وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۚ حَتّٰى إِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ أُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا ۟ أُوْلٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْا أَهْوَاءَهُمْ﴾ (محمد: ۱۶)

ترجمہ: ”اور بعض آدمی ایسے ہیں کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کان لگاتے ہیں، یہاں تک کہ جب وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھ کر باہر جاتے ہیں تو دوسرے اہل علم سے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی تحقیر کے طور پر) کہتے ہیں کہ حضرت نے ابھی کیا بات فرمائی تھی؟ یہ وہ لوگ ہیں کہ حق تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر کردی، اور وہ اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں۔“ (ترجمہ حضرت تھانوی بتصرف یسیر)

قرآن کریم نے صاف صاف یہ اعلان بھی کر دیا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کو صرف اسی مقصد کے لیے بھیجا جاتا ہے کہ ان کی اطاعت کی جائے۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے انکار اور آپ کے ارشادات سے سرتابی کرنا گویا انکارِ رسالت کے ہم معنی ہے۔ اس طرح آپ کی اطاعت کے منکرین انکارِ رسالت کے مرتکب ہیں۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 361 ماہنامہ مسیحائی کراچی

﴿وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ (النساء: ۶۴)

ترجمہ: ”اور ہم نے تمام پیغمبروں کو خاص اسی واسطے مبعوث فرمایا ہے کہ بحکم خداوندی ان کی اطاعت کی جائے۔“

قرآن کریم کی وہ آیات جن میں آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اہل ایمان کے لیے لازم قرار دیا گیا ہے، بے شمار ہیں۔ ان میں سے یہ چند آیات آپ کے سامنے ہیں۔ کتاب اللّٰہ کے ان واضح اعلانات کی روشنی میں یہ فیصلہ بالکل آسان ہے، کہ اسلام میں ذات اقدس رسالت مآب صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے ارشادات کا مرتبہ کیا ہے؟ جب نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال کی اطاعت اور پیروی کا حکم خود قرآن ہی میں موجود ہے اور جب قرآن کریم ہی آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی اطاعت کو عین اطاعت خداوندی قرار دیتا ہے، اور آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے اقوال کو جب قرآن ہی وحی خداوندی بتلاتا ہے (وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ، اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ) اور آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے کلمات طیبات کو جب قرآن ہی ”گفتہ او گفتہ اللّٰہ بود“ کا مرتبہ دیتا ہے تو بتلایا جائے کہ حدیث نبوی کے حجت دینیہ ہونے میں کیا کسی شک و شبہ کی گنجائش رہ جاتی ہے؟ اور کیا حدیث نبوی کا انکار کرنے سے کیا خود قرآن ہی کا انکار لازم نہیں آئے گا؟ اور کیا فیصلہ نبوت میں تبدیلی کے معنی خود قرآن کو بدل ڈالنا نہیں ہوں گے۔ اور اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ قرآن کریم بھی تو اُمت نے آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم ہی کی زبان مبارک سے سنا، اور سن کر اس پر ایمان لائے۔ آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ ”یہ قرآن ہے“ یہ ارشاد بھی تو حدیث نبوی ہے۔ اگر حدیث نبوی حجت نہیں تو قرآن کریم کا قرآن ہونا کس طرح ثابت ہوگا۔ آخر یہ کون سی عقل و دانش کی بات ہے کہ اس مقدس و معصوم زبان سے صادر ہونے والی ایک بات تو واجب التسلیم ہو اور دوسری نہ ہو؟

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے ایک موقع پر فرمایا تھا:

''یہ تو میرے میاں (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کمال تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اور یہ میرا کلام ہے، ورنہ ہم نے تو دونوں ایک ہی زبان سے صادر ہوتے ہوئے سنا تھا۔''

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ قرآن تو حجت ہے مگر حدیث حجت نہیں ہے ان ظالموں کو کون بتلائے کہ جس طرح ایمان کے معاملہ میں خدا اور رسول کے درمیان تفریق نہیں ہوسکتی کہ ایک کو مانا جائے اور دوسرے کو نہ مانا جائے۔ ٹھیک اسی طرح کلام اللّٰہ اور کلام رسول کے درمیان بھی اس تفریق کی گنجائش نہیں۔ کہ ایک کو واجب الاطاعت مانا جائے اور دوسرے کو نہ مانا جائے۔ ایک کو تسلیم کر لیجیے تو دوسرے کو بہر صورت تسلیم کرنا ہوگا اور ان میں سے ایک کا انکار کر دینے سے دوسرے کا انکار آپ سے آپ ہو جائے گا۔ خدائی غیرت گوارا نہیں کرتی کہ اس کے کلام کو تسلیم کرنے کا دعویٰ کیا جائے اور اس کے نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے کلام کو ٹھکرایا جائے۔ وہ ایسے ظالموں کے خلاف صاف اعلان کرتا ہے۔

فَاِنَّھُمْ لَا یُکَذِّبُوْنَکَ وَ لٰکِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ یَجْحَدُوْنَ O

ترجمہ: ”پس اے نبی (صلی اللّٰہ علیہ وسلم)! یہ لوگ آپ کے کلام کو نہیں ٹھکراتے بلکہ یہ ظالم اللّٰہ کی آیتوں کے منکر ہیں۔“

لہٰذا جو لوگ اللّٰہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والے اور کلام اللّٰہ کو ماننے کا دعویٰ کرتے ہیں انہیں لا محالہ رسول اور کلام رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لانا ہوگا۔ ورنہ ان کا دعویٰ ایمان حرف باطل ہے۔

# محبت رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم:

پس وہ ہستی جس کا ہر قول و عمل واجب الاطاعت ہو، جس کی اطاعت کو اللّٰہ تعالیٰ اپنی اطاعت قرار دیں، جس کی اطاعت سے ہدایت کے دروازے کھلتے ہوں، جس کی مخالفت فتنہ میں مبتلا کر

دے اور عذاب الیم کا موجب ہو، اللہ کے ذکر کے ساتھ جس کا ذکر آئے، جس کے اعتراف و اقرار کے بغیر ایمان معتبر نہ ہو، کلمۂ اسلام مکمل نہ ہوتا ہو، جس کے تذکرے کے بغیر اذان ادھوری ہو، جس پر صلوٰۃ و درود کے بغیر نماز نامکمل ہو، جو تمام تعریفوں کا مستحق بن کر محمد جیسے پاکیزہ نام سے موسوم ہو اور جو حمد الہٰی کے لیے سب سے زیادہ نغمہ سنج ہو کر احمد قرار پائے، جو حق پرستوں کے لیے مبشر و بشیر اور باطل پرستوں اور فتنہ گروں کے لیے منذر و نذیر ہو جو بھٹکے ہوؤں کے لیے ہادی اور خدا سے بھاگے ہوؤں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کے لیے داعی ہو، جو تمام ج ہو، معلم انسانیت ہو، اخلاق کبھی نام لے کر نہ پکارے کے سر پر ختم نبوت کا تاج کے وجود پر قصر نبوت کی ت پکارتے ہوں، جس کو یتیمی سے بے پرواہ بنا کر اپنی آ کو رب نے اس طرح کا آسانی سے سما سکیں، اور میں مہارت حاصل کرلے بلند ہو کہ کوئی گوشہ اس کے محمود ہو، سورۃ الحمد وظیفہ ہو جہاں آراء کی پوری کائنات ارفع ہو تو پھر ایسی ذات ب ذات اطہر ہر ایک سے بڑ "دنیا کا عام اُصول یہ کا زرخرید غلام جیسا بن ج بچانے والے کا ممنون اح ہیں لیکن وہ ذات کریم ج علیہ وسلم نے جس ہلاکت سے متعلقہ ہے، جس کا ب بابرکات (صلی اللہ علیہ و مصیبتوں سے نجات دلا انسانیت نبی کریم صلی ال

کے لیے داعی ہو، جو تمام جہانوں کے لیے رحمت ہو، پوری انسانیت کے لیے رؤف و رحیم ہو، معلم انسانیت ہو، اخلاق کی تکمیل کرنے والا ہو، جس کو اللہ تعالیٰ اپنے قرآن کریم میں کبھی نام لے کر نہ پکارے بلکہ اسے کبھی یٰسٓ، کبھی طٰہٰ، کبھی مدثر و مزمل کہہ کر پکارے، جس کے سر پر ختم نبوت کا تاج سجایا ہو اور انبیاء کی سیادت و سرداری کے تخت پر بٹھایا ہو، جس کے وجود پر قصر نبوت کی تکمیل ہو، جس کو اپنے کیا، پرائے بھی صادق اور امین کہہ کر پکارتے ہوں، جس کو یتیمی کی حالت میں اس کے رب نے تمام مادی اسباب و وسائل سے بے پرواہ بنا کر اپنی آغوش رحمت میں لے کر اس کی تربیت مکمل کی ہو، جس کے سینے کو رب نے اس طرح کھولا ہو کہ ربانی علوم و معارف کے بحر ناپیدا کنار بھی اس میں آسانی سے سما سکیں، اور ایک اُمی کے سامنے تعلیم و تعلم کے ذریعہ علوم و معارف میں مہارت حاصل کرنے والے طفل مکتب نظر آئیں اور جس کا ذکر عالم پست و بالا میں اتنا بلند ہو کہ کوئی گوشہ اس کے تذکرے سے خالی نہ ہو، جس کا نام نامی احمد و محمد ہو، مقام، مقام محمود ہو، سورۃ الحمد وظیفہ حیات ہو، اور لواء حمد قیامت میں طغرائے امتیاز ہو، جس کے جمال جہاں آراء کی پوری کائنات میں کوئی مثال نہ ہو، جو ہر طرح سے کامل و مکمل بلکہ اکمل، اعلیٰ و ارفع ہو تو پھر ایسی ذات سے محبت کیوں نہ کی جائے، ہاں ہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اطہر ہر ایک سے بڑھ کر محبت کی مستحق ہے۔ قاضی عیاض اندلسی لکھتے ہیں:

”دنیا کا عام اُصول یہ ہے کہ اگر کسی شخص پر کوئی ایک یا دو مرتبہ احسان کرتا ہے تو وہ اس کا زرخرید غلام جیسا بن جاتا ہے یا کسی کو کوئی ہلاکت یا نقصان سے بچا لیتا ہے تو وہ اس بچانے والے کا ممنون احسان بن جاتا ہے حالاں کہ یہ ہلاکت و نقصان تو عارضی ہوتے ہیں لیکن وہ ذات کریم جس کے احسان نہ ختم ہونے والے ہیں۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس ہلاکت سے

اُمت کو محفوظ کر ڈالا وہ عذاب دوزخ اور اس کی ہلاکت سے متعلقہ ہے، جس کا زمانہ ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔ لہٰذا بغیر کسی شک و شبہ وہی ذات بابرکات (صلی اللہ علیہ وسلم) محبت و الفت کے لائق ہے جو انسانیت کو ان تمام مشکلات و مصیبتوں سے نجات دلا کر ابدی سکون و اطمینان دلائے اور وہ ذات فقط اور فقط محسن انسانیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے۔ ہم اپنی دنیاوی زندگی میں ہر روز

اس کا مشاہدہ کرتے چلے آتے ہیں کہ انسان اس حاکم سے جو خوش اخلاق، محسن اور جذبہ خدمت رکھتا ہو اپنے کاموں اور مشکلات میں رجوع کرتا ہے، اس کی ہر وقت تعریف و توصیف میں لگا رہتا ہے۔ اسی طرح وہ انصاف پسند قاضی جو چاہے دور رہتا ہو لیکن اس کے علم و بزرگی کا شہرہ عام ہو، تو وہ لوگوں کو طبعاً ہی محبوب ہوجاتے ہیں۔ تو جس نے کمال و عظمت کے ان تمام مراتب کو اپنی ذات کے اندر سمولیا ہو بھلا وہ زیادہ محبت کا مستحق نہ ہوگا۔“

(کتاب الشفاء (اردو ترجمہ) جلد دوم، ص ۷۰)

اسی لیے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”تم میں سے کوئی شخص مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کو زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں اس کے والد، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے۔“

(بخاری، جلد اول، ص ۷)

حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی محبت کو اپنے ماننے والوں پر فرض قرار دیا ہے اور امام بخاریؒ نے تو اس حدیث پر عنوان قائم کیا ہے ”حب الرسول من الایمان“ رسول سے محبت ایمان کی علامت ہے بلکہ یہ محبت ایمان کی مٹھاس اور حلاوت کا باعث ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”تین باتیں ایسی ہیں جس شخص میں وہ ہوں تو وہ ایمان کا مزہ پالیتا ہے، ایک یہ کہ اللہ اور اس کا رسول اسے ماسوا سے زیادہ محبوب ہوں، دوسری بات یہ کہ وہ کسی بندے سے محبت صرف اللہ کے لیے کرتا ہو، تیسری بات یہ کہ کفر کی طرف لوٹنا اسے آگ میں ڈالے جانے سے زیادہ ناگوار ہو۔“

(بخاری ج ۱، ص ۷)

بلکہ یہ محبت تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رفاقت کا موجب ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے سوال کیا کہ قیامت کب آئے گی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا، ”تو نے قیامت کی کیا تیاری کر رکھی ہے؟“، تو اس شخص نے جواب دیا ”یا رسول اللہ کوئی خاص تیاری تو نہیں ہے لیکن مجھے اللہ اور اس کے رسول سے محبت ہے“ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”انت مع من احببت“ (تو قیامت کے دن اس کے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت رکھتا ہے) اور قرآن کریم ان لوگوں کو فاسق قرار دیتا ہے جو اللہ اور اس کے رسول کی محبت سے عاری

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ہوں اور دنیاوی محبتوں کو اللہ اور اس کے ﴿قُلْ إِن كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ إِلَيْكُمْ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ﴾

ترجمہ: (اے پیغمبر! مسلمانوں تمہارے بھائی، تمہاری بیویاں اور وہ کاروبار جس کے مندا ہونے کا تمہیں اللہ اور اس کے رسول سے ہیں، تو انتظار کرو، یہاں تک کہ اللہ نہیں پہنچاتا۔“

اس آیت میں جہاں اللہ تعالیٰ نے لینا چاہیے کہ رسول کی محبت اللہ کی م رکھنے والوں کو فاسقین سے تعبیر کیا

## محبت کی چنگاری:

بہر حال حضور اکرم صلی اللہ علیہ سے خالی ہے وہ ایمان سے عاری تک ہر مسلمان حضور اکرم صلی اللہ ع نامدار کی محبت موجود ہے یہ اور بات ہ محبت کی یہ چنگاری خواہشات نفس دنیاوی مفادات کی راکھ میں دبی ہوئ اس بات کی ہے کہ محبت کی اس چ بھڑکے اور اس کے اثرات ہماری ز

ہوں اور دنیاوی محبتوں کو اللہ اور اس کے رسول کی محبت پر فوقیت دیں، ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَا اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ﴾

(التوبہ، آیت ۲۴)

ترجمہ: (اے پیغمبر! مسلمانوں سے) کہہ دو کہ: ”اگر تمہارے باپ، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہاری بیویاں اور تمہارا خاندان اور وہ مال و دولت جو تم نے کمایا ہے اور وہ کاروبار جس کے مندا ہونے کا تمہیں اندیشہ ہے اور وہ رہائشی مکان جو تمہیں پسند ہیں، تمہیں اللہ اور اس کے رسول سے اور اس کے راستے میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں، تو انتظار کرو، یہاں تک کہ اللہ اپنا فیصلہ صادر فرمادے اور اللہ نافرمانوں کو منزل تک نہیں پہنچاتا۔“

اس آیت میں جہاں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور رسول کی محبت کو یکجا ذکر کیا ہے اس سے سمجھ لینا چاہیے کہ رسول کی محبت اللہ کی محبت ہے اور ساتھ میں دنیا کی چیزوں کو زیادہ محبوب رکھنے والوں کو فاسقین سے تعبیر کیا ہے۔

# محبت کی چنگاری:

بہر حال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت عین ایمان ہے اور جس کا دل آپ کی محبت سے خالی ہے وہ ایمان سے عاری ہے۔ اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے لے کر آج تک ہر مسلمان حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہے اور اس کے دل میں آقائے نامدار کی محبت موجود ہے یہ اور بات ہے کہ ہمارے جیسے کمزور ایمان والوں کے دلوں میں محبت کی یہ

چنگاری خواہشات نفسانی لذات، مادی تعلقات، آخرت سے غفلت اور دنیاوی مفادات کی راکھ میں دبی ہوئی ہے۔ یہ نظر نہیں آتی، یہ اپنا اثر نہیں دکھاتی، ضرورت اس بات کی ہے کہ محبت کی اس چنگاری کو ہوا دی جائے، اسے شعلہ بنایا جائے تاکہ یہ بھڑکے اور اس کے اثرات ہماری زندگی میں، ہمارے اعمال میں، ہمارے چلنے پھرنے

میں، ہمارے حلیہ میں، ہمارے ظاہر و باطن میں نظر آئیں، مولانا رومی کے بقول ”عشق وہ شعلہ ہے جب بھڑک اٹھتا ہے تو سارے جہان کو پھونک دیتا ہے“۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی معطر تھے، جس طرف سے گزر جاتے، گلی کوچے معطر ہوجاتے، فضا مہک اٹھتی، تو آپ کی محبت بھی کستوری کی طرح خوشبودار ہے، اگر اسے بند نہ رکھا جائے، خواہشات اور دنیاوی تعلقات کی راکھ میں دبا کر نہ رکھی جائے اور یہ ہمارے دل و دماغ میں رچ بس جائے تو یقین جانیے اس کی خوشبو ہمارے وجود سے آنے لگے، ہمارے گھر، ہمارے دفاتر، ہمارے بازار، ہمارا ہر عمل، ہر انداز مہک جائے اور ہماری ہر نشست و برخاست سے اس محبت کی جھلک اور اس کا رنگ نظر آنے لگے گا۔ کوئی اس محبت کو اپنے دل و دماغ میں بسا کر تو دیکھے۔

## محبت کے تقاضے اور علامات:

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ایمان کا لازمی حصہ بلکہ عین ایمان ہے تو محبت کے کچھ تقاضے اور کچھ آداب ہیں ”محبت خود آداب محبت سکھادے گی“ بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ اس محبت کی کچھ علامات ہیں اگر ان تقاضوں پر عمل کیا جائے اور محبت کی یہ علامات پائی جائیں تو سمجھا جائے گا کہ حقیقتاً محبت ہے ورنہ صرف زبانی دعویٰ ہی ہوگا حقیقت کچھ نہ ہوگی۔

محبت کا ایک تقاضا یا علامت یہ ہے کہ جس سے محبت ہو اس کی خوشی ہمہ وقت پیش نظر ہو اور اس کی رضا ہر چیز اور ہر خواہش پر غالب ہو اگر دوسروں کو راضی کرنے کی خاطر اللہ اور اس کے رسول کو ناراض کیا تو یہ محبت کہاں بلکہ محبت کی نفی ہے اسی طرح اگر وہ اپنی خواہشات کو

مقدم رکھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات و ہدایات کو پس پشت ڈال دے تو یہ بھی محبت نہیں کہلائے گی۔

اسی لیے تو آپ کی اتباع کو لازمی قرار دیا گیا۔

"اے نبی کہہ دیجیے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری تابعداری کرو اللہ بھی تم سے محبت کرے گا" (آل عمران)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

محبت کی علامات و آداب میں سے ایک انداز میں کثرت سے کرے جس کا ذکر بیان کرے اور قدوسیوں کی جماعت ( ذکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی کیو بھیجیں۔ اسی لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلا

## محبوب کے دوستوں سے

محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ ہر عزیز رکھے۔ اسی لیے مدینہ منورہ کا زیادہ محبوب ہے کہ اس کی نسبت حضور علامت یہ ہے کہ محبوب کے تعلق داروں آپ کے اہلبیت ۔ حضور اکرم صلی اللہ "میں ان دونوں (حسن و حسین رضی محبوب رکھے گویا اس نے مجھ سے محب بھی اپنے یہاں محبوب کا درجہ دے دیا مجھے مبغوض رکھا، اور جس نے میری ا ہے" (

ایک موقع پر جنت کے دونوں بارے میں فرمایا:

"اے اللہ میں ان دونوں سے مح اپنی لخت جگر حضرت سیدہ فاطمہ ر

"فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس ناراضگی ہوتی ہے" (بخاری و مسلم

محبت کی علامات و آداب میں سے ایک اہم حق، محبت اور ادب یہ ہے کہ محبوب کا ذکر والہانہ انداز میں کثرت سے کرے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ خود محبت سے کرے، جس کی حمد وثنا اللہ بیان کرے اور قدوسیوں کی جماعت (ملائکہ ) اس کی حمد وثنا میں اللہ کی ہم نوا ہو ، اس کا ذکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی کیوں نہ کریں۔ اور اس پر درود و سلام اُمتی کیوں نہ بھیجیں۔ اسی لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حسین تذکرہ باعث رحمت وثواب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجنا باعث نجات ہے۔

# محبوب کے دوستوں سے محبت:

محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ ہر وہ چیز جس کی نسبت محبوب کی طرف ہو اسے بھی عزیز رکھے۔ اسی لیے مدینہ منورہ کا شہر ایک مسلمان کے لیے دنیا کے تمام شہروں سے زیادہ محبوب ہے کہ اس کی نسبت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے۔ محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ محبوب کے تعلق داروں کو بھی محبوب رکھے خواہ وہ آپ کے صحابہ ہوں یا آپ کے اہلبیت ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میں ان دونوں (حسن وحسین رضی اللہ عنہما) کو محبوب رکھتا ہوں ، جو شخص ان دونوں کو محبوب رکھے گویا اس نے مجھ سے اظہار محبت کیا، جو مجھ سے اظہار محبت کرتا ہے اس کو اللہ بھی اپنے یہاں محبوب کا درجہ دے دیتا ہے اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھے مبغوض رکھا، اور جس نے میری ذات سے بغض کا اظہار کیا، اللہ بھی اسے مبغوض رکھتا ہے۔“

(جامع ترمذی،مسند احمد )

ایک موقع پر جنت کے دونوں پھولوں حضرت حسن وحضرت حسین رضی اللّٰہ عنہما کے بارے میں فرمایا: ”اے اللّٰہ میں ان دونوں سے محبت رکھتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر۔“

(ترمذی)

اپنی لخت جگر حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللّٰہ عنہا کے بارے میں فرمایا: ”فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس بات سے فاطمہ کو ناراضگی ہوتی ہے اس سے مجھے بھی ناراضگی ہوتی ہے۔“

(بخاری ومسلم)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میرے صحابہ کرام کے بارے میں بات کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ڈرو، میرے بعد ان کو ہدف تنقید نہ بنالینا، صحابہ کرام سے محبت صرف میری وجہ سے ہے اور ان سے بغض بھی میری وجہ سے ہوگا، لہٰذا جس نے ان کو ایذاء پہنچائی اس نے مجھے ایذاء پہنچائی اور جس نے مجھے تکلیف پہنچائی اس نے اللہ کو ایذاء پہنچائی۔“

(ترمذی، احمد)

# تعظیم رسول (صلی اللہ علیہ وسلم):

محبت کا ایک تقاضا یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم کی جائے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ ط﴾

(سورۃ الفتح، آیت ۹)

ترجمہ: ”تاکہ ایمان لائیں اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس کی عزت وتوقیر کریں۔“

یہاں صیغہ امر کا ہے جو وجوب پر دلالت کرتا ہے تو آیت کی رو سے اللہ اور اس کے رسول پر جس طرح ایمان لانا ضروری ہے اسی طرح ان کی عزت و توقیر کرنا بھی واجب اور ضروری ہے۔ اسی لیے آپ کی نصرت و مدد کرنا اور آپ کی عزت و تکریم کرنے کو کامیابی قرار دیا ہے۔ ارشادِ خداوندی ہے:

﴿الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰةِ وَالْإِنْجِيلِ ز يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ط فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْ أُنْزِلَ مَعَهٗ لَا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾

(الاعراف، آیت ۱۵۷)

ترجمہ: ”جو اُس رسول، یعنی نبی اُمی کے پیچھے چلیں جس کا ذکر وہ تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پائیں گے جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دے گا ، برائیوں سے روکے گا اور اُن کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال اور گندی چیزوں کو حرام قرار دے گا اور اُن پر سے وہ بوجھ اور گلے کے وہ طوق اُتار دے گا جو اُن پر لدے ہوئے تھے، چنانچہ جو لوگ اس (نبی) پر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ایمان لائیں گے، اس کی تعظیم کر اُتارا گیا ہے اس کے پیچھے چلیں اور ارشادِ خداوندی ہے:

﴿النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُمْ مَّعْرُوفًا

ترجمہ: ”ایمان والوں کے اور ان کی بیویاں ان کی مائیں اور دوسرے مومنوں اور مہاجر میں) زیادہ حق رکھتے ہیں، إِلَّا کے ساتھ کوئی نیکی کرلو۔ یہ بات

اسی لیے نبی کی پکار کا جواب

﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُحْیِیْکُمْ ج وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ

ترجمہ: ”اے ایمان والو! کی طرف بلائے جو تمہیں زند کے دل کے درمیان آڑ بن جا جائے گا۔“

## بے ادبی سے اجتناب

اور بے شمار آیات پیش کی ہے، آپ کی عظمت، شان و

ایمان لائیں گے، اس کی تعظیم کریں گے، اس کی مدد کریں گے اور اس کے ساتھ جو نور اُتارا گیا ہے اس کے پیچھے چلیں گے تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہوں گے۔"

اور ارشاد خداوندی ہے:

﴿النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهٰتُهُمْ ط وَأُولُوا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتٰبِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَ الْمُهٰجِرِينَ إِلَّا أَنْ تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَآئِكُمْ مَّعْرُوفًا ط كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُورًا﴾

(الاحزاب : ۶)

ترجمہ : " ایمان والوں کے لیے یہ نبی ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب تر ہیں۔ اور ان کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اس کے باوجود اللّٰہ کی کتاب کے مطابق پیٹ کے رشتہ دار دوسرے مومنوں اور مہاجرین کے مقابلے میں ایک دوسرے پر (میراث کے معاملے میں ) زیادہ حق رکھتے ہیں، اِلّا یہ کہ تم اپنے دوستوں (کے حق میں کوئی وصیت کر کے اُن) کے ساتھ کوئی نیکی کرلو۔ یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔"

اسی لیے نبی کی پکار کا جواب دینا ضروری ہے:

﴿يَأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ ج وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ﴾

(الانفال، آیت: ۲۴)

ترجمہ : ”اے ایمان والو! اللہ اور رسول کی دعوت قبول کرو، جب رسول تمہیں اس بات کی طرف بلائے جو تمہیں زندگی بخشنے والی ہے، اور یہ بات جان رکھو کہ اللہ انسان اور اس کے دل کے درمیان آڑ بن جاتا ہے اور یہ کہ تم سب کو اسی کی طرف اکٹھا کر کے لے جایا جائے گا۔“

## بے ادبی سے اجتناب:

اور بے شمار آیات پیش کی جاسکتی ہیں جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کا حکم ہے، آپ کی عظمت، شانِ رفعت کو بیان کیا گیا، آپ کی اطاعت کو واجب قرار دیا، تعظیم تعظیم وواجب قرار دیا، تعظیم واجب قرار دیا، تعظیم

توقیر کا حکم تو قرآن نے دیا ہی ہے اس کے ساتھ ساتھ ان تمام باتوں سے بھی منع کیا ہے جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بے ادبی کا احتمال اور ادنیٰ شائبہ بھی ہو۔ یہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آتے تو آپ کو راعنا کہتے اور تھوڑا منہ ٹیڑھا کر کے یہ لفظ ادا کرتے اس کا جہاں یہ معنی ہے کہ آپ ہمارا خیال رکھیے ہمارے ساتھ شفقت کا معاملہ فرمائیے وہاں اس کا معنی یہ بھی ہے (خصوصاً جب زبان ٹیڑھی کر کے یہ لفظ راعیناً بولا جائے) ہمارے چرواہے تو یہود زبان کو موڑ کر یہ لفظ کہتے اور غلط معنی مراد لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحقیر کرتے، قرآن کریم نے اس پر رد کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ اس کے بجائے وانظرنا کا لفظ کہیں تو ان کے لیے زیادہ بہتر ہے۔

بعض مسلمان بھی اپنی سادگی میں یہ لفظ بول دیتے تھے حالاں کہ ان کا مقصد تحقیر کا ہرگز نہیں ہوتا تھا کیوں کہ وہ اس کا اچھا معنی ہی مراد لیتے تھے لیکن قرآن کریم نے صاف الفاظ میں یہ لفظ بولنے ہی سے منع کر دیا کہ کوئی اس سے تحقیر کا پہلو مراد نہ لے لے باوجود یکہ اللہ تعالیٰ جو دلوں کے راز اور سینوں کی نیتوں کو بھی جانتے ہیں مگر پھر بھی تحقیر کے ادنیٰ شائبہ کی وجہ سے منع کر دیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ط وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ﴾

(البقرة، آیت:۱۰۴)

ترجمہ: "ایمان والو! (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخاطب ہو کر) راعنا نہ کہا کرو اور انظرنا کہہ دیا کرو اور سنا کرو۔ اور کافروں کے لیے درد ناک عذاب ہے۔"

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾

(الحجرات، آیت: ۱)

ترجمہ: ”اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے آگے نہ بڑھا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ اللہ یقیناً سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے۔“

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اس آیت کی تفسیر میں علامہ شبیر جس معاملہ میں اللہ اور رسول آگے بڑھ کر اپنی رائے سے نہ کچھ ارشاد فرمائیں خاموشی سے جرأت نہ کرو، جو حکم ادھر سے اپنی اغراض اور اہواء و آراء کو احکام سماوی کے تابع بناؤ۔

اس آیت کے بعد اللہ تعالیٰ

﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِ

ترجمہ: ”اے ایمان والو! ا بات کرتے ہوئے اس طرح کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعما

علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اس کی ”حضور صلی اللہ علیہ وسلم بے تکلف چھک کر یا تڑخ ک اختیار کرنا خلاف ادب ہے ا ادب و شائستگی کے ساتھ۔ و مخلص مرید پیر و مرشد سے مرتبہ تو ان سب سے کہیں بڑ احتیاط رکھنی چاہیے مبادا ب وسلم کی ناخوشی کے بعد مسد ہونے اور ساری محنت اکا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

اس آیت کی تفسیر میں علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللّٰہ علیہ لکھتے ہیں: جس معاملہ میں اللّٰہ اور رسول کی طرف سے کوئی حکم ملنے کی توقع ہو اس کا فیصلہ پہلے ہی آگے بڑھ کر اپنی رائے سے نہ کر بیٹھو بلکہ حکم الٰہی کا انتظار کرو، جس وقت پیغمبر علیہ السلام کچھ ارشاد فرمائیں خاموشی سے کان لگا کر سنو، ان کے بولنے سے پہلے خود بولنے کی جرأت نہ کرو، جو حکم ادھر سے ملے اس پر بے چون و چرا اور بلا پس و پیش عامل بن جاؤ، اپنی اغراض اور اہواء و آراء کو ان کے احکام پر مقدم نہ رکھو، بلکہ اپنی خواہشات و جذبات کو احکام سماوی کے تابع بناؤ۔

اس آیت کے بعد اللّٰہ تعالیٰ نے یہ ادب بھی سکھایا:

﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ﴾

(الحجرات، آیت: ۲)

ترجمہ: ”اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند مت کیا کرو، اور نہ اُن سے بات کرتے ہوئے اس طرح زور سے بولا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہو جائیں، اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے۔“

علامہ شبیر احمد عثمانی اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

”حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی مجلس میں شور نہ کرو اور جیسے آپس میں ایک دوسرے سے بے تکلف چہک کر یا تڑخ کر بات کرتے ہو، حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کرنا خلاف ادب ہے آپ سے خطاب کرو تو نرم آواز سے تعظیم و احترام کے لہجہ میں ادب و شائستگی کے ساتھ۔ دیکھو ایک مہذب بیٹا اپنے باپ سے، لائق شاگرد استاد سے، مخلص مرید پیر و مرشد

سے، اور ایک سپاہی اپنے افسر سے کس طرح بات کرتا ہے پیغمبر کا مرتبہ تو ان سب سے کہیں بڑھ کر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرتے وقت پوری احتیاط رکھنی چاہیے مبادا بے ادبی ہوجائے اور آپ کو تکدر پیش آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ناخوشی کے بعد مسلمان کا ٹھکانا کہاں ہے۔ ایسی صورت میں تمام اعمال ضائع ہونے اور ساری محنت اکارت جانے کا اندیشہ ہے۔ (تنبیہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی

وفات کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سننے اور پڑھنے کے وقت بھی یہی ادب چاہیے اور جو قبر شریف کے پاس حاضر ہوں وہاں بھی ان آداب کو ملحوظ رکھے۔"

اور یہ بات بھی ملحوظ رہنی چاہیے کہ ان آیات کے اولین مخاطب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے ساتھی ہیں، ذات اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی محبت ہر ایک پر عیاں ہے ان کے بارے میں بے ادبی اور گستاخی کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا لیکن ایسے الفاظ یا کوئی بھی ایسا عمل جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو طبعی تکدر پیش آئے یا بے ادبی کا سا انداز ہو تو ان کو کہا جا رہا ہے کہ خیال کرو، احتیاط سے کام لو کہیں تمہارے سارے اعمال ضائع نہ ہو جائیں اور تمہیں پتہ بھی نہ چل سکے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے یہ ادب بھی سکھایا: ﴿لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ط﴾

(النور، آیت: ۶۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے کو آپس میں ایک دوسرے کو بلانے جیسا نہ سمجھو۔"

## محبت کا ثمرہ اور نتیجہ:

غرضیکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت انسانی سعادت اور راست بازی کا سر چشمہ ہے، ہم اس وجود مقدس و مطہر سے محبت رکھتے ہیں جس کو تمام کائنات انسانی میں سے اللہ تعالیٰ نے ہر طرح کی محبوبیتوں اور محمودیتوں کیلیے چن لیا اور محبوبیت عالم کی خلعت اعلیٰ صرف اسی کے وجود اقدس پر راست آیا، کرہ ارض کی سطح پر انسان کے لیے بڑی سے بڑی بات جو لکھی اور کہی جاسکتی ہے، زیادہ سے زیادہ عشق جو کیا جاسکتا ہے، اعلیٰ سے اعلیٰ مدح و ثناء جو زبان پر آسکتی ہے غرض انسان کی زبان انسان کے لیے جو کچھ کہہ سکتی اور کر سکتی ہے

وہ سب کا سب اسی ایک انسان کامل واکمل کے لیے ہے۔ اور اس مجسمہ اخلاق کے سوا دوسرا کوئی اس کا مستحق نہیں۔

اور یہی محبت شدیدہ اہل ایمان کی پہچان ہیں خواہ فریب خوردگان مغرب اسے جذباتیت قرار دیں اسی عشق و محبت سے اطاعت پر دوام حاصل ہوتا ہے، یہی محبت ایک

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

مؤمن میں غیرت و حمیت پیدا کر اور پیروی آسان ہو جاتی ہے، اللّٰہ علیہ وسلم نے کی، 'اے اللّٰہ! ا محبوب بنادے۔" (حصن حصین،

# شاتم رسول کی سزا قر

یہی محبت کا وہ جذبہ صادقہ ہے کرتا ہے اور اسی محبت صادقہ کے محبوب کے دشمن کو محبت کرنے وا آپ کی مخالفت سے منع کیا گیا او ۔ اور حضور اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُو "اے ایمان والو! تم ان لوگو پہنچائی۔"

وہ آیات ہم پہلے پیش کر چکے ہ جن میں بے ادبی کا ادنیٰ سا پہلو ہوں اور آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی آخرت کی سزا کا اس طرح ذکر کر ﴿وَ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ "اور جو لوگ اللّٰہ کے رسول کو ا اور ایسے گستاخ کو قرآن کریم مستحق قرار دیتا ہے: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴾

مؤمن میں غیرت وحمیت پیدا کرتی ہے، اس محبت کی بدولت محبوب کے طریقوں کی نقل اور پیروی آسان ہو جاتی ہے، یہی محبت وہ آب شیریں ہے جس کی تمنا خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ، ''اے اللہ اپنی محبت کو میرے لیے ٹھنڈے اور شیریں پانی سے زیادہ محبوب بنادے۔'' (حصن حصین)

# شاتم رسول کی سزا قرآن سے :

یہی محبت کا وہ جذبہ صادقہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور احترام پر آمادہ کرتا ہے اور اسی محبت صادقہ کے نتیجہ میں محبوب کے دوست بھی محبوب بن جاتے ہیں اور محبوب کے دشمن کو محبت کرنے والا اپنا دشمن سمجھنے لگتا ہے اسی لیے تعظیم کے حکم کے ساتھ آپ کی مخالفت سے منع کیا گیا اور اسے حبط اعمال کا سبب اور لعنت کا موجب قرار دیا گیا ۔اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے سے منع کیا گیا ، ارشاد ربانی ہے :

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی﴾ (الاحزاب:۶۹)

''اے ایمان والو! تم ان لوگوں جیسے نہ بنو جنھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایذا پہنچائی۔''

وہ آیات ہم پہلے پیش کر چکے ہیں جن میں ان تمام باتوں اور انداز سے منع کیا گیا ہے جن میں بے ادبی کا ادنیٰ سا پہلو بھی نکلتا ہو۔ جو لوگ نبی کی شان میں گستاخی کے مرتکب ہوں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذا کے درپے ہیں قرآن کریم ان کے بارے میں آخرت کی سزا کا اس طرح ذکر کرتا ہے :

﴿وَ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ﴾ (التوبۃ:۶۱)

''اور جو لوگ اللہ کے رسول کو دکھ پہنچاتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔''

اور ایسے گستاخ کو قرآن کریم درد ناک عذاب کے ساتھ دونوں جہانوں میں لعنت کا مستحق قرار دیتا ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا﴾

(الاحزاب: ۵۷) ”جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف پہنچاتے ہیں اللہ نے دنیا و آخرت میں ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے ایسا عذاب تیار کر رکھا جو ذلیل کر کے رکھ دے گا“۔

بعض حضرات بڑے زور وشور سے یہ کہتے پھرتے ہیں کہ گستاخ رسول کے لیے قتل کی سزا کا ذکر قرآن کریم میں موجود نہیں ہے۔ مقصد یہ ہے کہ جب قرآن کریم میں یہ سزا بیان نہیں کی گئی تو آئین میں قتل کی سزا درست نہیں اور اگر اسے تبدیل کر دیا جائے تو اتنا شور کیوں مچایا جارہا ہے اور یہ بات فخر سے وہ لوگ کہہ رہے ہیں جو سورۃ اخلاص تک صحیح طرح نہیں پڑھ سکتے، نہ انہوں نے قرآن کریم پڑھا اور نہ قرآن کریم کے اسلوب سے واقف ہیں لیکن قرآن کریم اور اس کے فیصلوں پر رائے زنی کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں اور یہ بات کہ قرآن میں قتل کی سزا نہیں ہے اتنے دردمندی سے کہتے ہیں جیسے باقی تمام اُمور اور ان کے تمام قوانین اور فیصلے وہ تو عین قرآن کے مطابق ہیں اور ان کی زندگیاں قرآن کریم کی تعلیمات سے سرمو انحراف نہیں کرتیں۔ حالانکہ اگر یہ قرآن کریم کے اسلوب سے واقفیت رکھتے، قرآن کریم انہوں نے غور سے پڑھا ہوتا تو یہ باتیں نہ کرتے لیکن ان کا مقصد قرآن پر عمل کرنا نہیں بلکہ سادہ لوح مسلمانوں کو مغالطہ میں ڈالنا اور قرآن کا نام لے کر اپنے مذموم مقاصد کو پورا کرنا ہے حالاں کہ آیت میں ایذاء دینے والوں اور گستاخی کرنے والوں کو دو جہانوں میں موجب لعنت قرار دیا گیا ہے اور اللہ کی لعنت کا وہی مستحق ہوتا ہے جو کافر ہو تو اس آیت سے بخوبی واضح ہوجاتا ہے کہ ایذاء دینا یہ موجب لعنت ہے یعنی موجب کفر ہے اور رسول کی شان میں گستاخی کا مرتکب کافر ہوجاتا ہے اور جو اسلام کے بعد مرتد ہوجائے قرآن کریم کی رو سے وہ واجب القتل ہے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ایذاء کہا ہے اور یہ ایذاء محفوظ الدم کو مباح الدم بنادیتی ہے۔ علامہ ابن تیمیہ نے بڑی تفصیل سے اس پر بحث کی ہے

کہ لعنت اور وہ بھی دونوں جہانوں میں یا تو کافر کے لیے یا جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا ہو اس کے لیے یہ لفظ آیا ہے، علامہ ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں:

”وہ سارے لوگ جن پر اللّٰہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں لعنت کی ہے مثلاً وحی الٰہی کو

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

چھپانے والے، راہِ حق سے روکنے تو کافر ہیں یا مباح الدم بخلاف

(الصارم

اور اللّٰہ تعالیٰ نے ان ملعونین

﴿مَلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْا

”یہ ملعونین جہاں پائے جائیں گے“۔

اس سے زیادہ وضاحت اور دوسری آیت میں ان ملعونوں کو سے خود بخود نتیجہ نکل آتا ہے کہ احزاب کی آیت میں ایذاء دین قرآن کریم میں عذاب الیم قر مہین“ کا لفظ صرف اور صر یہ موجب کفر ہے اور اس کی سز قرآن کریم کا اسلوب یہ ہ کے لیے سخت سے سخت الفاظ ہوئی اس میں حرام کا لفظ استع رجس من عمل الشیط بچو) جو شدت وزجر اور جو شِد کیوں کہ کوئی شیطانی عمل حلا حلال نہیں ہوسکتی یہ ضروری ن ہونا لازمی ہے۔ اسی طرح گست تو اس میں وہ شدت پیدا نہ ہوت قرآن کریم نے تو سزا مق

چھپانے والے، راہِ حق سے روکنے والے ظالم اور مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کرنے والے یا تو کافر ہیں یا مباح الدم بخلاف بعض ان لوگوں کے جن پر حدیث میں لعنت کی گئی ہے''۔

(الصارم المسلول (اردو ترجمہ)، ص ۶۳)

اور اللّٰہ تعالیٰ نے ان ملعونین کے لیے فرمایا:

﴿مَلْعُونِينَ ، اَيْنَ مَا ثُقِفُوا اُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا ﴾ (الاحزاب: ٦١)

''یہ ملعونین جہاں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جائیں گے۔''

اس سے زیادہ وضاحت اور کیا ہوگی کہ جب ایک آیت میں ان کو ملعون قرار دیا گیا اور دوسری آیت میں ان ملعونوں کو پکڑنے اور ریزہ ریزہ کرنے، قتل کرنے کا حکم دیا گیا تو اس سے خود بخود نتیجہ نکل آتا ہے کہ رسول کو ایذاء دینے والوں کو قتل کیا جائے گا اسی طرح سورۃ احزاب کی آیت میں ایذاء دینے والوں کے لیے ''عذاب مہین'' کا لفظ استعمال ہوا ہے قرآن کریم میں عذاب الیم تو کفار اور مسلمانوں کے لیے استعمال ہوا ہے لیکن ''عذاب مہین'' کا لفظ صرف اور صرف کفار کے لیے استعمال ہوا ہے، تو معلوم ہوا کہ ایذاء رسول یہ موجب کفر ہے اور اس کی سزا قتل ہی ہے۔

قرآن کریم کا اسلوب یہ ہے کہ بعض اوقات ایک فعل اور عمل کی شناعت ظاہر کرنے کے لیے سخت سے سخت الفاظ استعمال کرتا ہے مثلاً شراب کی حرمت کے لیے جو آیت نازل ہوئی اس میں حرام کا لفظ استعمال نہیں کیا گیا بلکہ شراب، جوئے وغیرہ کا ذکر کر کے فرمایا " رجس من عمل الشیطن فاجتنبوہ " (یہ ناپاک ہیں شیطان کے کام ہیں ان سے بچو) جو شدت وزجر اور جو شناعت ان الفاظ میں ہے وہ صرف لفظ حرام سے پیدا نہیں ہوتی کیوں کہ کوئی شیطانی عمل حلال اور جائز نہیں ہو سکتا اسی طرح جو ناپاک اور گندگی ہو وہ کبھی حلال نہیں ہو سکتی یہ ضروری نہیں کہ جو حرام

ہو تو ناپاک بھی ہو لیکن جو ناپاک ہو اس کا حرام ہونا لازمی ہے۔ اسی طرح گستاخ رسول اور موذی رسول کی سزا میں صرف قتل کو ذکر کیا جاتا تو اس میں وہ شدت پیدا نہ ہوتی جو لعنت اور عذاب مھین کے لفظ میں ہے۔

قرآن کریم نے تو سزا کے ایسے الفاظ ذکر کیے ہیں جو قتل سے زیادہ سخت ہیں اسی لیے

تو اللہ تعالیٰ نے استہزاء کرنے والوں کی سزا اپنے ذمہ لی ہے:

﴿اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ﴾ (الحجر آیت: ۹۵)

"ہم کافی ہیں آپ کی طرف سے ٹھٹھہ (استہزاء) کرنے والوں کو۔"

اور پھر اللہ اور اس کے رسول کی شان میں گستاخی کرنے والے اور ان کو ایذاء پہنچانے والے محاربین ہیں اللہ اور اس کے رسول کے مخالف اور ان سے محاربہ اور جنگ کرنے والے ہیں اور ایسے لوگوں کے بارے میں قرآن کریم کا حکم یہ ہے:

﴿اِنَّمَا جَزٰؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْا اَوْ يُصَلَّبُوْا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴾

(المائدہ: آیت ۳۳)

ترجمہ: "جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں اور زمین میں فساد مچاتے پھرتے ہیں، ان کی سزا یہی ہے کہ انہیں قتل کر دیا جائے، یا سولی پر چڑھا دیا جائے، یا ان کے ہاتھ پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹ ڈالے جائیں، یا انہیں زمین سے دور کر دیا جائے۔ یہ تو دنیا میں ان کی رسوائی ہے، اور آخرت میں ان کے لیے زبردست عذاب ہے۔"

علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ فساد فی الارض کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ملک میں فساد کرنے کی بہت سی صورتیں ہیں مثلاً اہل حق دین حق سے روکے یا پیغمبروں کی اہانت کرے، یا العیاذ باللہ مرتد ہو کر اپنے وجود سے دوسرے کو مرتد ہونے کی ترغیب دے وغیرہ۔"

"اگر الفاظ قرآنی کو اس کے عموم پر رکھا جائے تو "اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرنا" اور زمین میں فساد اور بدامنی پھیلانا دو لفظ ایسے ہیں جن میں کفار کے حملے، ارتداد کا فتنہ، رہزنی، ڈکیتی، ناحق قتل و مجرمانہ سازشیں اور مخربانہ پروپیگنڈا سب داخل ہو سکتے ہیں اور ان میں سے ہر جرم ایسا ہے جس کا ارتکاب کرنے والا ان چاروں سزاؤں میں سے کسی ایک سزا کا ضرور مستحق ٹھہرتا ہے۔"

قرآن کریم اللہ اور اس کے رسول سے استہزاء کرنے والوں کو مرتد قرار دیتا ہے اور

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ان کا عذر بھی قبول نہیں کرتا:

﴿قُلْ أَبِاللّٰهِ وَآيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ بَعْدَ إِيْمَانِكُمْ ط﴾ (التوبہ : )

ترجمہ: کہو کہ: "کیا تم اللہ اور اس کی آی تھے، بہانے نہ بناؤ، تم ایمان کا اظہار کرنے ک

اور یہ بات طے ہے کہ مرتد کی سزا قتل موجب لعنت ہے، عذاب مہین اور عذاب ا ہے۔ گستاخ رسول کی سزا قتل دو وجہ سے ہ اور گستاخی ایک بڑا جرم ہے اور دوسرا یہ کہ خارج ہو جاتا ہے اور مرتد ہو جاتا ہے۔

شاتم رسول اور گستاخ رسول کی سزا قرآ کریم اس سلسلہ میں خاموش ہوتا اور ح کے لیے اس کا ماننا ضروری ہے کیوں کہ ا اختیار کرو اور جس سے منع کریں اس سے ر سے کچھ نہیں کہتے بلکہ وہ وحی ہوتی ہے ج رسول کی اطاعت کرو، رسول کی اجاز طرح واجب العمل ہے جس طرح ق

احادیث پر نظر ڈالتے ہیں تو احادیث م عیاض اندلسی نے اپنی کتاب الشفاء م سے چند احادیث نقل کی جاتی ہیں۔

# شاتم رسول کی سزا احادیث ک

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روای جو شخص کسی نبی کو گالی دے اسے مار دو۔

ان کا عذر بھی قبول نہیں کرتا: ﴿قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ O لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ط ﴾

(التوبہ، ۶۵، ۶۶)

ترجمہ: کہو کہ: ”کیا تم اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول کے ساتھ دل لگی کر رہے تھے، بہانے نہ بناؤ، تم ایمان کا اظہار کرنے کے بعد کفر کے مرتکب ہو چکے ہو۔“

اور یہ بات طے ہے کہ مرتد کی سزا قتل ہے لہٰذا قرآن کریم کی رو سے گستاخ رسول موجب لعنت ہے، عذاب مہین اور عذاب الیم کا مستحق ہے اور اس کی سزا اس دنیا میں قتل ہے۔ گستاخ رسول کی سزا قتل دو وجہ سے ہے ایک یہ کہ خود رسول کی شان میں سب وشتم اور گستاخی ایک بڑا جرم ہے اور دوسرا یہ کہ اس سب وشتم کی وجہ سے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے اور مرتد ہو جاتا ہے۔

شاتم رسول اور گستاخ رسول کی سزا قرآن کریم سے ہم نے واضح کی اگر بالفرض قرآن کریم اس سلسلہ میں خاموش ہوتا اور حدیث سے اس کی سزا کا پتہ چلتا تو بھی ہر مسلمان کے لیے اس کا ماننا ضروری ہے کیوں کہ خود قرآن کریم کہتا ہے رسول تمہیں جو حکم دیں وہ اختیار کرو اور جس سے منع کریں اس سے باز آجاؤ، قرآن کریم کہتا ہے ”رسول اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے بلکہ وہ وحی ہوتی ہے جو ان کی طرف بھیجی جاتی ہے“ قرآن کہتا ہے کہ رسول کی اطاعت کرو، رسول کی اتباع کرو تو پھر جو بات حدیث سے ثابت ہو وہ بھی اسی طرح واجب العمل ہے جس طرح قرآن کریم سے کسی حکم کا ثابت ہونا اور جب ہم احادیث پر نظر ڈالتے ہیں تو احادیث میں بھی شاتم رسول کی سزا قتل ہی ملتی ہے۔ قاضی عیاض اندلسی نے اپنی کتاب الشفاء میں اس سلسلہ کی متعدد احادیث جمع کی ہیں اسی کتاب سے چند احادیث نقل کی جاتی ہیں۔

## شاتم رسول کی سزا احادیث سے:

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی نبی کو گالی دے اسے مار دو۔

صحیح حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن اشرف کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ "کون کعب بن اشرف کو ٹھکانے لگائے گا کیوں کہ وہ اللہ عزوجل اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء دیتا ہے۔ اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ کعب بن اشرف کا قتل اس کے شرک کی وجہ سے نہیں بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچانے کی وجہ سے تھا۔

اسی طرح ابو رافع کا قتل ہے۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء دیا کرتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بر خلاف دشمنوں کی مدد کرتا تھا۔ اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو گایا کرتا تھا۔

ایسا ہی فتح مکہ کے دن آپ نے ابن خطل اور اس کی دونوں لونڈیوں کے قتل کا حکم دیا تھا وہ لونڈیاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گانے میں گالیاں دیا کرتی تھیں۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ "ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دیا کرتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون شخص میرے اس دشمن کو ٹھکانے لگائے گا۔ تب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھیجا اور انہوں نے جا کر اس ملعون کو واصل جہنم کیا۔ اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی اس پوری جماعت کو قتل کرنے کا حکم دیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء دیا کرتی اور اکثر و بیشتر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتیں ان میں نضر بن الحارث اور عقبہ بن ابی محیط جیسے کفار تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ سے قبل اور بعد صحابہ کرام سے ان کے قتل کا وعدہ لیا تھا

چنانچہ وہ سب قتل کیے گئے البتہ گرفتار ہونے سے پہلے جس نے اسلام قبول کر لیا اسے معاف کر دیا گیا۔

بزار نے روایت بیان کی ہے کہ جب عقبہ بن ابی محیط قتل ہونے لگا تو اس نے پکار کر کہا: قبیلہ قریش کے لوگو! دیکھو! آج میں تمہارے سامنے قتل کیا جا رہا ہوں (اور تم خاموش ہو) تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: " بکفرك وافترائك على رسول الله ﷺ " ( تو اپنے کفر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر افتراء پردازی کے باعث قتل ہو رہا ہے)۔

عبدالرزاق نے ذکر کیا ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دی تو

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کون "میں" پھر انہوں نے اس سے جنگ کر روایت ہے کہ "ایک عورت نبی کریم اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون اس عورت نے اس عورت کو قتل کر دیا۔

یہ بھی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی ایسے شخص کو قتل کر ڈالیں، ابن قانع نے صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر میں نے اپنے باپ کو آپ صلی اللہ علیہ تو مجھ سے برداشت نہ ہوسکا اور میں علیہ وسلم کو ناگوار نہ گزری۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دور یمن میں ارتداد کا زمانہ تھا تو ایک عورت تھی، مہاجر بن ابی امیہ کو یہ بات معلوم کے سامنے والے دانت تڑوا دیئے۔ ح اگر تم ایسا نہ کرتے تو میں تمہیں اس والوں کی سزا عام لوگوں کو گالی دینے عباسؓ سے روایت ہے کہ قبیلہ خطمہ ک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "می اسی کے قبیلے کا ایک شخص کھڑا ہوا اور ا قتل کر دیا اس کے بعد نبی اکرم صلی ال فرمایا: " لا ینتطح فیھا عنزان " خون مباح ہے کچھ حرج نہیں ہوا اور ا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کون شخص اس سے نپٹے گا؟ حضرت زبیر نے عرض کیا: "میں" پھر انہوں نے اس سے جنگ کر کے اسے ٹھکانے لگایا۔

روایت ہے کہ "ایک عورت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیا کرتی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون اس عورت کی زبان کو بند کرے گا" جناب خالد رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو قتل کر دیا۔

یہ بھی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ ایسے شخص کو قتل کر ڈالیں، ابن قانع نے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم): میں نے اپنے باپ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کے کلمات کہتے ہوئے سنا تو مجھ سے برداشت نہ ہو سکا اور میں نے اسے قتل کر دیا اس کی یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ناگوار نہ گزری۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں مہاجر بن ابی امیہ یمن کے حاکم تھے جب یمن میں ارتداد کا زمانہ تھا تو ایک عورت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گانے میں گالی دیا کرتی تھی، مہاجر بن ابی امیہ کو یہ بات معلوم ہوئی تو انہوں نے اس عورت کا ہاتھ کٹوا دیا اور اس کے سامنے والے دانت تڑوا دیئے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو یہ بات معلوم ہوئی تو فرمایا اگر تم ایسا نہ کرتے تو میں تمہیں اس عورت کے قتل کا حکم دیتا کیوں کہ انبیاء کو گالی دینے والوں کی سزا عام لوگوں کو گالی دینے والے کی سزا کے برابر نہیں ہونی چاہیے۔ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ قبیلہ

خطمہ کی ایک عورت نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میرے لیے کون شخص اس عورت کو ٹھکانے لگائے گا" تو اسی کے قبیلے کا ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے کہا "میں یہ کام کروں گا" وہ گیا اور اس عورت کو قتل کر دیا اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا ینتطح فیھا عنزان" (اس میں تو بکریاں بھی سینگ نہیں مارتیں) یعنی اس کا خون مباح ہے کچھ حرج نہیں ہوا اور نہ اس میں کوئی فتنہ ہے یہ ایک مثال بیان فرمائی۔

# سنن ابوداؤد و سنن نسائی میں شاتم رسول کی بابت مروی روایات:

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک نابینا صحابی کی ایک باندی تھی جو اکثر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا بھلا کہتی انہوں نے اسے بار ہا منع کیا اور تنبیہ کی لیکن وہ نہ مانی ایک رات وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بدزبانی کر رہی تھی کہ نابینا صحابی نے اسے قتل کر دیا اور آکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا خون مباح فرما دیا۔ (ابوداؤد، نسائی)

# سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا قول اس بارے میں حرف آخر:

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ اسلمی کی روایت میں ہے کہ ایک دن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کسی وجہ سے ایک مسلمان پر ناراض ہوئے۔ قاضی اسماعیل اور دیگر ائمہ حدیث کا بیان ہے کہ اس نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو گالی دی۔ یہ نسائی شریف کی روایت میں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسے ڈانٹا تو اس نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ جواب میں بدزبانی کی۔ تب میں نے کہا: اے خلیفہ رسول! مجھے اجازت دیں تو اس شخص کی گردن مار دوں؟" حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا تم بیٹھو یہ حق سوائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی کے لیے نہیں ہے۔ قاضی ابو محمد بن نصر نے کہا کہ جس وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ بات فرمائی تو صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے اس بات کی تردید نہیں کی اس

واقعہ سے علمائے حدیث نے استدلال کرتے ہوئے کہا ہے: "جو شخص نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو ناراض کرے یا کوئی ایسا عمل کرے جو آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی ناراضگی کا باعث ہو یا وہ عمل آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی تکلیف کا باعث ہو یا آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو گالی دے تو اسے قتل کر دینا چاہیے۔" ان دلائل میں سے ایک دلیل یہ بھی ہے کہ کوفہ کے حاکم نے حضرت عمر بن عبدالعزیز سے دریافت کیا کہ کیا میں اس شخص کو قتل کر دوں جو حضرت عمر رضی اللّٰہ عنہ کو گالی دے؟ تو

انہوں نے جواب میں لکھا : ”گالی دینے کی بناء پر کسی مسلمان کو قتل کرنا جائز نہیں البتہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے۔ اسے قتل کرنا جائز ہے البتہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے اس کا خون حلال ہے۔“

ایک مرتبہ خلیفہ ہارون رشید نے امام مالکؒ سے دریافت کیا کہ جو شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ انہیں بتلایا کہ فقہائے عراق نے تو فتوی دیا ہے کہ اسے کوڑے مارے جائیں تو امام مالکؒ غصہ ہو گئے اور فرمایا کہ ” امیر المؤمنین جو اُمت اپنے نبی کو گالی دے پھر اس کا کیا ٹھکانہ ہے، جو انبیاء کو گالی دے اسے قتل کرنا چاہیے اور جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو گالی بکے اسے درّے رسید کرنے چاہیے۔

(کتاب الشفاء، جلد ۲، (اردو ترجمہ) ص ۳۷۷ تا ۳۸۰)

# شاتم رسول کا قتل رحمت کے منافی نہیں:

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ آج کل بڑے زور و شور سے کہا جا رہا ہے کہ اسلام میں اتنی سختی نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو رحمۃ للعالمین ہیں اور آپ نے تو کبھی انتقام نہیں لیا بلکہ ہمیشہ عفو و درگزر سے کام لیا ہے تو پھر یہ علماء اس قدر کیوں سختی کر رہے ہیں۔ علماء کا یہ طرز عمل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز عمل سے مختلف ہے، لیکن یہ بھی عامۃ المسلمین اور عوام الناس کو گمراہ کرنے اور راہِ راست سے ہٹانے کے لیے ایک مغالطہ ہے، اول بات تو یہ ہے کہ یقیناً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سراپا رحمت ہیں اور آپ نے ہمیشہ عفو و درگزر سے کام لیا ہے، اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی اپنی ذات کے لیے انتقام نہیں لیا لیکن جہاں تک تعلق ہے اللہ تعالیٰ کے احکامات کو نافذ کرنا خصوصاً حدود اللہ کو قائم اور نافذ کرنے میں

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی نرمی کا برتاؤ نہیں کیا کتنی ہی احادیث میں آتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی ایسی بات سن کر یا کوئی ایسا عمل دیکھ کر جس میں اللہ کے احکامات کی خلاف ورزی ہوتی ہو ناراض ہوئے، غصہ سے آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا، اور تو اور جب آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم کے چہیتے اور لاڈلے صحابی حضرت اسامہ نے لوگوں کے کہنے پر کسی عورت کی سزا کے بارے میں سفارش کرنا چاہی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر ناراض اور غصہ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا " تم اس عورت کی سفارش کرتے ہو اگر (العیاذ باللہ ) فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔"

اسی لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سے مواقع پر متعدد صحابہ پر سزا اور حد جاری کی، اسی طرح جیسا کہ اس سے پہلے واقعات سے معلوم ہوا، خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو ان موذی لوگوں کے قتل کے لیے بھیجا جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچاتے تھے، اسی طرح جن صحابہ کرام نے از خود ان گستاخوں کو قتل کیا تو نہ صرف یہ کہ ان سے آپ نے کوئی باز پرس نہیں کی بلکہ ان مقتولین کا خون ہدر اور ضائع قرار دے دیا۔

جس نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر اپنی بے مثال شان رحمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عام معافی کا اعلان کیا وہاں کچھ ایسے بد باطن لوگوں کے قتل کا حکم بھی دیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخیاں کرتے اور آپ کی ہجو کرتے تھے، تو معلوم ہوا کہ ایسے موذی اور گستاخوں کو قتل کرنا ہی رحمت ہے، کیوں کہ جسد انسانیت میں ان کی مثال ناسور کی سی ہے اور اگر کسی کی انگلی یا جسم کے حصہ میں ناسور ہو جائے تو ڈاکٹر اس کا ہاتھ کاٹ دیتے ہیں اور ساری دنیا یہ جانتی اور مانتی ہے کہ یہ اس شخص کے حق میں شفقت ہے کوئی اسے ظلم نہیں کہتا کیوں کہ ہر شخص یہ سمجھتا ہے کہ اگر یہ ناسور نہ کاٹا گیا تو اس کا زہر پورے بدن میں سرایت کر جائے گا جس سے موت یقینی ہے اسی طرح اس گستاخی کے ناسور کو بھی جسد ملت سے کاٹ دینا ضروری ہے۔ اسی لیے تو قصاص جو بظاہر قتل ہے مگر قرآن کریم اسے

حیات سے تعبیر کرتا ہے کیوں کہ اس کے ذریعہ کشت و خون کی بدامنی سے انسانیت کو نجات ملتی ہے۔

پھر یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو اپنی حیات مبارکہ میں یہ حق حاصل تھا کہ آپ ان گستاخوں اور آپ کو ایذاء پہنچانے والوں کو معاف کردیں کیوں کہ یہ آپ کا ذاتی حق تھا لیکن آپ کے وصال کے بعد اب یہ حکم الٰہی بن چکا ہے اب کسی کو اس کی معافی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء کا حق حاصل نہیں اور ویسے اسلام ایذاء پہنچائے جب تک بندہ اپنا حق اور کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی طرف

## شتم رسل غضب الٰہی

پھر یہ بھی یاد رہنا چاہیے کہ اگر یہ جرم غضب الٰہی کو دعوت دے گا نشانہ بنتا ہے اور پورا خطہ ارضی اس کا سفیر ہوتا ہے اور دنیا کا ضابطہ نہیں کرتی تو اللّٰہ تعالیٰ اپنے سفیر سے غیرت مند ہیں۔

## شاتم رسول کی سزا

یہی وجہ ہے کہ آج تک تمام قتل ہے اس پر اُمت کا اجماع سزا کے بارے میں دو رائے ”اسی طرح جو شخص آپ صلی حق میں بددعا کرے یا آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی طرف ایسی شے نہ ہو اور اس کا مقصد آپ صلی اللّٰہ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی شان بری بات کہے، یا جھوٹ کہے پر عار دلائے یا بشریت کی وجہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو لاحق ہو

کا حق حاصل نہیں اور ویسے اسلام کا عام اصول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کا حق مارے یا اس کو ایذاء پہنچائے جب تک بندہ اپنا حق معاف نہ کردے تو اللہ بھی اسے معاف نہیں کرتا اور نہ کسی اور کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی طرف سے اس بندہ کا حق معاف کر دے۔

## شتم رسول غضب الہی کو دعوت دیتا ہے:

پھر یہ بھی یاد رہنا چاہیے کہ اگر شاتم رسول سے انتقام نہ لیا جائے، اسے سزا نہ دی جائے تو یہ جرم غضب الہی کو دعوت دے گا اور جب غضب الہی قہر بن کر نازل ہوتا ہے تو ہر ایک اس کا نشانہ بنتا ہے اور پورا خطہ ارضی اس غضب و عذاب کا شکار بنتا ہے کیوں کہ اس دنیا میں نبی اللہ کا سفیر ہوتا ہے اور دنیا کا ضابطہ بھی ہے کہ کوئی ملک و حکومت اپنے سفیر کی توہین برداشت نہیں کرتی تو اللہ تعالیٰ اپنے سفیر کی توہین کیونکر برداشت کر سکتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ تو سب سے غیرت مند ہیں۔

## شاتم رسول کی سزا پر علماء کا اجماع:

یہی وجہ ہے کہ آج تک تمام علماء اور اصحاب فتویٰ کا اتفاق ہے کہ شاتم رسول کی سزا قتل ہے اس پر اُمت کا اجماع ہے اور ائمہ اُمت میں ایسے گستاخ اور شاتم رسول کی سزا کے بارے میں دو رائے نہیں ہوئیں۔ قاضی عیاض اندلسیؒ لکھتے ہیں: "اسی طرح جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر لعنت کرے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں بد دعا کرے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کسی ضرر کی آرزو کرے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایسی شے کی نسبت کرے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے لائق نہ ہو اور اس کا مقصد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی برائی یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر عیب لگانا ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بیہودہ کلام کرے، آپ صلی اللہ

علیہ وسلم کو برا کہے یا بری بات کہے، یا جھوٹ کہے یا آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم پر جو سختیاں یا مصیبتیں آئیں ان کی بناء پر عار دلائے یا بشریت کی وجہ سے عادةً جو عارضے (از قسم بیماری، بھوک، وفات) آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو لاحق ہوئے ان کی بناء پر آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی قدر کو کم کرے یہ

سب ناجائز اور حرام کام ہیں اس پر علماء کرام اور صحابہ کرامؓ سے لے کر آج تک جتنے فتویٰ دینے والے امام گزرے ہیں سب کا اتفاق واجماع ہے۔

ابوبکر بن منذر نے کہا ہے کہ عامہ اہل علم کا اس امر پر اجماع ہے کہ جو شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے اسے قتل کر دینا چاہیے۔ یہ بات حضرت مالک بن انس، لیث، احمد اور اسحق وغیرہم نے بھی کہی ہے، یہی امام شافعیؒ کا مسلک ہے۔

قاضی ابو الفضل نے کہا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے قول کا بھی یہی تقاضا ہے اور تمام علماء کے نزدیک ایسے شخص کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔ امام ابو حنیفہؒ اور ان کے ساتھی نیز سفیان ثوری، اہل کوفہ اور اوزاعی کا بھی یہی خیال ہے البتہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ "یہ عمل ارتداد ہے" ولید بن مسلم نے امام مالکؒ سے بھی یہی نقل کیا ہے۔ امام ابو حنیفہؒ اور ان کے اصحاب سے بھی یہی روایت ہے کہ جو شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں نقص نکالے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے براءت کا اظہار کرے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرے بقول سحنون وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دینے والوں میں شمار کیا جائے گا اور یہ سارے کام ارتداد اور زندقہ کے ہیں۔

(کتاب الشفاء، جلد دوم، ۳۶۸، ۳۶۷)

علامہ ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں:

"اُمت مسلمہ کا اتفاق ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں تنقیص اور گستاخی کرنے والا مسلمان واجب القتل ہے، علماء نے اس کے قتل نیز کفر پر اجماع نقل کیا ۔"

امام اسحاق بن راہویہؒ فرماتے ہیں:

”تمام مسلمان متفق ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرے یا اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کسی بات کا انکار کرے یا انبیائے کرام علیہم السلام میں سے کسی کے قتل کا مرتکب ہو وہ کافر ہے خواہ وہ بقایا سارے نازل شدہ کلام کو مانتا ہو۔“

امام خطابی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”میرے علم کے مطابق کسی مسلمان نے شاتم رسول کی سزائے موت کے وجوب میں اختلاف نہیں کیا۔“

محمد بن سحنون رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے:

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

”تمام علماء یک زبان ہیں کہ شانِ رسالت میں گستاخی اور تنقیص کا مرتکب کافر ہے، اس پر عذاب الٰہی کی وعید آئی ہے اور اُمت محمدیہ کے نزدیک اسکی شرعی سزا قتل ہے اور جو شخص اس کے کفر وعذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔“

(الصارم المسلول علی شاتم الرسول (اردو ترجمہ)، صفحہ نمبر ۲۴)

”جس مسلمان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی، یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بات کو جھٹلایا یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم میں کوئی عیب نکالا یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص کی وہ کافر ومرتد ہو گیا اور اس کا نکاح ٹوٹ گیا، پھر اگر وہ اپنے اس کفر سے توبہ (کر کے اسلام و نکاح کی تجدید) کرلے تو ٹھیک ورنہ اسے قتل کر دیا جائے۔“ (کتاب الخراج: ۱۹۷)

علامہ ابن عابدین شامیؒ لکھتے ہیں: ترجمہ: ”جو ملعون اور موذی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ عالی میں گستاخی کرے اور سب وشتم کرے اس کے بارے میں مسلمانوں کے دل ٹھنڈے نہیں ہوتے جب تک کہ اس خبیث کو سخت سزا کے بعد قتل نہ کیا جائے یا سولی پر نہ لٹکایا جائے، کیوں کہ وہ اسی سزا کا مستحق ہے، اور یہ سزا دوسروں کے لیے عبرت ہے“۔ (رسائل ابن عابدین: ۳۴۷/۱)

فقہ حنفی کی ممتاز شخصیت امام سرخسیؒ نے شاتم رسول کے قتل پر اجماع نقل کرتے ہوئے لکھا ہے: ”جس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر شتم کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی، دین یا شخصی اعتبار سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر عیب لگایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات میں سے کسی صفت پر نکتہ چینی کی تو چاہے یہ شاتم رسول مسلمان ہو یا غیر مسلم، یہودی ہو یا عیسائی یا غیر اہل کتاب، ذمی ہو یا حربی، خواہ یہ شتم واہانت عمداً ہو یا سہواً،

سنجیدگی سے ہو یا بطور مذاق وہ دائمی طور پر کافر ہوا۔ اس طرح پر کہ اگر وہ توبہ بھی کرلے تو اس کی توبہ نہ عند اللّٰہ قبول ہوگی نہ عند الناس اور شریعت مطہرہ میں متاخر ومتقدم تمام مجتہدین کے نزدیک اس کی سزا اجماعاً قتل ہے ۔“ (خلاصة الفتاویٰ: ۳/۲۸۶)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

مذاہب اربعہ کی فقہ پر مشہور کتاب ”الفقہ علی المذاہب الاربعہ“ کا یہ اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

”ارتداد معاذ اللہ اس مسلمان کا کفر ہے جس کا اسلام ثابت ہو چکا ہو اور یہ ارتداد لازم آئے گا صریح قول سے جیسے اس کا یہ کہنا: میں خدا کا شریک ٹھہراتا ہوں، یا کسی ایسے فعل سے جو بالکل ظاہری طور پر کفر کو مستلزم ہو یا کسی نبی پر سب وشتم ہے جس کی نبوت پر اُمت کا اجماع ہو، یا نبی یا فرشتے کے بارے میں نقص کا الزام لگانے سے خواہ جسمانی نقص ہی کیوں نہ ہو، جیسے لنگڑا پن اور مفلوج ہونا۔ ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے کہ معاذ اللہ جس کا مرتد ہونا ثابت ہو جائے اس کا قتل واجب ہے اور وہ مہدور الدم ہے۔“

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

ترجمہ: ”امام سبکیؒ فرماتے ہیں کہ اگرچہ ہم نے اسی کو ترجیح دی ہے کہ جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کے بعد تائب ہو جائے، دوبارہ اسلام قبول کرلے اور حسن اسلام کا مظاہرہ کرے اس کی توبہ قبول کی جائے گی، اور اس سے قتل کی سزا ساقط ہو جائے گی اور وہ آخرت میں ناجی ہوگا، لیکن جس شخص سے ایسی چیز صادر ہو، ہمیں اس کے حق میں سوء خاتمہ کا اندیشہ ہے (اللہ تعالیٰ پناہ میں رکھے) کیوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ عالی کی بے ادبی نہایت سنگین جرم ہے اور اس معاملے میں حق تعالیٰ شانہ کی غیرت نہایت شدید ہے اس لیے جو شخص کسی ایسی چیز کا مرتکب ہو اس کے بارے میں شدید اندیشہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے توبہ کی توفیق سے محروم کر دیں اس کا ایمان واپس نہ لوٹائیں اور اسے ہدایت کی توفیق نہ دیں۔“

(رسائل ابن عابدین: ۳۵۱/۲)

غرضیکہ تمام علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ شاتم رسول اور گستاخ رسول کی سزا قتل ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، اگرچہ اس بارے میں اختلاف رائے ہے کہ ایسے شخص کی یہ سزا توبہ کے بعد ساقط ہوگی یا نہیں تو امام مالکؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک یہ اہانت رسول ایسا جرم عظیم ہے کہ توبہ کے بعد بھی قتل کی سزا ساقط نہیں ہوتی ، بہت سے فقہاء احناف اور شوافع کا بھی یہی فتویٰ ہے، اگرچہ امام ابو حنیفہؒ اور امام شافعیؒ کا ایک قول یہ ہے کہ توبہ کرنے کے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

بعد قتل کی سزا ساقط ہو جائے گی، لیکن ان تعزیری سزا جاری کرنا ضروری ہے۔ اس پاکستان کے قانون میں بھی یہی سزا ہے،

آج کل بلاوجہ اس قانون کے خلاف ، بے سروپا باتوں اور غلط پروپیگنڈے او لوگوں کے بارے میں مولانا محمد یوسف ل کر کے اپنی بات ختم کرتا ہوں:

”جس طبقہ کی نمائندگی آج کل کی جا میں اسلامی غیرت وحمیت کے تقاضوں کے لوگ شامل ہیں: اوّل: وہ ناواقف عقائد ونظریات کیا ہیں؟ اور ان کے د عداوت کے کیسے جذبات موجزن ہیں ،

دوسری قسم وہ تعلیم یافتہ طبقہ ہے، جو ونفرت ہے اور دین سے بیزاری اس بنیاد پر افراد اور ملتوں کی تقسیم ہی کا قا اہل حق اور اہل باطل سب کو ایک ہی آ کے نزدیک دین اور دینداری کا نام ہی

تیسری قسم ان لوگوں کی ہے جو و معاشرہ پر بڑے بڑے مقالے تحریر فرما ہیں، لیکن ان کے نزدیک دین بس اس قومی وملی مصروفیات کے ہجوم میں کبھی ا لیے ان کے حریم قلب میں دینی حمیت اور یہ حضرات بڑی معصومیت سے پو ان کا یہ سارا درد؟ خدا اور رسول اور دی

بعد قتل کی سزا ساقط ہوجائے گی، لیکن ان کے نزدیک بھی ایسے لوگوں پر توبہ کے مناسب تعزیری سزا جاری کرنا ضروری ہے۔ اسی پر تمام اسلامی حکومتیں عمل کرتی آئی ہیں اور اب پاکستان کے قانون میں بھی یہی سزا ہے۔

آج کل بلاوجہ اس قانون کے خلاف شور اور واویلا مچایا جارہا ہے اور دور از کار تاویلات ، بے سروپا باتوں اور غلط پروپیگنڈے اور مغالطوں سے آسمان سر پر اٹھایا ہوا ہے، ایسے لوگوں کے بارے میں مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک اقتباس نقل کر کے اپنی بات ختم کرتا ہوں:

''جس طبقہ کی نمائندگی آج کل کی جارہی ہے ہمیں افسوس ہے کہ وہ جوش رواداری میں اسلامی غیرت وحمیت کے تقاضوں کو پشت انداز کر رہا ہے اور اس طبقہ میں تین قسم کے لوگ شامل ہیں: اوّل: وہ ناواقف اور جاہل لوگ جو نہیں جانتے کہ قادیانیوں کے عقائد ونظریات کیا ہیں؟ اور ان کے دلوں میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف بغض و عداوت کے کیسے جذبات موجزن ہیں۔

دوسری قسم وہ تعلیم یافتہ طبقہ ہے، جو ملحد ولا دین ہے جس کو دین اور اہل دین سے بغض ونفرت ہے اور دین سے بیزاری اس کے نزدیک گویا فیشن میں داخل ہے وہ مذہب کی بنیاد پر افراد اور ملتوں کی تقسیم ہی کا قائل نہیں۔ وہ مؤمن وکافر، ایماندار اور بے ایمان، اہلِ حق اور اہلِ باطل سب کو ایک ہی آنکھ سے دیکھتا اور ایک ہی ترازو سے تولتا ہے، اس کے نزدیک دین اور دینداری کا نام لینا ہی سب سے بڑا جرم ہے۔

تیسری قسم ان لوگوں کی ہے جو دین پسند کہلاتے ہیں۔ دینی موضوعات اور اصلاحِ معاشرہ پر بڑے بڑے مقالے تحریر فرماتے ہیں۔ بظاہر اسلام کے نقیب اور داعی نظر آتے ہیں، لیکن ان کے نزدیک دین

بس اسی نعرہ بازی اور مقالہ نگاری کا نام ہے۔ انہیں اپنی قومی وملّی مصروفیات کے ہجوم میں کبھی اہل دین اور اہل دل کی صحبت کا موقع نہیں ملا، اس لیے ان کے حریم قلب میں دینی حمیت وغیرت کے بجائے مصلحت پسندی کا سکہ رائج ہے اور یہ حضرات بڑی معصومیت سے رواداری اور کشادہ دلی کا وعظ فرماتے رہتے ہیں۔ لیکن ان کا یہ سارا وعظ خدا اور رسول اور دین وملت کے غداروں سے رواداری تک محدود ہے

اگر ان کی ذاتی املاک کو کوئی شخص نقصان پہنچائے، ان کی اپنی عزت و ناموس پر حملہ کرے وہ رواداری کا سارا وعظ بھول جائیں گے۔ ان کی رگ حمیت پھڑک اٹھے گی ان کا جذبہ انتقام بیدار ہو جائے گا اور وہ اس موذی کو کیفر کردار تک پہنچا کر ہی دم لیں گے، لیکن اگر کوئی خدا اور رسول کی عزت پر حملہ کرتا ہو، دین میں قطع و برید کرتا ہو، اکابر اُمت پر کیچڑ اچھالتا ہو اس کے خلاف ان کی زبان وقلم سے ایک حرف نہیں نکلے گا، بلکہ یہ حضرات ایسے موذیوں کا تعاقب کرنے والوں کو درس رواداری دینے لگیں گے۔" (تحفہ قادیانیت : ۱/ ۶۳۴۔۶۳۷)

"تاریخ بتاتی ہے ایسی قومیں جن میں مذکورہ بالا تین طبقات کی اکثریت ہو وہ جلد یا بدیر تحلیل ہو کر رہ جاتی ہیں، خصوصاً تیسری قسم کے لوگ جو دینی حمیت و غیرت سے خالی اور احساس خود تحفظی سے عاری ہوں وہ بہت جلد مقہور و محکوم ہو کر رہ جاتے ہیں۔" (تحفہ قادیانیت: ۶۳۷/۱)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحیح سمجھ عطا فرمائے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت و عقیدت نصیب فرمائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و حرمت کے لیے مر مٹنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

سید شمس وارثی

تابندہ قائم رہے گی شوکت و شان حرا

روز محشر سرخ رُو ہوں گے ثناء خوان حرا

سب سے پہلے نور ونکہت کی کرن پھوٹی جہاں

علم وحکمت کا ہے مینارہ دبستان حرا

بارگاہ شافع محشر میں یہ مقبول ہو

بخش میں نے نعت لکھی ہے بعنوان حرا

# قانون تحفظ ناموس رسالت ﷺ کی اہمیت

## اور پیپلز پارٹی کا طرز عمل

تحریر: صادق علی زاہد

ابتدائیہ: اسلامی تعلیمات و نظریات سے بیگانگی اور مادہ پرستی کی ہوس کی بدولت آج ہم اس خطر ناک مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ قادیانی، یہودی و صہیونی لابی نے عزت و ناموس رسالت ﷺ کے مسئلہ کو "چیک میٹر" بنا لیا ہے۔ جونہی پاکستان میں حکومت تبدیل ہوتی ہے، سب سے پہلے اس مسئلہ کو ہوا دے کر "غیرت مسلم" کا جائزہ لینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ حالات و واقعات ثابت کر رہے ہیں کہ ہمیشہ سے پاکستان میں حکومت کی تبدیلی پاکستانی عوام کی مرضی سے نہیں، بلکہ صہیونی و یہودی لابی کی پسند و ناپسند سے ہی ہو رہی ہے۔ جن کی بھر پور کوشش ہے کہ پاکستان بھی ترکی جیسا ایک غیر اسلامی "اسلامی ملک" بن جائے۔ (العیاذ باللہ) اگر ہمارا طرز عمل اسی طرح دین اسلام سے بیگانگی و برگشتگی پر مبنی رہا تو یہ خطرہ ہے کہ ایک دن یہ سامراجی، یہودی و صہیونی لابی اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب ہو جائے گی۔

اسلام سے برگشتہ اور اسلامی تعلیمات پر نکتہ چینی کرنے والے نام نہاد مسلمانوں کو جس طرح یورپی ممالک عزت و توقیر سے نوازتے ہیں، یہ سراسر قابل اعتراض اور اشتعال انگیز حرکت ہے۔ گستاخ رسول ملعون سلمان رشدی ہو یا تسلیمہ نسرین، انھیں امریکہ و یورپ میں ہاتھوں ہاتھ لیا جاتا ہے اور میڈیا میں انہیں ہیرو بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ جو کہ امریکہ و یورپ کے اسلام کے خلاف

اندرونی بغض و عناد کا کھلم کھلا اظہار ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یورپ ابھی تک صلیبی اثرات سے آزاد نہیں ہو سکا۔ اور اب اس تعصب کے جراثیم پوری طرح امریکہ کو بھی منتقل

چکے ہیں۔ مغربی دنیا کی بھر پور کوشش ہے کہ روشن خیالی، آزاد روی اور جدیدیت کے نام پر مسلمانوں کو ان کے بنیادی اعتقادات سے بھی دور کر دیا جائے۔

## قانون ناموس رسالت ﷺ کی اہمیت:

مسلمانوں کے لیے رسول اکرم ﷺ کی ذات، ان کی اپنی ذات سے بہت بڑھ کر ہے۔ آپ ﷺ کی بیویاں سب مسلمانوں کے لیے ماں کا درجہ رکھتی ہیں، آپ ﷺ اور ازواج مطہرات کے بارے میں فحش گوئی اور بدکلامی سے مسلمانوں کو تکلیف پہنچنا ایک لازمی وفطری عمل ہے۔

نبی اکرم ﷺ کی عزت و تکریم کی حفاظت ہر مسلمان پر فرض ہی نہیں بلکہ بنیاد ایمان ہے۔ کیونکہ ادب ہوگا تو دل میں تعظیم ہوگی، تعظیم ہوگی تو اس کے ہر حکم کی تعمیل کا جذبہ پیدا ہوگا، جب تعمیل حکم کی خو پختہ ہوگی تو محبت کی نعمت مرحمت فرمائی جائے گی، اور محبوب خداوند ذوالجلال کے عشق کی شمع فروزاں ہوگی اور حریم کبریائی تک جانے کا سارا راستہ منور ہو جائے گا۔ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

”اے نبی ﷺ بے شک ہم نے آپ کو بھیجا شاہد و مبشر اور نذیر بنا کر، تاکہ اے لوگو ! تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اللہ کی تسبیح (پاکی) بیان کرو“

(1)

”دوسری جگہ آپ ﷺ کی عزت و توقیر کی اہمیت ان الفاظ میں بیان فرمائی! ”پس جو لوگ اس رسول ﷺ پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اسکی مدد کریں اور اس نور کی اتباع کریں جو اس کے ساتھ اترا، وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔“

(2)

نبی اکرم ﷺ کی عزت و توقیر کس حد تک کی جائے اس بارے میں ارشاد ربانی ملاحظہ فرمائیں۔

”اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو اور ان کی موجودگی میں بلند آواز سے بات نہ کرو جس طرح بلند آواز سے تم ایک دوسرے کے ساتھ بات کرتے ہو۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارے سب اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے“

(3)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

صحابہ کرام تو پہلے ہی مجسم ادب تھے رسول ﷺ کے بارے میں مزید احتیا رسالت ﷺ میں حاضر ہونے کے مرقوم ہے کہ اس آیت مبارکہ کے معمول بنا لیا تھا کہ جب بھی کوئی ب پہنچتا تو آپ اس وفد کی طرف ایک آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضری ہو ایسے الفاظ جن میں توہین کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

”اے ایمان والو! ر یں عرض کرو کہ حضور ﷺ ہم پر نظر سے سنا کرو (تاکہ بار بار تم لوگوں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین عروہ بن مسعود ثقفی کی زبانی ملا حظ

”اے قوم کے لوگو موقع ملا ہے، میں نے قیصر و کسر نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا کہ ا اصحاب محمد (ﷺ) آپ ﷺ پھینکتے ہیں تو گرنے سے پہلے ک بدن پر مل لیتا ہے۔ جب آپ جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

صحابہ کرام تو پہلے ہی مجسم ادب تھے لیکن اس آیت مبارکہ کے نزول کے بعد ادب واحترام رسول ﷺ کے بارے میں مزید محتاط ہو گئے۔ خود ہی محتاط نہ ہوئے بلکہ دوسروں کو بھی بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضر ہونے سے قبل "آداب باریابی" سے مطلع فرماتے۔ کتب سیر میں مرقوم ہے کہ اس آیت مبارکہ کے نزول کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے معمول بنالیا تھا کہ جب بھی کوئی بیرونی وفد آپ ﷺ سے ملاقات کی غرض سے مدینہ طیبہ پہنچتا تو آپ اس وفد کی طرف ایک خاص آدمی کو روانہ کرتے جو اس وفد میں شامل لوگوں کو آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضری اور بات چیت کے آداب سے آگاہ کرتا۔

ایسے الفاظ جن میں توہین رسالت ﷺ کا شائبہ بھی موجود ہو ان کے استعمال سے منع کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

"اے ایمان والو (جب تم رسول ﷺ سے بات کرو تو ) "رَاعِنَا" نہ کہو بلکہ یو ں عرض کرو کہ حضور ﷺ ہم پر نظر فرمائیے اور (جب حضور ﷺ ارشاد فرما رہے ہوں تو ) غور سے سنا کرو (تاکہ بار بار تم لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر آپ ﷺ کو تکلیف محسوس نہ ہو )

(4)

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کس طرح حضور ﷺ کی تعظیم وتکریم کرتے تھے اس کا حال عروہ بن مسعود ثقفی کی زبانی ملاحظہ فرمائیے، جو صلح حدیبیہ سے واپسی کے بعد انہوں نے اپنی قوم کے سامنے بیان کیا۔

"اے قوم کے لوگو! خدا کی قسم مجھے کئی بادشاہوں کے درباروں میں جانے کا موقع ملا ہے، میں نے قیصر وکسریٰ اور نجاشی کے دربار میں بھی دیکھے ہیں، مگر خدا کی قسم میں نے کسی بادشاہ

کو نہیں دیکھا کہ اس کے ساتھی اس کی اتنی عزت وتکریم کرتے ہوں جتنی اصحاب محمد (ﷺ) آپ ﷺ کی کرتے ہیں۔ خدا کی قسم آپ ﷺ رینٹ، تھوک یا بلغم پھینکتے ہیں تو گرنے سے پہلے کسی صحابی کا ہاتھ اس کے نیچے ہوتا ہے اور وہ اسکو اپنے منہ اور بدن پر مل لیتا ہے۔ جب آپ ﷺ کوئی حکم کرتے ہیں تو وہ ایک دوسرے پر بازی لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتے ہیں تو وضو کے گرنے والے پانی پر وہ اس

طرح ٹوٹ پڑتے ہیں کہ گمان ہوتا ہے کہ آپس میں لڑمریں گے۔ اور جب وہ بات کرتے ہیں تو سب اپنی آوازیں پست کرلیتے ہیں اور ان کی تعظیم وتوقیر کی وجہ سے کوئی ان کی طرف تیز نگاہی سے دیکھ نہیں سکتا۔ انہوں نے رشد و ہدایت کا جو کام تم پر پیش کیا ہے اسے قبول کرلو۔''(5)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ادب رسول ﷺ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''جس وقت آپ ﷺ بات شروع کرتے تو آپ ﷺ کے ہم نشین اس طرح سر جھکا لیتے ، گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں (اگر حرکت کی تو اڑ جائیں گے)(6)

جہاں حضور ﷺ کی عزت وتکریم کرنے کا حکم دیا گیا ہے ساتھ ہی آپ ﷺ کو ایذا وتکلیف دینے سے باز رہنے کے احکام بھی موجود ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

''بے شک جو لوگ تکلیف پہنچاتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے دین وآخرت میں'' (7)

''اے ایمان والوں! ان لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنہوں نے تکلیف پہنچائی موسیٰ (علیہ السلام) کو۔''(8)

یعنی جس طرح بنی اسرائیل نے اپنے نبی (موسیٰ علیہ السلام) کو اپنے اقوال و افعال سے تکالیف پہنچائیں، اسی طرح تم بھی اپنے نبی ﷺ کو اپنی کسی حرکت وعمل سے تکلیف نہ پہنچاؤ، ورنہ تمہارا حال بھی وہی ہوسکتا ہے جو بنی اسرائیل کا ہوا۔

نبی اکرم ﷺ کو تکلیف کس طرح پہنچتی ہے اس کی وضاحت بھی فرمادی۔

''اور ان (منافقین) میں سے ایسے لوگ بھی ہیں، جو تکلیف پہنچاتے ہیں نبی ﷺ کو اور کہتے ہیں یہ شخص کانوں کا کچا ہے۔''(9)

امام لغت علامہ جوہری کے نزدیک ''رجل اذن'' اس شخص کو کہتے ہیں جو ہر کسی کی بات سن لے۔ (10) حضور ﷺ چونکہ اپنے بیگانے سب کی بات سنتے اور مشیت الٰہی کے مطابق

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

جس طرح مناسب ہوتا عمل فرماتے رہتے تھے۔ اس پر منافقین کو گمان ہوا کہ ہماری باتوں کا آپ ﷺ پر بہت اثر ہوتا ہے ہم جو چاہیں کرتے پھریں، بارگاہ رسالت ﷺ میں ہمارے بہانے کام کر جاتے ہیں اور ہم سے باز پرس نہیں ہوتی۔ (جبکہ محض از راہِ شفقت و پردہ پوشی آپ ﷺ ان سے اعراض فرماتے تھے ) چنانچہ آیت بالا کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے فرما دیا کہ تمہارا یہ کہنا نبی ﷺ کے لیے باعث تکلیف ہے چنانچہ اس سے باز آ جاؤ ورنہ تمہارے لئے سخت عذاب ہے۔

آپ ﷺ کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب کبھی مسجد نبوی کے قریب و جوار میں کسی کو کیل یا میخ ٹھونکتے سنتیں تو کہلا بھیجتیں کہ اس طرح ضرب لگانے کے شور سے حضور ﷺ کو تکلیف ہوتی ہے لہٰذا ایسا شور کرنے سے باز رہو۔ (11)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے گھر کے دروازے تیار کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو آپ نے مناصع (مدینہ منورہ سے باہر ایک بستی کا نام) میں تیار کروائے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کی تیاری کے دوران لکڑی کا شور اُٹھے اور حضور ﷺ کو تکلیف ہو۔ (12)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی شخص کو مسجد نبوی میں ہنستے ہوئے سنا ، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے بلا کر اس کا اتا پتہ پوچھا تو معلوم ہوا کہ طائف کا رہنے والا ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر تم مدینہ میں رہنے والے ہوتے تو میں تمہیں سزا دیتا، اس مسجد میں آوازیں بلند نہیں کی جاتیں۔ (13)

ابن وہب رحمۃ اللہ علیہ نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ ”جو شخص کہے کہ رسول کریم ﷺ کی چادر میلی ہے اور اس کا مقصد آپ ﷺ کی ذات میں عیب نکالنا ہو تو اسے قتل کیا جائے گا ۔“ (14)

یہ مثالیں واضح کر رہی ہیں کہ اللّٰہ تعالیٰ کا حکم مانتے ہوئے، صحابہ کرامؓ حضور ﷺ کے ادب و احترام کا کس حد تک خیال رکھتے تھے۔ آخر میں یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ اتنی واضح تعلیمات کے باوجود اگر کوئی بدبخت حضور ﷺ کے ناموس کے بارے میں ناپسندیدہ

عمل کرے تو اس کا کیا حشر ہوگا، ارشاد ربانی ہے!

”بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں ان کو ہلاک کیا جائے گا جس طرح ان لوگوں کو ہلاک کیا گیا جو ان سے پہلے تھے۔“

(15)

مزید فرمایا! ”جو لوگ اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں یہ ذلیل ترین لوگ ہیں۔“

(16)

## ناموس رسالت کا پاس نہ رکھنے والوں سے مومنین کا کوئی تعلق نہ ہونا چاہئے

ارشاد ربانی ہے!

”جو لوگ خدا اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، تم انہیں خدا اور رسول ﷺ کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔“

(17)

شاتمان رسالت کو سزا سے بچانے کیلئے قوانین میں ترمیم کرنے والوں اور گستاخان رسول کی وکالت کر کے انہیں سزا سے بچانے کی کوشش کرنے والوں کی آنکھیں کھولنے کیلئے اس حکم ربانی کا مطالعہ کافی ہوگا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار.

ابولہب اور ولید بن مغیرہ نے شان رسالت میں گستاخی کا ارتکاب کیا تو ان کے بارے میں سورۃ اللھب اور سورۃ القلم کی آیات نازل ہوئیں۔ شاتمان رسالت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے جلال کی مثال دیکھنا چاہو تو سورۃ اللھب اور سورۃ قلم کی آیات (۱۰ تا ۱۳) پر ایک نظر ڈالو۔ آنکھیں کھل

جائیں گی۔ نبی اکرم ﷺ کے مبارک عہد، خلافت راشدہ نیز آغاز اسلام سے آج تک تاریخ کے صفحات اس بات پر گواہی دے رہے ہیں، کہ جب بھی کسی منافق یا کافر نے شان رسالت میں گستاخی کرنے کی جرأت کی (مسلمان کا ذکر اس لئے نہیں کر رہا کہ مسلمان گستاخی کرنا تو درکنار، شان رسالت میں گستاخی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ جونہی کسی مسلمان کے دل میں شان رسالت میں گستاخی کرنے کا خیال آیا، ساتھ ہی ایمان رخصت ہو گیا اور نفاق داخل ہو گیا۔ اس لئے میں نے منافق اور کافر کے الفاظ ہی استعمال کئے ہیں) اسے صفحۂ ہستی سے مٹا دیا گیا۔ حضرت زید بن خطاب، حضرت

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

مالک بن امیہ، غازی علم دین، غازی کس کس فرزند اسلام کا نام لوں جس کو بند کر دیا۔ اور خود خلد بریں میں ج کا امتحان لینے سے باز رہے۔ امت رسول کی پشت پناہی کی کوشش کی اس

مزید قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرما

"جان لو! بے شک نبی پ ﷺ کی وفات کے بعد بھی اس ظاہری حیات میں ضروری ولازم تھی ﷺ کی حدیث شریف کی تلاوت ﷺ کی سیرت طیبہ کے سننے کے وق

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ

ادب گاہیست زیر

نفس گم کردہ می آ

## پیپلز پارٹی کا طرز عمل: ناموس ر

امت، غرض ہر پہلو سے طے شدہ م ہی ملکی قانون میں یہ مسئلہ حل شدہ والے یہ بدیشی حکمران، اپنے آقا پاکستان، پاکستانی عوام کا نہیں، کہ ا ہماری اور سامراجی ایجنٹوں کی مشبو "آئینی اصلاحات" ٹھونس دو، کسی بطور جماعت، پیپلز پارٹ

مالک بن امیہ، غازی علم دین، غازی مرید حسین، غازی عبدالرشید رحمۃ اللہ علیہم ،تاریخ سے کس کس فرزند اسلام کا نام لوں جنھوں نے ناموس رسالت کے خلاف بولنے والی زبانوں کو بند کر دیا۔ اور خود خلد بریں میں جابسے۔ حکومت وقت سے گزارش ہے کہ غیرت مسلمان کا امتحان لینے سے باز رہے۔ اقتدار کے نشے میں سرمست ہو کر جس نے بھی گستاخان رسول کی پشت پناہی کی کوشش کی اس کی دنیا و آخرت تباہ ہونے کا اشارہ قرآن وحدیث میں موجود قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

"جان لو! بے شک نبی کریم ﷺ کی عزت وحرمت اور آپ ﷺ کی تعظیم وتوقیر آ پ ﷺ کی وفات کے بعد بھی اسی طرح ضروری ولازم ہے۔ جس طرح آپ ﷺ کی ظاہری حیات میں ضروری ولازم تھی۔ اس کا اظہار خصوصاً آپ ﷺ کے ذکر مبارک، آپ ﷺ کی حدیث شریف کی تلاوت ، آپ ﷺ کی سنت ، آپ ﷺ کے نام مبارک اور آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے سننے کے وقت ہونا چاہئے۔" (18)

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ارشاد بھی پیش نظر رہے!

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر

نفس گم کردہ می آید ، جنید و بایزید ایں جا

پیپلز پارٹی کا طرز عمل: ناموس رسالت ﷺ کا مسئلہ قرآن وحدیث،عمل صحابہ اور اجماع امت، غرض ہر پہلو سے طے شدہ ہے۔ جبکہ پاکستان میں بھی موجودہ حکومت کی تشکیل سے قبل ہی ملکی قانون میں یہ مسئلہ حل شدہ ہے،مگر سامراجی قوتوں کی آشیر باد سے برسر اقتدار آنے والے یہ بدیشی حکمران ،اپنے آپ کو "مالک الملک" سمجھ بیٹھے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ

پاکستان ،پاکستانی عوام کا نہیں ،کہ اس میں عوامی امنگوں کا ترجمان آئین نافذ کیا جائے ۔ بلکہ یہ ہماری اور سامراجی ایجنٹوں کی مشترکہ سٹیٹ ہے ، عوام ہمارے غلام ہیں اور غلاموں پر جو چاہو ” آئینی اصلاحات “ ٹھونس دو، کسی کی کیا مجال ہے جو ہمارے حکم نامہ سے سرتابی کرے۔ بطور جماعت ، پیپلز پارٹی کی دین اسلام اور ملک پاکستان سے برگشتگی و بیگانگی کسی

سے ڈھکی چھپی بات نہیں رہی۔ یہ حقیقت ساری پاکستانی قوم کے علم میں ہے کہ اس جماعت کے خالق نے ، اقتدار کی لیلیٰ سے چمٹنے کی خاطر ملک عزیز کو دو لخت کرنے سے بھی گریز نہ کیا تھا۔ جب اقتدار مل ہی گیا تو بچے کھچے پاکستان کو 'سول مارشل لاء' کا تحفہ بھی "قائد عوام" نے ہی دیا تھا۔ جبکہ قانون ناموس رسالت کی مخالفت کر کے سامراجی قوتوں کی آشیر باد اور خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرنا، موجودہ حکمرانوں کو اپنی "محبوب قائد" سے ورثہ میں ملا ہے۔ اس سلسلہ میں چند تاریخی حقائق ملاحظہ فرمائیں ۔

1860ء میں جب برصغیر پر برطانوی سامراج کا تسلط قائم ہو گیا تو تمام اسلامی قوانین بیک جنبش قلم منسوخ کر کے ان کی جگہ برطانوی قوانین نافذ کر دیے گئے تو مذہب و بانیان مذہب کے تحفظ کے لیے کوئی قانون مقرر نہ کیا گیا۔ ہندوؤں آریاؤں اور عیسائیوں نے اسلام اور بانی اسلام ﷺ کے خلاف انتہائی سوقیانہ زبان استعمال کر کے مسلمانوں کی دل آزاری کرنا معمول بنا لیا۔ اس سلسلہ میں 1898ء میں دفعہ 153۔ الف ایزاد کر کے فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے والوں کے لیے دو سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں مقرر ہوئیں (19) گستاخ رسول راجپال کی طرف سے کتاب "رنگیلا رسول" کی اشاعت پر یہ نزاع اس وقت شدت اختیار کر گیا جب عدالت نے راجپال کو یہ کہہ کر بری کر دیا کہ مذکورہ الزام 153 الف یا کسی دیگر دفعہ کے زمرہ میں نہیں آتا۔ اس پر مولانا محمد علی جوہر کی قیادت میں 21 ستمبر 1927ء میں اسلامیان ہند کے پُر زور مطالبہ پر تعزیرات ہند میں دفعہ 295 میں شق الف کا اضافہ کر کے مذہبی اعتقادات کی توہین کرنے والے کی سزا دو سال تک قید بمعہ یا بدوں جرمانہ مقرر ہوئی (20) ۔ 1980ء میں ایک آرڈیننس کے ذریعے تعزیرات پاکستان کی دفعہ 298 میں ذیلی شق "الف" کا اضافہ کر کے "امہات المومنین" "اہل بیت عظام" اور "خلفائے راشدین" کی کسر شان یا توہین کے جرم کی سزا تین سال قید یا کوڑوں کی سزا یا دونوں کر دی گئی۔ (21) تعزیرات پاکستان

کی دفعہ 298 میں ذیلی شق "الف" کی رو سے "امہات المومنین" "اہل بیت عظام" اور "خلفائے راشدین" کی کسر شان یا توہین کے جرم کی سزا تو تین سال

حرمت رسول نمبر 2011ء

قید یا کوڑوں کی سزا یا دونوں کر دی گئی لیکن مقرر ہی نہ کی گئی اسی دوران عاصمہ جہا محترمہ آپا نثار فاطمہ صاحبہ نے قومی ا بل پیش کیا جو فوجداری قانون (ترمیم ہوا، اور اس بل کی رو سے تعزیرات پا گیا۔ (22) یہی دفعہ قانون توہین رسا ہونے والے کے لیے "سزائے موت شاتم رسول کی سزا صرف اور صرف "قتل اسلامی قانون کے خلاف سمجھتے ہوئے عدالت نے قرآن وسنت کی روشنی اور م بینی سے جائزہ لیا۔ علماء کرام ، وکلاء، م اکتوبر 1990ء میں وفاقی شرعی عدالت میں پانچ رکنی بینچ نے فیصلہ سناتے ہوئے شرعی ہے، شاتم رسول کی سزا صرف قتل کر کے اس میں سے "یا عمر قید مع جرمانہ رکھی جائے۔ اگر حکومت نے اس سلسلہ عمر قید مع جرمانہ" کے الفاظ ختم سمجھے جا ہوگی ۔" (23) اس وقت بینظیر بھٹو، سر کرنے کی غرض سے قانون توہین رسال کوشش کر رہی تھیں ۔ وفاقی شرعی عدالت قانون کی کوئی اصلاح نہ کی ۔ چنا 30 اپریل 1991ء کے بعد دفعہ 295

قید یا کوڑوں کی سزا یا دونوں کر دی گئی لیکن شان رسالت میں گستاخی کرنے والے کی سزا واضح طور پر مقرر ہی نہ کی گئی اسی دوران عاصمہ جہانگیر قادیانیہ توہین رسالت کی مرتکب ہوئی ممبر قومی اسمبلی محترمہ آپا نثار فاطمہ صاحبہ نے قومی اسمبلی میں توہین رسالت کی سزا ”سزائے موت“ کا ترمیمی بل پیش کیا جو فوجداری قانون (ترمیمی) ایکٹ نمبر 3 سال 1986ء کی صورت میں منظور ہوا، اور اس بل کی رو سے تعزیرات پاکستان میں دفعہ 295 میں ذیلی شق ”سی“ کا اضافہ کیا گیا۔ (22) یہی دفعہ قانون توہین رسالت کہلاتی ہے جس کی رو سے توہین رسالت کا مرتکب ہونے والے کے لیے ”سزائے موت یا عمر قید“ کی سزا تجویز کی گئی تھی۔ جبکہ اسلامی قانون میں شاتم رسول کی سزا صرف اور صرف ”قتل“ ہے ”یا عمر قید“ کی رعایت موجود نہیں۔ لہٰذا اس دفعہ کو اسلامی قانون کے خلاف سمجھتے ہوئے ، وفاقی شرعی عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ وفاقی شرعی عدالت نے قرآن و سنت کی روشنی اور حالات حاضرہ کے تناظر میں اس قانون کا بڑی باریک بینی سے جائزہ لیا۔ علماء کرام، وکلاء، ماہرین قانون اور حکومت پاکستان کا موقف سن کر 30 اکتوبر 1990ء میں وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس جناب گل محمد صاحب کی سربراہی میں پانچ رکنی بنچ نے فیصلہ سناتے ہوئے صدر پاکستان کو ہدایت جاری کی کہ ”عمر قید کی سزا غیر شرعی ہے، شاتم رسول کی سزا صرف قتل ہے لہٰذا 30 اپریل 1991ء تک اس قانون کی اصلاح کر کے اس میں سے ”یا عمر قید مع جرمانہ“ کے الفاظ ختم کر دیے جائیں اور ”سزائے موت“ قائم رکھی جائے۔ اگر حکومت نے اس سلسلہ میں کوئی اقدام نہ کیا تو 30 اپریل 1991ء کے بعد ”یا عمر قید مع جرمانہ“ کے الفاظ ختم سمجھے جائیں گے اور اس جرم کی سزا قانوناً صرف ”سزائے موت“ ہوگی۔“ (23) اس وقت بینظیر بھٹو، سر برآرائے تخت تھیں جو مغربی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے قانون توہین رسالت ﷺ کو ختم یا تبدیل کر کے غیر مؤثر بنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی تھیں۔ وفاقی شرعی

عدالت کا فیصلہ اسے ایک آنکھ نہ بھایا اور مذکورہ تاریخ تک اس قانون کی کوئی اصلاح نہ کی ۔
چنانچہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ کے مطابق 30 اپریل 1991ء کے بعد دفعہ 295 شق C میں سے "یا عمر قید مع جرمانہ" کے الفاظ خود بخود

کالعدم قرار پائے۔ اسی دوران بے نظیر بھٹو مسند اقتدار سے لڑھک گئیں اور میاں محمد نواز شریف سریر آرائے اقتدار ہوئے تو اس قانون کی اصلاح وترمیم کے لیے قومی اسمبلی نے 2 جون کو متفقہ قرار داد پاس کی کہ "شاتم رسول کی سزا صرف موت ہے، عمر قید یا جرمانہ غیر شرعی ہے۔ جبکہ 8 جولائی 1992 کو سینٹ نے متفقہ طور پر اس ترمیمی بل کی توثیق کردی۔

(24)

قومی اسمبلی میں اس بل پر بحث کے دوران، بطور اپوزیشن لیڈر، بے نظیر بھٹو نے پریس کو بیان جاری کیا کہ "12 کروڑ عوام ناموس رسالت کی حفاظت خود کرسکتے ہیں، حکومت ناموس رسالت کے سلسلہ میں سزائے موت کا قانون پارلیمنٹ میں پیش کر کے، ملک کو بنیاد پرستوں کی ریاست بنانے کی سازش کر رہی ہے، جو کہ بنیادی طور قائد اعظم کے نظریات کے خلاف ہے، اور عوام کے بنیادی حقوق سلب کرنے کے مترادف ہے، اور اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش ہے۔ شہادتوں کی بنا پر شاتم رسول کو سزا دینا اس لیے معنی نہیں رکھتا کہ اس ملک میں تو ارکان پارلیمنٹ کو خرید لیا جاتا ہے اس صورت میں کرایہ کے گواہوں کی موجودگی میں انصاف کی توقع نہیں رکھی جاسکتی"

(25)

پی پی پی کے نمائندہ چوہدری الطاف حسین (سابق گورنر پنجاب) نے اس بل پر بحث کے دوران کہا "شاتم رسول کو سزائے موت دینے کا اختیار ریاست کو نہیں ملنا چاہیے" سید نوید قمر(موجودہ وفاقی وزیر۔۔۔) نے اس بل کو مذہبی انتہا پسندی قرار دیتے ہوئے کہا "ہم رسول اکرمﷺ کی عزت وتکریم میں کسی سے پیچھے نہیں لیکن ہم مذہبی انتہا پسندی کے خلاف ہیں"

بعد میں جب بینظیر بھٹو، اپنے بیان کے مطابق، اراکین اسمبلی کو خرید کر، دوبارہ وزیر اعظم بن بیٹھی، تو اس کی سب سے پہلی ترجیح، قانون توہین رسالتﷺ میں ترمیم کر کے سزائے موت کو منسوخ کرنا قرار پایا۔ اخباری اطلاعات کے مطابق "پیپلز پارٹی کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ قانون توہین رسالت میں ترمیم کر کے سزائے موت کو دس سال قید میں بدل دیا جائے۔ اس بات کا فیصلہ منگل کے روز وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات خالد احمد خاں کھرل نے بتایا کہ کابینہ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

نے وزارت قانون کو ہدایت کر دی کے بل کا مسودہ تیار کرلے، جس میں زیادہ دس سال سزائے قید رکھی جائے وفاقی وزیر داخلہ نصیر اللہ با بارے میں اگر شکایت بے بنیاد پائی گا کنندہ جو جھوٹی رپورٹ پولیس کو مہیا کر جون 1994ء کو وزیر اعظم ممالک کے دورے پر گئیں، ماہر ا کیا تو وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی ا اخبار "آئرش ٹائمز" کے حوالے سے حیدر نے کہا "وفاقی کابینہ نے قانون سے اب پولیس کو اس قانون کی ش اختیار حاصل نہیں رہا۔ اقبال حیدر نے حکومت ملک میں "مذہبی انتہا پسندی یقین دہانی ایمنسٹی انٹرنیشنل کی سیکر قانون توہین رسالت ہوئے وفاقی وزیر قانون و پارلیما جاری کرتے ہوئے کہا "توہین ر منشور کا حصہ ہے اور یہ تبدیلیاں ا غلط طور پر استعمال نہ ہو سکے" نیز بیان بھی شائع ہوا جس میں اس ب موجود ہے۔ حکومت اس قانون م

نے وزارت قانون کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ C-295 میں ترمیم کر کے بل کا مسودہ تیار کرلے، جس میں توہین رسالت کے مرتکب کی سزا میں کمی کر کے زیادہ سے زیادہ دس سال سزائے قید رکھی جائے'' (26)

وفاقی وزیر داخلہ نصیر اللہ بابر نے کہا ''مجوزہ ترمیم کی رو سے، قانون توہین رسالت کے بارے میں اگر شکایت بے بنیاد پائی گئی تو شکایت کنندہ کے خلاف مقدمہ درج ہوگا اور ایسا شکایت کنندہ جو جھوٹی رپورٹ پولیس کو مہیا کرے گا، اس کو دس سال تک قید کی سزا ہوگی۔''

جون 1994ء کو وزیر اعظم بے نظیر بھٹو اپنے وزراء کی ''فوج ظفر موج'' کے ہمراہ بیرونی ممالک کے دورے پر گئیں، سامراجی قوتوں نے قانون توہین رسالت میں تبدیلی کا مطالبہ کیا تو وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی اُمور اقبال حیدر کی طرف بیان جاری ہوا جو آئرلینڈ کے مقبول اخبار ''آئرش ٹائمز'' کے حوالے سے 3 جولائی کو تمام ملکی اخبارات میں شائع ہوا، اس بیان میں اقبال حیدر نے کہا ''وفاقی کابینہ نے قانون توہین رسالت میں تبدیلی کی منظوری دے دی ہے، اور اس ترمیم سے اب پولیس کو اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے اور جیل بھجوانے کا اختیار حاصل نہیں رہا۔ اقبال حیدر نے مزید کہا کہ پاکستان ایک جدید اسلامی ریاست ہے اور موجودہ حکومت ملک میں ''مذہبی انتہا پسندی'' کو بالکل نہیں چاہتی۔ ''آئرش ٹائمز'' کے مطابق انہوں نے یہ یقین دہانی ایمنسٹی انٹرنیشنل کی میری لالور کو ایک ملاقات میں کرائی''

قانون توہین رسالت میں تبدیلی کو پی پی کے انتخابی منشور کا حصہ قرار دیتے ہوئے وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی اُمور اقبال حیدر نے 7 جولائی 1994 کو اخباری بیان جاری کرتے ہوئے کہا ''توہین مذہب کے قانون میں مناسب تبدیلیاں کرنا ہمارے انتخابی منشور کا حصہ ہے اور یہ تبدیلیاں اس طرح

کی جائیں گی کہ یہ قانون کسی بے گناہ شخص کے خلاف غلط طور پر استعمال نہ ہو سکے“ نیز اسی دن وفاقی وزیر خصوصی تعلیم و سماجی بہبود ڈاکٹر شیر افگن کا بیان بھی شائع ہوا جس میں اس نے کہا کہ ”توہین رسالت کے قانون میں ترمیم کی گنجائش موجود ہے۔ حکومت اس قانون میں ترمیم کر رہی ہے، جس کے ذریعہ مقدمہ درج کرنے سے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 400 ماہنامہ مسیحائی کراچی پہلے سیشن جج اس معاملہ کی تحقیق کریں گے اور اس کے بعد اگر ضرورت ہوگی تو مقدمہ درج کیے جانے کی سفارش کریں گے، اسی دن گورنر پنجاب الطاف حسین نے بھی قانون توہین رسالت میں ترمیم کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ”گستاخ رسول کی سزا میں کمی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، البتہ الزام کی تصدیق کے لیے، مقدمہ کے اندراج کے طریقہ کار میں تبدیلی ہو سکتی ہے، الزام کنندہ ڈپٹی کمشنر کو درخواست دے گا، اگر تحقیقات میں الزام سچ ثابت ہو گیا تو اس قصور کی سزا پھانسی ہے اس میں معافی کا تصور ہی نہیں“ پنجاب کے وزیر اعلیٰ میاں منظور احمد وٹو نے بھی کہا کہ ”حکومت ناموس رسالت قانون میں مناسب ترمیم کر رہی ہے“ مشیر انسانی حقوق کامران حیدر نے کہا کہ ”مجوزہ ترمیم کے بعد جھوٹا مقدمہ درج کرانیوالے کو دس سال قید کی سزا دی جاسکے گی اور اس کا اندراج کسی ڈپٹی کمشنر کے عہدہ کے افسر کی ابتدائی تفتیش کے بعد ہی ہوگا“

1995ء میں، گوجرانوالہ کے گاؤں رتہ دھوتراں تھانہ کوٹ لدھا کے مشہور مقدمہ توہین رسالت کے ملزمان کو جب سیشن کورٹ لاہور نے سزائے موت سنائی تو بے نظیر بھٹو نے وزیر اعظم پاکستان کی حیثیت سے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے اس سزا کو سخت قرار دیا، اور حکومتی سر پرستی میں ملزمان کی اپیل لاہور ہائی کورٹ کے دو ایڈہاک جج صاحبان کے سپرد کر کے آناً فاناً مقدمہ کی سماعت کروائی، چند ہی دن میں ملزمان کو بری قرار دے کر ان کو بطور وی آئی پی مہمان جرمنی روانہ کر دیا گیا۔ جرمنی کے کثیر الاشاعت ہفت روزہ ’شپیگل‘ کو انٹرویو دیتے ہوئے دونوں ملزمان نے بے نظیر بھٹو کی عنایات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ”وہ اپنی جانیں بے نظیر بھٹو پر قربان کر سکتے ہیں کیوں کہ ان کی وجہ سے وہ پھانسی سے بچ گئے ہیں، اگر نواز شریف کی حکومت ہوتی تو انہیں سزائے موت دے دی جاتی۔“ اس کے برعکس شیخ رشید احمد نے بے نظیر کی ”شان میں گستاخی“ کا جرم سرزد کیا تو اس کی جیل میں موجودگی کے باوجود پولیس نے اس کے گھر ”لال حویلی“ پر

چھاپہ مار کر ”کلاشنکوف“ برآمد کرلی۔ اور شیخ رشید کو سات سال قید سنا دی گئی۔ اس سزا پر تبصرہ کرتے ہوئے بے نظیر نے کہا کہ یہ عدالتی معاملہ ہے۔ توہین عدالت کے مرتکب افراد کے خلاف کسی قسم کی رعایت برتے بغیر کاروائی کی جائے گی۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء مندرجہ بالا بیانات سے یہ توہین رسالت کی کبھی قائل نہیں رہی ہے۔ حکومت قانون توہین رسالت میں میں لانے کا فیصلہ ہو چکا تھا، لیکن اب مسلمانان پاکستان نے قانون توہین رسالت ترمیم قبول نہ کرنے کا اعلان کر دیا، شدید دھمکی دی کہ ”ہنگامے کرنے والے زہر غضب کے آگے بند باندھنا حکومت کے “ کی اپیل پر ملک بھر میں تاریخ ساز نے بلکہ آل انڈیا ریڈیو، بی بی سی، وائس ترین ہڑتال قرار دیا۔ حکومت نے اس فیصلہ موخر کر دیا۔

ان دنوں بدقسمتی سے پاکستا روایت پارٹی کے کلیدی عہدہ داران نے مظاہرہ کرتے ہوئے اس میں ترمیم تاثیر اس سلسلہ میں سب سے آگے ( کی بھاشا بھی ان کو حاصل ہے۔ ادھر بگڑتی ہوئی صورتحال اور مہنگائی کے پا میں ترمیم کا شوشہ چھوڑنے سے سخت غم و پڑی تو بڑے بڑے طاغوتوں کو غش و خ سب سے بڑا قانون ”اسلام“ ہے بالا توہین رسالت کا قانون موجود ہوگا تو عد

مندرجہ بالا بیانات سے یہ بات واضح ہو رہی ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت قانون توہین رسالت کی کبھی قائل نہیں رہی بلکہ وہ اسے "بنیاد پرستی" اور "مذہبی انتہا پسندی" سمجھتی ہے۔ حکومت قانون توہین رسالت میں تبدیلی/ترمیم کا مسودہ تیار کرچکی تھی اور اسے پارلیمنٹ میں لانے کا فیصلہ ہو چکا تھا، لیکن اسے پارلیمنٹ میں پیش کرنے سے قبل راز فاش ہو گیا۔ مسلمانان پاکستان نے قانون توہین رسالت کی حفاظت کے لیے ہر قربانی پیش کر کے اس میں ترمیم قبول نہ کرنے کا اعلان کر دیا، شدید عوامی ردِ عمل شروع ہو گیا، گورنر پنجاب الطاف حسین نے دھمکی دی کہ "ہنگامے کرنے والے رہیں گے یا حکومت رہے گی" اس کے باوجود عوامی غیض و غضب کے آگے بند باندھنا حکومت کے لیے ممکن نہ رہا۔ 29 مئی 1995ء کو "ملی یک جہتی کونسل" کی اپیل پر ملک بھر میں تاریخ ساز پہیہ جام ہڑتال ہوئی، نہ صرف اندرون ملک نشریاتی اداروں نے بلکہ آل انڈیا ریڈیو، بی بی سی، وائس آف جرمنی، وائس آف امریکہ وغیرہ نے بھی اسے مکمل ترین ہڑتال قرار دیا۔ حکومت نے اس عوامی ردِ عمل سے مجبور ہو کر یہ بل پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا فیصلہ موخر کر دیا۔

ان دنوں بدقسمتی سے پاکستان پر ایک بار پھر پیپلز پارٹی کی حکومت مسلّط ہے اور حسب روایت پارٹی کے کلیدی عہدہ داران نے قانون توہین رسالت کے بارے میں اپنے خبث باطن کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس میں ترمیم کرنے کا پروپیگنڈہ شروع کر رکھا ہے۔ گورنر پنجاب سلمان تاثیر اس سلسلہ میں سب سے آگے (لیڈ کر رہے) ہیں۔ ایم کیو ایم کے نام نہاد لیڈر الطاف حسین کی ہمنوائی بھی ان کو حاصل ہے۔ ادھر پاکستانی عوام جو پہلے ہی معاشرے میں قانون اور سزا کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور مہنگائی کے ہاتھوں عاجز آئے ہوئے ہیں، اب قانون توہین رسالت میں ترمیم کا شوشہ چھوڑنے سے سخت غم وغصہ میں بھرے ہوئے ہیں۔ عوامی احتجاج کی یہ رَو اگر چل پڑی تو بڑے بڑے طاغوتوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے جائے گی۔ ایک مسلمان کے لیے سب سے بڑا قانون "اسلام" ہے

باقی سب قوانین اس کے تابع ہیں۔ یاد رکھنا چاہیے کہ جب توہین رسالت کا قانون موجود ہوگا تو عدالت مجرم کو دفاع کا پورا موقع فراہم کر کے یا تو اسے سزا دی

گی یا بری کر دے گی۔ لیکن اگر صورت حال اس کے برعکس ہوئی تو عوام سڑکوں پر آ کر قانون کو ہاتھ میں لے گی اس صورت میں قانون کے تقاضے بھی پورے نہ ہوں گے اور خدانخواستہ بے گناہ افراد بھی لپیٹ میں آسکتے ہیں۔ بلکہ پاکستان میں ایسے واقعات پیش آچکے ہیں۔ حکومت کو تاریخ سے سبق لینا چاہیے اور یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ اسلامیان پاکستان اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر قانون توہین رسالت میں کوئی بھی تبدیلی یا ترمیم برداشت نہیں کریں گے۔

# حواشی

- (1) سورت الفتح ۔آیت ۹
- (2) سورت الاعراف ۔آیت ۱۵۷
- (3) سورت الحجرات ۔آیت ۲
- (4) سورت البقرہ۔آیت ۱۰۶
- (5) بخاری شریف ۔کتاب الشروط
- (6) شمائل ترمذی باب ماجاء فی خلق رسول اللہ
- (7) سورت الاحزاب۔آیت ۵۷
- (8) سورت الاحزاب۔آیت ۶۹
- (9) سورت التوبہ ۔آیت ۶۱

- (10) ضیاء القرآن جلد دوم ص ۲۲۵ از پیر کرم شاہ الازہریؒ
- (11) وفاء الوفا۔ جلد اول ص ۴۷۸
- (12) وفاء الوفا۔ جلد اول ص ۴۷۸
- (13) وفاء الوفا۔ جلد اول ص ۳۵۴
- (14) الصارم المسلول لشاتم الرسول ص ۴۶۷ از ابن تیمیہ
- (15) سورت المجادلہ۔آیت ۵

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 403 ماہنامہ مسیحائی کراچی

- (16) سورت المجادلہ۔ ۲۰ آیت
- (17) سورت المجادلہ۔ آیت۲۲
- (18) کتاب الشفاء از قاضی عیاضؒ
- (19) ناموس رسول اور قانون توہین رسالت ص324 از اسماعیل قریشی
- (20) تحفظ ناموس رسالت اور گستاخ رسول کی سزا ص725 از ایچ ساجد اعوان
- (21) ناموس رسول اور قانون توہین رسالت ص325 از اسماعیل قریشی
- (22) تحفظ ناموس رسالت اور گستاخ رسول کی سزا ص726 از ایچ ساجد اعوان
- (23) ناموس رسول اور قانون توہین رسالت ص 327 از اسماعیل قریشی
- (24) روزنامہ جنگ کراچی کی اشاعت 3 جون اور 9 جولائی 1992ء
- (25) روزنامہ جنگ کراچی 10 اگست 1992ء
- (26) روزنامہ جسارت کراچی 6 اپریل 1994ء


# TOTAL PEST CONTROL SERVICES

Total Pest Control Service (1

Termite Proofing, General Fumigation, Drain Line Spray, Rodent Control, Water Tank Cleaning, .Garden Maintain Cockroaches Gel, Bed Bugs, Phenyl in Fragrance

Water Proofing Application (2

Non Corrosive Dynotreat Treatment Chemical Solution for Civil Steel Structure Tanks Cooling Tower, Engines Plants Power Plants Pumps CNG PUMPS, Pipe Lines, Buried Pipe Lines, and .Other Industrial Projects

Razzak Appartment, Opp. Askari Park, University Road,Karachi-74800.Ph=021-34943750,,4 .34890103, Mob # 0321-2840519

پروفیسر محمد جاوید اقبال کی کتاب

# شعری التجائیں

## حرمین شریفین میں یاد آنے والے کیف آفرین اشعار

اثراتی توضیحات کے ساتھ شائع ہوگئی ہے

## ملنے کا پتہ

پروفیسر جاوید اقبال ندوۃ المعارف۔ ۱۳ ایبک سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

### شعری التجائیں

حرمین شریفین میں یاد آنے والے کیف آفرین اشعار اثراتی توضیحات کے ساتھ پروفیسر محمد جاوید اقبال

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

# و رفعنا لک ذکر

انجینئ

توریت ہو یا انجیل، زبور ہو کسی نبی یا رسول کے لیے اتنے جتنے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سورۃ ضحیٰ ان انعامات سے م تعالیٰ نے یوں بھی فرمایا: سورۃ ضحیٰ آ ترجمہ......

مفسرین اس آیت سے مراد وسلم نے اس ضمن میں فرمایا کہ ”جب میری امت میں سے ایک آدمی بھی نیز حضرت علی کرم اللہ وجہہ تعالیٰ میری امت کے بارے میں م آپ صلی اللہ علیہ وسلم امت کے ب حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اللہ علیہ وسلم کو رنجیدہ نہ کریں گے ۔ ا کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم اتنا متفکر ملول رسالت کے نئے نئے ڈھنگ نکالنے

میں جس کے ہاتھ

اسی کے ہاتھ

میں ان لوگوں کی عقل پر حیران

# ورفعنا لک ذکرک سے مقام محمود تک

انجینئر شفیع حیدر دانش

توریت ہو یا انجیل، زبور ہو یا قرآن مجید، کسی بھی آسمانی کتاب میں اللہ تعالیٰ نے کسی نبی یا رسول کے لیے اتنے بیش بہا اور انمول انعام واکرام کے وعدے نہیں فرمائے جتنے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے فرمائے ہیں۔

سورۂ ضحیٰ ان انعامات سے مزین ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا ہوئے جبکہ اللہ تعالیٰ نے یوں بھی فرمایا: سورہ ضحیٰ آیت: ۵)

ترجمہ ......

مفسرین اس آیت سے مراد دین اسلام کی ترقی لیتے ہیں۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ضمن میں فرمایا کہ "جب یہ بات ہے تو میں اس وقت تک راضی نہ ہوں گا جب میری امت میں سے ایک آدمی بھی جہنم میں رہے۔

(قرطبی)

نیز حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ میری امت کے بارے میں میری شفاعت قبول فرمائیں گے کتابوں میں مذکور ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم امت کے بارے میں بہت غمگین اور ملول رہا کرتے تھے چنانچہ حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف سے یہ مژدہ لائے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے بارے میں راضی کردیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنجیدہ نہ کریں گے۔ اللہ اکبر !

طرف قیامت تک آنے والی نسلوں اور امتوں کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم اتنا متفکر ملول ہے دوسری طرف نادان انسانوں کو دیکھئے کہ توہین رسالت کے نئے نئے ڈھنگ نکالنے میں سرگرداں ہیں یہ تو وہی بات ہوئی۔

میں جس کے ہاتھ میں اک پھول دے کے آیا تھا

اسی کے ہاتھ کا پتھر مری تلاش میں ہے

میں ان لوگوں کی عقل پر حیران ہوتا ہوں جو توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے

مرتکب ہوتے ہیں پھر تو حضرت انسان، بہائم اور وحشی درندوں میں صرف شکل وصورت اور جیومیٹری کا فرق رہ گیا۔ شاید ایسے ہی جاہل انسانوں کے لیے میں نے یہ شعر کبھی کہا تھا۔

تم جسے ڈھونڈتے ہو جنگل میں

آؤ میں شہر میں دکھاتا ہوں

یوں تو جگہ جگہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بے حد تعظیم وتوقیر فرمائی ہے۔ لیکن سورۂ نشرح میں تو گویا حد کمال ہے اور اللہ نے انعام واکرام اور عزت وتوقیر کی انتہا فرمادی ہے یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہی کا خاصہ تھا جو کسی اور نبی یا رسول کو نصیب نہیں ہوا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو بلند وبالا رکھنے کے وعدے کے ساتھ ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یوں تعظیم مذکور ہوئی۔

سورۂ نشرح آیت: 1 تا 4 (معہ ترجمہ)

ان آیات مبارکہ میں تین بنیادی انعامات کا ذکر ہے ایک تو اسلام کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ مبارک کشادہ فرمانا جو نعمت عظمیٰ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ خود ہی فرماتے ہیں کہ کوئی نفس اس کے حکم کے بغیر ایمان نہیں لاسکتا دوسری بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بوجھ اتارنا ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ سے افشا ہے تیسری اور سب سے اہم بات یہ کہ رہتی دنیا تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بلند فرمادیا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کفر کی تیرگی سے اسلام کے نور کی جانب آنے کے لیے کلمہ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ناگزیر ہے۔ چنانچہ ذکر الٰہی کے ساتھ ساتھ ذکر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ضروری ہے۔ اسی طرح جب ہم اللہ کی شہادت دیتے ہیں تو یوں کہتے ہیں اشھد ان لا الہ الا اللہ اور ساتھ ہی بات مکمل کرنے کے لیے کہتے ہیں اشھد ان محمد

الرسول اللہ یوں ایمان ویقین کی بات مکمل ہی تب ہوتی ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بھی لبوں پر آتا ہے اور نور ایمان دل میں اترتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے بغیر نماز ہی مکمل نہیں ہوتی۔ پھر اللہ اور اس کے

فرشتے نیز مومنین آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سلام کی پیشکش بھی کرتے رہتے ہیں یہ سب امور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو بام عروج پر ہی تو پہنچانے کو جاری وساری ہیں۔

چنانچہ کوئی بھی ذی شعور انسان آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان وشوکت اور عزت وناموس کے سلسلے میں اللہ سے جنگ نہیں کر سکتا اگر کرتا ہے تو اللہ کے غضب کو سہنے کا حوصلہ اور جرأت پیدا کرے۔

معارف القرآن صفحہ 771 پر مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ صاحب نے تفسیر میں بہت خوبصورت بات فرمائی ہے کہ "دنیا کا کوئی بھی سمجھدار انسان آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام بغیر تعظیم کے نہیں لیتا اگر چہ وہ مسلمان بھی نہ ہو"

فن لینڈ اور روس کی سرزمین گواہ ہے کہ میں نے وہاں کے دہریوں کو ایسا ہی کرتے پایا تھا۔

یعنی وہ منکرین اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام بڑی عزت سے لیتے تھے۔

کوئی درویش منش انسان کہیں سے گزر رہا تھا ایک سرپھرے بدمعاش نے دیکھا تو دفعتاً درویش کو گالیاں دینی شروع کردیں۔ درویش نے جواب میں دعائیں دینی شروع کردیں۔ لوگوں کے تعجب اور استفسار پر فرمایا جس کے پاس جو ہوتا ہے وہی دیتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے والے برا بھلا کہنے والے کچھ بھی کہتے اور کرتے رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں خیر اور بھلائی کے ساتھ ساتھ دعائیں ہی عطا فرمائیں اور یہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی عطا اور نعمت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سراپا رحمت وشفقت ہیں مجھے اپنی طویل نعت کے چند اشعار یاد آ رہے ہیں جو کچھ یوں ہیں:

ہو وہ ثور و احد یا ہو غارِ حرا

خالق کل کی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ عطا

جبر وایذا جو دے اس کو دیں یہ دعا

ہر برائی کا رد عمل ہی بھلا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ختم الرسل آپ صلی اللہ علیہ وسلم بدرالدجیٰ

مومنو! سب کریں ورد صلی علی

اللہ تعالیٰ تمام خوبیوں اور اچھائیوں کا منبع ہے۔ محبت و شفقت، مہر و مہربانی کے تمام سوتے اسی کی ذات سے رواں ہوتے ہیں۔ اسی نے خونخوار درندوں تک کو مہر و وفا کا درس دیا اور شفقت و محبت، رحم دلی کی نسبت عطا فرمائی اگر وہ رحم و کرم نہ بانٹتا تو کرہ ارض پر گلہائے حیات کے نئے نئے شگوفے کبھی کے مرجھا جاتے اور گلزار ہستی و بود ویران ہو جاتا بقول مولانا رومی کہ اللہ ہی نے مہر و وفا عطا فرمائی چنانچہ ان کا مشہور شعر اللہ کی جانب یوں ہے۔

مادراں را مہر من آموختم

چوں بود شمعے کہ جن افروختم

اگر ہم شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا جائزہ لیں تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اعلیٰ و ارفع اخلاقی اقدار کے حامل تھے مسلمان تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جان دیتے تھے مگر کفار و مشرکین بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن اخلاق کے معترف نظر آتے ہیں۔ میں ایسے متعدد روسی انجینئرز کو جانتا ہوں جو دہریے ہیں ان کا کہنا تھا کہ تمہارا خدا روس کی سرزمین میں نعوذ باللہ داخل نہیں ہو سکتا مگر ایک بات حیرت انگیز تھی کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بے حد ذہین عظیم، ور سچے انسان سمجھتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے:

سورہ احزاب آیت: 21 (معہ ترجمہ)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کا ایک ایک لمحہ اللہ کے حکم کے مطابق گزرا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہی فرماتے تھے جو اللہ چاہتا تھا بقول شاعر:

گفتہ او گفتہ اللہ بود

گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

چنانچہ قرآن پاک میں یوں ارشاد باری تعالیٰ ہوا:

سورہ نجم آیت: 4 (معہ ترجمہ)

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ تعظیم و توقیر فرمائی کہ جس کی کہیں نظیر نہیں ملتی اللہ نے قرآن کی قسم کھا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور راہ راست پر گامزن رہنے کی بات یوں فرمائی۔

سورہ یٰسین آیت نمبر: 1 تا 3

کہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے باعث رحمت یوں فرمایا:

سورہ انبیاء آیت: 107 مع ترجمہ

قیامت تک آنے والے تمام انسان خواہ ہوں مسلمان ہوں یا یہودی عیسائی ہوں یاد رہے، بت پرست ہوں یا آتش پرست کالے ہوں یا گورے کسی بھی رنگ و نسل اور خطے سے تعلق رکھتے ہوں تمام کے تمام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ہیں۔ حدیث مبارکہ ہے کہ ارسلت الی الخلق کافۃ (میں تمام مخلوق کے لیے بھیجا گیا ہوں)

چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمہ گیر اور تا قیامت نبوت کے سلسلے میں قرآن میں یوں مذکور ہوا:

سورہ اعراف آیت: 158

یہاں ایک مثال دینا موزوں ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کا خالق و مالک ہے وہ سب کا رب ہے خواہ کوئی اسے مانے یا انکار کرے۔ مسلم و غیر مسلم سبھی اس کی مخلوق ہیں۔ چنانچہ تمام ہی لوگ

اس کے منکر ہو جائیں تب بھی، اللّٰہ بے نیاز ہے اسے کسی کی تائید و عون کی ضرورت نہیں وہ غنی ہے اور ہماری اطاعت ہمیں فلاح پہنچاتی ہے اللّٰہ کو اس اطاعت کی چنداں ضرورت نہیں ہے اسی طرح آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم سب انسانوں اور تمام عالمین کے لیے رسول ہیں کسی کی تکذیب یا انکار سے آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی شان اور ذات گرامی پر ذرہ برابر فرق نہیں پڑتا۔

اللّٰہ تعالیٰ نے اپنے نبی آخر الزماں کی بے حد ناز برداریاں فرمائیں۔ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بار بار آسمان کی طرف چہرہ انور پھیرتے تھے۔ چنانچہ اللّٰہ تعالیٰ نے ہمارا قبلہ بیت المقدس کی بجائے دفعتاً خانہ کعبہ (مکہ مکرمہ) فرما دیا یہ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی دیرینہ خواہش کا نتیجہ تھا۔ جب آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم پر رنج والم کے پہاڑ ٹوٹے تو اللّٰہ تعالیٰ نے آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو معراج کی نعمت اور رفعت وعروج عطا فرمایا۔ کفار مکہ کے مظالم اور بے ہودہ باتوں سے جب آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم رنجیدہ ہو کر گدڑی میں لیٹ گئے تو اللّٰہ تعالیٰ نے آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو اسی کیفیت کی مناسبت سے "یایہا المزمل اور یا ایہا المدثر...... فرمایا"

اپنائیت کا احساس دلایا اور حوصلہ وولولہ بلند فرمایا۔ میں نے اسی مناسبت سے یوں مداح سرائی کی ہے کہ ان (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) کو یٰسین وطٰہٰ خدا نے اسی کو تو کہتے ہیں رتبے بڑھانا۔ ایک اہم بات جو قارئین کی نذر کرتا ہوں وہ یہ کہ اللّٰہ اور اس کے رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی اطاعت فرض ہے۔ یہ نہیں کہ کوئی اللّٰہ کو مانے اور نعوذ باللہ رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی تکذیب یا نافرمانی کرے اس کی دلیل قرآن میں یوں ہے کہ اللّٰہ فرماتا ہے کہ اللّٰہ اور اس کے رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم ہو چنانچہ یہ آیت ایک اٹل حکم ہے۔

سورۃ آل عمران: 132

اسی اٹل حکم اور واشگاف فیصلے کو اگلی آیت میں دیکھئے

سورۃ نساء آیت

اگر ابھی بھی کسی میں تکذیب کی جرأت یا عقل کی کمی ہے تو یہ حکم الٰہی بھی ملاحظہ ہو۔

سورۃ احزاب آیت: 71

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان فرض ہے اور اطاعت رسول بھی

آئیے ایک اور عبرت ناک آیت کا مطالعہ کرتے ہیں۔

سورة آل عمران آیت: 41

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

اسی بات کو اور زیادہ موثر اور دلنشین انداز سے اللہ نے یوں فرمایا کہ سورۂ فتح آیت: 9 چنانچہ اطاعت الٰہی اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ تعظیم وتوقیر اعانت و معاونت اور ذکر و تسبیح کو بھی حکم الٰہی کا ہی درجہ حاصل ہے کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

منزل حب الٰہی تک پہنچنے کے لیے

سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی الفت کا زینہ چاہئے

چنانچہ الفت سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر اللہ تعالیٰ کو پانا ناممکن ہے۔ گستاخان رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتکب نہ جانے جہالت، ذلت اور گمراہی و خسارے کے کن غاروں میں رہتے ہیں۔

منکرین ختم نبوت کے سلسلے میں قرآن نے بڑے واشگاف انداز میں فرمایا کہ اللہ نے دین اسلام کو پسند فرمایا ہے اور دوسرے یہ کہ دین اب مکمل ہو چکا۔ چنانچہ تکمیل مشن کے بعد اس سلسلے کی بات یہیں ختم ہو جاتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں قیامت تک آنے والی نسلوں اور تمام ہی انسانوں کے آخری پیغمبر ہیں چنانچہ فرمان الٰہی ہے جس میں ختم نبوت کی بات یوں کہی گئی: سورۂ احزاب آیت: 40 تا 43

سرابوں اور بھولوں کے تعاقب میں سرگرداں لوگوں کے لیے بس یہ شعر ہی کافی ہے۔

خضر علیہ السلام کیونکر بتائے کیا بتائے

اگر ماہی کہے دریا کہاں ہے؟

حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر کیچڑ اچھالنے کی بات ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہونے میں شک و شبہ دونوں ہی ناموس رسالت کے لیے ناقابل قبول اور قابل گرفت ہیں آئیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی اور آپ صلی اللہ علیہ

وسلم کی عزت و حرمت، تعظیم و توقیر کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ دوسرے انداز سے دیکھتے ہیں:

سورۃ احزاب آیت: 53

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کے آداب و اکرام کے لیے حکم الٰہی یوں ہوا۔ سورۃ مجادلہ آیت 22,20,11,9,8 ایک مرتبہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ حالتِ نماز میں تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات پر وہ خاموش رہے۔ مفسرین لکھتے ہیں کہ اس سلسلے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کا جواب دینے کو یوں فرمایا گیا:

سورۃ انفال آیت: 24

خلاصہ تحریر یہ ہے کہ حرمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ناموس رسالت کے سلسلے میں قرآن پاک میں جو ہدایات اور اصول وضوابط اور قاعدے قانون یعنی Rules and Guidance موجود ہے انہی کی روشنی میں عوام، ادارے اور حکومت وممالک اپنا ردعمل اور فیصلے صادر فرمائیں۔ مسلمان تو یوں کہتے ہیں:

شاہد مری اس بات کا قرآن میں ہے

انسان محمد صلی اللہ علیہ وسلم سا کوئی اور نہیں ہے

☆......☆......☆

علامہ اقبالؒ دلچسپ اور یقین افروز کتاب درج ہے کہ ایک صاحب نے ہے یا نہیں؟'' ڈاکٹر صاحب نے اس کے بعد سلسلہ گفتگو جاری رکھتے ہوئے مقصد پیغمبر کے ذاتی وقار کو نقصا اس ایمانِ محکم کو متزلزل کرنا ہے انسانی یا پیغمبرانہ وقار کا قتل نہیں کوشش یا اقدام کے خلاف ہر ا اور وہی اس کا ٹھیک ٹھاک انجا ڈاکٹر صاحب نے یہ کہہ کر ''میں تو یہ بھی برداشت نہیں نے ایک دن میلے کپڑے پہنے

دراصل یورپ کو اس ترکیب کے مسئلے کو حقوق انسانی، آزادی ہاں انسان اور قوم کے اجزائے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 413 ماہنامہ مسیحائی کراچی

# یہی اپنی کائنات

صاحبزادہ سید خورشید احمد گیلانی

علامہ اقبالؒ سے چند ملاقاتوں پر مشتمل فقیر سید وحیدالدین کی انتہائی دلچسپ اور یقین افروز کتاب ”روزگارِ فقیر“ میں شاعر مشرق سے ایک ملاقات کا حال یوں درج ہے کہ ایک صاحب نے حضرت علامہؒ سے پوچھا ”غازی علم الدین کی موت شہادت ہے یا نہیں؟“

ڈاکٹر صاحب نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا ”اس کا انحصار نیت پر ہے۔ اس کے بعد سلسلۂ گفتگو جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ اگر یہ حقیقت ذہن میں رکھتے ہو کہ حملہ آور کا اصل مقصد پیغمبرؐ کے ذاتی وقار کو نقصان پہنچانا نہیں بلکہ اس کے لائے ہوئے پیغام کو مجروح اور اس ایمان محکم کو متزلزل کرنا ہے، جو اس پیغام رشد و ہدایت پر قائم و استوار ہے تو یہ حملہ صرف انسانی یا پیغمبرانہ وقار کا قتل نہیں رہتا بلکہ اس ایمان اور عقیدے کا قتل بن جاتا ہے۔ اس کوشش یا اقدام کے خلاف ہر مدافعت یقیناً صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے ہوتی ہے اور وہی اس کا ٹھیک ٹھاک اجر دینے والا ہے۔“

ڈاکٹر صاحب نے یہ کہہ کر نہایت رقت آمیز لہجے میں فرمایا: ”میں تو یہ بھی برداشت نہیں کر سکتا کہ کوئی شخص میرے پاس آکر یہ کہے کہ تمہارے پیغمبر نے ایک دن میلے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔“

خاص ہے ترکیب میں قوم رسولِ ہاشمیؐ

دراصل یورپ کو اس ترکیب کا ابھی تک ادراک حاصل نہیں ہو سکا ورنہ وہ گستاخ ایڈیٹر کے مسئلے کو حقوق انسانی، آزادی رائے اور جمہوریت کا مسئلہ نہ بناتا۔ یورپ کے مفکرین کے ہاں انسان اور قوم کے اجزائے ترکیبی اس سے بالکل مختلف ہیں، جن کا تصور ایک مسلمان

کے ہاں موجود اور مستحکم ہے۔ ان کے ہاں انسان کیا ہے؟ بندر کی ترقی یافتہ شکل، چار چھ گیلن پانی، فاسفورس، کولیسٹرول، آئرن کی مخصوص مقدار اور چند دوسری دھاتوں کے آمیزہ کا نام انسان ہے اور بس! اسی طرح قوم یا نسل وجود میں آتی ہے اور وطن سے یا رنگ وزبان سے، مگر ہمارے ہاں انسان نہ اتنا بے قیمت ہے اور نہ اس کی ساخت اتنی بے ہودہ ہے کہ منڈی یا دکان میں اس کا تول چند سوروپوں میں ہو جائے اور اس طرح قوم یا ملت نسل، وطن، رنگ اور زبان جیسے مکڑی کے جالوں سے تشکیل نہیں پاتی بلکہ ہمارے ہاں انسانی خلیفۃ اللہ فی الارض اور امانت الہی کا حامل اور امین ہے اور انسانوں ہی سے پیغمبر اور رسول مبعوث کیے گئے اور قوم، رنگ ونسل اور وطن وزبان سے نہیں بلکہ عقیدہ وایمان سے بنتی ہے۔

یورپ سمجھتا ہے کہ پیغمبر بھی تو انسان ہوتے ہیں۔ اگر اس کے بارے میں کچھ لکھ دیا جائے تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ اور اگر کوئی قوم کسی تحریک پر ناراض ہوتی ہے تو یہ کون سی پریشانی کی بات ہے؟ یہ یورپ کی اس کج فہمی اور بدفکری کا شاخسانہ ہے جو انسان اور قوم کے حوالے سے ان میں رائج ہے۔ وہ انسان کو دھات، پانی اور ہوا کا آمیزہ اور قوم کو رنگ، نسل، زبان اور وطن کا مجموعہ سمجھ کر انسانیت کے تقدس اور ملت کے تشخص کو فراموش کر دیتا ہے۔ اس لیے توہین رسالت ﷺ ایسے فعل قبیح کو اس کے صحیح تناظر میں دیکھنے کی زحمت نہیں کرتا اور ہمیں بھی اس سے چنداں غرض نہیں کہ وہ انسان اور ملت کے بارے میں اپنے نظریات میں ضرور تبدیلی لائے، لیکن ہم اسے یہ بتانا اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ایک مسلمان کی سوچ کیا ہے؟

ہر انسان آکسیجن سے سانس لیتا ہے لیکن مسلمان کی سانس کا دوسرا نام عشق رسول ﷺ ہے۔ ہر انسان پانی پی کر جیتا ہے لیکن مسلمان حب رسول ﷺ کی آب وہوا میں زندہ رہتا ہے۔ ہر انسان آنکھ سے دیکھتا ہے لیکن مسلمان کی آنکھ کا سرمہ خاک مدینہ ونجف ہے۔ ہر انسان کے پہلو میں دل

دھڑکتا ہے لیکن ہر مسلمان کی دل کی دھڑکن یاد رسول ﷺ ہے۔ ہر انسان کی رگوں میں خون دوڑتا ہے لیکن مسلمان کی رگوں میں محبت آل رسول ﷺ گردش کرتی ہے۔ ہر انسان زندگی کو زندگی سمجھ کر بسر کرتا ہے لیکن مسلمان اللہ اور رسول ﷺ کی خوشنودی کے لیے زندگی گزارتا ہے۔ ہر انسان آزادی کا خواہاں ہے لیکن مسلمان غلامی رسول ﷺ کا طلب گار ہے۔ ہر انسان موت سے خوفزدہ رہتا ہے لیکن مسلمان شہادت کی

آرزو رکھتا ہے۔ ہر انسان نفع ونقصان کے حوالے سے سوچتا ہے لیکن مسلمان ہر چیز ایمان کے ترازو میں تولتا ہے۔ ہر انسان اپنی ناموس کی فکر میں رہتا ہے لیکن مسلمان اپنی جان کو حرمت رسول ﷺ پر لٹا دینے کو اپنے لیے سعادت سمجھتا ہے۔

یورپ گستاخ ایڈیٹر کے واجب القتل ہونے کو فرد کے حقوق انسانی کے منافی قرار دیتا ہے۔ اس سے بڑھ کر لطیفہ کیا ہوگا کہ کون سا انسان؟ جو ان کے نزدیک بندر کی اولاد ہے اور کیسا حق؟ جن کے ہاں کالا اور گورا دیکھ کر حقوق متعین ہوتے ہیں۔ انسان کے مقدس ہونے کا تصور مسلمان کے ہاں ہے اور اس کے حقوق کا تحفظ بھی سب سے پہلے اسلام نے کیا ہے، جس نے انسان کو اشرف المخلوقات اور کالے اور گورے اور بندہ و آقا کی تمیز کو فساد آدمیت قرار دیا ہے اور تاریخ نے اپنے آنکھوں سے علیؓ اور بلالؓ کو دوش بدوش چلتے اور نواسہ رسول امام حسنؓ اور غلام زادہ اسامہ بن زیدؓ کو آغوش رسول ﷺ میں زانو بہ زانو بیٹھے دیکھا۔

ہم جب گستاخ ایڈیٹر کو واجب القتل قرار دیتے ہیں تو یہ فتویٰ محض ایک فرد، ایک آدمی اور ایک انسان کے خلاف نہیں بلکہ ہر وہ سوچ واجب القتل ہے جو دلوں میں احترام رسول ﷺ فنا کرتی ہے، وہ ذہنیت واجب القتل ہے جو گستاخی رسول ﷺ کا سوچتی ہے، وہ شخص واجب القتل ہے جو پیغمبر ﷺ کے خلاف لکھتا اور واجب القتل ہے وہ زبان جو نبی ﷺ کے خلاف بھونکتی ہے اور پیغمبر بھی ایسا جو مسلمانوں کا نبی نہیں، انسانیت کا محسن ہے، حقوق انسانیت کا نگہبان ہے، ناموس آدمیت کا محافظ ہے، جس نے انسان کی حرمت کو کعبہ سے افضل اور انسان کی ذات کو راز الٰہی قرار دیا۔ ایسے پیغمبر کی توہین، وقار انسانی کی توہین ہے، ناموس آدمیت پر حملہ ہے، شرف آدم کی گستاخی ہے۔ جو شخص انسانیت کی آن کو ملحوظ نہیں رکھتا، کسی کو اس کی جان کا لحاظ کیسے ہو سکتا ہے؟

ان توہین آمیز خاکوں کا مقصد یہی تھا کہ مسلمانوں کے دلوں میں سے حب رسول ﷺ کی تپش چھین لی جائے تو مسلمان خود بخود راکھ کا ڈھیر بن جائیں گے اور پھر اس راکھ پر تھوڑا سا پانی چھڑک کر زمین کے برابر کر دیا جائے، لیکن یہاں یورپ کو پھر ٹھوکر لگی۔ اس نے حکمرانوں کے آئینے میں عام مسلمانوں کا چہرہ دیکھنے کی کوشش کی۔ اس نے سمجھا کہ ان میں زندگی کی رمق نہیں رہی، ان کے اعصاب شل ہو گئے ہیں ان کے دل بجھ گئے ہیں ان کے جذبات سوگئے ہیں اور اب صور اسرافیل پر بھی بڑی مشکل سے اٹھیں گے۔ اسے یہ اندازہ نہ ہو سکا کہ لاریب

مسلمان اپنی تہذیب سے نا آشنا ہو گئے ہیں، اپنا نظام حکومت بھول بیٹھے ہیں، اپنی شکل و صورت بگاڑ بیٹھے ہیں، اپنی اقتصادیت گروی رکھ بیٹھے ہیں مگر اس سب کے باوجود دل کا سودا بازار عشق مصطفیٰ ﷺ میں کرتے ہیں۔ اگر چہ مسلمان ہزار بار سر راہ لوٹے گئے یورپ انہیں لوٹ کر لے گیا، امریکہ لوٹ رہا ہے اور خود جب لٹانے پر آتے ہیں تو اپنا سب کچھ ناموس مصطفیٰ ﷺ پر لٹا کر خوش ہوتے ہیں بلکہ اس پر بھی مطمئن نہیں ہوتے اور کہتے رہ جاتے ہیں:

کروں تیرے نام پہ جان فدا، نہ بس ایک جاں، دو جہاں فدا

دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا، کروں کیا، کروڑوں جہاں نہیں

ایڈیٹر نے تو براہ راست حملے کیے ہیں، مسلمان تو اشارے اور کنائے کی گستاخی کو نا قابل معافی گستاخی قرار دیتے ہیں۔ مسلمانوں کے نزدیک نعلین نبی ﷺ کی نوک، تاج شاہی سے زیادہ محترم اور معظم ہے، ان کے ہاں آپ کا نقش کف پا سجدہ گاہ عشق ہے، اہل اسلام کہکشاں کو آپ کے قدموں کی دھول سمجھتے ہیں، ارباب عشق کلی کی چٹک کو تبسم رسول ﷺ کا صدقہ سمجھتے ہیں، صاحبان نظر کے عقیدے میں آب حیات، ان کے تلوؤں کا دھوون ہے، خلعت شاہی آپ کے لباس کی اترن ہے، دیار حبیب ﷺ کے کوچے، جنت کے باغیچے ہیں بلکہ دردمندان عشق ہر اس شخص کو امام سمجھتے ہیں جو ان کی گلی کا گدا ہو۔

یورپ نے ان خاکوں کے ذریعے چاہا ہے کہ مسلمانوں کی سیاست عدم استحکام کا شکار رہے، حکمران استعمار کے آلہ کار ہیں، معیشت مفلوج ہے اور دفاع کمزور ہے۔ لے دے کے ایک حب نبی ﷺ کا جذبہ ہے اگر وہ بھی کسی طرح ان کے دلوں سے نکال لیا جائے تو وہ غلام بن جائیں گے۔ یورپ ہم سے ہماری یہ کائنات چھین لینا چاہتا ہے۔ اہل اسلام اپنے ہر معاملے میں غافل واقع ہوئے ہیں

لیکن ناموس رسول ﷺ اور حب نبی ﷺ ان کو اپنے مال، اپنے وطن، اپنی اولاد اور اپنی جان سے زیادہ عزیز ہے اور متاع عزیز فراموش کرنے والی چیز نہیں ہوتی اور یہی وہ متاع عزیز ہے جس کے سہارے مسلمان زندہ ہیں ورنہ زندگی کا جواز کیا رہ جاتا ہے؟

اک عشق مصطفیٰ ہے اگر ہو سکے نصیب

ورنہ دھرا ہی کیا ہے جہان خراب میں

4 ماہنامہ مسیحائی کراچی

اپنا نظام حکومت بھول بیٹھے ہیں، اپنی شکل و کر کے بیٹھے ہیں مگر اس سب کے باوجود دل کا سودا مسلمان ہزار بار سر راہ لوٹے گئے یورپ انہیں جب لوٹانے پر آتے ہیں تو اپنا سب کچھ ناموس کبھی مطمئن نہیں ہوتے اور کہتے رہ جاتے ہیں:

نہ بس ایک جاں، دو جہاں فدا

کروں کیا، کروڑوں جہاں نہیں

مسلمان تو اشارے اور کنائے کی گستاخی کو نا قابل نزدیک نعلین نبی ﷺ کی نوک، تاج شاہی سے نقش کف پا سجدہ گاہ عشق ہے، اہل اسلام ارباب عشق گل کی چٹک کو تبسم رسول ﷺ کا آب حیات، ان کے تلوؤں کا دھوون ہے، حبیب ﷺ کے کوچے، جنت کے باغیچے میں جو ان کی گلی کا گدا ہو۔

ہے کہ مسلمانوں کی سیاست عدم استحکام کا شکار مفلوج ہے اور دفاع کمزور ہے۔ لے دے اسی طرح ان کے دلوں سے نکال لیا جائے تو وہ کائنات چھین لینا چاہتا ہے۔ اہل اسلام اپنے ناموس رسول ﷺ اور حب نبی ﷺ ان کو اپنے زیادہ عزیز ہے اور متاع عزیز فراموش کرنے اس کے سہارے مسلمان زندہ ہیں ورنہ زندگی کا

اگر ہوسکے نصیب

جہان خراب میں

# قانون توہین رسالت کے نئے معنی و مفہوم

محمد اسماعیل قریشی ایڈووکیٹ

ایاز امیر صاحب کے کالم بعنوان توہین رسالت کے قوانین کیوں دکھائی نہیں دیتے میں بعض امور توجہ طلب ہیں جس کے لیے اس قانون کے مختصر پس منظر کا ذکر ضروری ہے۔ امتناع توہین رسالت کے قانون کے نفاذ کے لیے سال ۱۹۸۴ء میں راقم الحروف نے فیڈرل شریعت کورٹ میں اس وقت پٹیشن دائر کی تھی جب یورپ اور خاص طور پر ماسکو سے اسلام اور پیغمبر اسلام کے خلاف گستاخانہ اور دل آزار حملوں کی یلغار ہورہی تھی جس کے لٹریچر کو آفاقی اشتراکیت کے نام سے ایک انتہا پسند کمیونسٹ نے کتابی شکل میں شائع کیا اور اس کو ہائی کورٹ بار اور دوسرے اداروں میں مفت تقسیم کیا جارہا تھا اس کتاب میں بتلایا گیا تھا کہ اسلام کا دور ختم ہوچکا ہے اور پیغمبر اسلام کے بارے میں گستاخانہ اور نہایت نازیبا کلمات استعمال کیے گئے تھے۔ اس کتاب کی اشاعت سے قبل راقم کا ایک این جی او کے خلاف قانون توہین رسالت کا ایک مقدمہ فیڈرل کورٹ میں زیر سماعت تھا جس میں ملک کے چوٹی کے علماء اور مسلمان دانشوروں کو طلب کیا گیا تھا جن کی متفقہ رائے تھی کہ توہین انبیاء اسلام کے علاوہ مسیحی اور موسوی قانون کی رو سے بھی ناقابل معافی جرم ہے۔ بائبل کی رو سے اس جرم کی سزا سنگسار یا زندہ جلا دینے کی تھی جس کے مطابق گستاخان مسیح کو یہ سزا دی جاتی رہی ہے اسلام کی رو سے اس جرم کی سزا قتل مقرر ہے۔ اس بارے میں راقم کی پٹیشن فیڈرل شریعت کورٹ نے منظور کرلی تھی اور توہین رسالت کو ناقابل معافی جرم قرار دیتے ہوئے اس کی سزا قرآن وسنت کی رو سے سزائے موت مقرر کردی گئی۔ ملاحظہ ہو فیصلہ بمقدمہ محمد اسماعیل قریشی بنام جنرل محمد ضیاء الحق وحکومت پاکستان PLD 1991 FSC 10 اس

فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کردی گئی جب اس اپیل کی وقت کے وزیراعظم میاں
محمد نواز شریف کو اطلاع ملی تو انہوں نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا قانون توہین رسالت کے

فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کسی اہل کار کی شرارت معلوم ہوتی ہے اگر توہین رسالت کی سزا موت سے بھی زیادہ سنگین ہوتی تو اس پر بھی عمل درآمد کیا جاتا۔ میاں صاحب نے فوری طور پر سرکاری وکیل کو حکم دیا کہ توہین رسالت کے مقدمے کے فیصلے سزائے موت کے خلاف اپیل واپس لی جائے جس کو بوجہ دستبرداری سپریم کورٹ نے خارج کر دیا۔ جناب ایاز امیر میاں محمد شریف کے ہم نشینوں میں ہیں اور ان ہی کی حمایت سے قومی اسمبلی میں پہنچے ہیں لیکن ان کے توہین رسالت کے خلاف مضمون پر میاں صاحب کے حوالے سے فارسی کی یہ مثل صادق آتی ہے۔

''من چہ می گویم وطنبورہ من چہ می سرائید۔''

صاحب موصوف کو قانون توہین رسالت کے خلاف اپنے مضمون توہین رسالت کے قانون کیوں دکھائی نہیں دیتے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ پیغمبر اسلام کے بارے میں گستاخی یا اہانت توہین رسالت نہیں جس کسی کو قانون کی مروجہ اصطلاحات کا علم نہ ہو وہ بزعم خود قانون رسالت کے خود ساختہ معانی و مفہوم کو پیش کرنے کی جسارت کرے اس پر ناطقہ سربگریباں ہے اسے کیا کہیے۔ قانون کی تعبیر اور تشریح ماہرین قانون اور عدلیہ کا کام ہے اگر ہر کس و ناکس یہ کام اپنے ہاتھ میں لے لے تو قانون بازیچہ اطفال ہو جائے گا جو ملک اور قوم کو تباہی کے کنارے پہنچا دے گا۔

ایاز امیر صاحب کے بیان کیے ہوئے توہین رسالت کے مفہوم سے نہ تو واضعان قانون کو تخلیقی آگہی ہے اور نہ اعلیٰ عدلیہ اور سپریم کورٹ کے جج جن کی ساری عمر قانون کی تعبیر اور تشریح کرتے ہوئے گزری ہے اپنے حضرت ایاز امیر کی اس تحقیق انیق سے آشنا معلوم ہوتے ہیں توہین رسالت کے وضعی مفہوم کو بیان کرتے ہوئے ایاز امیر صاحب نے اپنے اس مضمون میں جس کا اوپر حوالہ دیا گیا

ہے اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا ہے اصل توہین مذہب (رسالت) تو یہ ہے کہ ایک بچہ بھوک سے بلک رہا ہو یا کوئی بچہ پیٹ کی آگ بجھانے کے لیے بھیک مانگنے پر مجبور ہو یا ایک عورت تنگ دستی کی وجہ سے بچوں سمیت دریا میں چھلانگ لگا دے معلوم نہیں ان کاموں کا بالواسطہ یا بلا واسطہ توہین رسالت سے کیا تعلق ہے؟ موصوف کا یہ کوئی معروضی جائزہ نہیں۔ صرف الفاظی جمع خرچ

یا مولویانہ وعظ و تلقین کی ایک ماڈرن قسم ہے۔ کوئی ان سے پوچھے حضرت آپ نے اس سلسلے میں کوئی اقدام بھی کیا ہے جیسا کہ بنگلہ دیش کے گرامین (خستہ حال) بینک کے ڈائریکٹر نے سرمایہ کاروں سے رقم لے کر تنگ دست خواتین کو ایک ایک ہزار قرض حسنہ ایک سال کے لیے دیا ان کی ضرورت کے مطابق سلائی یا کڑھائی کی مشین فراہم کی جس کی آمدن سے وہ اپنا گزارہ بھی کرتی رہیں اور قرض کی رقم بھی واپس کر دی جس سے وہاں افلاس بڑی حد دور ہو گیا ہے آپ کے بھی ملک کے سرمایہ کاروں سے تعلقات ہیں آپ کو اس کار خیر سے کس نے روکا ہے؟

آگے چل کر ارشاد ہوتا ہے (غضب ہے کہ ) ہمارے لیے ایمان آئین سے کہیں بڑھ کر ہے بجا فرمایا۔ سیکولر ریاست میں ایمان کی کہاں گنجائش ہو سکتی ہے اسی نظریے کے تسلسل میں یہ بھی لکھا ہے ”ہم نے اس خود ساختہ نعرے کو سینہ سے لگا رکھا ہے کہ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے“ ساتھ ہی اس خود فریبی کا شکار ہیں کہ پاکستان ایک خاص مقصد کے لیے تخلیق کیا گیا کہ خدائی مشن کی تکمیل ہو سکے ایک طرف بظاہر سنجیدہ اور معقول دکھائی دینے والے آرمی چیف جنرل کیانی نے بھی ایک موقع پر اعلان کیا کہ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے مگر کسی ایک ملک نے بھی عیسائیت کو اپنے ملک کا قلعہ ہونے کا دعویٰ نہیں کیا۔ دوسری طرف لا تعداد فرقوں کے ملاؤں کی بریگیڈ بار بار اسلام کے دفاع کے نام پر سڑکوں پر آجاتی ہے چیختی ہے چلاتی ہے اور با آواز بلند امریکہ کے خلاف نعرہ بازی کرتی ہے یہ سب موصوف کی نظر میں احمقانہ حرکت ہے اس لیے اس سے گریز کرنا پڑے گا اس لیے وہ قوم کو مشورہ دیتے ہیں کہ ہمیں اپنی کمزوریوں کے باعث امریکہ کی خواہش کے مطابق آپریشن کرنا ہی پڑتا ہے یعنی ہماری فوج کی اپنی کوئی حکمت عملی نہیں اور نہ ہی کوئی اپنی پالیسی ہے اس کو بھی ایاز امیر صاحب کی طرح امریکہ کے آگے جھکنا پڑتا ہے اس جھکنے کے

خلاف ہر کارروائی کا تعلق توہین رسالت سے ہے اس لیے اس قانون کو منسوخ کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔

موصوف کا یہ بیان کہ کسی ایک ملک نے کبھی عیسائیت کو اپنے ملک کے قلعہ ہونے کا دعویٰ نہیں کیا اس بارے میں جہاں تک لفظی دعویٰ کا تعلق ہے وہ درست ہے۔ ایاز امیر

صاحب اور ان کی فیملی یقیناً برطانیہ میں قیام پذیر رہی ہے افسوس کہ انہوں نے امریکہ اور برطانیہ کا اندرون جھانک کر نہیں دیکھا جو عیسائیت کا قلعہ نہیں بلکہ مضبوط ترین قلعہ ہیں سیکولرازم کا لیبل برائے نام لگا ہوا ہے مجھے بھی برطانیہ اور امریکہ میں کافی عرصہ قیام کا موقع ملا ہے میرے برادر عزیز سلیم قریشی بار ایٹ لا برٹش نیشنل ہیں کورٹ کی اسپیشل اجازت ملنے پر میں اسلامی مقدمات میں پیش بھی ہوا ہوں۔ میں اسلامی ممالک کی لندن کانفرنس میں پریذیڈیم کا ممبر بھی رہا ہوں کسی ملک کا قانون اور وہاں کی عدالتوں کے فیصلے اس ملک کی اصلی صورت کے آئینہ دار ہوتے ہیں برطانیہ میں عیسائیت کے بعد مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ وہاں کے مسلمانوں نے سلمان رشدی کی شیطانی آیات Satanic Verses کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے حکومت کو درخواست دی کہ قانون توہین مسیح میں معمولی سی ترمیم کر کے تمام انبیاء کے خلاف گستاخی کو قابل تعزیر جرم قرار دیا جائے لیکن وہاں کے وزیر قانون مسٹر جان پیٹس نے اس درخواست کو مسترد کرتے ہوئے تحریری طور پر بتلایا کہ حکومت برطانیہ قانون توہین مسیح میں کسی قسم کی ترمیم کو جائز قرار نہیں دیتی۔ وہاں کی سب سے بڑی آخری عدالت ہاؤس آف لارڈز نے اس بارے میں فیصلہ دیتے ہوئے حکومت برطانیہ کے موقف کو درست قرار دیا اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ برٹش لاءِ مذہب پر جارحانہ حملہ کو جائز قرار دیتا ہے مزید برآں یہ ریمارکس بھی دیے ہیں کہ اگر حکومت برطانیہ توہین مسیح میں اسلام کے قانون توہین رسالت کی کوئی کلاز شامل بھی کر دے تو برطانیہ کی اعلیٰ عدلیہ اس قانون کو یہاں لاگو کرنے سے گریز کرے گی۔ اس فیصلے کے خلاف یورپ کی ہیومن رائٹس کورٹ نے مسلمانوں کی نگرانی خارج کر دی برطانیہ میں توہین مسیح تو بڑی بات ہے وہاں حکومت نے جناب مسیح کی ایک عقیدت مند نن ٹریا کے بارے میں سٹرونگرو کی فلم کو ضبط کر لیا جس میں ٹریا کو حالت

وجد میں رقص کرتے ہوئے جناب مسیح کے جسم کے مختلف حصوں کو بوسے لیتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔

فلم کی اس ضبطی کے خلاف برطانیہ اور یورپ کی اعلیٰ عدلیہ نے بھی سماعت سے انکار کر دیا اب ذرا ایک جھلک امریکہ کی سپریم کورٹ کے موکس کیس کی بھی دیکھ لیجیے جہاں

یہ قرار دیا گیا کہ امریکی ریاست سیکولر ہونے کے باوجود عیسائی مذہب کی بنیاد پر قائم ہے کیوں کہ وہاں صدر اراکین کانگریس عدالتوں کے جج انتظامیہ کے تمام افسر اور اہل کار بائبل پر حلف اٹھاتے اور عیسائی خدا کو مانتے ہیں اس لیے یہاں کسی کو عیسائی مذہب کے کسی قانون کے خلاف پبلک میں تقریر کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ ان تمام باتوں کو کھلی آنکھوں سے دیکھنے کے باوجود ایاز امیر صاحب کو امریکہ میں یا یورپ کے کسی ملک میں عیسائیت کا قلعہ نظر نہیں آتا۔

اسلام کی تاریخ کو حضرت ایاز امیر نے اچھی طرح سے کھنگالا ہے اور اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اسلام ہندوستان میں گزشتہ ۸۰۰ سالوں سے موجود ہے اسے کبھی کسی خطرے کا سامنا نہیں رہا۔ راقم اور برصغیر ہند کے مسلمانوں کے خیال میں اگر اسلام یا مسلمانوں کو ہندوستان میں صدیوں سے کوئی خطرہ ہی نہیں تھا تو پھر کیوں علامہ اقبال اور قائد اعظم محمد علی جناح نے علیحدہ قومیت کا نعرہ بلند کیا اور ہندوستان سے علیحدہ مملکت قائم کرنے کے لیے اپنی زندگی کھپا دی اور پھر کس لیے ہندوستان کے لاکھوں مسلمانوں نے بے مثال قربانیاں دے کر پاکستان حاصل کیا۔

قائد اعظم کے ذاتی معالج ڈاکٹر ریاض علی شاہ نے قائد اعظم کے آخری کلمات کیا تھے کے بارے میں اپنی ڈائری میں لکھتے ہیں ایک بار دوا کے اثرات کو دیکھنے کے لیے ہم ان کے پاس بیٹھے تھے میں نے دیکھا کہ وہ کچھ کہنا چاہتے ہیں لیکن ہم نے بات چیت سے منع کر رکھا تھا اس لیے الفاظ لبوں پر آ کر رک جاتے اسی ذہنی کشمکش سے وہ بولے۔ تم جانتے ہو جب مجھے یہ احساس ہوتا ہے کہ پاکستان بن چکا ہے تو میری روح کو کس قدر اطمینان ہوتا ہے۔ یہ مشکل کام اور تمام امور میں اکیلا کبھی نہ کر سکتا تھا۔

رسول اللہ کا روحانی فیض ہے کہ پاکستان وجود میں آیا۔ اب یہ پاکستانیوں کا فرض ہے کہ وہ اسے خلافت راشدہ کا نمونہ بنائیں تاکہ اللہ اپنا وعدہ پورا کرے اور مسلمانوں کو زمین کی بادشاہت دے لیکن ایاز امیر صاحب ترکی کی مثال دیتے ہیں کہ بدلتے ہوئے حالات میں ڈھال لینے کی وجہ سے وہ ایک کامیاب ملک بن گیا ہے صاحب موصوف کو کون بتائے کہ جناب والا ترکی نے اتاترک کے یورپ کی تقلید کو ترک کر کے اس کی

بجائے اسلام کی طرف مراجعت کی ہے جس کی وجہ سے وہاں کے عوام کی بھاری اکثریت سے طیب اردگان کی اسلام پسند جماعت برسر اقتدار آئی ہے۔ ایاز امیر صاحب نے اپنے قارئین کو یہ نہیں بتلایا کہ توہین رسالت کا قانون پاکستان کی ترقی میں کس طرح رکاوٹ یا مزاحم ہے پاکستان تو ہندوستان سے علیحدہ اس لیے ہوا کہ یہاں محمد عربی ﷺ کا نظام حکمرانی قائم ہو۔ قائد اعظم کے آخری الفاظ جو انہوں نے اپنے انتقال سے قبل اپنے ذاتی معالج ڈاکٹر ریاض علی شاہ کو بتلائے تھے جسے روزنامہ جنگ نے اپنی ۱۱ ستمبر ۱۹۸۸ء کی اشاعت میں شائع کیا، وہی پاکستان کی جدوجہد اور تشکیل کا سنگ میل ہے اس کی روئیداد ہم نے اوپر بیان کر دی ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ قائد اعظم اس نوزائیدہ مملکت میں کس طرح اللہ کے مشن کے لیے کام کر رہے تھے ایاز امیر صاحب قائد اعظم کے ان الفاظ پر غور فرمائیں کہ وہ قوم کو یہ بتلا رہے ہیں کہ پاکستان ایک خاص مقصد کے لیے تخلیق کیا گیا تا کہ اللہ کے مشن کی تکمیل ہو سکے اور اللہ اپنا پورا کرے۔

ایاز امیر صاحب کا پاکستان کی تشکیل میں نہ کوئی حصہ ہے نہ وہ اس کے بنیادی مقاصد کی اہمیت سے واقف ہیں۔ قائد اعظم پاکستان کی تشکیل کو رسول اللہ کا روحانی فیض قرار دے رہے ہیں کیا موصوف کو یہ بھی نہیں معلوم کہ یہ ملک عزیز محمد عربی ﷺ کی ذات گرامی کی بدولت وجود میں آیا، اگر ان کے نام گرامی کو نکال دیا جائے تو پھر ہندوستان سے اختلاف کی کوئی وجہ باقی نہیں رہتی۔ آج اس نام نامی کو پاکستان سے معاذ اللہ ہٹا دیجیے پھر دیکھیے ہندوستان بھی آپ کو گلے لگائے گا۔

امریکہ اور یورپ کی آشیر باد بھی آپ کو حاصل ہو جائے گی مگر اس کے بعد پاکستان کے وجود اور بقاء کی وجہ Reason of Existance ہی باقی نہیں رہے گی اس لیے ان کا نام نامی اس کی بقاء اور اس کی سالمیت کی ضمانت ہے اگر اس نام کی عزت اور حرمت اس ملک میں بھی باقی نہ رہے تو اسلام

اور مسلمانوں کے دشمنوں کو ساری دنیا میں کھل کر کھیلنے کا موقع مل جائے گا۔ مقدس نام کی توہین کو دنیا میں کسی مسلمان نے جہاں کہیں بھی ہو یورپ، امریکہ، افریقہ میں کسی جگہ بھی برداشت نہیں کیا تقسیم ہند سے قبل جب غازی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

علم الدین شہید نے ایک گستاخ رسول پبلشر راج پال کو قتل کر دیا تو اس پر علامہ اقبال جنہوں نے پاکستان کا بلو پرنٹ تیار کیا تھا بے ساختہ فرمایا ترکھاناں دا منڈا بازی لے گیا۔ علم الدین اور ایک گستاخ رسول کے قاتل غازی عبدالقیوم جن کو گستاخان رسول کے قتل میں کراچی کی عدالت سے سزائے موت ہوئی تھی تو علامہ اقبال نے اپنی مایہ ناز تصنیف ضرب کلیم میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے:

ان شہیدوں کی دیت اہل کلیسا سے نہ مانگ

قدر و قیمت میں ہے خوں جن کا حرم سے بڑھ کر

راج پال قتل کیس میں قائد اعظم نے لاہور ہائی کورٹ میں علم الدین کی طرف سے اس کے مقدمے کی پیروی کی تھی قائد اعظم کا اصول تھا کہ وہ کسی غلط مقدمہ کو لینے سے انکار کر دیتے تھے لیکن ہمارے ترقی پسند دانشور ایاز امیر صاحب نے توہین رسالت کو جرم تسلیم کرنے سے ہی انکار کر دیا ہے اس طرح وہ قرآن وسنت کے احکام کو چودہ سو سال سے امت مسلمہ کے اجماع تواتر کو اسلامی ملکوں اور خاص طور سے پاکستان سپریم کورٹ فیڈرل شریعت کورٹ کے متفقہ فیصلوں کو نہیں مانتے۔ موصوف کا علم و دانش برطانیہ اور یورپ کی لکڑیوں کے سہارے چلنے کی کوشش کرتا ہے جس کے بارے میں مولانا روم نے فرمایا ہے کہ پائے چوبیں بے تمکین بود۔ موصوف یورپ اور امریکہ کی ریاستوں اور حکومتوں کو اس لیے پسند کرتے ہیں کہ وہ سیکولر یا لادین ہیں اور عیسائیت کا قلعہ نہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ موصوف نے ان ملکوں کے اعلیٰ عدلیہ کے فیصلوں کو پڑھنے کی کبھی زحمت گوارا نہیں کی۔ ان سیکولر ملکوں میں توہین مسیح کا قانون موجود ہے جس میں وہ کسی قسم کی

ترمیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ ”گے نیوز“ کے ایڈیٹر لے مون نے جناب مسیح کی مجرد زندگی کے بارے میں ایک مزاحیہ نظم شائع کی تھی جس پر برطانیہ کی ابتدائی عدالت نے اسے توہین مسیح کے جرم میں سزا دی۔ اس کی اپیل ہاؤس آف لارڈز نے خارج کر دی اس نے یورپین کورٹ آف ہیومن رائٹس میں نگرانی دائر کی لیکن اس کو بھی اس بنا پر مسترد کر دیا گیا کہ اس نظم سے عیسائی فرقہ کی دل آزاری ہوتی ہے جسے برداشت نہیں کیا جا سکتا البتہ اسلام کے خلاف کوئی بات کی جاتی ہے تو برٹش لاء کی رو سے وہ کوئی جرم نہیں لیکن اسی

ماہنامہ سبحانی کراچی 424 حرمت رسول نمبر ۲۰۱۰ء ہاؤس آف لارڈز کے جج لارڈ اسکارمن جن کو مشرق اور مغرب کے جمہوری ملکوں میں اور روس میں بھی ترقی پسند لبرل جج شمار کیا جاتا ہے اپنے ایک معرکۃ الآراء فیصلے میں قانون توہین مسیح کو برطانیہ کی سالمیت کے لیے ایک ناگزیر جمہوری ضرورت قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس قانون کو دوسرے مذاہب کی توہین تک بھی وسیع کیا جانا چاہیے تاکہ ان کے مذہبی جذبات مجروح نہ ہوں لیکن یہاں اپنے حضرت میاں امیر چاہتے ہیں کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مسلمان ان کی طرح توہین رسالت کو نظر انداز کردیں اور ان کی نظر میں اس قانون کو یہاں برقرار رکھنے کا کوئی جواز نہیں۔ اس ملک کو اسلام کا قلعہ کہنا بھی حماقت ہے کیوں کہ یہ ملک کسی خاص مقصد یا مشن کے لیے نہیں تخلیق کیا گیا تھا مگر موصوف نے یہ نہیں بتلایا کہ اس ملک کو ہندوستان سے علیحدہ کرنے کے لیے اتنی جانوں کی قربانیوں اور جدوجہد کی ضرورت کیا تھی اور اب صاحب موصوف کے پیش نظر کیا مشن ہے جس کی رو سے وہ قانون توہین رسالت کو منسوخ کرنے کے لیے سرتوڑ کوششوں میں مصروف ہیں اور صاف طور پر اسلام کے قلعہ کو مسمار کرنے کے درپے نظر آتے ہیں ایسے ہی لوگوں کے بارے میں جو رسالت مآب ﷺ کی عزت وحرمت کو اپنا دین وایمان نہیں سمجھتے علامہ اقبال نے فرمایا ہے:

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست

اگر بہ او نہ رسیدی تمام بولہبی است!

حرمت رسول نمبر 2011ء 425 ماہنامہ مسیحائی کراچی

# قانون توہین رسالت کیا ہے اور کیوں ضروری ہے؟

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

برصغیر پاک و ہند میں مغلیہ سلطنت کی عدالتی مقدمات میں فیصلے قرآن و سنت اور فقہ کی روشنی میں کیے جاتے تھے۔ مغلوں کے زوال کے بعد 1860ء میں انڈین پینل کوڈ نافذ کیا گیا جس کے نفاذ اور تدوین کے لیے گورنر جنرل ہند نے لارڈ میکالے کی سربراہی میں ایک کمیشن تشکیل دیا تھا۔ انگلینڈ میں آج بھی اور 1860ء میں بھی قانون توہین مسیح بطور Common Blasphemy Act ہے۔ 1898ء میں دفعہ A-124 تعزیرات ہند میں شامل کی گئی جس کے تحت حکومت برطانیہ کے خلاف منافرت پھیلانے یا توہین حکومت کے جرم کی سزا عمر قید مقرر کی گئی۔ اسی سال 1898ء میں ہی ایک دفعہ A-153 کا بھی اضافہ کیا گیا جس کا متن حسب ذیل ہے۔

”جو کوئی الفاظ سے بذریعہ تقریر، تحریر، اشارات یا کسی دوسرے طریقے سے ہندوستان میں ہر مجسٹی کی رعایا کی مختلف جماعتوں میں دشمنی یا منافرت کے جذبات ابھارنے یا انہیں بھڑکانے کی کوشش کرے اسے دو سال قید تک سزا یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔“

حضور اکرم ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والے شاتمان کے خلاف مقدمات بھی اسی دفعہ (153-A) کے تحت قائم ہوئے جس میں سب سے مشہور مقدمہ ”رنگیلا رسول“ کے ناشر راج پال کے خلاف اسی جرم کے ارتکاب پر رجسٹر ہوا۔ عدالت سیشن جج سے اسے سزا دی گئی مگر ہائی کورٹ نے اسے سزا نہ دی جس کے خلاف مسلمانان ہند میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی اور ہر

پلیٹ فارم سے سخت احتجاج کیا گیا تا آنکہ غازی علم دین شہیدؒ نے راج پال کو موت کے گھاٹ اتار کر اسے توہین رسالت کی سزا دی اور خود زندہ جاوید ہو گئے۔

جب برٹش گورنمنٹ نے مسلمانوں کے جذبات کو دیکھا کہ اس دفعہ A-153 سے وہ

مجروح ہو رہے ہیں تو ان کی اشک شوئی کے لیے A-295 کو قانون فوجداری کے ترمیمی ایکٹ میں 1927ء میں Indian P.C میں شامل کیا گیا۔ وہ دفعہ یہ ہے:

"جو کوئی عملاً اور بدنیتی سے تحریری، تقریری یا اعلانیہ طور پر ہر مجسٹی کی رعایا کی کسی جماعت کے مذہب یا مذہبی عقائد کی توہین یا توہین کی کوشش کرے کہ جس سے اس کے مذہبی جذبات مشتعل ہوں تو اسے دو سال تک قید، جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔"

قیام پاکستان کے بعد، 23 مارچ 1956ء کو 'ہر مجسٹی کی رعایا' کے ان الفاظ کو "پاکستان کے شہریوں" کے الفاظ سے تبدیل کر دیا گیا۔

1961ء میں ایک ترمیمی آرڈیننس آیا۔ مگر اس دفعہ میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

1980ء میں دوسرے ترمیمی آرڈیننس کے ذریعے A-298 کا اضافہ کیا گیا جو حسب ذیل ہے۔

"جو کوئی تحریری، تقریری، اعلانیہ، اشارتاً یا کنایتاً بالواسطہ یا بلا واسطہ امہات المومنینؓ یا کسی اہل بیت یا خلفاء راشدینؓ میں سے کسی خلیفہ راشد یا اصحاب رسولؐ کی بے حرمتی کرے، ان پر طعنہ زنی یا بہتان تراشی کرے، اسے تین سال تک کی سزا یا سزائے تازیانہ دی جائے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔"

اس دفعہ میں امہات المومنینؓ اور اصحاب رسولؐ کی شان میں گستاخی کو تو قابل تعزیر گردانا گیا تھا مگر خود اس مقدس ہستی ﷺ جن سے نسبت کی وجہ سے ان کو یہ مرتبہ حاصل ہوا، اس گستاخی کی کوئی سزا نہ تھی۔ جس پر سپریم کورٹ کے ایڈووکیٹ جناب محمد اسماعیل قریشی کی جانب سے 1984ء میں شریعت کورٹ میں Petition دائر کی گئی۔ ابھی شریعت کورٹ میں فیصلہ نہ ہوا تھا کہ محترمہ آپا نثار فاطمہ نے ملک کے سینئر علماء اور وکلاء کے توسط سے قومی اسمبلی میں توہین

رسالت کے مجرم کے لیے سزائے موت کا بل پیش کیا، جسے فوجداری قانون ترمیمی ایکٹ نمبر 3 سال 1986ء کی صورت میں منظور کر کے تعزیرات پاکستان میں C-295 کی صورت میں نافذ کیا گیا۔ جس کا متن یہ ہے:

''جو کوئی عملاً، زبانی یا تحریری طور پر یا بطور طعنہ زنی یا بہتان تراشی بالواسطہ یا بلا واسطہ اشارتاً یا کنایتاً محمد ﷺ کی توہین یا تنقیص یا بے حرمتی کرے وہ سزائے موت یا سزائے عمر قید

کا مستوجب ہوگا اور اسے سزائے جرمانہ بھی دی جاسکتی ہے۔“

توہین رسالت کے متذکرہ بالا بل میں اہانت رسول ﷺ کی سزا بطور سزائے موت کا مطالبہ یہ کیا تھا لیکن اس میں عمر قید بھی رکھی گئی، جو قرآن وسنت کے منافی ہے۔ فیڈرل شریعت کورٹ نے 30/ اکتوبر 1990ء کو C-295 میں ترمیم کر کے عمر قید کے الفاظ حذف کر دیے اور اب یہ فیصلہ پی ایل ڈی میں شائع ہوا ہے۔

(حوالہ PLD-FSC-1991 P-10)

جو قانون توہین رسالت، اس وقت پاکستان میں رائج ہے، وہ درحقیقت فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے مورخہ 30/ اکتوبر 1990ء کی روشنی میں اور اس اعلیٰ عدالت کی ہدایت کے مطابق ترمیم کر کے نافذ کیا گیا ہے۔

فیڈرل شریعت کورٹ کا یہ فیصلہ عدالت کے پانچ فاضل جج صاحبان جن کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں نے مختلف مکاتب فکر کے چھ جید علمائے کرام (فقہاء) کی معاونت سے صادر کیا تھا:

- (1) جناب چیف جسٹس گل محمد خان

(سابق جج لاہور ہائی کورٹ)

- (2) جناب جسٹس عبدالکریم خاں کنڈی

(سابق جج پشاور ہائی کورٹ)

- (3) جناب جسٹس عبدالرزاق تھہیم

(سابق جج کراچی ہائی کورٹ)

- (4) جناب جسٹس عبادت یار خاں

(سابق جج کراچی ہائی کورٹ)

- (5) جناب جسٹس ڈاکٹر فدا محمد خاں

(پی ایچ ڈی اسلامی قانون)

ملک کی ایک اعلیٰ عدالت نے لاہور، کراچی اور اسلام آباد میں متعدد تاریخوں پر اس کی سماعت کی اور معاملے کا قرآن وسنت کی روشنی میں جائزہ لے کر ٹھنڈے دل سے یہ فیصلہ

صادر کیا تھا کہ نبی اکرم ﷺ اور دوسرے تمام پیغمبروں کی شان میں گستاخی کرے کلمات ادا کرنے والے بدقسمت شخص کی سزا، سزائے موت سے کم نہیں ہے اور جو کوئی عملاً زبانی یا تحریری طور پر یا بطور طعنہ زنی یا بہتان تراشی بالواسطہ یا بلاواسطہ اشارتاً یا کنایتاً حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی توہین یا تنقیص یا بے حرمتی کرے وہ سزائے موت کا مستوجب ہوگا اور اسے سزا یا جرمانہ بھی دی جائے گی اگر وہی اعمال اور چیزیں دوسرے پیغمبروں کے متعلق کہیں جائیں وہ بھی اسی سزا کے مستوجب جرم ہوگا۔

قرآن وسنت نے حد اور تعزیری سزاؤں کے لیے چند شرائط مقرر کی ہیں: اسلام نے ہی دنیا میں سب سے پہلے نیت ارادے اور قصد یعنی Intention کو جرم کا بنیادی رکن بنایا ہے۔ دنیا کے کسی اور قانون میں نیت کو جرم کا جزو نہیں سمجھا جاتا۔ مگر اللہ اور اس کے رسول نے ارادہ اور نیت کو جرم اور ہر عمل کی بنیاد بنا کر انسان کو جزا اور سزا کا مستحق قرار دیا جو دنیائے قانون و عدل میں سب سے پہلا انقلابی اقدام ہے۔

”انما الاعمال بالنیات“ وہ مشہور حدیث ہے جو تمام حدیث و فقہ کی کتابوں میں پیشانی کے جھومر کی حیثیت سے سب سے پہلے لکھی ہوتی ہے۔

اس دفعہ کو قرآن وسنت سے ہم آہنگ کرنے کے لیے دو حصوں میں تقسیم کرنا پڑے گا کہ اگر قصداً گستاخی کی ہو تو سزائے موت کا مستحق ہے مگر بلا ارادہ یا غلطی سے کوئی بات منہ سے نکل جائے تو ایسی صورت میں سزائے موت کی بجائے تعزیر جس میں کوڑوں کی سزا اور جرمانہ شامل ہو، دی جانی چاہیے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

قانون توہین رسالت قرآن کی روشنی میں: سورۃ الکوثر میں ارشاد ہے:

- ☆ اور بے شک تمہارا دشمن ہی جڑ کٹا ہے۔

- ☆ آپ کا مذاق اڑانے والوں سے نمٹنے کے لیے ہم خود ہی کافی ہیں۔

(الحجر: 95)

- ☆ اور اللہ تم کو لوگوں کے شر سے بچانے والا ہے۔ (المائدہ: 67)

- ☆ اللہ ان کے مقابلے میں تمہاری حمایت کے لیے کافی ہے۔ (البقرہ: 137)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

1۔ ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ في الدنیا والآخرۃ واعد لھم

عذاباً مھین (احزاب:57) بلاشبہ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ کی طرف سے پھٹکار ہے اور ان کے لیے رسوا کن عذاب مہیا کر دیا گیا ہے۔

2۔ ذلك بانھم شاقوا اللہ ورسولہ ومن یشاقق اللہ ورسولہ فان اللہ

شدید العقاب (الانفال: 13) "یہ حکم قتال اس لیے دیا گیا ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو بلاشبہ اللہ اس کے لیے نہایت سخت گیر ہے۔"

3۔ والذین یوذون رسول اللہ لھم عذاب الیم (التوبہ: 61)

"اور جو اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچانا چاہتے ہیں ان کے لیے درد ناک عذاب ہے۔"

4۔ یا یھا الذین امنو لا تقولوا راعنا وقولوا انظرنا واسمعوا وللکفرین

عذاب الیم (البقرہ: 104) اے لوگو جو ایمان لائے ہو راعنا نہ کہا کرو بلکہ انظرنا یعنی ہماری طرف التفات کیجیے۔ کہا کرو اور توجہ سے سنو۔ یہ کافر تو درد ناک عذاب کے مستحق ہیں۔

5۔ ولئن سالتھم لیقولن انما کنا نخوض ونلعب قل اباللہ وایتہ ورسولہ کنتم تھزءون O لا

تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم ان نعف عن طائفۃ منکم نعذب طائفۃ بانھم کانوا مجرمین (توبہ: 66-65) اور اگر تم ان لوگوں سے پوچھو (ایسی باتیں کیوں کرتے ہو) تو یہ ضرور جواب میں کہیں گے کہ ہم نے تو یونہی جی بہلانے کو ایک بات چھیڑ دی تھی اور ہنسی مذاق کرتے تھے۔ تم ان سے کہو کیا تم اللہ کے ساتھ اس کی آیتوں کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ ہنسی مذاق کرتے ہو؟

بہانے نہ بناؤ۔ حقیقت یہ ہے کہ تم نے اقرار ایمان کرے بعد پھر کفر کیا۔ اگر ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف بھی کر دیں تاہم ایک گروہ کو ضرور عذاب دیں گے اس لیے کہ وہ اصل مجرم ہے۔

6۔ یا یھا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبي ولا تجھروا

لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون

(الحجرات:۲)

اے اہل ایمان! اپنی آواز کو پیغمبروں کی آواز سے بلند نہ کرو اور نہ ہی ان سے اونچی آواز میں بات کیا کرو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے سے بات کیا کرتے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا کیا کرایا سب غارت ہو جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

# یہودی اور مسلمان کا تنازع:

فلا و ربك لا یومنون حتی یحکموك فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما (النساء:65) پس اے محمد! تمہارے رب کی قسم یہ کبھی بھی مومن نہیں ہو سکتے ، جب تک کہ اپنے باہمی اختلافات میں تم کو یہ اپنا حکم نہ مانیں اور پھر جو بھی آپؐ فیصلہ کردیں اس پر اپنے دلوں میں بھی کوئی تنگی محسوس نہ کریں بلکہ اسے پورا پورا تسلیم کریں۔ حضور اکرمؐ کا یہودی کے حق میں فیصلہ، مسلمان حضرت عمرؓ کے پاس اس مقدمے کو لے گیا۔ حضرت عمرؓ نے تصدیق کی کہ کیا حضورؐ نے اس کا فیصلہ یہودی کے حق میں کیا۔ حضرت عمرؓ نے اس منافق کی گردن اڑا دی۔ مقتول کے ورثاء نے حضرت عمرؓ کے خلاف قتل کا دعویٰ کیا جس پر یہ آیت نازل ہوئی اور حضرت عمرؓ کو فاروق کا لقب عطا کیا گیا۔

# قانون توہین رسالت سنت کی روشنی میں:

اسلام کی مسلمہ تاریخ کی رو سے گستاخ رسول ﷺ کی سزا صرف اور صرف موت ہے۔ رحمۃ للعالمین ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر عام معافی کا اعلان کیا تھا۔ سوائے گستاخان رسول ﷺ کے کہ

ان کے بارے میں آپ نے یہ حکم دیا کہ اگر یہ لوگ خانہ کعبہ کے پردے میں بھی لپٹ جائیں تب بھی انہیں معاف نہ کیا جائے اور انہیں ہر صورت قتل کیا جائے۔ ابن خطل کو خانہ کعبہ کے پردے پکڑنے کی حالت میں ہی قتل کیا گیا۔ اسی طرح دو گستاخ رسول عورتیں سارہ اور قریبہ بھی قتل کی گئیں۔ (تاریخ طبری ص 104) اسی طرح 3 ہجری میں کعب

نے

1۔ امیر الم

توہین کیا کرتی تھی و دیت کی صورت

2۔ ایک نابینا صحا

حضور اکرم ﷺ کی ہوتی تھی تو آپؐ نے جائے گا۔ (سنن ابو رحمت کے ساتھ

## عمل صحابہ کرام

1۔ روایت ہے کہ

(حدیث: 9704

2۔ ابن وہب

شان میں گستاخی کی کیوں چھوڑا۔ (کتاب

## فتویٰ امام مالکؒ

ابن قاسم سے روا گیا کہ اس دریدہ دہن امام مالکؒ نے فتویٰ دیا

حرمت رسول نمبر 2011ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

بن اشرف ایک گستاخ رسول کو حضرت محمد بن مسلمہؓ کی قیادت میں ایک کمانڈو آپریشن کے ذریعے جہنم واصل کیا گیا۔

(تاریخ طبری ص 213)

1۔ امیر المومنین حضرت علیؓ نے ایک یہودی عورت کے بارے میں بتایا کہ وہ حضورؐ کی

توہین کیا کرتی تھی۔ ایک شخص نے اسے قتل کر دیا اور حضورؐ نے اس کے خون کا بدلہ قصاص ودیت کی صورت میں نہیں دلوایا۔

(سنن ابی داؤد 6/2)

2۔ ایک شخص نے حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والی عورت کو قتل کر دیا اور

حضور اکرم ﷺ کو خبر ہوئی تو آپؐ نے تحقیق کی۔ جب ثابت ہو گیا کہ وہ توہین کی مرتکب ہوتی تھی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم سب گواہ رہو، اس کا قتل ضائع ہو گیا، اس کا بدلہ نہیں دیا جائے گا۔

(سنن ابوداؤد)

رحمت کے ساتھ میزان عدل بھی قائم کیا۔

## عمل صحابہ کرامؓ

1۔ روایت ہے کہ حضرت عباسؓ نے اپنے ایک غلام کو جو گستاخ رسول تھا، قتل کروا دیا۔

(حدیث: 9704، صفحہ 307، جلد 5، مصنف عبدالرزاق)

2۔ ابن وہب نے حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت کیا کہ ایک راہب نے حضورؐ کی شان میں گستاخی کی۔ جب اس کا پتہ ابن عمرؓ کو چلا تو آپؓ نے کہا کہ سامعین نے اس کو زندہ کیوں چھوڑا۔

(کتاب الشفاء قاضی عیاض)

## فتویٰ امام مالک:

ابن قاسم سے روایت ہے کہ امام مالک سے ایک نصرانی کے بارے میں فتویٰ طلب کیا گیا کہ اس دریدہ دہن نے حضورؐ کی شان میں گستاخی کی ہے۔ اس کو کیا سزا دی جائے جس پر امام مالکؒ نے فتویٰ دیا کہ اس کی گردن اڑا دی جائے۔

# فتویٰ امام ابن تیمیہ:

امام ابن تیمیہ نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف الصارم المسلول علی شاتم الرسول میں فتویٰ دیا ہے کہ شاتم الرسول واجب القتل ہے اور اس کی توبہ اور معافی قابل قبول نہیں۔

(ص 41-42)

کیوں کہ وہ فساد فی الارض کا مرتکب ہوتا ہے اور اس کی توبہ سے اس بگاڑ اور فساد کی تلافی اور ازالہ ممکن نہیں جو اس نے لوگوں کے دلوں میں پیدا کیا ہے اور اگر توبہ کی وجہ سے سزا نہ دی جائے تو بد بخت لوگوں کا جب جی چاہے گا توہین کریں گے اور لوگوں کے سامنے جھوٹی توبہ کر کے سزا سے بچ جائیں گے جس طرح دیگر مقدمات میں مجرم سزا سے نہیں بچ سکتا، اسی طرح شاتم الرسول ﷺ بھی دنیاوی سزا سے نہیں بچ سکتا۔

# ناموس رسول ﷺ

اسلام ہمارا طریق زندگی ہے جس کو ہم نے برضا و رغبت اختیار کیا ہے۔ اس کی بنیاد کلمہ طیبہ ہے جس میں عقیدہ توحید کے ساتھ ساتھ عقیدہ رسالت کو بھی اہمیت دی گئی ہے کیوں کہ حضور اکرم ﷺ کی بدولت بھی معرفت الٰہی اور دین اسلام کی پہچان ممکن ہوتی ہے۔

لقد کان لکم في رسول اللّٰہ اسوۃ حسنۃ

(الاحزاب:21)

”یقیناً تمہارے لیے اللّٰہ کے رسولؐ میں بہترین نمونہ موجود ہے۔“

اسلام کی اساسی تعلیمات میں آپ کی محبت و اطاعت لازم اور آپ کی نافرمانی اور اذیت دینے کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

حضور اکرمؐ رحمۃ للعالمین ہیں اور آپ کی محبت و شفقت بے مثال رہی ہے۔ اس لیے آپ کو اختیار حاصل تھا کہ آپ عفو و درگزر کی مثال قائم کریں یا سختی کریں مگر امت مسلمہ کے کسی فرد کو یہ حق کبھی نہیں دیا گیا کہ وہ توہین رسالت کے ضمن میں معافی نامہ جاری کر سکے۔

امت کا مفاد اسی میں ہے کہ اس عظیم ترین محبوب دو جہان کی مرکزی شخصیت کے حقوق و مفادات کا دفاع کرے تا کہ معاشرے کا امن قائم رہے اور افراد کی اصلاح کے لیے بھی یہ ضروری ہے کہ اس مثالی شخصیت کے ساتھ عقیدت و محبت میں ذرہ برابر کمی نہ ہو۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

در دل مسلم مقام مصطفیٰ است

آبروئے ما ز نام مصطفیٰ است

مغرب روحانی اقدار سے بیگانہ ہو گیا ہے اور یہ زمانہ اپنی روح کے اعتبار سے مادے پر استوار عقلیت (Rationalism) کا شکار ہے۔ مسلمان بھی اسی مادی ماحول سے متاثر ہو کر ایمان کو اپنے جلیل القدر رب العالمین اور حضور اقدس ﷺ کے احکام کی روشنی میں پرکھنے کی بجائے یورپی مادی عقلیت کے میزان میں تولتے ہیں اور اپنی غیرت و خود داری سے غافل ہو جاتے ہیں۔ اسی لیے علامہ اقبال نے فرمایا:

اے تہی از ذوق و شوق و سوز و درد

می شناسی عصر ما با ما چہ کرد

عصر ما ما را ز ما بیگانہ کرد

از جمال مصطفیٰ بیگانہ کرد

اے عشق و محبت اور سوز و درد، عشق سے تہی دامن مسلمان! تمہیں کچھ خبر ہے کہ زمانے نے میرے ساتھ کیا کیا۔ میرے زمانے نے مجھے مجھ سے اور میری خودی سے غافل کر دیا اور حد تو یہ ہے کہ حضور کے عشق سے بھی بیگانہ کر دیا۔ اس غفلت کی پیدا کردہ محرومی کا مداوا یہی ہے کہ امت کی روحوں میں سوز عشق مصطفیٰ کی تپش تیز کر دی جائے۔

عشق رسول لازم ایمان ہے اور ہر مسلمان کے رگ و پے میں خون کی طرح جاری و ساری ہے۔ حقیقی مسلمان کبھی بھی یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ کوئی دریدہ دہن حضور کی شان میں گستاخی کا

مرتکب ہو۔ تاریخ زندہ مثالوں سے بھری پڑی ہے چاہے وہ صحابہ کا دور ہو یا امت کے زوال کا دور، ناموس رسالت کے باب میں امت حد درجہ حساس رہی ہے اور والہانہ عقیدت سے سرشار رہی ہے۔ اس لیے اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ نظریاتی سرحدوں کی بھی اسی طرح حفاظت کی جائے جس طرح جغرافیائی حد بندیوں کی کی جاتی ہے اور معاشرے کا استحکام بھی تبھی ممکن ہے کہ شرپسند عناصر جو توہین رسالت کے مرتکب ہوں ان کے لیے سخت ترین قانون موجود ہو کیوں کہ دنیا کے ہر قانون میں ہتک عزت کا قانون موجود ہے تاکہ وطن عزیز فتنہ و فساد سے پاک رہ سکے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

اگر یہ قانون موجود نہ ہو تو پھر مجرموں اور ان کے خلاف مشتعل ہونے والے مدعیوں پر عدالت کے دروازے بند ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے ہر کوئی قانون اپنے ہاتھ میں لے کر مجرموں سے انتقام لے گا جس سے ملک میں انارکی پھیلے گی اور یہ ملکی سلامتی کے لیے انتہائی خطرناک ہوگا جہاں تک قانون توہین رسالت کے غلط استعمال کا تعلق ہے تو یہ غلط استعمال تو تمام قوانین میں خرابی اور سقم موجود ہے اور انہیں غلط طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ مثلاً محض FIR کاٹنے پر ملزم کو جیل بھیج دیا جاتا ہے جب کہ اسلامی عدالتی نظام میں اس کی کوئی گنجائش موجود نہیں ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ قرآن وسنت کی واضح تعلیمات پر مبنی قوانین کا نفاذ کیا جائے جس میں کسی بے گناہ کو سزا نہیں مل سکتی اور گناہ گار سزا سے بچ نہیں سکتا اور جن برگزیدہ ہستیوں کی بدولت یہ دنیا نیکی اور سچائی، حق پرستی وعدل وانصاف جیسی قدروں سے آشنا ہوئی۔ ان کی شان میں گستاخی کو کوئی مذہب، معاشرہ برداشت نہیں کر سکتا۔ اور جب بات حضور نبی کریم ﷺ کے احترام کی ہو جو آج بھی اس گئے گزرے دور میں امت کو متحد رکھنے کا آخری سہارا ہے اور جن کے بارے میں اقبال فرماتے ہیں: یا رحمۃ للعالمین ! آپ ﷺ کی تشریف آوری سے زندگی اپنے شباب کو پہنچی۔ آپ مقصودِ کائنات ہیں جب سے آپ کے مبارک چہرے پر نظر پڑی ہے۔ آپ مجھے ماں باپ سے زیادہ محبوب ہو گئے ہیں۔ آئیے اپنے محبوب دو جہاں کی ناموس کے تحفظ کے لیے زندہ و بیدار ہو جائیں اور اپنی ایمانی غیرت اور زندگی کا ثبوت دیتے ہوئے قانون توہین رسالت کا تحفظ کریں۔

☆☆☆

# مقدمہ توہین رسالتؐ کا خلاصہ

تحریر صادق علی زاہد

رسول اکرم ﷺ کی ذات مسلمانوں کے لیے ان کی اپنی ذات سے بہت بڑھ کر ہے ۔ آپ ﷺ کے بارے میں فحش گوئی اور بدکلامی سے مسلمانوں کو تکلیف پہنچنا ایک لازمی و فطری عمل ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی عزت وتکریم کی حفاظت ہر مسلمان پر فرض ہی نہیں بلکہ بنیاد ایمان ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے ۔ ’’اے نبی ﷺ بے شک ہم نے آپ کو بھیجا شاہد و مبشر اور نذیر بنا کر، تا کہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اللہ کی تسبیح (پاکی) بیان کرو‘‘ (1) ’’دوسری جگہ آپ ﷺ کی عزت وتوقیر کی اہمیت ان الفاظ میں بیان فرمائی : ’’پس جو لوگ اس رسول ﷺ پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اسکی مدد کریں اور اس نور کی اتباع کریں جو اس کے ساتھ اترا، وہی کامیاب ہونے والے ہیں ۔‘‘ (2) نبی اکرم ﷺ کی عزت و توقیر کس حد تک کی جائے اس بارے میں ارشاد ربانی ملاحظہ فرمائیں ۔ ’’اے ایمان والو ! اپنی آوازیں نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو اور ان کی موجودگی میں بلند آواز سے بات نہ کرو جس طرح بلند آواز سے تم ایک دوسرے کے ساتھ بات کرتے ہو۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارے سب اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے‘‘ (3)

صحابہ کرام تو پہلے ہی مجسم ادب تھے لیکن اس آیت مبارکہ کے نزول کے بعد ادب واحترام رسول ﷺ کے بارے میں مزید محتاط ہو گئے ۔ خود ہی محتاط نہ ہوئے بلکہ دوسروں کو بھی بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضر ہونے سے قبل ’’آداب باریابی‘‘ سے مطلع فرماتے ۔ کتب سیر میں مرقوم ہے کہ اس آیت

مبارکہ کے نزول کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے معمول بنالیا تھا کہ جب بھی کوئی بیرونی وفد آپ ﷺ سے ملاقات کی غرض سے

مدینہ طیبہ پہنچتا تو آپؐ اس وفد کی طرف ایک خاص آدمی کو روانہ کرتے جو اس وفد میں شامل لوگوں کو آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضری اور بات چیت کے آداب سے آگاہ کرتا۔ ایسے الفاظ جن میں توہین رسالت ﷺ کا شائبہ بھی موجود ہو، ان کے استعمال سے منع کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا! ”اے ایمان والو (جب تم رسول ﷺ سے بات کرو تو) ”رَاعِنَا“ نہ کہو بلکہ یوں عرض کرو کہ حضور ﷺ ہم پر نظر فرمائیے اور (جب حضور ﷺ ارشاد فرما رہے ہوں تو) غور سے سنا کرو (تاکہ بار بار تم لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر آپ ﷺ کو تکلیف محسوس نہ ہو)

(4)

اتنی واضح تعلیمات کے باوجود اگر کوئی بد بخت حضور ﷺ کے ناموس کے بارے میں ناپسندیدہ عمل کرے تو اس کا کیا حشر ہوگا، ارشاد ربانی ہے! ”بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں ان کو ہلاک کیا جائے گا جس طرح ان لوگوں کو ہلاک کیا گیا جو ان سے پہلے تھے۔“

(5)

مزید فرمایا! ”جو لوگ اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں یہ ذلیل ترین لوگ ہیں۔“ (6) ناموس رسالت کا پاس نہ رکھنے والوں سے مومنین کا کوئی تعلق نہ ہونا چاہئے ارشاد ربانی ہے! ”جو لوگ خدا اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، تم انہیں خدا اور رسول ﷺ کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔“ (7) شاتمان رسالت کو سزا سے بچانے کیلئے قوانین میں ترمیم کرنے والوں اور گستاخان رسول کی وکالت کر کے انہیں سزا سے بچانے کی کوشش کرنے والوں کی آنکھیں کھولنے کیلئے اس حکم ربانی کا مطالعہ کافی ہوگا۔

حکومت وقت سے گذارش ہے کہ غیرت مسلماں کا امتحان لینے سے باز رہے۔ اقتدار کے نشے میں سرمست ہو کر جس نے بھی گستاخان رسول کی پشت پناہی کی کوشش کی اس کی دنیا و آخرت تباہ ہونے کا اشارہ قرآن و حدیث میں موجود ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ’’جان لو! بے شک نبی کریم ﷺ کی عزت و حرمت اور آپ ﷺ کی تعظیم و توقیر آپ ﷺ کی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

وفات کے بعد بھی اسی طرح ضروری و لازم میں ضروری و لازم تھی۔ اس کا اظہار خصوصاً آپ شریف کی تلاوت، آپ ﷺ کی سنت، آپ طیبہ کے سننے کے وقت ہونا چاہئے۔‘‘

(8)

ان دنوں میڈیا پر ننکانہ صاحب میں توہین کو جناب محمد نوید اقبال صاحب ایڈیشنل سیشن سنائے جانے کے خلاف بہت کچھ کہا سنا جا ر آقاؤں کو خوش کرنے کی خاطر ہر قسم کی قانو حقائق عوام تک نہیں پہنچا رہا بلکہ سرکاری ب ہونے کی حیثیت سے میں نے مناسب سمجھا آسیہ نامی عیسائی عورت ننکانہ صاحب کے صدر ننکانہ صاحب کی رہائشی ہے۔ اس کا کر مادر پدر آزادی کی دلدادہ ہے۔ سرعام قانو شادی اس کے نام نہاد خاوند عاشق کے ساتھ موجود ہے۔ جب اس کی بڑی بہن کو بچے ک تو آسیہ اپنی بہن کے گھر کا کام کاج کر رہائش کے دوران اُس کے خاوند (جو کہ ا تعلقات قائم کر لئے۔ اور حاملہ ہو گئی۔ والد چاہی تو اس نے اپنی بہن کے خاوند عاشق ک دیا بعد بغاوت کر کے زبردستی عاشق کے ہونے کے باوجود راتیں آسیہ کے ساتھ بسر نے مار پیٹ کر اُسے گھر سے نکال دیا اب

وفات کے بعد بھی اسی طرح ضروری و لازم ہے۔ جس طرح آپ ﷺ کی ظاہری حیات میں ضروری و لازم تھی۔ اس کا اظہار خصوصاً آپ ﷺ کے ذکر مبارک، آپ ﷺ کی حدیث شریف کی تلاوت، آپ ﷺ کی سنت، آپ ﷺ کے نام مبارک اور آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے سننے کے وقت ہونا چاہئے۔ (8)

ان دنوں میڈیا پر ننکانہ صاحب میں توہین رسالت کی مرتکب آسیہ نامی عیسائی عورت کو جناب محمد نوید اقبال صاحب ایڈیشنل سیشن جج ننکانہ صاحب کی طرف سے سزائے موت سنائے جانے کے خلاف بہت کچھ کہا سنا جا رہا ہے خصوصاً گورنر پنجاب سلمان تاثیر غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے کی خاطر ہر قسم کی قانونی و اخلاقی حدیں پھلانگ رہا ہے۔ میڈیا اصل حقائق عوام تک نہیں پہنچا رہا بلکہ سرکاری بولی بول رہا ہے۔ ننکانہ صاحب کا مقامی شہری ہونے کی حیثیت سے میں نے مناسب سمجھا کہ اصل حقائق قارئین تک پہنچا دیئے جائیں۔

آسیہ نامی عیسائی عورت ننکانہ صاحب کے نواحی گاؤں اٹانوالی چک نمبر 3 گ ب تھانہ صدر ننکانہ صاحب کی رہائشی ہے۔ اس کا کردار پورے گاؤں میں قابل اعتراض مشہور ہے ۔ مادر پدر آزادی کی دلدادہ ہے۔ سر عام قابل اعتراض گفتگو کرتی ہے۔ اس کی بڑی بہن کی شادی اس کے نام نہاد خاوند عاشق کے ساتھ ہوئی تھی۔ جس سے اس کے خاوند کے تین بچے موجود ہیں۔ جب اس کی بڑی بہن کو بچے کی امیدواری ہوئی اور زچگی کے دن قریب آئے تو آسیہ اپنی بہن کے گھر کا کام کاج کرنے اس کے گھر آ گئی۔ اپنی بہن کے گھر چند دن رہائش کے دوران اُس کے خاوند ( جو کہ اب آسیہ کا بھی خاوند ہی بن چکا ہے ) سے ناجائز تعلقات قائم کر لئے۔ اور حاملہ ہو گئی۔ والدین نے حمل چھپانے کی غرض سے شادی کرنا چاہی تو اس نے اپنی بہن کے خاوند عاشق مسیح کے سوا کسی اور سے شادی کروانے سے انکار کر دیا بلکہ بغاوت کر کے زبردستی عاشق کے گھر رہنے لگی اور

عاشق اپنی بیوی کے گھر موجود ہونے کے باوجود راتیں آسیہ کے ساتھ بسر کرنے لگا۔ اس پر بیوی نے سخت احتجاج کیا تو عاشق نے مار پیٹ کر اُسے گھر سے نکال دیا اب اصل بیوی، بے گھر اور سالی گھر والی بن کر زندگی

گزارنے لگی۔ (ایسی حرکت پر ہی پنجابی میں کہا جاتا ہے ”اگ لین آئی تے گھر دی مالک بن بیٹھی) عیسائی مذہب میں ایک بیوی کے ہوتے ہوئے دوسری شادی کرنے کی اجازت نہیں، لیکن آسیہ نے اہل دیہہ اور برادری والوں کے اصرار کے باوجود عاشق کے گھر سے جانے سے انکار کر دیا۔ آسیہ اور عاشق کے اس خلاف مذہب اقدام پر عیسائی برادری نے بھی سخت احتجاج کیا اور ان کا معاشرتی بائیکاٹ کرنے کی دھمکیاں دیں لیکن دونوں نے کسی بات کی پروا نہ کی اور شادی کا سوانگ رچا ڈالا۔ دنیا کے دکھاوا کے لئے، مذہبی روایات کے برعکس عاشق نے آسیہ سے نام نہاد شادی کر لی اور دونوں بہنوں کو اکٹھا اپنے گھر آباد کر لیا جو کہ آج بھی دونوں حقیقی بہنیں عاشق کے گھر آباد ہیں آسیہ قدرے پڑھی لکھی اور ”روشن خیال“ عورت ہے اسی روشن خیالی کی وجہ سے NGO,S کی آنکھ کا تارا بن گئی اور علاقے میں عیسائی مذہب کی تبلیغ کرنے لگی۔ دیہات میں چونکہ عورتیں کھیتوں میں مزدوری کرتی ہیں، آسیہ نے یہ طریقہ بنا رکھا تھا کہ عورتوں کے ساتھ مزدوری کے بہانے چلی جاتی اور اپنے ساتھ کام کرتی عورتوں کو باتوں باتوں میں عیسائی مذہب کی تبلیغ کرتی۔

اسی معمول کے مطابق 14/06/2009 کو گاؤں کی عورتیں ادریس نامی زمیندار کے کھیتوں میں فالسہ کے باغ میں فالسہ توڑنے گئیں آسیہ بھی ان عورتوں میں موجود تھی۔ عورتیں عام طور پر دوپہر کا کھانا ساتھ ہی کھیتوں میں لے جاتی ہیں۔ جب عورتیں دوپہر کا کھانا کھانے بیٹھیں تو آسیہ نے مافیہ بی بی، آسیہ بی بی دختران عبدالستار کے گلاس میں پانی پی لیا۔ انہوں نے اس کے جھوٹے گلاس میں پانی پینے کی بجائے اپنا سالن والا برتن خالی کر کے اس میں پانی پی لیا۔ اس بات کو آسیہ نے اپنی توہین سمجھ کر دونوں بچیوں کے ساتھ تکرار کر کے مذہبی گفتگو شروع کر دی۔ دوران گفتگو آسیہ نے نبی اکرم ﷺ اور قرآن مجید کے بارے میں انتہائی نازیبا الفاظ استعمال کئے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

یہ باتیں مافیہ بی بی، آسیہ بی بی دختران عبدالہ موجود دیگر کئی عورتوں نے سنیں تو مسلمان عور آسیہ کو اپنا منہ بند رکھنے اور اپنے الفاظ واپس لہ ہو گیا۔ جھگڑے کا شور سن کر کھیت کا مالک اد موقع پر آ گئے، معاملہ سنا اور آسیہ نے مذکورہ بہ اپنے کھیتوں میں سے چلے جانے کا کہا تو ع بات اپنے اپنے گھروں میں کی تو گاؤں مید مشتمل پنچایت اکٹھی ہوئی جس میں عیسائی کے بارے میں پوچھا گیا تو اُس نے ان ا گاؤں میں مزید اشتعال پیدا ہو گیا۔ اور لوگ نمبردار نے گاؤں والوں کو سمجھایا کہ اس عدالت اسے دے گی تم اسے قتل کر کے کیو دیئے جانے سے دیگر ممالک میں پاکستان کہ اسے قانون کے حوالے کر دیا جائے۔ ”نمبر کے خلاف قاری محمد سالم کی مدعیت میں تھا درخواست گذاری تو، 19/06/2010 C/295 درج کر کے تفتیش محمد ارشد ڈوگر کے گھر سے گرفتار کر لیا اور اس کا ڈاکٹری مہ

ماہنامہ مسیحائی کراچی کہا جاتا ہے 'اگ لین آئی تے گھر دی مالک تے ہوئے دوسری شادی کرنے کی اجازت بیوی کے اصرار کے باوجود عاشق کے گھر سے خلاف مذہب اقدام پر عیسائی برادری نے کرنے کی دھمکیاں دیں لیکن دونوں نے کسی دنیا کے دکھاوا کے لئے، مذہبی روایات کے اور دونوں بہنوں کو اکٹھا اپنے گھر آباد کر لیا جو بنیاد ہیں آسیہ قدرے پڑھی لکھی اور "روشن NGO,s کی آنکھ کا تارا بن گئی اور علاقے میں چونکہ عورتیں کھیتوں میں مزدوری کرتی ساتھ مزدوری کے بہانے چلی جاتی اور اپنے مذہب کی تبلیغ کرتی۔ گاؤں کی عورتیں ادریس نامی زمیندار کے میں آسیہ بھی ان عورتوں میں موجود تھی۔ دن میں لے جاتی ہیں۔ جب عورتیں دوپہر کا بی بی دختران عبدالستار کے گلاس میں پانی پی دینے کی بجائے اپنا سالن والا برتن خالی کر کے توہین سمجھ کر دونوں بچیوں کے ساتھ تو تکار آسیہ نے نبی اکرم ﷺ اور قرآن مجید کے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 439 ماہنامہ مسیحائی کراچی یہ باتیں مافیہ بی بی، آسیہ بی بی دختران عبدالستار کے علاوہ یاسمین دختر اللہ رکھا اور کھیت میں موجود دیگر کئی عورتوں نے سنیں تو مسلمان عورتوں کا مشتعل ہونا ایک فطری عمل تھا انھوں نے آسیہ کو اپنا منہ بند رکھنے اور اپنے الفاظ واپس لینے کی بابت کہا، آسیہ کے انکار پر جھگڑا شروع ہو گیا۔ جھگڑے کا شور سن کر کھیت کا مالک ادریس اور اس کی بیوی جو قریبی ڈیرہ پر موجود تھے موقع پر آگئے، معاملہ سنا اور آسیہ نے مذکورہ بیان شدہ الفاظ کا کہنا تسلیم کیا۔ ادریس نے اسے اپنے کھیتوں میں سے چلے جانے کا کہا تو وہ چلی گئی۔ مسلمان عورتوں نے گاؤں پہنچ کر یہ بات اپنے اپنے گھروں میں کی تو گاؤں میں اشتعال پیدا ہو گیا اور گاؤں کے معزز افراد پر مشتمل پنچایت اکٹھی ہوئی جس میں عیسائی لوگ بھی موجود تھے۔ آسیہ کو بلا کر مذکورہ گفتگو کے بارے میں پوچھا گیا تو اُس نے ان الفاظ کا کہنا تسلیم کیا اور معافی بھی مانگی۔ اس پر گاؤں میں مزید اشتعال پیدا ہو گیا۔ اور لوگ آسیہ کو قتل کرنے کے درپے ہو گئے۔ گاؤں کے نمبردار نے گاؤں والوں کو سمجھایا کہ اس نے جو جرم کیا ہے اس کی

سزا موت ہی ہے۔ جو عدالت اسے دے گی تم اسے قتل کر کے کیوں اپنے ذمے جرم لیتے ہو۔ اور اس طرح قتل کر دیئے جانے سے دیگر ممالک میں پاکستان کی جگ ہنسائی کا بھی اندیشہ ہے، مناسب ہے کہ اسے قانون کے حوالے کر دیا جائے۔" نمبردار صاحب کے سمجھانے پر گاؤں والوں نے اس کے خلاف قاری محمد سالم کی مدعیت میں تھانہ صدر ننکانہ صاحب میں برائے اندراج مقدمہ درخواست گذاری تو، 19/06/2010 کو پولیس نے مقدمہ نمبر 326/09 بجرم C/295 درج کر کے تفتیش محمد ارشد ڈوگر SI کے سپرد ہوئی۔ جس نے ریڈ کر کے ملزمہ کو اس کے گھر سے گرفتار کر لیا اور اس کا ڈاکٹری معائنہ کرانے کی استدعا عدالت سے کی لیکن ملزمہ

نے ڈاکٹری معاینہ کرانے سے انکار کر دیا۔ ملزمہ سے کوئی برآمدگی مطلوب نہ ہونے کی بنا پر اسی دن اُسے مجسٹریٹ کے روبرو پیش کر کے جوڈیشل جیل شیخوپورہ بھیج دیا گیا۔ اس مقدمہ کی اطلاع جب RPO شیخوپورہ رینج کو ہوئی تو اس نے اس مقدمہ کی حساسیت کے پیش نظر بروئے چٹھی انگریزی نمبری Leagal/26-18523 مورخہ: 24/06/2009 اس کی تفتیش سید محمد امین بخاری SP انویسٹی گیشن شیخوپورہ کے سپرد کر دی۔ سید محمد امین بخاری SP انویسٹی گیشن شیخوپورہ نے مثل مقدمہ طلب کر کے ملاحظہ کی اور فریقین کو مورخہ: 29/06/2009 کو اپنے دفتر طلب کیا۔ 29/06/2009 کو مدعی فریق کی جانب سے گواہان FIR سمیت 27 افراد نے جبکہ ملزمہ کی جانب سے 04 افراد نے پیش ہو کر اپنے بیانات ریکارڈ کروائے۔ وہاں پر ملزمہ آسیہ کے خاوند عاشق مسیح نے آسیہ کی برحلف صفائی دینے سے انکار کر دیا۔ فریقین کے بیانات سنے جو کہ ضمنی نمبر 03 مرتبہ مورخہ 29/06/2009 میں مفصل درج ہیں۔ بیانات سننے کے بعد ضمنی نمبر 03 پہرہ نمبر 12 میں لکھا کہ ”معاملہ سنگین ہے۔ ریڈر خود کو حکم کیا کہ ادریس نامی کاشتکار جس کے کھیتوں میں وقوعہ ہوا ہے اسے بھی طلب کیا جائے اور ملزمہ جیل میں بند ہے اس سے ملاقات کے لئے سپریٹنڈنٹ جیل کو درخواست لکھی جائے“ مورخہ : 04/07/2009 کو محمد ادریس مذکور نے SP انویسٹی گیشن کے روبرو پیش ہو کر اپنا مفصل بیان ریکارڈ کروایا جو کہ ضمنی نمبر 04 مرتبہ 04/07/2009 میں مفصل درج شدہ ہے۔ محمد ادریس نے بتایا کہ وقوعہ کے بعد گاؤں میں حاجی علی احمد کے ڈیرہ پر اکٹھ ہوا جہاں لوگوں کی موجودگی میں ملزمہ نے حضور پاک ﷺ کی شان میں گستاخانہ باتیں کرنے کا اعتراف کیا۔ جبکہ اسی دن ریڈر SP انویسٹی گیشن نے علاقہ مجسٹریٹ صاحب کی خدمت میں ملزمہ سے جیل میں دریافت حالات کرنے کی اجازت طلب کی جو اسی دن اجازت دے دی گئی۔ تو مورخہ : 06/07/2009 کو SP انویسٹی گیشن شیخوپورہ معہ عملہ متعلقہ، ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ

پہنچا ملزمہ آسیہ سے جیل کے اندر ملاقات کر کے دریافت حالات کی، اور اپنی مرتبہ ضمنی نمبر 05 پہرہ نمبر 05 میں لکھا کہ "مندرجہ بالا حالات کی روشنی

...ت رسول نمبر ۲۰۱۱ء میں مسمات آسیہ بی بی کا حضور پاک کرنا ثابت ہوا ہے جو مقدمہ ہذا میں کر مثل واپس تھانہ صدر ننکانہ صاحب محمد ایوب SHO /تھانہ صدر نے چالان مقدمہ مکمل کر کے ہمراہ بیانات 14/09/2009 کو چالان عدالت سیشن جج ننکانہ صاحب کے سپرد ہو جج صاحب ننکانہ صاحب نے مجرم کیا۔ استغاثہ کی طرف سے جناب کا ایک مضبوط پینل جن میں ایس شامل ہیں عدالت میں پیش ہوتا ہوتے رہے لیکن کبھی وکلاء کی ہڑت گواہان کے بیانات ریکارڈ نہ ہو سالم، مافیہ بی بی، عاصمہ بی بی 06/07/2010 محمد ارشد سب گیشن شیخوپورہ (تفتیشی افسر) باغ میں وقوعہ ہوا تھا) نے بطور 20/10/2010 کو ملزمہ کا بیا ملزمہ نے سیشن کورٹ اور ہائی کو ہوئیں۔ سماعت مکمل ہونے پر جناب محمد نوید اقبال صاحب ایڈ موت اور ایک لاکھ روپے جرمان

میں مسمات آسیہ بی بی کا حضور پاکﷺ کی شان میں اور قرآن پاک کے متعلق گستاخانہ باتیں کرنا ثابت ہوا ہے جو مقدمہ ہذا میں صحیح گنہگار پائی گئی ہے، اپنی تفتیش مکمل کر کے ملزمہ کو گنہگار کر مثل واپس تھانہ صدر ننکانہ صاحب ارسال کر دی۔ جہاں سے مورخہ: 12/07/2009 کو محمد ایوب SHO/تھانہ صدر نے حالات تفتیش مقدمہ کی روشنی میں ملزمہ کو گنہگار قرار دیکر مثل چالان مقدمہ مکمل کر کے ہمراہ بیانات گواہان متعلقہ دفتر میں جمع کرا دیا۔ جو کہ معمول کے مطابق 14/09/2009 کو چالان عدالت میں پہنچا اور سماعت جناب نوید اقبال صاحب ایڈیشنل سیشن جج ننکانہ صاحب کے سپرد ہوئی۔ 03/10/2009 جناب محمد نوید اقبال ایڈیشنل سیشن جج صاحب ننکانہ صاحب نے ملزمہ پر فرد جرم عائد کر کے مقدمہ کی باقاعدہ کاروائی کا آغاز کیا۔ استغاثہ کی طرف سے جناب میاں ذوالفقار علی ایڈووکیٹ جبکہ ملزمہ کی طرف سے وکلاء کا ایک مضبوط پینل جن میں ایس کے چوہدری، سید رشید حسین اور میاں محمد اجمل ایڈووکیٹس شامل ہیں عدالت میں پیش ہوتا رہا۔ پرائیویٹ گواہان ہر تاریخ پیشی پر عدالت میں حاضر ہوتے رہے لیکن کبھی وکلاء کی ہڑتال اور کبھی معزز جج صاحب کی چھٹی کی وجہ سے کئی ماہ تک گواہان کے بیانات ریکارڈ نہ ہو سکے۔ بالآخر 01/06/2010 گواہان استغاثہ قاری محمد سالم، مافیہ بی بی، عاصمہ بی بی، محمد افضل نے، 15/06/2010 کو محمد رضوان SI نے، 06/07/2010 محمد ارشد سب انسپکٹر (تفتیشی افسر) اور سید محمد امین بخاری SP انویسٹی گیشن شیخوپورہ (تفتیشی افسر) نے، 01/10/2010 کو محمد ادریس (جس کے فالسہ کے باغ میں وقوعہ ہوا تھا) نے بطور گواہ عدالت میں پیش ہو کر اپنا اپنا بیان قلمبند کرایا۔ جبکہ 20/10/2010 کو ملزمہ کا بیان ریکارڈ ہوا۔ کئی ماہ تک مقدمہ زیر سماعت رہا۔ اسی دوران ملزمہ نے سیشن کورٹ اور ہائی کورٹ میں درخواست ہائے ضمانت پیش کیں جو نا منظور ہوئیں۔ سماعت مکمل ہونے پر ملزمہ گناہ گار ثابت ہو گئی تو مورخہ: 08/11/2010 کو جناب محمد

نوید اقبال صاحب ایڈیشنل سیشن جج صاحب ننکانہ صاحب نے ملزمہ کو سزائے موت اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سنادی۔ ملزمہ کے وکیل رائے اجمل ایڈووکیٹ نے

فیصلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ جناب نوید اقبال صاحب نے میرٹ پر فیصلہ کیا ہے۔ مقدمہ کی سماعت کے دوران مجھے کوئی تعصب نظر نہیں آیا۔ ملزمہ آسیہ کے دفاع میں شہادت کمزور ہونے کی بنا پر میں نے شہادت عدالت میں پیش نہیں کی۔ وکیل موصوف کا یہ بیان مورخہ: 26/11/2010 ملکی اخبارات میں شائع ہوا۔ مکمل پولیس ریکارڈ جس میں مدعی، گواہان، ملزمہ اور پولیس کے مفصل بیانات لگے ہوئے ہیں اور مفصل عدالتی فیصلہ جس میں پورے مقدمہ کا خلاصہ اور حالات و واقعات بیان کرنے کے بعد سزائے موت سنائی گئی ہے، کی فوٹوسٹیٹ کاپی میرے پاس موجود ہے جس کی روشنی میں یہ تحریر تیار کی جا رہی ہے۔ اگلے دن معمول کے مطابق یہ خبر اخبارات میں شائع ہوئی تو میڈیا میں شور برپا ہو گیا جو کہ آج تک جاری ہے۔ گورنر پنجاب سلمان تاثیر اس سلسلہ میں بہت پیچ و تاب کھا رہا ہے۔ 20/11/2010 کو گورنر پنجاب سلمان تاثیر نے اپنی بیٹیوں اور بیوی کو ساتھ لے کر، جیل کے اندر ملزمہ سے ملاقات کی، ملزمہ کو اپنے ساتھ بٹھا کر پریس کانفرنس کی۔ پولیس اور عدلیہ کی کئی ماہ کی انکوائری اور تحقیقات پر بیٹھے بٹھائے قلم پھیر کر ملزمہ کو بے گناہ قرار دے دیا اور اسے جلد ہی بری کر دیئے جانے کی نوید سنا کر اور ایک درخواست پر دستخط کروا کر چلا گیا۔ میڈیا پر یہ خبر بھی آ چکی ہے کہ ملزمہ کو شیخوپورہ جیل سے کہیں نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ اپنا دینی اور ملی فریضہ سمجھتے ہوئے، میں صدر زرداری اور گورنر سلمان تاثیر سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا پاکستان میں ”اندھیر نگری اور چوپٹ راج“ والا معاملہ کیا جا رہا ہے؟ ابھی تو سیشن کورٹ ٹرائل ہوا ہے اس کے بعد ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی معزز عدالتیں موجود ہیں ان عدالتوں سے ٹرائل کے بعد صدر کے پاس اپیل کی باری آئے گی۔ اگر مجرمہ بے گناہ ثابت ہو گئی تو عدالتیں اسے بری کرنے میں آزاد ہیں۔ اگر گورنر اور صدر آصف زرداری نے سب عدالتوں کو بائی پاس کر کے مغربی خداؤں کی خوشنودی حاصل کرنے کی

خاطر سیشن کورٹ کے فیصلہ پر ہی پیچ و تاب کھا کر مجرمہ کی رہائی کے غیر قانونی اور ناپاک منصوبے بنا رکھے ہیں تو ایک آرڈیننس جاری کر کے عدالتی نظام جو ان کے کئی ''منصوبوں'' کو روکے

ماہنامہ مسیحائی کراچی 442 کہ جناب نوید اقبال صاحب نے میرٹ پر فیصلہ کیا جس میں کوئی تعصب نظر نہیں آیا۔ ملزمہ آسیہ کے دفاع میں اسے ماتحت عدالت میں پیش نہیں کی۔ وکیل موصوف کا یہ بیان اخبارات میں شائع ہوا۔ مکمل پولیس ریکارڈ جس میں گواہوں کے بیانات لگے ہوئے ہیں اور مفصل عدالتی فیصلہ جس میں اس کے واقعات بیان کرنے کے بعد سزائے موت سنائی گئی ہے وہ موجود ہے جس کی روشنی میں یہ تحریر تیار کی جا رہی ہے۔ جب یہ خبر ان کے حق میں شائع ہوئی تو میڈیا میں شور برپا ہو گیا جو کہ آج تک جاری ہے۔ سلمان تاثیر اس سلسلہ میں بہت پیچ و تاب کھا رہا تھا۔ سلمان تاثیر نے اپنی بیٹیوں اور بیوی کو ساتھ لے جا کر ملزمہ کو اپنے ساتھ بٹھا کر پریس کانفرنس کی۔ پولیس اور عدالتی فیصلے پر قلم پھیر کر ملزمہ کو بے گناہ قرار دے دیا اور ملاقات کروا کر ایک درخواست پر دستخط کروا کر چلا گیا۔ میڈیا کو یہاں سے کہیں نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ میں صدر زرداری اور گورنر سلمان تاثیر یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ”اندھیر چوپٹ راج“ والا معاملہ کیا جا رہا ہے؟ ابھی تو ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی معزز عدالتیں موجود ہیں اس کے پاس اپیل کی باری آئے گی۔ اگر مجرمہ بے گناہ ہوئی تو عدالتیں آزاد ہیں۔ اگر گورنر اور صدر آصف زرداری ان مغربی خداؤں کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر سیشن کورٹ سے مجرمہ کی رہائی کے غیر قانونی اور ناپاک منصوبے بنا رہے ہیں تو عاشق رسول نوجوان کے کئی ”منصوبوں“ کو روکے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 443 ماہنامہ مسیحائی کراچی ہوئے ہے، ختم کر دیں اور خود ہی اپنی مرضی کے فیصلے کرتے جائیں۔ لیکن جب تک عدالتیں قائم ہیں ان کا احترام گورنر اور صدر مملکت کو عام پاکستانی شہری سے بدرجہا بڑھ کر کرنا ہوگا تا کہ عوام ان کی تقلید میں قانون کا احترام سیکھ سکیں۔ پیپلز پارٹی کے دونوں اہم ترین رہنماؤں کے ساتھ ساتھ دیگر کار پردازوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اسی طرح کا ایک کھیل ان کی قائد بے نظیر بھٹو نے 1993ء میں بھی کھیلا تھا جب تھانہ لدھا ضلع گوجرانوالہ کے دو عیسائی گستاخان رسول کو سیشن کورٹ نے سزائے موت سنائی تو بے

نظیر بھٹو نے مغربی خداؤں کی خوشنودی حاصل کرنیکی غرض سے بطور وزیر اعظم پاکستان ، مقدمہ پر براہ راست اثر انداز ہو کر ہائی کورٹ کے ایڈہاک ججوں سے ملزمان کی رہائی کے آرڈر جاری کروا لیے۔ اور ملزمان سرکاری پروٹوکول کے ساتھ بیرون ملک فرار کرا دیئے گئے۔ جلد ہی اللہ کی بے آواز لاٹھی حرکت میں آئی تو بے نظیر بھٹو اپنے ہی ہاتھ سے بنائے ہوئے صدر فاروق لغاری کے "دستِ شفقت کا شکار" ہو کر اقتدار سے لڑھک گئیں اس کے بعد سو طرح کے جتن اور انتہائی شرمناک ڈیلیں کرنے کے باوجود لیلائے اقتدار تک رسائی حاصل نہ کر سکی تا آنکہ راہی ملک عدم ہوئی۔ عقلمند لوگ دوسروں کے تجربات سے سبق سیکھتے ہیں گورنر اور اسی قبیل کے لوگوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ حضور نبی رحمتﷺ کا نام ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ تک رہے گا مگر جس طرح ذوالفقار علی بھٹو اور بے نظیر بھٹو کی مرگ اور نصرت بھٹو کی جیتے جی جو داستان تمھاری آنکھوں کے سامنے ختم ہو چکی ہے۔ کچھ ہی عرصہ بعد تمھارے اعمال کی وجہ سے

ع تمھاری داستان تک نہ ہو گی داستانوں میں

ابھی وقت ہے ہوش کے ناخن لو اور اللہ اور اس کے رسول کی عزت کی حفاظت کا ڈنکا بجا دو وہ زمانے میں تمھاری عزت کا سامان پیدا کر دے گا۔ عیسائی آج بھی توہین عیسیٰ پر سزائے موت دینے پر قائم ہیں لیکن نام نہاد مسلمان لیڈر توہین رسالت کے قانون کی طرح طرح کی تاویلیں کر کے اس کی روح کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں۔ یورپی ممالک اسلام سے برگشتہ اور اسلامی تعلیمات پر نکتہ چینی کرنے والے انہیں نام نہاد مسلمانوں کو جس طرح

عزت و توقیر سے نوازتے ہیں، یہ سراسر قابل اعتراض اور اشتعال انگیز حرکت ہے۔ گستاخ رسول ملعون سلمان رشدی ہو یا تسلیمہ نسرین، ملعون کارٹونسٹ ہو یا شاتمہ آسیہ انہیں امریکہ و یورپ میں ہاتھوں ہاتھ لیا جاتا ہے اور میڈیا میں انہیں ہیرو بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ جو کہ امریکہ و یورپ کے اسلام کے خلاف اندرونی بغض و عناد کا کھلم کھلا اظہار ہے۔ مغربی دنیا کی بھر پور کوشش ہے کہ روشن خیالی، آزاد روی اور جدیدیت کے نام پر مسلمانوں کو ان کے بنیادی اعتقادات سے بھی دور کر دیا جائے۔ ان حالات میں سب اسلامیان پاکستان سے گذارش ہے کہ اپنے وسائل اور اختیارات کے مطابق ہر فورم پر احتجاج کر کے اس دریدہ دہن عورت کو کیفر کردار تک پہنچانے اور قانون توہین رسالت کی روح کو بچانے میں اپنا حصہ اپنے تمام تر وسائل سمیت ڈال کر عند اللہ اور عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرخرو ہوں۔

# حواشی:

- (1) سورت الفتح ۔ آیت ۹
- (2) سورت الاعراف ۔ آیت ۱۵۷
- (3) سورت الحجرات ۔ آیت ۲
- (4) سورۃ البقرہ ۔ آیت ۱۰۶
- (5) سورت المجادلہ ، آیت ۵
- (6) سورت المجادلہ ۔ ۲۰ آیت

- (7) سورت المجادلہ ۔ آیت ۲۲
- (8) کتاب الشفاء از قاضی عیاضؒ

# وزارت قانون، انصاف اور پارلیمانی امور حکومت پاکستان

## پاکستان میں توہین رسالت کے قوانین سے متعلق اٹھنے والے سوالات / اعتراضات کا تفصیلی جائزہ:

وزیر اعظم پاکستان کو مختلف افراد، اداروں اور غیر ملکیوں کی طرف سے کچھ خطوط موصول ہوئے جو وزیر اعظم سیکرٹریٹ کی جانب سے U.O-No.5(30)/FSA/2010 کے تحت 30 ستمبر 2010ء اور ریفرنس نمبر OGW/Misc/Asiabibi/2011 کے تحت 15 جنوری 2011ء کو وزارت قانون کو بھیجے گئے۔ اسی طرح وزارت داخلہ کی طرف سے لکھے گئے ایک خط نمبر U.O.7/32/2010-Ptns بتاریخ 8 دسمبر 2010ء کے ذریعے ایک علیحدہ ریفرنس بھی موصول ہوا۔ یہ سب ریفرنس اور خطوط ایک مجاز عدالت سے توہین رسالت کے جرم میں سزا یافتہ مسماۃ آسیہ نورین کے حوالے سے ہیں۔ اس کے علاوہ وزارت اقلیتی امور کی جانب سے توہین رسالت کے قانون میں ترمیم کے مطالبہ پر مبنی ریفرنس بھی موصول ہوا۔

• 2- وزارت خارجہ نے 23 نومبر 2010 کو اسی موضوع پر ایک ریفرنس

نمبر U.o.DG(Americas)-1/2010 اس وزارت کو بھیجا۔

• 3- 15 دسمبر 2010ء کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے بھی اس وزارت کو ایک

ریفرنس نمبر F.23(45)/2010-Legis موصول ہوا۔ جس کے تحت رکن قومی اسمبلی مسماۃ شہر بانو، عرف (شیری رحمان) کی جانب سے جمع کرائے جانے والے پرائیویٹ ممبر بل بعنوان "The Criminal Law (Review of Punishment for Blasphemy) (Amendment)Bill 2010" پر رائے طلب کی گئی تھی۔

اس بل میں پاکستان میں توہین رسالت قوانین میں ترمیم کرتے ہوئے پاکستان پینل کوڈ 1860 اور اسی طرح مجموعہ ضابطہ فوجداری میں Code of Criminal Procedure 1998 ترمیم کیلئے کہا گیا تھا۔

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کا سوال یوں تھا:

”زیر دستخطی کو یہ بتانے کی ہدایت کی گئی ہے کہ محترمہ شیری رحمان ایم این اے نے ایک نجی بل بعنوان The Criminal Law (Review of" Punishment for Blasphemy) (Amendment) Bill "2010 جمع کرانے کا نوٹس دیا ہے۔ لہٰذا فیصلہ کیا گیا ہے کہ مزید کارروائی سے پہلے اس بل پر وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ "PLD 1991 Federal Shariat Court" 10 کی روشنی میں وزارت قانون وانصاف اور پارلیمانی امور کی رائے حاصل کی جائے۔“

• -4 اس معاملے کی نوعیت اور اہمیت کے پیش نظر وزیر قانون وانصاف اور پارلیمانی

امور نے خود اس معاملہ میں تحقیق کی اور قرآن، احادیث رسول ﷺ پاکستان پینل کوڈ 1860ء دفعہ -C 295 اور اس سے متعلقہ قوانین کے ساتھ ساتھ دیگر ممالک میں توہین رسالت کے قوانین (Blasphemy Laws) کی روشنی میں جائزہ لیا۔'

• -5 توہین رسالت قوانین پر حالیہ بحث مسماۃ شہر بانو رحمان (شیری رحمان) ایم این

کی جانب سے پیش کئے گئے ایک پرائیویٹ ممبر بل کے بعد شروع ہوئی۔ لہٰذا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے سوال کا جواب پہلے دیا جانا ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں مسلمہ حقیقت یہ ہے کہ وفاقی شرعی عدالت نے اپنے فیصلہ PLD.1991 FSC page 10 میں اس قانون کو قرآن اور سنت رسول ﷺ سے اخذ کردہ اور درست قرار دیا ہے۔ آئین کی دفعہ D-203 کے تحت وفاقی شرعی عدالت ہی اس امر کی مجاز ہے کہ وہ کسی قانون کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کرے۔ آئینی شق D-203 کے مطالعہ کے بعد شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ جس میں کہا گیا ہے ”عدالت کے اختیارات اور فرائض:

• (1) D-203 عدالت از خود نوٹس پر یا پاکستان کے کسی شہری کی پٹیشن پر یا وفاقی یا کسی

صوبائی حکومت کی پٹیشن پر یہ اختیار رکھتی ہے کہ وہ قرآن اور سنت رسول ﷺ کے اصولوں کی روشنی میں کسی بھی قانون یا اس کی شق کے اسلام کے مطابق یا اسلام سے متصادم ہونے کا فیصلہ کر سکے“۔

• -6 یہ بات ہر قسم کے شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ پاکستان کی پارلیمنٹ قوانین وضع

کرنے ، ان پر نظر ثانی کرنے ، ان میں ترمیم کرنے ، ان کی تنسیخ کرنے کے وسیع تر اختیارات رکھتی ہے۔ پارلیمانی طریقہ کار اور قانون سازی کی روایات کے مطابق پارلیمنٹ کی طرف سے وضع کردہ قانون توہین رسالت کئی دہائیوں سے نافذ العمل ہے اور آئینی عدالت کے کڑے معیار پر پورا اتر چکا ہے۔ نجی بل جو میڈیا رپورٹس کے مطابق متعلقہ رکن نے زبانی طور پر واپس لے لیا ہے اور محرک کی جانب سے اس امر کی تردید بھی نہیں آئی ، اس میں توہین رسالت قانون کے مجوزہ پیراگراف کا وفاقی شرعی عدالت آئینی شق D-203 کی ذیلی شق 2 کے تحت پہلے ہی باریک بینی سے جائزہ لے چکی ہے اور اس کے فیصلہ کی رو سے موجود قانون قرآن وسنت کے عین مطابق ہے اور قرار دیا گیا ہے کہ گستاخ رسول کے لیے موت کی سزا کے علاوہ کسی بھی قسم کی متبادل سزا اسلامی تعلیمات سے متصادم ہوگی ۔ آئین کی شق D-203 کی ذیلی شق 2 کی شق (b) کے تحت یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ ہو چکا ہے۔ اس لئے محترمہ شہر بانو رحمان (شیری رحمان) کا مجوزہ بل مسترد کر دینے کے قابل ہے۔

• 7- اس معاملے پر چند قرآنی آیات پیش کی جاتی ہیں۔

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُولُوْنَ هُوَ أُذُنٌ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ رَحْمَةٌ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ. (التوبہ: 61)

ترجمہ: اور اُن میں سے بعض پیغمبر ﷺ کی بدگوئی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شخص نرا کان ہے (یعنی صرف سنتا ہے) اُن سے کہو کہ وہ کان ہے تو تمھاری بھلائی کے لیے ہے۔ وہ ﷺ یقین لاتا ہے اللہ پر اور یقین لاتا ہے مومنوں کی بات پر جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اُن کے لیے رحمت ہے اور جو لوگ اللہ کے رسول کی بدگوئی کرتے ہیں اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔

إِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهُ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً مُّهِيْناً (الاحزاب: 57)

ترجمہ: جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ستاتے ہیں اللہ نے اُن پر لعنت بھیجی دنیا میں اور آخرت میں اور ان کے لیے ذلت والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَ أَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ (الحجرات:2)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو۔ اور اُس سے چیخ کر نہ بولو جیسے ایک دوسرے کے ساتھ چیخ کر بولتے ہو، (کہیں ایسا نہ ہو کہ ) تمھارے (نیک) اعمال اکارت ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ. (النور:63)

ترجمہ: رسول ﷺ کو ایسے مت پکارو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہو، اللہ تم میں سے اُن لوگوں کو جانتا ہے جو آنکھ بچا کر پھسل نکلتے ہیں۔ لہٰذا وہ لوگ جو اس کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں اس بات سے ڈرتے رہیں کہ (کہیں اچانک) اُن پر کوئی فتنہ یا کوئی تکلیف دہ عذاب آ پڑے۔

لِتُؤْمِنُوْا بِاللَّهِ وَرَسُوْلِهِ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَأَصِيْلاً. (الفتح:9)

ترجمہ: تاکہ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ اور اُس کی مدد کرو اور اُس کی عزت کی پاسداری کرو اور صبح شام اُس کی پاکی بیان

کرتے رہو۔

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّا اَنْ یُؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ وَ لٰكِنْ اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا مُسْتَاْنِسِیْنَ لِحَدِیْثٍ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ وَ اللّٰهُ لَا یَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ وَ اِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَ قُلُوْبِهِنَّ وَ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ لَا اَنْ تَنْكِحُوْا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمًا.

(الاحزاب: 53)

ترجمہ: اے ایمان والو نبی ﷺ کے گھروں میں مت داخل ہوا کرو، مگر جب تمھیں کھانے کی دعوت دی جائے، (پہلے ہی پہنچ کر) اس کے پکنے کا انتظار مت کرتے رہو بلکہ جب تم بلائے جاؤ تبھی داخل ہوا کرو، پھر جب کھا چکو تو وہاں سے ہٹ جاؤ اور آپس میں باتیں رچا کر مت بیٹھ جاؤ۔ تمھاری اس بات سے نبی ﷺ کو تکلیف ہوتی ہے، لیکن وہ تم سے حیا کرتے ہیں، اور اللّٰہ ٹھیک بات بتانے میں حیا نہیں کرتا۔ اور جب ( اُس کی) بیویوں سے کوئی چیز مانگنے جاؤ تو پردہ کے پیچھے سے مانگو، یہ (طریقہ) تمھارے اور اُن کے دلوں کی مناسبت سے زیادہ پاکیزہ ہے، اور تمھارے لیے اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ تمھاری وجہ سے رسول اللّٰہ ﷺ کو کوئی تنگی پہنچے اور نہ ہی تم اُس کے ازواج مطہرات سے اُس کے بعد کبھی بھی نکاح کر سکتے ہو کیوں کہ یہ بات (یعنی نبی ﷺ کو ناگوار پہنچنا) اللّٰہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓئِكَ فِی الْاَذَلِّیْنَ

(المجادلہ: 20)

ترجمہ: وہ لوگ اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل ترین لوگوں میں ہیں۔

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ

(الکوثر: 3)

ترجمہ: بے شک جو تیرا دشمن ہے وہ دم کٹا ہے۔

إِنَّمَا جَزَآؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللَّهَ وَ رَسُوْلَهُ وَ يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْا اَوْ يُصَلَّبُوْا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْم.

(المائدہ: 33)

ترجمہ: جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد کی سعی کرتے ہیں اُن کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا سولی چڑھائے جائیں یا اُن کے ہاتھ پاؤں مخالف جانب سے کاٹے جائیں یا وہ زمین سے دور کر دیے جائیں یہ اُن کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں اُن کے لیے بڑا عذاب ہے۔

وَ اِنْ نَّكَثُوْا اَيْمَانَهُمْ مِّنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَ طَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ اِنَّهُمْ لَا اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ.

(التوبہ: 12)

ترجمہ: اور اگر وہ وعدہ کر لینے کے بعد اپنی قسموں کو توڑ دیں اور تمہارے دین میں عیب لگائیں تو تم کفر کے سرداروں سے جنگ لڑو، (کیونکہ) اب اُن کی قسمیں بالکل (قابلِ اعتبار) نہیں ہیں، تاکہ وہ باز آ جائیں۔

• 8- اب توہینِ رسالت سے متعلق حضور پاک ﷺ کی سنت / احادیث سے کچھ مثالیں حسب ذیل ہیں۔

• عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَ عَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ

فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ ''ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ'' فَقَالَ ''اقْتُلُوْهُ''

(بخاری: ۴۲۸۴)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے روز مکہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر مبارک پر خود تھا۔ جب آپ ﷺ نے اسے اتارا تو آپ کی خدمت میں ایک صحابیؓ نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ ابن خطل کعبہ کے پردوں سے لپٹا ہوا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا اسے قتل کردو۔

• عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''مَنْ لِكَعْبِ

بْنِ الْأَشْرَفِ ؟ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ : أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ قَالَ ''نَعَمْ'' . قَالَ ''فَأْذَنْ لِى فَلأَقُلْ'' . قَالَ ''قَدْ فَعَلْتُ''

(بخاری: ۳۰۳۲)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کعب بن اشرف کو کون سنبھالے گا۔ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کردوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ انھوں نے عرض کیا کہ مجھے اجازت دیجیے کہ میں (اسے اعتماد میں لینے کی خاطر اس سے کچھ) کچھ خلاف حقیقت باتیں کر سکوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اجازت ہے۔

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَبِى رَافِعٍ الْيَهُودِيِّ رِجَالاً مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَتِيكٍ وَكَانَ أَبُو رَافِعٍ يُؤْذِى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُعِيْنُ عَلَيْهِ وَكَانَ فِى حِصْنٍ لَهُ بِأَرْضِ الْحِجَازِ فَلَمَّا دَنَوْا مِنْهُمْ وَقَدْ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَ رَاحَ النَّاسُ بِسَرْحِهِمْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَصْحَابِهِ اجْلِسُوْا

مَكَانَكُمْ فَإِنِّي مُنْطَلِقٌ وَ مُتَلَطِّفٌ لِلْبَوَّابِ لَعَلِّي أَنْ أَدْخُلَ فَأَقْبَلْتُ حَتَّى دَنَوْتُ مِنَ الْبَابِ ثُمَّ تَقَنَّعْتُ بِثَوْبِي كَأَنِّي أَقْضِي حَاجَةً وَ قَدْ دَخَلَ النَّاسُ فَهَتَفَ الْبَوَّابُ يَا عَبْدَ اللَّهِ إِنْ كُنْتَ تُرِيدُ أَنْ تَدْخُلَ فَادْخُلْ فَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُغْلِقَ الْبَابَ فَدَخَلْتُ فَكَمَنْتُ فَلَمَّا دَخَلَ النَّاسُ أَغْلَقَ الْبَابَ ثُمَّ عَلَّقَ الْأَغَالِيقَ عَلَى وَتِدٍ قَالَ فَقُمْتُ إِلَى الْأَقَالِيْدِ فَأَخَذْتُهَا ففَتَحْتُ الْبَابَ وَ كَانَ أَبُو رَافِعٍ يُسْمَرُ عِنْدَهُ وَ كَانَ فِي عَلالِيَّ لَهُ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْهُ أَهْلُ سَمَرِهِ صَعِدْتُ إِلَيْهِ فَجَعَلْتُ كُلَّمَا فَتَحْتُ بَاباً أَغْلَقْتُ عَلَيَّ مِنَ الدَّاخِلِ قُلْتُ إِنِ الْقَوْمُ نَذَرُوْا بِي لَمْ يَخْلِصُوْا إِلَيَّ حَتَّى أَقْتُلَهُ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ فِي بَيْتٍ مُظْلِمٍ وَسْطَ عِيَالِهِ لَا أَدْرِي أَيْنَ هُوَ مِنَ الْبَيْتِ فَقُلْتُ يَا أَبَا رَافِعٍ قَالَ مَنْ هَذَا فَأَهْوَيْتُ نَحْوَ الصَّوْتِ فَأَضْرِبُهُ ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ وَ أَنَا دَهِشٌ فَمَا أَغْنَيْتُ شَيْئاً وَ صَاحَ فَخَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ فَأَمْكُثُ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ دَخَلْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ مَا هَذَا الصَّوْتُ يَا أَبَا رَافِعٍ فَقَالَ لِأُمِّكَ الْوَيْلُ إِنَّ رَجُلاً فِي الْبَيْتِ ضَرَبَنِي قَبْلُ بِالسَّيْفِ قَالَ فَأَضْرِبُهُ ضَرْبَةً أَثْخَنَتْهُ و لَمْ أَقْتُلْهُ ثُمَّ وَضَعْتُ ظُبَّةَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ حَتَّى أَخَذَ فِي ظَهْرِهِ فَعَرَفْتُ أَنِّي قَتَلْتُهُ، فَجَعَلْتُ أَفْتَحُ الْأَبْوَابَ بَاباً بَاباً ، حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى دَرَجَةٍ لَهُ فَوَضَعْتُ رِجْلِي وَ أَنَا أَرَى أَنِّي قَدِ انْتَهَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ فَوَقَعْتُ فِي لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ فَانْكَسَرَتْ سَاقِي فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى جَلَسْتُ عَلَى الْبَابِ فَقُلْتُ لَا أَخْرُجُ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَعْلَمَ أ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۶ء قَتَلْتُهُ فَلَمَّا صَاحَ اِنْعَى أَبَا رَافِعٍ تَاجِرُ النَّجَاءَ فَقَدْ قَتَلَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُ فَمَسَحَهَا فَكَأَنَّهَا لَمْ ترجمہ: البراء بن عازب رضی اللہ نے ایک یہودی کچھ لوگوں کو بھیجا۔ عبد تھا۔ ابو رافع ، رسول ساتھ ساتھ وہ رسول کیا کرتا تھا۔ وہ صرف لوگ قلعہ کے قریب اپنے مویشیوں کو واپس عبداللہ (بن عتیق ) جائیں۔ میں جا کر قل کی کوشش کرتا ہوں قلعہ کی طرف چل پڑ انہوں نے خود کو کپڑ جیسے وہ قدرت کے جا چکے تھے اور چوکید مخاطب کرتے ہوئے ہو تو آجاؤ کیونکہ روایت کو آگے بڑھ

قَتَلْتُهُ فَلَمَّا صَاحَ الدِّيْكُ قَامَ النَّاعِيْ عَلَى السُّوْرِ فَقَالَ اِنِّيْ اَنْعَى اَبَا رَافِعٍ تَاجِرَ الْحِجَازِ فَانْطَلَقْتُ اِلَى اَصْحَابِيْ فَقُلْتُ النَّجَاءَ فَقَدْ قَتَلَ اللّٰهُ اَبَا رَافِعٍ فَانْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ ابْسُطْ رِجْلَكَ فَبَسَطْتُ رِجْلِيْ فَمَسَحَهَا فَكَاَنَّهَا لَمْ اَشْتَكِهَا قَطُّ

(بخاری: ۳۸۱۳)

ترجمہ: البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ایک یہودی ابورافع کو قتل کرنے کے لیے انصار میں سے کچھ لوگوں کو بھیجا۔ عبداللہ بن عتیق کو ان لوگوں کا سربراہ مقرر کیا گیا تھا۔ ابورافع، رسول اللہ ﷺ کی دل آزاری کیا کرتا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ رسول خدا کے دشمنوں کی بھی آپ ﷺ کے خلاف مدد کیا کرتا تھا۔ وہ سرزمین حجاز پر موجود اپنے قلعے میں رہتا تھا۔ جب وہ لوگ قلعہ کے قریب پہنچے اس وقت سورج غروب ہو چکا تھا اور لوگ اپنے مویشیوں کو واپس اپنے گھروں کی طرف لا رہے تھے۔ حضرت عبداللہ (بن عتیق) نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اپنی جگہ پر بیٹھ جائیں۔ میں جا کر قلعہ کے دربان کے ساتھ ایک چال چلنے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ میں قلعہ میں داخل ہو سکوں۔ پس عبداللہ قلعہ کی طرف چل دیے اور جب وہ قلعہ کے دروازے پر پہنچے تو انہوں نے خود کو کپڑے سے ڈھانپ لیا۔ انہوں نے ایسے ظاہر کیا جیسے وہ قضائے حاجت کے لیے بیٹھے ہوں۔ لوگ اندر جا چکے تھے اور دربان (جو عبداللہ کو قلعہ کا خادم سمجھ رہا تھا) نے ان سے مخاطب کرتے ہوئے کہا ''اے اللہ کے بندے! اگر تم اندر آنا چاہتے ہو تو آجاؤ کیونکہ میں دروازہ بند کرنا چاہتا ہوں۔'' عبداللہ اپنی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے کہتے ہیں ''پس میں اندر چلا گیا اور

خود کو چھپا لیا، جب لوگ اندر آگئے تو چوکیدار نے دروازہ بند کردیا اور چابیاں لکڑی کے کھونٹے سے لٹکا دیں۔ میں نے اٹھ کر چابیاں اٹھالیں اور دروازہ کھول دیا کچھ لوگ رات گئے تک ابو رافع کے کمرے میں اس کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف رہے۔ جب یہ خوش گپیاں ختم ہو گئیں اور اس کے ساتھی چلے گئے تو میں اس کی طرف آیا۔ میں نے اس کا دروازہ کھولا، اور پھر اسے اندر سے بند کرلیا۔ میں نے سوچا کہ لوگوں کو اگر میرا پتہ چل بھی جائے تو مجھے اس وقت تک پکڑنے نہیں جانا چاہئے جب تک کہ میں اسے قتل نہ کردوں۔ میں اس تک پہنچا تو وہ ایک اندھیرے کمرے میں اہل خانہ کے درمیان سو رہا تھا، میں اسے شناخت نہیں کرسکتا تھا لہٰذا میں نے اسے پکارا " اے ابو رافع "۔ وہ فوراً بولا "کون ہو تم " میں نے آواز کی سمت بڑھا اور اس پر تلوار سے حملہ کردیا۔ بے یقینی کی صورتحال کے سبب میں اسے قتل نہ کرسکا۔ لہٰذا باہر آکر ایک لمحہ بعد ہی میں نے پکارا "ابو رافع ، یہ آوازیں کیسی ہیں؟" اس نے کہا " تمہاری ماں تمہیں روئے، یہاں کوئی گھس آیا ہے، اس نے مجھ پر تلوار سے حملہ کیا ہے" چنانچہ میں آواز کی سمت دوبارہ بڑھا اور حملہ کیا مگر اسے مار نہیں سکا۔ میں نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر اتنے زور سے دبائی کہ اس کی پشت سے جاکر نکلی۔ میں سمجھ گیا کہ یہ مارا جاچکا ہے۔ میں نے ایک ایک کرکے دروازے کھولے اور سیڑھیوں تک جا پہنچا میں سمجھا میں زمین پر پہنچ گیا ہوں۔ میں نے قدم باہر رکھا اور نیچے گر پڑا اور میری ٹانگ ٹوٹ گئی، میں نے اسے پگڑی سے باندھا اور اس وقت تک چلتا رہا جب تک گیٹ پر نہیں پہنچ گیا۔ میں نے فیصلہ کیا کہ اس وقت تک باہر نہیں جاؤں گا جب تک کہ مجھے اس کی موت کی خبر نہیں مل جاتی۔ صبح جب مرغ اذان دے رہے تھے تو وہاں کے

اعلان کرنے والے نے دیوار پر چڑھ کر اعلان کیا کہ ”میں حجاز کے تاجر ابو رافع کی موت کا اعلان کرتا ہوں“۔ یہ سن کر میں باہر اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور کہا کہ اب ہمیں خود کو محفوظ کر لینا چاہئے۔ لہٰذا ہم وہاں سے چل پڑے اور رسول اللہ کے پاس پہنچ گئے۔ ہم نے انہیں پوری داستان سنائی۔ انہوں نے فرمایا اپنی ٹوٹی ہوئی ٹانگ باہر نکالو، میں نے ٹانگ باہر نکالی آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا تو وہ ایسے ہوگئی جیسے ٹوٹی ہی نہ ہو۔

• □ ”عمیرؓ ابن امیہ سے روایت ہے کہ، ان کی ایک بہن مشرکہ تھی، وہ آپ کو ستاتی

رہتی تھی۔ جب وہ رسول اللہ ﷺ سے ملنے جاتے تو وہ آپ ﷺ کے متعلق توہین آمیز کلمات کہتی لہٰذا ایک دن انہوں نے اسے مار ڈالا۔ اس کے بیٹوں نے کہا کہ وہ قاتل سے آگاہ ہیں۔ عمیرؓ نے سوچا کہ وہ کسی اور بے گناہ کو قتل نہ کر دیں لہذا وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے اور سارا معاملہ بیان کر دیا۔ آپ ﷺ نے سوال کیا ”تم نے اپنی بہن کو قتل کر دیا؟“ انہوں نے کہا ”جی ہاں“ آپ ﷺ نے پوچھا کیوں؟ انہوں نے کہا وہ میرے اور آپ کے تعلق کو نقصان پہنچا رہی تھی۔ آپ ﷺ نے مقتولہ کے بیٹوں کو بلایا اور قاتل کے بارے میں دریافت کیا انہوں نے کسی اور کا نام لیا۔ تب آپ نے انہیں اصل صورتحال بتائی اور اس قتل کو رائیگاں قرار دیا۔ (یعنی یہ قتل جائز تھا اس کا بدلہ نہیں ہوگا ۔)

• □ حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کی توہین کی

آپ ﷺ نے فرمایا اس دشمن کے خلاف کون میری مدد کرے گا۔ زبیر نے کہا میں۔ اور وہ اس سے لڑے اور اسے قتل کر ڈالا۔ آپ نے انہیں شاباش دی (pld 1991 fsc 10/25)۔

حضرت اسحٰق بن ابراہیم ، عبداللہ بن محمد ، سفیان بن عیینہ اور حضرت عمروؓ نے حضرت جابر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا۔ اس نے اللہ کے نبی

ﷺ کو ستایا ہے۔ حضرت محمد بن مسلمہؓ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کر دوں آپ ﷺ نے فرمایا "ہاں"۔۔۔۔۔اور پھر انہوں

نے اسے مار ڈالا۔ (صحیح مسلم کتاب الجہاد 2158)

• □ فتح مکہ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے عام معافی کا اعلان فرمانے کے بعد حکم دیا کہ

توہین رسالت پر مبنی شاعری پر ابن خطل اور اس کی لونڈی کو قتل کر دیا جائے۔ (الشفاء (اردو ترجمہ) مرتبہ قاضی عیاض، جلد 2، صفحہ 284۔ (PLD 1991 FSC 10)

• 9- 1860ء کے پاکستان پینل کوڈ کا تعزیرات پاکستان کی دفعہ 295 سی اس بحث

سے متعلق ہے۔ اس لیے سیکشن 295 سی کا مطالعہ ضروری ہے۔

## 295 C رسول پاکﷺ کے بارے میں گستاخانہ کلمات کہنا:

"اگر کوئی ایسے الفاظ لکھے یا بولے یا کسی بھی طرح ان کا اظہار کرے یا کسی بھی طرح بالواسطہ یا بلا واسطہ ایسا اشارہ کنایہ کرے جس سے رسول پاک حضرت محمدﷺ کی شان میں گستاخی کا پہلو سامنے آئے تو یہ جرم ہوگا۔ جس کی سزا موت یا عمر قید ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ جرمانہ بھی کیا جاسکتا ہے۔"

## "فرد جرم عائد کرنا":

میں ---------- (سیشن کورٹ کا آفس اور نام وغیرہ) تم ---------- (ملزم کا نام) پر الزام عائد کرتا ہوں کہ تم نے فلاں دن، فلاں وقت (تحریری یا تقریری الفاظ کا ذکر کیا جائے یا تحریری مواد کی صورت میں مواد پیش کیا جائے) رسول پاک حضرت محمدﷺ کی شان میں گستاخی کی ہے۔ اس طرح کی دانستہ اور بدنیتی کی بنا پر گستاخانہ حرکات پاکستان پینل کوڈ 1860ء کے سیکشن C-295 کے تحت

قابل سزا جرم ہے اور میں ہدایت کرتا ہوں کہ تم پر لگنے والے اس الزام کا کیس اس عدالت میں چلے گا۔

قرآن پاک کی بہت سی آیات اور رسول پاکﷺ کی احادیث سے توہین رسالت کی سزا موت ثابت ہے۔ لہٰذا قرآن وسنت اور پاکستان کی مقننہ نے معاملہ کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے "دانستہ اور بدنیتی" کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ اور کوئی عدالت دیئے گئے نمونہ کے برعکس چارج شیٹ نہیں کرسکتی۔ اس سے عدالتی کارروائی کے غلط

ن کو روکنے کی خاطر دو طرح کہ ملزم نے دانستہ طور پر رنے توہین کے جرم کی nistration of Just بلکہ یہ طریقہ کار بین الاقوامی

10۔ گستاخی رسول تمام

ن کی مثال پیش کی جاسکتی ہے۔ میں لازمی طور پر سزائے موت

11۔ یہ پروپیگنڈہ کہ توہین

مقصد ایک خاص طبقہ کو نشانہ بنا تاریخ اور مختلف ممالک میں اس

## افغانستان:

اسلامی ملک افغانستان قوانین کے تحت دی جاتی ہے۔ ذریعہ سزائے موت تک دی جاسکتی

## آسٹریلیا:

آسٹریلیا کی مختلف ر کی سزا دینے کا معاملہ یکساں نہیں نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں آخری

## آسٹریا:

آسٹریا میں پینل کوڈ کی د

استعمال کو روکنے کی خاطر دو طرح کی ضمانت حاصل ہوتی ہے۔ اول اس بات کا یقین حاصل کرنا کہ ملزم نے دانستہ طور پر یہ جانتے ہوئے کہ جو وہ کر رہا ہے، یہ جرم ہے، یہ جرم کیا۔ دوسرے توہین کے جرم کی اصل حقیقت کی چھان بین، Criminal Administration of Justice یہ دونوں اصول عالمی طور پر نہ صرف تسلیم شدہ ہیں بلکہ یہ طریقہ کار بین الاقوامی معیار کے عین مطابق ہے۔

• 10- گستاخی رسول تمام الہامی مذاہب میں قابل سزا جرم ہے۔ یہودیت سے بھی

اس کی مثال پیش کی جاسکتی ہے۔ تورات میں ہے کہ "جو (لوگ) گستاخانہ باتیں کرتے ہیں انہیں لازمی طور پر سزائے موت دی جائے گی (توراۃ، کتاب Leviticus; 24:16)۔

• 11- یہ پراپیگنڈہ کہ توہین رسالت ﷺ کا قانون صرف پاکستان میں ہے اور اس کا

مقصد ایک خاص طبقہ کو نشانہ بنانا ہے، مکمل طور پر بے بنیاد اور غلط ہے۔ اس قانون کی مختصر تاریخ اور مختلف ممالک میں اس سے متعلقہ قوانین کا جائزہ پیش خدمت ہے۔

افغانستان:

اسلامی ملک افغانستان میں توہین رسالت قابل سزا جرم ہے اور اس کی سزا شرعی قوانین کے تحت دی جاتی ہے۔ توہین رسالت کے مرتکب کو جرمانوں سے لیکر پھانسی کے ذریعہ سزائے موت تک دی جاسکتی ہے۔

آسٹریلیا:

آسٹریلیا کی مختلف ریاستوں، علاقوں، دولت مشترکہ آف آسٹریلیا میں گستاخی کی سزا دینے کا معاملہ یکساں نہیں ہے۔ کچھ حصوں میں گستاخی کرنا جرم ہے جبکہ دیگر میں ایسا نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں آخری بار 1919 میں مقدمہ چلایا گیا۔

## آسٹریا:

آسٹریا میں پینل کوڈ کی دو شقیں توہین رسالت سے متعلق ہیں۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 458 ماہنامہ سبحانی کراچی

• 1- 188: مذہبی تعلیمات کی تذلیل کرنا۔

• 2- 189: مذہبی عبادات / معاملات میں خلل پیدا کرنا۔

## بنگلہ دیش:

بنگلہ دیش کے پینل کوڈ اور دیگر مختلف قوانین کے ذریعہ سے توہین رسالت کرنے اور مذہبی جذبات مجروح کرنے کی حوصلہ شکنی کی گئی ہے۔

## برازیل:

پینل کوڈ کی شق 208 کے تحت برازیل میں مذہبی شخصیات، اعمال اور عبادات کی کھلے عام توہین کرنا قابل سزا جرم ہے۔ اس کی سزا ایک ماہ سے لے کر ایک سال تک قید یا جرمانہ ہو سکتی ہے۔

## کینیڈا:

کریمنل کوڈ آف کینیڈا کے مطابق بھی گستاخی یا توہین ایک جرم ہے۔ مگر Charter of Rights and Freedoms کو اس پر فوقیت حاصل ہے۔ آخری بار اس سلسلہ میں 1935 میں کارروائی کی گئی۔۔

## ڈنمارک:

پینل کوڈ کا پیراگراف نمبر 140 توہین کے بارے میں ہے۔ یہ پیراگراف 1938ء سے استعمال نہیں کیا گیا۔ جب ایک نازی گروپ کو یہود مخالف پروپیگنڈہ پر سزا دی گئی تھی۔ اس کوڈ کا پیراگراف B-266 نفرت انگیز تقریر کے بارے میں ہے۔ اس پیرا گراف کو ایک تسلسل کے ساتھ استعمال کیا جاتا

ہے۔ 2004ء میں گستاخی سے متعلقہ کلاز کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی لیکن اکثریتی رائے سے اسے مسترد کر دیا گیا۔

## مصر:

مصر کی اکثریت سنی ہے۔ یہاں پر بھی توہین رسالت اور مذہبی اقدار کی توہین کے متعلق قانون موجود ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

## بھارت:

بھارت کے اکثریتی مگر ہندوستان کے مسلم حکمرانو استعمار نے یہ قوانین ختم کر دئیے بھارتی پینل کوڈ کے سیکشن A مذہبی اعتقاد کی توہین کی کوشش پر

## انڈونیشیا:

کریمنل کوڈ کے آر خلاف جارحانہ، نفرت آمیز او جرم ہے۔ اور اس کی سزا زیادہ

## ایران:

ایران ایک اسلا اخذ کرتا ہے۔ توہین رسا قانون، اسلام کی توہین کے سخت قوانین موجود ہیں۔

## آئرلینڈ:

آئرلینڈ میں تو سزا 25000 پونڈ جرمانہ ی نافذ کیا گیا۔

## اسرائیل:

اسرائیل میں

## یورپی یونین:

## بھارت:

بھارت کے اکثریتی مذہب ہندومت میں توہین رسالت کی سزا کا کوئی تصور نہیں مگر ہندوستان کے مسلم حکمرانوں نے یہ قوانین متعارف کروائے۔ 1860 میں برطانوی استعمار نے یہ قوانین ختم کر دیئے تا کہ مسیحی مشنریوں کو کھل کھیلنے کا موقع مل سکے۔ ان دنوں بھارتی پینل کوڈ کے سیکشن A-295 تحت نفرت آمیز تقاریر، کسی مذہب یا کسی شخص کے مذہبی اعتقاد کی توہین کی کوشش پر سزا دی جاتی ہے۔

## انڈونیشیا:

کرمنل کوڈ کے آرٹیکل A-156 کے تحت دانستہ طور پر سرعام کسی مذہب کے خلاف جارحانہ، نفرت آمیز اور توہین پر مبنی جذبات کے اظہار یا مذہب کی توہین قابل سزا جرم ہے۔ اور اس کی سزا زیادہ سے زیادہ 5 سال قید ہے۔

## ایران:

ایران ایک اسلامی ملک ہے۔ توہین رسالت کے خلاف قوانین، شریعت سے اخذ کرتا ہے۔ توہین رسالت کے خلاف قانون، اسلامی حکومت پر تنقید کے خلاف قانون، اسلام کی توہین کے خلاف قانون، اور خلاف اسلام مواد کی اشاعت کے خلاف سخت قوانین موجود ہیں۔

## آئرلینڈ:

آئرلینڈ میں توہین رسالت آئینی طور پر جرم ہے اور اس کی زیادہ سے زیادہ سزا 25000 پونڈ جرمانہ ہے۔ یہ قانون جولائی 2009 کو منظور ہوا اور یکم جنوری 2010 کو نافذ کیا گیا۔

## اسرائیل:

اسرائیل میں پینل کوڈ کی شق 170 اور 173 توہین رسالت سے متعلقہ ہیں۔

## یورپی یونین:

کونسل آف یورپ کی پارلیمانی اسمبلی نے 29 جون 2007 کو Strasboug میں توہین رسالت، مذاہب کی توہین، مذہب کی بنا پر کسی فرد یا گروہ کیخلاف نفرت انگیز گفتگو کے خلاف Recommendation 1805 (2007) پاس کی ہیں۔

مذہبی توہین انڈورہ، سائپرس، کروشیا، ڈنمارک، سپین، فن لینڈ، جرمنی، گریس، آئس لینڈ، اٹلی، لتھوینیا، ناروے، ہالینڈ، پولینڈ، پرتگال، روس، سلواکیہ، سوئٹزرلینڈ، ترکی اور یوکرائن میں جرم ہے۔

## فن لینڈ:

کریمنل کوڈ Chapter 17 کی شق 10 توہین رسالت سے متعلق ہے۔ 1914ء، 1917ء، 1965ء، 1970ء اور 1998ء میں اس کے خاتمہ کی کوششیں ناکام رہیں۔

## جرمنی:

جرمنی کے کریمنل لاء Strafgesetzbuch کی شق 166 توہین رسالت سے متعلق ہے۔ اس کے تحت اگر کسی کے عمل سے امن و امان کی صورتحال خراب ہوتی ہو تو قانون حرکت میں آسکتا ہے۔ 2006 میں Manfred van H. (المعروف MAHAVO) کے خلاف اس قانون کے تحت کارروائی کی گئی۔

## گریس:

پینل کوڈ کی شق 199,198,201 توہین کو جرم قرار دیتی ہے۔ شق 198 کے مطابق......

- 1- اگر کوئی دانستہ طور پر سرعام کسی بھی طرح سے خدا کی توہین کرے تو اسے توہین پر

سزا دی جائے گی جو دو برس سے زائد نہیں ہوگی۔

• 2- اگر کوئی سرعام خدا کے احترام میں کمی کا مرتکب ہو تو اسے 3 ماہ سے زائد قید کی سزا نہیں دی جاسکتی۔

آرٹیکل 199 "Blasphemy Concerning Religions" کے مطابق اگر کوئی سرعام دانستہ طور کسی بھی طرح Greek Orthodox Church یا کسی بھی پرامن مذہب کی توہین کرے گا تو اسے سزا دی جائیگی دو سال سے زیادہ نہیں ہوگی۔

اردن:

اردن میں اسلام کی توہین ، اسلامی تعلیمات اور مسلمانوں کی توہین اور توہین رسالت جرم ہے جس کی سزا 3 سال تک قید اور جرمانہ ہے۔

کویت:

کویت ایک اسلامی ملک ہے۔ یہاں پر اسلام اور اسلامی شخصیات کی شان میں گستاخی کی روک تھام کے لیے آئین سازی کی گئی ہے۔۔

ملائشیا:

اس اسلامی ملک میں بھی مذہبی تعلیمات اور شخصیات کی گستاخی ایک جرم ہے۔ اس کی روک تھام تعلیم کے ذریعے اور نشر و اشاعت کی پابندیوں کے ذریعہ کی جاتی ہے ۔ ملک کے کئی حصوں میں اس جرم کی سزا شرعی عدالتوں کے ذریعہ دی جاتی ہے جبکہ کچھ حصوں میں ملائشیا کے پینل کوڈ کے مطابق بھی سزائیں دی جاتی ہیں۔

مالٹا:

مالٹا میں توہین رسالت کے خلاف قوانین کے بجائے مذہب کی توہین اور غیر اخلاقیت کے خلاف قوانین ہیں۔ مالٹا کے پینل کوڈ کا آرٹیکل 163، 1933ء میں بنا تھا جو رومن کیتھولک مذہب کی توہین کی روک تھام کرتا ہے ۔ یہاں پر رومن کیتھولک مذہب کی توہین کی سزا ایک ماہ سے لے کر چھ ماہ تک ہو سکتی ہے۔ آرٹیکل 164 کے مطابق "کسی بھی مذہب کی توہین پر 3 ماہ تک قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ آرٹیکل 338 (b) نشے کی حالت میں توہین کو بھی سزا کا مستحق قرار دیتا ہے، اس کے مطابق سرعام کوئی بھی بدتمیزی غیر اخلاقی

لفظ ، یا بدتمیزی پر مبنی اشارہ یا عمل یا کوئی بھی ایسا طریقہ جس کا ذکر نہیں آسکا ، جرم قرار پائے گا ۔ آرٹیکل 342 کے مطابق توہین کی سزا 11.65 یورو جرمانہ سے کم اور تین ماہ قید کی سزا سے زیادہ نہیں ہو سکتی ۔ 2008ء میں 621 افراد کے خلاف توہین رسالت پر فوجداری مقدمات قائم ہوئے ۔

## ہالینڈ:

ہالینڈ میں انبیاء کرام کی توہین کا قانون موجود ہے ۔ ہالینڈ کے آئین کے آرٹیکل 147 کے تحت کے مرتکب افراد کو تین ماہ قید یا 3800 یورو جرمانہ کی سزا دی جا سکتی ہے۔

## نیوزی لینڈ:

نیوزی لینڈ کے کرائم ایکٹ 1961ء کے مطابق سیکشن 123 کے تحت توہین رسالت کے مرتکب افراد کو ایک سال قید تک سزا دی جاسکتی ہے ۔ نیوزی لینڈ میں 1922ء میں اس قانون کے تحت جان گلوور نامی شخص کو جو ماؤری لینڈ اخبار کا پبلشر تھا، کو سزا دی جاچکی ہے۔

## نائیجیریا:

نائیجیریا کے کریمنل کوڈ کے آرٹیکل 204 کے تحت توہین انبیاء کے مرتکب افراد کو سزا دی جاتی ہے ۔ جبکہ بعض ریاستوں میں شریعت کے مطابق مقدمات چلائے جاتے ہیں ۔ قانون کے موثر استعمال کا اختیار بھی متعلقہ عدالت کی ذمہ داری ہے۔

## سعودی عرب:

سعودی عرب میں اسلامی قانون نافذ ہے۔ یہاں توہین رسالت ﷺ کے مرتکب افراد کو موت کی سزا دی جاتی ہے۔ سزا کا فیصلہ ملکی مفتیان کی کونسل کرتی ہے۔

## سوڈان:

سوڈان میں اسلام ریاستی مذہب ہے۔ یہاں کی 70 فیصد آبادی مسلمانوں پر مشتمل ہے۔ سوڈان کے کریمنل ایکٹ کے سیکشن 125 کے تحت مذہب کی توہین یہاں تک کہ کسی کی دل آزاری اور عقائد کے خلاف بات کرنا قابل دست اندازی جرم ہے۔ توہین

کے مرتکب افراد کو قید اور جرمانہ کی سزا دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ زیادہ سے زیادہ چالیس کوڑوں کی سزا بھی دی جا سکتی ہے۔

نومبر 2007ء میں سوڈان میں توہین رسالت کا قانون ٹیڈی بیئر بلاسفمی کیس کے تحت قانون حرکت میں آیا۔ دسمبر 2007ء میں یہ سیکشن مصر کے دو کتب فروشوں کے خلاف حرکت میں آیا اور ان کو حضرت عائشہ صدیقہؓ کے خلاف مواد پر مبنی کتب فروخت کرنے پر 6 ماہ قید کی سزا دی گئی۔

## متحدہ عرب امارات:

متحدہ عرب امارات میں توہین رسالت کی حوصلہ شکنی کے لئے نشر و اشاعت کی مانیٹرنگ کی جاتی ہے۔ مسلمانوں کے لیے شرعی سزا اور غیر مسلموں کے لیے عدلیہ کے اختیارات استعمال کیے جاتے ہیں۔

## برطانیہ:

برطانیہ میں توہین رسالت خاص طور پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کے خلاف قانون موجود ہے۔ یہ قانون آخری بار 2007 میں اس وقت حرکت میں آیا، جب ایک بنیاد پرست عیسائی گروپ کرسچین وائس نے نجی طور پر BBC کے خلاف مقدمہ درج کروایا۔ یہ مقدمہ بی بی سی پر ایک پروگرام نشر کرنے پر چلایا گیا جس میں عیسائی عقیدہ کے خلاف مواد شامل تھا۔ بی بی سی کے خلاف مقدمہ ویسٹ منسٹر کے مجسٹریٹ نے خارج کر دیا۔ کرسچین وائس نے مجسٹریٹ کے فیصلہ کے خلاف عدالت عالیہ میں اپیل بھی کی۔ ہائی کورٹ نے بھی اپیل خارج کر دی۔ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ توہین رسالت قانون کا اطلاق تھیٹر ایکٹ 1968 کے تحت نہیں ہوتا۔

توہین رسالت کے قانون کے تحت آخری سزا وائٹ ہاؤس بنام لیمن 1977 میں ہوئی۔ ڈینس لیمن ایک اخبار کا ایڈیٹر تھا۔ اس کے اخبار نے ایک متنازعہ نظم شائع کی تھی۔ اس نظم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خلاف توہین آمیز الفاظ استعمال کیے گئے تھے۔ اس

جرم میں لیمن کو 500 پونڈ جرمانہ 9ماہ کی معطل سزا دی گئی۔ اس کے بعد 2002ء میں یہ نظم دانستہ طور پر مقامی اخبار میں شائع کی گئی۔ اس دفعہ پھر سینٹ مارٹن ان دی فیلڈ چرچ نے مقدمہ کی پیروی کی مگر مجرم کو سزا دلانے میں ناکام رہا۔

اسی طرح 9دسمبر 1921ء کو برطانیہ میں جان ولیم گوٹ توہین کا مرتکب پایا گیا اور اس کو 9ماہ کی سزا دی گئی۔ اس نے عیسائی عقائد کے خلاف 2 پمفلٹ شائع کیے تھے جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں توہین کی گئی تھی۔ یہ اس سے قبل بھی 3 بار اسی جرم میں ماخوذ پایا گیا۔ سکاٹ لینڈ میں توہین رسالت کے قانون کے تحت 1697ء میں سکاٹ لینڈ ہی کے ایک شخص تھامس ایکن ہیڈ کو پھانسی کی سزا دی جاچکی ہے۔

5 مارچ 2008ء کو " Criminal Justice and Immigration Act 2008 میں ترمیم کی گئی اور انگلینڈ اور ویلز کامن لا میں توہین رسالت کو ختم کر دیا گیا۔ 8مئی 2008ء کو اس پر شاہی دستخط کے بعد یہ ترمیم قانون کی شکل اختیار کر گئی۔

## یمن:

باقی تمام ممالک کی طرح یمن میں بھی توہین رسالت کا قانون موجود ہے۔ اس قانون کے تحت توہین رسالت کے مرتکب افراد کو یمن میں نہ تو ہلاک کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ان کو ملک بدر کیا جاتا ہے۔ جس شخص پر توہین رسالت کا الزام ہو اس کا فیصلہ شریعت کے تحت کیا جاتا ہے اور جرم ثابت ہونے پر مجرم کو موت کی سزا دی جاسکتی ہے۔

## امریکہ:

امریکہ میں پہلے تو توہین رسالت کی سزا موت تھی مگر اب یہ سزا ناپید ہوچکی ہے۔ ماساچوسٹ، مشی گن، اوکلوہاما، ساؤتھ کیرولینا، ویومنگ، اور پینسیلوینیا میں توہین رسالت کی سزا کا حوالہ ملتا ہے۔ کچھ ریاستوں میں ابتدائی دور کا قانون بھی کتابوں میں موجود ہے ۔مثال کے طور پر ماساچوسٹ کے جنرل لاء کے 272 کی صورت میں آج بھی توہین رسالت کا قانون موجود ہے۔ سیکشن 36 کے تحت خدا کی ذات پر بہتان یا الزام لگانا اور گالی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء گلوچ کرتا، حضرت عیسیٰ پر الز زیادہ سے زیادہ سزا ایک سال ریاست میں 1930ء کے تو 1879ء کی کوڈ یفکیشن میں 72 سیکشن 189 کے مطابق میں خدایا حضرت عیسیٰ کی تو سے زیادہ 100 ڈالر جرمانہ سزائیں دینے کی مجاز ہوگی

• 12- پاکستان آئینی

دیباچہ میں کر دیا گیا ہے ا جمہوریہ پاکستان ہے۔ آ کائنات پر حاکمیت اعلیٰ صر عوام اسلام کی حدود کے ان ہے کہ انکی ریاست اپنی طا پارلیمنٹ کے ذریعہ سے ا جیسے اصول جن پر اسلام ف

• 13- پاکستان کا آ

مسلمان اپنی انفرادی ا میں ڈھال سکیں۔ اس ک جائز مفادات کے مکمل تہ

• 14- یہ امر بھی اہم

کے وقت دی گئی قربانیوں

گلوچ کرنا، حضرت عیسیٰ پر الزام تراشی ، ان کی کتاب کو بُرا بھلا کہنا قانونی جرم ہے اور اس کی زیادہ سے زیادہ سزا ایک سال ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ جرمانہ 300 ڈالر ہے۔ میری لینڈ ریاست میں 1930ء کے ترمیمی ایکٹ کے تحت ایسے کئی قانون کے اجرا کی ممانعت ہے جو 1879ء کی کوڈیفیکیشن میں جس کے مطابق توہین رسالت سے باز رکھا گیا ہے۔ ایکٹ 72 سیکشن 189 کے مطابق کوئی شخص تحریری یا زبانی ایسے الفاظ کا استعمال نہیں کر سکتا جس میں خدا یا حضرت عیسیٰ کی توہین کا عنصر نمایاں ہو۔ توہین رسالت کے مرتکب شخص کو زیادہ سے زیادہ 100 ڈالر جرمانہ اور ایک سال قید کی سزا دی جا سکتی ہے۔ عدالت کوئی ایک یا دو سزائیں دینے کی مجاز ہوگی۔

• 12- پاکستان آئینی طور پر اسلامی ریاست ہے، جس کا تعین آئین پاکستان کے

دیباچہ میں کر دیا گیا ہے اور 12 اپریل 1973ء کے آئین کے تحت ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ آئین میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری کائنات پر حاکمیت اعلیٰ صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اس کے عطا کردہ اختیارات کو پاکستانی عوام اسلام کی حدود کے اندر رہتے ہوئے استعمال کر سکتے ہیں۔ اور پاکستانی عوام کا فیصلہ ہے کہ انکی ریاست اپنی طاقت اور اختیارات جمہوری اصولوں کے مطابق عوام کی منتخب کردہ پارلیمنٹ کے ذریعہ سے استعمال کرے گی۔ آزادی، مساوات، برداشت اور سماجی انصاف جیسے اصول جن پر اسلام زور دیتا ہے، ان کا لازمی خیال رکھا جائے گا۔

• 13- پاکستان کا آئین یہ بھی تقاضا کرتا ہے کہ ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جس میں

مسلمان اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو قرآن اور سنت کے مطابق اسلامی سانچے میں ڈھال سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آئین اقلیتوں، پسماندہ اور پسے ہوئے طبقات کے جائز مفادات کے مکمل تحفظ کی ضمانت بھی فراہم کرتا ہے۔

• 14- یہ امر بھی اہم ہے کہ ہم پاکستانی اللہ کے ہاں جوابدہی کا احساس اور قیام پاکستان

کے وقت دی گئی قربانیوں کا احترام کرتے ہوئے قائد اعظم محمد علی جناحؒ کے اس اعلان پر کار

بند ہیں کہ پاکستان ایک ایسا جمہوری ملک ہوگا جس کی بنیاد اسلام کے سنہری اصول اور سماجی انصاف کی بنیاد پر ہوگی۔ اور یہ بنیاد ہمیں ہمارا آئین فراہم کرتا ہے۔ تاکہ پاکستانی عوام ترقی کریں اور دنیا میں اپنا جائز اور باوقار مقام حاصل کرتے ہوئے دنیا کے امن اور ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

• 15- معاشرہ یہ مقاصد اس وقت تک حاصل نہیں کرسکتا جب تک متعلقہ قانون سازی

نہ کی جائے اور ادارے قائم نہ کئے جائیں۔ پاکستان کا ریاستی مذہب اسلام ہے اور قرآن و سنت قانون سازی کے بنیادی اور بڑے مآخذ ہیں۔

• 16- اب بات کرتے ہیں سیکشن 295C کی Validity کی۔ یہ قانون ایکٹ

نمبر III کے ذریعہ سے 1986 میں پاکستان پینل کوڈ (تعزیرات پاکستان) 1860 کا حصہ بنایا گیا۔ یہاں ضروری ہے کہ اس قانون کو دوبارہ دیکھا جائے جو پہلے ہی ایک فیصلہ کے تحت حتمی حیثیت اختیار کرچکا ہے۔

"C-295"

# رسول پاک ﷺ کے بارے میں گستاخانہ کلمات کہنا

”اگر کوئی شخص زبانی یا تحریری الفاظ کے ذریعے یا واضح انداز میں یا بذریعہ بہتان طرازی یا بذریعہ طعن آمیز اشارہ، کنایہ، براہ راست یا بالواسطہ طور پر حضور نبی کریم حضرت محمد ﷺ کے اسم

مبارک کی بے حرمتی کرتا ہے، سزائے موت کا مستوجب ہوگا یا اسے تاحیات سزائے عمر قید دی جائے گی اور اسے جرمانہ بھی کیا جاسکے گا۔“

توہین رسالت کا یہ قانون پہلے ہی پارلیمنٹ کے اندر اور اس کے باہر پارلیمانی فورمز پر زیر بحث لا یا جا چکا ہے۔ یہاں تک کہ ایک آئینی عدالت وفاقی شرعی عدالت اس قانون کے تمام پہلوؤں کا قرآن سنت کی روشنی میں بغور جائزہ لے چکی ہے۔ ”محمد اسماعیل

قریشی بنام پاکستان بذریعہ سیکریٹری قانون و پارلیمانی افیئرز پاکستان" [ PLD1991 Fsc page 10 ] کے عنوان سے ایک کیس میں وفاقی شرعی عدالت نے اس قانون کا قرآن وسنت کی روشنی میں تفصیل سے جائزہ لیا اور قرار دیا کہ توہین رسالت کیس میں سزا، موت کے متبادل عمرقید کی سزا اسلامی قوانین کے خلاف ہے۔ اس فیصلہ کے کچھ حصے پیش خدمت ہیں۔

33۔ سب وشتم اور، اذی کے الفاظ قرآن وسنت کے مطابق رسول اللہ ﷺ کی توہین

کے معنوں میں استعمال ہوئے ہیں۔ ''سب'' کے معنی نقصان پہنچانے، توہین کرنے، ہتک عزت اور جذبات کو مجروح کرنے کے ہیں۔ ( Arabic ENGLISH lexicon,E.W,Lane,Book-1,part-1 page 44) جب کہ ''شتم'' کے معنی گالی گلوچ کرنا اور وقار مجروح کرنا ہے (PLD1991 FSC page 26)

66۔ تمام ماہرین قانون اس بات پر متفق ہیں کہ یہ الفاظ تمام انبیاء اکرام کے متعلق

ہیں اور اگر کوئی شخص کسی بھی نبی کی ،کسی بھی انداز میں توہین کرتا ہے تو اس کی سزا موت ہوگی۔

67۔ اس تمام بحث سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ توہین رسالت کی جو سزا پاکستان

پینل کوڈ 1860ء میں درج ہے وہ سزا موت اور عمر قید ہے جو قرآن سنت سے مطابق نہیں رکھتی کیونکہ قرآن وسنت میں توہین رسالت کی سزا صرف موت ہے، عمر قید نہیں ۔اس لئے عمر قید کا لفظ ختم کردینا چاہئے۔ (PLD1991 Fsc page 10)

17۔ پاکستان میں موثر عدالتی نظام موجود ہے۔ جس کے تحت ایسے تمام مقدمات جن

میں سزا موت ہے اور وہ سیشن کورٹ میں Triable ہیں۔ ان میں rocedure code 1898 Chapter XXIIA of Criminal p اور قانون شہادت آرڈر 1984 منصفانہ سماعت کی ضمانت ہے۔ اس قانونی ضمانت سے ہٹ کر بھی اٹھارویں ترمیم کے ذریعے آئین کے Part II میں ہر ملزم کے لئے Fair Trial بنیادی حق قرار دے دیا

گیا ہے۔ آئین کے مطابق اس امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ کسی بھی شہری پر لگنے والے مجرمانہ الزام پر اسے Due process کے ساتھ fair trial کا حق ملے۔ اس نظام عدل میں ہر ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قانونی معاونت حاصل کرے اور اپنا دفاع کرے۔ کوئی شخص یا ملزم خود قانونی دفاع یا اپنی پسند کے قانونی ماہر سے قانونی معاونت کے حق سے انکار بھی نہیں کرسکتا۔ آئین کے دفعہ 10 کی شق 1 کے مطابق کسی بھی ملزم کی سزائے موت پر اس وقت تک عمل درآمد نہیں ہوسکتا جب تک ہائی کورٹ کا ڈویژنل بینچ اس کی توثیق نہ کردے۔

Criminal Procedure Code 1898 کے section 374 میں یہ امر وضاحت کے ساتھ موجود ہے۔ ”374: جب سیشن کورٹ کسی شخص کو سزائے موت سنادے تو یہ مقدمہ ہائی کورٹ میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس وقت تک سزا پر عمل درآمد نہیں ہوسکتا جب تک ہائی کورٹ سزائے موت کی توثیق نہ کردے ۔“

18- اگر کسی ملزم کو سیشن جج یا اڈیشنل سیشن جج کی عدالت سے سزا ہو جائے تو وہ Criminal Procedure Code 1898 کے سیکشن 410 کے تحت ہائی کورٹ میں اپیل کرسکتا ہے۔ کسی ملزم کی اس سطح پر بریت کی صورت میں صوبائی حکومت پبلک پراسیکیوٹر کو Criminal Procedure Code 1898 کے سیکشن 417 کے تحت ہائی کورٹ میں اپیل کی ہدایت کرسکتی ہے۔ ہائی کورٹ کے سوا کسی بھی عدالت سے بریت کا حکم جاری ہونے پر اس سے متاثرہ فریق سیکشن 417 کی ذیلی شق A-2 کے تحت ہائی کورٹ میں اپیل کرسکتا ہے۔

19- مقدمہ جو ہائی کورٹ میں سیکشن 374 کے تحت آیا ہو۔ Criminal Procedure Code 1898 کے سیکشن 376 کے تحت ہائی کورٹ اس میں سزا کی توثیق کرسکتی ہے یا کوئی نئی سزا دے سکتی ہے۔ یا اسی الزام میں یا کسی دوسرے الزام میں دوبارہ سماعت کا حکم دے سکتی ہے۔

یہاں اس امر کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے کہ بعض لوگ پروپیگنڈہ کے زیر اثر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ایک غلط تصویر پیش کرتے ہیں کہ عالمی معیار کے مطابق نہیں یا پھر ا بنیاد اور غلط ہے۔ اس حوالہ سے قری of criminal of 1974) سزائے موت کے حوالہ سے یہی طریق "366۔ سیشن کورٹ اگر میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس وقت ت موت کی توثیق نہ کردے۔"

اس سے موازنہ کی خاطر 374" procedure code 1898۔ سیشن کورٹ اگر میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس وقت ت موت کی توثیق نہ کردے۔"

اس سے یہ ثابت ہوتا ہ Code 1898 اور بھارت کے 1973(Act 2 of 1974) پاکستان کا قانون مقدمات کی سماع ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ cedure نے نہیں بنایا بلکہ یہ پہلے سے انگریز و

20- کسی بھی ملزم یا مجرم 1898 کی شق A-411 کے تحت ہ بھی ملزم یا مجرم یا کسی بھی متاثرہ فر

ماہنامہ مسیحائی کراچی 468

امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ کسی بھی شہری پر لگنے والے مجرمانہ م کے ساتھ fair trial کا حق ملے۔ اس نظام عدل میں انونی معاونت حاصل کرے اور اپنا دفاع کرے۔ کوئی شخص یا کے قانونی ماہر سے قانونی معاونت کے حق سے انکار بھی نہیں شق 1 کے مطابق کسی بھی ملزم کی سزا موت پر اس وقت تک ہائی کورٹ کا ڈویژنل بینچ اس کی توثیق نہ کردے۔

Criminal Procedur کے section 374 میں ہے: "374: جب سیشن کورٹ کسی شخص کو سزائے موت میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس وقت تک سزا پر عمل درآمد نہیں موت کی توثیق نہ کردے۔"

جج یا ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت سے سزا ہو جائے تو وہ Criminal Pr کے سیکشن 410 کے تحت ہائی کورٹ کی اس سطح پر بریت کی صورت میں صوبائی حکومت پبلک Criminal Procedur کے سیکشن 417 کے تحت سکتی ہے۔ ہائی کورٹ کے سوا کسی بھی عدالت سے بریت متاثرہ فریق سیکشن 417 کی ذیلی شق A-2 کے تحت ہائی

میں سیکشن 374 کے تحت آیا ہو۔ Criminal P کے سیکشن 376 کے تحت ہائی کورٹ اس میں سزا کی دے سکتی ہے۔ یا اس الزام میں یا کسی دوسرے الزام

کہنا بھی ضروری ہے کہ بعض لوگ پروپیگنڈہ کے زیر اثر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۰ء 469 ماہنامہ مسیحائی کراچی

ایک غلط تصویر پیش کرتے ہیں کہ پاکستان کا procedural قانون انسانی حقوق کے عالمی معیار کے مطابق نہیں یا پھر انہیں عالمی سطح پر تسلیم نہیں کیا جاتا۔ یہ تاثر سراسر بے بنیاد اور غلط ہے۔ اس حوالہ سے قریب ترین مثال بھارت کی پیش کی جاسکتی ہے۔ جہاں (Chapter XXVIII کے Code of criminal of 1974 میں بھی) سزائے موت کے حوالہ سے یہی طریقہ کار دیا گیا ہے۔

"366۔ سیشن کورٹ اگر کسی شخص کو سزائے موت سنا دے تو یہ مقدمہ ہائی کورٹ میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس وقت تک سزا پر عمل درآمد نہیں ہو سکتا جب تک ہائی کورٹ سزا موت کی توثیق نہ کردے۔"

اس سے موازنہ کی خاطر اگر ہم پاکستان کے قانون کو دیکھیں تو criminal procedure code 1898 کی دفعہ 374 بھی یہی کچھ کہتی ہے۔

"374۔ سیشن کورٹ اگر کسی شخص کو سزائے موت سنا دے تو یہ مقدمہ ہائی کورٹ میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس وقت تک سزا پر عمل درآمد نہیں ہو سکتا جب تک ہائی کورٹ سزا موت کی توثیق نہ کردے۔"

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان کے Criminal Procedure Code 1898 اور بھارت کے Criminal Procedure Code of 1974 (Act 2 of 1974) میں لفظوں کا بھی فرق نہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ پاکستان کا قانون مقدمات کی سماعت کے عالمی معیار کے مطابق ہے۔ یہاں افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ Code of Criminal Procedure آزادی کے بعد ہم نے نہیں بنایا بلکہ یہ پہلے سے انگریزوں کا بنایا ہوا ہے۔

20۔ کسی بھی ملزم یا مجرم کے لیے Criminal Procedure Code

1898 کی شق A-411 کے تحت ہائی کورٹ میں اپیل کی گنجائش موجود ہے۔ اسی طرح کسی بھی ملزم یا مجرم یا کسی بھی متاثرہ فریق کو آئین پاکستان کے آرٹیکل 185 کی ذیلی شق 2 کے

پیراگراف A کے تحت پاکستان کی اعلیٰ ترین عدالت میں اپیل کا حق بھی حاصل ہے۔ اس شق کے تحت سپریم کورٹ میں ایسے تمام مقدمات میں اپیل کی جاسکتی ہے جن میں ہائی کورٹ فیصلہ دے چکی ہو۔

• 21- یہاں تک کہ سپریم کورٹ، یا کسی بھی دوسری عدالت یا ٹربیونل کی طرف سے حتمی

فیصلہ کے بعد بھی آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت صدر پاکستان کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی عدالت، ٹربیونل یا اتھارٹی کی طرف سے دی گئی کسی بھی سزا کو معاف کر دے، معطل کر دے، ملتوی کر دے، تبدیل کر دے، عملدرآمد روک دے یا اس میں کمی کر دے۔ صدر کا یہ اختیار عدالتی عمل سے بھی توثیق پا چکا ہے۔ (عبدالمالک بنام سٹیٹ ( PLD 2006 SC 365). اس مقدمہ میں مجھے (بابر اعوان) بطور وکیل یہ اعزاز حاصل ہے کہ میں نے عدالت کی معاونت کی تھی۔ چیف جسٹس افتخار محمد چودھری کے زیر قیادت اس بینچ میں مسٹر جسٹس رانا بھگوان داس، مسٹر جسٹس فقیر محمد کھوکھر، مسٹر جسٹس ایم جاوید بٹر اور مسٹر جسٹس تصدق حسین جیلانی شامل تھے۔ عدالت عظمیٰ نے اپنے فیصلہ میں قرار دیا تھا کہ صدر کا یہ اختیار آئین کے آرٹیکل کی روح کے خلاف نہیں ہے۔

• 22- اوپر دی گئی بحث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان پینل کوڈ 1860 کی شق

C-295 کے تحت توہین رسالت پر موت کی سزا اسلام کے عین مطابق اور قرآن وسنت سے اخذ کردہ ہے۔ اس میں کسی تبدیلی یا ترمیم کی کوئی ضرورت نہیں۔ پیراگراف (1) میں بیان کردہ تمام ریفرنسز منفی اور قانون کی غلط تشریح پر مبنی ہیں۔ آئین کے آرٹیکل 9 کے مطابق کسی شخص کی زندگی اور آزادی کو دوسروں پر ترجیح حاصل نہیں۔ اور آئین کی شق 25(1) کے تحت تمام شہری قانون کی

نظر میں برابر ہیں اور یکساں طور پر قانونی تحفظ کے حقدار ہیں۔ لہٰذا C-295 کے تحت مقدمات سیشن کورٹ میں ہی قابل سماعت ہیں، اس کے لئے کسی خصوصی عدالت کی بھی ضرورت نہیں۔

• 23- ایک اور معاملہ جس پر مختصر بات ضروری ہے، وہ ہے پاکستان میں مذہب کی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

آزادی۔ پاکستان کا آ مذہبی ادارے بنانے کو ا ہو۔ آئین پاکستان کے جاتی ہے کہ ہر شہری مذ ہوگا۔"
اور پیراگراف ( چلانے کا حق ہوگا۔" او یہ سب قانون، امن عا

• 24- پاکستان ایک

فلاحی ریاست ہے جس کے سبب آج تک بین ثبوت ہے کہ اس

• 25- وزارت

Executive کو ک Code 1898 REMEDY عام چیلنج کر سکتی ہیں۔

• 26- وزارت

طور پر تبدیلی کی درخو

• 27- وزارت

ایک کاپی الگ سے تمام ڈویژنز اور ح میں وزارت قانو پاکستان کے رولز آ

آزادی۔ پاکستان کا آئین ہر کسی کے لئے آزادانہ طور پر کوئی بھی مذہب اختیار کرنے اور مذہبی ادارے بنانے کو اس کا بنیادی حق تسلیم کرتا ہے، جو ملکی قانون کے دائرہ کے اندر ہو۔ آئین پاکستان کے آرٹیکل 20 کے پیراگراف A کے مطابق ”اس امر کی ضمانت دی جاتی ہے کہ ہر شہری مذہب اختیار کرنے ، اس پر عمل کرنے، اور اس کی تشہیر کرنے میں آزاد ہوگا ہ“ اور پیراگراف B کے مطابق ”ہر مذہب کے ہر فرقہ کو اپنے مذہبی ادارے بنانے اور چلانے کا حق ہوگا۔“ اور یہ آزادی عالمی اصولوں اور قوانین کے عین مطابق ہے۔ مگر بہرحال یہ سب قانون، امن عامہ اور اخلاقیات کے مطابق ہوگا۔

• 24- پاکستان ایک انتہائی ذمہ دار اور اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریوں کے حوالہ سے با

صلاحیت ریاست ہے۔ اور مقدمات کی سماعت کے حوالہ سے ایک قابل اعتماد نظام رکھتا ہے جس کے سبب آج تک اس قانون کے تحت ایک بھی سزائے موت نہیں ہوئی جو اس امر کا بین ثبوت ہے کہ اس ملک میں عدالتی نظام کس قدر مستحکم ہے۔

• 25- وزارت داخلہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ قانونی راستہ اختیار کرے۔

Executive کو کسی ایکشن کی ضرورت نہیں۔ مسمات آسیہ نورین کو Criminal Procedure Code 1898 کی شق 410 کے تحت پہلے ہی قانونی طور پر REMEDY حاصل ہے۔ وہ ہائی کورٹ میں اپیل کر کے عدالت کے فیصلہ اور اپنی سزا کو چیلنج کر سکتی ہیں۔

• 26- وزارت اقلیتی امور کی جانب سے وزیر اعظم کو توہین رسالت قانون میں فوری

طور پر تبدیلی کی درخواست بھی حقیقت پر مبنی نہیں ہے۔ لہٰذا اس پر کوئی ایکشن نہ لیا جائے۔

• 27- وزارت خارجہ کو Briefing Material کی ضرورت ہے۔ اس جائزہ کی

ایک کاپی الگ سے وزارت خارجہ کو ارسال کر دی گئی ہے۔ تجویز کیا جاتا ہے کہ وزیر اعظم تمام ڈویژنز اور متعلقہ حلقوں کو ہدایت جاری کریں کہ وہ آئینی اور قانونی معاملات میں وزارت قانون کی رائے لئے بغیر تبصرہ آرائی سے گریز کریں۔ یہ 1973 کے حکومت پاکستان کے رولز آف بزنس کے تحت لازمی ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

دستخط ڈاکٹر ظہیر الدین بابر وزیر قانون، انصاف و پارلیمانی امور

# وزیر اعظم سیکریٹریٹ اسلام آباد

## عنوان: پاکستان میں توہین رسالت کے سلسلہ میں اٹھنے والے سوالات کا تفصیلی جائزہ

• 28- وزیر اعظم پاکستان نے وزیر قانون وانصاف و پارلیمانی امور کی تجاویز کی بخوشی منظوری دیدی ہے۔ تمام متعلقہ وزارتوں کو ضروری اقدامات کی ہدایت کی جاتی ہے۔ منظور شدہ تجاویز کی کاپی الگ سے ارسال ہے۔

دستخط خوشنود اختر لاشاری پرنسپل سیکریٹری برائے وزیر اعظم پاکستان 08-02-2011 ڈائری نمبر - PSP,M/m/2011/611

# شہیدان حرمت رسول

## غازی منظور حسین شہید.......غازی عبدالعزیز شہید

محمد طیب طوفانی ، سرائے نورنگ

حضور نبی کریم ﷺ کی عزت وحرمت پر جانیں نثار کرنے والے ابطالِ ملت کی داستانوں میں مردہ دلوں کو زندگی بخشنے کا سامان موجود ہے۔ ناموس رسالت ﷺ پر اپنے آپ کو قربانی کے لیے پیش کرنا اور اپنا سب کچھ لٹا دینا، ایک جذبہ ہے، جو بدر کے میدان میں گستاخ رسول ابو جہل کے مقابلے کے لیے صف آراء ہونے والے ننھے منے معاذؓ و معوذؓ کے روشن سینوں سے اٹھا۔ اور آج بھی ملت محمدیہ کے بچے بچے کے سینے میں زندہ ہے۔ یہ ایک مبارک رسم ہے جو صدیق اکبرؓ کے بلند کردار سے جاری ہوئی اور آج بھی ایمان والے نبھا رہے ہیں۔ یہ ایک تابندہ روایت ہے جس نے صدیوں پہلے دلوں میں جنم لیا، ہاتھوں سے سرزد ہوئی اور جرأت و بہادری کی ناقابل فراموش تاریخ رقم کرتی ہوئی بارہا زندہ جاوید ہے۔ مشرق سے لے کر مغرب تک، شمال سے لے کر جنوب تک، عرب و عجم میں، اسود واحمر میں، بستیوں اور وادیوں میں، دشت وجبل میں، کوہ و دمن میں، افریقہ و امریکہ میں، یورپ و ایشیا میں، ہزاروں وفا شعار ایسے گزرے ہیں جنھوں نے محمد عربی ﷺ کی حرمت و ناموس پر اپنی جانیں وار دیں۔ ہم یہاں پر ان عاشقانِ رسول ﷺ میں شامل خوش بخت و خوش نصیب نوجوان حضرت مولانا منظور حسین شہیدؒ اور آپ کے رفقاء کا تذکرہ کریں جن کی مرقدیں اپنے آبائی علاقے چکوال سے سینکڑوں کلومیٹر دور ضلع لکی مروت کے فقیران قبرستان میں ہیں۔ اور آج بھی زبان حال سے پکار پکار کر ناموس محمد عربی ﷺ پر جانیں قربان کرنے کی دعوت دے رہی ہیں۔ ہم

جب ان مقدس و محترم شہداء کے مزار پر انوار پر ایصال ثواب کے لیے جارہے تھے تو وہاں پر ایک P.T.C ماسٹر صاحب نے کہا کہ ان حضرات کی شہادت و تدفین کے بعد جب مولانا منظور حسینؒ کے

والد و دیگر حضرات ان کو یہاں سے نکال کر وہاں اپنے آبائی علاقے میں لے جانے کے لیے آئے اور حضرت قاضی مولانا منظور حسین کی قبر کو کھولا تو آپ کے چہرہ مبارک کے ساتھ تازہ گلاب کے پھول کا ہار تھا تو جب انہوں نے یہ دیکھا تو یہاں سے منتقل کرنے کا ارادہ ملتوی کر دیا اور قبر پھر بند ہی کر لی۔ واللہ اعلم بالصواب

مولانا غازی منظور حسین ۱۹۰۴ء میں ضلع چکوال کی بستی "بھیں" میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد محترم مولانا ابوالفضل محمد کرم الدین مرحوم کی پنجاب میں بہت شہرت تھی، ان کا تعلق ایک معروف علمی گھرانے سے تھا۔ غازی منظور حسین نے بی اے تک باقاعدہ انگریزی تعلیم حاصل کی۔ کالج کی زندگی میں آپ کو جسمانی قوت بڑھانے کا بہت شوق تھا۔ اس میں آپ نے مہارت حاصل کی۔ کہا جاتا ہے کہ موٹر کار کو آپ سامنے سینے سے لگا کر مضبوطی سے پکڑ لیتے تھے اور پھر خواہ کتنی رفتار سے چلائی جائے روک سکتے تھے۔ لوہے کی دو نصف انچ موٹی سلاخوں کو جوڑ کر اپنے بازو پر لپیٹ لیتے تھے اور ایک انچ موٹی سلاخ گردن سے لپیٹتے تھے۔ کھڑے ہو کر ننگی چھاتی پر وزنی ہتھوڑوں کی ضربیں لگواتے تھے۔ ہاتھوں کی دو انگلیوں میں انڈے کو نوک کے بل رکھ کر توڑ ڈالتے تھے۔ اس قسم کے غیر معمولی قوت کے کرشموں کا آپ نے بہت دفعہ مظاہرہ کیا تھا۔ گارڈن کالج راولپنڈی سے فارغ ہونے کے بعد بھی آپ نے پہلوانی کا سلسلہ جاری رکھا۔ لیکن بعد میں قرآن حکیم کی تلاوت اور اسلامی تاریخی کتب کے مطالعہ نے آپ کے دل میں زبردست انقلاب برپا کر دیا تھا۔ انگریزوں کی تہذیب سے سخت نفرت ہو گئی۔ فرنگی اقتدار کے کسی اثر کو آپ برداشت نہ کرتے تھے اغیار کی غلامی میں رہنا آپ کے لیے سخت مشکل ہو گیا۔ آپ نے پہلے اپنی اصلاح کی اور شریعت کے سانچے میں ڈھل گئے۔ کالج میں چونکہ عربی پڑھی

تھی۔ اس لیے قرآن وحدیث سے استفادہ آسان تھا۔ والد مرحوم سے فقہ و حدیث کی بعض کتابیں پڑھ لیں اور تبلیغ دین بھی شروع کر دی۔

جہاد بالسیف کا جذبہ آپ پر غالب تھا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہادت کا حصول آپ کی سب سے بڑی خواہش تھی۔

۱۹۳۸ء میں مولانا قاضی منظور حسین شہیدؒ نے خاکساروں کی طرز پر ان کے مقابلے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء میں ایک نئی تنظیم کی داغ بیل ڈالی اور لائحہ عمل کے طور پر ایک پمفلٹ ”خدا یہ ہر لحاظ سے رضا کار فورس تھی۔ اس جاتا کہ معزز رکن کسی طور بھی اپنی تنظیمی حلف وفاداری ہوا کرتا تھا۔ یہ تنظیم ا چکوال، نزدیکی قصبات اور ارد گرد حسین شہیدؒ کے غازی مرید حسین شہ کے جذبات کو مزید مہمیز عطا کی تھی۔ کو جہنم واصل کیا تھا اور پھر ۲۴ ستمب ”ماہنامہ سبحانی“ ختم نبوت نمبر صفحہ ۸ ۱۹۴۱ء میں تھانہ ڈوہمن کے ڈ SDO چکوال مقیم تھا۔ یہ ریسٹ ہے۔ اس بدطینت کی مہاشہ راجپا رسید کیا تھا، قریبی رشتہ داری تھی، مآب ﷺ میں گستاخانہ الفاظ بک قاضی صاحبؒ اپنے ایک مخلص سا کے گھر گئے اور اس کی پیشانی پر پچھ نے سات برچھیاں لگائیں۔ اس مردود ولعین کے قریب اس کی بیوہ ”ہم نے توہین رسول ﷺ کا غیرت نہیں ہوئے کہ تاجدار مدین سے نپٹنے کو ابھی غازی مرید حسین گستاخ رسول چوہدری کھیم سلامت نکل آئے اور علاقہ غیر

میں ایک نئی تنظیم کی داغ بیل ڈالی اور اس کا نام ”خدام اسلام“ رکھا۔ ”خدام اسلام“ کے لائحہ عمل کے طور پر ایک پمفلٹ ”خدام اسلام میدان عمل میں“ کے عنوان سے شائع کیا۔ یہ ہر لحاظ سے رضا کار فورس تھی۔ اس کی باقاعدہ پریڈ ہوتی اور زیادہ زور اس بات پر دیا جاتا کہ معزز رکن کسی طور بھی اپنی تنظیمی رازوں کا کہیں انکشاف نہ کریں۔ اس لیے باقاعدہ حلف وفاداری ہوا کرتا تھا۔ یہ تنظیم اگرچہ دور دور تک تو نہ پھیل سکی لیکن اس کا دائرہ اثر چکوال، نزدیکی قصبات اور ارد گرد کے دیہات میں نہایت وسیع تھا۔ غازی مولانا منظور حسین شہیدؒ کے غازی مرید حسین شہیدؒ سے دوستانہ مراسم تھے اور ان کی شہادت نے آپ کے جذبات کو مزید مہمیز عطا کی تھی۔ (غازی مرید حسین شہیدؒ نے گستاخ رسول رام گوپال کو جہنم واصل کیا تھا اور پھر ۲۴ ستمبر ۱۹۳۷ء بروز جمعۃ المبارک آپ کو پھانسی دی گئی ”ماہنامہ مسیحائی“ ختم نبوت نمبر صفحہ ۵۸۷ پر آپ کے حالات تفصیلات درج ہے)

۱۹۴۱ء میں تھانہ ڈوہمن کے ڈاک بنگلہ میں ایک متعصب ہندو چوہدری کھیم چند SDO چکوال مقیم تھا۔ یہ ریسٹ ہاؤس چکوال سے جہلم روڈ پر خانپور کے قریب واقع ہے۔ اس بدطینت کی مہاشہ راجپال آریہ سماجی سے جس کو غازی علم دین شہیدؒ نے جہنم رسید کیا تھا، قریبی رشتہ داری تھی۔ اس کمینہ فطرت دین دریدہ ہندو نے شان رسالت مآب ﷺ میں گستاخانہ الفاظ بکے تھے۔ اس بدبخت کو گستاخی کا مزہ چکھانے کے لیے قاضی صاحبؒ اپنے ایک مخلص ساتھی ماسٹر عبدالعزیز کے ہمراہ رات کی تاریکی میں اس کے گھر گئے اور اس کی پیشانی پر پستول کا فائر کر دیا۔ گولیاں مارنے کے بعد ماسٹر صاحب نے سات برچھیاں لگائیں۔ اتنے میں گستاخ نبی اپنے منطقی انجام کو پہنچا چکا تھا۔ مقتول مردود و لعین کے قریب اس کی بیوی سوئی ہوئی تھی۔ دونوں مجاہدین نے اسے صرف اتنا کہا: ”ہم نے توہین رسول ﷺ کا بدلہ لے لیا ہے ...... کچھ بھی ہو مگر مسلمان ابھی

اتنے بے غیرت نہیں ہوئے کہ تاجدار مدینہ ﷺ کی بے عزتی پر خاموش بیٹھے رہیں۔ دشمنان رسل سے نمٹنے کو ابھی غازی مرید حسین شہیدؒ کے ساتھی زندہ ہیں۔

گستاخ رسول چوہدری کھیم چند ہندو کو ٹھکانے لگا کر دونوں دوست وہاں سے بہ سلامت نکل آئے اور علاقہ غیر یعنی قبائل میں چلے گئے۔ جہاں آپ حضرت بادشاہ گل

خلف مجاہد اعظم حاجی ترنگزئی کے پاس مقیم ہو گئے کچھ مدت ایک مجاہد رہنما حضرت فقیر ایپی حاجی میرزعلی خانؒ کے پاس بھی بسر کی۔ ادھر یہ ہوا کہ آپ کے غائب ہو جانے کے بعد والد صاحب مرحوم اور دیگر بعض رشتہ داروں و احباب کو پولیس نے بغرض تفتیش اپنی حراست میں لے لیا اور غازیؒ کے اس جرات مندانہ اقدام کا سارا بوجھ آپ کے والد محترم قاضی محمد کرم الدین کے سر آگیا حالانکہ غازیوں نے کسی کو اس راز سے مطلع نہیں کیا تھا اور نہ ہی علاقہ غیر جانے کا بتایا تھا۔ مکانات اسباب ضبط کر لیے گئے اور پولیس نے مولانا مرحوم پر دفعہ ۱۸۲ کے تحت ایک مقدمہ دائر کر دیا۔ ان تمام معاملات کے باوجود والد محترم کو سب سے زیادہ مولانا منظور حسین کی روپوشی کی فکر تھی، لیکن بعد میں جب خیر و خیریت کی خبر آ گئی تو آپ کو کچھ اطمینان ہو گیا۔

قبائلی علاقہ میں رہتے ہوئے آپ کے عزائم بہت بلند تھے اور چاہتے تھے کہ بزور طاقت کشمیر فتح کریں اور اس کے لیے آپ نے ایک منصوبہ بھی بنایا، مگر پھر ایک سال وہاں قیام کرنے کے بعد بعض عزائم کے پیش نظر اپنے دیگر ساتھیوں کی معیت میں وطن کی طرف لوٹے ...... سرفروش غازیوں کی یہ مختصر جماعت رائفلوں سے مسلح تھی۔ وزیرستانی قبائل سے ہوتے ہوئے آپ نے بنوں کی سرحد کو عبور کیا اور موضع عباسیہ ضلع لکی مروت کے قریب ایک جگہ آرام کے لیے ٹھہرے وہاں سے ماسٹر عبدالعزیز اور ایک دوسرے رفیق کو نزدیک کی بستی سے کھانا لانے کے لیے بھیجا گیا۔

اتنے میں کسی بدبخت مخبر نے پولیس کو اطلاع دے دی۔ چنانچہ دونوں کو وہاں سے گرفتار کر لیا گیا اور دو سب انسپکٹر پولیس کی مسلح نفری اور پبلک کی جمعیت ساتھ لے کر مولانا منظور حسین کے مقابلہ کے لیے نکلے۔

ادھر ان حضرات پر پہاڑوں کا طویل و پرمشقت سفر طے کرنے کی وجہ سے تھکاوٹ غالب تھی گرمی کا موسم تھا۔ آپ ایک درخت کی ٹھنڈی چھاؤں میں رفقاء سمیت گہری نیند سو رہے تھے۔ پولیس نے ان مجاہدین اسلام و عاشقان ختم النبیین ﷺ کو بیدار ہونے کا موقع ہی نہ دیا اور بے خبری میں ان پر گولیوں کی بوچھاڑ کر دی...... اور یوں ۱۹۴۴ء کے ماہ جولائی کے ایک گرم دن ان مجاہدوں کی سعید و نیک روحوں نے قفس عنصری سے نجات پایا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اور عالم بالا کو پرواز کر گئیں۔

ضلع لکی مروت بازار کے قری کے بالکل نزدیک مولانا قاضی م اور لوح مزار پر اس شہید راہ وفا خدا رحمت کند ایں شہیدان پا غازی مولانا قاضی منظور حسین تھے۔ میٹرک پاس کرنے کے بع تھے۔ مولوی قاضی منظور حسین کی روح پھونک دی اور ہمہ تن جہاد شریک ہوئے اور علاقہ غیر میں چ صاحب موصوف کو چکوال لایا گیا آپ کو سزائے موت کا حکم ہوا ۔ رہے۔ شب و روز ذکر و شغل میں زندہ دنیا میں واپس نہ جاؤں بلکہ پھانسی ہونے سے ایک روز فرمائی اور ان کو صبر کی تلقین فرما لیکن بلند آواز سے نہایت اطمینا تختہ دار پر لٹک گئے۔

اور عالم بالا کو پرواز کر گئیں۔

ضلع لکی مروت بازار کے قریب ہی واقع بڑے قبرستان فقیران میں موجود ایک مسجد کے بالکل نزدیک مولانا قاضی منظور حسین شہید اور اس کے ساتھیوں کی قبریں موجود ہے اور لوح مزار پر اس شہید راہ وفا کے زندگی کے مختصر احوال تحریر ہیں۔

خدا رحمت کند ایں شہیدان پاک طینت را

غازی مولانا قاضی منظور حسین شہید کے دوست ماسٹر عبدالعزیز چکوال کے باشندے تھے۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد اسکول میں ملازمت اختیار کر لی۔ باہمت اور دلیر جوان تھے۔ مولوی قاضی منظور حسین کی رفاقت و صحبت نے آپ کے اندر جہاد فی سبیل اللّٰہ کی روح پھونک دی اور ہمہ تن جہاد کی تیاریوں میں لگ گئے۔ چوہدری حکیم چند کے قتل میں شریک ہوئے اور علاقہ غیر میں بھی مولانا منظور حسین کے ہمراہ رہے گرفتاری کے بعد ماسٹر صاحب موصوف کو چکوال لایا گیا اور ایس ڈی او مذکور کا مقدمہ چلایا گیا اس کے نتیجے میں آپ کو سزائے موت کا حکم ہوا۔ لاہور سینٹرل جیل میں چند ماہ تک پھانسی کی کوٹھڑیوں میں رہے۔ شب و روز ذکر و شغل میں مصروف رہتے اور آپ کی قلبی خواہش و تمنا یہی تھی کہ زندہ دنیا میں واپس نہ جاؤں بلکہ اپنے شہداء ساتھیوں سے جا ملوں۔

پھانسی ہونے سے ایک روز پہلے اپنے عزیز و اقارب سے بڑی بشاشت سے ملاقات فرمائی اور ان کو صبر کی تلقین فرمائی۔ صبح کو جب پھانسی کے لیے نکلے تو راستے میں سورۂ یٰسین بلند آواز سے نہایت اطمینان کے ساتھ تلاوت کرتے رہے اور نعرۂ تکبیر بلند کر کے تختۂ دار پر لٹک گئے۔

# گستاخان رسول کا انجام اور ان کو ٹھکانے لگانے والے خوش نصیب افراد

## (عہد رسالت سے لے کر دور حاضر تک)

محمد طیب طوفانی، سرائے نورنگ

گستاخ کا نام انجام/قتل کرنے والے کا نام سن وقوعہ ابی ابن خلف نبی کریم ﷺ ۳ھ بشر منافق حضرت عمرؓ ...... عقبہ بن ابی معیط حضرت علیؓ ۲ھ ابو لہب موذی بیماری میں مر گیا ...... اروہ زوجہ ابو لہب فرشتے نے گلا گھونٹ دیا ...... ابو جہل دو ننھے مجاہدوں معاذ و معوذؓ نے قتل کیا ۲ھ ولید بن مغیرہ مخزومی بدر میں ایک مسلمان کی تلوار سے ناک کٹ گئی ۲ھ امیہ بن خلف حضرت بلالؓ ۲ھ نضر بن حارث حضرت علیؓ ۲ھ عصماء (یہودی عورت) نابینا صحابی عمیر بن عدیؓ ۲ھ ابو عَفَک حضرت سالم بن عمیرؓ ۳ھ کعب بن اشرف حضرت ابو نائلہؓ ۳ھ ابو رافع حضرت عبداللہؓ ۳ھ ابو عزہ جمحی حضرت عاصم بن ثابتؓ ۳ھ حارث بن طلال حضرت علیؓ ۸ھ ابن خطل حضرت ابو برزہؓ ۸ھ حویرث نقید حضرت علیؓ ۸ھ قریبہ (گستاخ باندی) فتح مکہ کے موقع پر قتل ہوئی ۸ھ نامعلوم گستاخ حضرت زبیرؓ ...... ایک گستاخ عورت صدیق اکبرؓ کے گورنر نے دانت اکھاڑ دیے ...... ایک گستاخ شخص خلیفہ ہادی نے قتل کروا دیا ......

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء گستاخ کا نام ریجی فائنڈ (عیسائی گورنر) دو گستاخ عیسائی ابراہیم فرازی یولو جکس پادری فلورا (عیسائی عورت) میری (عیسائی عورت) پادری پر فیکٹس اسحاق پادری

سانکو پادری جرمیاس پادری جانتیوس پادری بیسی نند پادری پولوس پادری تھیوڈو میری پادری آئیزک پادری راجپال نتھو رام ڈاکٹر رام گوپال چرن داس شردھانند چنپل سنگھ

# ٹھکانے لگانے والے خوش نصیب افراد

سے لے کر دور حاضر تک ) محمد طیب طوفانی ، سرائے نورنگ

نام / قتل کرنے والے کا نام سن وقوعہ نبی کریم ﷺ ۳ھ حضرت عمرؓ ...... حضرت علیؓ ۲ھ موذی بیماری میں مر گیا ...... فرشتے نے گلا گھونٹ دیا ...... مجاہدوں معاذ و معوذؓ نے قتل کیا ۲ھ ایک مسلمان کی تلوار سے ناک کٹ ۲ھ گئی حضرت بلالؓ ۲ھ حضرت علیؓ ۲ھ نابینا صحابی عمیر بن عدیؓ ۲ھ حضرت سالم بن عمیرؓ ۳ھ حضرت ابو نائلہؓ ۳ھ حضرت عبداللہؓ ۳ھ حضرت عاصم بن ثابتؓ ۳ھ حضرت علیؓ ۸ھ حضرت ابو برزہؓ ۸ھ حضرت علیؓ ۸ھ مکہ کے موقع پر قتل ہوئی ۸ھ حضرت زبیرؓ ...... مصر کے گورنر نے دانت اکھاڑ دیے ...... خلیفہ ہادی نے قتل کروا دیا ......



گستاخ کا نام انجام / قتل کرنے والے کا نام سن وقوعہ ریجی نالڈ (عیسائی گورنر) سلطان صلاح الدین ایوبی ...... دو گستاخ عیسائی سلطان نور الدین زنگی نے قتل کروائے ۵۷۷ء ابراہیم فرازی قاضی ابن عمرو کے حکم پر قتل کیا گیا ...... یولوجیس پادری فرزند عبدالرحمن اندلس ۸۵۹ء فلورا (عیسائی عورت) حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء میری (عیسائی عورت) حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء پادری پرفیکٹس قاضی اندلس نے قتل کروا دیا ...... اسحاق پادری حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء سانچو پادری حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء جرمیاس پادری حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء حابشیوس پادری حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء سیسی نند پادری حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء پولوس پادری حاکم اندلس عبدالرحمن نے قتل کروا دیا ۸۵۱ء تھیوڈو میری پادری حاکم اندلس

نے قتل کروا دیا ...... آئیزک پادری قاضی اندلس نے قتل کروا دیا ...... راجپال غازی علم دین شہیدؒ ۱۹۲۹ء نتھو رام غازی عبدالقیوم شہیدؒ ۱۹۳۴ء ڈاکٹر رام گوپال غازی مرید حسین شہیدؒ ۱۹۳۶ء چرن داس میاں محمد شہیدؒ ۱۹۳۷ء شردھانند غازی قاضی عبدالرشیدؒ ۱۹۲۶ء چنچل سنگھ صوفی عبداللہ شہیدؒ ۱۹۳۸ء

ماہنامہ مسیحائی کراچی 480 حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء گستاخ کا نام انجام / قتل کرنے والے کا نام سن وقوعہ پالامل سنار حافظ محمد صدیق شہیدؒ ۱۹۳۴ء میجر ہردیال سنگھ بابو معراج دین شہیدؒ ۱۹۳۲ء کلکتہ میں ایک گستاخ امیر احمد شہیدؒ، عبداللہ شہیدؒ ...... عبدالحق قادیانی حاجی محمد مانکؒ ۱۹۲۷ء بھوش عرف بھوشو بابا عبدالمنان مدظلہ ۱۹۳۷ء چوہدری کھیم چند منظور حسین شہیدؒ، عبدالعزیز شہیدؒ ۱۹۳۱ء ایک گستاخ سکھ غازی عبدالرحمن شہیدؒ ...... رام داس مہر محمد امین، چوہدری محمد اعظم ۱۹۳۶ء ایک گستاخ سکھ غازی محمد اعظم ...... نینو مہاراج عبدالخالق قریشی ۱۹۳۶ء لیکھرام آریہ سماجی نامعلوم مسلمان ...... ویر بھان غیرت مند مسلمان ۱۹۳۵ء اپل سنگھ غازی غلام محمد شہید ...... پادری سیموئیل غازی زاہد حسین ۱۹۱۶ء نعمت احمر عیسائی غازی محمد فاروق ۱۹۹۴ء (مرسلہ: محمد طیب طوفانی، سرائے نورنگ)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

# حاسدوں کی شرار

مو ایک معروف مغربی ویب ۔ بھر کے مسلمانوں کی غیرت ایمانی کو ایک ان کے قلوب اس قدر سیا سب سے زیادہ قابل احترام شخصیت احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو (نعو ثبوت دیتے ہیں کہ بظاہر انسانی شکل قرآن کریم کی اس آیت مبارکہ ”اولئ کی طرح ہیں بلکہ چوپایوں سے زیادہ ہیں۔

یہ اسی خسرو پرویز کی روحا حضور اکرم ﷺ کے نامہ مبارک کو چ صفحات میں عبرت کے لئے محفوظ ہے کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

دنیا بھر میں بسنے والے ایک یعنی حضرات صحابہ کرامؓ کی روحانی ا سے ہمہ وقت لبریز تھے، جو آل حضرت کی محبوب اللہ ﷺ سے عقیدت کا یہ عا نے سے پہلے ہی یا تو پی لیا کرتے تھے نزدیک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے م تھیں، جو حضور اکرم ﷺ کے زخم ہ

# حاسدوں کی شرارت اور عاشقوں کی سعادت

مولانا شعیب فردوس

ایک معروف مغربی ویب سائٹ گستاخانہ خاکوں کے، مقابلے کے ذریعے دنیا بھر کے مسلمانوں کی غیرت ایمانی کو ایک مرتبہ پھر للکارا گیا ہے۔

ان کے قلوب اس قدر سیاہ ہو چکے ہیں کہ جب جس کا جی چاہتا ہے کائنات کی سب سے زیادہ قابل احترام شخصیت اور "بعد از خدا بزرگ توئی" کے مصداق امام الانبیاء احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو (نعوذ باللہ) سب وشتم کا نشانہ بناتے ہیں اس بات کا عملی ثبوت دیتے ہیں کہ بظاہر انسانی شکل وصورت میں پھرنے والے مغرب کے "انتہا پسند" قرآن کریم کی اس آیت مبارکہ "اولٰئک کالانعام بل ہم اضل (یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ چوپایوں سے زیادہ بے راہ ہیں۔ الاعراف: 179) کا حقیقی مصداق ہیں۔

یہ اسی خسرو پرویز کی روحانی اولاد ہیں جس نے اقتدار کے نشے میں چور ہوکر حضور اکرم ﷺ کے نامہ مبارک کو چاک کیا تھا، پھر اس کا انجام بد بھی آج تک تاریخ کے صفحات میں عبرت کے لئے محفوظ ہے۔ اسی کے بیٹے نے ہوس اقتدار میں مست ہوکر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئیے۔

دنیا بھر میں بسنے والے ایک ارب سے زائد مسلمان شمع نبوت کے انہی پروانوں یعنی حضرات صحابہ کرامؓ کی روحانی اولاد ہیں جن کے قلوب حضور اکرم ﷺ کے عشق سے ہمہ وقت لبریز تھے، جو آں حضرت ﷺ کے اشاروں کو بھی حکم کا درجہ دیتے تھے۔ جن کی حبیب اللہ ﷺ سے عقیدت کا یہ عالم تھا کہ آپ ﷺ کے وضو کے پانی کو زمین پر گرنے سے پہلے ہی یا تو پی لیا کرتے

تھے یا پھر اپنے جسموں پر مل لیا کرتے تھے۔ جن کے نزدیک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے مبارک پسینے کی خوش بو کے مقابلے میں مشک وعنبر ہیچ تھیں، جو حضور اکرم ﷺ کے زخم سے نکلنے والے مبارک لہو کو اس یقین کے ساتھ پی لیا

رتے تھے جب آپ ﷺ کا مبارک خون ان کے جسموں میں شامل ہوتا تو یقیناً ان کے جسموں کو جہنم کی آگ نہ چھو سکے گی۔ دنیا نے عشق رسالت کی زندہ اور جیتی جاگتی تصویریں احد کے میدان میں دیکھی ہیں کہ جب عاشقانِ رسول، آپ ﷺ کے اردگرد ڈھال بن کر کھڑے ہو گئے، جنہوں نے اپنے جسموں پر کافروں کے تیر کھا کر حضور اکرم ﷺ کے دفاع کا حق ادا کیا۔ آج فخر موجودات، سرور کائنات، سرکار دوعالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان اطہر میں مغرب کے انتہا پسند اور تنگ نظر عناصر بار بار گستاخی کا گھناؤنا ارتکاب کر کے یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ان اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے مسلمانوں کے دلوں سے (نعوذ باللہ) حضور اکرم ﷺ کی محبت کو کم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ لیکن اول تو چاند پر تھوکنا خود اپنے منہ پر چھینٹے کے مترادف ہے۔ دوئم یہ کہ شاید ان نفسیاتی مریضوں کو یہ نہیں معلوم کہ دنیائے اسلام کا ایک ایک فرد چودہ سو سال سے زائد عرصہ گزر جانے کے با وجود آج بھی عشق محمد ﷺ کے جذبے سے سرشار ہے۔ ہر مسلمان کو قرآن کریم کی اس آیت مبارکہ کا ہمہ وقت استحضار رہتا ہے کہ " النبی اولی بالمؤمنین من انفسہم و ازواجہ امہتہم ۔ “ (الاحزاب: 6) یعنی : " نبی (ﷺ) ایمان والوں کے ساتھ تو ان کے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں اور آپ ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔“

آج جب کہ دنیا کے کونے کونے میں اسلام کی کرنیں پھیل چکی ہیں اور غیر مسلم افراد اسلام کی حقانیت سے متاثر ہو کر اسلام میں داخل ہو رہے ہیں تو مغرب کے انتہا پسند عناصر کو یہ ایک آنکھ نہیں بھا رہا، اگر چمگادڑ کو دن کی روشنی میں بھی نظر نہ آئے تو بھلا اس میں سورج کا کیا قصور؟ آج اسلام کو پوری دنیا میں پھیلتے دیکھ کر حاسدین کے دل جلتے ہیں وہ کھسیانی بلی کھمبا نوچے‘ کے مترادف کبھی سرور کائنات، فخر موجودات، امام الانبیاء حضرت محمد ﷺ کی شان اطہر میں گستاخی کا ارتکاب کرتے ہیں تو کبھی قرآن کریم اور اسلام کو (

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

'نعوذ باللہ "فتنے" سے تعبیر کر کے ہیں۔

ہم جب بھی غازی عشاق رسول کے نام سنتے اور سے بلند ہو جاتے ہیں بلکہ ہمیں کے محمد عربی ﷺ سے حقیقی مح حصے میں آئی کاش ہم اس سعاد

بقیہ اشاعت خاص :" ہدیہ: ۲۵۰ روپے بی ۱۹، بلا فون: 64

نعوذ باللہ ) ''فتنے'' سے تعبیر کر کے اپنے ناپاک جذبات کو تسکین دینے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔

ہم جب بھی غازی علم دین، غازی عبدالقیوم ، میاں محمد اور عامر چیمہ شہید جیسے عشاق رسول کے نام سنتے اور ان کے کارناموں کو پڑھتے ہیں تو نہ صرف یہ کہ ہمارے سر فخر سے بلند ہو جاتے ہیں بلکہ ہمیں ان پر رشک آتا ہے کہ عشق رسول کا صحیح معنوں میں حق ادا کر کے محمد عربی ﷺ سے حقیقی محبت کا عملی ثبوت دے کر جو عظیم سعادت ان جان نثاروں کے حصے میں آئی کاش ہم اس سعادت کو حاصل کر کے ان سے بھی آگے بڑھ جائیں۔

نقیب اتحاد ملت اسلامیہ ماہنامہ مسیحائی کراچی اشاعت خاص: "سیرت رسول ﷺ نمبر" زیر ادارت احمد خیر الدین انصاری

ہدیہ: ۲۵۰ روپے بمع ڈاک محدود تعداد میں دستیاب ہے۔

بی ۱۷، بلاک اے، نارتھ ناظم آباد، کراچی ۷۴۷۰۰۔ فون: 3663064، موبائل 03323569913

وادی مہران سندھ کے شہر ٹنڈوآدم سے تعلق رکھنے والے بین الاقوامی تعارف کے حامل پاکستان کے ممتاز و معروف ماہر لسانیات پروفیسر ڈاکٹر عزیز انصاری کے فن و شخصیت پر شبیر احمد انصاری کی تحقیقی تالیف

# پروفیسر ڈاکٹر عزیز انصاری (ٹنڈوآدم)

## علمی خدمات کے آئینے میں

شائع ہوگئی ہے

صفحات : 324   قیمت 300 روپے

ناشر

حراء فاؤنڈیشن پاکستان (رجسٹرڈ) پوسٹ بکس : 7272 کراچی 0333-3009948

# نبی آخر الزمان حضرت محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم پہ

## اسلام دشمنوں کے اعتراضات

ڈاکٹر صفیہ سلطانہ صدیقی

دورِ نبوت صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے لے کر اب تک، یہود و نصاریٰ نے ہر صدی میں، حضرت محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم پہ کیچڑ اچھالنے کی ناکام و ناپاک کوشش کی اور ہر صدی کے ابتداء وسط اور آخر میں یعنی تقریباً ہر ۱۰-۳۰ سال کی مدت میں وہ دنیا بھر میں محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے خلاف نئے نئے سوال اور اعتراضات گھڑ کر پھیلاتے ہیں، جس سے عام مسلمان پریشان ہو جاتا ہے مگر علمائے حق مضبوطی اور بہادری کے ساتھ ان کے گھٹیا الزامات اور پروپیگنڈوں کا منہ توڑ جواب دیتے ہیں، یوں ان دشمنانِ محمد کی سازش الٹی پڑتی ہے اور مسلمانوں کے علمی خزانوں میں نئے نئے اضافے ہوتے چلے جاتے ہیں۔

سوال یہ ہے اور قابلِ غور بات یہ ہے کہ عام مسلمان کو الجھن یا سازش کا شکار ہونے کی کیا ضرورت پڑتی ہے؟ کیا انہوں نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ یہود و عیسائیوں (بنو اسحاق) کے ساتھ ہم نے کیا بُرا کیا ہے جس کا انتقام وہ بنو اسماعیل (مسلمانوں) سے لے رہے ہیں۔ اُمّتِ محمدیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے خون کے پیاسے ہیں، کبھی کسی نے یہ سوچا کہ مسلم قوم نے تو کسی کے مذہبی جذبات کو مجروح نہیں کیا؟ پھر اُن کے نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو نشانہ بنانے کی ہمت و جسارت کیوں کی جاتی ہے؟ کبھی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو قاتل نہیں کہا (کہ وہ تو مصلح قوم اور اللّٰہ کے برگزیدہ نبی تھے) کبھی ہم نے عیسیٰ علیہ السلام کی پاک دامن ماں پہ الزام نہ لگایا (بلکہ یہ سب فرائض انہی

کی قوموں نے خود ادا کر لیے!!!) ہم نے ان سب انبیاء کو اپنے نبی و رسول کہہ کر اولاد ابراہیم کو اپنا مانا، لیکن ان کی اقوام نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جان لیا اور مانا نہیں پہچان لیا اور بدترین مخالفت کی! پھر کیا مسلمان قوم کو ان کے ساتھ "معذرت خواہانہ" رویہ رکھنا چاہیے؟ اگر ہاں؟ تو کیوں اور کس وجہ سے؟؟ وہ جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی کی حیثیت سے جانتے ہیں مگر مانتے نہیں ہم اُن کی

تقلید کیسے کر سکتے ہیں؟ ہم اُن سے مرعوب کیسے ہو سکتے ہیں؟ اگر آج وہ ٹیکنالوجی میں آگے ہیں تو کل ہم علم اور ٹیکنالوجی میں اُن سے آگے تھے، مستقبل پھر سے ہمارا ہوگا !! لیکن کسی کے پاس دولت یا وسائل ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ اللہ رب العالمین کی آخری محکم کتاب (جو کفر و حق کی چھانٹ کو الگ کر دیتی ہے ) قرآن کو نہ مانے اپنے رب کے مقابل آکر تکبر کرے !؟ وہ اللہ کے آخری نبی کو اس لیے نہ مانے کہ آخری نبی اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں کیوں آئے؟ اس کا حق کیسے کسی اور قوم کو مل گیا؟ کیا وہ نعوذ باللہ ، اللہ سے زیادہ سمجھدار ہیں؟ اور اللہ کے فیصلے کا انکار کرنے والے تو صرف اور صرف شیطان کے ساتھ ہیں۔

آخر وہ یہ بھی تو سوچ سکتے تھے کہ ہم اور وہ .... ہم سبھی جلیل القدر نبی ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور اس سے بھی زیادہ بہترین بات یہ کہ پہلے نبی حضرت آدم کی اولاد ہیں! مسلمان ان کی طرح تنگ ظرف اور تنگ ذہن کے مالک نہیں ہیں، لیکن غیر مسلموں سے ہماری رواداری کی آخری حد وہاں ختم ہو جاتی ہے جہاں سے اللہ اور اس کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احترام اور بڑائی کی حد شروع ہوتی ہے اور اُس جگہ آ کر ہر بڑائی ختم ہو جاتی ہے! اللہ کے نبی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا ”اے عمر ! تم اُس وقت تک پورے مسلمان نہیں ہو سکتے جب تک میں تمہیں ہر چیز ، ہر انسان اور خود تمہاری ذات سے زیادہ عزیز نہ ہو جاؤں۔“ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چند لمحوں کو سوچا اور سچ سچ بتایا ”اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ہر چیز اور ہر انسان سے زیادہ عزیز ہیں سوائے میرے اپنے آپ کے“ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”اے عمر ! تمہارا ایمان مکمل نہیں ہوا، عمر رضی اللہ عنہ سوچ میں پڑ گئے سر جھکا لیا اور پھر چند لمحوں کے غور و فکر کے بعد کسی

بڑے نتیجے پر پہنچ گئے پھر فرمایا ”اے اللّٰہ کے رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم ! اب آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم مجھے اس دنیا کی ہر چیز سے زیادہ اور خود میری اپنی ذات سے زیادہ پیارے ہیں۔“

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”ہاں! اب تمہارا ایمان مکمل ہو گیا۔“ آج کے سیاسی لیڈر چھوٹے موٹے حکومتی عہدے دار اپنی سیاست چمکانے کے لیے اپنی ذات کو مرکز بنا دیتے ہیں تاکہ ان کا کام چلے پھلے پھولے ۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت تو دینی فرض تھا، قرآن کا حکم تھا کہ ”اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرو!“ (سورۃ آل عمران : ۳۱)

اس لیے کہ اس محبت یعنی شدید محبت رسول کے بغیر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین پر عمل کرنا ناممکن تھا۔ ایک ماں اپنی اولاد کے لیے ہر مشکل اور دکھ جھیل لیتی ہے، اس کی عظیم محنت کے پیچھے صرف محبت کا بے مثال جذبہ ہوتا ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رشتہ ماں بچے کے رشتے سے زیادہ قیمتی ومقدس ہے۔ اس لیے کہ دین کی حفاظت اور عمل کے لیے اور قرآن وحدیث کی حفاظت کے لیے مشقت اٹھانے کا جذبہ محبت کی وجہ سے ہی مسلمان کو مشقت جھیلنے پر آمادہ کرسکتا ہے۔ قرآن وحدیث کے وارث ہم ہیں! اس ورثے کو اپنی جان سے پیارا رکھنا ہمارا کام ہے، ہمارا محبوب فریضہ ہے، یہ کام ہمارا ذاتی کام ہے، ہمارا یہ مقام نہیں ہے کہ ہم خود کو مجرم بنا کر اپنے آپ کو اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ریاضت کو دشمنانِ محمد کی عدالت میں رکھ دیں کہ وہ صحیح و غلط کا فیصلہ کریں اور ہم سر جھکا کر ”رواداری“ کے خوبصورت پردے میں بزدلی اختیار کر کے اُن کے ہاتھوں سے زنجیریں پہن لیں .....! بزدلی وکمزوری کی زنجیریں، حق اور عظمت کے تاج کو ان کے پیروں میں ڈال دیں اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری عمر کی محنت کو ضائع کردیں ..... یہ سب مسلمانوں کی توہین ہے بلکہ توہین کی انتہا ہے!!!

یہ لطیفہ نہیں تو اور کیا ہے کہ انجیل جس کی دعوت ساری دنیا میں آج بھی شدت سے پھیلائی جارہی ہے، عیسیٰ علیہ السلام کے ایک صدی بعد سن کر لکھی گئی تھی اور محفوظ قرآن کے ساتھ محفوظ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جو دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ہی لکھی جانے لگی بعد میں بھی صحابہ رضی اللہ عنہم نے اُسے محنت اور احتیاط سے اکٹھا کیا، اس پر یہ دشمن

اعتراض گھڑتے ہیں۔ اگلے صفحات میں ہم حدیث کے طویل ترین مشقت بھرے کام کا مختصر جائزہ لیں گے کہ ہمارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین اور تبع تابعین رحمہم اللہ علیہم نے کس محنت و مشقت سے اور احتیاط سے حدیث کا علم ہم تک بحفاظت منتقل کیا۔ یہ ہمارے نظام تعلیم کی خرابی ہے کہ اسکولوں میں حفاظت حدیث کے موضوع پہ کچھ نہیں پڑھایا جاتا۔ یہ ہماری کم نصیبی ہے کہ ہم اپنے دشمنوں کی سازش کو جان بوجھ کر یا انجانے میں پورا کر رہے ہیں، جب کہ اس حقیقت سے اچھی طرح واقف بھی ہیں کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کا ہمیشہ سے یہ عزم ہے کہ ہر چند سال بعد اُمت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان کوئی نیا فتنہ کھڑا کر کے انہیں پریشان کیا جاسکے۔ ان کے ایمان کو کمزور کیا جاسکے، لیکن ہمارے اہل علم اور بے علم ہر طرح کے بڑے ان سازشوں کے مقابلے میں خود کو مضبوط کرنے کی بجائے دنیا کے ہر دھندے میں لگے ہوئے ہیں کیا محبت رسول بلکہ عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایسا موضوع نہیں ہے جس پر غور کیا جائے؟ اور دشمنوں کو اس بات کی "اجازت" نہ دی جائے کہ وہ اپنے کمینہ پن اور گھٹیا اخلاق کی توپوں کا رخ اللہ کے آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے پوتے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نہیں کرسکتے! حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک جنگ میں ایک یہودی کو جب قابو کرچکے تو اُس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے منہ پہ تھوک دیا ان کے بے مثال تحمل کا عالم دیکھیں کہ وہ اُس یہودی پہ سے ہٹ گئے کہ اب یہ قتل اللہ کی راہ میں نہ رہا کہیں اس میں میری ذاتی دشمنی شامل نہ ہوجائے۔ مگر یہی علی رضی اللہ عنہ محمد بن عبداللہ، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ایک لفظ کسی دشمن یا نام نہاد دوست سے سننے کے روادار نہ تھے اور اُن کی تلوار لمحہ بھر میں حرکت میں آجاتی تھی اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بھی یہ حال تھا۔

اللّٰہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ”اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ وہ آپس میں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ایک دوسرے کے دوست رکھے گا تو وہ انہی میں سے نہیں دیتا۔“ (سورۃ المائد ایک اور جگہ ارشاد فرمایا گیا: ”آج میں نے تمہارے پوری کر دی اور تمہارے المائدہ:۳)

ایک روایت حدیث میں علیہ وسلم کے پاس تورات کا ایک ن کا چہرہ مبارک (شدید غصے کی وجہ عنہ کے متوجہ کرنے پر عمر رضی اللّٰہ اللّٰہ عنہ کہنے لگے ”میں اللّٰہ کے رب رب العزت کے رب ہونے او ہونے پر راضی ہوں۔“ اس پر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ محمد (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) کی جان کرتے اور مجھے چھوڑ دیتے موسیٰ (علیہ السلام) زندہ ہوتے

ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو کوئی اُن سے دوستی رکھے گا تو وہ انہی میں سے ہے۔ بے شک اللہ بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا۔“

(سورۃ المائدہ:۵۱)

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا گیا: ”آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی رحمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین (راستہ ) پسند کیا۔“ (سورۃ المائدہ:۳)

ایک روایت حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تورات کا ایک نسخہ لائے اور اسے پڑھنے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک ( شدید غصے کی وجہ سے ) سرخ ہو گیا۔ چنانچہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے متوجہ کرنے پر عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا تو عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے ”میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے غصے سے پناہ مانگتا ہوں اور ہم اللہ رب العزت کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہیں ۔“

اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”اُس ذات کی قسم ! جس کے قبضے میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے اگر آج موسیٰ (علیہ السلام) آجاتے اور تم اُن کی اتباع کرتے اور مجھے چھوڑ دیتے تو تم یقیناً سیدھے راستے سے بھٹک جاتے حالانکہ اگر موسیٰ (علیہ السلام) زندہ ہوتے تو وہ بھی میری اتباع کرتے ۔“

(مرقاۃ، دارمی،طبرانی)

☆......☆......☆

# مسلمان کے مرکز محبت پر حملہ

**سید منور حسن**

امیر جماعت اسلامی پاکستان

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت مسلمانوں کے درمیان ایک مرکز محبت کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہم اپنی اصطلاح میں جس شخص کو گیا گزرا مسلمان کہتے ہیں اور اسے بے عمل اور بے نمازی گردانتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت اور عشق میں ڈوبے ہونے کے حوالے سے اس میں بھی ایک خاص کیفیت پائی جاتی ہے۔ مغربی دنیا کے تھنک ٹینکس، فلسفیوں اور لکھنے والوں نے اس بات کو بالکل ٹھیک سمجھ لیا ہے کہ مسلمانوں کے اندر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تعلق کے نتیجے میں جو رویے ظہور پذیر ہوتے ہیں اس کی وجہ سے مسلمانوں میں ایک یکجہتی موجود ہے اور ایک اپنائیت کی فضا بار بار پیدا ہو جاتی ہے جب بھی حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کی جائے شان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور مقام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کیا جائے نظام مصطفیٰ اور عشق مصطفیٰ کا ذکر کیا جائے اور ان حوالوں سے پھر جام مصطفیٰ ، حوض مصطفیٰ اور دست مصطفیٰ کی نوید سنائی جائے اور مصطفوی انقلاب کا نعرہ لگایا جائے تو مسلمانوں کی آنکھیں ڈبڈبا آتی ہیں اور دلوں کے اندر ایک نرمی اور گداز پیدا ہو جاتا ہے۔ اس مرکز محبت کو مسلمانوں کے دل و دماغ سے نکالنے کے لیے اس سے چھیڑ چھاڑ کرتے رہنا اہل مغرب کا محبوب مشغلہ ہے۔

ہمارے معاشرے میں غلامی کے دور سے پیدا ہونے والی سیکولر لابی بھی اس میں برابر کی حصے دار ہے اور ایک عام مسلمان کے ذہن سے اس محبت کو کھرچنا چاہتی ہے لیکن یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا فضل اور ایمان کی برکات میں سے ایک برکت ہے کہ ایک بے عمل مسلمان بھی اس سازش اور ان تمام طریقوں اور رویوں سے آگاہ ہو کر ہمیشہ اس کے مقابلے کے لیے سامنے آ جاتا ہے اور اس کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتا ہے۔

قانون توہین رسالت جنرل ضیاء الحق کے زمانے میں تشکیل پایا تھا۔ یہاں ایک

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء سیکولر لابی مغرب کو خوش کرنے ہے تو کہا جاتا ہے کہ یہ قانون ا الحق کی باقیات سے نجات پانی ضیاء الحق کی مجلس شوریٰ کے ممبر پارٹی میں ستر فیصد وہ لوگ شا میں پچاس فیصد سے زیادہ لوگ وزراء آمروں کے ساتھی رہے شامل ہونے والے کو وزیر ا وزیر بھی نہیں ہونا چاہیے لیکن الحق کی باقیات کا لیبل لگا د والے قانون توہین رسالت کو اہل علم اس بات کو مسلمانوں کے معاشرے کے ا آئے ، ان قوانین کو ترتیب اور سے یہ کام نہ ہو رہا ہو اور کسی اور بنوانا شروع کر دے اور نظام م کر رہا ہو تو اسلامی احکامات قوا گی کہ ایک ڈکٹیٹر یہ کام کر رہا ہ گی۔ اگر اس قانون میں کوئی کم ہے تو اس کو رفع کرنا چاہیے۔ قا دیا جا سکتا ہے جن کا غلط استعمال غلط مقدمات بنائے جاتے ہیں او

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

سیکولر لابی مغرب کو خوش کرنے اور ڈالروں کے حصول کے لیے جب اس قانون پر تنقید کرتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ یہ قانون ایک آمر کے دور میں بنا تھا اس لیے اس کو ختم کیا جائے اور ضیاء الحق کی باقیات سے نجات پائی جائے۔ یوں تو وزیر اعظم جناب یوسف رضا گیلانی صاحب ضیاء الحق کی مجلس شوریٰ کے ممبر تھے اور ان کے دور میں وفاقی وزیر بھی رہے۔ آج کی پیپلز پارٹی میں ستر فیصد وہ لوگ شامل ہیں جو ضیاء الحق کے ساتھی تھے۔ وزراء کی فوج ظفر موج میں پچاس فیصد سے زیادہ لوگ ضیاء الحق اور عام طور پر بات کی جائے تو اسی فیصد سے زیادہ وزراء آمروں کے ساتھی رہے ہیں۔ ضیاء الحق اگر بہت ہی بڑا مجرم تھا تو اس کی شوریٰ میں شامل ہونے والے کو وزیر اعظم اور اس کے دور میں گورنری سے لطف اندوز ہونے والوں کو وزیر بھی نہیں ہونا چاہئے لیکن سیکولر حضرات کو توہین رسالت کا قانون برا لگتا ہے تو اس پر ضیاء الحق کی باقیات کا لیبل لگا دیتے ہیں اور بات یہیں آکر ٹکتی ہے کہ آمر کے دور میں بننے والے قانون توہین رسالت کو ختم کر دینا چاہیے۔

اہل علم اس بات کو جانتے ہیں کہ جب اسلام اور اسلامی قوانین کی بات ہوگی تو مسلمانوں کے معاشرے کے اندر بلاشبہ یہ چاہا جائے گا کہ مسلمانوں کی اکثریت اس طرف آئے، ان قوانین کو ترتیب اور تشکیل دے اور ان کے نمائندے یہ کام کریں لیکن کسی طریقے سے یہ کام نہ ہو رہا ہو اور کسی اور طریقے سے انجام پائے، مثال کے طور پر کوئی آدمی مسجدیں بنوانا شروع کردے اور نظام صلوٰۃ قائم کردے، چاہے اپنے اقتدار کو دوام بخشنے کے لیے کر رہا ہو تو اسلامی احکامات قوانین اور اسلامی رویوں کی محض اس لیے مخالفت نہیں کی جائے گی کہ ایک ڈکٹیٹر یہ کام کر رہا ہے۔ فی نفسہ اگر قانون اسلامی ہے تو اس کی تائید کی جائے گی۔ اگر اس قانون میں کوئی کمی ہے تو اس کو دور کرنا چاہیے اور اس کے نفاذ میں کوئی کمزوری ہے تو اس کو رفع کرنا چاہیے۔ قانون کو منسوخ

کر دیا جائے۔ یہاں پر درجنوں قوانین کا حوالہ دیا جاسکتا ہے جن کا غلط استعمال ہوتا ہے۔ پولیس کا سارا نظام ہی غلط ہے جگہ جگہ لوگوں پر غلط مقدمات بنائے جاتے ہیں اور وہ سالہا سال تک جیلوں میں سڑتے رہتے ہیں۔ کیا ان

تمام قوانین کو ختم کر دینا چاہیے۔ ایک عدالت نے اگر کسی کے بارے میں فیصلہ کیا ہے تو اس کو اپیل کا حق حاصل ہے اور اس کو اوپر کی عدالت سے رجوع کرنا چاہیے۔ عدالت سے سزا پانے والے کو بچانے کے لیے کوئی گورنر متحرک ہو جائے اور عدالتی فیصلے کو حکومتی اختیار استعمال کرتے ہوئے ختم کرنے کی کوشش کی جائے تو یہ درست طرز عمل نہیں ہے اور اس کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی ہے۔

بڑی سادگی سے ایک بات کہی جاتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے اپنی ذات کے لیے کبھی کوئی انتقام نہیں لیا۔ بالکل ٹھیک اور سو فیصد درست بات ہے کہ آپ رحمۃ للعالمین تھے لیکن یہ نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی ہی ذات گرامی ہے کہ جنہوں نے فتح مکہ کے موقع پر اپنے سخت سے سخت مخالفین کے لیے بھی عام معافی کا اعلان کیا۔ مگر توہین کے مرتکب ہونے والے مرد و خواتین کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اگر وہ کعبے کے پردے میں بھی پناہ لے لیں تب بھی ان کو قتل کیا جائے۔ اس کے علاوہ بھی کئی مواقع پر آپ نے ایسے افراد کے قتل کا حکم جاری فرمایا اور ایک موقع پر محمد بن مسلمہ کی قیادت میں صحابہ کرام رضی اللّٰہ عنہم کی ایک ٹیم کو ایک گستاخ رسول کو قتل کے لیے روانہ فرمایا۔ یہ ذاتی انتقام نہیں اللّٰہ کا حکم تھا۔ اس لیے کہ نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی ذات مسلمانوں کے لیے مرکزِ محبت اور عشق اور تعلق کا ایک گہرا عنوان ہے۔ لہٰذا جب بھی اس کو ختم کرنے، کمزور کرنے اور زک پہنچانے کی کوشش کی جائے گی تو اس کا نوٹس لیا جائے گا۔ اور اسی لیے اس کو سزا نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے زمانے سے قتل ہے۔ ایسی سزا جس کو نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا ہے کوئی ہما شما، کوئی صدر اور گورنر اس سزا میں کوئی ترمیم اور کمی بیشی نہیں کر سکتے اور اگر کریں گے تو یہ حرکت اسلامی حدود میں مداخلت قرار پائے گی اور انہیں ایک بڑے ردّعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

یہ محض پروپیگنڈہ ہے کہ توہین رسالت کا قانون اقلیتوں کو نشانہ بنانے کے لیے بنایا گیا۔ قانون سب کے لیے ہے اور اس قانون کے تحت مسلمانوں کے خلاف بھی مقدمات درج ہوئے ہیں۔ اس قانون کی وجہ سے بے شمار لوگوں کو تحفظ مل جاتا ہے کہ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء عدالت کے فیصلے اور اس کے مطا حوالے سے ہر صاحب ایمان ا دیکھے اور اپنے کانوں سے سنے فاروق رضی اللہ عنہ کی طرح ا انتشار، افراتفری اور لاقانونیت کا اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات او لگاؤ ہے اس سے چھیڑ چھاڑ نہ کی وہ نماز نہیں پڑھتا ہے اور بے عمل صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کو دھوکے دیے جاسکتے ہیں۔ حکو توہین رسالت کے قانون کے میں غلط رائے قائم کرنے کے کررہی ہے۔ یہ سوچنا کہ توہین بیٹھے رہیں گے تو ایسا نہیں ہوگا۔ بچہ شہید بننے کو تیار ہے۔

ہم پر امن جدوجہد نہیں آتا اور یہ اپنے ہی پیر ہاتھوں میں پتھر دے کر یہ کہیں لگادی جائے، بسوں کے اڈوں اس کے حق میں نہیں ہیں۔ درست نہیں ہے۔ ہمارا دھرنا بلوچستان میں سیاسی کارکنان

ماہنامہ مسیحائی کراچی نے آکر کسی کے بارے میں فیصلہ کیا ہے تو اس ت سے رجوع کرنا چاہیے۔ عدالت سے سزا ت ہو جائے اور عدالتی فیصلے کو حکومتی اختیار نے تو یہ درست طرز عمل نہیں ہے اور اس کی

ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ق اور سو فیصد درست بات ہے کہ آپ رحمۃ ہی ذات گرامی ہے کہ جنہوں نے فتح مکہ بھی عام معافی کا اعلان کیا۔ مگر توہین کے فرمایا کہ اگر وہ کعبے کے پردے میں بھی علاوہ بھی کئی مواقع پر آپ نے ایسے افراد س کی قیادت میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی رمایا۔ یہ ذاتی انتقام نہیں اللہ کا حکم تھا۔ اس وں کے لیے مرکز محبت اور عشق اور تعلق کا نے، کمزور کرنے اور زک پہنچانے کی کوشش لیے اس کو سزا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا ہے کوئی ہما شما، ہی نہیں کر سکتے اور اگر کریں گے تو یہ حرکت ایک بڑے ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کا قانون اقلیتوں کو نشانہ بنانے کے لیے نون کے تحت مسلمانوں کے خلاف بھی سے بے شمار لوگوں کو تحفظ مل جاتا ہے کہ

ماہنامہ مسیحائی کراچی 493 حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء عدالت کے فیصلے اور اس کے مطابق عملدرآمد کا انتظار کیا جاتا ہے۔ ورنہ توہین رسالت کے حوالے سے ہر صاحب ایمان اپنے آپ کو اس قابل سمجھتا ہے کہ جب وہ اپنی آنکھوں سے دیکھے اور اپنے کانوں سے سنے اور دل و دماغ کی دنیا میں ہلچل محسوس کرے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرح اپنے ایمان کے تقاضے کو پورا کر گزرے۔ میں کسی انارکی، انتشار، افراتفری اور لاقانونیت کی بات نہیں کر رہا لیکن یہ ضرور کہہ رہا ہوں کہ مسلمانوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور آپ کے تمام اعمال سے ایک خاص تعلق اور ایک خاص لگاؤ ہے اس سے چھیڑ چھاڑ نہ کی جائے اور یہ نہ سمجھا جائے کہ کسی آدمی کی داڑھی نہیں ہے یا وہ نماز نہیں پڑھتا ہے اور بے عمل مسلمان کے طور پر جانا جاتا ہے تو اس کے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کوئی سخت بات کی جاسکتی ہے اور اس کے دل

و دماغ کی دنیا کو کچوکے دیئے جاسکتے ہیں۔ حکومت کو بھی یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ غیرملکی دباؤ کے نتیجے میں توہین رسالت کے قانون کے خاتمے کی کوشش کی گئی تو یہ اس خاموش اکثریت کے بارے میں غلط رائے قائم کرنے کے مترادف ہوگا جو بہت عرصے سے اس حکومت کو برداشت کر رہی ہے۔ یہ سوچنا کہ توہین رسالت کا قانون ختم کر دیا جائے گا اور وہ پھر بھی گھروں میں بیٹھے رہیں گے تو ایسا نہیں ہوگا۔ ہر مسلمان اس حوالے سے ہر وقت غازی علم دین اور عامر چیمہ شہید بننے کو تیار ہے۔

ہم پر امن جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں اس لیے کہ بدامنی کے نتیجے میں کچھ ہاتھ نہیں آتا اور یہ اپنے ہی پیر پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے اگر ہم ہزاروں لوگوں کو ہاتھوں میں پتھر دے کر یہ کہیں کہ ٹریفک سگنلز توڑ دیے جائیں، چلتی ہوئی گاڑیوں کو آگ لگادی جائے، بسوں کے اڈوں اور تجارتی مراکز کو جلا دیا جائے تو یہ تخریبی کارروائی ہے اور ہم اس کے حق میں نہیں ہیں۔ شرعی اعتبار سے بھی بے گناہ اور معصوم لوگوں کو نقصان پہنچانا درست نہیں ہے۔ ہمارا دھرنا انشاء اللہ پر امن ہوگا اور اس کا مقصد لاپتہ افراد بالخصوص بلوچستان میں سیاسی کارکنان کے اغواء کے بعد مسخ شدہ لاشوں کی برآمدگی اور ٹارگٹ کلنگ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

کے خاتمے، ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی اور وطن واپسی، مہنگائی و بیروزگاری، آر جی ایس ٹی اور کرپشن کے خاتمے اور قانون توہین رسالت کے حوالے سے کی جانے والی سازشوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اب لوگوں کا گھروں کے اندر بیٹھے رہنا اور ایک سکون اور سکونیت اور طمانیت کی زندگی بسر کرنا فتوے کی زبان میں نہیں تو اصطلاحی معنوں میں ضرور حرام ہے۔ فی الحقیقت جو تھوڑا بہت سکون مجھے اور آپ کو میسر ہے یہ بھی برباد ہونے والا ہے جو لوگ حالات سے مایوس ہیں ان کے لیے پیغام یہ ہے کہ وہ جدوجہد کا راستہ اختیار کریں اور میدان میں نکلیں مایوسی اور ناامیدی کی کیفیت کو ختم کر کے امید کا چراغ تھامنا چاہیے اور امید جدوجہد کے اندر ہے۔ پاکستان کا مستقبل انتہائی روشن ہے، ظلم کی سیاہ رات چھٹنے والی ہے، ہر پاکستانی کو صبح روشن کو قریب لانے میں اپنا حصہ ڈالنا چاہئے۔

یہاں ایک بات کی وضاحت ضروری ہے کہ بالعموم جدوجہد اور دھرنے کا مطلب حکومت کی تبدیلی سمجھا جاتا ہے اور اس خطرے کو بیان کیا جاتا ہے کہ اس سے کسی کو مہم جوئی کا موقع مل سکتا ہے۔ ایسی تمام کوششیں جو غیر آئینی اور غیر قانونی دائرے کے اندر کی جائیں گی، ہمارے نزدیک وہ ملک وقوم کے سنوار کے لیے نہیں بلکہ بگاڑ میں اضافے کا سبب بنیں گی اور ہم ایسی تمام کوششوں کے سامنے رکاوٹ بنیں گے۔ آئین و قانون کے دائرے کے اندر رہتے ہوئے ہم چاہتے ہیں کہ حکومتی کار پردازان نوشتہ دیوار پڑھیں اور معاملات کو درست کریں اگر وہ پانچ سال پورے کرنا چاہتے ہیں تو اسلامی قوانین کے ساتھ چھیڑ چھاڑ سے باز رہیں، امریکی اتحاد سے باہر نکلیں، گم شدہ لوگوں کو واپس لائیں، مہنگائی و بے روزگاری کو ختم کریں، لاقانونیت اور کراچی وبلوچستان میں ٹارگٹ کلنگ کا علاج کریں۔ اسی کا انہیں مینڈیٹ ملا ہے اور اسی لیے حکومتیں بنتی ہیں اگر

ایسا نہ ہو تو آئین پاکستان حکومت کو جمہوری جدوجہد کے ذریعے تبدیل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا قلعہ پاکستان

تحریر: ضیاء الرحمٰن مگرہ

دنیا کے جغرافیائی و ارضیاتی خدوخال کے مطالعے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس وقت اس کرۂ ارض پر جو بھی آزاد ریاستیں موجود ہیں ان میں دو آزاد ملک ایسے ہیں جو نظریہ کی بنیاد پر قائم ہوئے ہیں جن میں ایک پاکستان ہے، دوسرا اسرائیل۔

پاکستان ایک اسلامی نظریاتی جمہوریہ ہے جس میں 17 کروڑ نفوس بستے ہیں اور جن میں 97% مسلمان اور باقی 3 فیصد میں ہندو، سکھ، عیسائی، پارسی اور قادیانی اقلیتیں آباد ہیں۔ اور جن کو آئین پاکستان کی رو سے اپنی مذہبی و تہذیبی رسومات کی ادائیگی کی مکمل آزادی ہے نہ صرف یہ بلکہ مندروں، گرجا گھروں، گردوروں، کو بھی مکمل تحفظ حاصل ہے لیکن اس کے باوجود بعض متعصب عیسائی، قادیانی محض صرف انا اور غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے اور مراعات حاصل کرنے کے خاطر وقفے وقفے سے کوئی نہ کوئی ایسی حرکت کر بیٹھتے ہیں جس سے راسخ العقیدہ مسلمانوں کے احساسات و جذبات برانگیختہ ہو جاتے ہیں اور جس کے سبب مسلمانوں میں ان اقلیتوں کے خلاف نفرت کی آگ بھڑک جاتی ہے اور اس کو مزید ہوا دینے اور مٹی کا تیل چھڑک کر مزید شدت پیدا کرنے بینی ڈکٹ کی بیجا مداخلت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے کاش کوئی ان سے پوچھے کہ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں یہی تعلیم دی تھی اور الہامی کتاب انجیل میں یہ ہی لکھا ہے کہ وہ مسلمانوں کے مذہبی معاملات اور اسلامی قوانین میں اپنی ٹانگ اڑائیں۔ اور اپنے پیروکاروں میں مذہبی منافرت پھیلانے کا کردار ادا کریں۔ کم از کم وہ اپنے مذہبی منصب کی ہی لاج رکھتے تو یہ نوبت نہ آتی جس سے اس وقت یہ ملک اور ان کے معصوم مسلمان دو چار ہو رہے ہیں

حالانکہ وہ یہ بات اچھی طرح جانتے اور سمجھتے ہیں کہ ان کی زبان سے نکلا ہوا ہر لفظ مسیحی برادری کے لیے تقلید کا موجب بنتا ہے کیونکہ عیسائی ان کو اپنا نجات دہندہ سمجھتے ہیں اور ان کے ہر قول و فعل کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات سے تعبیر کرتے ہیں۔ جبکہ موصوف

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

مسلمانوں کے خلاف ہرزہ سرائی کا کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے نہیں دیتے اور گاہے بگاہے عمداً و قصداً ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین آمیز اور گستاخانہ کلمات کہہ جاتے ہیں جس کی پیروی کرنا سبھی اپنا دینی فریضہ سمجھتے ہیں۔

اگر یہاں پر یہ کہا جائے تو بجا نہ ہوگا کہ ناروے، فرانس، بھارت، برطانیہ و امریکہ میں اب تک گستاخی رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے زمرے میں آنے والی جتنی بھی سنگین وارداتیں ہوئی ہیں وہ سب کی سب "بینی ڈکٹ" کی شہہ و ایماء پر ہوئی ہیں۔ کیا یہ حرکت پاکستان میں تحفظ ناموس رسالت صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے قانون کے خلاف شرانگیز مہم اور پاکستان کے اندرونی معاملات میں سراسر مداخلت نہیں ہے۔؟؟

ملعونہ آسیہ مسیح کے اقرار جرم کے بعد پاپائے روم کا حکومت پاکستان سے یہ مطالبہ کرنا کہ ملک سے قانون توہین رسالت صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی تنسیخ کی جائے، ملعونہ آسیہ کو فوری رہا کیا جائے، اور مسیحی برادری پر مبینہ تشدد کا خاتمہ کیا جائے۔

پاپائے روم کی یہ وہ ریشہ دوانیاں، دخل اندازیاں اور انداز تخاطب ہے جس پر ہماری لبرل پرست حکومت خاموش رہنے ہی میں عافیت سمجھتی ہے۔

نہ صرف یہ بلکہ برسر اقتدار کارندے، حلقے اور حکومتی ادارے محض صرف اپنے مغربی آقاؤں کو خوش کرنے اور عرصہ حکومت کو طول دینے کی خاطر کوئی باضابطہ احتجاج نہیں ریکارڈ کرواتے ہیں۔ کیونکہ ان لوگوں کا ایمان ہے کہ اگر ہم نے ایسا کیا تو ہماری غیر ملکی امداد بند ہو جائے گی ان کی عیاشی اور شاہانہ ٹھاٹھ باٹ ختم ہو جائے گا۔

انہیں کم از کم مرد مجاہد مصر کے حسنی مبارک سے ہی سبق سیکھ لینا چاہئے تھا، جس سے جب پوپ نے ان تحفظات کا مطالبہ کیا تو اس مرد آہن نے مصر کے اندرونی معاملات میں ویٹی کن سٹی کی بے جا مداخلت قرار دیکر ان کے سفیر کو ملک بدر کر دیا تھا۔ لیکن ہمارے ارباب حلقہ پھر بھی خاموش رہے۔

ت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

## سرچ

ناموس رسالت کے تحفظ کے ہی فائدہ ہے کہ اسی سے ایمان کی افتخار کا پتہ چلتا ہے کہ یہی واحد ہے، جس نے اس ظلمت کدے کی ذات پاک سے ہماری حیات کا آئینہ ہے اور دست فطرت کا کہ ...... طور پر تجلیوں کی بارش کمال نہ ملا تھا۔ یہ فن ذات محمد نصاب ہوگی تو اب فنکار کی بے چھپ گیا، کیوں کہ اب تخلیق من حقیقی نے اپنی محبوب اور اپنی اطا اس امر کا کہ مالک دو جہاں اس نہیں کرتا ..... نہ کسی ماتھے کی کر حرکت ...... اور تاریخ شاہد ہے حرکتوں کے حامل وجود، غبار من غیرت مند، محبوب خدا ﷺ کے کھینچ باہر کرتا ہے اور خود دارور ساتھ ہی اس کے لیے جنت کے بنایا کرتا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# سر بیچ کر متاع دل و جاں خریدنا

پروفیسر اقبال جاوید

ناموس رسالت کے تحفظ کے لیے سرفروشی ایک ایسا سودا ہے جس میں خسارہ نہیں فائدہ ہی فائدہ ہے کہ اسی سے ایمان کی تکمیل کا ثبوت ملتا ہے۔ اسی سے محبت کے اعتبار اور وفا کے افتخار کا پتہ چلتا ہے کہ یہی واحد پیمانہ ہے اس عظیم و جلیل محبوب ﷺ کا جو وجہ وجود کائنات ہے، جس نے اس ظلمت کدے میں ہدایت، سعادت اور رحمت کی کرنیں برسائیں۔ جس کی ذات پاک سے ہماری حیات مستعار کی ہر آبرو وابستہ ہے۔ جو فی الواقع رخ جمال الہی کا آئینہ ہے اور دست فطرت کا وہ عظیم ترین شاہکار ہے جس پر خود حسن آفرین کو ناز ہے کہ ...... طور پر تجلیوں کی بارش اس وقت تک کے لیے تھی جب تک قدرت کے فن کو اوج کمال نہ ملا تھا۔ یہ فن ذات محمدی ﷺ کی صورت میں ظاہر ہو گیا اور تخلیق کو معراج کمال نصیب ہو گئی تو اب فنکار کی بے حجابی کی ضرورت باقی نہ رہی، تخلیق بے حجاب ہو گئی اور خالق چھپ گیا، کیوں کہ اب تخلیق، خالق کی معرفت کے لیے کافی تھی ...... یہی وجہ ہے کہ خالق حقیقی نے اپنی محبت اور اپنی اطاعت کو اسی ذات اقدس سے وابستہ کر دیا اور یہی باعث ہے اس امر کا کہ مالک دو جہاں اس کی شان میں ہلکی سی شوخی اور ادنیٰ سی گستاخی بھی برداشت نہیں کرتا ...... نہ کسی ماتھے کی کوئی سلوٹ، نہ نگاہوں کا کوئی زاویہ اور نہ ہونٹوں کی کوئی حرکت ...... اور تاریخ شاہد ہے کہ ایسی نازیبا سلوٹوں، ایسے ناپاک زاویوں اور ایسی گستاخ حرکتوں کے حامل وجود، غبار معصیت بن کر اڑتے رہے ہیں حق یہ ہے کہ جب بھی کوئی غیرت مند، محبوب خدا ﷺ کے بارے میں گستاخی کرنے والے کی زبان اس کی گدی سے کھینچ باہر کرتا ہے اور خود دار و رسن کو بوسہ دیتا ہے تو الوہی

ہونٹوں پر تبسم سا بکھر جاتا ہے اور ساتھ ہی اس کے لیے جنت کے سبھی ایوان کھل جاتے ہیں کہ وفا کا سوز ہی انسان کو کندن بنایا کرتا ہے۔

## محبت جس کو خاکستر کرے گی کیمیا ہوگا

ہماری پندرہ سو سالہ تاریخ کے حاشیے ایسے ہی جانثاروں کے لہو سے گل رنگ ہیں جو اشارتاً اور کنایتاً بھی اپنے نبی کریمﷺ کی توہین ایک منٹ کے لیے بھی برداشت نہیں کرتے، صراحتاً تو بہت دُور کی بات ہے۔ حق یہ ہے کہ وہ شخص جو شانِ رسالتﷺ میں توہین کا کوئی بول سن کر خاموش رہتا اور محض لفظی ردّعمل پر اکتفا کرتا ہے، اس کی منافقت، دنیاوی اور اخروی تذلیل پر منتج ہوا کرتی ہے کہ وہ ایمان کی شرطِ اوّل سے بھی محروم ہے۔ محبوب کی ایک نگاہِ ناز کے حصول کے لیے محبت ہی چاک گریباں نکل سکتی ہے اور محبت کے بغیر اطاعت کا ہر تصوّر فریبِ نفس ہے جب کہ ایمان عمل کے بغیر صرف ایک لفظ ہی ہے وہ بھی بے معنی، ایک جسم ہے بے روح اور ایک خاکہ ہے بے رنگ ...... محض پانی پانی پکارنے سے پیاس نہیں بجھا کرتی اور صرف روٹی روٹی کی رٹ لگانے سے بھوک نہیں مٹا کرتی جب تک پانی پیا نہ جائے اور روٹی کھائی نہ جائے بعینہٖ خود کو مسلمان، مسلمان کہنے سے انسان، مسلمان نہیں بنتا، جب تک اس کا عمل، اس کے ایمان کی تائید نہیں کرتا۔ محض لفظوں کی شطرنج بچھانے سے ناموسِ رسالت مآبﷺ کے تحفظ کے تقاضے پورے نہیں ہوا کرتے کہ محض لفظی خوشنمائی، اعمال کی سیاہی کی دلیل ہوا کرتی ہے - - -

معنی ہیں معدوم، تحریریں بہت

ہے عمل مفقود، تقریریں بہت

بغض دل میں منہ میں تعریفیں بہت

کفر دل میں، لب پہ تکبیریں بہت

ایک اہل درد ہی ملتا نہیں

ورنہ درد دل کی تدبیریں بہت

آج خبر و عمل کے چمن ہیں نہ فکر و عمل کے سمن، ذوق کی رعنائی ہے نہ شوق کی زیبائی، سجدوں کا کیف ہے نہ آنسوؤں کی چمک، کوئی ویرانی سی ویرانی ہے …… زندگی سراب بھی ہے اور خراب بھی ……

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

رہ رہ کے پوچھتی ہے صبا، شاخ شاخ سے

سارے چمن میں درد کا مارا کوئی نہیں؟

کہنے والے کہتے ہیں کہ آج نعت کا دور ہے، وہ بھول جاتے ہیں کہ ہر دور ہی نعت کا دور رہا ہے کہ یہ صنف ازل انوار بھی ہے اور ابد آثار بھی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ نعت مخالفین اسلام کی لسانی گستاخیوں کے جواب کے لیے وجود میں آئی تھی۔ خود رسول اللہ ﷺ کی مبارک رضا اس میں شامل تھی اور اس کے خال و خط اور اسلوب واصول بھی زبان رسالت کے متعین فرمائے تھے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ دل آزار تحریریں بھی لکھی جاتی رہیں، وقت کے راجپال نئے نئے لبادوں میں سامنے بھی آتے رہیں اور عصر نو کے رشدی ہنود و یہود کی سرپرستی میں دندناتے بھی رہیں اور جب رسول ﷺ کے دعویدار محض نعت گوئی میں مصروف رہیں۔ ایسی نعت گوئی قلم، قلم اور حرف، حرف منافقت ہے کہ اس میں محبت کا دعویٰ، غیرت کی چنگاری سے محروم ہے ۔

محبت خوب ہے، غیرت پر اس سے فزوں تر ہے

توصیف رسالت ﷺ کی معراج، گستاخ رسول کے سر کاٹنے اور اپنے سر کٹانے کی عملی کوشش میں پوشیدہ ہے کیوں کہ ہمیت کے اس جذبے کے بغیر ایک مسلمان کا وجود ہی بے جواز ہو کر رہ جاتا ہے کہ اُمت کا اجماع اس پر ہے کہ شانِ رسالت مآب ﷺ میں گستاخی والے کو اسی لمحے قتل کر دیا جائے کہ یہی اس کی سزا ہے اور یہ بھی یاد رکھا جائے کہ اگر وہ دریدہ دہن مسلمان ہے تو اس کی توبہ کو بھی درخور اعتنا نہ سمجھا جائے۔ وہ بہر نوع واجب القتل ہے اور اس سلسلے میں کسی نوع کا تساہل، نہ چرخِ نیلی فام کو گوارا ہے نہ گنبدِ خضرا کو کہ حضور ﷺ کی ذاتی، جذباتی اور شعوری وابستگی ضروری ہے۔ یہ پاکیزہ تعلق جتنا ڈھیلا پڑ جائے گا، ایمان بھی اس قدر کمزور ہوتا

چلا جائے گا۔ یہ کہنا غلط ہے کہ وابستگی، نظریات ہی سے ہونی چاہیے۔ شخصیات سے نہیں۔ حضور اکرم ﷺ کی شخصیت سے شخصی اور ذاتی محبت ہی ہمارے دنیاوی اور اخروی وقار کی ضامن ہے۔ اہلِ مغرب آزادی اظہار کے دلفریب نعروں کی آڑ میں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

دراصل حضور ﷺ سے مسلمانوں کی شدید ترین محبت کو ختم کر کے ان کی جمعیت اور حمیت کو پراگندہ کرنے کے درپے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والے کا فوری قتل طے شدہ بات ہے، خواہ وہ خانہ کعبہ کے غلاف سے کیوں نہ لپٹا ہوا ہو اور یہ بھی لازم ہے کہ قاتل عدالت میں اپنا دفاع ہرگز نہ کرے بلکہ قتل کا برملا اعتراف کر کے اپنے لیے جنت اور دوسروں کے ایمان کے لیے منزل کا نشان چھوڑ جائے۔ اس ضمن میں صحابہ کرام کا مقدس دور، ایثار و وفا کی ایمان افروز مثالوں سے بھرا پڑا ہے مگر عصر حاضر اس نوع سے، کلیتاً بانجھ نہیں ہے اور ہماری خاکستر میں ابھی کچھ چنگاریاں باقی ہیں۔

سربلندی پھر وفا کی دیکھنے میں آگئی

پھر وفا کے نام پر کچھ لوگ ہارے زندگی

اللہ تعالیٰ ناموس نبوت کے سامان خود فراہم کرتا ہے۔ ہم ایسے لوگ تحریریں لکھتے اور تقریریں کرتے رہ جاتے ہیں اور قدرت کسی سادہ دل کے جگر میں آگ لگا کر اس کے ایمان کو عمل کا خوش رنگ نقش بنا دیتی ہے کہ لالے کی حنا بندی فطرت کا محبوب مشغلہ ہے۔

☆☆☆

# اب اقلیتیں ہی کریں گی ہماری تقدیر کا فیصلہ؟

رضی الدین سید

کیا واقعی اب اقلیتیں ہی ہمارے ملک اور قوم کی تقدیر کا فیصلہ کیا کریں گی؟ یہ ایک بہت اہم سوال ہے جس کے لیے ہمیں فی الواقع سنجیدہ ہو جانا چاہیے۔ ہماری ماضی اور حال کی تمام حکومتوں کا حال یہ رہا ہے کہ انہیں ۹۸ فیصد مسلم اکثریت کے بجائے محض ۲ فیصد اقلیتوں ہی کے جذبات و احساسات کا پاس رہتا ہے۔ اتنا خیال کہ اس کی خاطر وہ ۹۸ فیصد مسلم اکثریت کے حقوق کو بھی بے شرمی سے پامال کر دیتی ہیں۔ آئین پاکستان میں اقلیتوں کے شہری، معاشی و مذہبی حقوق کے لیے واضح دفعات رکھی گئی ہیں کیوں کہ یہ مملکت، اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے کہ ایک اسلامی معاشرے میں ان کے مفادات کا ہر طرح خیال رکھا جائے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ ڈھٹائی، زور اور عالمی پشت پناہی کی بنیاد پر مسلم عقائد پر بھی ضرب کاری لگانے لگیں اور ایسے حقوق طلب کرنے لگیں جو ”ان پر کبھی واجب بھی نہ تھے۔“

بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے معاملات کو کلی طور پر اقلیتوں کی منشا و مرضی کے مطابق چلایا جائے اور ان کی خاطر ہر سال دو سال میں نت نئے آرڈی ننس لائے جاتے رہیں اور آئین میں ردو بدل کیا جاتا رہے؟ اقلیتوں میں خصوصاً عیسائی حضرات سب سے زیادہ واویلا کرتے ہیں کیوں کہ باقی اقلیتوں میں سے اکثریت انہی کی ہے۔ ورنہ اگر ہندو بھی یہاں بڑی اقلیت میں ہوتے تو ہمارے حکمران ان کی خاطر بھی جھکے جھکے جاتے اور رعایتیں دے دے کر بے حال ہوئے جاتے۔ رہ گئے قادیانی تو وہ برسرزمین تو کوئی ایسا مظاہرہ یا جلسہ وغیرہ نہیں کرتے کیوں کہ وہ ۹۸ فیصد مسلمانوں کے ہاتھوں سے ماضی اور حال میں زخم چاٹ چکے ہیں، تاہم در پردہ وہ

حکومت میں اسی طرح تغیر و تبدل کا کھیل کھیلتے چلے آرہے ہیں جیسے کوئی چوہا رفتہ رفتہ کسی رسی کو اپنے دانتوں سے کترتا رہتا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

ورنہ آخر کیسے ممکن ہے کہ بیس تیس سالوں کے بعد اب قادیانیوں سے مظلومیت کی لہر ایک بار پھر چلنے لگ جائے؟

اقلیتوں خصوصاً عیسائیوں کو اس بات سے آخر خوشی کیوں نہیں ہوتی ہے کہ پاکستان میں ان کی جانوں، مالوں، گرجاوں اور مذہبی کتب کی عمومی طور پر کوئی بے حرمتی اور بے وقعتی نہیں ہوتی ہے۔ نہ یہاں کبھی گرجا گھر جلائے جاتے ہیں اور نہ ان کی انجیلیں کبھی جلائی اور پھاڑی جاتی ہیں۔ وہ یہاں آزادانہ معاش حاصل کر رہے ہیں اور ملک بھر میں ایک عام مسلمان کی طرح کہیں بھی آجا سکتے ہیں۔ انہیں اپنے مذہبی اسکول تک کھولنے کی بھی عام اجازت ہے ورنہ وہ ذرا بھارت کا حال تو دیکھیں جہاں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ عیسائیوں پر بھی بربریت روا رکھی جاتی ہے۔ جہاں گرجے جلائے جاتے اور ننیں (NUNS) نذر آتش کی جاتی ہیں۔

دوسری طرف یہ عیسائی اقلیت ذرا مغربی عیسائی ممالک کا حال بھی دیکھے جہاں ایک ایک مسلم فرد ان کے ہاتھوں بری طرح ظلم کا شکار ہے۔ دہشت گردی تو گویا مسلم نام کے ساتھ زبردستی چپکا دی گئی ہے جب کہ ہمارے پیغمبر آخر الزماں کے خاکے بھی آئے روز اڑائے جاتے ہیں، گوانتانامو میں قرآن پاک پھینکے جانے کے واقعات آخر عیسائی دنیا نہیں کر رہی ہے تو پھر کون کر رہا ہے؟ لیکن کتنے عیسائی ہیں جو ہمارے ان مقدس اوراق اور محترم ہستیوں کی توہین پر واویلا کرتے، جلوس نکالتے اور امریکی و یورپی سفارت خانوں کو یادداشتیں پیش کرتے ہیں۔ مسلمانوں کے جذبات کا مسئلہ ہو تو خاموش بیٹھے رہتے ہیں لیکن اپنا کوئی مسئلہ ہو تو وہ ملکی و عالمی سفارت کاری شروع کر دیتے اور خطوط اور ای میلز کا تانتا باندھ دیتے ہیں۔ ہم نے کبھی نہیں سنا کہ توہین رسالت و قرآن پاک پر کبھی کسی پاکستانی بشپ، کارڈینل یا پادری نے ویٹی کین یا مغربی فادرس کو خطوط لکھے ہوں اور سفارتی و مذہبی دباؤ ڈالا ہو تو کیا یہ سب کچھ ایک انسانی مسئلہ نہیں ہے؟

توہین رسالت کے واقعات ان کے ہاتھوں مملکت پاک میں بھی اکا دکا طور پر انجام دیے جاتے رہتے ہیں ان کی جرأت کا کمال ہے کہ ایک کامل مسلم ملک میں بھی وہ توہین رسالت کر جاتے ہیں اور پھر ہمارے حکمران اوپر سے لے کر نیچے تک اور بیرونی قوتیں

بھی بھاگ دوڑ میں لگ جاتی ہیں کہ کہیں کسی مجرم کو سزائے موت ہو ہی نہ جائے اس موقع پر اب سب کو انسانی حقوق بھی یاد آنے لگتے ہیں۔ ملعونہ و مجرمہ آسیہ بی بی کے لیے وفاقی اقلیتی وزیر شہباز بھٹی کی نیندیں اڑ جاتی ہیں اور سازشوں کا ایک سلسلہ دراز ہو جاتا ہے ۔ آسیہ ملعونہ کو بیرون ملک بھجوا دینے کی دیوانگی بڑھ جاتی ہے لیکن تب کسی کو بھی یہ خیال نہیں آتا کہ آخر امریکہ جلاد قید میں ۳ بچوں کی کوئی مسلم ماں عافیہ صدیقی بھی گزشتہ سات سالوں سے قید ہے ملعونہ آسیہ کی تو یہاں ساری قدر و قیمت ہے مگر افسوس کہ مومنہ عافیہ کے لیے یہاں نہ کوئی شفقت ہے اور نہ جذبۂ انسانیت!

انہی لوگوں نے جداگانہ انتخابات کو منسوخ کروا کے مخلوط انتخابات کے نظام کو ایک بار پھر رائج کیا ہے اور انہی اقلیتوں کے مطالبے پر شراب خانے برسر بازار دوبارہ کھولے گئے ہیں یہی وہ عیسائی اقلیت ہے جو دھڑلے سے اپنا دعوتی و تبلیغی کام جاری رکھے ہوئے مسلمانوں کو بپتسمہ دینے کی جدوجہد میں ہمہ تن مگن ہے۔ انہی کے غیر ملکی پادری آ کے یہاں کھلے عام "مبشراتی" وعظ دیتے ہیں جس کی خاطر پرکشش و ذومعنی اشتہارات بھی دیواروں پر لگائے جاتے ہیں تاکہ مسلمان ان سے دھوکا کھا جائیں!

بدقسمتی سے ان لوگوں میں اکثر کے نام بھی مسلمانوں جیسے ہوتے ہیں جیسے جاوید، صادق، عیسیٰ، یعقوب اور دانیال وغیرہ جس سے مسلمان بار بار دھوکہ کھاتے ہیں۔ پھر جب وہ کبھی اپنے نام کا اگلا حصہ یعنی "مسیح" ، "پطرس" یا "پولس" بتاتے ہیں تب جا کر راز کھلتا ہے کہ جس شخص یا خاتون سے وہ باتیں / معاملات کر رہے تھے وہ مسلمان نہیں بلکہ عیسائی فرد تھا یا تھی۔ "خدا کی قسمیں" ہماری طرح کھانا ان کے لیے کبھی کوئی مسئلہ ہی نہیں رہا۔ یہ صورت حال دراصل کسی ملک کی سلامتی کے لیے بہر حال ایک قابل غور پہلو ہے ضروری نہیں کہ یہ اقلیتیں

ملک کی غیر وفادار ہی ہوں لیکن یہ معقول سوال تو بہر حال اپنی اہمیت رکھتا ہی ہے۔ ضروری ہے کہ ان کی اہم قومی و مذہبی شخصیات سے غیر ملکی سرکاری و مذہبی شخصیات کی ملاقات کو باقاعدہ مانیٹر کیا جائے کیوں کہ آج کل کے ملکی حالات کا تقاضا بھی یہی ہے۔

کیا ستم ہے کہ ہر اہم مذہبی و سیاسی معاملے میں ہمیں ان کے "نازک دلوں" کا

مسلمانوں کے "نازک دلوں" سے زیادہ خیال رکھنا پڑتا ہے۔ ہم نے تو ملک میں کم از کم بے نظیر کے پہلے دور ہی سے دیکھا ہے کہ اقلیتیں ہی اب ہمارے قومی و مذہبی مسائل کی راہنمائی کر رہی ہیں۔ وہی بتاتی ہیں کہ کون سا قانون ہمارے حق میں بہتر ہے اور کون سا ضرر رساں ہے؟ وائے ہمارے مسلم حکمران کہ جن کے سبب اسلامی جمہوریہ پاکستان کوا ب یہ سب کچھ دن دیکھنے پڑے ہیں؟ ہمارے ملک میں اب آخر ہمارا رہ ہی کیا گیا ہے؟

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

قرآن کر

# لقد جاءکم رسول

# حریص علیکم بالمو

تحقیق میں آیا ہے تمہارے پاس ر ہے تمہاری بھلائی پر ایمان والوں اس آیت مبارکہ میں اللہ رب العزت اور یہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شا رؤف کے معنی ہیں۔ بڑا مہربان۔ معنی ہیں۔ نہایت رحم والا۔ بڑا مہر اور دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَمَا اَرْسَ اور ہم نے آپ کو ن جن کے رحیم ہونے کا ی بے کراں ہو گی۔ اس رحیمیت میں ک نبی پاک ﷺ کی رحمت عام تھی اس میں مسلمان، کافر، ا ﷺ کا لطف و کرم عام تھا۔ جہاں آپ ﷺ نے م وہیں اُمت کو بھی اس بات کا حکم دی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رووف رحیم

(سورہ التوبہ)

تحریر: طاہرہ مقبول

حقیقت میں آیا ہے تمہارے پاس رسول تم میں کا بھاری ہے اس پر جو تم کو تکلیف پہنچے حریص ہے تمہاری بھلائی پر ایمان والوں پر نہایت شفیق مہربان ہے۔

اس آیت مبارکہ میں اللہ رب العزت نے اپنے حبیبؐ کو اپنے دو صفاتی نام عطا فرمائے۔ اور یہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان ہے کہ اللہ نے رؤف اور رحیم اپنے دو نام عطا فرمائے۔ رؤف کے معنی ہیں ۔ بڑا مہربان ۔ بہت شفقت کرنے والا ۔ معجم القرآن ص ۲۳ رحیم کے معنی ہیں ۔ نہایت رحم والا ۔ بڑا مہربان ۔ معجم القرآن ص ۳۳۳

اور دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

وَمَا اَرسَلنٰکَ اِلَّا رَحمَۃً لِّلعٰلَمِین

اور ہم نے آپ کو جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے جن کے رحیم ہونے کا اعلان خود وہ ذات کرے جو رحمٰن و رحیم ہے، اُن کی رحمت بے کراں ہو گی۔ اس رحیمیت میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔

نبی پاک ﷺ کی رحمت و شفقت مومنین کے ساتھ مخصوص نہیں تھی بلکہ یہ رحمت عام تھی اس میں مسلمان، کافر، انسان، حیوان، چرند، پرند کی کوئی تفریق نہیں تھی۔ آپ ﷺ کا لطف و کرم عام تھا۔

جہاں آپ ﷺ نے عملی طور پر عفو و درگزر رحم و کرم کا معاملہ لوگوں کے ساتھ کیا وہیں اُمت کو بھی اس بات کا حکم دیا۔

حرمت رسول نمبر۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

الرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمَنُ اِرْحَمُوا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمُكُم مَّنْ فِي السَّمَاءِ رحم کرنے والوں پر ہی اللہ کا رحم ہوتا ہے۔ تم اہلِ زمین پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا (الحدیث) اُس حدیث مبارکہ سے رحم و شفقت کرنے پر ابھارا۔ اور جو رحم نہیں کرتے ان کو وعید سنائی مَنْ لَّا يَرْحَم لَا يُرْحَم جو رحم نہیں کرتا اُس پر رحم نہیں کیا جاتا (الحدیث)

حتیٰ کہ آپﷺ نے جانوروں پر بھی رحم و کرم کا معاملہ کر کے دکھایا۔ ایک دفعہ ایک صحابی حضورﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کے ہاتھ میں کسی پرندے کے بچے تھے اور وہ چیں چیں کر رہے تھے۔ حضورﷺ نے پوچھا یہ بچے کیسے ہیں؟ صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ایک جھاڑی کے قریب سے گزرا تو ان بچوں کی آواز آ رہی تھی۔ میں ان کو نکال لایا۔ ان کی ماں نے دیکھا تو بے تاب ہو کر سر پر چکر کاٹنے لگی۔ حضورﷺ نے فرمایا فوراً جاؤ اور ان بچوں کو وہیں رکھ آؤ جہاں سے لائے ہو۔ (مشکوٰۃ

۔ معارف الحدیث)

رحم و کرم کا یہ رُخ تو مطلقاً عام مخلوق کے لیے تھا مگر جہاں بات بچوں کی آئی تو وہاں فرمایا لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّم يَرْحَمْ صَغِيرَنَا أَوْ كَمَا قَالَ ﷺ ترجمہ: جو چھوٹوں پر رحم نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں۔

اللہ اکبر۔ اتنی بڑی بات فرمادی کہ جو چھوٹوں پر رحم نہ کرے وہ ہمارے طریق پر نہیں ہے۔ اگر ہم نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات مبارکہ کا وہ گوشہ دیکھیں جہاں بچوں کے ساتھ آپ کا برتاؤ ہے تو وہاں بچوں کے ساتھ شفقت و رحم کا سب سے نرالا اور اچھوتا انداز

حرمت رسول نمبر۲۰۱۱ء نظر آتا ہے۔

نبی پاکﷺ بچوں پر ان کے لیے دعا فرماتے ۔ اگر کئی بچے ایک جگہ جمع ہوتے تو آ اپنے بازوؤں کو پھیلا کر بیٹھ جا سب سے پہلے ہم کو چھولے گا ہم آتے ۔ کوئی آپﷺ کے پیٹ لگاتے اور پیار کرتے۔ (خصائل بچوں سے محبت اور شف اگر بچے آتے تو بھی ان کے جذ

حضرت زبیرؓ فرماتے ہیں کہ اتنے میں حضرت حسن بن ﷺ نے انہیں نیچے نہ اتارا ( اُترے۔ اور کبھی آپﷺ اُن سے آ کر حضورﷺ کے نیچے

(طبرانی)

حضرت عبداللہ بن ہوتے تھے جب آپﷺ ﷺ کی پشت پر بیٹھ جایا کر اشارہ فرماتے کہ انہیں چھوڑ (سینے سے لگاتے اور پھر )

نظر آتا ہے۔

نبی پاک ﷺ بچوں پر نہایت شفقت فرماتے۔ ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے۔ ان کے لیے دعا فرماتے۔ اگر کئی بچے ایک جگہ جمع ہوتے تو آپ ﷺ ان کو ایک قطار میں کھڑا کر دیتے اور آپ ﷺ اپنے بازوؤں کو پھیلا کر بیٹھ جاتے اور فرماتے بھئی تم سب دوڑ کر ہمارے پاس آؤ۔ جو بچہ سب سے پہلے ہم کو چھو لے گا ہم اس کو یہ اور یہ دیں گے۔ بچے بھاگ کر آپ ﷺ کے پاس آتے۔ کوئی آپ ﷺ کے پیٹ پر گرتا کوئی سینہ اطہر پر۔ آپ ﷺ ان کو سینہ مبارک سے لگاتے اور پیار کرتے۔

(خصائل نبوی)

بچوں سے محبت اور شفقت اس قدر تھی کہ نماز جیسی عظیم الشان عبادت کے دوران اگر بچے آتے تو بھی ان کے جذبات کا خیال رکھتے۔

حضرت زبیرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضور ﷺ سجدے میں ہیں کہ اتنے میں حضرت حسن بن علیؓ آکر حضور ﷺ کی پشت مبارک پر سوار ہو گئے۔ آپ ﷺ نے انہیں نیچے نہ اتارا (بلکہ یونہی آپ سجدے میں رہے) یہاں تک کہ وہی خود نیچے اترے۔ اور کبھی آپ ﷺ ان کے لیے دونوں ٹانگیں کھول دیا کرتے اور وہ ایک طرف سے آکر حضور ﷺ کے نیچے سے گزر کر دوسری طرف سے نکل جاتے۔

(طبرانی)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں حضور ﷺ بعض دفعہ نماز پڑھ رہے ہوتے تھے جب آپ ﷺ سجدے میں جاتے تو حضرت حسنؓ اور حسینؓ کود کر آپ ﷺ کی پشت پر بیٹھ جایا کرتے۔ جب لوگ ان دونوں کو روکنا چاہتے تو حضور ﷺ انہیں اشارہ فرماتے کہ انہیں چھوڑ دو (جو کرتے ہیں

انہیں کرنے دو) اور نماز پوری کر کے انہیں (سینے سے لگاتے اور پھر) اپنی گود میں بٹھا لیتے۔ اور ارشاد فرماتے جیسے مجھ سے محبت ہے

ایسے ہی ان دونوں سے بھی محبت کرنی چاہیے ۔ (حیات صحابہ )

حضرت انسؓ فرماتے ہیں بعض دفعہ حضور ﷺ سجدے میں ہوتے حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ میں سے کوئی ایک آ کر حضور ﷺ کی پشت مبارک پر سوار ہو جاتے ۔ حضور ﷺ ان کی وجہ سے سجدہ لمبا فرما دیتے ۔ بعد میں لوگ کہا کرتے یا نبی اللہ آپ نے بڑا لمبا سجدہ کیا ۔ آپ ﷺ فرماتے میرے بیٹے نے مجھے سواری بنا لیا تھا ۔ اس لیے مجھے جلدی اُٹھنا اچھا نہ لگا ۔

(ابی یعلیٰ ۔ حیات صحابہ ۔ ص۶۱۴)

حضرت ابو قتادہؓ فرماتے ہیں ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ باہر ہمارے پاس تشریف لائے ۔ آپ ﷺ کے کندھے پر (آپ ﷺ کی نواسی) حضرت اُمامہؓ بنت ابی العاصؓ بیٹھی ہوئی تھیں ۔ آپ ﷺ نے اسی طرح نماز پڑھنی شروع کر دی ۔ جب رکوع میں جاتے تو انہیں نیچے اُتار دیتے ۔ اور جب (سجدے سے ) سر اُٹھاتے تو انہیں پھر اُٹھا کر بٹھا لیتے ۔

(بخاری)

ماں بچے کی محبت کے واقعات سے آپ ﷺ پر سخت اثر ہوتا تھا ۔ ایک دفعہ ایک نہایت غریب عورت حضرت عائشہؓ کے پاس آئی ۔ دو چھوٹی چھوٹی لڑکیاں بھی ساتھ تھیں ۔ اُس وقت حضرت عائشہؓ کے پاس کچھ نہ تھا ۔ ایک کھجور زمین پر پڑی ہوئی تھی ۔ وہی اُٹھا کر دے دی ۔ عورت نے کھجور کے دو ٹکڑے کیے اور دونوں میں برابر تقسیم کر دیے ۔

آنحضور ﷺ باہر سے تشریف لائے تو حضرت عائشہؓ نے یہ واقعہ سنایا ۔ ارشاد فرمایا اللہ جس کو اولاد کی محبت میں ڈالے اور وہ اُن کا حق بجا لائے وہ دوزخ سے محفوظ رہے گا

(صحیح بخاری )

حضرت حسن بن علیؓ فرماتے ہیں ایک عورت حضور ﷺ کی خدمت میں آئی ۔ اس

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کے ساتھ اس کے دو بیٹے تھے ۔ اس نے کھجوریں دے دیں ۔ وہ دونوں بچے ا اس عورت نے اپنے حصے کی تیسری کھجور دی ۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا چونکہ اللہ تعالیٰ نے اس پر رحم فرما دیا ہے ۔

(الطبرانی فی الصغیر والکبیر)

حضرت انسؓ فرماتے ہیں ہوں اور ارادہ ہوتا ہے کہ دیر میں ختم کر ہے اور مختصر کر دیتا ہوں کہ اس کی ماں کو

یہ محبت یہ شفقت مسلمان ب لطف فرماتے تھے ۔ ایک دفعہ ایک س آپ ﷺ کو خبر ہوئی تو نہایت آزردہ بچے تھے ۔ آپ ﷺ نے فرمایا "مشرکوں کرو خبردار بچوں کو قتل نہ کرو ۔ ہر جان

معمول تھا کہ جب فصل ک میں جو سب سے زیادہ کم عمر بچہ ہوتا کرتے تھے ۔

جابر بن سمرہؓ صحابی تھے نے آنحضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی نکلے ۔ میں بھی ساتھ ہو لیا کہ اُدھر سے اور مجھے بھی پیار کیا ۔

(صحیح مسلم)

کے ساتھ اس کے دو بیٹے تھے۔ اس نے حضور ﷺ سے کچھ مانگا۔ حضور ﷺ نے اسے تین کھجوریں دے دیں۔ وہ دونوں بچے اپنے حصے کی کھجور کھا کر ماں کو دیکھنے لگ گئے۔ اس پر اس عورت نے اپنے حصے کی تیسری کھجور کے دو ٹکڑے کر کے دونوں کو آدھی آدھی کھجور دے دی۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا چونکہ اس عورت نے اپنے بیٹوں پر رحم کیا ہے اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس پر رحم فرما دیا ہے۔

(الطبرانی فی الصغیر والکبیر )

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ آنحضور ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نماز شروع کرتا ہوں اور ارادہ ہوتا ہے کہ دیر میں ختم کروں گا دفعتاً صف سے کسی بچے کے رونے کی آواز آتی ہے اور مختصر کر دیتا ہوں کہ اس کی ماں کو تکلیف ہوتی ہوگی۔

(بخاری۔ کتاب الصلوٰۃ)

یہ محبت یہ شفقت مسلمان بچوں تک محدود نہ تھی بلکہ مشرکین کے بچوں پر اسی طرح لطف فرماتے تھے۔ ایک دفعہ ایک غزوے میں چند بچے چپیٹ میں آ کر مارے گئے۔ آپ ﷺ کو خبر ہوئی تو نہایت آزردہ ہوئے۔ ایک صحابی نے کہا یا رسول اللہ مشرکین کے بچے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا "مشرکین کے بچے بھی تم سے بہتر ہیں" خبردار بچوں کو قتل نہ کرو۔ خبردار بچوں کو قتل نہ کرو۔ ہر جان اللہ ہی کی فطرت پر پیدا ہوتی ہے۔

(مسند ابن حنبل)

معمول تھا کہ جب فصل کا نیا میوہ کوئی خدمت اقدس میں پیش کرتا تو حاضرین میں جو سب سے زیادہ کم عمر بچہ ہوتا اس کو عنایت فرماتے۔ بچوں کو چومتے تھے ان کو پیار کرتے تھے۔

جابر بن سمرہؓ صحابی تھے۔ وہ اپنے بچپن کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے آنحضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہو کر آپ ﷺ اپنے گھر کی طرف چلے۔ میں بھی ساتھ ہو لیا کہ اِدھر سے چند اور لڑکے نکل آئے۔ آپ ﷺ نے سب کو پیار کیا اور مجھے بھی پیار کیا۔

(صحیح مسلم)

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ ہمارے پاس باہر تشریف لائے۔ آپ کے ایک کندھے پر حضرت حسنؓ بیٹھے ہوئے تھے اور دوسرے کندھے پر حضرت حسینؓ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ کبھی اِسے چومتے کبھی اُسے۔ آپ ﷺ یونہی چلتے چلتے ہمارے پاس پہنچ گئے۔ ایک آدمی نے کہا یا رسول اللہ ﷺ آپ کو ان دونوں سے محبت ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا جس نے ان دونوں سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی۔ اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

(ابن ماجہ)

حضرت معاویہؓ فرماتے ہیں میں نے دیکھا حضور ﷺ حضرت حسنؓ بن علیؓ کی زبان اور ہونٹ چوس رہے تھے اور جس زبان اور ہونٹ کو حضور ﷺ نے چوسا اُسے کبھی عذاب نہیں ہو سکتا۔ (حیات صحابہ۔ ص ۶۱۵)

حضرت انسؓ فرماتے ہیں حضور ﷺ اپنے اہل وعیال کے ساتھ سب لوگوں سے زیادہ شفقت کرتے تھے۔ حضور ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ تھے جو مدینے کے کنارے کے محلے میں کسی عورت کا دودھ پیا کرتے تھے۔ اس عورت کا خاوند لوہار تھا۔ ہم اس سے ملنے جایا کرتے تو اس لوہار کا سارا گھر بھٹی میں اذخر گھاس جلانے کی وجہ سے دھوئیں سے بھرا ہوتا تھا۔ حضور ﷺ اپنے اس بیٹے کو چوما کرتے تھے اور ناک لگا کر اسے سونگھا کرتے۔ (البخاری)

ایک دن خالدؓ بن سعیدؓ خدمت اقدس میں آئے۔ ان کی چھوٹی لڑکی بھی ساتھ تھی۔ اور سرخ رنگ کا کرتا بدن پر تھا۔ آپ نے فرمایا سَنہ سَنہ۔ حبشی زبان میں حَسنہ کو سَنہ کہتے ہیں ۔ چونکہ اُن کی پیدائش حبش میں ہوئی تھی اس لیے آپ ﷺ نے اس مناسبت سے حبشی تلفظ میں حسنہ کے بجائے سنہ کہا۔ آنحضور ﷺ کی پشت پر جو مہر نبوت تھی اُبھری ہوئی تھی ۔ بچوں کی عادت ہوتی ہے کہ

غیر معمولی چیز نظر آئے تو اُس سے کھیلنے لگتے ہیں۔ وہ بچی مہرِ نبوت سے کھیلنے لگی۔ حضرت خالدؓ نے ڈانٹا تو حضور ﷺ نے روکا کہ کھیلنے دو۔ (بخاری۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۶ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

جلد ۲، ص ۸۸۶)

حضور ﷺ بچوں پر محبت اور شفقت کے ساتھ ساتھ اُن کے ساتھ برابری کا سلوک بھی کرتے تھے۔ وہیں آپ ﷺ کی یہ کوشش بھی ہوتی تھی کہ آپ کے اصحابؓ بھی بچوں کے ساتھ برابری کا سلوک کریں۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں رسول اکرم ﷺ کے پاس ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ اسی دوران اُن کا ایک بیٹا آیا۔ اُس شخص نے اپنے بیٹے کا بوسہ لیا اور اُسے اپنی ران پر بٹھا لیا۔ پھر اُس کی لڑکی آئی اور اُس نے لڑکی کو اپنے سامنے بٹھا لیا۔ یہ دیکھ کر حضور ﷺ نے اُس کو مخاطب کر کے فرمایا ”تو نے ان دونوں کے ساتھ انصاف و برابری کا برتاؤ کیوں نہیں کیا؟“

(بخاری)

اس واقعے میں والدین کے لیے دو ہدایات ہیں۔ کہ اولاد کے درمیان برابری کا سلوک نہ کرنا ظلم ہے۔ دوسرا یہ کہ اُن کو اپنی اولاد کے لیے عدل وانصاف اور مساوات کا بہترین نمونہ بننا چاہیے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک اعرابی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا ”آپ لوگ بچوں کو چومتے ہیں۔ ہم تو ان کو نہیں چومتے“۔ یہ سن کر آنحضور ﷺ نے فرمایا

اَوَ اَمْلِکُ اِنْ نَّزَعَ اللّٰہُ الرَّحْمَۃَ مِنْ قَلْبِکَ

(بخاری ومسلم)

ترجمہ: اگر خدا تمہارے دل سے محبت نکال دے تو میرا کیا بس ہے۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے حضرت حسنؓ بن علیؓ اور حضرت حسینؓ بن علیؓ کو چوما اور اُس وقت اقرع بن حابسؓ وہاں موجود تھے۔ اُنہوں نے آنحضور ﷺ سے کہا میرے دس بیٹے ہیں لیکن میں نے تو کبھی کسی کو نہیں چوما۔ آپ ﷺ نے اقرع بن حابسؓ کو دیکھا ارشاد فرمایا

”جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا“ (بخاری ومسلم)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

اپنی اولاد سے تو سب محبت کرتے ہیں پیار کرتے ہیں مگر سوتیلی اولاد سے محبت بھی اللہ کے نبی ﷺ نے کر کے دکھائی۔

حضرت عمر بن ابی سلمہؓ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں بچہ تھا نبی کریم ﷺ کی گود (پرورش) میں تھا (کھانا کھاتے ہوئے) میرا ہاتھ پیالے میں گھومتا پس حضور ﷺ نے مجھے فرمایا اللہ کا نام لے اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے آگے سے کھا۔ (مشکوۃ)

حضرت عمر بن ابی سلمہؓ اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہؓ کے پہلے شوہر ابو سلمہؓ کے بیٹے تھے۔ جب ابو سلمہؓ کا انتقال ہوا تو آپ ﷺ سے حضرت اُمّ سلمہؓ کا نکاح ہوا تھا۔ آپ ﷺ حضرت عمر بن ابو سلمہؓ سے بھی محبت و شفقت سے پیش آتے۔

ہجرت کے موقع پر جب آپ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو انصار کی چھوٹی چھوٹی لڑکیاں خوشی سے دروازوں سے نکل نکل کر گیت گا رہی تھیں۔ جب آپ ﷺ کا ادھر سے گزر ہوا تو فرمایا اے لڑکیو تم مجھے پیار کرتی ہو؟ سب نے کہا ہاں یا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں بھی تمہیں پیار کرتا ہوں۔

(سیرۃ جلد اول۔ ہجرت)

حضرت عائشہؓ کمسنی میں حضور ﷺ کے نکاح میں آئی تھیں۔ وہ فرماتی ہیں میں حضور ﷺ کے پاس گڑیوں سے کھیلتی تھی۔ اور میری سہیلیاں بھی میرے ساتھ کھیلتیں۔ جب آپ ﷺ تشریف لاتے تو میری سہیلیاں چھپ جاتیں۔ آپ ﷺ اُن کو میری طرف بھیجتے پس وہ میرے ساتھ کھیلتیں۔

(مشکوۃ بخاری و مسلم)

# عائلی معاملات کے

ایم۔فل (شیخ

عائلہ، خاندان اس کا مادہ عول ہ مفلس کے معنی میں آیا ہے۔ ووجدک عائلا فاغنی اور تم کو مفلس پایا تو اس نے غنی کر د سورۃ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہ وان خفتم عیلة فسوف یغن ''اور اگر تم کو مفلسی کا خوف ہ تو اللہ چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے غنی کر دے گ اس آیت میں عیلۃ (مفلسی) ک ہے۔ قاموس المحیط میں عَیِّل کے معنی عائلہ یا ع عربی زبان میں عائلہ کا لفظ بیو ہے۔ اس کی جمع عائلات اور عیال ہے۔ چنانچہ عائلی زندگی سے مراد گھر کے ان تمام ہوتے ہیں۔ (۵)

عائلی زندگی کے لیے انگریزی م خاندان کا لفظ ہے اور فارسی میں خانوادہ کا ل قرآن مجید اور احادیث مبارک

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# عائلی معاملات کے بارے میں شریعت کا مزاج

رضیہ نور چودھری

ایم۔فل (شیخ زاید اسلامک سنٹر پنجاب یونیورسٹی)

عائلہ، خاندان اس کا مادہ عول یا عیل سے ہے۔ (۱) قرآن پاک میں عائلہ کا لفظ مفلس کے معنی میں آیا ہے۔

ووجدک عائلا فاغنی اور تم کو مفلس پایا تو اس نے غنی کر دیا۔ سورۃ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وان خفتم عیلة فسوف یغنیکم اللہ من فضله ان شاء (۳) "اور اگر ان کے ساتھ لین دین بند ہو جانے سے تم کو مفلسی کا اندیشہ ہو تو خدا پر بھروسہ رکھو وہ چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔"

اس آیت میں عیلۃ (مفلسی) کا لفظ ایک متبادل قرائت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ قاموس المحیط میں عیال بمعنی عائلہ یا اہل خانہ کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ (۴)

عربی زبان میں عائلہ کا لفظ بیوی کے لیے اور گھر کے افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی جمع عائلات اور عیال ہے۔ عائلی کے معنی ہیں عیال داری، بیوی بچوں والا، چنانچہ عائلی زندگی سے مراد گھر کے ان تمام افراد کی زندگی ہے جو ماں، باپ اور بچوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ (۵)

عائلی زندگی کے لیے انگریزی زبان میں Family کا لفظ ہے اور اردو زبان میں خاندان کا لفظ ہے اور فارسی میں خانوادہ کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔

قرآن مجید اور احادیث مبارکہ میں خاندان کے مترادف الفاظ الاسرۃ ، العشیرۃ

استعمال ہوتے ہیں۔

قرآن مجید میں ہے۔

وازواجکم وعشیرتکم (۶)

انسانی تمدن کی بنیاد ایک مرد اور ایک عورت کی باہمی رفاقت سے وجود میں آتی ہے۔ انہیں دو انسانوں سے مل کر بننے والا چھوٹا سا اجتماعی دائرہ انسان کی تمدنی زندگی کی سب سے پہلی کڑی ہے۔ اس اجتماعی ادارے کو انسان کی عائلی زندگی اور اس کے لیے جو ضابطے ہوتے ہیں انہیں عائلی نظام کہتے ہیں۔ (۷)

اسلام ایک کامیاب معاشرہ کی تشکیل چاہتا ہے اور معاشرہ افراد کا مجموعہ ہے اس لیے جب تک افراد کی اصلاح نہ ہو ایک کامیاب معاشرے کا تصور ناممکن ہے اور اگر افراد عائلی الجھنوں میں مبتلا رہیں اور بیرون خانہ کی خبر نہ لیں تو مجموعی طور پر قوم ترقی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ جائے گی۔

اسلام کا عائلی نظام ایک مرتب نظام ہے اس میں نکاح، طلاق، ایلاء، ظہار اور لعان وغیرہ شامل ہیں۔ اس کی ہر شق انسانی بقا اور اس کی فلاح کے عین مطابق ہے یہ نظام یعنی خاندانی نظام انسانی اجتماعیت کی بنیاد ہے اگر اس کی تنظیم صحیح طریق پر ہو تو یوں سمجھیے کہ کوئی معاشرتی فساد رونما نہیں ہوگا۔ (۸)

اسلام نے جو ضابطہ حیات دیا ہے وہ کلیات واصول پر مبنی ہے۔ قرآن میں عائلی زندگی کے نظام کے بارے میں متعدد ارشادات ہیں۔ ان ارشادات خداوندی پر ہدایات نبوی کے تحت عمل ہوتا رہا ہے۔

عائلی زندگی کے بارے میں شریعت کا مزاج مندرجہ ذیل چیزوں کو سامنے رکھنے سے سمجھ میں آتا ہے۔

## مرد کی قوامیت

اسلامی معاشرہ خاندان میں مرد و عورت میں سے مرد کو منتظم کا مقام دیتا ہے۔ خاندان میں مرد کی حیثیت قوام کی ہے یعنی وہ خاندان کا حاکم ہے۔ اس لحاظ سے اسے بعض اختیارات بھی دیئے گئے ہیں۔ لیکن ان اختیارات میں وہ مطلق العنان نہیں ہے کہ جو چاہے کر گزرے بلکہ عدل و انصاف اور شریعت حیثیت سے ناجائز فائدہ اٹھانے لگے تو شرعاً اس نوع کو روکا جا سکتا ہے۔ مرد کو قوام بنانا قوامیت اللہ اور اس کے رسول کی منشا کے خلاف

اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور

الرجال قوامون علی النساء انفقوا من اموالھم (١٠)

مرد حاکم ہیں عورتوں پر اس سبب دی ہے اور اس سبب سے کہ مردوں نے اپنے

وللرجال علیھن درجة (١١)

اور مردوں کا ان کے مقابلہ میں

اس حوالے سے نبی کریم ﷺ نے

الرجل راع علی أھله وھو

مرد اپنے گھر والوں کا نگران ہے

مرد کی قوامیت سے ہی خاندان فضیلت اور معیار کے اعتبار سے برابر فوقیت حاصل ہے۔ اس لیے اسلام نے نتیجے میں کچھ اختیارات دیئے ہیں ۔ مرد ساتھ استعمال کرے تو ان سے خاندانی کے اختیارات محدود اور مقید ہیں کوئی ا نے ان اختیارات کو حدود اللہ کہہ کر محدود

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

لا طاعة لمن لم يطع الله

"اس کی اطاعت نہیں جو اللہ

گزرے بلکہ عدل و انصاف اور شریعت و اخلاق کے تقاضے مقدم ہیں۔ اگر وہ اپنی اس حیثیت سے ناجائز فائدہ اٹھانے لگے تو شریعت نے ایسے ضوابط مقرر کیے ہیں جن سے ناجائز انتفاع کو روکا جا سکتا ہے۔ مرد کو قوام بنانا فطرت انسانی کی ٹھیک ترجمانی ہے اور اس کی یہ قوامیت اللہ اور اس کے رسول کی منشا کے خلاف نہیں۔ (۹)

اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا پیش نظر رکھنا مفید ہے۔

الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض وبما انفقوا من اموالھم (۱۰)

مرد حاکم ہیں عورتوں پر اس سبب سے کہ اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر فضیلت دی ہے اور اس سبب سے کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کیے ہیں۔

وللرجال علیھن درجة (۱۱)

اور مردوں کا ان کے مقابلہ میں درجہ بڑھا ہوا ہے۔

اس حوالے سے نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے۔

الرجل راع علی اھله وھو مسؤل (۱۲)

مرد اپنے گھر والوں کا نگران ہے اور وہی جواب دہ ہے۔

مرد کی قوامیت سے ہی خاندانی نظام درست رہ سکتا ہے۔ مرد اور عورت انسانی فضیلت اور معیار کے اعتبار سے برابر ہیں۔ لیکن انتظامی عمل کے میدان میں مرد کو تقدم اور فوقیت حاصل ہے۔ اس لیے اسلام نے مرد کی اس حیثیت کو تسلیم کر کے اس کی قوامیت کے نتیجے میں کچھ اختیارات دیئے ہیں۔ جنہیں وہ ٹھیک عدل و انصاف اور تقویٰ و دیانت کے ساتھ استعمال کرے تو ان سے

خاندانی زندگی کی تنظیم اور معاشرتی یکجہتی میں مدد ملے گی۔ مرد کے اختیارات محدود اور مفید ہیں کوئی انسان انہیں بے دھڑک استعمال نہیں کر سکتا قرآن کریم نے ان اختیارات کو حدود اللہ کہہ کر محدود کیا۔ (۱۳)

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے۔

لا طاعة لمن لم يطع الله (۱۴)

"اس کی اطاعت نہیں جو اللہ کی اطاعت نہیں کرتا۔"

اللہ تعالیٰ نے سورۃ نساء میں تنظیم امور کے تین مراحل بیان کیے ہیں۔

والتی تخافون نشوزھن فعظوھن واھجروھن فی المضاجع واضربوھن (۱۵)

اور جو عورتیں ایسی ہوں کہ تم کو ان کی بددماغی کا احتمال ہو تو ان کو زبانی نصیحت کرو ان کو ان کے لیٹنے کی جگہوں میں تنہا چھوڑ دو اور ان کو مارو۔

قرآن کریم نے اس آیت میں نعمت اور عظمت کو بنیاد قرار دیا اور تین امور واضح کیے ہیں۔

- i- نصیحت
- ii- ہجر فی المضاجع
- iii- تعزیر

قرآنی روح کے اعتبار سے یہ بات پسندیدہ ہے کہ پہلے مرحلے پر ہی اصلاح ہو جائے اور اگر صورت حال بدستور کشیدہ رہتی ہے تو ضرورت ومصلحت کے تحت تادیب وتعزیر بھی دی جاسکتی ہے لیکن اس تادیب وتعزیر کی حد متعین کر دی تا کہ یہ اجازت ظلم کا باعث نہ بن جائے۔ دوسری صورت کی حد بندی ایلاء سے کر دی اور واضربوہن کو بھی محدود کر دیا۔ (۱۶)

حضرت محمد ﷺ نے عورتوں کے حوالے سے فرمایا۔

”پس اللہ سے ڈرو کہ عورتوں پر زیادتی نہ کرو اس لیے کہ ان کو تم نے اللہ پاک کی امان سے لیا ہے اور حلال کیا ہے تم نے ان کے ستر کو کلمہ سے اور تمہارا حق ان پر یہ ہے کہ تمہارے بچھونے پر کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جس کا آنا تم کو ناگوار ہو پھر اگر وہ ایسا کریں تو ان کو ایسا مارو کہ ان

کو سخت چوٹ نہ لگے اور ان کا حق تمہارے اوپر اتنا ہے کہ روٹی ان کی اور کپڑا ان کا دستور کے موافق تمہارے ذمہ ہے۔" (۱۷)

تعزیر وتادیب کے حوالے سے نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے۔

"عورتوں کے بارے میں بھلائی کی نصیحت حاصل کرو۔ کیونکہ عورتیں تمہارے ماتحت ہیں تم اس کے سوا اور کسی شے کے مالک نہیں مگر

جب وہ کھلی بے حیائی کا ارتکاب کریں تو ترک تعلق کر لو اور انہیں ہلکی مار دو ۔ اگر وہ اطاعت

کریں تو ان سے کچھ نہ کہو۔'' (۱۸)

غرض مرد کی قوامیت کو چند حدود سے محدود کیا گیا ہے تا کہ ظلم نہ ہو۔

معاشرے کا دارو مدار عائلی معاملات پر ہوتا ہے اگر ان میں بگاڑ پیدا ہو جائے تو معاشرہ میں فساد برپا ہو جاتا ہے۔ اس لیے شریعت نے عائلی معاملات کو بہت مقدم رکھا ہے۔ تاکہ حتی الامکان ان میں بگاڑ پیدا نہ ہو۔ عائلی معاملات میں نکاح ، طلاق ، ایلاء ، ظہار اور لعان شامل ہیں۔

# نکاح

عائلی زندگی میں نکاح کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اسلام میں میاں بیوی کو رشتہ ازدواج میں منسلک کرنے کے لیے نکاح کرنا ضروری ہے۔

نکاح کے لغوی معنی ہم بستگی اور پیوستگی کے ہوتے ہیں۔ عربی میں کہا جاتا ہے۔

تناکحت الاشجار اذا تمایلت والضم بعضها إلى بعض

عبدالرحمن الجزیری نے ''الفقہ علی المذاہب الاربعۃ'' میں نکاح کے معنی پر بحث کرتے ہوئے کہا ہے کہ نکاح کے مطلق معنی عقد کے ہیں اور مجازاً اس سے جنسی تعلق

مراد ہے۔ (۱۹)

تنزیل الرحمٰن نکاح کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

"نکاح ایک شرعی معاہدہ ہے جس کے ذریعے مرد و عورت کے درمیان جنسی تعلق جائز اور اولاد کا سبب صحیح ہو جاتا ہے اور زوجین کے درمیان دیوانی حقوق و فرائض پیدا ہو

جاتے ہیں۔ (۲۰)

قرآن کریم میں یہ لفظ اس معنی میں استعمال ہوا ہے۔

"ولا تنکحوا ما نکح آباؤکم من النساء الا ما قد سلف (۲۱)

تم ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ ، دادا نے نکاح کیا ہو مگر جو بات

گزر گئی سو گزر گئی۔

حدیث مبارکہ ہے۔

"یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءة فلیتزوج"

(۲۲)

جوانو! تم میں سے جو نکاح کی استطاعت رکھتا ہو اس کو چاہیے کہ نکاح کرے۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔

"نکاح دین پر مددگار اور شیطانوں کا ذلیل کنندہ اور ان کے مکروں سے بچنے کا ایک مضبوط حصار اور باعث امت بہت ہونے کا ہے جس سے حضور ﷺ دوسرے نبیوں پر فخر کریں گے۔"

(۲۳)

حضرت شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں۔

"کہ جب مواد شہویہ انسان کے بدن میں سرایت کرتے ہیں اور ان کے ابخرہ دماغ کو چڑھتے ہیں تو آدمی کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ وہ خوبصورت عورتوں کو گھورا کرے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے عشق میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس کے قوائے شہوانیہ میں جوش اور ہیجان پیدا ہوتا ہے یہ آخر کار حرامکاری کے ارتکاب پر آمادہ ہوتا ہے۔ عالم شباب میں اکثر ایسا ہوا کرتا ہے لیکن یاد رکھو کہ یہ غلبہ بھی ایک بڑا حجاب ہے جو انسان کے لیے مقام احسان تک پہنچنے سے مانع ہوتا ہے۔ جو افعال بد کے ارتکاب اور فساد اخلاق کا موجب ہوتا ہے۔ اس سے بڑے بڑے مہلک اور خطرناک نتائج پیدا ہوتے ہیں اور ایسی خرابیاں ظہور پذیر ہوتی ہیں جن سے آپس کے تعلقات بگڑ

جاتے ہیں۔ اس لیے اس کی بہترین صورت یہ ہے کہ وہ شادی کرے بشرطیکہ وہ مالی استطاعت رکھتا ہو۔ لیکن اگر کسی کو یہ قدرت حاصل نہیں کہ وہ شادی کرے تو اس کا علاج مسلسل روزے رکھنا ہے اس سے جوش شہوت کم ہو جاتا ہے اور طبیعت سرکشی نہیں کرتی۔ اس لیے جو نتائج بد اس کے افراط سے ظہور میں آتے ہیں ان کا انسداد ہو جاتا ہے۔ (۲۴)

نکاح کی فضیلت نبی کریم ﷺ کے ان ارشادات سے واضح ہوتی ہے۔

واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فلیس منی

(۲۵)

”عورتوں سے نکاح کرو جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ میں سے نہیں۔“

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

عن انس قال قال رس فلیتزوج الحرائر

(۲۶)

جو شخص اس امر کا خواہشمند ہ کو چاہیے کہ وہ آزاد عورتوں سے نکاح کر

قال رسول اللہ ﷺ اذا النصف الباقی۔

(۲۷)

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ا اس کو چاہیے کہ باقی آدھے دین میں ا

اللہ تعالیٰ نے انسان کو حکم دیا شادی کریں کیونکہ عفت و عصمت کی حف

اللہ رب العزت نے نکاح

"وانکحوا الایامی م فقراء یغنھم اللہ من فضلہ واللہ وا

اور تم میں سے جو بے نکاح لونڈیوں میں جو اس (نکاح) کے لائق اپنے فضل سے غنی کر دے گا اور اللہ تعالیٰ

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مرد و عورت کی شادی کر دینے کا حکم دیا ہ جو بے بس ہوتا ہے اس کے متعلق بھی ا داری کو اللہ تعالیٰ نے قوم کے سر ڈالا ہے کہ شادی کے جو فائدے ہو کرنے کے جو نقصانات ہیں ان کا سے انکار کی جرات نہیں کر سکتا کہ اخلاق گندے ہو جائیں گے۔

(۲۸)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

عن انس قال قال رسولﷺ من اراد ان یلقی اللہ طاھرا مطھرا فلیتزوج الحرائر

(۲۶)

جو شخص اس امر کا خواہشمند ہو وہ خدا سے پاک اور پاکیزہ حال میں ملاقات کرے اس کو چاہیے کہ وہ آزاد عورتوں سے نکاح کرے۔

قال رسول اللہ ﷺ اذا تزوج العبد فقد استکمل نصف الدین فلیتق اللہ فی النصف الباقی ۔

(۲۷)

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جب بندہ شادی کرے تو وہ آدھا دین مکمل کرلیتا ہے اب اس کو چاہیے کہ باقی آدھے دین میں سے خوف وتقویٰ کرے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو حکم دیا کہ مرد و عورت جن کو شادی کی ضرورت محسوس ہو، ضرور شادی کریں کیونکہ عفت و عصمت کی حفاظت کا سب سے بڑا ذریعہ اور سبب یہی ہوسکتا ہے۔

اللہ رب العزت نے نکاح کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا

" وانکحوا الا یامی منکم والصلحین من عبادکم وامائکم ان یکونوا فقراء یغنھم اللہ من فضله واللہ واسع علیم"

(۲۸)

اور تم میں سے جو بے نکاح ہوں تم ان کا نکاح کر دیا کرو اور اس طرح تمہارے غلام اور لونڈیوں میں جو اس (نکاح) کے لائق ہو اس کا بھی۔ اگر وہ لوگ مفلس ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے غنی کردے گا اور اللہ تعالیٰ وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے رشتہ ازدواج کے قیام کی تاکید فرمائی ہے اور ان تمام مرد و عورت کی شادی کر دینے کا حکم دیا ہے جن کو شادی کی ضرورت ہو حتیٰ کہ غلام جو بڑی حد تک بے بس ہوتا ہے اس کے متعلق بھی ارشاد فرمایا کہ ان کی بھی شادی ضروری ہے۔ پھر اس ذمہ داری کو اللہ تعالیٰ نے قوم کے سر ڈالا ہے۔ تا کہ اس کی اہمیت کا احساس پیدا ہو اور اشارہ کیا گیا ہے کہ شادی کے جو فائدے ہوتے ہیں۔ اس سے پوری قوم مستفید ہوتی ہے اور شادی نہ کرنے کے جو نقصانات ہیں ان کا اثر پوری قوم پر پڑتا ہے۔ کوئی ذی عقل انسان اس بات سے انکار کی جرأت نہیں کرسکتا کہ جائز شادی کا رواج اگر بند کر دیا جائے تو پوری قوم کے اخلاق گندے ہو جائیں گے۔

(۲۹)

گویا اچھے انسانی معاشرے اور صالح تمدن کا دارومدار مرد وعورت کے صالح تعلق پر ہے مرد اور عورت کی جائز وابستگی معاشرے کو ایک ایسا سکون دیتی ہے جس سے اس کا درست اجتماعی شعور تشکیل پاتا ہے۔ لہٰذا نکاح ہی وہ عقلی و منطقی اور اخلاقی و انسانی ضرورت ہے جس پر تمدن کی فلاح و بقا کا انحصار ہے۔ (۳۰)

مردوزن کا یہ رشتہ مضبوط کرنے کے لیے دونوں پر کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جن کے لئے حقوق الزوجین کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ومن کل شیء خلقنا زوجین (۳۱)

اور ہم نے ہر چیز کے جوڑے بنائے۔

محمد ارشد بھٹی لکھتے ہیں۔

عربی زبان میں زوج کے معنی شوہر، بیوی، ساتھی اور جوڑا کے ہیں۔ یعنی بیوی اور خاوند ہر ایک کے لئے لفظ زوج کا استعمال ہوتا ہے زوج کا تثنیہ زوجین ہے۔ (۳۲)

لہٰذا حقوق الزوجین سے مراد وہ ذمہ داریاں ہیں جو مرد و عورت کے ازدواجی رشتے میں منسلک ہونے کی صورت میں شریعت و اخلاق نے ان پر عائد کی ہیں۔ مرد اور عورت کے تعلق میں بھی اسلام نے وہی اعتدال کی راہ اختیار کی ہے۔ جو اس کا خاصا ہے۔ یعنی اس نے جس طرح مرد کے حقوق بیان کیے ۔ اسی طرح عورت کے بھی اور جس طرح عورت کے فرائض کا ذکر کیا ہے اسی طرح مرد کے

فرائض بھی واضح کیے ہیں۔ قرآن وسنت نے ازدواجی زندگی کے استواری کے لیے مرد اور عورت کے حقوق کا تعین کیا ہے۔

## شوہر کے حقوق

مرد کے حقوق سے مراد وہ ذمہ داریاں ہیں جن کا بجالانا عورت کے لیے ضروری ہے۔ مرد کے حقوق مندرجہ ذیل ہیں

- (i) اطاعت
- (ii) حفظ غیب
- (iii) عدت

• (iv) سُوگ

# اطاعت

قرآن وسنت نے عورت کے لیے لازم قرار دیا کہ وہ شوہر کی اطاعت کرے یہ اطاعت قرآن وسنت کی نصوص سے واضح ہے۔ قرآن وسنت نے اچھی خواتین کی جو خصوصیات بیان کی ہیں ان میں اطاعت سرفہرست ہے۔

(۳۳)

فالصلحت قنتت حفظت للغیب بما حفظ اللّٰہ

(۳۴)

تو جو عورتیں نیک ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کی عدم موجودگی میں بحفاظت الہی (مال وآبرو) کی حفاظت کرتی ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے اس آیت کی تشریح یوں فرمائی ہے۔

اذا خرجت المراة من بيت زوجها بغير إذنه ،لعنها كل شيء طلعت عليه الشمس والقمر إلا أن يرضى عنها زوجها.

(۳۵)

"جب عورت اپنے گھر سے نکلتی ہے اور اس کا خاوند ناپسند کرتا ہے تو ہر وہ چیز جس پر چاند اور سورج طلوع ہوتا ہے اس پر لعنت کرتی ہے یہاں تک کہ اس کا شوہر راضی ہو جائے۔"

اطاعت گزار عورت کے لیے نبی کریم ﷺ نے جنت میں داخل ہونے کی بشارت دی ہے۔

"المرأة إذا صلت خمسها وصامت شهرها وإحصنت فرجها وأطاعت بعلها فتدخل من أى ابواب الجنة شاء ت"

(۳۶)

عورت جب پانچوں نمازیں پڑھے ، رمضان کے روزے رکھے ، اپنی آبرو کی حفاظت کرے اور اپنے خاوند کی اطاعت کرے تو جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔

"لو كنت آمراً أحداً ان يسجد لأحد لأمرت المرأة تسجد لزوجها"

(۳۷)

اگر میں کسی کو کسی کے آگے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔

"ايما امراة ماتت وزوجها عنها راض دخلت الجنة"

(۳۸)

ہر وہ عورت جو اس حال میں فوت ہو کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہو تو جنت میں داخل ہوگی۔

قرآن وسنت نے اس طاعت کو مشروط کر دیا ہے اور اسے غیر محدود نہیں چھوڑا۔

نبی ﷺ کا فرمان ہے۔

لا طاعة فی معصیة اللہ إنما الطاعة في المعروف (۳۹)

معصیت میں اطاعت نہیں اطاعت تو صرف معروف میں ہے۔

یعنی مرد کی ایسی اطاعت جو دین واخلاق کی حدود کے خلاف ہو ضروری نہیں بلکہ ایسے میں اس کی اطاعت سے انکار کر دینا زیادہ دینی اور اخلاقی بات ہے۔

## حفظ غیب

حفظ غیب سے مراد اس چیز کی حفاظت کرنا ہے جو شوہر کی غیر موجودگی میں بطور امانت عورت کے پاس ہے۔ اس میں اس کے نسب کی حفاظت ، اس کی آبرو کی حفاظت ، اس کے مال کی حفاظت اور اس کے رازوں کی حفاظت شامل ہیں۔

فالصلحت قنتت حفظت للغیب بما حفظ اللہ (۴۰)

تو جو عورتیں نیک ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کی عدم موجودگی میں مال و آبرو کی نگہداشت کرتی ہیں۔

حضور ﷺ نے فرمایا

لا تصدق بشی من بيته إلا باذنه قال فان فعلت فان كان له الاجر وعليها الوزر ولا تخرج من بيته إلا باذنه (۴۱)

اسے خاوند کی اجازت کے بغیر اس کے گھر سے صدقہ نہیں کرنا چاہیے اگر وہ ایسا کرے گی تو اس کے لیے اجر ہوگا اور اس پر بوجھ اور وہ اس کے گھر سے اس کی اجازت کے بغیر نہ نکلے۔

المرأة راعية علی بيت زوجها وهی مسئولة . (۴۲)

عورت اپنے خاوند کے گھر پر نگران ہے اور جواب دہ

"عن ابی هريره قال قيل لرسول الله ﷺ أی النساء خير؟ قال التي تسره

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

إذا نظر وتطيعه إذا أمر ولا تخالفه في

ابو ہریرہ سے روایت ہے

فرمایا : وہ جب اس کا شوہر اس کی طر اطاعت کرے اور اپنی ذات اور شوہر ہے۔

حفظ غیب میں عورت کی تربیت کا دارومدار ہے۔ اس لیے ا لوگوں کو سخت وعید سنائی گئی ہے۔ جو

حضور ﷺ کا فرمان ہے

من افسد امراة على

جس شخص نے عورت کو خا

ليس منا من خبب امرا

وہ شخص ہم میں سے نہیں خلاف راہ کرے۔

ان ارشادات سے اطا استحکام کے لیے رسول اللہ ﷺ کے خارجہ پہلو کو محدود کرنا مطلوب

## عورت کی رخصتیں

- i- عورت پر نماز جمعہ فرض ن
- ii- جنازوں میں اس کی شر
- iii- نماز باجماعت اور مسج

کی اجازت ہے۔

إذا نظر وتطيعه إذا امرو لا تخالفه فی نفسها ولا مالها بما يكره (۴۳) ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا گیا کہ کون سی عورت بہتر ہے؟ فرمایا : وہ جب اس کا شوہر اس کی طرف دیکھے تو وہ اسے خوش کرے اور جب اسے حکم دے تو اطاعت کرے اور اپنی ذات اور شوہر کے مال کے بارے میں ایسی بات نہ کرے جو اسے ناپسند ہو۔

حفظ غیب میں عورت کی گھر سے وابستگی بھی شامل ہے۔ اس پر خاندان کی تنظیم و تربیت کا دارومدار ہے۔ اس لیے اس کا اولین دائرہ عمل خاندان ہی متعین کیا گیا ہے اور ان لوگوں کو سخت وعید سنائی گئی ہے۔ جو اس دائرے کو خراب کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ حضور ﷺ کا فرمان ہے۔

من افسد امراة علی زوجها فليس منا (۴۴) جس شخص نے عورت کو خاوند سے برگشتہ کیا وہ ہم میں سے نہیں۔

ليس منا من خبب امراة علی زوجها او عبداً علی سيده (۴۵) وہ شخص ہم میں سے نہیں جو کہ کسی عورت کو خاوند سے ورغلائے اور غلام کو مالک کے خلاف راہ کرے۔

ان ارشادات سے اطاعت اور حفظ غیب کو مستحکم کرنا مقصود ہے۔ حفظ غیب کے استحکام کے لیے رسول اللہ ﷺ نے کچھ ایسے امور بھی بتائے ہیں جن سے عورت کے دائرہ عمل کے خارجہ پہلو کو محدود کرنا مطلوب ہے۔ (۴۶)

# عورت کی رخصتیں

- عورت پر نماز جمعہ فرض نہیں۔ (۴۷) -i

- جنازوں میں اس کی شرکت ضروری نہیں۔ (۴۸) -ii

• نماز باجماعت اور مسجد کی حاضری بھی اس کے لیے نہیں گو بعض پابندیوں کے ساتھ اس -iii

کی اجازت ہے۔

• -iv اسے محرم کے بغیر سفر کی اجازت نہیں۔

(۴۹)

لہٰذا عورت کی بڑی ذمہ داری گھر کی تنظیم، بچوں کی تربیت اور خاندان کے وقار کی حفاظت ہے۔ عورت اگر ان ذمہ داریوں سے دستبردار ہو جائے تو خاندانی نظم تباہ ہو جائے گا اور انفرادیت کی وحشت پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی۔ مرد کے حقوق میں اطاعت اور حفظ غیب نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔

عدت اور سوگ کی حیثیت بھی اہم ہے۔ عدت سے مراد وہ وقفہ ہے جو اسے طلاق یا خاوند کے بعد گزارنا پڑتا ہے۔ اس طرح اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ خاوند کی وفات کے بعد ایک مدت تک اپنے آپ کو خوشیوں سے دور رکھے۔

(۵۰)

# بیوی کے حقوق

بیوی کے حقوق سے مراد وہ امور ہیں جن کا ملحوظ رکھنا مرد کے لیے ضروری ہے۔ اسلام نے عورت کو جو حقوق دیئے ہیں ان کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے۔

• -i معاشی حقوق

• -ii تمدنی حقوق

## معاشی حقوق

اسلام نے مختلف طریقوں سے عورت کی معاشی حیثیت کو مستحکم کیا ہے۔ تاکہ وہ بالکل ہی دست نگر نہ بن جائے اس لئے اس کو وراثت مہر اور نفقہ کا حق دار ٹھہرایا ہے۔

## وراثت

وراثت میں وہ باپ سے، بیٹے سے، شوہر سے، اور بعض اوقات دوسرے قریبی رشتے داروں سے حصہ وصول کرتی ہے۔

## مہر و نفقہ

مہر اور نفقہ کی ذمہ داری بھی اسلام نے مرد پر ڈال کر عورت کی حیثیت کو مضبوط

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

بنایا۔ مہر اور نفقہ دو لازمی حقوق ہیں جن قرآن وحدیث میں اس ا واتوا النساء صدقاتھن اور تم لوگ عورتوں کو ان کے فما استمتعتم به منھ تراضیتم به من بعد الفریضة . (۳ پھر جس طریق سے تم ان ہو چکے ہیں اور مقدر ہوئے بعد بھی جس عن حکیم بن معاویة احدنا علیه؟ قال ان تطعمھا إذا اط کتسیت ولا تضرب ا حکیم بن معاویہ اپنے والد ﷺ شوہر پر بیوی کا کیا حق ہے۔ آ تو پہنے تو اسے پہنائے اور اس کے چہ سے علیحدگی اختیار نہ کرے۔

## نفقہ

شوہر کا ایک فرض نفقہ ۔ دی۔عورت کا کام گھر میں بیٹھنا اور مرد کا کام کمانا اور اپنے اہل خانہ جس کی بنا پر شوہر کو اپنی بیوی پر فضی میں داخل ہے۔ قوام کہتے ہی اس کو اسی حیثیت سے اس شے پر اقتدار اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

بنایا۔ مہر اور نفقہ دو لازمی حقوق ہیں جن سے گریز کرنا مرد کے لیے ممکن ہی نہیں۔ (۵۱) قرآن وحدیث میں اس کی تاکید کی گئی ہے۔ واتوا النساء صدقاتھن نحلة (۵۲) اور تم لوگ عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی سے دے دیا کرو۔'' فما استمتعتم به منهن فاتوهن اجورهن فريضه ولا جناح عليكم فيما تراضيتم به من بعد الفريضه . (۵۳) پھر جس طریق سے تم ان عورتوں سے متمتع ہوئے ہو تو ان کو ان کے مہر جو جو کچھ مقدر ہو چکے ہیں اور مقدر ہوئے بعد بھی جس پر تم باہم رضا مند ہو جاؤ اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں۔ عن حكيم بن معاويه عن أبيه قال قلت يا رسول الله ﷺ ما حق زوجه احدنا عليه ؟ قال ان تطعمها إذا طعمت وتكسوها إذا كتسيت ولا تضرب الوجه ولا تقبح ولا تهجر إلا في البيت ." (۵۴) حکیم بن معاویہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ شوہر پر بیوی کا کیا حق ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب تو کھائے تو اسے کھلائے اور جب تو پہنے تو اسے پہنائے اور اس کے منہ پر نہ مارے اور اسے برا بھلا نہ کہے اور گھر کے سوا اس سے علیحدگی اختیار نہ کرے۔

## نفقہ

شوہر کا ایک فرض نفقہ ہے۔ اسلام نے زوجین کے حدود عمل کی واضح طور پر تقسیم کر دی۔ عورت کا کام گھر میں بیٹھنا اور زندگی کے فرائض انجام دینا ہے۔ (وقرن في بيوتكن) مرد کا کام کمانا اور اپنے اہل خانہ کے لیے ضروریات زندگی فراہم کرنا ہے یہ دوسری چیز ہے جس کی بنا پر شوہر کو اپنی بیوی پر فضیلت کا ایک درجہ دیا گیا ہے اور یہ چیز قوامیت کے عین مفہوم میں داخل ہے۔ قوام کہتے ہی اس شخص کو ہیں جو کسی شے کی نگہبانی اور خبر گیری کرنے والا ہو اور اسی حیثیت سے اس شے پر اقتدار رکھتا ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

لینفق ذو سعہ من سعہ ومن قدر علیہ رزقہ فینفق مما اتاہ اللّٰہ لا یکلف اللّٰہ نفسا الا ما اتاہا ۔ (۵۵)

جس کو گنجائش ہو اس کو چاہیے کہ اپنی گنجائش سے خرچ کرے اور جس کی آمدنی نپی تلی ہو تو جتنا اس کو خدا نے دیا ہے۔ اس کے موافق خرچ کرے۔ خدا نے جس کو جتنا دیا ہے اس سے زیادہ تکلیف کسی کو نہیں دیتا۔

نفقہ کے لیے یہ قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ اس کے تعین میں مرد کی استطاعت کا لحاظ رکھا جائے۔ عورت کی ضروریات زندگی پورا کرنے کی ذمہ داری مرد پر ہے۔ اس لیے جب تک عورت مرد کے نکاح میں ہے وہ اس کے نان ونفقہ کا ذمہ دار ہے۔ (۵۶)

مطلقہ عورت کی عدت کے دوران بھی عورت کے نان ونفقہ کی ذمہ داری مرد پر ہو گی۔ بجز اس کے کہ عورت فحش کی مرتکب ہو۔ نان ونفقہ کی ذمہ داری مرد پر ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا وصیۃ لازواجھم متاعا الی الحول غیر اخراج ۔ (۵۷)

اور جو لوگ تم میں سے مر جاویں اور چھوڑ جاویں اپنی عورتیں تو وہ وصیت کر دیں اپنی عورتوں کے واسطے خرچ دینا ایک برس تک گھر سے بغیر نکالے۔

# تمدنی حقوق

تمدنی حقوق کی وسعت ان تمام امور پر حاوی ہے جو مرد وعورت کے معاشرتی تعلق میں پیدا ہوتے ہیں۔ یہ درج ذیل ہیں۔

# بیوی پر اعتماد

مرد کا ایک یہ بھی فریضہ ہے کہ بیوی پر اعتماد کرے اور گھر کے اندرونی معاملات اس کے حوالے کر دے تاکہ وہ اپنی حیثیت کو پہچان سکے اور اس کی عزت وعظمت اور اس کا وقار اس

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

میں خود اعتمادی پیدا کرے۔

نبی کریم ﷺ نے عورتوں

والمراۃ راعیۃ علی بی

عورت اپنے شوہر کے گھر

# ضرار اور تعدی کی ممانعت

اسلام نے مرد کو عورت پر نہ ہو، اس کو رکھنا نہ چاہیے مگر محض ستا طلاق دے اور دو طلاقوں کے بعد تیسر نہایت سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

ولا تمسکوہن ضر تتخذوا ایت اللہ ہزواً (۶۰)

اور ان کو ستانے اور زیاد آپ ظلم کرے گا اور اللہ کی آیات کا مز ضرر اور تعدی کے الفا کرنے کی نیت سے کسی عورت کو ر اور جسمانی تکلیفیں دے گا۔ ادنیٰ ط تو تذلیل اور ایذا رسانی کے دوسر حاوی ہیں اور قرآن مجید کی رو س کا برتاؤ کرتا ہے وہ اپنی جائز حد س مستحق ہے کہ قانون کی مدد لے کر

عورت کی مار پیٹ ۔

میں خوداعتمادی پیدا کرے۔

نبی کریم ﷺ نے عورتوں کو گھر کا نگران مقرر کیا ہے۔

والمرأة راعية على بيت زوجها وولده (۵۷)

عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں کی نگران ہے۔

# ضرار اور تعدی کی ممانعت

اسلام نے مرد کو عورت پر ظلم اور زیادتی کرنے سے منع کیا ہے۔ عورت سے رغبت نہ ہو، اس کو رکھنا نہ چاہے مگر محض ستانے اور زیادتی کرنے کے لیے اس کو رکھ چھوڑے بار بار طلاق دے اور دو طلاقوں کے بعد تیسری طلاق سے پہلے رجوع کرے۔ قرآن مجید میں اس کو نہایت سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے کیونکہ یہ بھی ظلم ہے۔ (۵۸)

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

ولا تمسكوهن ضرارا لتعتدوا ومن يفعل ذلك فقد ظلم نفسه ولا تتخذوا آيت الله هزواً (٦٠)

اور ان کو ستانے اور زیادتی کرنے کے لیے نہ روک رکھو جو ایسا کرے گا وہ اپنے اوپر آپ ظلم کرے گا اور اللہ کی آیات کا مذاق نہ بناؤ۔

ضرار اور تعدی کے الفاظ نہایت وسیع ہیں ظاہر ہے کہ جو شخص ستانے اور زیادتی کرنے کی نیت سے کسی عورت کو روک رکھے گا وہ ہر طرح سے اس کو آزار پہنچائے گا روحانی اور جسمانی تکلیفیں دے گا۔ ادنیٰ طبقہ کا ہو گا تو مار پیٹ اور گالم گلوچ کرے گا اونچے طبقے کا ہوگا تو

تذلیل اور ایذا رسانی کے دوسرے طریقے اختیار کرے گا۔ ضرار اور تعدی کے الفاظ سب پر حاوی ہیں اور قرآن مجید کی رو سے یہ سب افعال ممنوع ہیں جو شوہر اپنی بیوی کے ساتھ اس قسم کا برتاؤ کرتا ہے وہ اپنی جائز حد سے تجاوز کا مرتکب ہوتا ہے اور ایسی صورت میں عورت اس کی مستحق ہے کہ قانون کی مدد لے کر اس مرد سے چھٹکارا حاصل کرے۔ (٦٠)

عورت کی مار پیٹ سے بھی رحمت دو عالم ﷺ نے روکا ہے۔

قلت یا رسول اللہ ﷺ ما حق زوجہ أحدنا علیہ؟ قال أن تطعمھا اذ طعمت وتکسوھا اذا کتسیت ولا تضرب الوجہ ولا تقبح ولا تھجر الا فی البیت . (۶۲)

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ شوہر پر بیوی کا کیا حق ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب تو کھائے تو اسے کھلائے اور جب تو پہنے تو اسے پہنائے اور اس کے منہ پر نہ مارے اور اسے برا نہ کہے اور گھر کے سوا اس سے علیحدگی نہ اختیار کرے۔

آنحضور ﷺ نے یہ ساری تاکید اس لیے فرمائی کہ بعض موقعوں پر مردوں کو اجازت دی گئی ہے کہ بعض خاص حالات میں عورتوں کو تنبیہ کی جاسکتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ مرد اس اجازت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی سعی کریں اور عورتوں کو ستانے یا اذیت دینے لگیں یا اس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھیں اور غریب عورت کی زندگی بے کیف بنا ڈالیں۔

رسول کریم ﷺ نے ازواج مطہرات کے ساتھ جو برتاؤ کیا اور جو حسن سلوک کر کے دکھایا غیرت کے اسباق سے وہ معمور ہے۔ نازک ترین مواقع میں بھی جسمانی اذیت پہنچانے کا خیال بھی نہیں کیا۔

## حسن سلوک

عورت کے حقوق میں سے حسن سلوک اہم حیثیت رکھتا ہے۔ مرد اپنے اختیارات اور طبعی فوقیت کی وجہ سے ظلم کرنے کی استطاعت رکھتا ہے۔ اسے ظلم سے باز رکھنا اور حسن معاشرت پر قائم رکھنا خاندانی زندگی کے لیے ضروری ہے۔ قرآن وسنت نے اس اہم خانگی ضرورت کو اہم نصوص کے ذریعے بیان کیا ہے۔ (۶۳)

قرآن کریم کی یہ آیت بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ وعاشروھن بالمعروف (۶۴) اور ان کے ساتھ اچھی طرح رہو سہو۔

نبی کریم ﷺ نے تو اس حسن سلوک کو بڑی اہمیت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ عورتوں

سے حسن سلوک کی اہمیت احادیث مبارکہ سے واضح ہوتی ہے۔

خیرکم خیرکم لاھلہ وأنا خیرکم لأھلی (۶۵)

تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہے اور میں اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہوں۔

اکمل المؤمنین إیمان أحسنھم خلقا وخیارھم نسائھم (۶۶)

مومنوں میں سے کامل ترین وہ ہے جو سب سے زیادہ حسن اخلاق والا ہے اور تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی عورتوں کے لیے بہتر ہے۔''

آنحضور ﷺ نے عورتوں سے حسن سلوک کی تاکید فرمائی اور اس کی بہترین مثال آنحضور ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہے کہ متعدد بیویاں ہونے کے باوجود آپ ﷺ نے سب کے ساتھ حسن سلوک فرمایا اور عدل کی بہترین مثال قائم کی۔

# صبر و تحمل

زندگی میں یہ کوئی حیرت انگیز واقعہ نہیں کہ میاں بیوی میں کشیدگی پیدا ہو جائے اور یہ بھی ہوتا رہتا ہے کہ اس سلسلے میں شیطان کو بہکانے کا موقع ہاتھ آ جاتا ہے اور اس سے عفت و عصمت کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے پھر اس وقت اور بھی جبکہ عورتیں نازک طبع، تند خو اور تنک مزاج ہوتی ہیں۔ اس لئے اسلام میں ان حقائق و واقعات سے چشم پوشی اختیار نہیں کی گئی۔ عورتوں کی فطری کمزوریوں کو پیش نظر رکھ کر مردوں کو اس سلسلہ میں مفید ہدایتیں دی گئی ہیں تا کہ زن و مرد کی باہمی زندگی میں نا خوشگواری نہ آنے پائے اور اگر عورتوں کے کسی قول و فعل سے ان کو اذیت پہنچے تو ایسے موقع پر صبر و تحمل سے کام لیا جائے۔

ارشاد ربانی ہے۔

عاشروھن بالمعروف فان کرھتموھن فعسی ان تکرھوا شیا ویجعل اللّٰہ

فیہ خیرا کثیرا (۶۷)

''اور ان عورتوں کے ساتھ حسن و خوبی سے گزر بسر کرو اور اگر تم کو وہ نا پسند ہوں تو ممکن

ہے کہ تم ایک چیز ناپسند کرو اور اللّٰہ تعالیٰ اس کے اندر کوئی بڑی منفعت رکھ دے۔“

نبی کریمﷺ کا فرمان ہے۔

لا یفرك مومن مومنة ان کرہ منها خلقا رضی منها اخر (۶۸)

کوئی مسلمان مرد کسی مسلمان عورت کو اس لیے مبغوض نہ رکھے کہ اس کی کوئی عادت ناگوار خاطر ہے اس لئے کہ اگر ایک عادت ناپسند ہے اس کی کوئی دوسری عادت پسندیدہ ہوگی۔

## رفق و ملاطفت

عورتوں کے ساتھ رفق و ملاطفت کا برتاؤ ناگزیر ہے جو دلوں میں محبت والفت کے رسوخ کا باعث ہو پھر ساتھ ہی یہ تدبیر بھی ہے کہ عورتوں کی بہت سی باتوں سے عفو و درگزر کی جائے اور ان کی بدخلقی پر صبر و تحمل کیا جائے۔

ایک دفعہ نبی کریمﷺ نے صبر و تحمل کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا

استوصوا بالنساء خیراً فانهن خلقن ضلع وإن أعوج شيء فی الضلع أعلاه فان ذهبت تقیمه کسرته وإن ترکته لم یزل أعوج فاستوصوا بالنساء

خیرا. (۶۹)

عورتوں کے ساتھ بھلائی کرو کیونکہ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور پسلی میں سب سے ٹیڑھی چیز اس کے اوپر کا حصہ ہے۔ اگر تو اسے سیدھا کرنے لگے تو اسے توڑ دے گا اور اسے اپنے حال پر چھوڑ دے گا۔ تو وہ ہمیشہ ٹیڑھا ہی رہے گا۔ عورتوں کے ساتھ بھلائی کرنا ہی مناسب ہے۔

## آزادی

عورت کا سب سے بڑا حق اس کی آزادی ہے۔ شوہر کے انتخاب اور شوہر کے ساتھ رہنے میں شریعت نے اسے اختیار دیا ہے۔ انتخاب میں اس کی رائے کا احترام کیا ہے اور رفاقت میں اس کے جذبات کو پیش رکھا ہے گو انتخاب میں بالکل آزادی نہیں ہے۔ تاہم یہ آزادی عام معاشرتی رجحانات سے کہیں بلند ہے۔ عرب معاشرے میں کم سن لڑکیوں کی شادی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کا رواج تھا۔ اسلام نے اس کی اصل عیوب اور طبیعت کی ناپسندیدگی پر اسے سے فسخ نکاح کا فیصلہ لے سکتی ہے۔ اختیار دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ اسلا کو مرد کے برابر تسلیم کرتا ہے۔ بلکہ اک جان و مال کے تحفظ کو مرد کے جان و ما ہے۔ اسلام نے عورت کو ہے تاکہ معاشرے میں اس کی عزت

ہو سکے۔ (۷۰)

## طلاق

طلاق کے لغوی معنی قید بھی۔ جیسے قید الاسیر اور قید النکاح ۔ میں یہ لفظ التفریق بین الزوجین کے میں جائز رکھا البتہ اس کی اصلاح کر ہے کہ اس میں ازالہ نکاح یا نقصان مولانا عبدالسلام ندوی لک "خداوند تعالٰ طرح نظام ا لیکن طلاق ک بنایا بلکہ عق قائم کر دیں ت

رکھ سکیں۔ (

کا رواج تھا۔ اسلام نے اس کی اصلاح یوں کی کہ اسے خیار بلوغ کا اختیار دیا۔ شوہر کے عیوب اور طبیعت کی ناپسندیدگی پر اسے اختیار دیا کہ وہ حکمین کے ذریعے یا عدالت کے واسطے سے فسخ نکاح کا فیصلہ لے سکتی ہے۔ طلاق اور بیوگی کی صورت میں اسے نکاح ثانی کا مکمل اختیار دیا گیا ہے ۔ اس کے ساتھ اسلام عورت کی جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ میں اس کو مرد کے برابر تسلیم کرتا ہے۔ بلکہ اکثر اوقات اسلامی معاشرے کی اجتماعی غیرت عورت کے جان و مال کے تحفظ کو مرد کے جان و مال سے زیادہ سمجھتی ہے۔ اسلام نے عورت کو معاشی اور تمدنی حقوق دے کر اس کی حیثیت کو محفوظ کر دیا ہے تاکہ معاشرے میں اس کی عزت اور وقار بھی رہے اور اس پر ظلم اور دست درازی بھی نہ ہو سکے۔

(۷۰)

# طلاق

طلاق کے لغوی معنی قید سے آزادی کے ہیں۔ یہ قید حسی بھی ہو سکتی ہے اور معنوی بھی۔ جیسے قید الاسیر اور قید النکاح ، طلاق اور تطلیق دونوں کا ایک ہی مفہوم ہے۔ دور جاہلیت میں یہ لفظ التفریق بین الزوجین کے لیے استعمال ہوتا تھا اسلام آیا تو اس نے اسے اس معنی میں جائز رکھا البتہ اس کی اصلاح کر دی۔ فقہاء کے نزدیک طلاق کی اصطلاحی تعریف یہ کی ہے کہ اس میں ازالۂ نکاح یا نقصان حلت کا مفہوم پایا جاتا ہے۔

(۷۱)

مولانا عبدالسلام ندوی لکھتے ہیں ۔

"خداوند تعالیٰ نے نظام اجتماع یعنی نکاح کی طرح نظام افتراق یعنی طلاق کو بھی مشروع کیا لیکن طلاق کو بالکل آزادانہ اور خود مختار چیز نہیں بنایا بلکہ عقد نکاح کے گرد ایسی چار دیواریاں قائم کر دیں جو اس کو وقتی تاثرات سے محفوظ رکھ سکیں ۔

(۷۲)

# طلاق کی حیثیت

اسلام انسانی معاشرے کے لیے نکاح کو اس لیے اصل قرار دیتا ہے کہ اس سے حدود اللہ کی پابندی اور اخلاق کی تربیت ہوتی ہے۔ اسلام اسے قائم رکھنے کی ترغیب دیتا ہے اگر اس تعلق میں بدمزگی واقع ہوتو اسے برداشت کرنے کا حکم دیتا ہے۔ کیونکہ اصل مقصد انسانی معاشرے کا ربط واستحکام ہے۔ (۷۳)

اس کی وضاحت اس آیت سے ہوتی ہے۔

وعاشروھن بالمعروف فان کرھتموھن فعسی ان تکرھوا شیئا ویجعل اللہ فیه خیرا کثیرا۔" (۷۴)

ان کے ساتھ اچھے سلوک سے رہو اگر وہ تمہیں ناپسند بھی ہوں تو ہوسکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس میں تمہارے لیے بہت کچھ بھلائی رکھ دے۔

اس سے معلوم ہوا کہ اگر تمہیں اس تعلق میں کوئی کراہت کا پہلو نظر نہیں آتا تو تمہارے صبر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس میں خیر کے عنصر کو غالب کردے گا۔ اگر یہ تعلق کی سطح پر نہ چل سکے تو پھر انسانی معاشرے کی فلاح وبہبود کیلئے اسے توڑ دینا مناسب سمجھا لیکن یہ توڑنا بالکل ناگزیر حالات کے ساتھ مختص قرار دیا۔ (۷۵)

قرآن وسنت میں ایسی واضح نصوص موجود ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ طلاق اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک ناپسندیدہ بات ہے۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے۔

ابغض الحلال الی اللہ الطلاق (۷۶)

حلال چیزوں میں سے اللہ کے نزدیک مبغوض ترین طلاق ہے۔“

ما احل اللہ شیئا ابغض الیہ من الطلاق (۷۷)

اللہ کے نزدیک مباح چیزوں میں طلاق سے بڑھ کر منحوس کوئی چیز نہیں۔

عن ثوبانؓ قال قال رسول اللہ ﷺ ایما امراۃ سألت زوجها طلاق في غير ما بأس فحرام عليها رائحة الجنة۔ (۷۸)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسو پر اپنے خاوند سے طلاق طلب کی اس پر جن تزوجوا ولا تطلقوا فان ا نکاح کرو اور طلاق نہ دو کیون پسند نہیں کرتا۔

قرآن وسنت کے ارشادات ہے جسے قائم رکھنا چاہیے لیکن چونکہ اس انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ جہاں تعل

طلاق کے بارے میں اسلا اوقات طبائع اور شکل وصورت کا فرق کی ہے۔ کہ طلاق صرف دین واخلاقی کے اختلاف کو برداشت کرنے کا مشو ہیں اور اسلام نے اسے تسلیم کیا ہے

جیسا کہ ایک صحابیؓ نے حضو حضورﷺ نے اسے اجازت دے دی

عن لقیط بن صبرة ق لسانها شیئا یعنی البذاء قال فطلق منها ولد قال فمرها یقول ظعینتك كضربك امتك“

لقیطؓ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ ﷺ نے فرمایا اس کو طلاق دے دے اولاد بھی ہے اس سے۔ آپ ﷺ نے یہ دے گی اور مت مارو اپنی جورو کو جیسے تو

دور جاہلیت میں چونکہ طلا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

ثوبان سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ ہر وہ عورت جس نے غیر ضروری طور پر اپنے خاوند سے طلاق طلب کی اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔

تزوجوا ولا تطلقوا فان اللہ لا یحب الذواقین والذواقات

(۷۹)

نکاح کرو اور طلاق نہ دو کیونکہ اللہ تعالیٰ مزہ چکھنے پھرنے والے مردوں اور عورتوں کو پسند نہیں کرتا۔

قرآن وسنت کے ارشادات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نکاح ایک ایسا مقدس رشتہ ہے جسے قائم رکھنا چاہیے لیکن چونکہ اس کا مدار محض طبائع کے توافق اور تعاون پر ہے۔ اس لیے انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ جہاں تعلق بوجھ بن رہا ہے اسے ختم کر دینا چاہیے۔

(۸۰)

طلاق کے بارے میں اصل چیز دین و اخلاق کی قدروں کی حفاظت ہے لیکن بعض اوقات طبائع اور شکل وصورت کا فرق بھی بنیاد بن جاتا ہے۔ اسلام نے حتی الامکان یہ کوشش کی ہے کہ طلاق صرف دین و اخلاقی قدروں کی بنیاد پر ہو۔ طبائع کے فرق اور شکل وصورت کے اختلاف کو برداشت کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اگر چہ کسی وقت یہ چیزیں بھی بنیاد بن سکتی ہیں اور اسلام نے اسے تسلیم کیا ہے۔

(۸۱)

جیسا کہ ایک صحابی نے حضور ﷺ سے شکایت کی کہ میں طلاق دینا چاہتا ہوں تو حضور ﷺ نے اسے اجازت دے دی۔

عن لقيط بن صبره قال قلت يا رسول الله ﷺ ان لی امراة وان في لسانها شيئا يعنى البذاء قال فطلقها اذا قال قلت يا رسول ﷺ ان لها صحبة ولی منها ولد قال فمرها يقول عظها فان يك فيها خير فستفعل ولا تضرب ظعينتك كضربك اميتك

(۸۲)

لقیطؓ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میری ایک بی بی ہے جس کی زبان دراز ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کو طلاق دے دے۔ لقیطؓ نے کہا ایک مدت تک میرا اس کا ساتھ رہا اور میری اولاد بھی ہے اس سے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کو نصیحت کر اور سمجھا اگر اس میں بھلائی ہے تو سمجھ جاوے گی اور مت مارو اپنی جورو کو جیسے تو اپنی لونڈیوں کو مارتا ہے۔

دور جاہلیت میں چونکہ طلاق کو ایک مذاق بنالیا گیا تھا اس لیے نبی کریم ﷺ نے

اس کی حیثیت کو بھی واضح فرمادیا۔ ترمذی کے باب ما جاء فی الجد والهزل في طلاق میں حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک حدیث مروی ہے جسے طلاق کے بارے میں اسلام کی پالیسی قرار دیا جا سکتا ہے۔

عن أبی هريرةؓ قال إن رسول الله ﷺ قال: ثلاث جدهن جد وهزلهن جد: النكاح والطلاق والرجعة.

(۸۳)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ تین باتیں ہیں جن میں حقیقت بھی حقیقت ہے اور مذاق بھی حقیقت طلاق ، نکاح اور رجوع

اسلام نے طلاق کی حد متعین کر کے واضح طور پر کہہ دیا کہ ایک آدمی تین سے زائد طلاقیں نہیں دے سکتا اور اگر کبھی تین طلاقیں دیں تو رفاقت سے ہمیشہ کے لیے محروم کر دیا جائے گا۔ پھر کسی حیلہ بازی کی اجازت نہیں ہوگی۔

(۸۴)

فان طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره

(۸۵)

پھر اگر کوئی عورت کو (تیسری) طلاق دے دے تو پھر وہ اس کے لیے حلال نہ رہے گی۔ اس کے بعد یہاں تک کہ وہ اس کے سوا کسی اور شوہر سے (عدت کے بعد) نکاح کرے۔

عن مالك انه بلغه ان رجلا قال لابن عباس: انی طلقت امرأتی مائة تطليقة فماذا ترى على؟ فقال له ابن عباس: طلقت منك بثلاث وسبع وتسعون اتخذت بها آيات الله هزوا

(۸۶)

مالک سے روایت ہے کسی شخص نے عبداللہ بن عباسؓ سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دی ہیں۔ تمہارے خیال میں مجھ پر کیا عائد ہوتا ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا کہ تین طلاقوں سے تیری بیوی مطلقہ ہوگئی ہے اور ستانوے طلاقوں سے تو نے اللہ کی آیات کا مذاق اڑایا۔

طلاق کے بارے میں حیلہ بازیاں بھی ممنوع ہیں۔

لعن رسول اللہ ﷺ المحلل والمحلل لہ

(۸۷)

حضور ﷺ نے حلالہ نکالنے اور نکلوانے والے پر لعنت کی ہے۔

غرض اسلام نے جہاں طلاق کو ایک ناپسندیدہ فعل قرار دیا ہے وہاں ضرورت کے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

تحت مرد کو اس حق کے استعمال کا اختیار ا طلاق نہ دیں اور طلاق دینے کا اختیار ا سکے نہ کہ تمام عمر میاں بیوی نہ اکٹھے رہ سک دین ہے۔

# خلع

اسلام نے جس طرح مرد کے ساتھ وہ کسی طرح نباہ نہیں کر سکتا ا کہ جس مرد کو وہ ناپسند کرتی اور کسی طر

(۸۸)

قرآن پاک کا ارشاد ہے وان خفتم الا یقیما حد اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ میں کہ عورت فدیہ دے کر اپنی جان چھڑا

خلع لغوی طور پر ازالہ کے لسان العرب میں ہے خلع الرجل ثوبہ خلع آدمی نے اپنے کپڑے اتا

خلع اصطلاحاً اس ترک کر لیتی ہے۔ گویا خلع ایک قسم کی ط مطالبہ پایا جاتا ہے۔ اسلام سے پ اسلام نے پہلے تو اس کے اس اختیا کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا کہ م

تحت مرد کو اس حق کے استعمال کا اختیار بھی دیا ہے۔ ممانعت اس لیے کہ لوگ بات بات پر طلاق نہ دیں اور طلاق دینے کا اختیار اس لیے دیا کہ وہ اپنی مرضی اور سکون سے زندگی گزار سکے نہ کہ تمام عمر میاں بیوی نہ اکٹھے رہ سکیں اور نہ ہی جدا ہو سکیں بلاشبہ اسلام ایک حکمت والا دین ہے۔

# خلع

اسلام نے جس طرح مرد کو یہ حق دیا ہے کہ جس عورت کو وہ ناپسند کرتا ہے اور جس کے ساتھ وہ کسی طرح نباہ نہیں کر سکتا اسے طلاق دے دے اس طرح عورت کو بھی یہ حق دیا ہے کہ جس مرد کو وہ ناپسند کرتی اور کسی طرح اس کے ساتھ گزر بسر نہ کر سکتی ہو اس سے خلع لے۔

(۸۸)

قرآن پاک کا ارشاد ہے۔

وان خفتم الا یقیما حدود اللہ فلا جناح علیھما فیما افتدت بہ. (۸۹)

اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ حدود اللہ کو قائم نہ رکھ سکیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ اس بات میں کہ عورت فدیہ دے کر اپنی جان چھڑا لے۔

خلع لغوی طور پر ازالہ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

لسان العرب میں ہے

خلع الرجل ثوبہ خلعاً ازالہ عن بدنہ ونزعہ عنہ (۹۰)

آدمی نے اپنے کپڑے اتارے، اپنے بدن سے ہٹائے اور اتارے۔

خلع اصطلاحاً اس ترک تعلق کو کہتے ہیں جو عورت اپنے مطالبے سے مرد سے حاصل کر لیتی ہے۔ گویا خلع ایک قسم کی طلاق ہے لیکن اس میں مرد کے اختیارات کی بجائے عورت کا مطالبہ پایا جاتا ہے۔ اسلام سے پہلے طلاق مرد کا ہتھیار تھا جسے جب چاہتا استعمال کر لیتا۔ اسلام نے پہلے تو اس کے اس اختیار کو چند شرائط سے مقید کر دیا پھر مرد کی گرفت کو مزید نرم کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا کہ عورت کو بعض حالات میں اجازت دی کہ وہ طلاق کا مطالبہ

کرے اور اگر وہ اپنے مطالبے میں حق بجانب ہو تو حکمین کے ذریعے یا عدالت کی سطح پر وہ طلاق حاصل کر سکتی ہے۔ بعض فقہا نے خلع کی تعریف میں یہ بات کہی ہے کہ اگر قطع تعلق عوض کے بغیر ہو تو طلاق ہے اور جب کبھی اس میں عوض دینے کا معاملہ آ جائے تو وہ خلع ہو جائے گا۔

(۹۱)

خلع کے بارے میں بنیادی اہمیت کی حامل قرآن کریم کی یہ آیت ہے۔ ولا یحل لکم ان تاخذوا مما اتیتموھن شیئا الا ان یخافا الا یقیما حدود اللّٰہ فان خفتم الا یقیما حدود اللّٰہ فلا جناح علیھما فیما افتدت بہ تلک حدود اللّٰہ فلا تعتدوھا ومن یتعد حدود اللّٰہ فاولئک ھم الظلمون. (۹۲)

اور تمہارے لیے یہ بات جائز نہیں کہ جو (مہر) تم ان کو دے چکے ہو واپس لے لو مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ اللّٰہ تعالی کے ضابطوں کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو اگر تم لوگوں کو یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابط خداوندی کو قائم نہ کر سکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ اس (مال کے لینے دینے میں) جس کو دے کر عورت اپنی جان چھڑا لے۔ یہ خدائی ضابطے ہیں تو تم ان سے باہر مت نکلنا اور جو شخص خدائی ضابطوں سے بالکل باہر نکل جائے تو ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں۔

خلع کے بارے میں احادیث سے بھی پتا چلتا ہے کہ آنحضور ﷺ کے عہد میں خلع کے چند واقعات پیش آئے۔

عن ثوبان قال رسول اللّٰہ: ایما مرأۃ سألت زوجھا طلاقا فی غیر ما بأس فحرام علیہ رائحہ الجنۃ. (۹۳)

ثوبان سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ ہر وہ عورت جس نے بلا ضرورت اپنے خاوند سے طلاق طلب کی اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔

عن ابی هريره قال رسول اللّٰه: المنتزعات والمختلعات هن المنافقات (۹۴)

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ علیحدگی چاہنے والی اور خلع حاصل کرنے والی عورتیں ہی منافق ہیں۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

عن ابن عباس ان امہ اللّٰه ثابت بن قيس ما اعہ الاسلام فقال رسول اللّٰه: اتر الحديقة وطلقها تطليقة. (۹۵)

ابن عباس سے مروی ہہ کی : یا رسول اللہ میں اس کے خلق و نہیں کرتی تو رسول اللہ ﷺ نے ف فرمایا: باغیچہ لے لو اور اسے طلاق د

ان آیات اور احادیث ہیں ۔

۱۔ خلع ایسی حالت میں ہہ

۲۔ جب عورت عقد نکا

کرے جس طرح حہ ہے۔

۳۔ اگر عورت فدیہ پیش

کرنے کا حق ہے، نہ

۴۔ عورت محض ایک معہ

کے لیے ضروری نہ دے ۔

غرض مرد ہو یا عو کے طور پر استعمال کرنا چاہیۓ لیا جائے ۔ (۹۶)

طلاق اور خلع کے غرض کے لیے اس پر چند ب

عن ابن عباس ان امرأة ثابت بن قيس أتت النبي ﷺ فقالت: يا رسول الله ثابت بن قيس ما أعتب عليه في خلق ولا دين ولكني أكره الكفر في الاسلام فقال رسول الله: أتردين عليه حديقة؟ قالت: نعم قال رسول الله: أقبل الحديقة وطلقها تطليقة.

(۹۵)

ابن عباس سے مروی ہے کہ ثابت بن قیس کی بیوی نبی کریم ﷺ کے پاس آ کر عرض کی: یا رسول اللہ میں اس کے خلق و دین پر کوئی حرف گیری نہیں کرتی لیکن میں اسلام میں کفر کو پسند نہیں کرتی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم اس کا باغیچہ لوٹا دو گی؟ اس نے کہا ہاں حضور ﷺ نے فرمایا: باغیچہ لے لو اور اسے طلاق دے دو۔

ان آیات اور احادیث سے خلع کے بارے میں مندرجہ ذیل امور مستنبط ہوتے ہیں۔

۱۔ خلع ایسی حالت میں ہونا چاہیے جب کہ حدود اللہ ٹوٹ جانے کا خوف ہو۔

۲۔ جب عورت عقد نکاح سے آزاد ہونا چاہے تو وہ بھی اس طرح مال کی قربانی گوارا

کرے جس طرح مرد کو اپنی خواہش سے طلاق دینے کی صورت میں گوارا کرنی پڑتی ہے۔

۳۔ اگر عورت فدیہ پیش کرے اور مرد قبول نہ کرے تو اس صورت میں عدالت سے رجوع

کرنے کا حق ہے۔

۴۔ عورت محض ایک مقدار مال پیش کر کے آپ سے آپ علیحدہ نہیں ہو سکتی۔ بلکہ علیحدگی

کے لیے ضروری ہے کہ جو مال پیش کر رہی ہے اس کو شوہر قبول کر کے طلاق دے دے۔

غرض مرد ہو یا عورت، ہر ایک کو طلاق یا خلع کا اختیار صرف ایک آخری چارہ کار کے طور پر استعمال کرنا چاہیے نہ یہ کہ محض خواہشات کی تسکین کے لیے طلاق اور خلع کو کھیل بنا لیا جائے۔

(۹۶)

طلاق اور خلع کے بعد عورت پر لازم ہے کہ وہ عدت پوری کرے اور اس غرض کے لیے اس پر چند پابندیاں لگائی جاتی ہیں اور چند حدود متعین کی جاتی ہیں جن کا پورا

کرنا اس پر لازم ہے۔

# عدت

عدت سے مراد وہ وقفہ ہے جو عورت کو طلاق یا خاوند کی وفات کے بعد گزارنا پڑتا ہے۔

تنزیل الرحمن نے عدت کی تعریف یوں کی ہے۔

زوال نکاح کے بعد خواہ نکاح حقیقتاً ہو یا شُبہۃً ، جو دخول یا موت سے متاکد ہوا ہو، عورت کا ایک مدت معلومہ تک نکاح ثانی سے باز رہنا عدت کہلاتا ہے۔ تعالیٰ کے فرمان کے تحت واجب ہے۔ بالغہ مطلقہ عورت جس کو حیض آتا ہے اس کی عدت تین حیض ہے۔ (۹۷)

قرآن پاک میں ارشاد ہے ۔

والمطلقت یتربصن بانفسھن ثلثۃ قروء (۹۸)

جن عورتوں کو طلاق دی جائے وہ تین حیض تک اپنے تئیں روک رکھیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے ۔

والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجاً یتربصن بانفسھن اربعۃ اشھر وعشرا فاذا بلغن اجلھن فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسھن بالمعروف (۹۹)

جو لوگ تم میں سے مرجائیں اور اپنی بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے تئیں چار مہینے دس دن تک روک رکھیں، پھر جب وہ اپنی عدت پوری کرلیں تو تم پر کوئی گناہ نہیں اس میں جو وہ اپنے لیے دستور کے موافق عمل کریں۔

وہ مطلقہ عورت جس کو بوجہ کم سنی، کبرسنی یا مرض یا کسی اور وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو اس کی عدت تین ماہ ہے۔

ارشاد رب ذوالجلال ہے۔

والی یئسن من المحیض من نساء نکم ان ارتبتم فعدتهن ثلثة اشهر و الی لم یحضن (۱۰۰)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

تمہاری عورتوں میں جو حیض سے ناامید ہو گئیں ہوں تو ان کی عدت میں اگر تم کو شبہ پڑے تو ان کی عدت تین مہینے ہے (اور اسی طرح) ان عورتوں کی عدت جن کو حیض نہ آیا ہو، اگر زوجہ حاملہ ہے اور اس کو طلاق دے دی جائے تو تو اس کی عدت وضع حمل تک ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

واولات الاحمال اجلہن ان یضعن حملہن

(۱۰۱)

اور حاملہ عورتوں کی عدت یہ ہے کہ وہ اپنا حمل جنیں۔

قرآن مجید میں ایک اور جگہ یوں ہے۔

ولا تعزموا عقدۃ النکاح حتی یبلغ الکتب اجلہ

(۱۰۲)

اور عقد کا قصد نہ کرو جب تک مقررہ عدت نہ گزر جائے۔

عدت کے دوران مطلقہ عورت کے رہنے سہنے اور خوردونوش کی ذمہ داری مرد پر ہوگی اور اس کا معیار اس مرد کی استطاعت کے مطابق ہوگا۔

## رضاعت

قرآن کریم میں بچے کے دودھ پلانے کا عرصہ دو سال آیا ہے جب کوئی عورت، عقد نکاح سے آزاد ہو جائے اور اس کی گود میں بچہ ہو تو اس سلسلے میں قرآن کریم نے کہا کہ بچے کا باپ رضاعت کی اجرت بچے کی ماں کو دے اس طرح دودھ پلانے کی مدت دو سال ہے۔ لیکن اگر وہ باہمی رضامندی اور مشاورت سے اس سے کم عرصہ میں دودھ چھڑوانا چاہیں تو اس میں بھی کوئی مضائقہ

نہیں۔ رضاعت کے عرصے کے لئے اس عورت کے خوردونوش اور کپڑوں کے اخراجات بچے کے باپ کے ذمہ ہوں گے اس کا معیار اس مرد کی استطاعت کے مطابق ہوگا۔ اس سلسلہ میں یہ دیکھنا چاہیے کہ اس بچے کی وجہ سے نہ تو باپ کو ناحق تکلیف اٹھانی پڑے نہ ہی اس کی ماں کو اگر بچے کی ماں کی بجائے کسی دوسری عورت سے وہ بچے کو دودھ پلانا مناسب سمجھیں تو اسلام میں اس کی بھی اجازت ہے۔ قرآن میں ارشاد ہوتا ہے۔

والوالدت یرضعن اولادھن حولین کاملین لمن اراد ان یتم الرضاعة وعلی المولود لہ رزقھن وکسوتھن بالمعروف لا تکلف نفس الا وسعھا لا تضار والدة بولدھا ولا مولودلہ بولدہ و علی الوارث مثل ذلك فان اراد فصالاً عن تراض منھما وتشاور فلا جناح علیھما وان اردتم ان تسترضعوا اولادکم فلا جناح علیکم اذا سلمتم ما اتیتم بالمعروف واتقوا اللہ واعلموا ان اللہ بما تعملون بصیر۔ (۱۰۳)

اور بچے والیاں دودھ پلاویں اپنی اولاد کو دو برس پورے واسطے اس کے جو ارادہ کرے یہ کہ پورا کرے دودھ پلانا، اور جس کا وہ بچہ ہے (یعنی باپ ) اس پر دستور کے مطابق ماؤں کا کھانا کپڑا دینا لازم ہے۔ (نان و نفقہ کے ٹھہراؤ میں ) کسی کو تکلیف نہ دی جائے مگر وہیں تک کہ اس میں اس کی گنجائش ہو ماں کو اس کے بچے کی وجہ سے نقصان نہ پہنچایا جائے اور نہ اس کو جس کا بچہ ہے (یعنی باپ کو ) اس کے بچے کی وجہ سے اور دودھ پلانے کا نان ونفقہ جیسا اصل باپ پر ویسا اس کے وارث پر۔ پھر اگر (وقت سے پہلے ماں باپ دونوں اپنی مرضی اور صلاح سے دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں اور اگر تم اپنی اولاد کی کسی دایہ سے دودھ پلوانا چاہو تو اس میں بھی تم پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ جو تم نے دستور کے مطابق ان کو دینا کیا تھا ان کے حوالے کر دو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جانتے رہو کہ تم جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

# حضانت

حضانت کے لغوی معنی تربیت کے ہیں۔ شرعی اصطلاح میں ماں یا کسی شرعی مستحق کے چھوٹے بچے کو پرورش کرنے کو حضانت کہتے ہیں۔ (۱۰۴)

طلاق کے بعد ایک اہم مسئلہ حضانت کا ہے یعنی جدائی کے بعد بچے کی پرورش کا حقدار کون ہے۔ قرآن باپ کو مولودلہ کہتا ہے۔ یعنی بچہ باپ ہی کا ہے لیکن پرورش کون کرے؟ یہ ظاہر ہے کہ

ماں سے بہتر پرورش کوئی نہیں کر سکتا۔ حضور ﷺ نے ماں کے حق میں فیصلہ دیا ہے لیکن یہ شرط بھی لگائی ہے کہ جب تک عقد ثانی نہ کرے۔ (۱۰۵)

یہاں پر دو باتیں قابل غور ہیں۔ ایک یہ کہ حق حضانت کب تک کے لیے ہے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

دوسرے یہ کہ دوران حضانت کے اخراجات کس کے ذمہ ہیں۔ پہلی چیز میں کہ حق حضانت کب تک کے لیے ہے اس میں فقہا کا بڑا اختلاف پایا جاتا ہے بعض لڑکے کی مدت حضانت سات آٹھ سال تک بتاتے ہیں بعض کے نزدیک عمر حضانت یہ ہے کہ بچہ خود کھا اور پہن سکے اور لڑکی کے لیے مدت حضانت سن بلوغ بتاتے ہیں۔ دوسری چیز کہ حضانت کے اخراجات کس کے ذمے ہیں اس کے متعلق کوئی واضح حکم نہیں ملتا اس سلسلہ میں مولانا محمد شاہ کہتے ہیں کہ عدل کا تقاضا یہ ہے کہ اگر عورت اپنی خواہش سے بچے کو لینا چاہے تو اخراجات کا ذمہ دار بھی اس کو ہونا چاہیے اور اگر باپ اسے یعنی بچے کو ماں کے سپرد کرنا چاہے تو اخراجات باپ کے سر ہونے چاہیے۔

(۱۰۶)

# تحکیم

میاں بیوی کے بعض ایسے خانگی جھگڑے جن کا تعلق بڑے اور اہم قانونی مسائل سے نہ ہو تو تحکیم کے ذریعے ان کو حل کرنا ضروری ہے۔ بجائے اس کے کہ وہ خود لڑ جھگڑ کر ازدواجی رشتے کی مقدس ڈور کو توڑ دیں۔

اس طریقہ کار میں میاں بیوی دونوں اپنی طرف سے ایک ایک حکم تجویز کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی باہمی کوششوں سے کوئی تصفیہ ہو جاتا ہے اور اگر خاوند زیادتی پر ہو اور سمجھوتے کی کوئی صورت نظر آئے تو علیحدگی کرا دی جاتی ہے۔

معاشرتی زندگی میں تحکیم ایک بڑی قیمتی چیز ہے اور یہ خانگی زندگی کے لیے رحمت ہے۔ اس طرح خاوند کو اپنے اختیارات آزادانہ طور پر استعمال کرنے کا اختیار کافی حد تک کم ہو جاتا ہے۔

خانگی جھگڑوں کو حتی الامکان کھلی عدالت میں لانے سے پرہیز کیا جائے اور اگر عدالتوں میں ایسے معاملات آئیں بھی تو حاکم عدالت ان کی تحقیق اور ان کا فیصلہ کرنے سے پہلے دونوں خاندانوں کے ذمہ دار افراد سے اس گتھی کے سلجھانے میں مدد لے۔ اس تجویز کو معاشرتی زندگی کے لیے ایک رحمت سمجھنا چاہیے۔

(۱۰۷)

ارشاد الٰہی ہے۔ وان خفتم شقاق بینھما فابعثوا حکما من اھلہ وحکما من اھلھا ان یریدا اصلاحا یوافق اللہ بینھما ان اللہ کان علیما خبیرا. (۱۰۸) اگر تم کو دونوں (میاں بیوی ) میں باہم دشمنی کا ڈر ہو تو ایک فیصلہ کرنے والا اس عورت کے لوگوں میں سے مقرر کرو اور وہ دونوں اصلاح چاہیں گے تو اللہ ان میں موافقت کر دے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا خبردار ہے۔

# ایلاء

ایلاء کے لغوی معنی اپنی منکوحہ بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا ہیں۔ مجموعہ قوانین اسلام میں ایلاء کی تعریف یوں کی گئی ہے اگر کوئی شوہر یہ قسم کھائے کہ وہ اپنی زوجہ سے چار ماہ صحبت نہ کرے گا تو چار ماہ گزر جانے کے بعد اس عورت پر طلاق واقع ہو جائے گی۔ الا یہ کہ مرد چار ماہ گزرنے سے قبل زوجہ سے قولا اور شرط قدرت فعلاً رجوع کرے۔ (۱۰۹)

عورت کے داعیات نفس کو پورا کرنے سے کسی عذر جائز کے بغیر اعراض کرنا جس کا مقصد محض اس کو سزا دینا ہے اور تکلیف پہنچانا ہے اس کے لیے قانون اسلام نے زیادہ سے زیادہ چار مہینہ کی مدت رکھی ہے اس مدت کے اندر مرد پر لازم ہے کہ اپنی بیوی سے تعلق زن و شوہر قائم کرے۔ ورنہ انقضائے مدت کے بعد اس کو مجبور کیا جائے گا وہ عورت کو چھوڑ دے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔ للذین یولون من نسائھم تربص اربعة اشھر فان فاؤ فان اللہ غفور رحیم ہ (۱۱۰) جو لوگ اپنی عورتوں کے پاس نہ جانے کی قسم کھا لیتے ہیں ان کے لیے چار مہینے کی مہلت ہے اگر وہ رجوع کر لیں تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

## ایلاء کا حکم

اگر مرد نے اپنی زوجہ عورت پر ایک طلاق بائن واقع

## ظہار

ظہار لفظ ظہر سے مشتق ہے۔ ظہر شوہر کی سواری ہوتی ہے۔ اس لی

## ظہار کی تعریف

کسی مرد کا اپنی زوجہ دینا ظہار کہلاتا ہے۔ اسی طرح دینا بھی ظہار کی تعریف میں آ جائز ہو۔ (۱۱۲)

## ظہار کا رکن

ظہار کا رکن تشبیہ ماں ہے ظہار کی تعریف سے ی ظہار کے بارے والذین یظھرو ان یتما سا ذلکم توع شھرین متتابعین من

(۱۱۴)

یعنی جو لوگ ظہار کر

# ایلاء کا حکم

اگر مرد نے اپنی زوجہ سے ایلاء کیا اور چار ماہ کی مدت بلا رجوع قولی یا فعلی گزر گئی تو عورت پر ایک طلاق بائن واقع ہو جائے گی۔ (۱۱۱)

# ظہار

ظہار لفظ ظہر سے مشتق ہے۔ ظہر کے معنی پیٹھ کے ہیں۔ چونکہ پیٹھ سواری کی چیز ہے اور زوجہ اپنے شوہر کی سواری ہوتی ہے۔ اس لیے اس سواری کو مجازاً ایسی عورت سے تشبیہ دی گئی ہے جو حرام ہے۔

# ظہار کی تعریف

کسی مرد کا اپنی زوجہ کو کسی دائمی حرام عورت مثلاً ماں، بہن یا خالہ یا پھوپھی سے تشبیہ دینا ظہار کہلاتا ہے۔ اسی طرح زوجہ کے کسی عضو کو کسی دائمی حرام عورت کے کسی عضو سے تشبیہ دینا بھی ظہار کی تعریف میں داخل ہے بشرطیکہ عضو ایسا ہو جس سے سارے بدن کی تعبیر کرنا جائز ہو۔ (۱۱۲)

# ظہار کا رکن

ظہار کا رکن تشبیہ نہ ہو تو ظہار نہ ہوگا۔ مثلاً کوئی شخص اپنی زوجہ سے کہے کہ تو میری ماں ہے ظہار کی تعریف سے باہر ہے۔ (۱۱۳)

ظہار کے بارے میں اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے۔

والذین یظہرون من نسائہم ثم یعودون لما قالوا فتحریر رقبۃ من قبل ان یتماسا ذلکم توعظون بہ واللہ بما تعملون خبیر O فمن لم یجد فصیام شہرین متتابعین من قبل ان یتماسا فمن لم یستطع فاطعام ستین مسکینا

(۱۱۴)

یعنی جو لوگ ظہار کرتے ہیں۔ اپنی عورتوں سے پھر اسی کام کی طرف پلٹتے ہیں جس کو

منہ سے کہا۔ تو ان پر فرض ہے کہ ایک غلام آزاد کریں باہمی مساس سے پہلے یہ ایسی بات ہے۔ جس کی تم کو نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ تو جو تم کرتے ہو اس سے خوب آگاہ ہے۔ پس جس نے غلام نہ پایا تو اس پر دو ماہ کے لیے پے در پے روزے (واجب) ہیں باہمی مساس سے پہلے پھر جس کو یہ طاقت نہ ہو اس پر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا فرض ہے۔

# ظہار کا حکم

ظہار کا حکم طلاق سے بدل کر وطی حرام قرار دے دیا گیا۔ جب تک کہ کفارہ ادا نہ کر دیا جائے مگر نکاح قائم رہے گا کفارہ ادا کرنے کی کوئی مدت متعین نہیں ہے۔

(۱۱۵)

# لعان

لعان لاعن کا مصدر ہے۔ یہ لفظ لعن سے ماخوذ ہے جس کے لغوی معنی دور کرنا ہیں۔

# لعان کی تعریف

زوجین میں سے ہر ایک کی جانب سے قسم کے ساتھ اللہ کی لعنت اور غضب کی شہادت دینا لعان کہلاتا ہے۔

(۱۱۶)

# لعان کا طریقہ

لعان کا طریقہ یہ ہے کہ حاکم کی موجودگی میں شوہر چار مرتبہ پہلے یوں کہے کہ میں اللّٰہ کی قسم کھا کر گواہی دیتا ہوں کہ میں البتہ ضرور سچا ہوں اس بات میں جو میں نے اس عورت کو زنا کی تہمت لگائی ہے اور پانچویں مرتبہ مرد اپنے لیے یوں کہے کہ مجھ پر اللّٰہ کی لعنت اگر میں جھوٹوں میں سے ہوں اس زنا کے الزام میں جو میں نے اس عورت کو لگایا ہے۔ پانچویں مرتبہ اس عورت کی طرف اشارہ کرے۔ اس کے بعد عورت چار مرتبہ یوں کہے کہ میں اللّٰہ کی قسم کھا

کر گواہی دیتی ہوں کہ وہ مرد ضرور جھوٹوں میں سے ہے اس تہمت زنا میں جو اس نے مجھ پر لگائی ہے اور پانچویں مرتبہ وہ عورت اپنے لیے یوں کہے کہ مجھ پر اللہ کا عذاب نازل ہو اگر یہ مرد سچوں میں ہے اس الزام زنا میں جو اس نے مجھ پر لگایا ہے۔ (۱۱۷)

لعان کے بارے میں اللہ فرماتا ہے۔

والذین یرمون ازواجھم ولم یکن لھم شھداء الا انفسھم فشھادة احدھم اربع شھدت با اللہ انہ لمن الصدقین (۱۱۸)

یعنی جو لوگ اپنی بیویوں پر الزام لگاتے اور ان کے پاس سوائے اپنے وجود کے اور کوئی گواہ نہیں تو ان میں سے ہر شخص ایسی گواہی دے جو اللہ کی قسم کے ساتھ چار گواہوں پر مشتمل ہو اور ہر گواہی میں وہ یہ کہے کہ وہ راست بازوں میں سے ہے۔

شوہر خواہ اپنی بیوی پر بالفاظ صریح زنا کا الزام لگائے یا اولاد کے متعلق کہے کہ وہ اس کی نہیں ہے۔ دونوں صورتوں میں لعان واجب آتا ہے۔ نبی ﷺ کے سامنے ایک ایسا مقدمہ پیش ہوا تو آپ ﷺ نے فریقین کو مخاطب کر کے تین مرتبہ فرمایا۔

اللہ علم ان احد کما کاذب فھل منکما من تائب (۱۱۹)

اللہ خوب جانتا ہے کہ تم دونوں میں سے ایک جھوٹا ہے پھر کیا تم میں سے کوئی توبہ کرے گا؟

جب دونوں نے توبہ سے اعراض کیا تو آپ ﷺ نے قرآن کی ہدایت کے مطابق پہلے شوہر سے چار قسمیں اس بات پر لیں کہ جو الزام اس نے لگایا ہے۔ وہ صحیح ہے اور پانچویں مرتبہ اس سے یہ کہلوایا کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت پھر اس طرح چار قسمیں عورت سے لیں کہ الزام اس پر

لگایا گیا ہے وہ غلط ہے اور پانچویں مرتبہ اس سے کہلوایا کہ یہ الزام صحیح ہو تو اس پر خدا کی لعنت اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا۔

ان رسول اللہ فرق بین رجل وامراۃ قذفھا واحلفھما (۱۲۰)

رسول ﷺ نے دونوں کو قسم دی اور جدائی کر دی۔

شوہر نے عرض کیا کہ جو مال میں نے اسے مہر میں دیا تھا وہ واپس دلوایا جائے

آپ ﷺ نے جواب دیا۔

لا مال لک ان کنت صدقت علیہا فہو بما استحللت من فرجہا وان کنت کذبت علیہا فذاک ابعدلک۔

(۱۲۱)

مال تجھے نہیں مل سکتا اگر تو نے سچا الزام لگایا ہے تو یہ مال اس تمتع کا معاوضہ ہے۔ جو تو اس سے اٹھا چکا ہے اور اگر تو نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہے تو مال کی واپسی کا استحقاق تجھ سے اور بھی زیادہ دور ہو گیا۔

اس واقعے سے مندرجہ ذیل احکام نکلتے ہیں۔

۱۔ لعان قاضی کے سامنے ہونا چاہیے عورت اور مرد آپس میں یا اپنے رشتہ داروں کے

سامنے لعان نہیں کر سکتے نہ ایسے لعان سے تفریق ہو سکتی ہے۔

۲۔ لعان سے پہلے قاضی عورت اور مرد دونوں کو موقع دے گا کہ ان میں سے کوئی ایک قصور

کا اعتراف کر لے جب دونوں اپنی اپنی بات پر اصرار کریں تب لعان کرایا جائے۔

۳۔ فریقین کی طرف سے لعان کا فعل عام ہونے کے بعد قاضی اعلان کرے گا کہ ان کے

درمیان تفریق کر دی گئی ہے۔

۴۔ لعان سے جو تفریق کی جاتی ہے ابدی ہے اس کے بعد فریقین اگر دوبارہ آپس میں

نکاح کرنا چاہیں تو کسی طرح نہیں کر سکتے۔ اس معاملے میں تحلیل کا وہ قانون بھی جاری نہیں ہوتا۔ جو حتی تنکح زوجا غیرہ میں بیان کیا گیا ہے۔

۵۔ لعان سے مہر ساقط نہیں ہوتا خواہ شوہر الزام حقیقت میں صحیح ہو یا غلط بہر صورت مہر اسکو

دینا پڑے گا۔

(۱۲۲)

غرض اسلام کی یہ خصوصیت ہے کہ اس کے اصول اور اساسی احکام میں غایت درجہ کا اعتدال اور توازن پایا جاتا ہے۔ ایک طرف وہ اخلاق کا ایک بلند ترین نصب العین پیش نظر رکھتا ہے۔ تو دوسری طرف انسانی فطرت کی کمزوریوں کو بھی نظر انداز نہیں کرتا۔ ایک طرف وہ تمدنی و اجتماعی مصالح کی رعایت ملحوظ رکھتا ہے۔ تو دوسری طرف افراد کے حقوق بھی پامال نہیں ہونے دیتا ایک طرف وہ واقعی حالات پر نگاہ رکھتا ہے تو دوسری طرف ایسے امکانات کو بھی نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیتا جن کا کسی وقت عالم واقعہ میں آنا متوقع ہے۔ اس طرح عائلی معاملات میں بھی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اعتدال و توازن کو برقرار رکھا ہے بلکہ اس کے بھی حقوق مقرر کئے تا کہ معاملات کے حوالے سے با

۱۔ اردو دائرہ معارف اس

۲۔ المغنی، ۹۳:۸

۳۔ توبہ، ۹:۲۸

۴۔ القاموس المحیط ، فیروز

۵۔ عبدالمجید خواجہ، بی اے۔

ابو نعیم عبدالحکیم جالندھری

۶۔ توبہ ۹:۹

۷۔ صدر الدین اصلاحی

۸۔ خالد علوی ڈاکٹر ، اسلا

۹۔ ایضاً، ص: ۲۷۶

۱۰۔ النساء، ۴:۳۴

۱۱۔ البقرہ، ۲:۲۲۸

۱۲۔ بخاری کتاب النکاح

، السعودیہ، ۱۹۹۹ء، ص

۱۳۔ اسلام کا معاشرتی نظ

علیھا فھو بما استحللت من فرجھا وان

(۱۲)

لگایا ہے تو یہ مال اس تمتع کا معاوضہ ہے ۔ جو تو لگائی ہے تو مال کی واپسی کا استحقاق تجھ سے اوپر ہیں۔

عورت اور مرد آپس میں یا اپنے رشتہ داروں کے سے تفریق ہو سکتی ہے۔

کسی کو موقع دے گا کہ ان میں سے کوئی ایک قصور بات پر اصرار کریں تب لعان کرایا جائے ۔ کرنے کے بعد قاضی اعلان کرے گا کہ ان کے

ہے اس کے بعد فریقین اگر دوبارہ آپس میں سکتے۔ اس معاملے میں خلع کا وہ قانون بھی بیان کیا گیا ہے۔ حقیقت میں صحیح ہو یا غلط بہر صورت مہر اسکو

خاص احکام میں غایت درجہ کا اعتدال اور ترین نصب العین پیش نظر رکھتا ہے۔ تو نہیں کرتا۔ ایک طرف وہ تمدنی و اجتماعی کے حقوق بھی پامال نہیں ہونے دیتا ایک کے امکانات کو بھی نظروں سے اوجھل نہیں نے جس طرح عائلی معاملات میں بھی

اعتدال و توازن کو برقرار رکھا ہے جتنے حقوق مرد کو دیئے اس کے مقابلے میں عورت کو محروم نہیں کیا بلکہ اس کے بھی حقوق مقرر کیئے تاکہ ظلم و زیادتی نہ ہو۔ اسلام ہی وہ واحد مذہب ہے جس نے عائلی معاملات کے حوالے سے باقاعدہ اصول وضع کیے۔

☆☆☆

# حوالہ جات


- ۱- اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب دانش گاہ، لاہور، ۱۷ : ۱۲، ۱۵، ۱۷

- ۲- المغنی ۸:۹۳

- ۳- توبہ ۹:۲۸

- ۴- القاموس المحیط ، فیروز آبادی، دار الاحیاء التراث العربی ، بیروت لبنان، ۱۹۹۱ء، ۲: ۳۳

- ۵- عبدالمجید خواجہ، بی۔اے، جامع اللغات، جامع اللغات کمپنی، لاہور، ۴: ۶۱۵

- ۶- توبہ ۹: ۶۰

- ۷- صدر الدین اصلاحی، اسلام ایک نظر میں، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۴ء، ص: ۱۹۸

- ۸- خالد علوی ڈاکٹر ، اسلام کا معاشرتی نظام، المکتبہ العلمیہ، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص: ۱۳۳

- ۹- ایضاً، ص: ۲۷۲

- ۱۰- النساء ۴: ۳۴

- ۱۱- البقرہ ۲: ۲۲۸

- ۱۲- بخاری کتاب النکاح، باب قوا انفسکم واھلیکم ناراً، المکتبہ السلفیہ، محمد بن ابراہیم ، دار السلام

السعودیہ، ۱۹۹۹ء، ص: ۴۴۸

- ۱۳- اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۷۷

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

۱۴۔ احمد بن حنبل، مسند احمد ، دار احیاء التراث العربی ، ۱۴۱۴ھ ، ۹: ۴۷

۱۵۔ النور ، ۲۴: ۳۲

۱۶۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۷۸

۱۷۔ مسلم، الجامع الصحیح ، کتاب الحج، باب حجة النبی ، الکتب الستة، محمد بن ابراہیم، دارالسلام

السعودیہ، ۱۹۹۹ء، ص: ۸۸۱

۱۸۔ ابن ماجہ، سنن، کتاب النکاح باب حق المراۃ علی الزوج ، الکتب الستة، ص: ۲۵۸۸

۱۹۔ عبدالرحمٰن الجزیری، الفقہ علی المذاہب الاربعہ، کتاب النکاح، مطبعہ دارالمامون، ۱: ۱

۲۰۔ تنزیل الرحمٰن، مجموعہ قوانین اسلام، پاکستان ادارہ تحقیقات اسلامی، ۱۹۷۷ء، ۱: ۳۲

۲۱۔ نساء ، ۴: ۲۴

۲۲۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب النکاح، باب من لم یستطع الباءة فلیصم، الکتب الستة، ص: ۴۳۸

۲۳۔ امام غزالی، احیائے علوم الدین، مکتبہ رحمانیہ، مترجم محمد احسن نانوتوی، ۲: ۳۹۔۴۰

۲۴۔ شاہ ولی اللہ، حجة البالغہ، حامد اینڈ کمپنی، لاہور، مترجم مولانا عبدالحق حقانی، ۲: ۲۳۔۲۴

۲۵۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب النکاح باب الترغیب فی النکاح، کتب الستة، ۴۳۸

۲۶۔ ابن ماجہ، سنن، کتاب النکاح باب تزویج الحرائر والولود، کتب الستة، ص: ۲۵۸۸

۲۷۔ ابن الخطیب محمد بن عبداللہ، مشکاة المصابیح ، کتاب النکاح، دارالفکر، المکتبہ التجاریة

بیروت لبنان، ۱۴۱۱ھ ، ۲: ۲۰۴

۲۸۔ النور، ۲۴: ۳۲

۲۹۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۴۵۔۱۴۶

۳۰۔ ایضاً، ۱۴۸

۳۱۔ الذاریات ۵۱: ۴۹

۳۲۔ محمد ارشد سلفی، اسلامی تہذیب و تاریخ ، مصباح الادب، لاہور ۱۹۹۲ء، ص: ۱۸۱

۳۳۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۷۹۔۱۸۰

۳۴۔ النور، ۲۴: ۳۲

۳۵۔ شوکانی، محمد بن علی، الفوائد المجموعہ، دارالکتب العلمیہ ، ۱۴۱۶ھ، ص: ۱۳۶

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

۳۶۔ مشکوۃ المصابیح ، باب عشر

۳۷۔ ترمذی، سنن، ابواب البر

الصلة، ص: ۱۷۵

۳۸۔ ابن ماجہ، سنن، کتاب ال

۳۹۔ مسلم، الجامع الصحیح ، کتا

المعصیة، الکتب الستة، م

۴۰۔ نساء ، ۴: ۳۴

۴۱۔ ابن عبدالبر، التمہید، مک

۴۲۔ بخاری، الجامع الصحیح ، کتا

۴۳۔ نسائی، سنن، کتاب الن

۴۴۔ احمد بن حنبل، مسند ابی

۴۵۔ ابی داؤد، سنن، کتا

۱۳۸۶

۴۶۔ اسلام کا معاشرتی نظا

۴۷۔ ابوداؤد سنن، کتاب

۴۸۔ ایضاً، کتاب الجنائز، م

۴۹۔ ترمذی، سنن، کتاب

الدیة ، ص: ۱۷۹

۵۰۔ اسلام کا معاشرتی ن

۵۱۔ ایضاً، ص: ۱۸۵

۵۲۔ نساء، ۴: ۳

۵۳۔ ایضاً، ۴: ۲۴

۵۴۔ ابوداؤد سنن، کتاب

۵۵۔ الطلاق ، ۶۵: ۷

۳۶۔ مشکاۃ المصابیح، باب عشرۃ النساء، ص: ۲۳۸

۳۷۔ ترمذی، سنن، ابواب الرضاع، باب ما جاء فی حق الزوج علی المرأۃ، الکتب

الاسلامیۃ، ص: ۱۷۶۵

۳۸۔ ابن ماجہ، سنن، کتاب النکاح، باب حق الزوج علی المرأۃ، الکتب الستہ، ص: ۲۵۸۸

۳۹۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب الامارۃ، باب وجوب طاعۃ الامراء فی غیر معصیۃ وتحریمہا فی

المعصیۃ، الکتب الستہ، ص: ۱۰۰۸

۴۰۔ نساء، ۴: ۳۴

۴۱۔ ابن عبدالبر، التمہید، مکہ مکرمہ: المکتبہ التجاریۃ، ۱۳۸۷ھ، ۱: ۲۳۱

۴۲۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب النکاح، باب قوا انفسکم واہلیکم ناراً، الکتب الستہ، ص: ۴۴۸

۴۳۔ نسائی، سنن، کتاب النکاح، باب ای النساء خیر، الکتب الستہ، ص: ۲۲۹۸

۴۴۔ احمد بن حنبل، مسند ابی ہریرہ، دار احیاء التراث العربی، ۱۴۱۲ھ، ص: ۱۰۹

۴۵۔ ابی داؤد، سنن، کتاب الطلاق، باب فیمن خبب امرأۃ علی زوجها، الکتب الستہ، ص:

۱۴۸۴

۴۶۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۸۴

۴۷۔ ابو داؤد، سنن، کتاب صلاۃ، باب الجمعۃ للمملوک المرأۃ، الکتب الستہ، ص: ۱۳۰۲

۴۸۔ ایضاً، کتاب الجنائز، باب اتباع النساء، الکتب الستہ، ص: ۱۴۶۱

۴۹۔ ترمذی، سنن، کتاب الرضاع، باب ما جاء فی کراہیۃ ان تسافر امرأۃ وحدھا، الکتب الاسلامیۃ، ص: ۱۱۶۷

۵۰۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۸۵۔

۵۱۔ ایضاً، ص: ۱۸۵-۱۸۷

۵۲۔ نساء، ۴: ۳۴

۵۳۔ ایضاً، ۴: ۲۴

۵۴۔ ابو داؤد، سنن، کتاب النکاح، باب فی حق المرأۃ علی زوجھا، الکتب الستہ، ص: ۱۳۸۰

۵۵۔ الطلاق، ۶۵: ۷

۵۶۔ پرویز، غلام احمد، قرآنی قوانین، ادارہ طلوع اسلام، ۱۹۶۷، ص ۷۱

۵۷۔ البقرہ، ۲: ۲۳۰

۵۸۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب النکاح، باب المرأة راعیۃ فی بیت زوجہا، الکتب الستۃ، ص: ۴۵۰

۵۹۔ ابوالاعلیٰ مودودی، حقوق الزوجین، اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، ۱۹۶۴، ص: ۳۸

۶۰۔ البقرہ، ۲: ۲۳۱

۶۱۔ حقوق الزوجین، : ۳۸۔ ۴۰

۶۲۔ ابوداؤد، سنن، کتاب النکاح، باب فی حق المرأة علی زوجہا، الکتب الستۃ، ص: ۱۳۸۰

۶۳۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۹۱

۶۴۔ نساء، ۴: ۱۹

۶۵۔ ابن ماجہ، سنن، کتاب النکاح، باب حسن معاشرة النساء، الکتب الستۃ، ص: ۲۵۹۵

۶۶۔ احمد بن حنبل، مسند احمد، مسند ابی ہریرة، دار احیاء التراث العربی، ۱۴۱۲ھ، ص: ۴۹۳

۶۷۔ نساء، ۴: ۱۹

۶۸۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب الرضاع، باب الوصیۃ بالنساء، الکتب الستۃ، ص: ۹۲۶

۶۹۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب الرضاع، باب الوصاة بالنساء، الکتب الستۃ، ص: ۴۴۸

۷۰۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۹۳۔ ۱۹۴

۷۱۔ ایضاً، ص: ۱۵۳

۷۲۔ عبدالسلام ندوی، تاریخ فقہ، اسلامی اکادمی، ص: ۱۱۱

۷۳۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۵۳

۷۴۔ نساء ۴: ۱۹

۷۵۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۵۳۔۱۵۴

۷۶۔ ابن ماجہ، سنن، کتاب الطلاق، باب حدثنا سوید بن سعید، الکتب الستۃ، ص: ۲۵۹

۷۷۔ ابوداؤد، سنن، کتاب الطلاق، باب کراہیۃ الطلاق، الکتب الستۃ، ص: ۱۳۸۳

۷۸۔ ترمذی، سنن، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی الخلع، الکتب الستۃ، ص: ۱۷۶۹

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

۷۹۔ جلال الدین السیوطی، مختصر ت

الکتب العربیۃ ، ۱۴۲۳ھ، ۱: ۴

۸۰۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص:

۸۱۔ ایضاً، ۱۵۵۔ ۱۵۶

۸۲۔ ابوداؤد، سنن، کتاب الطلاق

۸۳۔ ترمذی، سنن، کتاب الطلاق

١٧۶٩

٨۴۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص:

٨۵۔ البقرہ، ٢: ٢٣٠

٨۶۔ امام مالک، الموطاء، کتاب ال

ص: ٣٩۶

٨٧۔ ترمذی، سنن، کتاب النکاح

٨٨۔ حقوق الزوجین، ص: ۵٨

٨٩۔ البقرہ، ٢: ٢٢٩

٩٠۔ ابن منظور، جمال الدین محمد

العلمیۃ، ١۴٢۴ھ، ٨: ٧

٩١۔ اسلام کا معاشرتی نظام، ص:

٩٢۔ البقرہ، ٢: ٢٢٩

٩٣۔ ترمذی، سنن، کتاب الطلاق

٩۴۔ نسائی، سنن، کتاب الطلاق

٩۵۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب

٩۶۔ حقوق الزوجین، ص ۶١

۹۷۔ مجموعہ قوانین اسلام، ۲: ۴۵

۹۸۔ البقرہ، ۲: ۲۲۸

- ۷۹_ جلال الدین السیوطی، مختصر شرح الجامع الصغیر للمناوی، عیسی البابی الحلبی وشرکاہ داراحیاء

الکتب العربیة ۱۳۷۴ھ، ۱:۲۲۴

- ۸۰_ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۵۵
- ۸۱_ ایضاً، ۱۵۵-۱۵۶
- ۸۲_ ابوداؤد، سنن، کتاب الطھارة، باب الاستنجاء، الکتب الستة، ص: ۱۲۳۲
- ۸۳_ ترمذی، سنن، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی الجد والھزل فی الطلاق، الکتب الستة، ص:

۱۷۶۹

- ۸۴_ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۵۷
- ۸۵_ البقرة، ۲: ۲۳۰
- ۸۶_ امام مالک الموطاء، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی البتة، اسلامی اکادمی لاہور، ۲۰۱۲ھ،

ص: ۳۹۶

- ۸۷_ ترمذی سنن، کتاب النکاح، باب ما جاء فی المحلل والمحلل لہ، الکتب الستة، ص: ۱۷۶۰
- ۸۸_ حقوق الزوجین، ص: ۵۸
- ۸۹_ البقرة، ۲: ۲۲۹

- ۹۰_ ابن منظور، جمال الدین محمد بن مکرم، لسان العرب، دار بیروت المکتبة

العلمیة، ۱۴۳۴ھ، ۸: ۷

- ۹۱_ اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۶۶-۱۶۷
- ۹۲_ البقرة، ۲: ۲۲۹
- ۹۳_ ترمذی، سنن، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی المخلعات، الکتب الستة، ص: ۱۷۶۹
- ۹۴_ نسائی، سنن، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی الخلع، الکتب الستة، ص: ۲۲۱۵
- ۹۵_ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی الخلع، الکتب الستة، ص: ۴۵۶
- ۹۶_ حقوق الزوجین، ص: ۶۱-۶۲
- ۹۷_ مجموعہ قوانین اسلام، ۲: ۴۷۵
- ۹۸_ البقرة، ۲: ۲۲۸

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

- ۹۹_ ایضاً، ۲:۲۳۴
- ۱۰۰_ الطلاق، ۶۵:۴
- ۱۰۱_ ایضاً، ۶۵:۴
- ۱۰۲_ البقرہ، ۲:۲۳۵
- ۱۰۳_ ایضاً، ۲:۲۳۴
- ۱۰۴_ مجموعہ قوانین اسلام، ۴:۸۶
- ۱۰۵_ محمد شاہ جعفر ندوی، ازدواجی زندگی کے لیے اہم قانونی تجاویز، مطبوعات ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۵۵ء، ص: ۵۳
- ۱۰۶_ ایضاً
- ۱۰۷_ حقوق الزوجین، ص: ۱۲۸
- ۱۰۸_ نساء، ۴:۳۵
- ۱۰۹_ تنزیل الرحمٰن، مجموعہ قوانین اسلام، ۲:۷۳۰
- ۱۱۰_ البقرہ، ۲:۲۲۶-۲۲۷
- ۱۱۱_ مجموعہ قوانین اسلام، ۲:۷۳۱
- ۱۱۲_ ایضاً، ۲:۷۳۲

• ۱۱۳_ ایضاً

• ۱۱۴_ مجادلہ، ۵۸: ۳-۴

• ۱۱۵_ مجموعہ قوانین اسلام، ۲:۷۳۴

• ۱۱۶_ ایضاً، ۲:۷۳۴- ۷۳۵

• ۱۱۷_ امام شافعی، کتاب الام، مکتبہ الکلیات الازہریہ ۱۳۵۸ھ، ۵:۲۸۶

• ۱۱۸_ نور، ۲۴:۶

• ۱۱۹_ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب الطلاق، باب قول الامام للمتلاعنین، الکتب الستہ، ص:

۴۵۹

• ۱۲۰_ ایضاً، باب التفریق بین المتلاعنین، الکتب الستہ، ص: ۴۵۹

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

• ۱۲۱_ ایضاً، کتاب الط

• ۱۲۲_ حقوق الزوجین

ایک ہے خدا سچ ہے لا

رب ہے سب جہانوں کا پالا

شان ہے میرے رب کی ذوالجلال

جو ارادہ فرمائے کُن کہے

ماسوا خدا کے تو دوسرا

ماضی حال مستقبل اس کے

رات دن جو روزانہ آگے آ

خود ثبوت ہے اپنا خود سہ

اس سے بڑھ کے سوچو تو او

کثرتِ خلائق کا درد بس

روح پہلے کہہ آئی قلب ا

ہے تقاضہ ایماں کا دو گوا

میں بھی ذکر کرتا ہوں وہ بھی

میرا تو کرتی یہ دعویٰ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء   ماہنامہ مسیحائی کراچی

۱۲۱۔ ایضاً، کتاب الطلاق، باب قول الامام للمتلاعنین، الکتب الستۃ ، ص: ۴۵۹

۱۲۲۔ حقوق الزوجین ،ص: ۱۴۸۔ ۱۴۹

# حمد باری تعالیٰ

آفتاب کریمی

ایک ہے خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ   سب سے ہے بڑا سچ ہے لا الہ الا اللہ

رب ہے سب جہانوں کا پالتا ہے وہ سب کو   سب کا ہے خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

شان ہے میرے رب کی ذوالجلال والاکرام   شان ربنا سچ ہے لا الہ الا اللہ

جو ارادہ فرمائے کُن کہے وہ ہوجائے   کُن فکاں بڑا سچ ہے لا الہ الا اللہ

ماسوا خدا کے تو دوسرا نہیں معبود   کلمۂ خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

ماضی حال مستقبل اس کے سامنے حاضر   لوح پہ لکھا سچ ہے لا الہ الا اللہ

رات دن جو روزانہ آگے پیچھے آتے ہیں   بولتا ہوا سچ ہے لا الہ الا اللہ

خود ثبوت ہے اپنا خود سند ہے وہ اپنی   اس نے جو کہا سچ ہے لا الہ الا اللہ

اس سے بڑھ کے سوچو تو اور کیا سند ہوگی   رب نے خود کہا سچ ہے لا الہ الا اللہ

کثرت خلائق کا ورد بس یہی تو ہے   وحدت خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

روح پہلے کہہ آئی قلب اب یہ کہتا ہے    رب ہے وہ مرا سچ ہے لا الہ الا اللہ

ہے تقاضہ ایماں کا دو گواہی وحدت کی    کہہ دو برملا سچ ہے لا الہ الا اللہ

میں بھی ذکر کرتا ہوں وہ بھی ذکر کرتا ہے    ذکر ہے مرا سچ ہے لا الہ الا اللہ

میرا تو کریمی یہ دعویٰ ہے کہ یہ کلمہ    سچ ہے باخدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

# ابتدائی رپورٹ نسبت جرم قابل دست اندازی پولیس

# رپورٹ شدہ

دفعہ 154 مجموعہ ضابطہ فوجداری

نمبر 326/9 - 15682 تھانہ صدر ننکانہ ضلع ننکانہ صاحب تاریخ و وقت وقوعہ 14/04/09

1 تاریخ و وقت بحوالہ رپٹ 23 مورخہ 19-06-09 بوقت 6/15 بجے شام 6 تھانہ سے روانگی کی تاریخ وقت سپیشل پورٹ 2 نام و سکونت اطلاع دہندہ و مستغیث درخواست ازاں قاری محمد سالم ولد حافظ غلام جیلانی قوم اعوان سکنہ چک نمبر 13 انا نوالی مرسلہ مہدی حسن ASI تھانہ صدر ننکانہ 3 مختصر کیفیت جرم (معہ دفعہ) و مال اگر کچھ کھویا گیا جرم C/295 ہے 4 جائے وقوعہ و فاصلہ تھانہ سے اور سمت بحد رقبہ چک نمبر 13 انا نوالی بفاصلہ 7 میل جانب شمال از تھانہ 5 کارروائی متعلقہ تفتیش اگر اطلاع درج کرنے میں بلا توقف کچھ توقف ہوا ہو تو اس کی وجہ بیان کی جائے

دستخط محمد رضوان عہدہ محرر (ابتدائی اطلاع نیچے درج کرو)

نوٹ: اطلاع کے نیچے دہندہ کا دستخط یا مہر یا نشان انگوٹھا ہونا چاہئے اور افسر تحریر کنندہ (ابتدائی اطلاع) کے دستخط بطور تصدیق ہونے چاہئیں بخدمت جناب SHO صاحب تھانہ صدر ننکانہ صاحب جناب عالی گزارش ہے کہ سائل چک نمبر 13 گ ب انا نوالی تھانہ صدر ننکانہ صاحب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب کا رہائشی ہے اور مسجد صدیق اکبر میں بطور امام مسجد خدمات سرانجام دے رہا ہے مورخہ 14/06/09 کو بروز اتوار ادریس ولد احمد علی قوم آرائیں سکنہ دیہہ کی

زمین میں آسیہ زوجہ عاشق مسیح جو عیسائی مذہب کی مبلغہ ہے گاؤں کی دیگر عورتوں جن میں عاصمہ بی بی دختر عبدالستار ۔ عافیہ بی بی دختر عبدالستار ۔ یاسمین دختر اللہ رکھا شامل ہیں فالسہ توڑ رہی تھیں آسیہ الزام علیہا نے کہا آپ مسلمان کے نبی (معاذ اللہ) کیا ہیں وہ وفات سے صرف ایک ماہ قبل

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ..................... اور تمہارے پاک کے متعلق کہا کہ وہ اللہ کا کلام نہیں ہی۔ عافیہ۔ یاسمین مذکوران و دیگر ا مورخہ 19/06/09 کو سائل معہ محمد راجپوت ساکنان دیہہ نے عاصمہ بی وقوعہ کے متعلق آسیہ مذکورہ سے پوچ کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) اور قرآن ہوں۔ آسیہ مذکورہ ملزمہ نے توہین کر کے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور توہین مطابق قانون کی جاوے عرضے : دستخط سکنہ چک نمبر 13 انا نوالی تحصیل و ضلع ننا کارروائی پولیس: اس وقت مو نواز C/909 بسواری سرکاری گاڑ نمبر C/68 بہ برائے گشت پل نہر چو نے میرے پیش ہو کر درخواست مضمونا پائی جا کر درخواست ہذا بغرض اندراج ہے مقدمہ درج کر کے نمبر مقدمہ سے روانہ موقع کا ہوتا ہوں نیز پیشل رپورٹ حسن Asi تھانہ صدر ننکانہ صاحب از

ماہنامہ سبحانی کراچی

# قابل دست اندازی پولیس

ٹ شدہ

## ضابطہ فوجداری

تھانہ ضلع ننکانہ صاحب تاریخ و وقت وقوعہ مقام | 6 تھانہ سے روانگی کی تاریخ وقت | سپیشل رپورٹ مت از ان قاری محمد سالم ولد حافظ غلام جیلانی قوم اعوان چک نمبر 13 انا نوالی مرسلہ مہدی حسن ASI تھانہ صدر ننکانہ C/295 چک نمبر 13 انا نوالی بفاصلہ 7 میل جانب شمال از تھانہ لف (ابتدائی اطلاع نیچے درج کرو) ط یا مہر یا نشان انگوٹھا ہونا چاہئے اور افسر تحریر ق ہونے چاہئیں بخدمت جناب SHO گزارش ہے کہ سائل چک نمبر 3 گ ب نہ صاحب کا رہائشی ہے اور مسجد صدیق اکبر مورخہ 14/06/09 کو بروز اتوار اور میں یہ زوجہ عاشق مسیح جو عیسائی مذہب کی مبلغہ مہ بی بی دختر عبدالستار ۔ عافیہ بی بی دختر توڑ رہی تھیں آسیہ الزام علیہا نے کہا آپ وہ وفات سے صرف ایک ماہ قبل

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 555 ماہنامہ سبحانی کراچی ......................اور تمہارے (نبی صلی اللہ علیہ وســـــــــــلم) نے حضـــــــــــرت خـــــــــــدیجہ رضـــــــــــی اللہ عنہا ..........................................................مزید قرآن پاک کے متعلق کہا کہ وہ اللہ کا کلام نہیں بلکہ خود بنائی گئی کتاب ہے۔ یہ سب باتیں عاصمہ بی بی۔ عافیہ۔ یاسمین مذکور ان ودیگر ان نے مجھے اور گاؤں کے لوگوں کو بتائیں آج مورخہ 19/06/09 کو سائل معہ محمد افضل ولد محمد طفیل قوم گجر ۔ مختار احمد ولد مشتاق احمد قوم راجپوت ساکنان دیہہ نے عاصمہ

بی بی وغیرہ اور آسیہ علیہا کو بلوایا اور 14/06/09 کے وقوعہ کے متعلق آسیہ مذکوریہ سے پوچھا تو اُس نے اقرار کیا کہ مجھ سے واقعی میں نے نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) اور قرآن پاک کی توہین کی مرتکب ہوئی ہوں اور معافی مانگتی ہوں۔ آسیہ مذکوریہ ملزمہ نے توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور توہین قرآن کا ارتکاب کر کے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کیا ہے دعویدار ہوں آسیہ ملزمہ مذکوریہ کے خلاف توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور توہین قرآن پاک کرنے پر مقدمہ درج کر کے کارروائی مطابق قانون کی جاوے عرضے دستخط اردو قاری محمد سالم ولد حافظ غلام جیلانی قوم اعوان سکنہ چک نمبر 3 انا نوالی تحصیل و ضلع ننکانہ (امام مسجد صدیق اکبر چک نمبر 3 انا نوالی)

کارروائی پولیس : اس وقت میں معہ کانسٹیبل ارشد علی C/842 کانسٹیبل نبیل نواز C/909 بسواری سرکاری گاڑی نمبری SAG/7631 جس کا ڈرائیور محمد یسین نمبر C/68 بہ برائے گشت پل نہر چندر کوٹ موجود ہوں کہ مسمی قاری محمد سالم مستغیث مذکور نے میرے پیش ہو کر درخواست مضمون بالا میرے پیش کی میں نے سردست جرم C/295 پائی جا کر درخواست ہذا بغرض اندراج مقدمہ بدست کانسٹیبل محمد ارشد C/842 ارسال تھانہ ہے مقدمہ درج کر کے نمبر مقدمہ سے اطلاع دی جاوے میں معہ ہمراہی ملزمان بغرض تفتیش روانہ موقع کا ہوتا ہوں نیز سپیشل رپورٹ ہائے جابجا افسران مجاز بھجوائی جاویں دستخط اردو مہدی حسن ASI تھانہ صدر ننکانہ صاحب از پل نہر چندر کوٹ بوقت 5/45 بجے شام۔

☆......☆......☆

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

# قانون توہین رسالت اور گستاخ آسیہ

عبداللطیف خالد چیمہ

متحدہ ہندوستان میں غازی علم دین (رحمۃ اللہ علیہ) کی شہادت کے بعد ۱۹۲۷ء میں برطانوی حکمرانوں نے تعزیرات ہند میں دفعہ ۲۹۵۔الف کا اضافہ کیا جس کی تشریح کرتے ہوئے چودھری محمد شفیع باجوہ نے شرح مجریہ تعزیرات پاکستان میں یوں تحریر کیا ہے کہ ”یہ دفعہ ۱۹۲۷ء میں ایجاد کی گئی تاکہ کسی مذہب کے بانی پر توہین آمیز حملہ کیا جائے تو ایسا کرنے والے کو سزا دی جاسکے اس سے پہلے اس قسم کے اشخاص کے خلاف دفعہ ۱۵۳۔الف استعمال ہوا کرتی تھی مگر ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کی رو سے یہ طریقہ غلط قرار پایا۔“ پاکستان شریعت محمدیہ (ﷺ) کے نفاذ کے مقدس نام پر معرض وجود میں آیا تقسیم ملک کے بعد جب اسلامائزیشن کا مطالبہ سامنے آنے لگا تو یہ عذر پیش کیا جانے لگا کہ دینی طبقات کسی ایک فارمولے پر متفق نہیں چنانچہ (۱۹۵۱ء، ۱۹۵۳ء) دیوبندی، بریلوی، اہلحدیث اور شیعہ سمیت تمام مکاتب فکر نے ۲۲ نکات متفقہ دستوری خاکہ مرتب کر کے حکمرانوں کے بہانوں کا معقول سدباب کر دیا تحریک مقدس تحفظ ختم نبوت کے نتیجے میں ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو پارلیمنٹ نے لاہوری وقادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا تو قادیانیوں نے نہ صرف اس فیصلے کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا بلکہ جناب نبی کریم ﷺ کی ختم نبوت اور شان رسالت میں بے ادبی اور گستاخیوں کے کئی طریقے ایجاد کیے۔ قادیانی غیر مسلم اقلیت قرار پانے کے بعد نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ممالک اسلام اور پاکستان کے خلاف منفی پراپیگنڈہ کر کے اپنا لوہا منوانے لگے۔ تاریخ کے ریکارڈ پر متعدد شہادتیں موجود ہیں کہ

قادیانیوں نے عیسائیوں کو اقلیتوں کے حقوق کے نام پر کس طرح استعمال کیا اور بعض مواقع پر عیسائی مسلم فسادات کس طرح کروائے گئے۔ یہ مستقل اور الگ موضوع ہے لیکن امر واقع یہ ہے کہ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

تعزیرات ہند اور تعزیرات پاکس واقعات نے ثابت کر دیا کہ وہ نا کسی بدبخت شخص نے جناب نبی کیا اور ایسی مثالیں بھی موجود ہیں روکنے اور قانون کی بالادستی قائم ۲۹۵۔سی کا اضافہ کیا گیا جو درج ذ ”نبی کریم ﷺ کی شان میں ا زبان سے ادا کیے جائیں یا تحریری بلا واسطہ یا بالواسطہ تہمت یا طعن یا کی بے حرمتی کرتا ہے اس کو موت ہوگا۔“ پاکستان کی وفاقی شرعی عدالت ہدایت کی کہ وہ ۳۰ اپریل ۱۹۹۱ء ت ختم کریں اور اگر یہ کہ تاریخ مقرر ہوں گے اور صرف سزائے موت ہو سکا چنانچہ وفاقی شرعی عدالت ایوان کو خیال آیا کہ اس قانون کی ب نے متفقہ طور پر قرارداد منظور کی کہ تو صدر ضیاء الحق مرحوم کے دور ا کے لیے تمام حکمرانوں اور تمام اد معمولی فرق کے ساتھ ہر ممکن طری چھوا گیا، حدود آرڈیننس کو تو ختم کر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

تعزیرات ہند اور تعزیرات پاکستان میں توہین رسالت ﷺ کی جو سزا درج تھی حالات و واقعات نے ثابت کر دیا کہ وہ ناکافی ثابت ہوئی۔ ایسے واقعات کی ایک لمبی فہرست ہے کہ کسی بدبخت شخص نے جناب نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کی اور لوگوں نے پکڑ لیا اور ایسی مثالیں بھی موجود ہیں کہ اس کو جہنم رسید کر دیا گیا۔ اس لئے اس قسم کے واقعات کو روکنے اور قانون کی بالادستی قائم کرنے کے لئے ۱۹۸۲ء میں تعزیرات پاکستان میں دفعہ ۲۹۵۔سی کا اضافہ کیا گیا جو درج ذیل ہے:

"نبی کریم ﷺ کی شان میں اہانت آمیز کلمات کا استعمال "جو شخص الفاظ کے ذریعے خواہ زبان سے ادا کئے جائیں یا تحریر میں لائے گئے ہوں یا دکھلائی دینے والی تمثیل کے ذریعے یا بلاواسطہ یا بالواسطہ تہمت یا طعن یا چوٹ کے ذریعے نبی کریم حضرت محمد ﷺ کے مقدس نام کی بے حرمتی کرتا ہے اس کو موت یا عمر قید کی سزا دی جائے گی اور وہ جرمانہ بھی مستوجب ہوگا۔"

پاکستان کی وفاقی شرعی عدالت نے اکتوبر ۱۹۹۰ء میں اپنے فیصلے میں صدر پاکستان کو ہدایت کی کہ وہ ۳۰ اپریل ۱۹۹۱ء تک اس قانون کے سقم کو دور کریں اور "یا عمر قید" کے الفاظ ختم کریں اور اگر یہ کہ تاریخ مقررہ تک ایسا نہ کیا گیا تو پھر اس کے بعد یہ الفاظ منسوخ تصور ہوں گے اور صرف سزائے موت کا قانون بن جائے گا۔ مقررہ تاریخ تک اس طرح نہ ہوسکا چنانچہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کی رو سے یہ الفاظ کالعدم ہو گئے۔ قانون ساز ایوان کو خیال آیا کہ اس قانون کی اصلاح کی ضرورت ہے چنانچہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کو قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر قرارداد منظور کی کہ توہین رسالت ﷺ کے مجرم کو سزائے موت دی جائے۔

صدر ضیاء الحق مرحوم کے دور اقتدار میں بننے والے اس قانون کو غیر موثر یا ختم کرنے کے لئے تمام حکمرانوں اور تمام ادوار میں طبع آزمائی کی گئی۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نے معمولی فرق کے ساتھ ہر ممکن طریقہ اختیار کیا۔ پرویز مشرف کے دور میں آخری حدوں کو چھوا گیا، حدود آرڈیننس کو تو ختم کر دیا گیا لیکن ۲۹۵۔سی پر تجربات ہوتے رہے اور قانون

کے غلط استعمال و ایکسپلائٹ کیا گیا کہنے والے یہ نہیں سوچتے یا پھر ان کی سوچوں پر کڑے پہرے بٹھا دیے گئے ہیں کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۳۰۲ سمیت اکثر قوانین غلط بھی استعمال ہوئے کبھی ایسا بھی ہوا کہ کسی نے نہیں کہا کہ قتل کے مقدمات میں لوگ ایف آئی آر میں غلط نام درج کروا دیتے ہیں لہٰذا دفعہ ۳۰۲ کا ہی خاتمہ کر دیا جائے۔ تازہ صورت حال یہ ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں ایک مسیحی خاتون آسیہ زوجہ عاشق مسیح ساکن چک نمبر ۳، اٹانوالی، ضلع ننکانہ صاحب نے ۱۴ جون ۲۰۰۹ء کو گاؤں کی عورتوں کے روبرو کہا کہ: ”آپ مسلمانوں کے (نعوذ باللہ) نبی ﷺ کیا ہیں؟ نقل کفر کفر نہ باشد، وہ وفات سے ایک ماہ قبل چارپائی پر بیمار پڑے رہے اور تمہارے نبی (ﷺ) ........................................ اور تمہارے نبی نے حضرت خدیجہ (رضی اللہ عنہا) سے محض مال کی خاطر شادی کی اور مال لوٹنے کے بعد انہیں گھر سے نکال دیا۔ قرآن پاک سے متعلق کہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں ہے بلکہ خود بنائی گئی کتاب ہے۔“

ملزمہ آسیہ دیگر عورتوں کے ساتھ فالسہ توڑ رہی تھی گاؤں کی عورتوں نے یہ ساری باتیں گاؤں کے لوگوں کو بتائیں ۱۹ جون ۲۰۰۹ء کو گاؤں کے افراد نے ملزمہ آسیہ مسیح سے پوچھا تو اس نے اس بات کا اقرار کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ اور قرآن پاک کی توہین کی ہے اسی دن ۱۹ جون ۲۰۰۹ء کو آسیہ مسیح کے خلاف مقدمہ نمبر ۳۲۶/۰۹ زیر دفعہ ۲۹۵۔سی، ت۔پ تھانہ صدر ننکانہ صاحب درج ہوا۔ اسی روز پولیس نے آسیہ مسیح کو گرفتار کر لیا، اس مقدمے کی تفتیش ایس پی انویسٹی گیشن شیخوپورہ محمد امین بخاری نے کی جس میں آسیہ مسیح کو گناہ گار قرار دیا گیا۔ مقدمہ کا چالان بعدالت محمد نوید اقبال ایڈیشنل سیشن جج بھجوایا گیا، تقریباً ڈیڑھ سال تک مقدمہ عدالت مذکورہ میں زیر سماعت رہا۔ مستغیث مقدمہ نے اپنے تمام گواہان عدالت میں پیش کیے، استغاثہ کی

شہادت کے بعد آسیہ مسیح کو صفائی کا پورا موقع دیا لیکن ملزمہ سفائی میں کوئی شہادت پیش نہ کر سکی۔ جرم ثابت ہونے پر عدالت نے ۸ نومبر ۲۰۱۰ء کو

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

سزائے موت اور ایک لاکھ روپے ج عدالت عالیہ میں اپیل دائر کرنے کا ۱۶ نومبر کو وفاقی وزیر اقلیتی امور ﷺ کو ختم کرنے کا تہیہ کر لیا ہے۔ ساتھ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں پر آصف علی زرداری سے اس کی سزا گناہ ہے۔ اس ساری صورت حال یہ ہے کہ آسیہ نے جرم کیا، ڈی پی او خلاف عدالت عالیہ میں جانا ملزمہ پھر اپیل کا ایک پورا طریقہ کار ہے کو بائی پاس کیا۔ گورنر پنجاب نے پاسداری ہے؟ کیا ملک وملت سے ہونے کے بعد سزا ہوئی اور قانونی یہاں تو گورنر جیل میں خود ملزمہ کی گناہ ہے۔ کیا یہ نظام عدل کی توہین محکمہ داخلہ کی جانب سے آسیہ مسیح کی منظوری نہیں دی اور گورنر سلمان زرداری سے آسیہ مسیح کی سزا معاف فرما رہے تھے کہ ”میں نے پورا کیس کی مرتکب ہوئی ۔“ آئینی ماہرین یا وزیر اعلیٰ کی ہدایات کے بغیر ای صدر کو آئین کے آرٹیکل نمبر ۴۵

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

سزائے موت اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی اور ملزمہ کو سات دن کے اندر اندر عدالت عالیہ میں اپیل دائر کرنے کا حق دیا۔

۱۶ نومبر کو وفاقی وزیر اقلیتی امور شہباز بھٹی نے کہا کہ حکومت نے قانون توہین رسالت ﷺ کو ختم کرنے کا تہیہ کر لیا ہے۔ ۲۰ نومبر کو گورنر پنجاب سلمان تاثیر نے مجرمہ آسیہ مسیح کے ساتھ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں پریس کانفرنس کی اور مجرمہ کو یقین دلایا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری سے اس کی سزا معاف کروائیں گے گورنر نے یہ بھی کہا کہ آسیہ مسیح بے گناہ ہے۔ اس ساری صورت حال میں وفاقی وزیر اقلیتی امور انتہائی سرگرم نظر آئے۔ سوال یہ ہے کہ آسیہ نے جرم کیا، ڈی پی او کے حکم پر پرچہ درج ہوا، عدالتی پراسیس پورا ہوا فیصلے کے خلاف عدالت عالیہ میں جانا ملزمہ کا قانونی حق ہے۔ ہائی کورٹ کے بعد سپریم کورٹ اور پھر اپیل کا ایک پورا طریقہ کار ہے۔ گورنر نے کس قانون کے تحت اور کس حیثیت سے قانون کو بائی پاس کیا۔ گورنر پنجاب نے اپنے منصب کے لیے جو حلف اٹھایا تھا کیا یہ اس کی پاسداری ہے؟ کیا ملک وملت سے یہ غداری نہیں؟ ایسا تو دیکھا نہ سنا کہ عدالتی پراسیس مکمل ہونے کے بعد سزا ہوئی اور قانونی مراحل طے ہونے کے بعد صدر نے معافی دی ہو لیکن یہاں تو گورنر جیل میں خود ملزمہ کی درخواست ٹائپ کروا رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ یہ بے گناہ ہے۔ کیا یہ نظام عدل کی توہین نہیں؟ پنجاب حکومت کا کہنا ہے کہ "وزیر اعلیٰ پنجاب نے محکمہ داخلہ کی جانب سے آسیہ مسیح کی سزا معاف کرنے کے حوالے سے ریفرنس تیار کرنے کی منظوری نہیں دی اور گورنر سلمان تاثیر کو ایسا کوئی آئینی اختیار حاصل نہیں تھا کہ وہ صدر زرداری سے آسیہ مسیح کی سزا معاف کرنے کی درخواست کرتے۔" لیکن گورنر بہادر تو ارشاد فرما رہے تھے کہ "میں نے پورا کیس اسٹڈی کیا ہے اور مجھے نہیں لگتا کہ وہ توہین رسالت ﷺ کی مرتکب ہوئی۔" آئینی ماہرین کہتے ہیں کہ آئین کے آرٹیکل نمبر ۱۰۵ کے

تحت گورنر، کابینہ یا وزیر اعلیٰ کی ہدایات کے بغیر ایسا نہیں کر سکتے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ قانونی پوزیشن یہ ہے کہ صدر کو آئین کے آرٹیکل نمبر ۴۵ کے تحت عدالتی سزا معاف یا معطل کرنے کے اختیارات

حاصل ہیں لیکن وہ وزیراعظم کی ایڈوائس کے بغیر ایسا نہیں کرسکتے۔ یہاں تو معاملہ ہی الٹ ہے گورنر اس قانون کو کالا قانون کہہ رہے ہیں۔ گزشتہ سال فیصل آباد ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں ایک طالب علم نے انہی وجوہ کی بناء پر ان سے اپنی ڈگری لینے سے انکار کرکے سب کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا تھا۔ اطلاعات کے مطابق ننکانہ صاحب اور شیخوپورہ سے احتجاج آگے بڑھ رہا ہے۔ ایک ٹی وی چینل کی ٹیم نے وقوعہ والے مقام کا ۲۴ نومبر کو دورہ کیا، آسیہ مسیح کے بقیہ عزیز واقارب معمول کی زندگی گزار رہے ہیں جب کہ پراپیگنڈہ اس کے برعکس ہے۔

”مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاءالمہیمن بخاری نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ شیخوپورہ جیل میں آسیہ مسیح سے ملاقات کے موقع پر جو کچھ گورنر پنجاب نے کہا کہ وہ حکومتی پالیسی نظر آرہی ہے اس طرح حکومت اور گورنر پنجاب ۲۹۵۔سی کی ملزمہ کی پشت پناہی کرکے خود توہین رسالت ﷺ اور توہین عدالت کے مرتکب ہوئے تھے۔ عدالت سے سزا پانے کے بعد اس کو بے گناہ قرار دے کر قانون آئین اور عدالتوں کا مذاق اڑایا جارہا ہے اور اپنی رائے کو قانون کہا جارہا ہے۔ ماورائے آئین اور ماورائے عدالت اقدامات کیے جارہے ہیں، اس سے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا رجحان بڑھے گا اور لاقانونیت کا راج ہوگا جب کہ حکمران اور خصوصاً گورنر پنجاب اس کا موجب بن رہے ہیں، کیا ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے حوالے سے بھی بحرانوں اور سیاستدانوں کو کوئی تشویش ہے کہ نہیں اور یقیناً نہیں تو اس کی اصل وجوہ کیا ہیں۔ اسلامی سزاؤں کا مذاق اڑانا اور اسلامی سزاؤں کے خلاف ہرزہ سرائی کرنا پیپلز پارٹی کا پرانا وطیرہ ہے۔ حکمرانوں کو اپنے اوپر تنقید گوارہ نہیں لیکن محسن انسانیت ﷺ کے منصب رسالت و ختم نبوت پر تنقید کا حق مانگا جارہا ہے۔ یہ کون سی انسانیت کی خدمت ہے۔“

۲۱ نومبر کو آسیہ مسیح کو پہلے سے طے شدہ پروگرام کے تحت اسے خفیہ طور پر اسلام آباد پہنچایا گیا اور منصوبہ بندی کے تحت اس کو پوری فیملی سمیت بیرون ملک بھجوانے کے انتظامات کئے تھے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اس صورت حال پر تبصرہ کر زاہد الراشدی نے کہا ہے کہ " عدالت کی طرف سے سزائے عمل سامنے آیا ہے وہ اس احساسات کے منافی ہونے ہے جس حلف کی بنیاد پر وہ گ دیے جانے کی پیش کش سے کس کے اشارے پر ہوئی؟

# نعت رس

تھی کبھی تھے ہمیں رہ گئے ہیں کھو چکے کیوں بن گئی جمع ہوں کیا حقیق "بیٹھ اور پھر

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

اس صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے پاکستان شریعت کونسل کے سیکریٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی نے کہا ہے کہ "جناب نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی پر آسیہ مسیح کو عدالت کی طرف سے سزائے موت سنائے جانے کے بعد گورنر پنجاب سلمان تاثیر کا جو رد عمل سامنے آیا ہے وہ اس ایمانی اور نازک مسئلے پر اسلامیان پاکستان کے جذبات و احساسات کے منافی ہونے کے ساتھ ساتھ گورنر پنجاب کے اس حلف کی بھی خلاف ورزی ہے جس حلف کی بنیاد پر وہ گورنر پنجاب بنے۔ آسیہ مسیح کو ایک مغربی ملک میں سیاسی پناہ دیے جانے کی پیش کش سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ اس سلسلے میں گورنر پنجاب کی مداخلت کس کے اشارے پر ہوئی؟

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

منیر نیازی

تھی کبھی لوح جہاں پر کب کوئی اپنی نظر

تھے ہمیں معمورۂ دنیا میں بس حق کے سفیر

رہ گئے ہیں آج بن کر روز و شب کے کیوں اسیر

کھو چکے کیوں آج ہم وہ تابش مہر منیر؟

کیوں کھنچی ہے گرد اپنے تیرگی کی یہ لکیر؟

بن گئی ملت یہ کیوں بس سرد آہوں کی نفیر؟

جمع ہوں اس اک حقیقت پر ہی سارے شیب و پیر

کیا حقیقت؟ ”ہے غنی اللہؐ باقی سب فقیر!

”بیٹھ جائیں سایۂ دیوار احمد میں منیر

اور پھر سوچیں وہ باتیں جن کو ہونا ہے ابھی!“

# گورنر کا جنازہ! جس نے حق و باطل کے درمیان فیصلہ کر دیا

## محمد نوید شاہین ایڈووکیٹ

”حق و باطل کے درمیان فیصلہ جنازے کرتے ہیں“ امام حنبل کا یہ فکر انگیز قول آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ آئیے! اس قول کی روشنی میں گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے جنازے کو دیکھتے ہیں.............. اور فیصلہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں.............14 جون 2009ء کو ضلع ننکانہ صاحب کے ایک نواحی گاؤں اٹانوالی میں عیسائی مذہب کی مبلغہ آسیہ مسیح نے قرآن مجید اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں نہایت نازیبا، دل آزار اور گستاخانہ کلمات کہے جن کو دہرانے کی میرا قلم اجازت نہیں دیتا۔ آسیہ مسیح کے شوہر عاشق مسیح نے فوری طور پر وفاقی وزیر اقلیتی اُمور شہباز بھٹی سے رابطہ کیا جن کی مداخلت سے کئی دن تک ملزمہ کے خلاف پرچہ درج نہ ہوسکا۔ وفاقی وزیر کی اس حرکت سے علاقہ بھر میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ بالآخر 19 جون 2009ء کو آسیہ مسیح کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ C-295 کے تحت ایف آئی آر نمبر 326 درج کر لی گئی۔ ملزمہ کو گرفتار کر کے حفاظتی اقدام کے طور ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ بھیج دیا تھا۔ اہم بات یہ ہے کہ اس کیس کی تفتیش پنجاب پولیس میں نیک نامی اور دیانت داری کی مثالی شہرت رکھنے والے جناب سید محمد امین بخاری ایس پی شیخوپورہ نے کی، جنھوں نے 26 جون 2009ء کو ضابطہ فوجداری کی دفعہ 161 کے تحت آسیہ مسیح کا بیان ریکارڈ کیا اور نہایت جانفشانی، غیر جانبداری اور شفاف طریقے سے اس کیس کے تمام پہلوؤں کی مکمل تفتیش کرتے ہوئے آسیہ مسیح کو واقعی ملزمہ قرار دیا اور اپنی رپورٹ میں لکھا کہ ملزمہ آسیہ مسیح کا حضور نبی

کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں اور قرآن مجید کے متعلق گستاخانہ باتیں کرنا ثابت ہوا ہے۔ ملزمہ نے یہ تمام باتیں نہ صرف تسلیم کیں ہیں بلکہ اپنی غلطی کی معافی بھی مانگی ہے۔

اس مقدمہ کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج ننکانہ صاحب جناب محمد نوید اقبال کی عدالت میں ہوئی۔ ملزمہ کی طرف سے اکبر منور درانی ایڈووکیٹ، طاہر گل صادق ایڈووکیٹ، چوہدری صابر انجم ایڈووکیٹ، جسٹن گل ایڈووکیٹ، طاہر بشیر ایڈووکیٹ، ایرک جون ایڈووکیٹ، منظور قادر

ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، جبکہ استغاثہ کی طرف سے میاں ذوالفقار علی ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ تقریباً ڈیڑھ سال تک اس مقدمہ کی سماعت ہوتی رہی۔ 8 نومبر 2010ء کو اس مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج نے جرم ثابت ہونے پر ملزمہ آسیہ مسیح کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 295-سی کے تحت سزائے موت کا مستحق قرار دیتے ہوئے اپنے فیصلہ میں لکھا:

''یہاں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس گاؤں میں عیسائی حضرات کی ایک کثیر تعداد مسلمانوں کے ساتھ کئی نسلوں سے آباد ہے۔ لیکن ماضی میں اس قسم کا کبھی کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ مسلمان اور عیسائی دونوں ایک دوسرے کے مذہبی جذبات اور اعتقادات کے سلسلے میں برداشت اور رواداری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اگر توہین رسالت ﷺ کا اس قسم کا کوئی واقعہ پہلے کبھی اس گاؤں میں پیش آیا ہوتا، تو یقیناً فوجداری مقدمات اور مذہبی جھگڑے اس گاؤں میں پہلے سے موجود ہوتے۔ لہٰذا اس دفعہ یقیناً توہین رسالت ﷺ کا ارتکاب ہوا ہے۔ جس کے باعث مقدمہ درج ہوا اور عوامی اجتماع منعقد ہوا اور یہ معاملہ اس قصبے اور اردگرد میں موضوع بحث بن گیا۔ یہاں یہ ذکر کرنا بھی مناسب ہوگا کہ نہ تو ملزمہ خاتون نے اپنی صفائی میں کوئی شہادت پیش کی، اور نہ ہی دفعہ 340(2) ضابطہ فوجداری کی تعمیل کرتے ہوئے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات غلط ثابت کیے۔ مندرجہ بالا بحث کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ استغاثہ نے اس مقدمہ کو کسی شک وشبہ سے بالاتر ثابت کر دیا ہے۔ تمام استغاثہ گواہان نے استغاثہ کے موقف کی متفقہ اور مدلل انداز میں تائید و تصدیق کی ہے۔ استغاثہ گواہان اور ملزمہ، اُن کے بزرگوں، یا ان کے خاندانوں میں کسی دشمنی کا وجود نہیں پایا جاسکا۔ لہٰذا ملزمہ خاتون کو ناجائز طور پر اس مقدمہ میں ملوث کیے جانے کا قطعاً کوئی امکان نہیں۔ ملزمہ کو اس مقدمہ میں کوئی رعایت دیئے جانے کا بھی کوئی جواز موجود نہیں۔ لہٰذا میں ملزمہ مسماۃ آسیہ بی بی زوجہ عاشق کو زیر دفعہ C/295 تعزیرات پاکستان موت کی سزا کا مجرم ٹھہراتا ہوں۔''

اس فیصلہ کے خلاف دُنیا بھر کی سیکولر لابیاں، نام نہاد 'انسانی حقوق' کی تنظیمیں اور عیسائی نمائندے میدان میں آگئے۔ عیسائی پوپ بینیڈکٹ نے آسیہ ملعونہ کے دفاع میں احتجاج کرتے ہوئے اس فیصلہ کی مذمت کی اور کہا کہ وہ ایسے کسی فیصلے پر عملدرآمد نہیں ہونے دیں گے۔ پوپ نے ویٹی کن میں منعقدہ خصوصی دُعائیہ تقریب میں آسیہ مسیح کی رہائی کے لیے نہ صرف اس کا نام لے کر دُعا کرائی بلکہ صدرِ پاکستان سے بھی اپیل کی کہ اس کی سزا معاف کی جائے۔ اُنھوں نے حکومتِ پاکستان سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ قانونِ توہین رسالت کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ پوپ

کے بیان کے بعد 20 نومبر 2010ء کو گورنر پنجاب سلمان تاثیر عدالت سے مجرمہ قرار دی جانے والی خاتون سے ملنے کے لیے فوراً ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ پہنچے۔ جہاں انھوں نے سپرنٹنڈنٹ جیل شیخوپورہ کے وی آئی پی کمرہ میں آسیہ مسیح سے خصوصی ملاقات کی اور اُسے حکومتی سطح پر ہر ممکن امداد کا یقین دلایا۔ وہ گورنر ہاؤس سے اپنے ساتھ آسیہ مسیح کو ملنے والی سزا کی معافی کی ٹائپ شدہ درخواست بھی ہمراہ لائے تھے۔ گورنر سلمان تاثیر نے میڈیا کی موجودگی میں آسیہ مسیح سے کہا کہ یہ آپ کی طرف سے تحریر کردہ درخواست ہے، آپ اس پر دستخط کردیں تاکہ میں بطور گورنر اس درخواست کو صدر آصف علی زرداری تک پہنچا کر سزا کی معافی ممکن بنواسکوں۔ سزا معافی کے بعد آپ کو یورپ کے کسی ملک میں بھجوا دیا جائے گا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملعونہ آسیہ مسیح کو معصوم قرار دیا اور کہا کہ دنیا کی کوئی طاقت آسیہ مسیح کو سزا نہیں دے سکتی۔ انھوں نے کہا کہ قانون توہین رسالت ایک "امتیازی، غیرانسانی اور کالا قانون" ہے، جس کو ہر حالت میں ختم ہونا چاہیے۔ اس پریس کانفرنس کے ذریعے یورپی ممالک کو یہ پیغام بھی دیا گیا کہ حکومت آسیہ مسیح کو سزا دینے کے حق میں نہیں ہے اور حکومت ایسے تمام قوانین کو بھی ختم کردے گی جو اقلیتوں کی "آزادی اظہار" کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ معتبر ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر نے ایڈیشنل سیشن جج جناب محمد نوید اقبال، جنھوں نے شان رسالت میں گستاخی کا جرم ثابت ہونے پر آسیہ مسیح کو سزائے موت سنائی تھی، کو ٹیلی فون کیا اور نہایت غلیظ زبان استعمال کی۔ اس کے بعد وہ آئے روز مختلف ٹی وی چینلز پر برملا کہتے رہے کہ قانون توہین رسالت ضیاء الحق کے دور میں انسانوں کا بنایا ہوا "کالا قانون" ہے، اسے ختم ہونا چاہیے۔ یاد رہے کہ سلمان تاثیر اس سے پہلے بھی قانون توہین رسالت کے خاتمہ کے لیے کئی بار متنازعہ اور اشتعال انگیز بیانات دے چکے تھے۔ اس کے

ردعمل میں دی یونیورسٹی آف فیصل آباد سے ٹیکسٹائل انجینئرنگ میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے، نیک بخت طالب علم صاحبزادہ عطا الرسول مہاروی نے 16 نومبر 2009ء کو یونیورسٹی کے سالانہ کانووکیشن میں مہمان خصوصی گورنر پنجاب سلمان تاثیر سے احتجاجاً برانز میڈل وصول کرنے سے انکار کیا اور حقارت سے کہا کہ آپ نہ صرف گستاخان رسول کی سرپرستی کرتے ہیں، بلکہ توہین رسالت ایکٹ C/295 کو ظالمانہ اور ختم کرنے کے بیانات بھی جاری کرتے ہیں۔ اس طرح آپ بذات خود توہین رسالت کے مرتکب ہوئے ہیں، لہٰذا آپ سے میڈل وصول کرنا میں گناہ سمجھتا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

30 نومبر 2010ء کو ملک کے اور ملعونہ آسیہ مسیح بے جا کی حمایت و سر پر ون پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی و سابق رسالت ایکٹ کو ختم کرنے کا بل اسمبلی آصف علی زرداری نے وفاقی وزیر اقلیتی رکنی کمیٹی تشکیل دی جو قانون توہین رسال سفارشات پیش کرے گی۔

4 جنوری 2010ء کو گورنر سل قادری نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ م سکس ٹو کی کہسار مارکیٹ میں واقع ا کے ساتھ کھانا کھا کر واپس اپنی گاڑی ملک ممتاز حسین قادری نے ان پر گولی طور پر پولیس کی گاڑی میں ڈال کر پو غازی ملک ممتاز حسین قادری نے مو حیران کن حد تک نہایت پرسکون اور م کہ ”گورنر پنجاب نے قانون توہین رس سزا موت ہے۔ سلمان تاثیر گستاخ عدالت سے سزا پانے والی ملعونہ آسی تھا۔ اس پر میں نے اپنا فرض پورا کر کریں۔ موت اور زندگی میں کوئی فر لوگوں میں بعض سے بعض کو دفع نہ کر فضل کرنے والا ہے“ (البقرہ: 251)

اسی روز تمام مکاتب فکر کے کے جرم میں سزا یافتہ ملعونہ آسیہ مسیح کی

30 نومبر 2010ء کو ملک کے جید علماء کرام نے قانون توہین رسالت کو ”کالا قانون“ کہنے اور ملعونہ آسیہ مسیح کی بے جا حمایت و سرپرستی کرنے پر سلمان تاثیر کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا۔ اسی دن پیپلز پارٹی کی رُکن قومی اسمبلی و سابق وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات شیری رحمان نے قانون توہین رسالت ایکٹ کو ختم کرنے کا بل اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرایا۔ اس سے اگلے روز صدرِ پاکستان آصف علی زرداری نے وفاقی وزیر اقلیتی امور شہباز بھٹی مسیح کی سربراہی میں اراکین اسمبلی پر مشتمل 9 رکنی کمیٹی تشکیل دی جو قانون توہین رسالت کو ختم کرنے کے حوالے سے ایک ماہ کے اندر حکومت کو اپنی سفارشات پیش کرے گی۔

4 جنوری 2010ء کو گورنر سلمان تاثیر کو ان کے سرکاری محافظ غازی ملک ممتاز حسین قادری نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ واقعات کے مطابق گورنر پنجاب، اسلام آباد کے سیکٹر ایف سکس ٹو کی کوہسار مارکیٹ میں واقع ایک مہنگے ریسٹورنٹ میں اپنے کاروباری دوست شیخ وقاص کے ساتھ کھانا کھا کر واپس اپنی گاڑی کی طرف آ رہے تھے کہ ان کے سرکاری محافظ گن مین غازی ملک ممتاز حسین قادری نے ان پر گولیوں کی بوچھاڑ کر دی جس پر وہ شدید زخمی ہو گئے۔ انھیں فوری طور پر پولیس کی گاڑی میں ڈال کر پولی کلینک لے جایا گیا لیکن وہ راستے میں ہی دم توڑ گئے۔ غازی ملک ممتاز حسین قادری نے موقع پر خود کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ گرفتاری کے وقت وہ حیران کن حد تک نہایت پرسکون اور مطمئن نظر آ رہا تھا۔ اس نے ابتدائی تحقیقات میں اعتراف کیا کہ ”گورنر پنجاب نے قانون توہین رسالت کو ’کالا قانون‘ قرار دیا تھا، اس لیے گستاخ رسول کی سزا موت ہے۔ سلمان تاثیر گستاخ رسول تھا۔ اس نے چونکہ قانون توہین رسالت کے تحت عدالت سے سزا پانے والی ملعونہ آسیہ مسیح کو بچانے کا عندیہ دے کر خود کو گستاخ رسول ثابت کر دیا تھا۔ اس پر میں نے اپنا فرض پورا کر دیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنی غلامی میں قبول کر

لیں۔ موت اور زندگی میں کوئی فرق نہیں ۔" اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتے ہیں "اور اگر اللہ لوگوں میں بعض سے بعض کو دفع نہ کرے تو ضرور زمین پر فساد پیدا ہو جائے مگر اللہ سب جہانوں پر فضل کرنے والا ہے" (البقرہ: 251)

اسی روز تمام مکاتب فکر کے 500 سے زائد جید علماء کرام نے یہ فیصلہ کیا کہ توہین رسالت کے جرم میں سزا یافتہ ملعونہ آسیہ مسیح کی حمایت کرنے اور قانون توہین رسالت کو "کالا قانون" کہنے

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

کے باعث سلمان تاثیر کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے اور نہ ہی اس کا افسوس کیا جائے۔ کمشنر لاہور خسرو پرویز نے رات گئے بادشاہی مسجد کے خطیب عبدالخبیر آزاد کو فون کیا اور کہا کہ آپ نے کل ایک بجے سلمان تاثیر کا جنازہ پڑھانا ہے۔ مولانا عبدالخبیر آزاد کو حالات کی سنگینی کا احساس تھا، اُنھوں نے کمشنر لاہور سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ وہ شہر سے باہر ہیں اور کل تک واپسی ناممکن ہے۔ لہٰذا اُن کے لیے نماز جنازہ پڑھانا ممکن نہیں ہے۔ بعدازاں اعلیٰ انتظامیہ نے داتا دربار مسجد کے خطیب مولانا محمد رمضان سیالوی سے رابطہ کیا، تو اُنھوں نے اپنی بیماری کا کہہ کر جنازہ پڑھانے سے معذرت کر لی۔ اس کے بعد گورنر ہاؤس کے اعلیٰ حکام نے گورنر ہاؤس کی مسجد کے خطیب قاری محمد اسماعیل سے رابطہ کیا اور انھیں دھمکی آمیز لہجے میں سلمان تاثیر کی نماز جنازہ پڑھانے کا حکم دیا۔ جناب قاری محمد اسماعیل نے نماز جنازہ پڑھانے سے صاف انکار کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ مجھے ملازمت سے برخاست کرنا چاہیں تو میں اس کے لیے ذہنی طور پر تیار ہوں۔ مگر میں گستاخ رسول سلمان تاثیر کا جنازہ نہیں پڑھا سکتا۔ چاروں طرف سے انکار کے بعد اعلیٰ انتظامیہ کی طرف سے نماز جنازہ کے لیے محکمہ اوقاف کے متعدد سرکاری علماء کرام سے رابطے کیے گئے مگر کسی نے حامی نہ بھری بلکہ اکثریت نے اپنے موبائل فون بند کر لیے۔

ایک چہرہ بھی شناسا نہیں نکلا اُس کا وہ جو کہتا تھا کہ میری سب سے شناسائی ہے

اس صورت حال پر پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت بے حد پریشان ہوئی۔ لہٰذا اُنھوں نے فوری طور پر اپنی جماعت سے وابستہ ایک آزاد خیال مولوی افضل چشتی عرف بکی مار کو جنازے کے لیے بلایا۔ جنازے کے لیے ایک بجے دوپہر کا وقت مقرر کیا گیا تھا لیکن جیالوں کی ہلڑ بازی، بد نظمی اور مست قلندر کی وجہ سے صفیں ترتیب دینے میں دقت ہو رہی تھی۔ حکومت اور پیپلز پارٹی کے اعلیٰ عہدیدار وقفے وقفے سے جنازہ میں آ رہے تھے تاکہ وہ ٹی وی چینلز پر دکھائی دے سکیں۔ وزیراعظم

پاکستان یوسف رضا گیلانی تقریباً ڈیڑھ بجے کے قریب جنازہ میں شرکت کے لیے آئے تو جیالے اپنی موجودگی کا احساس دلانے کے لیے ان پر مکھیوں کی طرح امڈ پڑے جس سے وہاں شدید بد نظمی پیدا ہوئی۔ ان سب چیزوں سے بے نیاز ایک کونے میں وفاقی وزیر قانون بابر اعوان گورنر پنجاب بننے کی افواہ پر پیپلز پارٹی کے کارکنان سے بڑی گرمجوشی سے ہاتھ ملا رہے تھے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی رانا محمد اقبال جنازے کے لیے جب گورنر ہاؤس پہنچے تو پیپلز پارٹی کے کارکنان نے نواز شریف

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء کے خلاف شدید نعرے بازی شر سے واپس چلے گئے۔ وفاقی وزی پارٹی پنجاب کے صدر امتیاز صفد تھا کہ انھیں سلمان تاثیر کی موجو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اسی ا آواز سنائی دی۔ جو جہاں کھڑا دوسری اللہ اکبر ہوئی، 6 سیکنڈ السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ دیا گیا جنازہ تھا کہ جس کے امام کا م بھی تین صفیں تھیں۔ اس نام حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت طلب کی جارہی سلمان تاثیر "امتیازی قانون خاص بات یہ ہے کہ ایم کیو ایم جماعت کے کسی معمولی سے ملازمت کرنے والا کوئی بھی تاثیر کے تابوت سے اس قدر انتظامیہ نے فوری طور پر تابو سے کوئی خاص فرق نہ پڑا۔ ب میں لایا گیا، جہاں فوج اور اُسے زمین میں اُتارا گیا نے گورنر ہاؤس کے لیے دو (میانی قبرستان وغیرہ) میں نہیں سکتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ جنہیں عوام الناس کا داخلہ

کے خلاف شدید نعرے بازی شروع کر دی۔ اس پر وہ قائم علی شاہ وزیر اعلیٰ سندھ کے کہنے پر وہاں سے واپس چلے گئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات قمر الزماں کائرہ، سینئر صوبائی وزیر راجہ ریاض احمد، پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر امتیاز صفدر وڑائچ ہنس ہنس کر کارکنان سے مل رہے تھے، جس سے ظاہر ہو رہا تھا کہ انھیں سلمان تاثیر کی موت کا کوئی دُکھ نہیں ہوا بلکہ وہ اس کی آڑ میں مخصوص سیاسی مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اسی اثنا میں تقریباً ایک بج کر 52 منٹ پر سپیکر سے اچانک اللہ اکبر کی آواز سنائی دی۔ جو جہاں کھڑا تھا، جس حالت میں تھا، فوراً ناف پر ہاتھ باندھ لیے۔ 5 سیکنڈ بعد دوسری اللہ اکبر ہوئی، 6 سیکنڈ بعد تیسری اللہ اکبر ہوئی اور 5 سیکنڈ بعد چوتھی بار اللہ اکبر کے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ دیا گیا۔ یعنی 15، 20 سیکنڈ میں نمازِ جنازہ پڑھا دیا گیا۔ یہ دُنیا کا واحد جنازہ تھا کہ جس کے امام کا کچھ پتا نہ تھا کہ وہ کہاں کھڑا ہے؟ دلچسپ بات یہ ہے کہ امام کے آگے بھی تین صفیں تھیں۔ اس نان سٹاپ جنازہ کے بعد افضل چشتی نے دُعا مانگی اور کہا یا اللہ ! مرحوم کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب فرما۔ حیرانی ہے اس رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت طلب کی جارہی تھی کہ جن کی عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے بنائے گئے قانون کو سلمان تاثیر ”امتیازی قانون، غیر انسانی قانون“ اور ”کالا قانون“ کہتے رہے۔ اس جنازہ کی خاص بات یہ ہے کہ ایم کیو ایم اور اے این پی ایسی سیکولر جماعتوں کے علاوہ کسی بھی دینی، سیاسی جماعت کے کسی معمولی سے عہدیدار نے بھی شرکت نہیں کی۔ یہاں تک کہ گورنر ہاؤس میں ملازمت کرنے والا کوئی بھی شخص جنازے میں شامل نہیں ہوا۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ سلمان تاثیر کے تابوت سے اس قدر بد بو آ رہی تھی کہ اس کے قریب کھڑا ہونا محال تھا۔ لہٰذا گورنر ہاؤس کی انتظامیہ نے فوری طور پر تابوت پر خالص عرق گلاب اور مختلف قیمتی پرفیومز کا سپرے کیا لیکن اس سے کوئی خاص فرق نہ پڑا۔ بعد ازاں

ہیلی کاپٹر کے ذریعے تابوت کیولری گراؤنڈ کے فوجی قبرستان میں لایا گیا، جہاں فوج اور رینجرز کی کڑی نگرانی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ رسیوں کی مدد سے اُسے زمین میں اُتارا گیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر گورنر سلمان تاثیر عوامی آدمی تھے اور انھوں نے گورنر ہاؤس کے لیے دروازے عام لوگوں کے لیے کھول دیے تھے تو انھیں کسی عوامی قبرستان (میانی قبرستان وغیرہ) میں دفن کرنا چاہیے تھا۔ کیولری قبرستان میں جانے کا عام آدمی سوچ بھی نہیں سکتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ عوامی ردِ عمل کے پیش نظر انھیں کسی ایسے قبرستان میں دفن نہیں کیا گیا، جہاں عوام الناس کا داخلہ ہر وقت عام ہو۔ یاد رہے کہ جنرل یحییٰ خان کو بھی پورے سرکاری

ماہنامہ سبحانی کراچی 568 حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء اعزازات کے ساتھ دفن کیا تھا، جس نے پاکستان کو دولخت کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ باقی اس کے کریکٹر کے بارے میں ہر شخص بخوبی جانتا ہے۔ ذرائع ابلاغ کی ایک خصوصی رپورٹ کے مطابق پاکستان بھر کی عیسائی اور قادیانی کمیونٹی نے مقتول گورنر سلمان تاثیر کو اپنا ہیرو قرار دیتے ہوئے پورے ملک کے سینکڑوں گرجا گھروں اور قادیانی عبادت گاہوں میں ان کے پندرہ روز تک دعاؤں کو عبادت کا حصہ بنا لیا ہے۔ گورنر کے لیے قادیانی جماعت کی طرف سے ایک بڑا ایوارڈ دینے کا اعلان متوقع ہے جسے گورنر سلمان تاثیر کے صاحبزادے شہریار تاثیر لندن میں قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا مسرور احمد سے وصول کریں گے۔ یہاں ایک بات کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ معروف نعت خواں اختر حسین قریشی اور نقیب محفل قاری محمد یونس قادری نے مقتول گورنر کے ایصال ثواب کے لیے ہونے والی تقریبات میں شرکت پر علماء کرام کے فتویٰ کے بعد تجدید ایمان کیا اور کہا کہ ہم لاعلمی کے باعث تقریبات میں شریک ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق قاری محمد یونس نے گورنر ہاؤس میں سلمان تاثیر کی رسم قل جبکہ اختر قریشی نے صوبائی وزیر تنویرالاسلام کی رہائش گاہ پر گورنر کے ایصال ثواب کی تقریب میں نعت خوانی کی تھی، فتویٰ کی روشنی میں اُنہوں نے جامعہ رسولیہ شیراز یہ میں مولانا راغب نعیمی، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی اور دیگر علماء کرام اور گواہان کی موجودگی میں اپنی اس حرکت پر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی اور تجدید ایمان کیا۔

جنازہ کے موقع پر کئی جیالے سگریٹ نوشی کر رہے تھے۔ ایک بزرگ کے منع کرنے پر اُن کا کہنا تھا کہ وہ سلمان تاثیر کی موت کا غم بھلانے کے لیے ایسا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے اکثر کارکنان سلمان تاثیر کو ''شہید'' قرار دے کر نعرے بازی کر رہے تھے۔ افسوس! اسلامی تعلیمات سے نابلد ان کارکنوں کو ذرا سا بھی احساس نہیں کہ شہید کسے کہتے ہیں یا شہادت کے عظیم رُتبے پر کون کیسے فائز ہوتا ہے۔ 1978ء میں پیپلز پارٹی، مرید کے ضلع شیخوپورہ کے نائب

صدر عبدالجبار نے محلے کی ایک نابالغ کمسن لڑکی سے زیادتی کی جس پر وہ جاں بحق ہوگئی۔ اس مقدمہ کی سماعت سرسری فوجی عدالت میں ہوئی۔ ضلعی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کرنل بشیر نے کیس کی مکمل سماعت کے بعد ملزم کو سزائے موت کا حکم سنایا۔ شیخوپورہ جیل سے پھانسی کے بعد جب ملزم عبدالجبار کی میت مرید کے پہنچی تو پیپلز پارٹی کے کارکنان نے مرید کے شہر میں عبدالجبار ''شہید'' کے بینر لگائے اور جنازہ پر ''تم کتنے جبار مارو گے، ہر گھر سے جبار نکلے گا'' کے نعرے لگاتے رہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ 1971ء کے انتخابات میں جب الیکشن سرگرمیاں عروج پر تھیں تو ننا نہ صاحب

ت کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ باقی رائع ابلاغ کی ایک خصوصی رپورٹ کے ل گورنر سلمان تاثیر کو اپنا ہیرو قرار دیتے عبادت گاہوں میں ان کے پندرہ روز قادیانی جماعت کی طرف سے ایک بڑا گے صاحبزادے شہریار تاثیر لندن میں یں گے۔ یہاں ایک بات کا ذکر دلچسپی اور نقیب محفل قاری محمد یونس قادری نے ت میں شرکت پر علماء کرام کے فتوٰی کے ت میں شریک ہوئے۔ تفصیلات کے سیم گل جبکہ اختر قریشی نے صوبائی وزیر ب میں نعت خوانی کی تھی، فتوٰی کی روشنی ، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی اور دیگر الی سے معافی مانگی اور تجدید ایمان کیا۔ تھے۔ ایک بزرگ کے منع کرنے پر اُن کا ا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی ہ بازی کر رہے تھے۔ افسوس! اسلامی شہید کے کہتے ہیں یا شہادت کے عظیم مرید کے ضلع شیخوپورہ کے نائب صدر س پر وہ جاں بحق ہو گئی۔ اس مقدمہ کی یڈ کرنل بشیر نے کیس کی مکمل سماعت کے بعد جب خرم عبدالجبار کی میں عبدالجبار ”شہید“ کے بینر لگائے کے نعرے لگاتے رہے۔ مجھے اچھی درمیاں عروج پر تھیں تو نکانہ صاحب



کے قریب ایک معروف قصبہ موڑکھنڈا میں پیپلز پارٹی کا جلسہ منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں پیپلز پارٹی کے رہنما رانا شوکت محمود کو اس وقت شدید خفت کا سامنا کرنا پڑا جب ایک جیالے نے سپیکر پر نعرۂ تکبیر لگایا تو پنڈال سے بیک زبان زندہ باد کا جواب آیا۔ ان بیچاروں کو یہ بھی نہیں معلوم کہ نعرۂ تکبیر کا جواب اللہ اکبر ہوتا ہے۔ حال ہی میں وفاقی کابینہ کے ایک اہم اجلاس میں جب وزیر داخلہ عبدالرحمٰن ملک کو تلاوت قرآن مجید کے لیے کہا گیا تو انہوں نے کوٹ کی جیب سے ایک کاغذ نکالا اور سورہ اخلاص پڑھنا شروع کی اور اُس میں عجیب و غریب الفاظ خلط ملط کر دیے۔ وزیر داخلہ کی بدحواسی پر وزیر اعظم سمیت سب وزرا نے فلک شگاف قہقہے لگائے۔ رحمان ملک

نے دوبارہ تلاوت شروع کی تو وہ پھر غلط پڑھ گئے۔ اس پر کابینہ کے تمام ارکان نے دوبارہ قہقہے لگانا شروع کر دیئے۔ یاد رکھئے کہ سورہ اخلاص قرآن مجید کی چھوٹی لیکن نہایت اہم سورت ہے جو ہر چھوٹے بڑے مسلمان کو ازبر ہوتی ہے۔ افسوس اس بات پر ہے کہ رحمان ملک کی اس غلطی پر چاہئے تو یہ تھا کہ کوئی دوسرا رکن تلاوت کر دیتا مگر اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حمام میں سب ننگے ہیں۔ یہ دلچسپ ویڈیو انٹرنیٹ پر موجود ہے۔ سلمان تاثیر کس قبیل کے آدمی تھے، ان کے شب و روز کس طرح گزرتے تھے؟ اس کی مکمل تفصیلات بھی انٹرنیٹ پر موجود ہیں۔ آپ گوگل (Google) پر سلمان تاثیر لکھ کر سرچ کروائیں، وہاں آپ کو ایسی رنگین و سنگین تصاویر اور اندرونی داستانیں ملیں گے جس کو دیکھنے سے آپ کے ہوش اُڑ جائیں گے۔ اہم بات یہ ہے کہ سلمان تاثیر کے صاحبزادے آتش تاثیر نے اپنی کتاب Stranger To History میں اپنے والد پر جو سنگین الزامات عائد کیے ہیں، وہ ہر شخص کی آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہیں۔ یادرہے کہ گورنر سلمان تاثیر نے معروف بھارتی صحافی توین سنگھ (جو سکھ مذہب سے تعلق رکھتی ہے) سے دوسری شادی کی تھی۔ جس سے ان کا بیٹا آتش تاثیر پیدا ہوا۔ علماء کرام نے جب اس شادی کی شرعی حیثیت پر اعتراض کیا تو سلمان تاثیر نے علماء کرام کو جاہل، اُجڈ اور غیر تعلیم یافتہ قرار دیا۔ معروف ترقی پسند اور روشن خیال بھارتی صحافی خشونت سنگھ نے گورنر سلمان تاثیر کی نجی زندگی کے بارے میں جو انکشافات کیے ہیں، اُسے پڑھ کر آدمی حیرت کے سمندر میں گم ہو جاتا ہے۔ یہی حال شیری رحمان اور پرویز مشرف کے گرم مصالحوں کا ہے۔ انٹرنیٹ پر ان سب کی تصاویر کو ملاحظہ کریں اور خود سوچیں کس قماش کے لوگ ہمارے حکمران ہیں جو قانون توہین رسالت کو ختم کرنے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہیں۔ 10 جنوری 2011ء کو سلمان تاثیر کی بیٹی شہر بانو تاثیر نے ناموس

رسالت قانون کے مسئلہ پر اپنے والد کے موقف کی تائید کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کے والد نے قانون توہین رسالت کو ختم کرنے کے بارے میں جو سوچا تھا، وہ اب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا۔ اس نے مزید کہا کہ ان کے والد آئین کی اس شق کے بھی زبردست مخالف تھے جس میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا ہے۔ اسی قبیل سے تعلق رکھنے والے بعض نا عاقبت اندیش نام نہاد دانشور آج کل حکومتی ایما پر مختلف ٹی وی چینلوں پر سلمان تاثیر کا دفاع کرتے نظر آ رہے ہیں۔ چند ٹکوں کی خاطر ناموس رسالت ﷺ کی مخالفت میں آخرت کا سودا کرنے والے ہمیشہ خسارے میں رہتے ہیں۔

تمہیں برسر بازار عالم ہم بھی دیکھیں گے

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

سید صبیح رحمانی

کوئی مثل مصطفیٰ کا کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

کسی اور کا یہ رتبہ کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

انہیں خلق کرکے نازاں ہوا خود ہی دستِ قدرت

کوئی شاہ کار ایسا کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

کسی وہم نے صدا دی کوئی آپ کا مماثل

تو یقیں پکار اٹھا کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

مرے طاقِ جاں میں نسبت کے چراغ جل رہے ہیں

مجھے خوف تیرگی کا کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

میرے دامنِ طلب کو ہے انھی کے در سے نسبت

کسی اور سے یہ رشتہ کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

میں ہوں وقفِ نعت گوئی، کسی اور کا قصیدہ

میری شاعری کا حصہ کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

سرِ حشر اُن کی رحمت کا شفیع میں ہوں طالب

مجھے کچھ عمل کا دعویٰ کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

# انسداد توہین رس

ا

سلمان تاثیر کے قتل پر ملک بھر بات واضح ہوگئی ہے کہ حرمت رسول غیور مسلمان خواہ ان کا تعلق کسی بھی ہے اور اس مسئلہ پر مسلمانوں کا جذ مسلمانوں کی ایمانی جرات اور دینی ہے ۔ وہ دنیا کی ہر قوم کو اور ہر بات ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے انسانی سوسا ساتھ نفسیات، جذبات اور ذہنی وا ایک قوم یا طبقے کے مزاج ونفسیات ساخت ہے، نفسیات ہیں، جذبات

## خاص ہے ترکیب

سے تعبیر کیا ہے اور اس ک اٹھایا ہے۔ ایک چھوٹا سا واقعہ تا کہ کسی دانش ور نے ایک مسل ہیں کہ چھوٹی چھوٹی باتیں حتیٰ کہ نے جواب دیا کہ جو بات تمہار

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

# انسداد توہین رسالت کے قانون پر بے جا اعتراضات

مولانا زاہد الراشدی

سلمان تاثیر کے قتل پر ملک بھر میں جس ردعمل کا اظہار ہوا ہے اس سے ایک بار پھر یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مسلمہ امہ اور خاص طور پر پاکستان کے غیور مسلمان خواہ ان کا تعلق کسی بھی مکتب فکر سے ہو کسی قسم کی لچک اور نرمی کے لیے تیار نہیں ہے اور اس مسئلہ پر مسلمانوں کا جذباتی ہونا جو مغرب کے نزدیک قابل اعتراض بات ہے مسلمانوں کی ایمانی جرأت اور دینی حمیت کے اظہار کی علامت بن گیا ہے۔ مغرب کا المیہ یہ ہے کہ وہ دنیا کی ہر قوم کو اور ہر بات کو اپنے ماحول اور ذہنی دائروں میں پرکھنے کی کوشش کرتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے انسانی سوسائٹی میں رنگ ونسل اور ذوق ومزاج کے فرق کے ساتھ ساتھ نفسیات، جذبات اور ذہنی دائروں میں بھی فرق رکھا ہے جسے ختم کرنا اور ہر مسئلہ کو کسی ایک قوم یا طبقے کے مزاج ونفسیات کے معیار پر لانا ممکن ہی نہیں ہے، مسلمانوں کی اپنی ذہنی ساخت ہے، نفسیات ہیں، جذبات ہیں اور ذوق ومزاج ہے جسے علامہ اقبال نے

☆.......☆.......☆

خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی صلی اللہ علیہ وسلم

سے تعبیر کیا ہے اور اس کا لحاظ رکھے بغیر اسے ڈیل کرنے والوں نے ہمیشہ نقصان اٹھایا ہے۔ ایک چھوٹا سا واقعہ تاریخ کی کتابوں میں مذکور ہے کہ عباسی خلافت کے دور میں کسی مسیحی دانش ور نے ایک مسلمان عالم سے کہا تھا کہ تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم عجیب ہیں کہ چھوٹی چھوٹی باتیں حتیٰ کہ پیشاب پاخانے کے آداب بھی بتاتے ہیں، مسلمان عالم نے جواب دیا کہ جو بات تمہارے نزدیک اعتراض کی ہے وہی ہمارے نزدیک خوبی اور

کمال یہ ہے کہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات میں اس قدر جامعیت ہے کہ وہ چھوٹی سے چھوٹی بات میں خود ہماری راہنمائی فرماتے ہیں اور راہنمائی کے کسی درجے میں بھی ہمیں دوسروں کا محتاج نہیں رہنے دیتے۔

اسی طرح مسلمان کا قرآن کریم کے ادب واحترام جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حرمت کے حوالے سے حساس ہونا اور جذبات کا اظہار کرنا مغرب کے نزدیک اعتراض کی بات ہے مگر ہمارے ہاں یہ خوبی اور کمال کی بات ہے کہ کوئی مسلمان آج بھی نہ قرآن کریم کی توہین برداشت کرتا ہے اور نہ ہی جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کسی درجہ کی توہین اسے گوارا ہوتی ہے۔

سلمان تاثیر کی دو باتیں پاکستان کی مسلم سوسائٹی کو ہضم نہیں ہوئیں جن پر ردعمل کا اظہار گورنر کے اپنے ہی ایک محافظ نے عملاً کیا ہے اور ملکی رائے عامہ نے اس کا ہر سطح پر خیر مقدم کیا ہے جسے مغربی دنیا انتہائی حیرت اور صدمہ کے ساتھ دیکھ رہی ہے۔ ایک یہ کہ توہین رسالت کی ایک ملزمہ کے کیس میں جسے سیشن کورٹ نے مجرمہ قرار دے دیا تھا اور ابھی اس کے لیے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے مراحل باقی تھے، گورنر نے اس کیس کو درمیان میں ہی ہائی جیک کرلیا، دستوری وقانونی پراسس کو کراس کرتے ہوئے قانون کو ہاتھ میں لینے کے اس عمل کو مغربی دنیا نے تحسین کی نظر سے دیکھا اور اس کی برملا تحسین کی گئی۔ پھر سلمان تاثیر نے توہین رسالت پر حد و سزا کے قانون کو ہدف تنقید بنایا اور اسے ختم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے اسے نعوذ باللہ ”کالا قانون“ قرار دینے سے بھی گریز نہیں کیا۔

یہاں یہ بات خصوصی طور پر قابل توجہ ہے کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ C-295 کے بارے مروجہ قانون سے اختلاف کرنے والوں کے دو طبقے ہیں۔ ایک طبقے کا کہنا ہے کہ اسے قانون سے اختلاف نہیں ہے اور وہ توہین رسالت کو جرم سمجھتے ہوئے اس پر سزا کو ضروری سمجھتے ہیں البتہ انہیں اس قانون کے مبینہ طور پر غلط استعمال پر اعتراض ہے اور وہ اس میں ایسی ترامیم چاہتے ہیں جن سے ان کا غلط استعمال رک جائے اور کسی بے گناہ کو اس

کے ذریعہ کسی بھی حوالے سے انتقام کا نشانہ نہ بنایا جا سکے جبکہ دوسرا طبقہ وہ لوگ ہیں جو سرے سے توہین رسالت کو جرم ہی نہیں سمجھتے اور اس پر کسی سزا کو آزادی رائے، آزادی ضمیر اور آزادی مذہب کے منافی تصور کرتے ہوئے اسے انسانی حقوق کے مغربی معیار کی خلاف ورزی قرار دیتے ہیں، اس کے ساتھ ہی وہ سیکولر جمہوریت کو عدل و انصاف کا واحد معیار تصور کرتے ہوئے سوسائٹی کے اجتماعی معاملات اور ریاست و حکومت کی پالیسیوں میں مذہب کا کوئی حوالہ قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں اور حکومتی و ریاستی امور میں دینی تعلیمات کا ہر حوالہ ختم کر دینے کی مہم چلائے ہوئے ہیں۔

گزشتہ دنوں مولانا قاری محمد حنیف جالندھری نے جامعۃ الخیر لاہور میں مسیحی پادریوں اور مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کے اکابر علماء کرام کے درمیان اس مسئلہ پر مکالمہ کا اہتمام کیا جس میں بشپ الیگزینڈر جان ملک اور بشپ منور سمیت نصف درجن کے لگ بھگ مسیحی علماء نے شرکت کی اور دوسری طرف مولانا مفتی محمد خان قادری، مولانا عبد المالک خان، رانا شفیق پسروری، مولانا یاسین ظفر، مولانا رشید احمد لدھیانوی، مولانا قاری روح اللہ، جناب لیاقت بلوچ، مولانا محمد امجد خان، علامہ حسین اکبر نجفی، مولانا قاری محمد حنیف جالندھری اور راقم الحروف سمیت دیگر علماء شریک ہوئے۔

اس موقع پر اس مسئلہ پر تفصیلی بحث ہوئی جس میں دونوں فریق اس بات پر پوری طرح متفق تھے

کہ توہین رسالت جرم ہے اور اس کی سنگین سزا پر کسی کو اعتراض نہیں ہے البتہ دونوں فریقوں کے اپنے اپنے تحفظات تھے جن کا ذکر کیا گیا اور باہمی وعدہ ہوا کہ دونوں فریق ان پر سنجیدگی کے ساتھ غور کر کے اگلی کسی ملاقات میں ان تحفظات کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔

ہماری طرف سے اس تحفظ کا اظہار کیا گیا کہ وہ سیکولر لابی جو پاکستان کے اسلامی تشخص کو ختم کرنے کے در پے ہے اور ناموس رسالت کے تحفظ کے قانون سمیت ہر اس

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سچائی کراچی

قانون کو ختم کرانے کے لیے کوشاں ہے جس میں دینی تعلیمات کا کوئی حوالہ موجود ہے اور مسیحی مذہبی رہنماؤں کی طرف سے تحفظ ناموس رسالت کے قانون کو ختم کرنے کا مسلسل مطالبہ اس سیکولر لابی کی تقویت کا باعث بن رہا ہے جبکہ یہ بات خود مسیحی تعلیمات اور بائبل کی تصریحات کے بھی منافی ہے۔

مسیحی رہنماؤں نے اس تحفظ کا اظہار کیا کہ ان کے بقول اس قانون کا سب سے زیادہ استعمال مسیحی کمیونٹی کے خلاف ہو رہا ہے اور ان کے خیال میں اسے مسیحی لوگوں کو مختلف حوالوں سے انتقام اور تذلیل کا نشانہ بنانے کے لیے بطور خاص استعمال کیا جاتا ہے پھر جب کسی واقعہ پر عوامی اشتعال کے اظہار کے موقع پر مسیحی آبادی اور بستیاں عمومی سطح پر قتل و غارت اور آتش زنی کا نشانہ بنتی ہیں تو مسلمان علماء مظلوموں کو بچانے کی بجائے خاموش تماشائی بن جاتے ہیں کچھ علماء کرام اس عوامی اشتعال کو بڑھانے کا ذریعہ بھی بنتے ہیں، ایک مسیح راہنما نے اس موقع پر کہا کہ ہم توہین رسالت پر موت کی سزا کے خلاف نہیں ہیں لیکن جب ہم عوامی اشتعال کی زد میں ہوتے ہیں اور اس وقت ہماری داد رسی نہیں ہوتی اور کوئی بھی ہماری بات سننے کو تیار نہیں ہوتا تو پھر ہمارے پاس اس کے سوا کوئی چارہ کار باقی نہیں رہتا کہ ہم سرے سے اس قانون کو ہی ختم کرنے کا مطالبہ کریں جو اس صورت حال کا ذریعہ بن رہا ہے۔

اس پر ہماری طرف سے عرض کیا گیا ہے کہ قانون کے مبینہ طور پر غلط استعمال کو روکنا الگ مسئلہ ہے اور نفس قانون کو ختم کرنا اس سے قطعی مختلف بات ہے جس کو مسیحی رہنماؤں کے بیانات میں ملحوظ نہیں رکھا جا رہا اور ان کے مطالبات اور سرگرمیاں سیکولر عناصر کی تائید سمجھی جا رہی ہیں اس پس منظر کا ذکر ہم نے اس لیے کیا ہے کہ اس مہم کے اصل رخ کو سمجھا جائے جو گورنر سلمان تاثیر نے آسیہ مسیح کیس میں قانون کو ہاتھ میں لے کر شروع کی تھی تاکہ اس پر عوامی

ردعمل اور اشتعال کی اصل وجہ کو سمجھا جا سکے جو مغربی دنیا کے لیے حیرت اور پریشانی کا باعث بن رہا ہے جہاں تک قانون کے مبینہ طور پر غلط استعمال کو روکنے کی بات

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ہے کوئی بھی ذی شعور شخص اس سے اس سے کبھی اختلاف کیا ہے لیکن مخالفت ، اسے ختم کرانے کی کوشش یا ”انسانی حقوق کے منافی“ قرار د پر پاکستانی رائے عامہ کے جذباتی چاہیے جس کے ردعمل میں یہ سب ہاتھ میں لینے کی حمایت نہیں کی جا جب گورنر نے قانون کو ہاتھ میں لی کورٹ کے فیصلے کو مسترد کرنے کرنے والوں نے اس ہاتھ کو رو ہاتھ میں لینے پر ٹوک دیا جاتا اور جاتا تو ممتاز قادری کے قانون کو قانون کو ہاتھ میں لینے ہاتھ میں لیا ہے تو مقتول نے بھی اس سارے قصے کا نقطہ آغاز بات ضرور کی جائے اور قانون ک میں توازن کو بھی قائم رکھا جا آغاز ہوتا ہے۔

ہے کوئی بھی ذی شعور شخص اس سے انکار نہیں کر سکتا اور نہ ہی مسلمانوں کی مذہبی قیادت نے اس سے کبھی اختلاف کیا ہے لیکن نفس قانون اور توہین رسالت پر موت کی شرعی سزا کی مخالفت، اسے ختم کرانے کی کوشش اور اسے نعوذ باللہ "کالا قانون" یا "ظالمانہ قانون" یا "انسانی حقوق کے منافی" قرار دینا بہر حال توہین ہی کے زمرے میں شمار ہوتا ہے اور اس پر پاکستانی رائے عامہ کے جذباتی ردعمل پر اعتراض کرنے والوں کو اس عمل کا بھی جائزہ لینا چاہیے جس کے ردعمل میں یہ سب کچھ ہوا ہے اور ہو رہا ہے۔ یہ بات درست ہے کہ قانون کو ہاتھ میں لینے کی حمایت نہیں کی جاسکتی لیکن ایسا کہنے والوں کو اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ جب گورنر نے قانون کو ہاتھ میں لیا تھا اور پورے عدالتی پراسیس کو کراس کرتے ہوئے سیشن کورٹ کے فیصلے کو مسترد کرنے کا کھلے بندوں اعلان کیا تھا تو قانون کے احترام کا دعویٰ کرنے والوں نے اس ہاتھ کو روکنے کی کیا کوشش کی تھی؟ ہمارے خیال میں اگر گورنر کو قانون ہاتھ میں لینے پر ٹوک دیا جاتا اور قانون اور عدالتی پراسیس کا احترام باقی رکھنے کا اہتمام کیا جاتا تو ممتاز قادری کے قانون کو ہاتھ میں لینے کی نوبت ہی نہ آتی۔

قانون کو ہاتھ میں لینے کی بات دونوں طرف سے ہوئی ہے اگر قاتل نے قانون کو ہاتھ میں لیا ہے تو مقتول نے بھی قانون کو ہاتھ میں لیا تھا اور قانون کو ہاتھ میں لینے کا یہ عمل اس سارے قصے کا نقطۂ آغاز ہے۔ اس لیے ہماری گزارش ہے کہ قانون کے احترام کی بات ضرور کی جائے اور قانون کو ہاتھ میں لینے کی مخالفت بھی ضرور کی جائے لیکن اس سلسلے میں توازن کو بھی قائم رکھا جائے اس لیے کہ توازن بگڑنے سے ہی معاملات میں بگاڑ کا آغاز ہوتا ہے۔

☆.......☆.......☆

# گرامی محترم جناب مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ! جناب کی طرف سے حسین و جمیل تحفہ ماہنامہ مسیحائی کراچی (ہادی اعظم نمبر) نظر نواز ہوا۔ جزاک اللہ باحسن الجزاء۔

خوبصورت سرورق، جاذب نظر خطاطی میں ورفعنالک ذکرک سے سجا ہوا مدیر اعلیٰ اور مدیر اشاعت خاص دونوں کے ذوق پُرشوق کا شاہکار۔ بیک ٹائٹل پر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب کے ترجمہ قرآن "عرفان القرآن" کا ٹائٹل ۔ خُوب، بہت خُوب، بہت مرغوب!

دستک سے پہلے چھ شعری تحفے اور دستک کے بعد سترہ نثری رشحات، آخر میں تبصرہ کتب جس میں چھ کتب و رسائل پر اخباری تعارف اور اہل علم کے تبصرے موجود ہیں۔

۲۵۸ صفحات کے ماہنامہ مسیحائی کراچی، ہادی اعظم نمبر میں پہلا حمدیہ زمزمہ صفدر محمود عثمانی (مرحوم) کا ہے (صفحہ ۷) پھر مولانا ابو الکلام آزاد، صابر سنبھلی، شاہدہ ذبیح اللہ، پروفیسر عنایت علی خان، انجینئر شفیع حیدر صدیقی دانش اور محمد عبداللہ تبسم بھاولنگر (مرتب نعیم الحق بھاولنگری) کا حمدیہ و نعتیہ کلام صفحہ قرطاس پر رقم ہے۔ ورفعنالک ذکرک (دستک) کے فوراً بعد مولانا ماہر القادری کا گیارہ اشعار پر مشتمل "سلام بحضور خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام" موجود ہے۔

علماء کرام، خطباء عظام، محققین مدققین، اہل علم و صاحب قلم، سیرت رسول ﷺ کے غواص، زندگانی محمد مصطفیٰ ﷺ کے شناور، اساتذہ مکرم اور شیوخ معظم کے اقلام عالی مقام کے شاہکار۔ علوم ہائے مختلفہ و مطالعات متنوعہ کا مجموعہ ہے۔

١...... کوئی بزرگ سیرت النبی ﷺ کے ورق اُلٹ رہے ہیں۔

٢...... کوئی عالم دین مذہبی رواداری کو اسلام کی نظر سے طشت از بام کر رہے ہیں۔

٣...... کوئی صاحب طریقت سیرت رسول ﷺ کی منہاج کو روشن کر رہے ہیں۔

۴...... کوئی صاحب تحقیق رسول اکرم ﷺ کی عسکری پالیسی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں۔

۵...... احترام انسانیت اور سیرت طیبہ ﷺ پر خامہ فرسائی بھی ہوئی ہے۔

۶...... رسول اکرم ﷺ کے متعلقین کا قلمی تعارف بھی کروایا گیا ہے۔

۷...... سرکار دوجہاں ﷺ کے معمولات رمضان کی تفصیل بھی بیان کی گئی ہے۔

۸...... انسانی شخصیت و کردار کا جائزہ بھی بالتفصیل لیا گیا ہے۔

۹...... ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب رسول اللہ ﷺ کے تذکار قرآن کریم میں

ڈھونڈتے ہیں۔

۱۰...... پروفیسر حسنین کاظمی صاحب سیرت طیبہ اور عالمی امن وانصاف کے دریچے

وا کرتے ہیں۔

۱۱...... خاتم الانبیاء کے سفر آخرت کی منظر کشی حافظ سید فضل الرحمٰن مدظلہ نے کی ہے۔

۱۲...... سیرت طیبہ کو مغربی مفکرین کی متعصب آنکھ سے ڈاکٹر محمد انور خان نے مع

تبصرہ دکھایا ہے۔

۱۳...... دہشت گردی اور اس کا تدارک ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے قلم سے بامعنی

تحقیق نکلا ہے۔

۱۴...... ڈاکٹر صفیہ سلطانہ صدیقی "محمد ﷺ رسول کیا ہے؟" کے عنوان پر موتی بکھیر

رہی ہے۔

۱۵...... اولاد کی تعلیم وتربیت پر فاضل اجل ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر روشنی ڈال رہے ہیں۔

۱۶...... رحمت عالم کے احسانات عظیم پروفیسر عبدالحسیب احسن نے گنوائے ہیں مگر گنوا نہ سکے۔

یہ سارا کچھ پڑھ کے بے ساختہ حفیظ تائب کا یہ شعر وردِ زباں ہو جاتا ہے:

خوشبو ہے دو عالم میں تیری اے گل چیدہ!!

کس منہ سے بیاں ہوں تیرے اوصاف حمیدہ

بہت سا مواد پڑھ کر بھی زبان سے آخر یہی جملہ پھسلتا ہے۔

وقت تمام ہوا اور صفات باقی ہیں ورق ہیں ختم ہوئے اور صفات باقی ہیں

بہت پڑھا ہے سیرت کو اوّل و آخر علوم ختم ہوئے اور صفات باقی ہیں

# خانہ کعبہ پر پہلی نظر

مولانا ماہر القادریؒ

حرم میں اذان سحر، اللہ اللہ

کہ ہیں وجد میں بام ودر، اللہ اللہ

بہر طوف یہ ملتزم پر دعائیں

یقین قبول واثر، اللہ اللہ

دھڑکتے ہوئے دل کا لے کر سہارا

مناجات باچشم تر، اللہ اللہ

تجلی میں دھوئے ہوئے سنگ پارے

یہاں کے نجوم و قمر، اللہ اللہ

تصور بھی ہے ایک زندہ حقیقت

تخیل بھی ہے معتبر، اللہ اللہ

مقام ابراہیم پر یہ نمازیں

بہر سجدہ، معراج سر، اللہ اللہ

جمال الٰہی کی تابندگی میں

جھلکتے ہوئے بام ودر، اللہ اللہ

وہ کعبہ جسے دیکھ لینا عبادت

مسلسل ہے پیش نظر، اللہ اللہ

باسمہ سبحانہ

# ماہنامہ سبحانی

# ختم نبوت نمبر

جنوری / فروری ۲۰۱۰ء

انا خاتم النبیین لا نبي بعدي

مدیر اعلیٰ

مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری

مدیر

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی

ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم نمبر

پر

# اہل علم، اہل ادب، اہل صحافت، اہل دانش کے

# خطوط

# اور قومی اخبارات و جرائد کے

# ☆...... تبصرے......☆

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

آفتاب کریمی

خدا کی رحمتیں پاؤ مقدر جاگ جائے گا

درود ہر دم پڑھے جاؤ مقدر جاگ جائے گا

در آقا ہے ایسا در جہاں قسمت سنورتی ہے

وہاں جھولی کو پھیلاؤ مقدر جاگ جائے گا

چلو طیبہ کہ طیبہ میں بہت خیرات بٹتی ہے

کبھی خیرات وہ پاؤ مقدر جاگ جائے گا

مدینے اور مکے میں حدیثوں میں اسے ڈھونڈو

نبی کا نقش پا پاؤ مقدر جاگ جائے گا

امانت کا دیانت کا صداقت کا سخاوت کا

ترانہ جھوم کر گاؤ مقدر جاگ جائے گا

کسی در پر نہیں جاؤ کسی سے کچھ نہیں چاہو

در آقا پہ ہو آؤ مقدر جاگ جائے گا

نبی کی پاک سیرت کا ترانہ ہیں سبھی نعتیں

انہیں جاکر سنا آؤ مقدر جاگ جائے گا

نمازیں مسجد نبوی میں پڑھنی ہیں جماعت سے

اگر چالیس پڑھ آؤ مقدر جاگ جائے گا

تمہارے گھر میں تو اکثر نبی کا ذکر ہوتا ہے

کبھی تم نہ گھبراؤ مقدر جاگ جائے گا

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

# احمد خیرالدین

## مدیر اعلی م

بحمد اللہ آپ خیریت حنیف شاہد صاحب کی وساطت کا ضخیم نمبر معلومات افزاء ہے مفکرین عقیدہ ختم نبوت کے ب محنت اور عرقریزی کو شرف قبول نوازے۔ آمین۔

حرف تحسین کے سات میں ہونا چاہئے تا کہ عام قارئین کے شبہات ختم رہ گئے ہیں ، خضو سید حسین احمد مدنی ، شیخ الاسلا قاضی احسان احمد شجاع آبادی لال حسین اختر ، مولانا محمد حیات محمد احمد قادری ، مولانا شاہ احم مفتی محمود ، مولانا محمد عبد اللہ لدھیانوی ، علامہ حیات، پرو مشائخ میں سے حضرت پیر سید فیض الحسن شاہ ، حضرت خان محمد کنڈیاں شریف ، مح ابوذر بخاری ، مولانا ظفر عل

# احمد خیر الدین انصاری صاحب زید فضیلہ

# مدیر اعلی ماہنامہ مسیحائی کراچی

بحمد اللہ آپ خیریت سے ہونگے ہم آپ کا مطبوعہ ختم نبوت نمبر براستہ مولانا حنیف شاہد صاحب کی وساطت سے وصول کر کے مسرت ہوئی، ختم نبوت کے نام سے آپ کا ضخیم نمبر معلومات افزاء ہے امت مسلمہ اس سے ضرور استفادہ کرے گی، اور قادیانی منکرین عقیدہ ختم نبوت کے لئے آپ کی یہ پیشکش چشم کشا ثابت ہوگی، اللہ تعالیٰ آپ کی محنت اور عرقریزی کو شرف قبولیت عطا کرے اور اس معلوماتی کتاب کو قبولیت عامہ سے نوازے۔ آمین۔

حرف تحسین کے ساتھ مشورے کے طور پر عرض ہے کہ اس نمبر کو دو یا تین جلدوں میں ہونا چاہئے تا کہ عام قاری بآسانی مطالعہ کر سکے۔ نیز اس میں بہت سی اہم شخصیات کے رشحات قلم رہ گئے ہیں، خصوصاً حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی، حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی، شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ، مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی، مولانا منظور احمد نعمانی، مولانا ابو الوفا شاہ جہاں پوری، مولانا لال حسین اختر، مولانا محمد حیات فاتح قادیان، مولانا عبدالحامد بدایونی، مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری، مولانا شاہ احمد نورانی، مولانا احمد علی لاہوری، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا مفتی محمود، مولانا محمد عبد اللہ درخواستی، مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندی، مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی، علاوہ بریں پروفیسر محمد الیاس برنی، مولانا ظہور احمد بگوی، مولانا کریم دین مشائخ میں سے حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑہ شریف، حضرت پیر جماعت علی شاہ، صاحبزادہ سید

فیض الحسن شاہ، حضرت پیر قمر الدین سیالوی، مولانا عبدالرحمان میانوی، حضرت مولانا خان محمد کنڈیاں شریف، مولانا سید داؤد غزنوی علامہ محمد اقبال، علامہ طالوت، علامہ سید ابوذر بخاری، مولانا ظفر علی خان رحمہم اللہ تعالیٰ اور دیگر بہت سی شخصیات کے نظریات جو

تحریری صورت میں دستیاب ہو سکتے ہیں انہیں اس ضخیم نمبر میں شریک اشاعت کرنا چاہئے تھا، طباعت سے قبل اگر مشاورت ہو جاتی تو اس نمبر کی معنویت میں اضافے کا پکا موجب ہوتی خیر، گذشت آنچہ گذشت، آپ جیسی علمی و ادبی اور محقق شخصیت کے ساتھ رابطہ بہت ضروری ہے، اللہ تعالیٰ کوئی صورت پیدا کر دے آمین احباب اور اہل مکتب کی خدمت میں سلام اور دعاؤں کی درخواست۔

آپ کا دعا گو مجاہد الحسینی مدیر اعلیٰ صوت الاسلام

# محترم احمد خیر الدین انصاری صاحب

السلام علیکم!

میں مسلسل مسیحائی کے کئی شمارے پڑھ کر اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ آج کل کے افراتفری اور دین سے دوری کے دور میں آپ کار خیر کر رہے ہیں جو آپ کے نام کی مناسبت سے ہے چنانچہ آپ اسم بامسمیٰ ہیں۔ ختم نبوت نمبر ایک ہزار صفحات سے زیادہ پر مشتمل ایک عمدہ کاوش ہے۔ اس میں مضامین کا تنوع اور جولانی قابل ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور بہتر سے بہتر کار خیر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

دعائے خیر کا طالب انجینئر شفیع حیدر صدیقی دانش وزیٹنگ فیکلٹی این ای ڈی یونیورسٹی کراچی پاکستان

# ختم نبوت ریسرچ سینٹر

گلی نمبر 37 محلہ بال لیلا ننکانہ صاحب بانی و منتظم: صادق علی زاہد تاریخ 1/12/10 CELL:0300- 4529446 حوالہ نمبر :01/مسیحائی

محترم ومعظم جناب مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ

برادر عزیز جناب پروفیسر شبیر حسین شاہ زاہد کے توسط سے آپ کا مرتب ماہنامہ مسیحائی کا ’’ختم نبوت نمبر‘‘ ملا چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔ ماشاء اللہ بہت اچھی کاوش کی گئی ہے۔ تفصیلی تبصرہ انشاء اللہ بعد از تفصیلی مطالعہ روانہ کروں گا۔ محترم جناب پروفیسر صاحب کی زبانی یہ بھی علم ہوا ہے کہ آپ جلد ہی اس گرانقدر مجلہ کا ’’ناموس رسالت نمبر‘‘ شائع کرنے کا بھی ارادہ رکھتے ہیں۔ اس سلسلہ میں حالات حاضرہ کی مناسبت سے دو مضامین پیش خدمت ہیں اگر آپ کے معیار پر پورے اتر جائیں تو میری خوش قسمتی ہو گی۔ ’’ختم نبوت نمبر‘‘ کی اشاعت کا بروقت علم نہ ہوسکا۔ جس کی وجہ سے اس نمبر کے لئے مضمون ارسال نہ کر سکنے کا قلق لمبے عرصہ تک رہے گا۔ اسی محرومی سے خائف ہو کر آج ہی یہ مضامین ارسال خدمت ہیں۔ اگر یہ مضامین آپ کو پسند آگئے تو انشاء اللہ میری طرف سے آئندہ بھی بھر پور علمی و قلمی تعاون جاری رہے گا۔

والسلام مع الاکرام آپ کا بھائی صادق علی زاہد

محترم جناب مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری صاحب مدیر اعلیٰ ''ماہنامہ مسیحائی'' ناظم آباد، کراچی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم انتظامیہ ''ماہنامہ مسیحائی'' کراچی، کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ماہنامہ ''مسیحائی ختم نبوت نمبر'' (۲ عدد) ماہنامہ محدث لائبریری کے شعبہ رسائل وجرائد کے لئے بدست جناب شاہد حنیف عنایت فرمائے۔

اس گراں قدر عطیہ پر ایک بار پھر تہہ دل سے آپ کے شکر گزار ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں آئندہ بھی یہ باہمی تعاون جاری رہے گا۔

محمد شفیق کوکب انچارج: شعبہ رسائل وجرائد اسلامک ریسرچ کونسل، لاہور

محترم جناب مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری مدیر اعلیٰ ماہنامہ ''مسیحائی'' کراچی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اسلامی تصور حیات میں توحید کے بعد سب سے بڑی اہمیت عقیدہ ختم نبوت کو حاصل ہے اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہی وہ اصل بنیاد ہے جس کی وجہ سے اسلام دوسرے الہامی مذاہب سے ممتاز ہے اللہ تعالیٰ نے کسی گزشتہ دین کے متعلق یہ نہیں فرمایا کہ اس کی تکمیل ہوچکی ہے اور اس کی حفاظت کا میں ذمہ دار ہوں اور نہ ہی سابقہ آسمانی کتب وصحائف کے متعلق یہ فرمایا کہ یہ خدا کا آخری پیغام ہے اور نہ ہی یہ فرمایا اس کو پیش کرنے والا آخری نبی ہے کہ جس کا ہر قول وفعل قیامت تک لوگوں کے لیے نجات کا ذریعہ ہو مگر محمد رسول

اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا پیغام آخری پیغام اللّٰہ تعالیٰ نے جس طرح دین محمدی کے م عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ ا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے متعلق بھی وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ حضور اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم جس کی تفصیل کتب احادیث میں موجود اسلامی تاریخ میں بہت سے ناموس رسالت اور منکرین زکوٰۃ جیسے سب سے پہلے جس مسئلہ پر اجماع ہوا بعد مدعی نبوت واجب القتل اور اس پر ہیں لیکن انیسویں صدی کے آخر میں وتاب کے ساتھ کرۂ ارض پر چمک رہا شمار سازشیں کیں وہاں برصغیر پاک و کے لئے ایک نبی پیدا کر کے مندرجہ با اس نے یہ کام اپنے کسی ہم وطن کی بج سے کرایا جس نے بے پناہ دولت کے مرزا غلام احمد قادیانی کے خصوصاً ہندوستان میں اس کا شدید ر مرزا قادیان اور اس کے ہم خیالوں تمام مکاتب فکر کے علماء نے اپنی و اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام آخری پیغام ہے اور اپنے بعد کسی اور کے نہ آنے کا پیغام دیتا ہے اللہ تعالیٰ نے جس طرح دین محمدی کے متعلق اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنَا . (المائدہ: ۳) ارشاد فرمایا اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق بھی کہا کہ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ . (الاحزاب: ۴۰) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس مضمون کو مختلف الفاظ سے بیان فرمایا جس کی تفصیل کتب احادیث میں موجود ہے۔

اسلامی تاریخ میں بہت سے گمراہ فرقے اور فتنے پیدا ہوئے مگر ختم نبوت ، تحفظ ناموس رسالت اور جہاد من الکفار جیسے بنیادی مسائل پر سب متفق رہے اور امت محمدیہ میں سب سے پہلے جس مسئلہ پر اجماع ہوا وہ یہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبیاء کے بعد مدعی نبوت واجب القتل اور اس پر یقین کرنے والے مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں لیکن انیسویں صدی کے آخر میں جب سلطنت برطانیہ کا ستارہ اقبال پورے آب و تاب کے ساتھ کرہ ارض پر چمک رہا تھا تو انگریز نے جہاں دین اسلام کے خلاف اور بے شمار سازشیں کیں وہاں برصغیر پاک و ہند میں اپنے ناپاک منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ایک نبی پیدا کر کے مندرجہ بالا متفق علیہ مسائل کو متنازعہ بنانے کی کوششیں کیں مگر اس نے یہ کام اپنے کسی ہم وطن کی بجائے مسلمانان ہند میں سے ہی ایک ایسے ایمان فروش سے کرایا جس نے بے پناہ دولت کے عوض زندیق کا کردار ادا کیا۔

مرزا غلام احمد قادیانی کے اعلان نبوت کے ساتھ ہی تمام اسلامی ممالک اور خصوصاً ہندوستان میں اس کا شدید ردعمل ہوا پورے عالم اسلام کے علماء کرام اور قضاء نے مرزا قادیان اور اس کے ہم خیالوں کے خلاف ارتداد اور تکفیر کے فیصلے اور فتاویٰ جاری کئے۔ تمام مکاتب فکر کے علماء نے

اپنی ذمہ داری کا بروقت احساس کرتے اپنے تمام تر فروعی اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر اس فتنہ کا سد باب کیا جس

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

کی مثال اسلامی تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔ محترم مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری اور ان کے رفقاء کا ماہنامہ مسیحائی کا 'ختم نبوت نمبر بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ماشاء اللہ یہ خاص نمبر اب تک اس موضوع پر شائع ہونے والا تمام رسائل کے خاص نمبرز سے زیادہ ضخیم نابغہ عصر شخصیات علامہ انور شاہ کشمیری، علامہ احسان الٰہی ظہیر، مولانا ابو الاعلیٰ مودودی، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا ادریس کاندھلوی کے علاوہ دیگر جید اہل قلم و دانش کی چشم کشا تحریروں کا مجموعہ گیارہ صد صفحات پر مشتمل ختم نبوت، رد قادیانیت کے موضوع پر تاریخی دستاویز، معلومات کا خزانہ اور گراں قدر علمی تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ماہنامہ مسیحائی کے ذمہ داروں کی تمام مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے (آمین) اگرچہ اس خاص نمبر کی تیاری میں بڑی محنت اور دل لگی سے کام لیا گیا ہے لیکن پھر بھی دوران مطالعہ اس میں بعض چیزوں کی کمی کا احساس ہوتا ہے۔

1....... پروف ریڈنگ کی غلطیاں

2....... اخذ شدہ مضامین کے حوالہ جات درج نہیں کئے۔

3....... مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ نے اپنے مضمون ''مفتی اعظم پاکستان

اور رد قادیانیت'' ص ۲۳۸ پر مقدمہ مرزائیہ بہاولپور ۱۹۲۶ تا ۱۹۳۵ء کے متعلق لکھتے ہیں:

''جلد اول میں حضرات علمائے کرام کی مکمل شہادتیں اور جلد ثانی میں حضرت مولانا ابو الوفاء صاحب شاہجہانپوری کی بحث اور جواب الجواب شائع کیا جائے گا۔ باقی رہا یہ سوال کہ یہ دونوں جلدیں کب شائع ہوں گی۔ اس کا جواب مسلمانان ہند کی ہمت افزائی پر موقوف ہے۔ یہ تیسری جلد جتنی جلد فروخت ہوگی اسی انداز سے پہلی دو جلدوں کی اشاعت میں آسانی ہوگی۔ حضرات علمائے کرام کے بیانات اور بحث اور جواب الجواب تردید مرزائیت میں بے نظیر ذخیرہ ہے۔ اگر اللہ

تعالیٰ کرے فضل و کرم سے یہ تینوں جلدیں شائع ہو گئیں تو تردید مرزائیت میں کسی دوسری تصنیف کی قطعاً حاجت نہ رہے گی ۔“

مولانا نے شاید جب یہ سطور رقم کیں تو اس وقت اس مقدمہ کی اشاعت نہ ہوئی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

جو اب الحمد للہ ’’مقدمہ مرزائیہ بہاولپور ۱۹۳۵ء‘‘ اسلامک فاؤنڈیشن، لاہور کی طرف سے ۳ جلدوں میں شائع ہوچکا ہے جوکہ سلطنت برطانیہ کے عہد کا قادیانیت کے خلاف اول ترین عدالتی فیصلہ ہے جس میں قادیانیوں کے ارتداد کا حکم صادر کیا گیا ہے اگر اس کی وضاحت مذکورہ مضمون کے حاشیہ میں کر دی جاتی قارئین کے لیے فائدہ مند ہوتی۔

آخر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس عظیم کاوش کو قبول فرمائیں اور ہم سب کو ختم نبوت اور تحفظ ناموس رسالت پر اخلاص کے ساتھ کام کرنے کی توفیق فرمائے۔ (آمین)

محمد اصغر لاگر روڈ، فیروز وٹواں، ضلع شیخوپورہ

## ماہنامہ مسیحائی کراچی ’’ختم نبوت نمبر‘‘

برصغیر پاک و ہند میں جب 1891ء میں مرزا غلام احمد قادیانی نے انگریز کی آشیر باد سے اپنے مجدد، مسیح موعود اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا تو امت مسلمہ ان کی اس جسارت پر انگشت بدنداں رہ گئی اور پھر مرزا قادیان کی جھوٹی نبوت کی بیخ کنی کے لئے ’’تحریک ختم نبوت‘‘ کا آغاز ہو گیا۔ اس تحریک میں برصغیر میں پائے جانے والے تمام فقہی مکاتب فکر نے حصہ لیا۔ کسی نے مناظرہ و مجادلہ کی راہ اختیار کی، کسی نے تحریر و تصنیف سے مرزا قادیانی کا رد کیا اور کسی نے تقریروں سے قادیانی مذہب کی حقیقت کو آشکار کیا۔ ان اکابرین ختم نبوت کی خدمات لائق تحسین ہیں جنہوں نے کسی نہ کسی حوالہ سے ’’تحریک تحفظ ختم نبوت‘‘ میں حصہ لے کر ’’عقیدہ ختم نبوت‘‘ کو اجاگر کیا ہے۔ ’’عقیدہ ختم نبوت‘‘ کا تحفظ ہر مسلمان کا فرض ہے۔ اس سلسلے میں اب تک پاک و ہند میں ہر مکتبہ فکر کی طرف سے سینکڑوں کتابیں لکھی جاچکی ہیں اور رسائل و جرائد کے بے شمار خاص نمبر شائع ہوچکے ہیں۔ پیش نگاہ ماہنامہ مسیحائی کراچی کا ’’ختم نبوت

نمبر“ بھی اسی مبارک سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس اشاعت خاص میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور قادیانیت کے رد میں نامور اہل قلم کے مضامین شامل

کئے گئے ہیں۔

ماہنامہ مسیحائی کے اصحاب علم و دانش نے بلا کسی فقہی اختلاف کے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے پیرو ہوتے ہوئے اہل حدیث اور بریلوی حضرات کے معروف اہل قلم کی تحریروں کو بھی اس اشاعت خاص میں جگہ دی ہے۔ ماہنامہ مسیحائی کا یہ ختم نبوت نمبر بہت سی معلومات کو اپنے دامن میں سمائے ہوئے ہے اور موضوع سے متعلقہ بہت سے مباحث اس میں خوب صورتی سے سمٹ آئے ہیں۔ اگرچہ اس میں تحریک ختم نبوت کے اولین مجاہد مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ کا تذکرہ نہیں کیا گیا اور قادیانیت کے سب سے بڑے مخالف فاتح قادیاں شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کا نام ایک دو جگہ واجبی سے انداز میں لکھا گیا ہے اور ان کی خدمات سے پہلو تہی اختیار کی گئی ہے اس کے باوجود ہم ماہنامہ مسیحائی کے اس ختم نبوت نمبر کی تحسین کرتے ہیں۔ اس اشاعت خاص کے صفحات 1088 اور ہدیہ برائے نام صرف 450 روپے ہے۔ ملنے کا پتہ: پی 197، بلاک A شارع بابر نارتھ ناظم آباد کراچی 74700

برادر محبی و مکرمی جناب شاہد حنیف صاحب (بارک اللہ فی مساعیکم)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

آج کل آپ کا پُر خلوص ہدیہ ''ماہنامہ مسیحائی کراچی'' (ختم نبوت نمبر) زیر مطالعہ ہے۔ بحیثیت مسلمان ختم نبوت کا عقیدہ اساسی و بنیادی عقیدہ ہے۔ اس نمبر میں عقیدۂ ختم نبوت پر دلائل صحیحہ و براہین قاطعہ کے انبار مختلف مضامین میں جمع کر دئیے گئے ہیں اور اس عقیدے کے نقب زن نام نہاد مسیح موعود کی اصلیت طشت از بام کر دی گئی ہے۔ (جزاہم اللہ فاحسن الجزاء)

عقائد کا نکھار نجات کا ضامن ہے۔ اس لئے ایسے ''نمبر'' کی اشاعت خصوصی طور پر لائق ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے مصنفین ، ناشرین اور قارئین کے ساتھ ساتھ آپ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

جیسے مخلصین کی جملہ کاوشوں کو شرف قبولیت نوازے۔ اور دین خالص کی سربلندی کے لئے اپنے اپنے میدان میں کام کرنے کی توفیق ارزاں فرمائے۔

''لالہ طور'' اور ''اقبال اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم'' بھی آپ کے قیمتی عنایات میں شامل ہیں۔ (آمین ثم آمین)

جملہ احباب گرامی کی خدمت میں نام بنام سلام مع الاکرام۔

والسلام اخوکم فی اللہ ڈاکٹر خالد ظفر اللہ ایسوسی ایٹ پروفیسر صدر شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج ، گوجرہ

# تبصرہ روزنامہ جنگ کراچی

## مسیحائی، ختم نبوت نمبر

مدیر اعلیٰ: مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری پتا: بی۔197 بلاک اے، شارع بابر، نارتھ ناظم آباد، کراچی صفحات: 1084 قیمت: 450 روپے

سرور کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آخری پیغمبر ہیں اور قرآن مجید اللہ کی آخری کتاب ہے، جو قیامت تک مسلمانوں کی رہنمائی کرتی رہے گی اور ان کے لیے ہدایت کا سرچشمہ رہے گی۔ ہر مسلمان کے لیے ختم نبوت پر اعتقاد دین کا لازمی اور بنیادی تقاضا ہے یہی وجہ ہے کہ فقہا و علماء نے اس موضوع پر بڑی تفصیل سے کتابیں لکھی ہیں اور مقالات و مضامین تحریر کیے ہیں۔ ماہنامہ ”مسیحائی“ کا یہ خصوصی ضخیم شمارہ بھی اسی موضوع پر ہے جس میں بقول مرتبین۔ اس میں اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ اور بالخصوص پاک و ہند میں ہونے والی تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد اور تاریخ قلم بند کرنے اور اسے محفوظ رکھنے کی سعی کی گئی ہے۔ اس میں ختم نبوت کے موضوع پر لکھے گئے نئے اور پرانے مضامین مرتب کیے گئے ہیں تا کہ قاری موضوع کے ہر پہلو سے آگاہی حاصل کر سکے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# تبصرہ ماهنامه البلاغ

نام کتاب : ماہنامہ مسیحائی کراچی کا ختم نبوت نمبر مدیر اعلیٰ : مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری مدیر اعزازی : ڈاکٹر حافظ محمد ثانی ضخامت : 1088 صفحات ، طباعت مناسب، قیمت 450 روپے ناشر : احمد خیر الدین انصاری B/197 بلاک A شارع بابر نارتھ ناظم آباد کراچی۔

اس ضخیم نمبر میں ختم نبوت کے موضوع پر مشاہیر اہل قلم کی نادر تحریریں اور قیمتی مقالات جمع کر دیئے گئے ہیں جن کے نتیجے میں یہ نمبر ختم نبوت کے موضوع پر ایک حسین گلدستے کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ واقعی یہ ایک قابل تحسین کوشش ہے۔ (ابومعاذ)

## روزنامہ اسلام کراچی

نام کتاب : اشاعت خاص ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر)

مدیر : مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری

صفحات : 1024

قیمت : 450

ملنے کا پتہ : بی 197 ، بلاک A ، شارع بابر نارتھ ناظم آباد کراچی۔ 0332-3569913

ایک ہزار سے زائد صفحات پر مشتمل ماہنامہ مسیحائی کا ختم نبوت نمبر بلا شبہ عظیم الشان خدمت ہے۔ غالباً اس سے قبل کسی ماہنامہ نے اتنا ضخیم نمبر ختم نبوت کے موضوع پر شائع نہیں کیا۔ پھر یہ ایک ایسے موقع پر منظر عام پر آیا ہے کہ جب تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے قائم دینی تنظیمات

قانون توہین رسالت کے حوالے سے جدوجہد میں مصروف عمل ہیں۔ یہ ضخیم نمبر یقیناً ان کے ارادوں ، عزائم اور تحریک کو مہمیز کا کام دے گا۔ برصغیر میں تحفظ ختم نبوت کی تحریک اسی قدر قدیم ہے جس قدر کہ مرزا غلام احمد قادیانی کا دعویٰ نبوت ! ......

مرزا قادیانی کے فتنے کا تعاقب اس کی زندگی میں ہی شروع ہو گیا تھا۔ اس سلسلہ میں علماء لدھیانہ نے مرزا کے کفر پر اولین فتویٰ تکفیر جاری کر کے اس فتنے پر کاری ضرب لگائی تھی۔

اس کے علاوہ علماء کرام نے جہاں اس فتنے کے تعاقب کے حوالے سے وعظ وتقریر اور مناظرے کا سہارا لیا وہیں تحریر کے میدان میں بھی متعدد کتب تصنیف ہوئیں۔ مضامین لکھے گئے، یوں علمی سطح پر مرزا قادیانی کے دعوے کو باطل ثابت کر کے عامۃ المسلمین کے عقیدہ و ایمان کی حفاظت کا اہتمام کیا گیا۔ امام العصر علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے اس فتنے کی سرکوبی کے لیے نہ صرف یہ کہ خود متعدد کتب تصنیف فرمائیں بلکہ اپنے تلامذہ کو بھی اس محاذ پر سرگرم کیا جن میں نمایاں نام حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ حسن چاند پوری کا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے عوامی سطح پر منظم انداز میں قادیانیت کے تعاقب کے لیے حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ امیر شریعت کا لقب دے کر اس محاذ پر بطور خاص مامور فرمایا۔ زیر تبصرہ مسیحائی کا ختم نبوت نمبر اپنے جلو میں متنوع مضامین کو سموئے ہوئے ہے۔ علامہ انور شاہ کشمیری، مولانا محمد ادریس کاندھلوی، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، علامہ شمس الحق افغانی، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، مولانا محمد یوسف لدھیانوی، مولانا سید عطاء الحسن بخاری، مولانا محمد آسی امرتسری، مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، مولانا سعید احمد جلال پوری اور دیگر کئی اہم لکھنے والوں کے مضامین اس اشاعت کا حصہ ہیں۔ ہزار سے زائد صفحات میں ختم نبوت پر بلند پایہ علمی مضامین قاری کی پیاس بجھاتے نظر آتے ہیں۔ تحریک تحفظ ختم نبوت سے وابستہ کارکنان اس نمبر کے مطالعہ سے اپنے آپ کو مسلح کر سکتے ہیں۔ چند باتیں قابل غور بھی ہیں مثلاً مضامین کا انتخاب معیاری نہیں لگتا ہے صرف دستیاب مضامین سے ہی کام چلایا گیا ہے، پروف کی اغلاط بہت ہیں، اسی طرح اس ضخیم نمبر کا اداریہ اپنے عنوان کی مناسبت سے جس

معلومات آفرینی کا تقاضا کرتا تھا وہ ندارد ہے مناسب ہوتا کہ مدیر اپنے قلم سے تحفظ ختم نبوت کی طویل تاریخ کا احاطہ کرتے تا کہ قاری کو اس جدوجہد کے سمجھنے میں آسانی ہوتی۔ بہر حال اس کے باوجود ماہنامہ مسیحائی کا ختم نبوت نمبر قابل مطالعہ ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کتاب زندگی ہے جو قر میں بھی کوئی جگہ نہیں ملتی۔ انٹرویوز جائے تو اس کی ضرورت واہمیت کچھ ہے۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم یہ گلہ کوئی یہ نہیں بتاتا کہ اس کا ذمہ دار کہ قاری۔ بدقسمتی یہ ہے کہ معیا جاتا ہے۔ بلکہ برسوں بعد کوئی اسے کتاب کہنا ہی خاصا مشکل ہے۔ اور بعض اوقات مصنف کہنا نہیں کرتے۔ یا شاید وہ اسے غلطی

بات کسی ایک حوالے تک کہ ختم نبوت، جو مسلمان کا بنیا سے اپنی تحقیق وتصنیف کو جاری گزری۔ بلکہ ڈھونڈنے سے بھ مضائقہ نہیں کہ ہم قادیانیت کی تیار نہیں کہ اس جدید دور میں جمہ کی پرورش کر رہے ہیں اور یہ ب حوالے سے تحقیق کریں۔ جیسے کہ یہ ہمارا کام نہیں۔ تحفظ ختم کیوں کریں؟ بلکہ اب تو اکابر ملتیں۔ ایسے میں خوشگوار حیرت

# روزنامہ امت کراچی

کتاب زندگی ہے جو قومیں اس سے رشتہ توڑ لیتی ہیں، انہیں تاریخ کے حافظے میں بھی کوئی جگہ نہیں ملتی۔ انٹرنیٹ کا طلسم بھی اس کی اہمیت کو کم نہیں کرسکا۔ بلکہ اگر دیکھا جائے تو اس کی ضرورت و اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔ ہمارے لیے اس امر کو سمجھنا تھوڑا مشکل ہے۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم یہ گلہ تو تواتر سے کرتے ہیں کہ کتاب پڑھنے کا ذوق نہیں رہا مگر کوئی یہ نہیں بتاتا کہ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ میرے خیال میں اس کا ذمہ دار مصنف ہے، نہ کہ قاری۔ بدقسمتی یہ ہے کہ معیاری کی شرط ہٹا بھی دی جائے تو بھی کتاب دیکھے عرصہ گزر جاتا ہے۔ بلکہ برسوں بعد کوئی کتاب دکھائی دیتی ہے۔ جو کچھ چھپ کر سامنے آ رہا ہے، اسے کتاب کہنا ہی خاصا مشکل ہے۔ تحقیق اب علم کے زور پر نہیں، بلکہ قینچی کے بل پر کی جاتی ہے۔ اور بعض اوقات مصنف کہلوانے کے شوقین پروف کی غلطیاں درست کرنا بھی گوارا نہیں کرتے۔ یا شاید وہ اسے غلطی خیال ہی نہیں کرتے۔

بات کسی ایک حوالے سے نہیں۔ ہر میدان میں ایک سا بانجھ پن ہے۔ یہاں تک کہ ختم نبوت، جو مسلمان کا بنیادی عقیدہ ہے اور ہر دور میں علمائے کرام نے اس حوالے سے اپنی تحقیق و تصنیف کو جاری رکھا، ایک عرصہ گزرا اس حوالے سے کوئی نئی چیز نظر سے نہیں گزری۔ بلکہ ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتی۔ جان اور ایمان کی امان ہو تو یہ کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ ہم قادیانیت کی سازشوں کا ڈھنڈورا تو ضرور پیٹتے ہیں، مگر یہ زحمت کرنے کو تیار نہیں کہ اس جدید دور میں جب امریکہ اور اسرائیل اپنی پوری قوت کے ساتھ اس شجر خبیثہ کی پرورش کر رہے ہیں اور یہ سازشی ٹولہ اپنی تکنیک آئے روز بدلتا رہتا ہے، ہم ان کے حوالے سے تحقیق کریں۔ نئے ایشوز کو دیکھیں اور قوم

کی راہنمائی کریں۔ ہم نے سمجھ لیا ہے کہ یہ ہمارا کام نہیں۔ تحفظ ختم نبوت والے جانیں، مجلس احرار یہ کام کرے، یا کوئی اور، ہم کیوں کریں؟ بلکہ اب تو اکابر علما کا علمی اثاثہ بھی مارکیٹ سے غائب ہو رہا ہے۔ کتابیں نہیں ملتیں۔ ایسے میں خوشگوار حیرت ہوئی کراچی کے ایک میگزین ”مسیحائی“ کا ختم نبوت نمبر دیکھ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی کر۔ صحرا کی تپتی دھوپ میں بارش کا سا احساس ہوا۔ یہ میگزین کوئی مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری شائع کرتے ہیں۔ ان سے تعارف نہیں، مگر کام اچھا ہے۔ اس اہم موضوع پر باقی کی ساری تو نہیں زیادہ تر تحقیق کو 1088 صفحات کے خصوصی نمبر میں یکجا کرنے کی اچھی کوشش ہے۔ باوجود اس کے کہ معیار کو مزید بہتر بنایا جاسکتا تھا، اس خرچے میں کچھ اور بہتری ممکن تھی، مگر انتخاب دیکھ کر یہ ساری کمزوریاں چھپ جاتی ہیں۔ عمومی طور پر ہمارے ہاں ختم نبوت کو صرف مرزائیت کی تردید کے ساتھ مخصوص کر دیا جاتا ہے، مگر اس میں یہ احساس نہیں ہوتا۔ مسیحائی نے جہاں تمام مکاتب فکر کی فکر کو یکجا کر دیا ہے، وہیں ان صفحات پر مولانا احمد رضا خان بریلوی سے لے کر سید انور شاہ کشمیری ، سید عطاء اللّٰہ شاہ بخاری، مولانا مودودی اور علامہ احسان الٰہی ظہیر تک سب اکابر کے ساتھ ساتھ اصاغر کو بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ اردو کتب سیرت کی مکمل فہرست اور اس پر تبصرہ خاصے کی چیز ہے۔ اس کے علاوہ اب تک نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والوں کی فہرست بھی شامل ہے۔ جس میں راولپنڈی کے بد بخت راجہ اصغر اور ہارون آباد کے 4 کذابین کا نام شاید اس لیے رہ گیا کہ ان کا دعویٰ جھوٹ ان ہی دنوں میں سامنے آیا، جب یہ شمارہ تیاری کے مراحل میں تھا۔

# تبصرہ کتب ہفت روزہ ایشیا لاہور

ختم نبوت نمبر: ماہنامہ مسیحائی کراچی مدیر اعلیٰ: مولانا احمد خیر الدین انصاری صفحات: 1088 قیمت: 400 روپے ملنے کا پتہ: بی 19، بلاک 8، شارع بابر، نارتھ ناظم آباد، کراچی 0332-3569913-021-36630641

گزشتہ چند برسوں سے اسلام اور رسول اللہ ﷺ کے بارے میں مغرب کی طرف سے بہت ناپاک عزائم اور اوچھے ہتھکنڈوں کا اظہار سامنے آیا ہے لیکن امت مسلمہ کی طرف سے حکومتی سطح پر کوئی باضابطہ احتجاج نہیں ہوا۔ امت کے عوامی حلقے اس ذمہ داری کو پورا کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ مخالفین و معاندین اسلام نے بہت سے راستوں کو مشکوک بنانے کی کوشش کی ہے۔ عقیدہ ختم نبوت کو مشکوک ٹھہرانا بھی انہی راستوں میں سے ایک ہے۔ ماہنامہ مسیحائی کراچی نے اس موضوع پر علمائے امت کی نہایت قیمتی تحریریں یکجا کر کے ختم نبوت نمبر شائع کیا ہے۔ جناب مدیر اعلیٰ مسیحائی احمد خیر الدین انصاری اداریے میں اس نمبر کے بارے میں لکھتے ہیں:

”ختم نبوت پر اعتقاد دین کا لازمی اور بنیادی تقاضا ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں کو اس نظریے اور اس عقیدے سے شک اور تردد کی منزل پر لانے کے لیے برٹش دور میں جہاں بہت سی سازشیں ہوئیں، انہیں میں خود ساختہ نبی اور نبوت کا نظریہ بھی سامنے آیا۔ اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ اس پر گواہ ہے کہ ناموس رسالت اور ختم نبوت کے مسئلے پر مسلمانوں نے کبھی کمپرومائز نہیں کیا۔ کبھی وہ اس عقیدے کے متعلق کسی مصلحت کا شکار نہیں ہوئے۔ چنانچہ خلیفہ اول سیدنا ابو بکر صدیقؓ سے آج تک امت اس پر متفق ہے کہ خانہ ساز نبی اور جھوٹی نبوت کا قلع قمع کر دیا جائے۔ چنانچہ

پاک و ہند میں اس فتنے نے سر اٹھایا تو علمائے حق اس کے خلاف صف آراء ہوئے اور طویل جدوجہد کے نتیجے میں مملکت خداداد اسلامی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

جمہوریہ پاکستان کی قومی اسمبلی نے علمائے اسلامیان پاکستان ختم نبوت کے متوالوں کی تحریک پر قرآن وسنت کے دلائل ، اجماع امت ، علماء، فقہاء و محدثین اور مفسرین کے موقف اور متفقہ نظریے کی تائید کرتے ہوئے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔

7 ستمبر 1974ء اسلامی جمہوریہ پاکستان کی تاریخ میں ایک سنہرا اور ناقابل فراموش دن ہے جس دن اسلامیان ہند کی طویل جدوجہد اور بے پناہ قربانیوں کے نتیجے میں عقیدہ ختم نبوت کو آئینی تحفظ حاصل ہوا۔ یہ اہل ایمان کا بنیادی تقاضا ہے۔ ماہنامہ مسیحائی نے اس عظیم اور تاریخی ”نبوت نمبر“ کی اشاعت میں اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ اور بالخصوص پاک و ہند میں ہونے والی تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد اور تاریخ کو قلم بند کرنے اور اسے تاریخ میں محفوظ رکھنے کی یہ سعی کی ہے۔ تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے اس یادگار اور ضخیم مجلے کی اس اشاعت میں ادارہ کو ہر مکتبہ فکر کے جید علمائے کرام مذہبی اسکالر اور اہل علم کی سرپرستی حاصل رہی۔

اس وقیع اور قیمتی دستاویز کی اشاعت یقیناً ایک بہت بڑا کام ہے۔ ہر مکتب فکر کے علماء کی نمائندہ تحریروں کو شامل کیا گیا۔ اس ضخیم نمبر کی اشاعت میں جس قدر احتیاط سے کام لیا جانا چاہیے تھا دو امور پر خصوصی توجہ دی جانی ضروری تھی اول: تمام تحریروں کا حوالہ دیا جاتا کہ یہ کہاں سے ماخوذ ہیں تاکہ نئے مقالات کی وضاحت بھی ہو جاتی۔ دوم: پروف خوانی پر خصوصی توجہ دی جاتی خصوصاً عربی عبارات پر۔ اردو کے ساتھ ساتھ عربی عبارات میں اعراب نہ ہونے کے باوجود اغلاط کافی ہیں۔ اعراب بھی ضروری ہیں تاکہ عام افراد کے لیے پڑھنا مشکل نہ رہے۔ امید ہے کہ آئندہ اشاعت میں ان امور پر از سرنو توجہ دی جائے گی۔

قدم قدم پہ خدا کی مدد پہنچتی ہے

# دور سے میرے دل کو رسد پہنچتی ہے

(مظفر وارثی)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

کتاب : ماہ ) مدیر اعلیٰ: مخدوم زادہ حمید خی مبصر : پروفیسر سید شبیر حس

میں نے آج کوئی ب کتاب سرائے الحمد مارکیٹ ارد تجسس ہوا تو میں نے حضرت علا دفعہ عرض گزاری کی گئی تو حضر (ختم نبوت نمبر ) کراچی اور ماہنامہ م نمبر ) کراچی بھجوا دیا۔ ماہنامہ م ماشاء اللہ ، سبحان اللہ نکلا۔ علام حافظ محمد غازی صاحب کے لئے (آمین ) ماہنامہ مسیحائی ختم نبو نبوت (انا خاتم النبیین لا نبی بع سے گونجیں اور چہار رنگا ہے بک ماہنامہ مسیحائی کراچی ) کی علمی خدمت علمی ‘‘ کا تعارف ہے م والے شخص کا دل کتاب کے م

ماہنامہ مسیحائی کراچی پارلیمان پاکستان ختم نبوت کے متوالوں کی محنت، علماء، فقہاء و محدثین اور مفسرین کے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔ یہ تاریخ ایک سنہرا اور ناقابل فراموش دن اور بے پناہ قربانیوں کے نتیجے میں عقیدہ ختم کا بنیادی تقاضا ہے۔ ماہنامہ مسیحائی نے اس کام کی چودہ سوسالہ تاریخ اور بالخصوص پاک اور تاریخ کو قلم بند کرنے اور اسے تاریخ کے حوالے سے اس یادگار اور ضخیم مجلے کی علمائے کرام مذہبی اسکالر اور اہل علم کی سرپرستی

ایک بہت بڑا کام ہے ہر مکتب فکر کے نمبر کی اشاعت جس قدر احتیاط سے کام ضروری تھی اول: تمام تحریروں کا حوالہ دیا بات کی وضاحت بھی ہو جاتی۔ دوم: پروف عبارات پر۔ اردو کے ساتھ ساتھ عربی لگانی ہیں۔ اعراب بھی ضروری ہیں تاکہ ہے کہ آئندہ اشاعت میں ان امور پر از

مدد پہنچتی ہے

رسد پہنچتی ہے

(مظفر وارثی)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# کتاب: ماہنامہ مسیحائی کراچی

## (ختم نبوت نمبر)

مدیر اعلیٰ: مخدوم زادہ محمد خیر الدین انصاری مبصر: پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد ننکانہ صاحب

میں نے آج کوئی سال ڈیڑھ سال پہلے ماہنامہ مسیحائی (الاعظم نمبر) کراچی کتاب سرائے الحمد مارکیٹ اردو بازار لاہور سے خریدا۔ پڑھا، اس کے بارے میں مزید تجسس ہوا تو میں نے حضرت علامہ احمد خیر الدین انصاری سے رابطہ کیا۔ ٹیلیفون پر چار پانچ دفعہ عرض گزاری کی گئی تو حضرت صاحب نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر) کراچی اور ماہنامہ مسیحائی (قرآن نمبر) کراچی اور ماہنامہ مسیحائی (سیرت رسول نمبر) کراچی بھجوا دیا۔ ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر) کراچی کو دیکھ کر دل سے بے اختیار ماشاء اللہ ، سبحان اللہ نکلا۔ علامہ احمد خیر الدین انصاری صاحب اور مدیر اعزازی جناب ڈاکٹر حافظ محمد ثانی صاحب کے لئے دعائیں نکلیں ۔ اللہ ان کے کام اور اجر میں برکت دے۔ (آمین)

ماہنامہ مسیحائی ختم نبوت نمبر کراچی کا ٹائٹل گنبد خضریٰ، اسم محمد ﷺ اور حدیث یہ ختم نبوت (انا خاتم النبیین لا نبی بعدی) سے سجا ہوا ہے۔ اگرچہ ٹائٹل ہارڈ کور نہیں بلکہ کارڈ کور ہے مگر نفیس اور چہار رنگا ہے بیک ٹائیٹل پر جناب ڈاکٹر حافظ محمد ثانی صاحب (مدیر اعزازی ماہنامہ مسیحائی کراچی) کی علمی دینی، تحقیقی تصنیف ”رسول اکرم ﷺ کی عسکری اور دفاعی حکمت عملی“ کا تعارف ہے جس سے ہر پڑھنے لکھنے والے باذوق اور دینی مزاج رکھنے والے شخص کا دل کتاب کے لئے للچانے لگتا ہے۔ میرا دل بھی للچاتا ہے مگر ہزاروں خواہشیں

یہی کہ ہر خواہش پر دم نکلے، بہر حال خاموش ہو گیا ہوں۔ اور اللہ رب العزت کی ذات پر متوکل ہوں کہ وہ اپنی جناب سے مجھے بھی ضرور اس کتاب رفعت مآب سے نوازے گا۔

ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر) کراچی کی مجلس ادارت اور تقسیم کنندگان کے بعد سب سے پہلے "وحدہ لاشریک" کے عنوان سے سترہ ۱۷ مصرعوں پر مشتمل "حمد" ہے اس کے مقابل صفحہ پر "تیری سیرت کا شمع دان تھامے" کے عنوان سے آزاد وزن کی نعت ہے پھر بلغ العلیٰ بکمالہ کے عنوان سے نعت شریف ہے اور پھر نعت رسول مقبول ﷺ رنگ بہار دکھا رہی ہے اس کے بعد رحمت للعالمین ﷺ کے عنوان سے ایک اور خوبصورت نعت ہے بعد ازاں بنت احمد عرب کی دو مختلف نعتیں ہیں۔ "ایک یادگار دن" کے عنوان سے قاری محمد مسلم غازی نے ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیئے جانے کی یادگار کے طور پر دو صفحات پر مشتمل ایک خوبصورت نظم لکھی ہے عبدالعزیز چشتی صاحب نے "ختم نبوت ہمارا ایمان" کے زیر عنوان ۶ اشعار کی نظم اور ہمارے قادر الکلام شاعر حافظ لدھیانوی مرحوم کی نو اشعار پر مشتمل نظم بعنوان "سلام ان پر قربان ہوئے جو ناموس رسالت پر" موجود ہے۔ مظفر وارثی کی نظم گستاخ محمد ﷺ کی سزا موت ہے۔ بس موت اور اثر جونپوری کی ترانہ نما نظم گوارا کر نہیں سکتا کے عنوان سے بھی اپنا آپ منوا رہی ہے۔ یہ تو ابتدائیہ ہے "اصل مسیحائی" کا آغاز اس کے بعد ہوتا ہے اور ایسا ہوتا ہے کہ خوب ہوتا ہے۔ کہ مرغوب ہوتا ہے کہ محبوب ہوتا ہے کہ مطلوب ہوتا ہے۔

مدیر کے اداریہ سے لے کر جاوید اقبال کے توہین رسالت اور آزادی رائے تک کل بیاسی ۸۲ تحریریں جو مختصر بھی ہیں اور طویل بھی تحقیقی بھی ہیں اور واقعاتی بھی، حوالہ جاتی بھی ہیں اور معلوماتی بھی، فکری بھی ہیں اور شرعی بھی علمی بھی ہیں اور دینی بھی۔ غرضیکہ ماہنامہ مسیحائی

(ختم نبوت نمبر) کراچی کا یہ شمارہ گونا گوں خصوصیات، متنوع صفات اور قسم قسم کے انداز ہائے تحریر سے بھرا ہوا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

تحریر خوش

ماہنامہ مسیحائی ک حامل اشاعت پر میں مجلس پیش کرتا ہوں اور اللہ ب جانے کی دعا بھی کرتا ہوں

اب کچھ گفتگو فروگزاشتوں پر، کچھ کی looks پر۔ جن کا طائران

۱) کمپوزنگ کی

۲) پروف ریڈنگ

۳) معاونین کی

عبارتیں ہے

۴) "مسیحائی"

نظمیں ڈھونڈ

۵) فہرست بھی

نام غلط ہے۔ یہ

تحریروں کی سوغات ہے ہمارا "مسیحائی"

خوشبو بھری ہر بات ہے ہمارا مسیحائی

مسیحائی نے دیا لطف تشنگان علم کو

علم وعمل کی بات ہے ہمارا مسیحائی۔

ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر) کی اتنی اچھی ضخیم علمی اور گونا گوں خوبیوں کی حامل اشاعت پر میں مجلس صدارت کے ہر خادم ومخدوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد بھی پیش کرتا ہوں اور اللہ سے ان کی خدمت کو قبول کرنے اور ان کو اجر جزیل سے نوازے جانے کی دعا بھی کرتا ہوں۔ ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم۔

اب کچھ گفتگو ہو جائے ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر) کراچی کے تسامحات اور فروگزاشتوں پر، کچھ کمیوں، بیشیوں، خامیوں، خرابیوں، نقائص پر اور over looks. پر۔ جن کا طائرانہ جائزہ درج ذیل ہے۔

۱) کمپوزنگ کی بے شمار غلطیاں ہیں جن کی نشاندہی کرنا ایک کار دارد ہے۔

۲) پروف ریڈنگ میں سُستی کی وجہ سے متعدد اغلاط راہ پاگئی ہیں۔

۳) معاونین کی ٹیم نے ذمہ داری سے مسیحائی کے پرنٹ ملاحظہ نہیں کیئے اس وجہ سے

عبارتیں بے ربط ہوگئیں اور "مسیحائی" کا صوری و معنوی حسن دھندلا گیا۔

۴) "مسیحائی" کا نثری اور شعری حصہ الگ الگ نہیں رکھا گیا۔ چنانچہ تحریریں اور

نظمیں ڈھونڈنا پڑتی ہیں۔

۵) فہرست بھی درست نہیں ہے۔ کہیں عنوان غلط ہے اور کہیں صفحہ اور کہیں مؤلف کا نام غلط ہے۔ یہ کتابت کی غلطی کم اور نظامت ترتیب کی بے احتیاطی زیادہ ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

• (۶) نعتوں حمدوں اور نظموں میں بھی غلطیاں ہیں جس سے مصرعے بے وزن اور شعر بے معنی ہو گئے ہیں۔

• (۷) مس پرنٹنگ تو بیسیوں صفحوں پر ادارتی عملے اور قاری کا منہ چڑا رہی ہے۔

گستاخی معاف! اب میں اردو کی غلطیاں نہیں' کتابت کی غلطیاں نہیں' مس پرنٹنگ نہیں، صوری اور معنوی بدصورتحالی نہیں بلکہ صرف قرآن حدیث کے متن اور ترجمہ کی اغلاط کی مثالیں پیش کررہا ہوں تاکہ معاملے کی نزاکت اور بے احتیاطی کے وبال کی شدت محسوس کی جاسکے یادرہے کہ عام اغلاط کا نقصان ابہام یا معنی و مفہوم کی عدم تفہیم کی شکل میں نکلتا ہے مگر قرآن وحدیث کی فروگزاشتیں بندے کے ایمان پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

مجموعی طور پر ماہنامہ مسیحائی ( ختم نبوت نمبر ) کراچی ایک قابل تعریف کوشش ہے جس پر ادارتی ٹیم مکمل طور پر مبارک باد کی مستحق ہے ان کی شب و روز کی تھکا دینے والی محنت سیلوٹ (SALUTE) کئے جانے کے قابل اور "مسیحائی" میں تمام نثری وشعری تحریروں کے خالق اس کے مستحق ہیں کہ ان کے ہاتھ چومے جائیں۔ اور ان کی تحریروں کو پڑھا جائے۔ سمجھا جائے، آگے پھیلایا جائے۔ خود "مسیحائی" اس بات کا مستحق ہے کہ اسے خرید کر پڑھا جائے اسے سرکاری و غیر سرکاری لائبریریوں اور ذاتی مطالعہ گاہوں میں رکھا جائے تاکہ اسے بنانے، سجانے ، سنوارنے ، شائع کرنے ،اسے بازار میں لانے والوں، غرض ادنیٰ سے اعلیٰ ورکر خدمت گار اور مخدوم سے مخدوم زادہ تک تمام اہل وفا کی محنت "پھل" ہو جا ئے۔

اللھم اھدی، اھدنا واھدی قومی الی العلم والعمل۔

طالب دعا پروفیسر شبیر حسین شاہ زاہد

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

نقش ہیں سب ناتمام خون جگر کے بغیر

نغمہ ہے سودائے خام خون جگر کے بغیر

ماہنامہ مسیحائی (ختم نبوت نمبر) کراچی میں اگر تحریروں کی عنوان بندی کر لی جائے تو اس کے حسن و خوبصورتی میں یقیناً یقیناً چار چاند لگ جائیں گے۔ مثلاً

حمد ۔ نعت رسول مقبول ﷺ ۔ ۔ توضیح وتشریح عقیدہ ختم نبوت ﷺ ۔ ۔ عقیدہ ختم نبوت ﷺ پر اشکالات کے جواب ۔ ۔ عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا ہمہ جہتی مطالعہ ۔ ۔ تعارف مرزائیت ۔ ۔ تعارف مرزا قادیانی ۔ ۔ مرزا قادیانی کا "اسلام" کے زوال میں کردار ۔ ۔ قادیانیت کا اسلام اور پاکستان کے خلاف سرگرمیوں میں کردار ۔ ۔ ۔ وطن عزیز کے موجودہ عدم استحکام کی صورتحال کے پس منظر میں مرزائیت کا جائزہ ۔ ۔ تقابل اسلام اور قادیانیت ۔ ۔ حصہ شاعری ۔ ۔ "مسیحائی" میں شامل تمام نثری و شعری تحریروں کے خالق اس اکرام کے مستحق ہیں کہ ان کے ہاتھ چومے جائیں اور اگر وہ دنیا سے پردہ فرما گئے ہیں تو ان کی مغفرت اور درجات میں بلندی کے لئے دعا کی جائے ۔

"مسیحائی" خود اس اعزاز اور فضیلت کا مستحق ہے کہ اس میں شامل تحریروں کو بغور پڑھا جائے سمجھا جائے آگے پھیلایا جائے ۔

"مسیحائی" ایک دفعہ پھر اس عزت افزائی کا مستحق ہے کہ اسے خرید کر پڑھا جائے اسے سرکاری و غیر سرکاری لائبریریوں اور ذاتی مطالعہ گاہوں میں رکھا جائے تا کہ اسے بنانے ، سجانے ، سنوارنے ، شائع کرنے ، بازار میں لانے والوں ، پیکنگ کرنے والوں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 602 ماہنامہ مسیحائی کراچی

غرض ادنیٰ سے ادنیٰ ورکر، خدمت گار، قلم کار، تعاون کار Decorator اور خادم سے مخدوم زادہ تک تمام اہل وفا کی محنت ”سُپھل“ ہو جائے۔

اللہم اہدی، اہدنا واہد قومنا الی العلم والعمل وعافنا من الضلال۔

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد گوشۂ محققین ننکانہ صاحب

پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد ایم، اے (اسلامیات، عربی، تاریخ) شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ گورونانک ڈگری کالج، ننکانہ صاحب گرامی محترم جناب مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

جناب کی طرف سے حسین و جمیل تحفہ ماہنامہ مسیحائی کراچی (ہادیٔ اعظم نمبر) نظر نواز ہوا۔ جزاک اللہ باحسن الجزا

خوبصورت سرورق، جاذبِ نظر خطاطی میں ورفعنا لک ذکرک سے سجا ہوا ہدیہ اعلیٰ اور مدیر اشاعت خاص دونوں کے ذوق پر شوق کا شاہکار۔ بیک ٹائٹل پر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب کے ترجمہ قرآن ”عرفان القرآن“ کا ٹائٹل۔ خوب، بہت خوب، بہت مرغوب!

دستک سے پہلے چھ شعری تحفے اور دستک کے بعد سترہ نثری رشحات، آخر میں تبصرہ کتب جس میں چھ کتب و رسائل پر اخباری تعارف اور اہل علم کے تبصرے موجود ہیں۔

۲۵۸ صفحات کے ماہنامہ مسیحائی کراچی، ہادیٔ اعظم نمبر میں پہلا حمدیہ زمزمہ صفدر محمود عثمانی (مرحوم) کا ہے (صفحہ ۷) پھر مولانا ابوالکلام آزاد، صابر سنبھلی، شاہدہ ذبیح اللہ، پروفیسر

عنایت علی خان، انجینئر شفیع حیدر صدیقی دانش اور محمد عبداللہ تبسم بھاونگری (مرتب قیم الحق بھاونگری) کا حمدیہ و نعتیہ کلام صفتِ علام ہے۔ ورفعنا لک ذکرک (دستک) کے فوراً بعد مولانا ماہر القادری کا گیارہ اشعار پر مشتمل ”سلام بحضور خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام“ موجود ہے۔

علمائے کرام، خطباء عظام، محققین، مدققین، اہل علم و صاحب قلم، سیرت رسول اللہ ﷺ کے خواص، زندگانی محمد مصطفیٰ ﷺ کے شناور، اساتذہ محترم اور شیوخ معظم کے اقلام علم مقام کے شاہکار علوم ہائے مختلفہ و مطالعہ ہائے متنوعہ کے مجموعہ ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

۱۰۔ کوئی بزرگ سیرت النبیؐ کے

۲۔ کوئی عالم دین مذہبی رواداری

۳۔ کوئی صاحب طریقت سیرت

۴۔ کوئی صاحب تحقیق رسول اکرم

۵۔ احترام انسانیت اور سیرت

۶۔ رسول اکرم ﷺ کے شخصیہ

۷۔ سرکار دو جہاں ﷺ کے مع

۸۔ انسانی شخصیت و کردار کا م

۹۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاح

نظر آتے ہیں۔

۱۰۔ پروفیسر حسنین کاظمی صاح

کرتے ہیں۔

۱۱۔ خاتم الانبیاء کے سفر آخرت

۱۲۔ سیرت طیبہ کو مغربی مفکر

دکھایا ہے۔

۱۳۔ دہشت گردی اور اس کا تدار

۱۴۔ ڈاکٹر صفیہ سلطانہ صدیقی

۱۵۔ اولاد کی تعلیم وتربیت پر قا

۱۶۔ رحمت عالم کے احسانا ت عظی

یہ سارا کچھ پڑھ کے بے ساختہ

خوشبو ہے دو عالم میں جری ا

کس منہ سے بیاں ہوں ترے

اندر کے صفحات میں کہیں پر ع (صفحہ ۱۴۷) ہے کہیں بھنور میں ک کتابوں کے اشتہار بھی ہیں دیکھیے صفحہ ۲۰۲۔ غرض ماہنامہ مسیحائی کر صاحبزادہ احمد خیر الدین انصاری ا

۱۔ کوئی بزرگ سیرت النبی کے ورق الٹ رہے ہیں۔

۲۔ کوئی عالم دین مذہبی رواداری کو اسلام کی نظر سے طشت از بام کر رہے ہیں۔

۳۔ کوئی صاحب طریقت سیرت رسول ﷺ کی منہاج کو روشن کر رہے ہیں۔

۴۔ کوئی صاحب تحقیق رسول اکرم ﷺ کی عسکری پالیسی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں۔

۵۔ احترام انسانیت اور سیرت طیبہ پر خامہ فرسائی بھی ہوئی ہے۔

۶۔ رسول اکرم ﷺ کے متعلقین کا قلمی تعارف بھی کروایا گیا ہے۔

۷۔ سرکار دو جہاں ﷺ کے معمولات رمضان کی تفصیل بھی بیان کی گئی ہے۔

۸۔ انسانی شخصیت و کردار کا جائزہ بھی بالتفصیل لیا گیا ہے۔

۹۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب رسول اللہ ﷺ کے تذکار قرآن کریم میں ڈھونڈتے نظر آتے ہیں۔

۱۰۔ پروفیسر حسنین کاظمی صاحب سیرت طیبہ اور عالمی امن و انصاف کے دریچے وا کرتے ہیں۔

۱۱۔ خاتم الانبیاء کے سفر آخرت کی منظر کشی حافظ سید فضل الرحمٰن مدظلہ، نے کی ہے۔

۱۲۔ سیرت طیبہ کو مغربی مفکرین کی متعصب آنکھ سے ڈاکٹر محمد انور خان نے معہ تبصرہ دکھایا ہے۔

صفحہ 503 — جاری ہے

۱۳۔ دہشت گردی اور اس کا تدارک ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے قلم سے بہ انداز تحقیق نکلا ہے۔

۱۴۔ ڈاکٹر صفیہ سلطانہ صدیقی "محمد رسول کیا ہے؟" کے عنوان پر موتی بکھیر رہی ہیں۔

۱۵۔ اولاد کی تعلیم و تربیت پر فاضل مصنف ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر روشنی ڈال رہے ہیں۔

۱۶۔ رحمت عالم کے احسانات عظیم پروفیسر عبدالحسیب احسن نے گنوائے ہیں مگر گنوا نہ سکے۔

یہ سارا کچھ پڑھ کے بے ساختہ حفیظ تائب کا یہ شعر وردِ زباں ہو جاتا ہے۔

خوشبو ہے دو عالم میں تری اے گل چیدہ!

کس منہ سے بیاں ہوں ترے اوصاف حمیدہ!

ان کے صفحات میں کہیں پہ حضور سرور کائنات (صفحہ ۲۳۲) نعت ہے کہیں محض نعت (صفحہ ۱۴۷) ہے کہیں بحضور مالک کل (صفحہ ۱۲۳) ہے کہیں اسم محمد (صفحہ ۱۱۰) ہے۔ کتابوں کے اشتہار بھی ہیں دیکھیے اندرونی ٹائٹل، صفحہ ۶، صفحہ ۲۲، صفحہ ۱۴۰، صفحہ ۱۴۸ اور صفحہ ۲۰۲۔ غرض ماہنامہ مسیحائی کراچی (ہادی اعظم نمبر) ایک بے مثال تحفہ ہے جو کہ صاحبزادہ احمد خیر الدین انصاری اور ڈاکٹر حافظ محمد ثانی نے بڑے شوق سے پیش کیا ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 604 ماہنامہ سبحانی کراچی

محترم مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری صاحب مدظلہ العالی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!!!

آپ نے ہمیشہ جہالت کے خاتمے اور دینی طبقات کی بہتری کیلئے قلمی جہاد کیا اور اہل علم کی دعائیں لیں، یہ حقیقت ہے کہ ہم جیسی مبتدیوں کے آپ روحانی استاد ہیں، آج اگر ہم الٹی سیدھی دو چار سطریں لکھ لیتی ہیں، تو یہ فیض ماہنامہ سبحانی کا ہے۔ پہلے بھی بارہا آپ سے مخاطب ہونے کو جی چاہا، مگر میری کم علمی اور آپ کا علمی رعب و دبدبہ آڑے آتا رہا (صرف ایک بار رسالے کیلئے لکھا) اور مجھے یہ اعتراف کرتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے کہ آپ علم و دانش کا چشمہ ہیں اور طلبگار آب حیات میں ہوں امید ہے آپ تشنگی کا آئندہ بھی ساماں کرتے رہیں گے۔

اتفاق سے نہ تو کراچی آنا ہو سکا نہ آپ سے کبھی ملاقات کیلئے حاضر ہوئی مگر عہد حاضر کی دانش و بینش کے اہم مذہبی حوالوں کے ناتے آپ کی تحریروں سے فیض یاب ہونے کا موقع ملتا رہتا ہے۔

مختصر بات دراصل یہ ہے کہ اب اہل علم و دانش اور صاحبان احساس کا کچھ ایسا کال پڑا ہے کہ ایک ہی انداز سے سوچنے والے اور مکالمہ کرنے والے بمشکل ہی نصیب ہوتے ہیں ایک حقیقت عرض کرنے کی جسارت کرتی ہوں میں دن بھر اپنی مختلف ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہوتے ہوئے اپنے ارد گرد بہت سے اہل علم سادہ و پر خلوص لوگوں کو بے عزت ہوتے دیکھتی رہتی ہوں جو کسی نہ کسی بد قماش حاسد، بد نیت اور غاصب آدمی کے رو برو سر جھکائے کھڑے ہوتے ہیں میں تقریباً 20 سال سے شعبہ تعلیم درس و تدریس سے وابستہ ہوں لیکن دیکھتے ہی دیکھتے ان سرکاری تعلیمی اداروں کو ان کے ماحول، معیار اور کارکردگی کے اعتبار سے صفر ہوتے دیکھ رہی ہوں، مختلف حکومتوں نے اپنی نئی منصوبہ بندیوں کے ضمن میں انتہائی عمدہ تعلیمی پالیسیاں متعارف کرائیں اور بلند و

بانگ دعوے کیے، مگر یہ سب صرف خوبصورت لفظیات اور تحریری اہداف کی خوش نمائیوں تک ہی محدود ہیں، علمی منصوبوں پر عملی طور پر کچھ نہ ہوا کاغذی منصوبوں کے دفتر کے دفتر بنتے چلے گئے اور مردہ، بے معنی الفاظ کے ڈھیر میں

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

اضافہ ہوتا چلا گیا روز بروز حالات بد سے بدتر کی طرف جارہے ہیں تعلیمی اداروں میں ان دنوں صرف سیاسی وابستگیوں کے حامل افراد کا دور دورہ ہے مختلف تنظیموں کے کارکنان دندناتے پھرتے ہیں اور ہر چیز پر ذاتی ملکیت کا جھگڑا ڈالے رکھتے ہیں میرٹ اور اصولوں کی بات صرف ان لوگوں کیلئے ہے جنہیں عرف عام میں جیالے کہا جاتا ہے سفارش والے ہر شرط سے ماورا ہیں طریق کار یہ ہے کہ کردار کشی افواہ سازی اور گالم گلوچ کے ذریعے اساتذہ کو اساتذہ سے اور طالب علموں کو طالب علموں سے لڑوایا جاتا ہے میں جب بھی یہ باتیں اپنے کسی ساتھی سے کرنا چاہتی ہوں وہ یہ تاثر دیتی ہیں کہ میرے پاس فاضل وقت ہے اور میں بیکار سوچوں میں پڑی رہتی ہوں، بھلا جن دنوں ٹی وی پر اتنے پرائیویٹ چینلز بھی چل رہے ہوں غیر ملکی چینلز بھی موجود ہوں ایک سے ایک تفریحی پروگرام دکھایا جارہا ہو وہاں ایسی خشک اور بیکار باتیں کرنے سے کیا فائدہ، مگر میں کیا کروں T.V ریموٹ کا بٹن دباتے ہی اچانک کسی وقت مجھے افغانستان یا عراق کی سرزمین کا کوئی ہولناک خونیں منظر بھی نظر آجاتا ہے اور میری آنکھوں کے آگے اندھیرے چھا جاتے ہیں، میں اکثر اب خوابوں میں بھی ڈرنے لگی ہوں۔ نیند میں کبھی مجھے اپنے وطن کی گلیوں میں عجیب مناظر دکھائی دینے لگتے ہیں اور میں گھبرا کر بیدار ہو جاتی ہوں، سنا ہے خواب دراصل ہمارے باطنی خوف اور نفسیاتی ردعمل کی علامتیں ہوتے ہیں۔ نہ جانے آپ کا بہت سا وقت میں نے بے اجازت کیوں لے لیا۔ صرف مسیحائی کی وصولی کی رسید دینی تھی، اس شعر کے ساتھ اجازت کی طالب ہوں:

(رضیہ پروین) پرنسپل آمنہ جنت فاؤنڈیشن ماڈل اسکول چونیاں ضلع قصور،

# پرکھ ....... پرکھ کے لئے دو جلدیں آنا ضروری ہیں۔

نام کتاب : نشانات ارض نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مؤلف : شاہ مصباح الدین شکیل۔ بی۔کام۔ ایل ایل، بی (عثمانیہ) ایم۔اے (دہلی یونیورسٹی) تبصرہ نگار : مولانا اعجاز احمد خان سائز : ۲۳×۳۶/۸ کل صفحات : ۴۳۸ کل تصاویر : چھ سو سے زائد قیمت : ۱۶۰۰ روپے ناشر و طابع : فضلی سنز پرائیویٹ لمیٹڈ۔ کراچی ملنے کا پتہ : فضلی بک سپر مارکیٹ 507/3 فصیل روڈ۔ اردو بازار کراچی

سیرت نگار شاہ مصباح الدین شکیل صاحب اسلامی تاریخ کے شناور ہیں۔ انہوں نے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن سے تعلیم کے اعلیٰ مدارج طے کئے۔

ہندوستان میں دولت آصفیہ کا دور ایسا علمی، تحقیقی اور اعلیٰ قابلیت کا دور تھا۔ دولت آصفیہ میں تعصب، صوبہ پرستی، اور فرقہ وارانہ لعنت نہ تھی وہ قرطبہ، بغداد اور مصر وغرناطہ کے بعد علم وفضل کا مرکز تھا۔ جہاں یورپ، عرب، ایران، افغانستان اور ہندوستان بھر کے چیدہ چیدہ صاحبان علم وفضل اور ماہرین تعلیم جمع تھے۔ اور وہ تعلیمی اداروں میں علم وتحقیق کے موتی بکھیرتے تھے۔ ان کے شاگرد اور تلامذہ دنیا کے نامور اور شہرت یافتہ افراد میں شمار ہونے لگے۔ جامعہ عثمانیہ صرف علمی ادارہ ہی نہیں تھا بلکہ وہ مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ کا مرکز تھا جہاں علم وتحقیق کے علاوہ تہذیب وشرافت اور اسلامی اقدار کی پاسداری کا درس بھی دیا جاتا تھا وہاں کے تعلیم یافتہ نہ صرف علمی قابلیت کے اعلیٰ مدارج کے حامل تھے بلکہ ان میں اسلامی

شرافت، تہذیب وتمدن کے اعلیٰ نمو اور ان کی شرافت سب کے لئے نمو شاہ مصباح الدین شکیل صا و تہذیب کا سبق حاصل کیا اور آ کے بنیادی ماخذ پر تحقیق کے لئے صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رض کرنے کا سلیقہ ہے۔

موجودہ کتاب میں آغاز حالات، واقعات اور مقامات ک تفصیل کچھ یوں ہے۔

• 1 تاریخ جزیرۂ عرب اور و

السلام کے احوال سے م منصوبوں تک سیرت پاک

• 2 کمیاب اور نادر تصاویر س

• 3 مکہ مکرمہ، بیت اللہ مدینہ

رنگین تصاویر جن میں ح تصاویر بھی شامل ہیں جو مقبرے نظر آتے ہیں۔

• 4 خانۂ کعبہ اور مسجد نبوی کی

• 5 جزیرۂ نما عرب، مکہ مک

نقشے، قرآن مجید کے مخ

• 6 قرآنی آیات سے مز

شرافت، تہذیب و تمدن کے اعلیٰ نمونے بھی موجود تھے۔ ان کا اخلاق بلند، ان کا کردار مثالی اور ان کی شرافت سب کے لئے نمونہ عمل تھی۔

شاہ مصباح الدین شکیل صاحب خوش قسمت ہیں کہ ان اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ سے علم و تہذیب کا سبق حاصل کیا اور آج اسی علمی اور تہذیبی شرافت کا نتیجہ ہے کہ ان کا قلم اسلام کے بنیادی ماخذ پر تحقیق کے لئے وقف ہے۔ انہیں نئے نئے انداز میں اسلام اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی بابت نئی نئی تحقیق اور نئے نئے انداز سے پیش کرنے کا سلیقہ ہے۔

موجودہ کتاب میں آقاؐ کی سیرت کو منزل بہ منزل ارتقائی حیثیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے حالات، واقعات اور مقامات کو تصاویر اور مختصر تشریح کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

• 1 تاریخ جزیرۂ عرب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ

السلام کے احوال سے وصال نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسجد الحرام کی توسیع کے منصوبوں تک سیرت پاک کے اہم واقعات۔

• 2 کمیاب اور نادر تصاویر سے مزین سیرت پاک کا مصور نسخہ

• 3 مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور مسجد نبوی سمیت سیرت سے متعلق چھ سو سے زیادہ

رنگین تصاویر جن میں جنت المعلیٰ اور جنت البقیع کی سو سال پہلے کی ایسی نایاب تصاویر بھی شامل ہیں جن میں اہل بیت اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کی قبور اور مقبرے نظر آتے ہیں۔

• 4 خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کی کیمرے سے کھینچی گئی اولین تصاویر اور بعض نایاب تصاویر۔

• 5 جزیرۂ نما عرب، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، غزوات و سرایا کے ستر سے زائد مصدقہ

نقشے، قرآن مجید کے مخطوطات اور فرامین نبوی کی پندرہ عکسی تصاویر۔

• 6 قرآنی آیات سے مزین چالیس سے زائد طغروں اور الواح کے عکس اور چالیس

سے زیادہ خاکے اور جدول جن کی وجہ سے سیرت کی تفہیم اور مطالعہ سہل اور آسان ہو گیا ہے۔

7...... ترکی کے توپ قاپی سرائے محل (عجائب گھر) میں محفوظ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نادر و نایاب اشیاء کی تصویریں اور احوال، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک، نعلین مبارک (چپل شریف) قمیص، مہر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور قدم مبارک کے علاوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر استعمال لکڑی کے پیالے کی تصویر۔

غرضیکہ اس کتاب میں جو معلومات فراہم کی گئی ہیں وہ نہایت اہم ہیں۔

ناشر کا حسن ذوق قابل داد ہے کاغذ، تصاویر، خاکے، نقشے، سب ایسے دیدہ زیب اور رنگ برنگ انداز میں شائع کئے گئے ہیں کہ گویا قاری خود کو اسی دور میں محسوس کرتا ہے اور یہ سب تصاویر ذہن و دماغ میں اس طرح پیوست ہو جاتی ہیں گویا انسان تمام ادوار میں موجود تھا اور یہ سب کچھ اس کی آنکھوں کے سامنے پیش آیا تھا۔

اس سلسلے میں جہاں شاہ مصباح الدین شکیل صاحب کی سوچ نے انفرادیت کو قائم رکھتے ہوئے صاحب سیرت کو پیش کیا ہے وہ انداز لاجواب اور دل و دماغ میں سمو جانے والا انداز ہے جس میں مؤلف اور جامع کامیاب ہیں اور لائق ستائش اور مبارک باد کے مستحق ہیں۔ وہیں ناشر کا اعلیٰ ذوق اور ان خوبصورت انداز میں پیش کرنا بھی تحسین و ستائش کا مستحق ہے اللہ تعالیٰ جامع اور ناشر کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اس سے فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے آمین ۔ بحرمۃ المرسلین۔

ان تمام خوبیوں کے باوجود ایک سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ جانداروں کی تصاویر بھی اس میں شامل ہیں۔ صاحب سیرت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا اس سلسلے میں سخت موقف ہے۔ آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس گھر میں کتا یا تصاویر ہوں اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ دوسرے موقع پر فرمایا کہ سب سے زیادہ عذاب (جاندار

کی) تصویریں بنانے والوں کو ہوگا۔ یہ شناعت اس وقت اور بڑھ جاتی ہے جب کتاب میں قرآنی آیات بھی ہوں اور اسی کتاب میں تصاویر بھی ہوں۔ اعاذنا اللّٰہ منہ۔

اگر تصاویر اتنی ہی ضروری تھیں تو ان کے چہرے کالک سے ڈھانپ دیتے تو عذاب الٰہی سے محفوظ ہوجاتے ۔ نعوذ باللہ من شرور انفسنا ۔

امید ہے آئندہ تصاویر کو بالکل نکال دیا جائے گا یا ان کے چہروں پر کالک لگادی جائے گی کیونکہ یہ کتاب انسانوں کی نمائش کی نہیں ہے بلکہ رسول اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی سیرت کو نئے انداز میں پیش کرنے کی ہے لہٰذا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کو خوش کرنے کے لئے تصاویر سے کتاب کو بالکل پاک کر دیا جائے۔

(ا۔ا۔خ۔س)

مالک! تری قدرتوں کے آگے

جھکتی ہیں ادب سے سب نگاہیں

اس عالم بے ثبات میں بھی

حاصل ہیں ہمیں تری پناہیں!

قائم ہے یہ کائنات تجھ سے

ہر مرحلۂ حیات تجھ سے

ہر شے کو ملا ثبات تجھ سے

لیکن یہ ثبات مختصر ہے

بس تو ہی محیط بحر و بر ہے

تو مالک ملک خشک و تر ہے

پھر بھی مرے رب! زمیں پہ تو نے

فرعونوں کو بخش دی حکومت!

قبضے میں دیئے ہیں تو نے ان کے

سب خیل و سپاہ و لاؤ لشکر!

عزیز الدین

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء 610 ماہنامہ سچائی کراچی

نام کتاب : مشاہیر علماء تالیف : ڈاکٹر حافظ فیوض الرحمن ناشر : جامعہ عثمانیہ تعلیم القرآن معین آباد لانڈھی ٹاؤن کراچی سال طباعت : دسمبر 2010 صفحات : 265 قیمت : درج نہیں ہے تبصرہ نگار : ضیاء الرحمن مجرد

زیر تبصرہ کتاب ڈاکٹر حافظ فیوض الرحمن کی تالیف کردہ ہے جس میں تقریباً 206 علمائے دین کے تذکرے مختصر مگر جامع انداز میں خزینہ معلومات سے معمور کتاب کے 265 صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں۔ اکابرین دین و علماء کرام بطور خاص گمنام علماء دین پر مواد اکٹھا کرنا، ترتیب دینا اور اسے ضبط تحریر میں لا کر کتاب کی شکل دینا بظاہر کوئی آسان کام نہیں ہے لیکن چونکہ ڈاکٹر صاحب کو اس موضوع سے خاص دلچسپی ہے لہٰذا وہ اب بھی باقاعدگی سے ان معروف و غیر معروف علماء دین کی تلاش میں ہمہ وقت سرگرداں نظر آتے ہیں۔ کچھ نہیں تو ان اکابرین دین کے بارے میں مواد اکٹھا کرنے کے لیے ملک بھر کے تمام دینی مدرسوں کے کتب خانوں میں موجود کتابوں کی ورق گردانی کرتے نظر آتے ہیں۔ اور اچھا خاصہ مواد جمع ہو جاتا ہے تو اسے بڑے سلیقے سے ترتیب دیکر کتاب کی شکل دے دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اُن کی بے شمار تالیفات منظر عام پر آ چکی ہیں اور اپنے پڑھنے والوں سے قبولیت کی سند حاصل کر چکی ہیں۔

دراصل سچے علماء دین و مشائخ دین اسلام کے محافظ و پاسبان ہوتے ہیں جن کی صحبت میں رہ کر ہمیں بہت کچھ سیکھنے اور خاص طور پر دین اسلام کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ مزید یہ کہ ان علماء کرام کے تذکروں میں ہمیں ان کا طرز معاشرت، درس و تدریس کا انداز، طرزِ

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء خطابت و شعلہ بیانی، شیریں گفتار تعلیمات کے ذریعے ہمیں نہ صرف جواب دینے اور صحیح معنوں میں اللہ کی روشنی میں ڈھالنے میں مدد ملتی ہ ہے۔ اس تذکرے کی

ترتیب و تدو سہارہ لیا ہے وہیں انہوں نے م نامہ "ابلاغ"، محمود احمد عباسی کے چراغ"، لاہور 1975ء، مولانا م رضوی کی تصنیف "تاریخ دارالعلوم کتاب نقوش رفتگان سے مواد لیا ہ بہر کیف ڈاکٹر صاحب متعارف کروائے ہیں جو دین اسلا رکھتے ہوئے ہم جیسے کم عقل لوگوں اتر جانے والی شخصیت کے روپ م ذہنوں میں زندہ و تابندہ ہیں۔ اس موضوع پر مزید مع ایک خوبصورت فہرست موجود ہے کے معترف ہو جائیں گے۔ یہاں میں اس کتاب م چاہتا تھا لیکن چونکہ یہ فہرست بہت

خطابت و شعلہ بیانی، شیریں گفتاری اور فقہ و حدیث پر مکمل دسترس اور عمیق مطالعہ اور تفہیمات کے ذریعے ہمیں نہ صرف دین اسلام کو سمجھنے بلکہ غیر مسلموں کے اعتراضات کا جواب دینے اور صحیح معنوں میں اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے اور اپنی زندگی کو قرآن وسنت کی روشنی میں ڈھالنے میں مدد ملتی ہے جو یقیناً ہمارے اور آپ کے لیے ذریعہ نجات کا سبب ہے۔ اس تذکرے کی ترتیب و تدوین میں ڈاکٹر فیوض الرحمٰن نے جہاں اپنے مطالعے کا سہارہ لیا ہے وہیں انہوں نے مولانا اشرف علی تھانوی اور ان کے خلفاء کرام، ماہ نامہ "البلاغ"، محمود احمد عباسی کے تذکرۃ الکرام، پروفیسر احمد سعید کی کتاب "بزمِ اشرف کے چراغ"، لاہور 1975ء، مولانا محمد شاہد کی کتاب "علماء مظاہر"، کارروان تھانوی سید محبوب رضوی کی تصنیف "تاریخ دارالعلوم دیوبند دھلی" (DEHLI) اور جسٹس محمد تقی عثمانی کی کتاب نقوش رفتگاں سے مواد لیا ہے لیکن الفاظ ڈاکٹر فیوض الرحمٰن کے اپنے ہیں۔

بہر کیف ڈاکٹر صاحب نے اس تذکرے میں اکابرین اسلام کے وہ چہرے متعارف کروائے ہیں جو دین اسلام پر اپنے مطالعے کی بدولت ایک خاص روحانی کشش رکھتے ہوئے ہم جیسے کم عقل لوگوں کے بند دماغوں پر دستک دینے اور دل کی گہرائیوں میں اتر جانے والی شخصیت کے روپ میں اور غیر معمولی صلاحیتوں کی وجہ سے آج بھی ہمارے ذہنوں میں زندہ و تابندہ ہیں۔

اس موضوع پر مزید مطالعے کے لئے آپ کو کتاب مشاہیر علماء کے عقبی حصہ پر ایک خوبصورت فہرست موجود ہے جس کو پڑھنے کے بعد آپ بھی یقیناً مولف کی فکری کاوش کے معترف ہو جائیں گے۔

یہاں میں اس کتاب میں موجود (چند معروف علماء کرام کا مختصر سا جائزہ پیش کرنا چاہتا تھا لیکن چونکہ یہ فہرست بہت طویل ہے اور سب ہی نام اور ان کا کام معتبر ہے۔

نام کتاب : مقالات سید سلیمان ندوی تالیف : ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن ناشر : مسجد الفرقان، ملیر کینٹ کراچی صفحات : 130 روپے سال طباعت : دسمبر 2010ء قیمت : درج نہیں ہے۔ تبصرہ نگار : ضیاء الرحمٰن کھڑو

زیر تبصرہ کتاب ڈاکٹر حافظ فیوض الرحمٰن کی تالیف ہے۔ آپ ایک کہنہ مشق تحریر نگار ہیں جو طویل عرصہ سے تصنیف، پڑھو اور پڑھاؤ کے فلسفہ پر کمر بستہ ہیں۔

تحقیق و جستجو ان کا خاص مشغلہ ہے۔ جس کا واضح ثبوت 20 سے زائد ان کی تصانیف و تالیفات ہیں جو کتابوں کی صورت میں منظر عام پر آچکی ہیں۔ آپ کی اسلام، اسلامیات اور تحریک پاکستان سے محبت و عقیدت اور نظریاتی وابستگی کا نتیجہ ہے کہ آپ نے زیر نظر کتاب "مقالات سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ" تالیف کر کے تاریخ عمومی کے طالب علموں کی معلومات میں مزید اضافہ کر دیا ہے کیونکہ جنرل ہسٹری کے طالب علم ہونے کے ناطے ہم اور آپ مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے معرکۃ آراء "خطبات مدراس" سے تو اچھی طرح واقف ہیں، اس کی تفصیل کی تو اس وقت یہاں پر کوئی گنجائش نہیں ہے کیونکہ اس موضوع پر اب تک بہت کچھ لکھا اور پڑھا جا چکا ہے۔

کتاب کو 8 عنوانات میں کچھ اس انداز سے تقسیم کیا گیا ہے کہ پہلے تقدیم پھر سید صاحب کا تعارف ہے اور اس کے بعد 6 مقالات کو ترتیب دیا گیا ہے۔

ڈاکٹر فیوض الرحمٰن کو میں اس خوبصورت تالیف پر مبارک باد پیش کرتا ہوں کیونکہ کتاب کو انہوں نے بڑے سلیقہ و قرینے سے عمدہ کتابت و سفید آفسٹ پیپر پر شائع کیا جو قاری سے مطالعہ کا تقاضہ کرتی ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۰ء 613 ماہنامہ سبحانی کراچی

نام کتاب : اشاریہ ماہنامہ القاسم نوشہرہ مرتب : محمد شاہد حنیف ، انچارج شعبہ رسائل و جرائد ماہنامہ "محدث" ماڈل ٹاؤن لاہور ضخامت : 228 صفحات قیمت : درج نہیں ہے ناشر : مولانا عبدالقیوم حقانی ، مہتمم اعلیٰ، القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ

تبصرہ : زیر تبصرہ کتاب ماہنامہ القاسم کے 13 سال میں شائع ہونے والے 128 شماروں، 10626 صفحات، 600 مصنفین، 2500 مقالات و نگارشات اور 1000 کے قریب کتابوں پر کئے گئے تبصروں کا 100 موضوعات پر مشتمل اشاریہ ہے۔ جسے بڑی محنت اور مہارت سے مرتب کیا گیا ہے۔

اشاریے محققین کے لئے تازہ ہوا اور صاف پانی کی مانند ضروری ہوتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر سفیر اختر : "اشاریہ مستقبل کے محققین، مؤرخین، ناقدین اور تھیسس لکھنے والوں کے لئے بھی ممد و معاون ثابت ہوگا۔"

زیر تبصرہ اشاریہ کو جناب محمد شاہد حنیف صاحب نے بڑی محنت و مشقت و عرق ریزی سے مرتب کیا ہے تا کہ محققین آسانی سے اپنے مطلوبہ مواد تک پہنچ سکیں۔

اول : موضوعاتی اشاریہ ۔ دوم : مصنف وار اشاریہ

امید ہے یہ مفید دستاویز دلچسپی رکھنے والے علم دوست حضرات کو پسند آئے گی۔

(مراسلہ: محمد عبداللہ تبسم بہاول نگری بشکریہ نعیم الحق)

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ سبحانی کراچی

نام کتاب : شعری التجائیں مصنف : پروفیسر محمد اقبال جاوید ناشر : ندوۃ المعارف، 13 اسٹریٹ اردو بازار، لاہور قیمت : 300 روپے ضخامت : 296 صفحات

کتاب کے ٹائٹل پر دو سطروں میں نفس مضمون کے بارے میں مکمل اطلاع موجود ہے۔ حرمین شریفین میں یاد آنے والے کیف آفریں اشعار تاثراتی توضیحات کے ساتھ۔

حرف آغاز واقعتاً گداز یک نوا ہے۔ آپ بھی سادہ لفظوں میں پنہاں اس عظیم اشارہ سے لطف اندوز ہوں جسے پروفیسر محمد اقبال جاوید نے کمال ہنر مندی سے چند سطروں میں سمو دیا ہے:

غار حرا کی نورانی فضا میں فرشتے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھینچا اور زور سے کہا:

"پڑھ!"

تو عرب کا وہ عظیم اُمی افصح العرب بن کر علم کا شہر بن چکا تھا۔ قرآن خطاب کے انداز میں اترا اور خطاب ہی کے انداز میں جب اس عظیم و جلیل خطیب کی زبان صدق اظہار سے مفکرین کی سماعت سے ٹکرایا تو وہ سناٹے میں آگئے اور سارے گوش بر آواز ہو گئے

دریا کا جوش رک گیا، طوفاں تھم گیا

جو تھا جہاں، لرز کے، اسی جا پہ جم گیا

کتاب بڑے اہتمام اور قلبی لگن سے طباعت کے مراحل سے گزری ہے۔

صاحبان قلب و نظر کے لئے اس کتاب میں بہت کچھ ہے۔ مصنف کے اپنے الفاظ میں:

"اس توقع کے ساتھ کہ شاید کوئی شعر، کوئی مصرعہ، دیار غیر میں کسی دل کو کیف اور کسی روح کو سرور عطا کر جائے کہ سرور و کیف کا ایک لمحہ، گھنٹوں کی بے کیف عبادت سے کہیں خوش تر ہے۔

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء

اگر آپ جاننا چاہ محبت کی کسوٹی یہ ہے کہ:

• آپ کبھی

بات برداشت نہیں کریں

• نبی کریم صل

• اُن کی توق

• اُن کے د

ان چیزوں کے سچ وہ ہے جس کی مثالیں بچے بچیوں تک نے پیش قرآن سمجھنے اور حدیث ایمان کا دعویٰ بھی نہ کر حدیث کا مطالعہ فالتو لوگو کیا اور مسلمانوں نے کون سے نبی کی امت وقف کردیں۔ کیا ہماری ہونے کا وقت نہیں نکال اللہ علیہ وسلم کی سچائی کی محتاجی پال کر خود کو محمد صل وہ شاگرد جو محمد صلی اللہ ع کر گمراہ کرنے کی کوش الرسول اللہ صلی اللہ علی

حرمت رسول نمبر ۲۰۱۱ء ماہنامہ مسیحائی کراچی

# محبت کی کسوٹی

اگر آپ جاننا چاہیں کہ آپ کو اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ہے تو اُس محبت کی کسوٹی یہ ہے کہ:

• آپ کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور طریقے کے خلاف کسی کی کوئی

بات برداشت نہیں کریں گے۔

• نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کہی ہوئی ہر بات کو برحق اور سچ مانیں گے۔

• اُن کی توہین کرنے والوں سے تعلق نہیں رکھیں گے۔

• اُن کے دشمنوں کو زبان عمل اور قلم سے منہ توڑ جواب دیں گے۔

ان چیزوں کے بغیر محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ دو لفظ محض لفظ ہیں محض دعویٰ! سچ وہ ہے جس کی مثالیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و صحابیات رضی اللہ عنہن اور ان کے معصوم بچے بچیوں تک نے پیش کیں۔ ہمارے طالب علم اگر دنیا جہان کی کتب رسائل پڑھ لیں، مگر قرآن سمجھنے اور حدیث پڑھنے کا وقت نہ ملے۔ ”تو انہیں محبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تو کیا؟ ایمان کا دعویٰ بھی نہ کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وسنت اور حدیث کا مطالعہ فالتو لوگوں کا کام نہیں دنیا کے سب سے بہترین دماغوں نے حدیث پہ کام کیا اور مسلمانوں نے حدیث بحفاظت پھیلانے کے لیے ۱۰۰ کے قریب علوم ایجاد کیے۔ کون سے نبی کی اُمت نے ایسا بے مثال کام کیا ہے؟ بلکہ اس کام کے لیے اپنی زندگیاں وقف کردیں۔ کیا ہماری نوجوان نسل اپنے بزرگوں کے ان اعلیٰ کارناموں سے واقف بھی ہونے کا وقت نہیں نکال سکتی؟ اگر

”نہیں“ ...... تو پھر...... اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی کی گواہی دینے کون آئے گا؟ بلکہ آج کا بے علم مسلمان اپنی بے علمی کی محتاجی پال کر خود کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کی صف میں کھڑا کر رہا ہے اور دجال کے وہ شاگرد جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قافلے کو اپنے پیچھے چلا کر گمراہ کرنے کی کوشش میں اس وقت سے مصروف ہیں جب سے رب العالمین نے محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبوت کا تاج پہنایا۔

(علم کا شہر سے اقتباس)

# نظم

محمد رمضان راٹھور

ڈاڑھی سفید ہوچکی، دل ہے ابھی سیاہ

غافل سمجھ سکا نہیں، فطرت کا انتباہ

نیکی کا گر خیال بھی آیا تو دو گھڑی

اور غفلتوں میں کٹ گئے کتنے ہی سال و ماہ

ہے ماحصل یہی سفر حیات کا

کچھ ارمغان معصیت، کچھ ہدیۂ گناہ

تیرے کرم کی آس ہے آسی کا آسرا

تاجدار طیبہ و بطحا! خدا گواہ

پہنچوں ترے حضور میں چل کے سر کے بل

دل میں ہے اشتیاق کا طوفان بے پناہ

کب آئے گا بلاوا فقیر حقیر کو

ہے گوش بر آواز وہ ہر شام، ہر پگاہ

# سعودی عرب علماء کی سپریم کونسل نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے

# گستاخ کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیدیا

اللہ عنہم کے گستاخ کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیدیا

جو شخص تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یا ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے کسی ایک کی بھی شان میں گستاخی کا مرتکب ہوا اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد اہل بیت میں شامل ہیں، علماء سپریم کونسل، فتوے پر تمام ارکان کے دستخط ہیں۔

سعودی حکومت کے زیر انتظام علماء کی سپریم کونسل نے اپنے ایک تازہ فتوے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گستاخ کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیدیا ہے۔ ریاض میں علماء کونسل کی جانب سے جاری فتوے میں کہا گیا ہے کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا احترام اور اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اکرام و احترام اہل سنت کے عقیدے کا جزو ہے۔ جو شخص تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یا امہات المومنین رضی اللہ عنہن میں سے کسی ایک کی بھی شان میں گستاخی کا مرتکب ہو گا اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور وہ دائرہ کفر میں شمار ہو گا۔ علماء کونسل کے بیان میں کہا گیا ہے کہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن اور آپ کی آل اہل بیت میں شامل ہیں۔ اہلسنت والجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ صحابہ

کے ساتھ بغض رکھنے والے کا ایمان اور اسلام سلامت نہیں رہتا اور وہ دائرہ اسلام سے باہر ہو جاتا ہے۔ سعودی علماء کی جانب سے جاری اس متفقہ فتوے میں علماء کونسل کے تمام ممبران کے دستخط ثبت ہیں۔ نیز فتوے کی تیاری میں آیات قرآنی اور احادیث رسول کو بطور استناد شامل کیا گیا ہے۔ فتوے کے مطابق جس طرح نبی

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک ہستی کی عزت و تکریم ہمارے ایمان کا حصہ ہے اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت اور عقیدت بھی جزو ایمان ہے۔ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد اہل بیت میں شامل ہیں جیسا کہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث ثقلین میں 3 مرتبہ اس کا ذکر فرمایا۔ اس کے علاوہ قرآن کریم کی آیات بھی ازواج مطہرات کو اہل بیت رسول میں شامل کرنے کی دلیل ہیں۔ العربیہ کی رپورٹ کے مطابق سعودی علماء کے متفقہ فتوے میں کہا گیا ہے کہ جو شخص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، امہات المومنین رضی اللہ عنہن یا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر کسی بھی قسم کی تہمت لگاتا ہے تو وہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر الزام تراشی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب بیوی پر الزام لگانا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب بیوی پر الزام (نعوذ باللہ) نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر الزام تراشی کے مترادف ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم، ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور اہل بیت سے بلا امتیاز محبت اور عقیدت نہ رکھی جائے۔ سعودی علماء کی جانب سے جاری تازہ فتوے میں ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے احادیث میں وارد مناقب اور فضائل بھی بیان کیے گئے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب ترین اہلیہ تھیں۔ ان کے لیے اللہ کی طرف سے حضرت جبریل علیہ السلام بھی سلام لے کر آئے۔ بیان کے مطابق سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر جب ایک شخص نے تہمت لگائی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی صفائی میں بیان فرماتے ہوئے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی کی ایسی سند عطا فرمادی جو کسی اور کو نہیں مل سکی۔ اللہ تعالیٰ نے خود سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی کی تصدیق کی جس

کی قرآن کی آیات شاہد ہیں۔ سعودی علماء کی جانب سے یہ فتویٰ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ دنوں کویت کے ایک شیعہ عالم نے لندن میں تقریب کے دوران ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں نازیبا زبان استعمال کی تھی۔

☆......☆......☆

# حمد باری تعالیٰ

آفتاب کریمی

ایک ہے خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

سب سے ہے بڑا سچ ہے لا الہ الا اللہ

رب ہے سب جہانوں کا پالتا ہے وہ سب کو

سب کا ہے خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

شان ہے میرے رب کی ذوالجلال والاکرام

شان ربنا سچ ہے لا الہ الا اللہ

جو ارادہ فرمائے کن کہے وہ ہو جائے

کن فکاں بڑا سچ ہے لا الہ الا اللہ

ماسوا خدا کے تو دوسرا نہیں معبود

کلمہ خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

ماضی حال مستقبل اس کے سامنے حاضر

لوح پہ لکھا سچ ہے لا الہ الا اللہ

رات دن جو روزانہ آگے پیچھے آتے ہیں

بولتا ہوا سچ ہے لا الہ الا اللہ

خود ثبوت ہے اپنا خود سند ہے وہ اپنی

اس نے جو کہا سچ ہے لا الہ الا اللہ

اس سے بڑھ کے سوچو تو اور کیا سند ہوگی

رب نے خود کہا سچ ہے لا الہ الا اللہ

کثرت خلائق کا ورد بس یہی تو ہے

وحدت خدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

روح پہلے کہہ آئی قلب اب یہ کہتا ہے

رب ہے وہ میرا سچ ہے لا الہ الا اللہ

ہے تقاضہ ایماں کا دو گواہی وحدت کی

کہہ دو برملا سچ ہے لا الہ الا اللہ

میں بھی ذکر کرتا ہوں وہ بھی ذکر کرتا ہے

ذکر ہے بڑا سچ ہے لا الہ الا اللہ

میرا تو کریمی یہ دعویٰ ہے کہ یہ کلمہ

سچ ہے باخدا سچ ہے لا الہ الا اللہ

نقیب اتحاد ملت اسلامیہ

ماہنامہ میثاق کراچی

حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نمبر

**ABC** سے باقاعدہ تصدیق شدہ

جو لوگ اللہ اور اس کے پیغمبر کو رنج پہنچاتے ہیں اُن پر اللہ دنیا و آخرت میں لعنت کرتا ہے اور اُن کے لئے اُس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے

(سورۃ احزاب آیت نمبر : 57)

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا

مُّهِينًا **O**

مدیر اعلیٰ

مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری

مدیر

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی